TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222660
UNIVERSAL
LIBRARY

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

ان من الشعر لحکمۃ وان من البیان لسحرا

ہزار ہزار شکر اُس ناظمِ کون و مکاں کا کہ زبان اردو کے شعرا سے ماضی و حال کا یہ

مکمل تذکرہ موسوم بہ

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

جلد دوم

جو لالہ سیرام ایم اے منصف دہلوی خلف الصدق عالیجناب ایبل رائے بہادر

لالہ مدگوپال صاحب بیرسٹر سرگاشی ٹیس دہلی لاہور کی لگاتار ۲۰ برس کی محنت کوشش کا نتیجہ ہے

۱۹۱۱ء

رای گلاب سنگھ پریس لاہور میں چھپکر شائع ہوا

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ لَا اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْہِ

بار اول ۱۳۰۰ جلد قیمت فی جلد مجلد کاغذ نمبر اول للبعہ بالاصول

کاغذ نمبر دوم بلا جلد ۱۲ آنہ

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

۱۳۲۵ھ

جلد دوم

مولفہ لالہ سریرام ایم۔ اے منصف دہلوی خلف الصدق

عالیجناب آنریبل رائے بہادر لالہ صاحب سرگیاشی

سنہ ۱۹۱۱ء

امپیریل کمپوزیٹر پریس دہلی میں بتام لالہ جیون لال چھپا



بحضور اقدس اعلیحضرت قدر قدرت بندگان عالی متعالی مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ محبوب علیخاں بہادر

فتح جنگ آصفجاہ سادس جی سی ایس آئی جی سی بی شاہ دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

ہندوستان میں زبان اُردو کی تصنیف یا تالیف کیلئے اس سے بڑی کوئی عزت نہیں ہوسکتی کہ شاہ دکن اعلیحضرت **میر محبوب علیخاں** جی سی ایس آئی جی سی بی اپنے نام پر اسکو ڈیڈیکیشن منظور فرماویں۔ یہ امتیاز جو آج توجہاتِ شاہانہ سے میری تالیف کو حاصل ہوتا ہی کہ اُردو کے سب سے بڑے سرپرست جو علاوہ سریر آرائے سلطنت ہونیکے خود قلیم سخن کا بھی تاجدار ہی۔ اس ناچیز نذر کو خلعتِ قبول عطا فرمایا ہی میرے لیئے ہمیشہ سرمایۂ ناز رہیگا۔ برسوں کی محنت کا صلہ بندگانِ عالی کی اس ذرہ نوازی سے ملگیا ؎

غبارِ راہ گشتم۔ سُرمہ گشتم تُوتیا گشتم
بہ چندیں رنگ گشتم تا بہ چشمت آشنا گشتم

مَیں نہایت ادب کے ساتھ تذکرہ **خمخانۂ جاوید** کو حضور کے نامِ نامی سے معنون کرتا ہوں۔ اور اُمید کرتا ہوں کہ اس مبارک نام کی بدولت یہ تذکرہ بھی حیاتِ جاوید پائے گا +

گزرانیدۂ خادمِ انام سررشتہ



LALA SIRI RAM, M. A.

Engraved by Mehta Dial Dass Roorkee.

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

پابند

پابند - طالب علی نام، رسالۂ رہنمائے تعلیم لاہور کے اڈیٹر ہیں - کلام جو اُنھوں نے ارسال کیا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے ؎

بہت مشہور کوئے عشق میں فرہاد و مجنوں ہیں	تو اِس کوچے میں اُنسے بھی انوکھی شان پیدا کر
نہ خواہش ہمیں جنت میں ہرگز مر کے جانے کی	اجازت ہو اگر کوچے میں اُس دلبر کے جانیکی
نہ ہرگز وصل کی شب کو اُٹھاؤ زلف تم رُخ سے	کہ جُوں جُوں اٹھتی جاتی ہے سحر کو لاتی جاتی ہے

پادشاہ

پادشاہ - ابوالنصر سلیماں جاہ نصیر الدین حیدر دوئی بادشاہ ملک اودھ - شاہِ زمن ابوالمظفر غازی الدین حیدر بادشاہ اول اودھ کے خلف الرشید اور جانشین تھے - ۲۸ ربیع الاول ۱۲۴۳ھ ہجری مطابق ۱۲ - اکتوبر ۱۸۲۷ء کو ۲۵ برس کی عمر میں مسند حکومت پر جلوس فرمایا مسند نشینی کی تاریخ یہ ہے

برتوائے بادشہِ فیض رسانِ عالم		تخت ایں مملکتِ ہند مبارک باشد	
سالِ تاریخ جلوس طرب افزا بشنو		جاوداں سلطنتِ ہند مبارک باشد	

ازبسکہ شکیل اور خوشرو جوان تھے۔ سلطنت ہاتھ آتے ہی لہو و لعب کی طرف مائل ہوئے۔ اور رفتہ رفتہ جملہ کاروبار ریاست سے غافل ہو گئے۔ نواب معتمد الدولہ آغا میر کو بوجہ پرخاش و خصومت زمانۂ ولی عہدی برخاست کر کے نواب اعتماد الدولہ فضل علیخان دہلوی کو وزیر بنایا۔ تین برس بعد نواب روشن الدولہ کا ستارہ چمکا۔ اور خلعتِ وزارت عطا ہوا۔ یہ بادشاہ داد و دہش میں اپنے زمانے کا حاتم تھا۔ شکار کا بہت شوق تھا۔ اور اکثر فوج کی درستی کیطرف بھی توجہ رہتی تھی۔ مگر تھوڑے عرصے میں خوشامدی اور نمک حرام رفقا اور مصاحبین کے بدولت عیش کے بندے ہو گئے۔ انہیں لوگوں نے والدۂ مکرمہ نواب بادشاہ محل صاحبہ سے بھی بگاڑ کرا دیا۔ بیگم صاحبہ اپنے پوتے منا جان کو لیکر الماس باغ جا رہیں۔ اسپر بادشاہ نے کوتہ اندیش مشیروں کے مشورہ سے ایک اشتہار اس مضمون کا تمام قلمرو اودھ میں شایع کرا دیا کہ منا جان میرا بیٹا نہیں ہے۔ حالانکہ ولیعہدی کا خلعت انہیں پیشتر دے چکے تھے۔ حضرت کی شادی ایام ولیعہدی میں صاحبعالم مرزا سلیماں شکوہ برادر اصغر اکبر شاہ ثانی کی دختر سے شاہانہ دھوم دھام سے ہوئی تھی۔ یہی بیگم سلطان بہو کے خطاب سے مشہور تھیں۔ لیکن بادشاہ کو اس شاہزادی کی طرف کبھی التفات نہیں ہوا۔ اور بے اولاد رہیں۔

محلات تو صدہا تھے مگر اوسمیں مفصلۂ ذیل قابل ذکر ہیں۔ نواب ملکہ زمانی۔ نواب تاج محل صاحبہ۔ نواب قدسیہ محل۔ ان محلات معلیٰ نے اپنی علو حوصلگی۔ فراخدلی۔ اور سیر چشمی سے ایک عالم کو گرویدۂ احسان بنا لیا تھا۔ ان کی شانِ امارت۔ کروفر اور اخراجات شاہانہ کے واقعی حالات اگر لکھے جائیں تو فسانوں سے زیادہ مزہ آئے۔ نواب ملکہ زمانی کو چھ لاکھ سالانہ کی جاگیر کے علاوہ ایک لاکھ روپیہ ماہوار جیب خرچ کے لئے ملتا تھا ایسے ہی بیش قرار مواجب دوسرے محلات کے تھے۔ نواب قدسیہ محل کا عروج و اقتدار جملہ دیگر محلات سے بڑھ گیا تھا۔ تقدیر کا کرشمہ دیکھو کہ انہیں ایام میں کسی روز ایک معمولی بات پر بادشاہ ان سے ذرا کبیدہ خاطر ہو گئے۔ اور بیگم نے اس رنج میں سفوف الماس

کھاکر خودکشی کرلی۔ اِس حادثۂ روح فرسا سے تمام لکھنؤ میں حشر برپا ہوگیا۔ بادشاہ کو اُنکی وفات سے کمال صدمہ ہوا۔ اور یہ داغ مدت العمر لوحِ دل سے نہ مٹا۔ بادشاہ کے حکم سے قدسیہ محل کے غم میں تمام شہر سوگوار بنا۔ اور عجیب کہرام برپا ہوا۔

امام باڑہ ملحق عمارات چھتر منزل لکھنو۔ کربلا گومتی پار و تخت گاہ بنام نہاد بارہ امام محاذی حسین آباد آپ ہی کی عہد سلطنت کی یادگار ہیں۔ تخت گاہ میں قوم سادات کی دختران کمسن بہ لقب اچھوتی یعنی ازواج ایمہ معصومین تلاش کرکے جمع کیگئیں تھیں جہاں حضرت بادشاہ کی طرف سے اُنکی ہر طرح کی خدمت کیجاتی تھی اور لکھوکھا روپیکے نقد جنس کے علاوہ زیورات مرصع وملبوس فاخرہ اُنہیں بطور نذر دیے جاتے تھے۔ صرف یہی نہیں بلکہ کاروبار سلطنت میں اُنکا اور اُنکے اعزا اور اقربا کا بڑا دخل تھا۔ کوئی امر اُنکی مرضی کے خلاف نہونے پاتا تھا۔ الغرض شاہی اخراجات حد اندازہ و قیاس سے افزوں تھے اور اسی طرح سے اسلاف کا خزانہ بالکل خالی ہوگیا۔

بادشاہ کے مزاج میں لاابالی پن اور لہو ولعب کا شوق ازحد تھا۔ تلوّن مزاجی اور غصہ کا یہ عالم تھا کہ وزرا اور ہم جلیسوں کی جان ہتیلی پر رہتی تھی۔ اراذل کا ہر وقت گرد ہجوم رہتا تھا۔ انگریزی طرز معاشرت کے دلدادہ تھے۔ چنانچہ اکثر انگریزی لباس زیب بدن ہوتا تھا حتی کہ ٹوپی بھی انگریزی پہنتے تھے۔ مے نوشی حدِ اعتدال سے متجاوز ہوکر بلائے جان ہوگئی تھی۔ رفتہ رفتہ قوائے جسمانی کمزور اور قوت اشتہا زائل ہونے لگی۔ اِسی اثنا میں ۳ ربیع الآخر ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء دھنیا مہری نے جو مقرب خاص وہمراز تھی طمع دنیوی سے بادشاہ کو زہر دیکر کام تمام کردیا۔ ۳۵ سال کی عمر پائی اور ۱۰ برس ۵ روز سلطنت کی۔ اپنی کربلا میں جو گومتی کے اُس پار بنائی تھی دفن کئے گئے۔ اور خلد منزل خطاب پایا۔ اِس قلیل مدت سلطنت میں محاصل ملک کے علاوہ ۲۰ کرور روپیہ منجملہ اندوختہ متروکہ جد امجد نواب سعادت علیخان مرحوم صرف میں آیا۔ تاریخ رحلت ؎

رفت شاہِ جہاں سلیماں جاہ		سوئے جنت ز بارگاہِ اودھ	
ہاتفے گفت از سرِ افسوس		بارم رفت بادشاہِ اودھ	

آپ کے حقیقی چچا نواب نصیر الدولہ محمد علی شاہ کے لقب سے تخت نشین ہوئے۔ اگرچہ حضرت کی والدہ نواب بادشاہ محل صاحبہ نے فریدون بخت مناجان کو تخت نشین کر دیا تھا لیکن چونکہ بادشاہ اُنکی تبنیت سے انکار کر چکے تھے رزیڈنٹ نے اُنہیں تخت سے اُتار کر نواب نصیر الدولہ کو اورنگ نشین کر دیا۔ اور بیگم صاحبہ اور مناجان کو بجرم بغاوت چنار گڈھ میں نظر بند کر دیا۔

حاصل کلام یہ کہ طبیعت موزوں رکھتے تھے۔ اور کبھی کبھی اُردو اور فارسی میں بھی شعر گوئی کا اتفاق ہو جاتا تھا۔ اُن کی اُردو کی یہ غزل بہت مشہور ہے۔ فارسی کے بھی چند اشعار تذکرۂ آفتاب عالمتاب اور روز روشن میں نظر سے گذرے۔

یہ کس مست کے آنے کی آرزو ہے
کہ ساقی لئے ساغرِ مشکبو ہے

سمایا ہے جب سے تو نظروں میں میری
جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تو ہی تو ہے

جتاؤں میں کیا اپنا حالِ پریشاں
عیاں زلفِ دلدار سے مو بمو ہے

چلو قبرِ فرہاد پر فاتحہ کو بھی
مگر آبِ شیریں سے لازم وضو ہے

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے
یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

گلستاں میں جا کر ہر اک گُل کو دیکھا
نہ تیری سی رنگت نہ تیری سی بو ہے

ستایا ہے ناحق ہمیں تُو نے ظالم
یہ انصاف اللہ کے روبرو ہے

کیا چاک وحشت نے ایسا گریباں
کہ بخیہ کے قابل نہ جائے رفو ہے

شفق بنکے ہوتا ہے گردوں پہ ظاہر
یہ کس کشتۂ بیگنہ کا لہو ہے

عبث مجھکو ہنس ہنس کے دیتے ہو گالی
زباں کو سنبھالو یہ کیا گفتگو ہے

اگر اب کے بولا شبِ وصلِ جاناں
چھری اور مرغِ سحر کا گلو ہے

رہے سایہ پنجتن بادشاہ پر
خداوندِ عالم نگہبان تو ہے

پارسا

پارسا۔ منشی فیض پارسا شیخ احمد سرہندی کی اولاد میں تھے۔ غدر سے ۲۰-۲۵ سال پیشتر دہلی کے مدرسہ میں مدرس حساب تھے۔ گاہ گاہ شعر بھی کہتے تھے۔ انہیں بزرگ کی تحریک سے

غازی الدین خان کے مدرسے میں جو اجمیری دروازہ کے باہر واقعہ ہے مجلس مشاعرہ کی بنا پڑی مدت تک یہ مشاعرہ نہایت رونق سے جاری رہا مشاہیر شعرائے پایۂ تخت مثل شاہ نصیر۔ مومن ذوق۔ آزردہ۔ غالب۔ شیفتہ۔ صہبائی اور اُنکے تلامذہ رشید جمع ہوکر دادِ سخنوری دیتے تھے۔ شاہ نصیر نے لکھنؤ میں بعض شعرائے نامی کی تحریک سے دو غزلیں کہیں تھیں جنکی ردیف اور قافیہ یہ تھا۔ نفس کی تیلیاں۔ دہن پتھر کے جب اکثر شعرائے دہلی نے ان زمینوں میں غزلیں کہیں۔ تو شاہ نصیر کو یہ امر بہت ناگوار ہوا۔ چنانچہ اُنہوں نے اس زمین میں پچاس غزلوں کے قریب کہکر اپنے تلامیذ کو دیدیں۔ اور اس جلسہ کے بعد یہ التزام ہوا کہ ہر مشاعرہ میں طرح کی غزل کے علاوہ یہ طرح بھی برابر جاری رہی۔ الحاصل کئی ماہ تک تیلیوں کی ردیف پر غزلیں ہوتی رہیں۔ یہانتک کہ صدہا غزلیں اس زمین میں لکھی گئیں۔ شاہ نصیر مرحوم کی تلاش قابل صاد اور لایق داد ہے۔ کہ وہ ہر بار ستر اسّی شعرا کا دو غزلہ پڑھتے تھے۔ ان کے علاوہ شاگردوں کی بھی غزلیں ہوتی تھیں۔ خاقانی ہند ذوق نے بھی اسی زمین میں ایک بڑا قصیدہ مرزا ابوظفر ولیعہد (جو بادشاہ ہوکر بہادر شاہ ہوئے) کی تعریف میں کہکر سرِ مشاعرہ پڑھا۔ انجام کار باہمی نزاع کیوجہ سے بزم مشاعرہ درہم برہم ہوگئی اور اسکے بعد دہلی میں اس رتبے کا دوسرا مشاعرہ نہ ہوا۔ جناب پارسا کے یہ دو شعر دستیاب ہوئے۔

تپشِ فریاد و فغاں گریہ و زاری ہے مُدام	کاش انساں نہ ہمیں حق نے بنایا ہوتا
کوئے الفت کے خاکسارانِ دل	مثلِ آئینہ صاف طینت ہیں ہو

پارسا

پارسا۔ منشی محرم علی پارسا۔ رندانہ مشرب بیباک وضع آدمی تھے۔ شعر گوئی میں مرزا صابر سے اصلاح لیتے تھے۔ یہ اُنکا کلام ہے ؎

جو دیوانے ہیں اُس پری رو کے	اُن کو کیا کام ہوشیاری سے
نام کو پارسا ہوں میں لیکن	مست ہوں نرگسِ خماری سے

پاکباز

پاکباز۔ میر صلاح الدین عرف پیر مکھن خلف شاہ کمال نبیرۂ شاہ جمال شاگرد مصطفےٰ خان یکرنگ شاہ مبارک آبرو کے بڑے عزیز دوست تھے۔ چنانچہ بعض اشعار میں بطور کنایہ اسطرف اشارہ کیا

ہے۔ اور یہ صحیح بھی آبرو نے اُنکے نام کا کیا خوب کہا ہے "عالم ہمہ دوزخ است و محمد مکن" اِن سے تین ہزار بیت کا دیوان یادگار ہے۔ آدمی یارباش خوش وضع اور شکیل تھے۔ اکثر وقت وظائف اور ریاضت میں صرف کرتے تھے۔ یہ آپکے کلام کا نمونہ ہے۔

مجھے درد و الم رہتا ہے نت گھیرے میاں صاحب
خبر لیتے نہیں کیسے ہو تم میرے میاں صاحب

چھوڑ دے گھر سے نکلنا ورنہ او بانکی ادا
آجکل تلوار چلتی ہے تری رفتار پر

تلوار ڈھال کیونکہ کریں ایک دم جُدا
اس عاشقی میں رکھتے ہیں بہتوں سے لاگ ہم

جلوے تمہارے حسن کے نت ہیں پہ ہم کہاں
تو تو سجن ہمیشہ ہوا فنوس ہم نہیں

پذیر۔ منشی محمد عشرت خان دہلوی۔ اِن کے والد نوازش حسین خاں تنویر اچھے شاعر تھے۔ یہ خود دہلی کی عدالت میں سررشتہ دار رہے۔ اپنے والد کے ہمراہ نیپال بھی گئے تھے سنہ ۱۲۶۶ ہجری سال وفات ہے۔ مندرجہ ذیل کلام آپسے منسوب ہے۔

سیماب کی طرح کسی کروٹ نہیں قرار
خانہ خراب ہو دلِ پر اضطراب کا

آنکھوں کو شوقِ دید نے نرگس بنا دیا
جب سے بندھا خیال ہے اُس مست خواب کا

جب نہ یار تو اُس جینے سے مرنا بہتر
تو بھی کہہ کیا ہے تری ایدل بیمار صلاح

دل ہے بیتاب وہ آتا کسی صورت سے نہیں
کچھ تو دے آج تو او ناصح غمخوار صلاح

کیا کیا ہیں بشر جینے پہ نازاں کوئی دن کے
سامان تو برسوں کے ہیں مہماں کوئی دن کے

حال اُس سے کہوں یا ملک الموت کو دم لب
دم لب پہ جب آیا تو وہ لینے خبر آئے

پروانہ۔ راجہ جسونت سنگھ مرحوم معروف بہ کاکا جی ابن مہاراجہ بینی بہادر نائب نواب شجاع الدولہ شاگرد لالہ سروپ سنگھ دیوانہ۔ ظاہری وجاہت اور حسن اخلاق کے باعث اپنے ہمعصروں میں ممتاز تھے ایک تذکرہ میں تو اُنکی خوبصورتی کی یہانتک تعریف لکھی ہے۔ کہ جوان یوسف مثال تھے۔ اور ایک زمانہ زلیخا دار انکا دیوانہ اور فریفتہ تھا استعداد علمی بہت معقول تھی کچھ غزلیں میر مرحوم اور مصحفی کو بھی دکھائیں تھیں ۱۷۸۹ء میں لکھنؤ میں شان و شوکت سے زندگی بسر کرتے تھے۔ صاحب دیوان تھے

کلام بہت پاکیزہ اور عمدہ ہے خوش فکر اور طبّاع امیر تھے۔ ہندی کبت خوب کہتے تھے اور ارباب کمال کے بڑے قدردان تھے حضرت جرأت کا انتقال اُنکے زمانہ میں ہوا۔ چنانچہ اُنہوں نے تاریخ وفات کہی ؎ کہو جنت نصیب جرأت ہے۔ ڈاکٹر اسپرنگر صاحب کے کتب خانے میں اِن کا دیوان موجود تھا۔ ۱۸۵۱ء میں انتقال کیا کلام بہم رسیدہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیا کہیے ہمدم کہ اُسے دیکھ کے ہم تو
ہر چند سنبھالے رہے پر دل کو غش آیا

کرتے تو کیا قتل پہ خوں بہتے جو دیکھا
ٹھہرا نہ گیا سامنے قاتل کو غش آیا

آئینہ ساں ہے صاحبِ جوہر کو زخمِ غم
اس دور میں تو عیب و ہنر دونوں ایک ہیں

جو کثرت میں وحدت سدا دیکھتے ہیں
بتو میں وہ نورِ خدا دیکھتے ہیں

جو وہ تیغ ابرو ہیں خونریز ایسے
تو اکدن یہ گردن جُدا دیکھتے ہیں

پھلستا ہے پالے رنگ اسپہ ہر دم
ترے رُخ کی جب ہم صفا دیکھتے ہیں

مقرر یہاں غیر آتا ہے شب کو
ترے گھر میں ہم نقشِ پا دیکھتے ہیں

جُدا ہے جو پروانہ اُس شمع رو سے
نہایت دل اُسکا بُجھا دیکھتے ہیں

چشمِ بد دور پری ہے کہ کوئی حور ہے تُو
سر سے پا تک جو تجھے دیکھیے اک خوبرو ہے تُو

لاکھ تدبیر کریں ہاتھ کوئی آتا ہے
اپنے نزدیک تو ایجان بہت دور ہے تُو

بحرِ ہستی میں ترا جسم ہے مانندِ حباب
تہ اکدم کی ہوا کھانے پہ مسرور ہے تُو

اُسکی ہمچشمی انہیں آنکھوں نے بس برگشی
تجھ کو بینائی سے بہرہ نہیں معذور ہے تُو

تن بدن میں جو لگی آگ تو اے پروانہ
کیا کرے اپنے جلا دینے میں مجبور ہے تُو

ضعف ہے غش ہے ناتوانی ہے
بن ترے موت زندگانی ہے

کون مدفون ہے چمن میں صبا
جسکی تربت پہ گل فشانی ہے

پوچھتے اب ہو مرغِ دل کا حال
کب سے وہ جنت آشیانی ہے

آپنے رات چھپکے پی ہے شراب
رنگ چہرہ کا ارغوانی ہے

آہ پروانہ شمع ہے لیکن — زور اس میں شرر فشانی ہے
ایدل تو نذر حلقۂ گیسو سے کسی کے — یہ سانپ ہیں کیلے ہوئے جادو سے کسی کے
دل یار سے اور درد مرے دل سے کیے ہے — جانے کا نہیں اب تو میں پہلو سے کسی کے
تڑپتے جو دیکھی ہیں لاشیں تو دل اب — ترے کوچے کو کربلا جانتا ہے
کہتی ہے عندلیب چمن میں پکار کے — اپنے بھی دن پھریں جو پھریں دن بہار کے
جس نے دیکھا اُسے کیا سجدہ — غرض اُس بت نے بھی خدائی کی
دیکھ تو ہم سے راست بازوں نے — تو نے آخر یہ کج ادائی کی
ہمسے رکھکر غبار خاطر میں — جاکر اغیار سے صفائی کی
اے دل آزار تو ہی کر انصاف — ہے یہی طرز دلربائی کی
عہد کیا کیا تھے اور قول و قرار — آہ تیرے بھی بے وفائی کی

سدا ہے جام مے شرمندۂ چشم مست تیری — صراحی بھی خجل ہے اس تری تصویر گردن سے
ایک دن دیکھا نہ تو عاشق کی غمخواری کرے — بیوفا تجھ سے کوئی کب تک وفاداری کرے

کوچۂ گیسو میں دل کو ڈھونڈیے — کیا ہوا گمراہ کا کچھ پھیر ہے
نسیم آوے نہ شاید کسی کے کی تاثیر — شگفتگی سی ترے غنچہ دہاں پر ہے

پروانہ

پروانہ - منشی پروانہ علی مراد آبادی - رند مشرب - آزاد منش جوان اور اوائل میں منشی مراد علی حیرت کے شاگرد تھے پھر قیام الدین قائم سے تلمذ اختیار کیا - اکثر کلام باواز بلند کوچہ و بازار میں شعر پڑھتے پھرا کرتے تھے - آخر کار دیوانے ہو گئے - آخر اٹھارویں صدی میں حیات تھے -

ہمت حضرت قائم سے اگر ہو امداد — چند ایام میں کر لیجئے دیوان درست

کیوں میاں پروانہ ہوئے جل کے ڈر سے — پھر بھی کسی شعلہ رو کو چاہیے
کیونکہ پیغام مجھے اُسکا زبانی آوے — نام سنتے ہی مرا جسکو گرانی آوے
جھوٹ کہتا ہے تو قاصد یہ زبانی پیغام — مجکو باور نہیں جب تک نہ نشانی آوے

پرویز

پرویز۔ منشی مرتضےٰ خانصاحب پرویز لکھنوی شاگرد حکیم سید علی ضامن صاحب شوق ابن جناب میر علی اوسط صاحب رشک لکھنوی آپ ۱۸۶۲ء میں حیات تھے اس سے زیادہ حال معلوم نہوسکا۔ یہ چند اشعار آپکے نتائج افکار سے ہیں۔

ترا احسان ہو دورِ فلک میں زندگی بھر کا
ہمیں ساقی جو دے ساغر شرابِ روح پرور کا

کسی صورت نہیں مٹتی نہیں کھلتے رخ و عارض
نقابِ یار پر دھوکا ہوا سدِ سکندر کا

سرائے دہر حیرت زا مسافر سب ہیں دو دن کے
بنا ہے شکل عبرت دیکھو آئینہ سکندر کا

نہ کیوں عشاق ٹھنڈی سانسیں بھرتے بہر تے مر جائیں
چراغوں کو بجھا دیتا ہے جھونکا بادِ صرصر کا

دمِ تزئین وہ خود بیں دیکھکر صورت کو کہتا ہے
خدا کی شان میرے آگے آئینہ سکندر کا

ترس کھایا تڑپنے پر نہ کچھ پرویز کے اے بت
بتا بہر خدا تیرا کلیجہ کیا ہے پتھر کا

پرویز

پرویز۔ منشی سید یوسف حسین صاحب شاگرد مولانا بیدل آجکل حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں۔ اور وہاں کے نومشق شعرا میں گنے جاتے ہیں یہ کلام کا رنگ ہے۔

ہوتی کیونکر دلنشیں تیری نصیحت ناصحا
دل میں تھے رخنے ہزاروں اور سینہ چاک تھا

سوزنِ تدبیر سے کیونکر رفو ہو چارہ گر
دامنِ تقدیر جب ہاتو نے اُنکے چاک تھا

کوئی واعظ سے پوچھے آپ کو کیا
جسے چاہا اُسے سمجھے دیا دل

پروین

پروین۔ لالہ انگ رائے نائب محافظ دفتر کچہری فرخ آباد۔ غالباً نواب کلب حسین خاں صاحب نادر سے تلمذ تھا عصر ہوا انتقال کیا۔ کلام حاضر ہے۔

تیرے وصال کی نہ کبھی آرزو کریں
کیوں داغدار دل کو ہم اے لالہ رو کریں

دل کیوں جلائیں جان کو کیوں کھوئیں بے سبب
تجھ کو کبھی نہ پیار ہم اے لالہ رو کریں

مانگا جو میں نے بوسۂ شیریں تو ناز سے
بولے وہ ہنس کے آپ نہ یہ آرزو کریں

پریشان

پریشان۔ پنڈت منولال صاحب دہلوی شاہ نصیر کے فیض تلمذ سے بہرہ ور اور اپنے ہمعصروں میں نامور تھے یہ اُنکے اشعار ہیں۔

خوباں کی ادا کوئی کب ناز سے خالی ہے
ہر بات پہ جھڑکی ہے ہر حرف پہ گالی ہے
ہم آئیں تو اُٹھ جاؤ غیر آئے تو آ بیٹھو
یہ وضع نئی جاناں کیا تم نے نکالی ہے

پریشان ۔ مولوی سید شاہ محمد واجد خلف شاہ تراب الحق۔ آپ دانا پور پٹنہ کے پیرزادوں میں تھے اور مولوی ذاکر علی ذاکر بنارسی کے تلمذ سے بہرہ ور۔ عرصہ ہوا انتقال کیا۔ چند شعر ملے جنکا انتخاب درج ذیل ہے

دل بنا ہے سنگِ مقناطیس مجھ ناشاد کا
ناوکِ غیر جائے تیر اُس صیاد کا
خوب اے شیخ ریاکار بنا ہی تو یہ
دل میں وہ بت ہے زباں پر ہے الٰہی توبہ

پریشان ۔ شیخ محمد نیاز علی پریشان ابن شیخ رجب علی ساکن قدیم سندیلہ مقیم آگرہ۔ مرزا حاتم علی بیگ مہر کے شاگرد و صاحب تذکرہ شعرا و سخن و مثنوی سرمایۂ عشق ہیں ۱۸۶۶ء میں اڑتیس سال کی عمر تھی۔ اور آگرہ میں مشاعرہ کیا کرتے تھے یہ اُنکا کلام ہے۔

نگاہیں پھیر کر صاحب تو بندے سے خفا ہیرے
تمہارے تیر مژگاں کی خطا ہیرے
بہاؤ چار آنسو بھی جو ہم کو قتل کرتے ہو
ملالِ خاطرِ نازک ہمارا خوں بہا ہیرے
کچھ ایسے پاؤں بہکے رہروانِ دشتِ الفت کے
بھٹک کر تبکدہ کی راہ سے کعبہ میں آ ہیرے

پنڈت ۔ پنڈت دیا رام کشمیری خلف پنڈت روپ چند۔ نواب عماد الملک غازی الدین خان وزیر کی رفاقت میں باعزاز و آبرو زندگی بسر کرتے تھے۔ اسی وجہ سے اُنکی جاگیر کی دارالریاست فرخ آباد میں زیادہ تر قیام رہتا تھا۔ فارسی کلام میں حافظ غلام محمد آزاد سے مشورہ لیتے تھے۔ شاہ عالم ثانی کے زمانے میں فروغ پایا آپکے کچھ شعر مولوی قدرت اللہ شوق کے تذکرہ سے انتخاب ہو کر درج کیے گئے

اُسنے ابتک ایدھر گذر نہ کیا
آہ نے آہ کچھ اثر نہ کیا
کیا تو نے خراب خانۂ دل
اے صنم کچھ خدا کا ڈر نہ کیا
جان سے ہم گذر گئے لیکن
کبھی تو نے ایدھر گذر نہ کیا
آیا جو وہ گل تو گل چمن میں
پھولے نہ سمائے پیرہن میں
اے جان اگر چلا تو یہ جان
تجھ بن نہ رہے گی جان تن میں

پہنچی ہیں جو لب کی تیری باتیں — بیقدر عقیق ہے یمن میں
لایا جو وہ جوئے شیر تو کیا — اُستاد تھا تیشہ کے وہ فن میں
آنکھوں سے بہاتا خوں کا دریا — طاقت یہ کہاں تھی کوہکن میں
اَب تم بھی تو کچھ سلیقہ پنڈت — پیدا کرو شعر اور سخن میں
کیونکر دل اُسپر شیدا نہ ہووے — جس کا کہ ثانی پیدا نہ ہووے
اِک عمر سے ہے زلفوں کا لٹکا — ڈرتا ہوں دل کو سودا نہ ہووے
سُن سُن کے ہمارے آہ و نالے — نالاں ہیں پاس رہنے والے
دیکھا ہے وہ جب سے لالہ رخسار — جینے کے پڑے ہیں ہمکو لالے
ہوتی ہیں مژہ کی برچھیاں پار — دو شیخ او ہر جو دیکھے بھالے
بالا ہی بتاوے سرو بالا — ہیں کان میں جب سے پہنے بالے
ہم پر بھی نگاہ ڈالے پنڈت — اُس بُت کے خدا یہ دل میں ڈالے

پورن - منشی پورن سنگھ کایستھ ساکن شاہجہان آباد - نواب سعادت یار خان رنگین کے تلامذہ میں مشہور اور شہر کے نامور اطبا میں اِنکا شمار تھا - سنسکرت سے بخوبی ماہر اور بالخصوص فن ویدک (طب) میں اپنے زمانے میں بیمثل تھے - گاہے گاہے تفنن طبع کے طور پر شعر بھی کہہ لیا کرتے تھے - غدر ۱۸۵۷ء سے دس بارہ برس پیشتر انتقال فرمایا - یہ اِن کے اشعار ہیں -

پورن

ہم نام رہائی سے بیزار ہیں اے ہمدم — دل چاہِ زنخداں میں ہے جب سے اسیر اپنا
شمشیر تو وہ ابرو اس دل پہ چلا بیٹھے — چھوڑا نے نگہِ ظالم تو بھی کبھی تیر اپنا
اس رہ میں روا رو ہی لازم ہے سدا پورن — سامانِ سفر رکھے طیار فقیر اپنا
پیچ و خمِ کاکل میں مت جانیو دل شبکو — اِس راہ میں تو چلکر ہووے نہ خجل شبکو

پہنچا - اِن بزرگ کا نام معلوم نہیں ہوا - مسٹر ایف فیلن اپنے تذکرہ میں اِن کے متعلق لکھتے ہیں کہ حضرت فردوس آرامگاہ کے عہد میں دہلی میں رہتے تھے - بعض لوگوں کا خیال تھا کہ ہندو تھے

پہنچا

بعض کہتے ہیں کہ مسلمان تھے۔ یہ تین شعر اُنکے ہیں۔

ہر چند کہا دل کو اُسنے نہ کہا مانا
پھر دیکھا تو بیجا ہے دیوانیکا سمجھانا

چمن میں نکہت کہا جب صبا نے تجھ لب کا
دہن جو گل کا کھلا تھا مندا نہیں تب کا

زلف کو کہنا پریشاں عقل کی دوری ہے یہ
ہر گرہ میں اُسکے دل ہے گانٹھ کی پوری ہے یہ

پیام

پیام - شرف الدین علیخان پیام سراج الدین علیخان آرزو کے شاگرد اور اکبرآباد کے رہنے والے تھے تذکرہ نویسوں نے انہیں طبقۂ دوم کے شعراء میں مانا ہے۔ محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں فروغ پایا۔ تاہاں کے دیوان میں انکی تاریخ وفات موجود ہے۔ فارسی میں بھی صاحبِ دیوان تھے۔ اور ضروریاتِ فن سے باخبر۔ فکر صائب و طبع رسا رکھتے تھے۔

قطعہ

دلی کے کج کلاہ لڑکوں نے جو
کام عشاق کا تمام کیا

ایک عاشق نظر نہیں آتا
ٹوپی والوں نے قتل عام کیا

تم ہو بوس و کنار کی صورت
ہم ہیں اُمیدوار کی صورت

بے نواہوں زکاۃ حسن کی دے
او میاں مالدار کی صورت

بات منصور کی فضولی ہے
ورنہ عاشق کو آہ سُولی ہے

پیام

پیام - مرزا حیدر بیگ مغل پورہ من مضاف دہلی کے باشندے۔ اور اوائل میں وہیں رہتے تھے۔ دہلی میں شادی ہوجانے کے باعث یہاں آرہے تھے۔ غدر سے چند سال پیشتر کے مشاعروں میں شریک ہوتے رہے اوائل مشق کا کلام حاضر ہے۔

اِس آہِ بے اثر نے کیا کچھ نہ کچھ اثر
کل پوچھتا تھا میری گلی کا نشاں وہ شوخ

دیکھا تو کیا جوابِ نزاکت کہ کل پیام
بیتاب ہوگیا ترا سنکر فغاں وہ شوخ

مرجائے بھی کوئی تو تاسف نہ ہو اُسے
بالا پڑا ہے آن کے کس سنگدل کے ساتھ

میرے نالوں سے ہوا سینۂ گردوں افگار
کہ پڑا شام و سحر خون شفق ٹپکے ہے

پیر

پیر - مستر مہاراج سنگھ یاکن متھرا۔ ذات کے چوبے اور جائے تعجب ہے کہ بہت کم خوراک تھے خط شکستہ

کی تحریر میں اچھی مہارت حاصل تھی۔ اوائل میں جوان تخلص کرتے تھے۔ پھر پیر تخلص اختیار کیا۔ دہلی قبل از غدر اکثر آیا کرتے تھے۔

رات دن کا ہے ترا شغلہ آرائش زلف	اس سے کیا تجھکو کہ ہے حال پریشاں میرا
میں وہ خاکستر افسردہ ہوں جوں صبح کہ پیر	داغ خورشید ہے اک اخگر سوزاں میرا
قبر پر فریادیوں کے اپنے تو ہرگز نہ جا	تیرا پیچھا کب چھٹا اس خاک دامن گیر سے

پیرجی

پیرجی - پیرجی قمرالدین صاحب دہلوی۔ شاگرد نواب اسداللہ خان غالب و سالک مرحوم۔ کتب فروشی اور معلمی سے بسر اوقات کرتے تھے۔ ۱۲۹۸ھ میں فوت ہوئے۔

رہ و رسم و محبت سے خبر تمکو نہیں اصلا	ٹھکانا زاہدوں کیا ہے تمہارے دین و ایما کا

پیرجی عشق میں گھلے ایسے	اڑ گیا گوشت رہ گیا چھلکا
پوچھتا کیا ہے شب مجھکو ہوئی کیونکر بسر	رات بھر چھاتی پہ رکھا ہے تری تصویر کو
وہ کیا غیر سے رشتۂ مہر توڑیں	کہ یہ بھی نزاکت کے شایاں نہیں ہے
مرے دل کو کس طرح سے ہو مسرت	کہ اس بزم میں ہائے رضواں نہیں ہے
ہر اک شعر اس کا ہے گنج معانی	مقرر یہ غالب ہے شاداں نہیں ہے



ت

تاب تاب

تاب - پنڈت مہتاب رائے دہلوی - آپ کا اصلی وطن کشمیر تھا مگر کئی پشت سے دہلی میں خاندان کی سکونت تھی - استعداد علمی معقول اور شعر نہایت اچھا کہتے تھے - اُنیسویں صدی کے شروع میں حیات تھے - انکے یہ دو شعر فرط شہرت سے انکی طباعی اور نکتہ سنجی کے کافی گواہ ہیں -

خو ہوتی ہمیشہ سے تمہاری اگر ایسی		تو کاہیکو نبھتی مری اے فتنہ گر ایسی
یا تنگ نکر ناصح ناداں مجھے اتنا		یا چلکے دکھاوے وہن ایسا کمر ایسی

تاب تاب

تاب - میر حیدر قوال ولد میر محبت علی ساکن پانی پت - غدر سے دس بارہ برس پیشتر دہلی میں رہتے تھے - فن موسیقی کو عالم شباب میں ایک درویش کامل دھرم داس نامی سے جو اس فن میں عدیم النظیر تھے حاصل کیا تھا - نکاتِ فن سے کامل واقفیت کے علاوہ نہایت خوش گلو اور خوش لہجہ تھے - آواز میں غضب کا درد تھا - شعر گوئی کیطرف بھی کبھی توجہ ہوجاتی تھی - یہ دو شعر مرزا صابر کے تذکرے سے منتخب ہوکر درج ہوئے -

میں تو تھا عاقل زمانے کا پہ الفت کے طفیل		کوئی سودائی کہے ہے کوئی دیوانہ مجھے
کثرتِ دل ہر شکن میں دیکھ غیرت سے مُوا		آفتِ جاں ہوگیا زلفوں کا سُلجھانا مجھے

تاب تاب

تاب - مرزا الطاف حسین اشرف تاب گورگانی - خلفِ مرزا امداد اشرف - غدر کے چھ مہینے بعد انھوں نے ظاہر ہوکر حکام سرکار انگریزی سے مدد معاش چاہی بعد تحقیقات پچاس روپیہ ماہوار پنشن مقرر ہوئی اور اور جزیرۂ موریشس کو بھیجے گئے - یہ ایک شعر انکا ہے -

دیا ہے ہمنے دل اے تاب کس بیمہر کو دیکھو		کہ پروا ہو نہ اُسکو اور اُسپر اپنا دم نکلے

تابان تابان

تابان - میر عبدالحی دہلوی، سلسلۂ نسب انکا حضرت علی موسی رضا علیہ السلام تک پہنچتا ہے - یہ دلی میں پیدا ہوئے - ایسے حسین و جمیل تھے کہ لوگ انکو یوسفِ ثانی کہتے تھے - دلی میں ان کی خوبصورتی کی یہ شہرت ہوئی کہ ایک بار خود شاہ عالم بادشاہ انکے دیکھنے کے مشتاق ہوئے - حبش خاں

کے پھاٹک کے پاس مکان تھا اور وہ بڑا دروازہ جو کچہ مذکور سے لاہوری دروازے کے بازار میں نکلتا ہے اُس کے بالاخانے پر انکی نشست تھی (یہ مکان ابتک موجود ہے)۔ ایک روز بادشاہ سوار ہوکر اس راہ سے نکلے۔ انہیں بھی اسکی پہلے سے اطلاع مل چکی تھی۔ بازار کی طرف مونڈھا بچھاکر آ بیٹھے۔ بادشاہ جب اس مقام پر پہنچے تو اسلئے کہ سواری ٹھیرانے کو ایک بہانہ ہو آبِ خاصہ مانگا اور اُسے نوش فرماکر دیکھتے ہوئے چلے گئے۔ میر تاباں حُسن یوسفی کے ساتھ عاشق مزاج بھی تھے۔ قاسم نے انہیں تیسرے طبقے کے شعرا میں لکھا ہے۔ یہ اپنے زمانے میں ہر دلعزیزی کے باعث امرا اور رؤسا کے جلسوں کی جان سمجھے جاتے تھے۔ اور معمولی حیثیت میں بھی امیرانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ رنگین مزاج ایسے تھے کہ کوئی میلا تماشا بغیر جائے نہ رہتا تھا۔ شوق بھی اپنے تذکرے میں انکی حسن و خوبی اور خندہ جبینی کی تعریف کرتے ہیں۔ مشہور ہے کہ ابتداے جوانی میں انکو اسقدر میگساری کا شوق ہوا کہ شب و روز مست و مخمور رہنے لگے۔ اس وجہ سے سخت بیمار ہوئے اور افسوس کہ عرصے قلیل میں وہ آفتاب تاباں افق ظلمت سے ہمکنار ہوا اور اپنی رحلت سے جہان کو تیرہ و تار کر دیا۔ میر تاباں حضرت میرزا مظہر جانجاناں علیہ الرحمۃ کے مرید تھے۔ فنِ سخن میں کئی اُستادوں سے فیض پایا تھا۔ شاہ حاتم نے اپنے دیوان کے دیباچے میں جہاں اپنے تلامذہ کا ذکر کیا ہے اس زمرے میں انکا نام بھی لکھا ہے اور خود انکے کلام سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے میر محمد علی حشمت سے بھی اصلاح لی تھی۔ شیفتہ کا قول ہے کہ تاباں مرزا رفیع سودا کو اپنا کلام دکھاتے اور انکی شاگردی پر فخر کیا کرتے تھے۔ انکا لباس اکثر سیاہ رنگ کا ہوتا تھا۔ جو اُنکی دلکش شکل اور جامہ زیب بدن پر نہایت بھلا معلوم ہوتا تھا۔ قدیم تذکروں میں انکے حسن و جمال اور طرز معاشرت کی خوب خوب حالات لکھے ہیں۔ فلین صاحب کہتے ہیں کہ میر تاباں ۱۷۹۸ء میں بقید حیات تھے۔ بہرحال انہوں نے عالمِ شباب میں دہلی میں انتقال کیا۔ فنِ سخن میں بھی نامور ہوئے۔ صاحبِ دیوان تھے۔ اور زبان خوب کہتے تھے۔ خصوصاً معاملے کے اشعار نہایت صاف ہوتے تھے۔ دیوان انکا میرے کتب خانے میں موجود ہے۔ اسمیں سے اشعار ذیل منتخب ہوئے ؎

اے مرد خدا ہو تو پرستار تباں کا
مذہب ہی میں مرے کفر ہے انکار تباں کا

مجھے آتا ہے رونا ایسی تنہائی پہ اے تاباں
نہ یار اپنا نہ دل اپنا نہ تن اپنا نہ جان اپنا

آشنا ہو چکا ہوں میں سب کا
جس کو دیکھا سو اپنے مطلب کا

بلبلو کیا کرو گے اب چھٹکر
گلستاں تو اُجڑ چکا کب کا

یاں پلک بھی نہ ہم سکیں جھپکا
ایسا قاصد تو جائیو لپ کا

جفا پہ اپنی پشیماں نہ ہو ہوا سو ہوا
تری بلا سے مری جی پہ جو ہوا سو ہوا

بنائی خاک بھی تاباں کی سامنے پھر ظالم
وہ ایک دم ہے ترے روبرو ہوا سو ہوا

رخسار و زلف میں ہے اُس گلبدن کے مجھکو
مانند شمع و شبنم لیل و نہار رونا

تبسم دیکھ اُس غنچہ دہن کا
جگر ٹکڑے ہوا ہے ہر کلی کا

تاباں تو رشتۂ غم و اندوہ توڑ اب
تارِ نگہ میں اشک کے موتی پرو چکا

میں خواب میں دیکھا ہے اُسے مہندی لگائے
کیا جانئے کس کس کا لہو آج بہے گا

تاباں فلک سے کیونکہ بھرے ساغرِ مراد
رہتا ہے واژگوں یہ پیالہ حباب کا

کس کس طرح کی دل میں گذرتی ہیں حسرتیں
ہے وصل سے زیادہ مزا انتظار کا

اُڑا دے صبا خاک میری اگر تو
تو کوچہ میں اُس بیوفا کے ہی لیجا

حرم کو چھوڑ رہوں کیوں نہ تبکدہ میں شیخ
کہ یاں ہر ایک کو ہے مرتبہ خدائی کا

اخگر کو تہ خاک چھپا رکھ میں میں دیکھ کے سمجھا
تاباں تو تہ خاک بھی جلتا ہی رہیگا

خزاں تک تو رہنے دے صیاد ہمکو
کہاں یہ چمن پھر کہاں آشیانا

ترے غم سے نسیاں ہے یا تنک کہ مجکو
اِدھر بات کہنی اُدھر بھولجانا

کمی کیا مے کی ہو جاویگی میخانہ میں اے ساقی
اگر ہمکو پلا دے گا کبھی اک جام کیا ہوگا

اسبابِ جہاں کی تو دلا فکر نہ کر تو
حاصل نہیں کچھ اسمیں بجز رنج و مشقت

یہ وہ بُت ہیں جنہوں نے رام عالم کو کیا اپنا
کوئی اُنسے لگا کر دل چھڑا سکتا ہے کیا قدرت

ہنستا ہے گل چمن میں تو نالاں ہے عندلیب
دو دل خوشی نہ دیکھے کبھی اس جہاں کے بیچ

دیکھا اسکو خواب میں جب آنکھ کھل جاتی ہے صبح
کیا کہوں میں کیا قیامت مجھپہ تب لاتی ہے صبح

آگے تو اپنے حسن پہ مغرور تھا ہی تو
اب چاہنے سے میرے ہے دونا ترا گھمنڈ

ہجر میں ساقی کے یار وجب کبھی آتا ہے ابر
تب ہمارے سر پہ کیا روز سیہ لاتا ہے ابر

جو عاشق مرے عشق کی راہ میں
کرو کو چۂ یار میں اسکی قبر

لے میری خبر چشم مرے یار کی کیونکر
بیمار عیادت کرے بیمار کی کیونکر

منصور کو ہوتی نہ اگر دار سے سیڑھی
تو راہ وہ پاتا ترے دیدار کی کیونکر

گل زمیں سے جو نکلتے ہیں برنگ شعلہ
کوئی جاں سوختہ جلتا ہے نہ خاک ہونا

دیکھ قاصد کو مرے یار نے پوچھا تاباں
کیا مرے ہجر میں جیتا ہے وہ غمناک ہونا

دل مرا بسکہ ہے لبیک حرم سے بیزار
جا کے بتخانہ میں سنتا ہے صدائے ناقوس

پالکی بھی ہے مجھے خدا نے دی
تو بھی تاباں رہا میں خانہ بدوش

کسی سے اسلئے کرتے نہیں ہیں ہم اخلاص
کہ بے نفاق زمانہ میں اب ہے کم اخلاص

ان بتو نکو تو مرے ساتھ محبت ہوتی
کاش بنتا میں برہمن ہی مسلماں کے عوض

ماہ پہونچے ہے کہاں منہ کی جھلک کو تیرے
وہ بھی ہر چند کہ روشن ہے پہ یہ نور نہیں

کوئی دن دیکھنے وے موسم گل
ارے صیاد پھر بہار کہاں

گلشن میں بیٹھنے کو تمہارے دہن کے ساتھ
کھولا تھا منہ کو کلیوں نے پر کچھ نہ بولیاں

سو دے میں گذرتی ہے کیا خوب طرح تاباں
دو چار گھڑی رونا دو چار گھڑی باتیں

سن فصل گل خوشی ہو گلشن میں آئیاں ہیں
کیا بلبلوں نے دیکھو دھومیں مچائیاں ہیں

انجان ہو تو اس سے کوئی درد دل کہے
جو جانتا ہو میں اسے آگاہ کیا کروں

ذرا اے گل نہ آیا رحم اس صیاد کو دیکھیں
رہی حسرت چمن کی بلبل ناشاد کو دیکھیں

اسی کا کام تھا جو بات کہکر جی دیا اپنا
نہ آیا کچھ بھی دھڑکا جان کا فرہاد کو دیکھیں

مرے نزدیک شادی اور غم دونو برابر ہیں
کہ اصلا غم نہیں ہوتا کبھی آزاد کے دلمیں

کوئی عاشق ہوا اُسپر تو اُسکو قتل کرتا ہے
ترحم کچھ نہیں تاباں مرے جلاد کے دلمیں

یہانتک تپش ہے عشق کی مجھ میں کہ بعد مرگ
گل بھی مرے مزار پہ گل کر گلاب ہو

مرتے ہیں آرزو میں اِس وقت آن پہونچو
ٹک ٹکو دیکھ لیں ہم جلدی سے جان پہونچو

تیرے کمندِ زلف کے ملک بہ ملک ہیں اسیر
بسمل خنجرِ نگاہ خانہ بخانہ کو بہ کو

گر اُٹھے شعلۂ سوزِ جگر پروانہ
آپ سے آپ جلیں بال و پر پروانہ

جو پختہ مغز ہیں سو سوزِ دل نہیں رکھتے
کسی نے شمع سے جلتے میں کچھ سُنا بھی ہے

عاشق کے واقعہ کو کہا سُنکے یار نے
مرنے نہ دیتا اُسکو جو ہوتی خبر مجھے

اے باغباں اب تو جاتے ہیں ہم قفس میں
چھوٹے تو پھر ملیں گے گر بال و پر رہینگے

جاتی ہے عمر ہر دم ہمکو خبر نہیں ہے
کیا جانئے کہ کبتک ہم بے خبر رہینگے

نہ تجھے شرم بے وفائی ہے
نہ مجھے طاقتِ جدائی ہے

ظالم میری وفا کا جو لیتا ہے تو حساب
اپنی جفا و ظلم کا بھی کچھ شمار ہے

بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی
مجھے بات کرنے کی طاقت کہاں ہے

کروں دعوے خوں میں قاتل سے اپنے
کب آئے گی یارب قیامت کہاں ہے

میں شکوہ کروں جورِ ظالم کا لیکن
مجھے آہ و نالے سے فرصت کہاں ہے

اسیری سے یانتک ہوئی ابتو الفت
کہ شامِ قفس ہمکو صبحِ چمن ہے

مقرر نہیں کوئی تاباں کا مذہب
کہیں ہے مسلماں کہیں برہمن ہے

علاجِ دلفگاراں ہے تری آنکھوں کی مخموری
کہ حد نافع ہے زخمی کے تئیں صہبائے انگوری

تجھے اے ماہرو میں شمع سے تشبیہ دوں کیونکر
کہ کچھ نسبت نہیں ہے اُسکو وہ ناری ہے تو نوری

کس سے فریاد کروں میں کہ وہ ہرجائی ہے
آہ اِس بات میں میری بھی تو رسوائی ہے

محفل کے بیچ سُنکے مرے سوزِ دل کا حال
بے اختیار شمع کے آنسو ڈھلک پڑے

کاٹیں ہیں بتاں تاباں جوں شمع زباں میری
یاں بات کے کہنے کی ہوتی ہے گنہ گاری

تو مے پی اسقدر ظالم کہ تجکو کیف کم ہووے
ترا بیہوش ہو جانا ہمارا ہوش کھوتا ہے

قیامت مجھپہ کل کی رات اُسکے ہجر میں لائی
نہ آیا یار میرا آج بھی وہ رات پھر آئی

ہوتا ہوں ترا جو اشتیاقی ساقی
بیخود ہو پکارتا ہوں ساقی ساقی

ہے مجکو خمار شب کا۔ لا صبح ہوئی
شیشہ میں جو کچھ کہ مے ہے باقی ساقی

آتش عشق کی کب ہے دل بیتاب کو تاب
قایم انار بھی سیماب کہیں ہوتا ہے

تجھے فضلوں سے کیا تاباں کہ ناصح
وہ جانے اور اُسکا کام جانے

رباعی

تضمین

میں تیرے عشق سے از بسکہ کفر میں آیا
طریق مسجد و بتخانہ ایک سا سوجھا

تمام خلق نے مشہور ملحد و بیں کیا
دیا ہے قتل کا قاضی نے بھی مرے فتویٰ

بجرم عشق توام میکشند غوغائیست
تو نیز بر سر بام آ کہ خوش تماشائیست

مری حیرت کی صورت دیکھ آئینہ ہوا حیراں
مری فریاد سُن سُنکر جرس بھی ہے سدا نالاں

مرے افسردہ دل کو دیکھکر کمہلا گئیں کلیاں
مری داسوختگی کو سُن کے ہر شب شمع ہے گریاں

مری بیتابیوں کو دیکھکر جلتا ہے پروانہ

تاباں - مرزا شجاع الدین احمد خاں تاباں خلف الرشید نواب شہاب الدین احمد خاں ثاقب مرحوم خلف اکبر نواب ضیاء الدین احمد خاں بہادر مغفور رئیس لوہارو ۱۸۶۰ء میں پیدا ہوئے۔ علوم مشرقی میں معقول دستگاہ رکھتے ہیں۔ فن سخن میں پہلے نواب حسین علیخان شادان مرحوم سے تلمذ اختیار کیا پھر حضرت داغ سے مستفید ہوئے۔ آپکے دو دیوان مرتب ہو چکے ہیں۔ کچھ عرصے سے ریاست حیدرآباد میں بھی وظیفہ خوار رہے۔ اب دہلی میں خانہ نشین ہیں۔ میرزا باقر علیخان کامل خلف متبنیٰ حضرت غالب کی بیٹی انکے نکاح میں ہیں۔ آپ کا منتخب کلام اچھا ہوتا ہے۔ مشاق اور ر

تاباں

زود گو ہیں اور کم و بیش جملہ اصناف سخن میں دخل رکھتے ہیں۔ شطرنج کا شوق ہے اور اچھا کھیلتے ہیں راقم تذکرہ کے دلی عنایت فرما ہیں زبان صاف بندش درست ہے۔ طبیعت میں آمد غضب کی ہے۔ اور کیوں نہ شبانہ روز یہی مشغلہ ہے۔ اپنی نازک خیالی اور شاعری پر فریفتہ ہیں۔ کلام کا جو اُنہیں کا عطیہ ہے انتخاب درج ذیل ہے۔

لیا ہے پہلے دل اب جان پہلے	کریگا اور الفت آزما کیا
ہوا تا باں کو جینا مرنے سے بدتر جو یاد آیا	طلب کا جاں بحق ہونا ادھر مغفور مائل کا
ارمان رہے نکل کے شب وصل یار میں	پنجے نہ سکے دل امیدوار میں
آئینہ سے بھی رشک رقابت ہے کسلئے	وہ بھی تو دیکھتا ہے بناؤ سنگار میں
نا استواریاں تیرے وعدہ کی بیوفا	ہیں استوار وعدۂ نا استوار میں
پریشاں کر چکی ہیں میری آہیں	یہ ممکن ہے کہ وہ غیروں کو چاہیں
تلوّن انکا شیوہ ہو گیا ہے	محبت ایک ہے کیونکر نباہیں
کہاں زخمی میرے دل کو جگر کو	چلیں ہیں تیر بن بنکر نگاہیں
نہ آیا راہ پر وہ شوخ ہمنے	نکالیں سینکڑوں ملنے کی راہیں
دھرا کیا ہے بجز اُسکے تن نازک محبت میں	کہ ہے تار نفس اُلجھا ہوا تار محبت میں
کسی پر مرمٹے ناصح تو اُسکو حال کھل جائے	کہ کیونکر راتدن کٹتی ہے افکار محبت میں
ہوا ہے سب سے بیگانہ زمانہ میں یگانہ ہے	عجب وارفتگی پاتا ہوں سرشار محبت میں
کہتے ہو تم کہ مجسا جہانمیں حسیں نہیں	آئینہ دیکھکر بھی کہو گے کہیں نہیں
تری شوخیاں اور مری حسرتیں	سر بزم سب کچھ بیاں کر چکیں
نگاہیں تری اُسپہ پڑنے لگیں	نگہبانیان پاسیاں کر چکیں
وعدہ وہ وعدہ ہے جو وقت پہ ایفا ہو جائے	یوں تو ہر ایک سے وہ وعدہ کیا کرتے ہیں
نظر آگیا جو وہ جلوہ نہیں ہے	اُسے دیکھنا کچھ تماشا نہیں ہے

جو اُس بت کی چوکھٹ کو چوما تو بولا — یہ کعبہ نہیں ہے کلیسا نہیں ہے
ہاتھ سے وضع دیدیئے ہی بنی — غیر سے آشتی کیے ہی بنی
وہ جو روٹھے شراب بھی چھوٹی — من گئے جب کبھی پیے ہی بنی
دل کے لیتے ہی وین بھی مانگا — جو کہا اُسنے وہ کیے ہی بنی
آج تاباں سے متقی کو بھی — دُرد آلودہ مے پیے ہی بنی
ابرو کی تیغ سے سرِ مقتل لٹا مجھے — مرجاؤنہیں تو بن کے مسیحا جلا مجھے
خیالات زاہد کو ہیں دُور کے — مزے چل کے جنت میں لو حور کے
یہ ہونا ہے اکدن کہ تجھے چھوڑ کے بیٹھیں — کب تک ترا کہنا دلِ ناشاد کریگے
یہ دعائیں مانگتا ہوں مرے دل میں آہ جی — آپ کا تیرِ نظر خنجر بنے اور ٹوٹ جائے
جفا پر وفا مجھ وفادار کی — زبانوں پہ بن کر کھانی رہے
تو ہی بتادے ناصحِ ناداں میں کیا کروں — دل اختیار میں ہے نہ وہ اختیار کے

تاباں — منشی احمد خاں خلف منشی عباد اللہ خان مستوطن خورجہ ضلع بلند شہر۔ آغا شاعر دہلوی سے اپنے کلام میں مشورہ کرتے ہیں۔ طرز جدید میں بھی فکر کرتے ہیں۔ اگرچہ ابھی نومشقی کا عالم ہے مگر طبیعت تیز اور ذہین ہے اگر کہے گئے تو اچھی ترقی کر جائیں گے۔ زبان کی صفائی کی طرف توجہ زیادہ ہے۔ صاف شعر کہتے ہیں۔ ۱۸ برس کی عمر سے فکر کرتے ہیں ۲۶ برس کی (۱۹۰۸ء) عمر ہے اور گوالیار امپریل سروس انفنٹری میں کپتان ہیں۔ یہ آپ کا کلام ہے۔ تاباں

گھر کر گئی ہے دل میں یہ کچھ لذتِ ستم — ڈرتا ہوں ہو نجائے وہ بت مہرباں کہیں
یہ مقتضا طرزِ تمدن ہے ورنہ شیخ — دوزخ کہیں ہے اور نہ باغِ جناں کہیں
یاروں کی ایک چال تھی یہ بھی ڈرو نہیں — دنیا میں حشر کرتی ہیں آہ و فغاں کہیں
کیا پوچھتے ہو جیتے ہیں مرنیکی آس پر — وہ دن خدا دکھائے کہ آئے قضا کبھی
بیجا ہم آپ شوق سے سر کاٹیے مگر — پھیریں گے مُنہ نہ تیغ سے اہلِ وفا کبھی

آج وہ برگشتہ مژگاں غیر کی محفل میں ہے
ہائے کیا چبھتا ہوا کانٹا ہمارے دل میں ہے

سُنا منصور کا قصہ تو مجھ سے ہنس کے فرمایا
گنہ گارِ محبت کے لئے یہ بھی سزا کم تھی

تابش ۔ محمد جعفر نام۔ انکا اصلی وطن الہ آباد تھا مگر عذر سے بیس پچیس برس پیشتر دہلی میں آن رہے تھے جوانی میں معقول عہدوں پر ممتاز رہے۔ موزوں طبع تھے اور اسطرح کہتے تھے۔

کبھی بن بادہ رہ نہیں سکتے
تو بہ کچھ ہم کو سازگار نہیں

دل میں خوش ہیں عدو پرائے تابش
وہ ستمگر کسی کا یار نہیں

تابش ۔ محمد عبدالباری نام، خلف منشی سید محمد قاسم مرحوم، مولد و مسکن صاحب گنج گیا ہے۔ عمر ۱۹ سال کی ہے۔ فارسی بقدر مناسب جانتے ہیں اور ہنوز زیر تعلیم ہیں۔ حافظ محمد عبدالرحمن بسمل سُنہاروی کے حلقۂ درس میں داخل ہیں۔ منشی سید مہدی حسن سازش جونپوری خلف اوسط مولوی حکیم سید اولاد علی کاہش جونپوری کے نواسے ہیں۔ انکے والد بھی شاعر تھے اور قمر تخلص کرتے تھے۔ وہ مولوی فصیح احمد حشر بتیہوی سے اصلاح لیتے تھے۔ تابش کو عرصہ قلیل سے شعر گوئی شوق ہوا ہے۔ خواجہ محمد عبدالرؤف عشرت لکھنوی شاگرد شیخ محمد جان شاد پیر و میر سے تلمذ ہے۔ ایک غزل انکی ہمیں ملی، اُسمیں سے یہ شعر منتخب ہوئے۔

صاف انکار سے وعدہ تو نہ ٹالا ہوتا
معذرت کا کوئی پہلو بھی نکالا ہوتا

اور کیا تھا جو میں دیتا عوض اک بوسے کے
نقدِ دل پیشکشِ خدمتِ والا ہوتا

عشق کرنا تھا حسینوں سے اگر اے تابش
پہلے اپنے دلِ نالاں کو سنبھالا ہوتا

تاثیر ۔ خواجہ محمد جانصاحب لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی۔ عرصہ ہوا انتقال کیا۔ کچھ غزلیں نظر سے گزریں اُنکا انتخاب حاضر ہے۔

بال کھولے ہوئے زلفونکی پریزاد آیا
دام بر دوش چمن میں مرا صیاد آیا

تبکدے سے طرفِ کعبہ چلے ہم آخر
ایسا اُس بت نے ستایا کہ خدا یاد آیا

ہے وہ تیزی کہ تصور نے بنایا بسمل
آپ کا خنجر ابرو جو مجھے یاد آیا

خوب ہشیار کیا اُسکے تغافل نے مجھے
بھولا وہ بت تو مجھے ایسا کہ خدا یاد آیا

ستاتے ہیں لحد مٹی مری برباد کرتے ہیں
ستم ایجاد اب تک یہ ستم ایجاد کرتے ہیں

وہ بلبل ہیں ہمیں صیاد جب آزاد کرتے ہیں
عوض شورِ بہار کبا وہ کے فریاد کرتے ہیں

نشانِ جسم تک باقی نہیں ہے ناتوانی سے
عبث تدبیر مجھ سی مرے صیاد کرتی ہیں

واقف ہے درد دل سے مرے خوب وہ حسیں
کیوں پوچھتا ہے پھر سببِ انتشارِ دل

تاثیر

تاثیر۔ لالہ کنہیالال ولد لالہ کیول کشن باشندہ فرخ آباد۔ منشی سید اسمٰعیل حسین صاحب میرٹھی کے تلامذہ خوش فکر سے تھے۔ ایام غدر میں حیات تھے۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ یہ اِنکے اشعار ہیں۔

خنجر سے دل کے سینکڑوں ٹکڑے جو کر دیئے
میرا کلیجہ پڑ گیا اے گل ہزار ہاتھ

ہاتھوں کو ناچ میں جو مکرر اُٹھائیے
دریائے حسن آپ کا بڑھتا چار ہاتھ

تاثیر کرئے دامنِ قاتل نہ چھو سکا
دوڑائے بسملوں نے عبث بار بار ہاتھ

تاثیر

تاثیر۔ حافظ محمد حسین دہلوی۔ غدر سے پیشتر دہلی میں موجود اور خدا بخش خاں تنویر کے شاگردوں میں تھے۔ زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ کلام ہے۔

وہ ہوا پاس تو قابو میں دل اپنا نہ ہوا
ہائے مطلب تو ہوا حسبِ تمنا نہ ہوا

بیمار کیا اور بھی اس کم نظری نے
ظالم ہمیں مارا تری بیداد گری نے

بتخانے کے خیال نے کعبہ جھکا دیا
الفت بتو نکی لائی کہانے کہاں مجھے

تاثیر

تاثیر۔ حکیم محمد حسن خاں۔ سنام ریاست پٹیالے کے رہنے والے اور موجود کے شعرا میں ہیں۔ آپکو غالباً مولانا شوکت سے تلمذ رہا ہے۔ کلام ملاحظہ ہو۔

وصالِ یار سے بڑھکر ہے لذت سوزِ فرقت میں
مزہ پاتا ہوں دوزخ میں مرا جاتا ہوں جنت میں

چراغ مہر لیکر ڈھونڈھنے کو مہر نکلا ہے
مری گم گشتہ قسمت کو غبارِ شامِ غربت میں

آبلہ پا ہوں مجھے چھوڑا ہے کیوں گلزار میں
لیچلو مسکن ہے میرا وادیِ پرخار میں

کیوں نہ آجائے قیامت کھیلتی بازار میں
خود اُلجھتے آرہے ہیں اپنی ہی رفتار میں

تاج

تاج - منشی محمد تاج مقیم انبالہ - آپ کو مولانا شوکت میرٹھی سے تلمذ ہے - زیادہ حال معلوم نہو سکا - اب کلام ملاحظہ ہو -

پہلو میں رشکِ ماہ تھا دورِ شراب تھا
اک برج میں قران مہ و آفتاب تھا

پل پل جب انگلیو پہ گنے ہمنے روزِ ہجر
اپنے حساب تو وہی روزِ حساب تھا

سینے پہ بحرِ حسن کے ابھرا ہوا تھا کچھ
یہ قلزمِ شباب کا شاید حباب تھا

آنیسے یہاں کر کرتے ہو ایجاں جاں نہیں
ای میرِ یجاں جانیں اب میری جاں نہیں

کیوں پست حوصلہ ہوں مقدر کے سامنے
ہے یہ تو شکوہ عدل کا داور کے سامنے

خورشید یوں ہے عارضِ انور کے سامنے
جیسے چراغ مہرِ منور کے سامنے

اس چاہ نے خدا سے مجھے سرنگوں کیا
کرتا ہوں سجدہ اک بتِ کافر کے سامنے

آنکھو نمیں کس غضب کی ہے تسخیر سامری
افسوں چلے ہے چشمِ منوں گر کے سامنے

تاج

تاج - سید عظمت شاہ صاحب رامپوری شاگرد منشی عابد حسین اوج رامپوری زمانۂ حال کے نوشق لوگوں میں ہیں - یہ کلام کا انتخاب ہے -

میکشی سے خاک اب توبہ کریں
ایک دو دم زندگانی اور ہے

توبہ بھی کر لینگے ناصح پی تو لیں
کوئی دن کی یہ جوانی اور ہے

کیا ہوا گر حشر تک زندہ رہے
خضرِ عمرِ جاودانی اور ہے

فائدہ کیا جبہ و دستار سے
دین کی زاہد نشانی اور ہے

تاسف

تاسف - سید محمد حسن صاحب حضرت پوری تلمیذ حضرت عشق لکھنوی آپکا مطبوعہ دیوان موجود ہے - جسکا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے - باوجود تلاش حالات دستیاب نہو سکے - کلام سے یہ بات ظاہر ہے کہ شعر گوئی میں خاصی قدرت رکھتے تھے - مضمون کی طرف بھی طبیعت دوڑتی ہے نشست الفاظ اور انداز بیان بھی خاصہ ہے - اب کلام ملاحظہ ہو -

کیا ترحم آگیا کچھ دل کو تیرے وقتِ ذبح
ہاتھ کیوں چلتا ہے قاتل حلق پر رکتا ہوا

شعلۂ عشق سربلند رہا — اُس پہ دل صورتِ سپند رہا
سوختہ قسمت ہوں ایسا مرغِ اُمید پر — برق گرتی ہیں اگر بارانِ رحمت مانگتا
آبِ رحمت سے بجھاتا گر نہ خالق روزِ حشر — شعلۂ دل سے امان مہرِ قیامت مانگتا
وہ آگ دل میں لگی تھی تمہاری فرقت سے — کہ ابرِ دیدۂ گریاں جسے بجھا نہ سکا
جو محبوب جب پیشِ نظر تھا — چراغِ طور گویا جلوہ گر تھا
پسِ مرگ بھی حشر برپا رہا — ہماری محبت کا چرچا رہا
مسیحا کی صورت نہ آئی نظر — مریضِ غمِ ہجر مرتا رہا
ہم تھے قریبِ مرگ کہ وہ مہرباں ہوا — پیری جب آئی بخت ہمارا جواں ہوا
ہوا ممنون میں تیرِ نظر کا — نشاں بھی اب نہیں دردِ جگر کا
شہرہ ہمارے قتل سے انکار سوا ہوا — ناحق کا خون غازۂ تیغِ جفا ہوا

ہوا سے اُڑ گئیں زلفیں جو اُنکے رُوئے روشن پر — ہوا مستو نہیں غل کالی گھٹا چھائی ہے گلشن پر
اے فلک جاؤں کدھر میں کوئے جاناں چھوڑ کر — بلبلِ نالاں کہاں جائے گلستاں چھوڑ کر
رخسار سے بہم ہیں جو گیسو الگ الگ — بل کھا رہے ہیں کیا پسِ رُو الگ الگ
باندھا گلا کسی نے تو کاٹا کسی نے سر — کرتے ہیں ظلم گیسو و ابرو الگ الگ
ہو کے ابرو و نگہ سے تری بسمل قاتل — لذتِ فتنۂ محشر ہوئی حاصل قاتل
تیز بھوں سے بھی خنجر کو نہیں کرتا ہے — حق نے پتھر کا بنایا ہے ترا دل قاتل
ہزاروں عاشقوں کا خون ہوگا وہ نکھرتے ہیں — دُھرا ہے سامنے آئینہ کو گیسو سنورتے ہیں
ہر جا ہے اُسکا جلوۂ رخ وہ کدھر نہیں — پر جس سے دیکھ لیں وہ ہماری نظر نہیں
مضمون درد قابلِ شرح و بیاں نہیں — تم جسکو سُن سکو وہ مری داستاں نہیں
چرخ کو چکر زمیں کو زلزلہ — لرزاں ہیں کوہ — خوف میری آہِ سوزاں سے تمہیں لیکن نہیں
کیونکر نہ زندگی ہو بسر اضطراب میں — دل پھنس گیا ہے کاکلِ پُرپیچ و تاب میں

تمہارے گیسو و خالِ جبیں کا وصف ہو کیونکر
نہ ایسا دام دیکھا ہے نہ اس انداز کا دانہ

محب اندوہ سے بہتر نہ پایا کوئی دنیا میں
بچھوڑا ساتھ مرنے پر اسے کہتے ہیں یارانہ

زلفِ سنبل اور ہے گیسوئے جاناں اور ہے
زلف پیچاں اور ہے زلفِ پریشاں اور ہے

بجائے اشک اب خونِ جگر آنکھوں سے بہتا ہے
الٰہی کس طرح کا درد ہے جو دل میں رہتا ہے

خلوت ہے کنج باغ ہے فصلِ بہار ہے
ساقی شتاب آ کہ ترا انتظار ہے

یاد تیرے زلف و ابرو کی میں بھولوں کس طرح
پاؤں میں زنجیر ہے اور حلق پر شمشیر ہے

گلے سے لگانے کے قابل نہیں ہے
دلا ماہِ نو تیغِ قاتل نہیں ہے

تاسف وہ گل کیا ترے بس میں ہوگا
کہ قابو میں تیرے ترا دل نہیں ہے

کہتے ہیں وہ نظر مری تجھ پر رہا تو کی
لایق اگر وفا کے نہ تھا تو جفا تو کی

شکوہ کیا نہ آنے کا اُس نے تو یہ کہا
دل میں تمہارے یاد ہماری رہا تو کی

آہ اب تک کوئی نکلی نہ شرر سے خالی
اشک ٹپکا نہ کوئی لختِ جگر سے خالی

جدا ہی کر دیا تیغِ جفا سے
بہت اچھی دوائے دردِ سر کی

تعلق دستِ وحشت کو ہوا اپنے گریباں سے
بہار آتے ہی جنگل کو چلے او ٹھکر گلستاں سے

تاسف

تاسف - جناب ناصر الدین حیدر صاحب خورجوی ضلع بلند شہر۔

ناکام آرزوئے محبت کا کام کر
ابرو سے کام لے کوئی خنجر اگر نہو

ہم اور ترکِ عشقِ بتاں واہ ناصحا
یہ تو کبھی نہ ہم سے ہوا عمر بھر نہو

تائب

تائب - مولوی محمد حسین تائب برادر زادہ حقیقی مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی۔ فخر الشعراء میر نظام الدین ممنون کے تلمذ سے فیضیاب تھے۔ شعر بہت کم کہتے تھے مگر سخن فہم اعلےٰ درجے کے تھے۔ دورِ موجودہ کے مشہور شاعر قاضی غیاث الدین خورشید آپ ہی کے شاگرد ہیں وہ ۱۲ سال ہوئے انتقال فرمایا۔ یہ آپکا کلام ہے۔

مجھکو جب عہدِ وفا یاد آیا
اُسکو بھی شغلِ جفا یاد آیا

کہے اُس بت کو شاب کس کے | دیکھکر جس کو خدا یاد آیا
عہدِ پیری میں جوانی کی اُمنگ | آہ کس وقت میں کیا یاد آیا
پھر کتاں وار جگر چاک ہوا | پھر کوئی ماہ لقا یاد آیا

تائب

تائب ۔ اِن کا اور حال معلوم نہوا ۔ صرف اِسقدر واقفیت ہے کہ ۱۲۵۰ھ کے گلدستۂ شعرا میں اِن کی غزلیں دیکھی گئیں انہیں کا انتخاب درج تذکرہ ہے ۔ کلام کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آدمی مشاق اور طبیعت دار تھے ۔

غضب ہے یار ترے پھول سے بدن کی بہار | بنائے گی ہمیں دیوانہ اِس چمن کی بہار
جو دیکھ پائیں عنادل ترے بدن کی بہار | نظر میں اُنکے ابھی خار ہو چمن کی بہار
دکھا رہا ہے عجب رنگ کوہ پر لالہ | پس فنا ہے عیاں خونِ کوہکن کی بہار
ضرور عارضِ گلرنگ تیرے دیکھے ہیں | نہیں سفید ہے یوں نسترن کی بہار
کسی روش نہ ریاضِ جہاں پہ ہو راغب | کہ نخ روزہ ہے تائب بس اِس چمن کی بہار

وہ لڑکپن کی چال چلتے ہیں | بوسہ دینے بھی مچلتے ہیں
ہم اِدھر ہو رہے ہیں سینہ سپر | تیر مژگاں اُدھر سے چلتے ہیں
باغ دنیا میں وہ شجر ہیں ہم | پھولتے ہیں کبھی نہ پھلتے ہیں
ٹکڑے ہیں دامن و گریباں کے | خوب وحشت کے ہاتھ چلتے ہیں
ڈھونڈھتا ہوں اُنھیں جو اے تائب | خانۂ دل میں وہ نکلتے ہیں

تائب

تائب ۔ مولانا حافظ ثناء احمد خان شاہجہانپوری عرف بدھن خاں خلفِ رن باز خاں عربی فارسی کے جید عالم اور سن رسیدہ آدمی ہیں ۔ شاہجہانپور روہیلکھنڈ کے متوطن اور قوم کے پٹھان ہیں ۱۲۵۳ھ سال پیدایش ہے اس حساب سے اب ۷۵ سال کی عمر ہے ۔ بچپنے ہی میں عارضۂ چیچک کی بدولت آنکھوں سے معذور ہو گئے ۔ لیکن چونکہ حافظہ بہت درست پایا تھا اُستاد کی اندک توجہ سے حافظِ قرآن ہو گئے ۔ اِسی طرح کتب درسیہ اکثر حفظ کر لیں ۔ نواب غلام حسین خاں

رئیس سے فارسی پڑھی اور اُنھیں کے فیضان صحبت سے شاعری کیطرف توجہ ہوئی بعد فراغ تحصیل علوم درس و تدریس شروع کیا۔ اکثر منتہی طالب علم انسے درس پا چکے ہیں۔ ۱۳۰۰ھ میں مدرسہ اسلامی بمبئی کے مدرسی کے واسطے طلب ہوئے مگر چند ماہ بعد ملازمت ترک کر کے اپنے ہموطن دوست معشوق علیخان صاحب جوہر کے پاس بھوپال چلے گئے۔ اُنکی وساطت سے نواب عالمگیر محمد خاں کی سرکار سے تیس روپیہ ماہوار اور خاصہ مقرر ہوگیا۔ ۶ ماہ وہاں قیام کیا اور طلبار کو درس دیتے رہے۔ ریاست میں باضابطہ ملازمت کا سلسلہ درپیش تھا کہ ناموافقت آب و ہوا کے باعث علیل ہوکر وطن چلے آئے۔ اور پھر ۱۶ برس تک مدرسہ عربی کے ہیڈ مولوی رہے۔ اب بطور خود منتہی طلبار کو گھر پر درس دیتے ہیں۔ شعر کا بہت شوق ہے۔ شاہجہانپور کے شاعروں کی رکن رکین سمجھے جاتے ہیں۔ تصانیف میں دیوان اردو کے علاوہ انشا مشہد عشرت نام بڑی ضخیم کتاب ہے جسمیں متعدد اقسام نثر کے نمونے دکھائے ہیں۔ آپ کے شاگرد بکثرت ہیں جن میں تجمل جلالپوری صاحب دیوان ہیں۔ انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

داغ بیچارہ کے دلمیں نہو کیونکر ساقی
ساغرِ مے نہوا لالۂ گلشن اُن کا

نہیں چلتا کوئی فقرہ نہیں بنتا کوئی حیلہ
بیانِ کوششِ بیجا برنگِ سعیِ باطل ہوں

ننگِ وجود مجھسا جہانمیں کہیں نہیں
آنسو کے پونچھنے کیلئے آستیں نہیں

کھینچے ہوئے ہیں چلہ گماں کی کمان کا
چٹکی سے چھوٹنے کا خدنگِ یقیں نہیں

سر پر نہیں یہ چرخ ہے اُڑا ہوا دھواں
چھالا پڑا ہے پاؤنکے نیچے زمیں نہیں

بلبل کے سوزِ دل نے بھڑک کر جلا دیا
کلیاں قبائے گل میں نہیں آستیں نہیں

بدتر کسیکی موت سے یوں زندگی نہو
جیسا میں بدنصیب ہوں یارب کوئی نہو

برسیں جو میں سسکتے نکلتی نہیں ہے جان
مرجانا عاشقوں کا ترے دل لگی نہو

دفتر مرے گنہگے جو لے کر نمک گئے
تیوری جو مغفرت نے چڑھائی ٹھٹک گئے

غم نہیں تلخیِ دشنام نے گر زہر دیا
لبِ قاتل میں ہے اعجازِ مسیحائی بھی

شہیدِ ناز کا مٹھی میں کس دل خوں بھا لائی
شہادت کا مشک شوخیِ رنگ حنا لائی

گلا ہم سخت جانوں کا اجل سے کٹ نہیں سکتا
چڑھا کر سان پر سو بار شمشیرِ قضا لائی

خدا کے سامنے ہوگا مرا ہاتھ اور ترا دامن
جو اُس کوچے سے میری خاک بادِ صبا لائی

تائب - مولوی عبد القادر - مولانا شوکت میرٹھی کے شاگرد ہیں - قصبہ بوڑیہ ضلع انبالہ انکا وطن تھا اور ۱۸۸۴ء میں شملے میں آرمی پریس کے مالک تھے - یہ چند شعر انکے نتائج افکار سے ہیں -

تائب

کیا فائدہ سر لاکھ زمیں پر کوئی رگڑے
پیشانی کا لکھا کبھی زائل نہیں ہوتا

ملے ہو نہیں سکتے کبھی عرفاں کے منازل
رہبر جو کوئی مرشدِ کامل نہیں ہوتا

تیغِ ابرو سے شہادت ہے مری قسمت میں
مجکو دم دیتا ہے ہر دم شمشیرِ عبث

کب کسی کے یہ ہوئے ہیں بتِ بے پیر کہو
جان پر کھیلتے ہیں عاشقِ دلگیرِ عبث

شیشۂ دل میں پری بن کے اُترنے والے
عشق کا سودا عطا کردے جو سر پیدا کرے

عیب سے بدتر ہے گر کوئی ہنر پیدا کرے
دیکھنے کے واسطے زاہد نظر پیدا کرے

صبح ہوتی ہے کہاں شام کدھر ہوتی ہے
میرے مرنیکی جو برسوں میں خبر ہوتی ہے

کر چکا تیر نگاہِ جانستاں بسمل مجھے
بھول جاتا ہے تجھے پاتے ہی میرا دل مجھے

توڑ کر جو بن کی دیواریں شباب آیا کہو
خیر مقدم ہوس بادہ کہ بادل آئے

تم جو آنکھوں میں لگائے ہوئے کاجل آئے
ہیں پری پیکر سمجھتے مشعلِ محفل مجھے

سیم و زر خاک کا ہے ڈھیر جو قسمت میں نہو	سنگِ پارس ہے عبث نسخۂ اکسیر عبث

تاب — تاب — منشی کھنولال صاحب خلف منشی جھاؤلال صاحب تلمیذ و نبیرہ جناب واجب لکھنوی ملازم کوٹھی خزانہ میر ٹھ بنک۔ آپ قوم کے کایستھ ہیں اور ریاست حیدرآباد بھی کچھ وظیفہ پاتے ہیں۔ عرصہ تک وہاں رہے بھی ہیں۔ دو تین چھوٹے چھوٹے رسالے جمنین گانے کی چیزیں جمع کی ہیں تالیف کر کے شائع کرا چکے ہیں۔

اب کس طرح سے کہیے جی گاؤ غمزہ	تاب کو تم نے دلسے بھلایا یہ کیا کیا
کھول کر بال جو وہ گیسوؤں والا نکلا قیس نے دشت میں دیکھا جو بگولا اٹھتے	کوئی مجنوں کوئی مفتوں کوئی شیدا نکلا دوڑ کر کہنے لگا ناقۂ لیلیٰ نکلا
چاہت میں جوانی ہوئی برباد ہماری بیکار چھوتا ہے مرے جسم میں نشتر صحرا میں مجھے دیکھ کے مجنوں یہ پکارا دیکھئے کس کسکے ماتھے جائی کس کا ہو خوں دل کھنچا آتا ہے میرا خود بخود آنکھوں کی راہ کہتے ہیں جسکو تیرگیٔ شامِ ہجر لوگ مرے آپ کے حسن و الفت کا قصہ	سنتا نہیں اب بھی دلِ ناشاد ہماری خالی ہیں رگیں خون سے فصاد ہماری اس وقت مدد کیجئے اُستاد ہماری نیچہ زیب کمر ہے ہاتھ میں شمشیر ہے ہائے کس کافر کی یہ جادو بھری تصویر ہے سائے ہیں وہ فقط مرے بختِ سیاہ کے جہاں دیکھئے اب وہاں ہو رہا ہے
دیکھ کر عاشق جانباز تیرا دل سے بندہ ہو نہیں طاقت ہے مجھ میں دو قدم بھی راہ چلنے کی	عجب اللہ نے اے بت تری صورت بنائی ہے کشش تیری محبت کی یہانتک کھینچ لائی ہے

تبارک — تبارک — ابوالبرکات سید محمد تبارک حسین صاحب سہسرامی مقیم شہر کلکتہ تلمیذ حضرت داغ دہلوی۔ زیادہ حال معلوم نہیں یہ چند شعر انکے ہیں۔

اثر تجھ میں بھی گر اے نالہ ہائے بے اثر ہوتے زمیں پاؤں کے نیچے سے سرک جاتی ہے ہجر میں	وہ مجھپر نام ہی کو مہرباں ہوتے مگر ہوتے کسیکو بھی نہ دیکھا ہمنے حامی وقت پر ہوتے

فلک کو درد کیوں ہو اے دلِ دردآشنا میرا	کسیکے دل میں کیوں پیدا ہو یہ میرا جگر ہوتے

تبسم

تبسم - شیخ آلہی بخش لکھنوی ملازم حضرت واجد علیشاہ بخشی گری کی خدمت پر ممتاز اور منشی مظفر علی ہنر کے شاگرد تھے - عرصۂ دراز تک میٹیارج کلکتے میں رہے ۱۸۸۴ء میں زندہ و سلامت موجود تھے یہ ان کا کلام ہے ؎

جس کا دل ہو نہ گرفتار اُسے قید کرو	مجکو دکھلاتے ہو تم زلفِ گرہ گیر عبث
باغباں اُنکے لئے پھولو نکا زیور لیچلا	غنچہ مٹھی میں نچھاور کے لئے زر لیچلا
مل چکے مٹی میں بھی ہم ہو چکے برباد بھی	اب کہاں یہ خاک اے چرخِ ستمگر لیچلا
بیکار نہیں ناخنِ تدبیر کسی وقت	کھلتا نہیں پر عقدۂ تقدیر کسی وقت
اِسقدر ہے اُسکے بسمل کو تڑپنے کی ہوس	خود بخود جھکتا ہے قاتل کے نمکداں کیطرف
انقلابات زمانے کے یہ دیکھے ہمنے	کل جو آباد تھی ہے آج وہ صحبت برباد
عشق کے ہاتوں ستمگر پہ لٹے بیٹھے ہیں	کر چکے صبر و شکیبائی و طاقت برباد
آرزو یہ ہے کہ وہ خوش رہیں آباد رہیں	اے تبسم ہوئے ہم جن کی بدولت برباد

قانع وہ ہوں کہ میری قناعت یہ کہتی ہے	دستِ طلب ہو قطع بریدہ ہو پائے حرص
درد کیوں رکھے حسن و عشق کا افسانہ شمع	شمع کا پروانہ کشتہ یار کی پروانہ شمع
رُخ سے اُٹھا دیا ہے جو اُسنے نقاب کو	دن کر دیا ہے آج شبِ ماہتاب کو
لازم ہے راہِ عشق میں ثابت قدم رہے	رحمت خدا کی سمجھے بتوں کے عتاب کو

تبسم

تبسم - نواب سید علی محمد تبسم رئیس تھیل مراد آباد - فن شعر کا بھی شوق ہے یہ چند اشعار انکے ہیں -

کب تک رکھو گے مُنہ کو چھپائے نقاب میں	کبتک رہے گا چاند سا مکھڑا حجاب میں
کہتے ہو پھر کہ ہمسے تعلق کسیکو کیا	لیتے ہو چٹکیاں دلِ خانہ خراب میں
کہتے تھے ہم بتوں سے لگاؤ نہ اپنا دل	آخر کو پھنس گئے نہ تبسم عتاب میں

تبسم - خواجہ مرتضیٰ حسین شاگرد حضرت داغ - پیام یار سے کلام نقل ہوا -

ہجر صنم میں مجکو عجب اضطرار ہے
عاشق کی زندگی ہو کہ معشوق کی وفا
کچھ یاس۔ کچھ اُمید ہے کچھ انتظار ہے
دنیا میں کب کسیکو ثبات و قرار ہے

تپاں

تپاں۔ منشی سید ابرار حسین تپاں شاگرد منشی بشیر حسین نسیم بہرائچی۔ طبیعت شوخ پائی ہے شعر مزکا کہتے ہیں اور زبان اور بندش کا بھی خیال رکھتے ہیں فتحپور سیکری ضلع اگرہ کے رہنے والے ہیں۔ اِن کے اشعار آمد سے خالی نہیں ہیں۔ ولی کا رنگ اِن کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ ترتیب تذکرہ کے وقت کچھ کلام موصول ہوا اُسمیں سے کچھ اشعار منتخب ہو کر درج ہوئے۔

عرضِ مطلب پہ وہ کہتے ہیں ابھی صبر کرو
ہائے کیا سہل سی تدبیر بتا دیتے ہیں
چرخ سے ہے ہمیں شکوہ نہ رقیبوں سے گلا
ہم تو بیٹھے ہوئے قسمت کو دعا دیتے ہیں
ایک تم ہو کہ وفا پر بھی جفا کرتے ہو
ایک ہم ہیں کہ ستم سہکے دعا دیتے ہیں
بھولے بھالے ہیں حسیں جور و جفا کیا جانیں
چاہنے والے ہی کمبخت سکھا دیتے ہیں

خلوت گزیں وہ رات سے دشمن کے گھر میں ہے
بیتاب میری آہ تلاشِ اثر میں ہے
آساں نہیں ہے اُس بتِ بدخو کا سامنا
قاصد کا سر ہتیلی پہ ہے خط کمر میں ہے
دونوں کی فکر رہتی ہے ہر حال میں مجھے
تم ہو جو میرے دل میں تو دشمن نظر میں ہے
داغوں کی سیر دیکھئے پہلو میں بیٹھکر
اک باغ سا کھلا ہوا میرے جگر میں ہے
سر مارتا ہے بادہ پرستوں سے راتدن
شوریدگی کمال کی واعظ کے سر میں ہے
کہتا نہ تھا کہ غیر کی میت پہ یوں نہ رو
اب درد میرے سر میں ہے یا تیرے سر میں ہے
اسی سے کرتے ہو اقرار وصل کا مجھ سے
یہی زبان عدو کے دہن میں دی ہوگی
تم اپنے وصل کے ارماں بھی ساتھ لیجاؤ
پرائے مال کی ہمسے نہ چوکسی ہوگی
ترے خیال سے واعظ یہاں تو پی نہ سکے
خدا نے چاہا تو کوثر پہ ٹوٹ کے پی ہوگی
رنگے ہیں میرے لہو میں کسی نے اپنے ہات
حنا بھی دیکھ کے دل میں بہت پسی ہوگی
دلمیں دل دشمن کے ڈالا دوستی کے واسطے
جو نہ کرنا تھا کیا اُن کی خوشی کے واسطے

کاہشیں سی کاہشیں ہیں حسرتیں سی حسرتیں
لوگ کیوں مرتے ہیں ایسی زندگی کیواسطے

ہم سے اچھا ہے عدو؟ دیکھو خدا لگتی کہو
اپنا کیوں ایمان کھوتے ہو کسی کے واسطے

گواہِ خونِ عاشق اور کوئی تھا تمہیں کہدو
تمہاری آستیں محشر میں مارِ آستیں نکلی

شبِ غم تو بھی گھر جاتے ہوئے غیر و نکے ڈرتی ہے
تجھے کمبخت ہمنے جب کبھی دیکھا نہیں نکلی

تپاں آنے میں آنا کیا جو وہ آئے دمِ آخر
تمنا میں متا کیا جو وقتِ واپسیں نکلی

تپش

تپش - مرزا محمد اسمٰعیل معروف بہ مرزا جان - ان کے والد مرزا یوسف بیگ دراصل بخارا کے رہنے والے تھے - مگر تپش کی ولادت خاص شاہجہاں آباد دہلی میں ہوئی - نسبی سلسلہ سید جلال الدین جلال بخاری سے ملتا ہے - آپ طبقۂ دوم کے مشاہیر شعرا میں گذرے ہیں - بقول فیلن ۱۱۸۱ھ آپ کا سال ولادت ہے - آپ کو فن سخن میں خواجہ میر درد سے تلمذ حاصل تھا - اور زبان سنسکرت میں بھی فی الجملہ مہارت حاصل تھی - ایک کتاب شمس البیان - مثنوی بہار دانش اور ہندی میں ضرب الامثال کی کتاب ان کی تصنیف سے مشہور ہیں - سپاہی پیشہ مرد اور مرزا جہاندار شاہ جواں بخت ولیعہد کی سرکار میں افسر ہو کر انکے ہمراہ بنارس بھی گئے تھے - شعر سے دلی عشق تھا - چنانچہ زبان میں صفائی - فصاحت اور مضمون کی تازگی کلام کا لطف بڑھاتی ہیں ۱۸۱۲ء میں کلکتے میں موجود تھے - انکی مثنوی بہار دانش کا انگریزی میں ترجمہ ہوا ہے - کلام میں درد ہے اور چونکہ

تو گیا پہلو سے پہلو منصل دکھتا رہا
رہ گیا دکھنے سے جب پہلو تو دل دکھتا رہا

ہماری شمع نے دیکھی جو اشکباری رات
کئی بچاری کو روتے ہی روتے ساری رات

مہرک سرک کے پٹنگ پر مچل مچل جانا
یہی ادا تو ہمیں بھا گئی تمہاری رات

ترا وہ نامہ جو تھا ہمنے کر رکھا تعویذ
سو بعد مرگ ہوا وہ ہی قبر کا تعویذ

نہ تیغ چل سکی مجھپر تو منفعل ہو کر
لگا یہ کہنے کوئی اسکے ہے بندھا تعویذ

آئے تو ہو کہیں سے آخر ملے تو تم
کیا ہو جو پھر مرے بھی لگجاؤ اب گلے تم

آواز میری سنکر غرفہ سے جھک کے بولا
کس واسطے کھڑے ہو دیوار کے تلے تم

تذکرہ نگاروں میں اکثر کلام نقل کرنے سے بعد اختلاف سے بحث کرتے ہیں

جیوں کہا میں دیکھ میرا تجھ سوا کوئی نہیں
سُنتے ہی بولا کہ ہاں سچ ہے ترا کوئی نہیں

تم تو کہتے ہو کہ دم کے بعد آجاتا ہوں میں
پر خدا جانے ہمیں دم کا بھروسا کچھ نہیں

دشنام کا نہیں کبھی انعام کا نہیں
خود کام وہ مرا تو کسی کام کا نہیں

ساقی ہے دورِ مے ہے شبِ ماہتاب ہے
لیکن یہی غضب ہے کہ تو مست خواب ہے

رشک سے تیرے لعلِ گلگوں کے
غنچے پیاسے ہیں اپنے ہی خوں کے

کسی طرف سے آج تپش تجکو یاس ہے
سچ کہہ ہمارے سر کی قسم کیوں اداس ہے

مینے کہا کہ رکھتا ہوں کچھ تم سے التماس
کہنے لگا کہ سمجھے ہیں جو التماس ہے

قطعہ

ناز ہے انداز ہے ہر دم نئی اک آن ہے
دلربائی کا غرض تیار سب سامان ہے

شاعر اکثر آئینہ رو کہتے ہیں معشوق کو
لیکن آئینہ کو بھی دیکھا تو یاں حیران ہے

کبھی تو پاؤں کی ٹھوکر سے تیرے آشنا ہوتے
اگر خوابیدہ کوچے میں ترے جیوں نقشِ پا ہوتے

ہمیں تو اشک کے قطرے کا بھی ہے تھامنا مشکل
چلے وہ لوگ ہیں جنکے تئیں دل تھام آتا ہے

قطعہ

ہر طرف آج ہے بسنت کی دھوم
سیر میں ہے ہر اک تماشائی

کتنے گل رو جو ہیں بسنتی پوش
جی میں کھٹکے ہے جنکی رعنائی

کہتے ہیں آن کے مجھے ہنس ہنس
دیکھکر میری ناشکیبائی

ہو مبارک تمہیں جنون تپش
پھر نئی رُت نئی بہار آئی

تپش - دہلوی - منشی یوسف علی تپش دہلوی - شاگرد مرزا قادر بخش صابر - خوش مزاج خندہ پیشانی شخص تھے - مرزا صابر کے تذکرے کی ترتیب کیوقت (۱۸۵۲ء) دہلی میں موجود تھے یہ انکا کلام ہے

غصہ اُٹھا اُٹھا کے یوں ہی بار بار کا
اے دل مزاج تو نے بگاڑا ہے یار کا

اک روز اے تپش کوئی آفت اُٹھائیگا
حسرت سے دیکھنا یہ اُدھر بار بار کا

اضطرابِ دل سے کہتے ہیں تپش نہ جا ابھی
روز کے جھگڑوں نے چھوٹا مر گیا اچھا ہوا

سب طرح پھنس گیا ہے مصیبت میں ہمدمو
آتا ہے رحم اس دلِ ناکردہ کار پر

دل کھینچتی ہیں اور کسی کو خبر نہیں
کرتی ہیں کام تیری نگاہیں نقاب میں

کوئی مرجائے یا کوئی تڑپے
وہ تو خنجر کو آزما بیٹھے

تپش

تپش - منشی غلام محمد خاں تپش سابق اڈیٹر اودھ اخبار و مالک مشیر قیصر کئی برس تک نواب اکبر علی خان - والیِ پاپوڈی کی مصاحبت میں رہے - پھر پندرہ بیس برس تک مختلف مقامات میں اقامت گزیں رہے - اُردو فارسی میں ملکۂ راسخ حاصل تھا - اخبار نویسی میں اچھا نام پایا تھا - شعر بھی خاصہ کہتے تھے - زبان شستہ بندش درست ہے - لکھنؤ میں عرصے تک اودھ اخبار اور مشیر قیصر کے اڈیٹر رہے - دہلی کی زبان کی حمایت میں اکثر مضامین لکھا کرتے تھے ۱۹۰۰ء کے قریب انتقال کیا - یہ چند شعر اُنکے نتائجِ افکار سے ہیں -

زاہد و ذکرِ خدا ہم کیا کریں
ہے بتوں کی یاد ہر دم کیا کریں

اپنے غم میں مر رہے ہیں آپ ہم
غیر کے مرنے کا ماتم کیا کریں

میرے مرنے کی خبر سُنکر تپش
بولے وہ بیساختہ ہم کیا کریں

شکوۂ جور و ستم سُنکے زباں سے میری
بولے وہ عشق میں جتنی ہو مصیبت اچھی

بھولکر مجلسِ رنداں میں بجا ناصح
صحبتِ بد نہیں اکدم کی بھی حضرت اچھی

ہمیں آبِ خنجر دیں گے وہ تسکین
اگر شکوۂ تشنہ کامی کریں گے

ہوئے ایک جلوے میں بیہوش موسے
تو کیا دعوئے ہمکلامی کریں گے

تپش

تپش - مولوی سید مدد علی خلف مولوی میر نجف علی جعفری سبزواری ۱۸۱۹ء سال ولادت تھا اور ۱۸۶۹ء میں آگرہ میں بود و باش تھی - فن شعر میں پہلے حضرت نظیر کے صاحبزادے خلیفہ گلزار علی کو چند غزلیں دکھائیں پھر مرزا غالب کی خدمت میں حاضر ہوئے - فارسی اور اُردو دونوں میں فکر کرتے تھے - شعر گوئی کا ملکہ اچھا تھا - اور صاحبِ استعداد تھے - خزینۃ القواعد - مجاربات ہند جغرافیہ منظوم - کئی رسالے اِن سے یادگار ہیں ۱۸۶۹ء کے مشاعرے کی غزل کے چند شعر حاضر ہیں -

کبھی ناداں بنے ہم گاہ فخر الاذکیا ٹھیرے
کبھی رندِ شرابی اور کبھی ہم پارسا ٹھیرے

گدا تیرے کرم سے خسرو حاجت روا ٹھیرے
تری دیوار کے سایہ تلے اگر ہما ٹھیرے

بسانِ دانۂ تسبیح جس کو ہو سدا گردش
قضا کے ہاتھ پھر کیونکر نہ اُسکا فیصلا ٹھیرے

غم و درد و الم رنج و مصیبت ساتھ ہیں میرے
خدا جانے یہ کس منزل پہ جاکر قافلہ ٹھیرے

رہوں چپکا تو کہتے ہیں زباں کیا کنگئی تیری
کبھی چپ ہو نہ سکتا ہوں تو وہ شکوہ اور گالہ ٹھیرے

تجلّی

تجلّی - دہلوی - میر حسین عرف میر حاجی دہلوی - پسر میر حسن کلیم - شاگرد و خواہر زادۂ حقیقی ملک الشعراء میر تقی مرحوم - لیلیٰ مجنوں کا قصہ اردو میں نظم کیا تھا - طبیعت ظریف اور نکتہ سنجی کیطرف مائل تھی اپنے زمانہ کے مشہور شعراء میں تھے زبان بھی شیریں ہے اور کلام میں مزا ہے اور کہیں کہیں حضرت میر کا پرتو آشکارا ہے - دہلی میں بیگم کے باغ واقعہ چاندنی چوک میں رہتے تھے - یہ انکا کلام ہے ؎

مری وفا پہ تجھے روز شک تھا اے ظالم
یہ سر یہ تیغ ہے لے ابتو اعتبار آیا

یہ شوق دیکھو پسِ مرگ بھی تجلّی نے
کفن میں کھولدیں آنکھیں سُنا جو یار آیا

حال ہووے گا بھلا یا کہ بُرا ہووے گا
دل تو ہم دے چکے اب دیکھئے کیا ہووے گا

کر گلہ شکوہ کو موقوف میاں بس چپ رہ
میں بھی بولونگا تو ناحق تو خفا ہووے گا

عشق میں تیرے تجلّی نے کیا ترک لباس
بے نوا وار سرِ راہ کھڑا ہووے گا

آنکھیں خدا نے دیکھنے کو دی ہیں میر بجا
دیکھا تری طرف کو کسی نے تو کیا ہوا

عشق میں کرتے ہیں بدنام تجلّی کو عبث
وہ بچارا کبھی اس کوچے میں آیا نہ گیا

یہاں تک گریہ میں روئے تھک
گلی کوچے میں پانی ہے کمر تک

تر دامن آگیا جو ہیں روزِ حساب میں
کہنے لگے بٹھاؤ اسے آفتاب میں

جب رات تھی دراز ملاقات کم ہوئی
ملنے کے دن جو آئے تو اب رات کم ہوئی

ہم زیرِ خاک لیکے جو یہ چشمِ تر گئے
اندھے کنوئیں بھی جتنے تھے پانی سے بھر گئے

لوگ اُسکی تو جفاؤں کی خبر رکھتے نہیں
بیوفا مجھکو ہی کم ملنے سے ٹھیرانے لگے

حال تیرا اُنسے کیا کہتا تجلی میں بھلا
وہ تو تیرے نام ہی کو سُنکے شرمانے لگے
وہ ابتو ہمیں بھول گئے ہیں پہ تجلی
جب ہم نہیں ہونگے بہت یاد کرینگے

تجلی

تجلی - تجلی علی شاہ ساکن حیدرآباد، نہایت نیک خصلت پاک طینت درویش مشرب تھے ؎

دامن کا کس کے عکس پڑا ہی کہ آجتک
پھیلا رہے ہیں سرو لب جوئبار رات

تجلی

تجلی - منشی محمد افضل خلف مولوی رجب علی - قوم کے شیخ صدیقی اور سندیلہ ضلع ہردوئی کے قدیم متوطن تھے - لیکن اِنکے دادا مولوی محمد مکین ۱۸۰۵ء میں بہ تقریب ملازمت آگرہ آئے اور پھر یہیں سکونت اختیار کرلی - اِن کے بھائی ڈپٹی مولوی سید محمد حسن فیروزآباد کے تحصیلدار تھے - فن شعر میں مرزا عنایت علی بیگ ماہ سے استفادہ کرتے تھے آپ خود ۱۸۶۹ء میں آگرہ کی منصفی میں سررشتہ دار تھے ۱۸۴۵ء سال ولادت اور یہ کلام کا انتخاب ہے -

مرے جاں آپ رُتبے میں مسیحا سے سوا ٹھیرے
تن بیجاں میں جان آئی سرہانے جو آ ٹھیرے
خریدے نقدِ جاں دیکر زلیخا حسن کا سودا
جو شہر مصر میں جاکر مرا یوسف نما ٹھیرے
پری تمثال ہو خورشید وش ہو ماہ کامل ہو
میں کیا تمکو بتاؤں تم مری نظر میں کیا ٹھیرے

تجلی

تجلی - للّے جی متخلص تجلی شاگرد منشی نیڈ ولال زار لکھنوی - واجد علیشاہ کے زمانہ کے شعرا لکھنو میں تھے ۱۸۷۴ء تک حیات تھے - یہ اُنکا کلام ہے ؎

مختار ہے چاہے وہ مجھے دیکھے نہ دیکھے
آنکھ اپنی تو اُس رونقِ محفل سے لگی ہے
مرجائیے کچھ کھا کے یہی دل سے لگی ہے
کیوں آنکھ مری اُس بتِ غافل سے لگی ہے
صورت اُسے دکھلادے ذرا سنتی ہے لیلیٰ
مجنوں کی نظر پردۂ محمل سے لگی ہے
لے آئے گی اکروز اُسے میری طرف کو
شمشیرِ قضا قبضۂ قاتل سے لگی ہے
موسیٰ کو نظر آیا تھا جس دشت میں جلوہ
لو اپنی تجلی اُسی منزل سے لگی ہے

تجلی

تجلی - کنور شنکر دت صاحب دوبے بہادر تجلی - برادر راجہ جونپور - وسیم خیرآبادی سے اصلاح سخن لیتے ہیں - ۳۷-۳۶ برس کی عمر اور یہ کلام ہے -

مصحفِ رخ پہ لٹکتا ہے وہ گیسوئے سیاہ — بوسے قرآن کے لیتا ہے یہ ہندو ہو کر
کھیلتی ہیں تری آنکھیں دلِ عاشق کا شکار — صید شیر و نکو یہ کر لیتی ہیں آہو ہو کر
لبِ ہر زخم سے نکلی یہ صدا بسم اللہ — دل میں بیٹھا جو ترا تیر ترازو ہو کر
کبھی آتا تو ہے تو اسکی عیادت کیلئے — یہ بُرا بھی ترے بیمار کا حال اچھا ہے
تصویر ہے گھٹا مری چشمِ پر آب کی — بجلی ہے ایک موج مرے اضطراب کی
وہ مستِ ناز ہاتھ سے اپنے جو مے پلائے — پھر کس کو سوجھتی ہے عذاب و ثواب کی

تجلی ۔ منشی سید منتخب الدین ۔ شاگرد مرزا ضیا گورگانی و حضرتِ داغ پہلے خمار تخلص کرتے تھے ۴۴ ۳۵ برس کی عمر ہے ۔ اور کلام صاف ہے ۔ زبان اور بندش بھی قابلِ ستایش ہے ۔ معاملہ گوئی کا شوق ہے ۔ طبیعت اس فن سے مناسبت رکھتی ہے ۔ مشق جاری رہی تو امید ہے کہ اچھا کہنے لگیں گے کلام ملاحظہ ہو ۔

سُرخ ہو جائیں دشت کے کانٹے — جب مزا ہے برہنہ پائی کا
دیر سے زاہد میں کیوں جاتا وہاں — کیا حرم میں ہی خدا کا نور تھا
تارِ نظر سے دل کا ہوا ہے چارہ گر رفو — ہے زخم میرے دل پہ کسی کی نگاہ کا
خواہاں ہیں آپ دل کے تو حاضر ہی لیجئے — اس شرط پر کہ قول ہو پہلے نباہ کا
کیا بدحواس آئے ہو تم دل کو تھام کر — دیکھا اثر ستائے ہوئے دل کی آہ کا
شیخ کل میکدہ میں بیٹھا تھا — آدمی کیا تھا اک تماشا تھا
جو تمہاری جفائیں سہتا تھا — وہ مرا دل مرا کلیجا تھا
دیکھکر اسکو کیوں تڑپتا تھا — اے دل مبتلا بتا کیا تھا
میں تو دل اپنا مفت دیتا تھا — کیوں نہ تمنے لیا بُرا کیا تھا

چھوڑ نے کیلئے زلف کر دل طلب ہوا تو پہلے تصور کر لینا چاہیئے

دشمن بنا ہے جا لگا میری وہ ہائے ہائے — اپنوں کو جس کے واسطے بیگانہ کر دیا
حضرتِ دل زلف میں پھنسکر نکلنے کا خیال — توبہ توبہ ہے بہت مشکل رہائی آپ کی

شوخی غضب ہے قہر ہیں انداز یار کے | خواہاں کبھی ہیں دل کے کبھی جان نثار کے

تجمل ۔ محمد عظیم بیگ ۔ لکھنؤ میں رہتے تھے یہ حضرت جرأت کے شاگردوں سے نامور تھے ۔ ظریف اور شوخ طبع شخص تھے ۔ یہ شعر انکے ہیں ۔ تجمل

سمجھنا سخت مشکل ہے مری شیریں مقالی کا | کوئی خسرو سے پوچھے لطف اس مضمون عالی کا
مزے کہاں سے اٹھیں عیش زندگانی کے | وہ ولولے نہ رہے عہد نوجوانی کے
کتاب قصۂ فرہاد و قصۂ مجنوں | یہ دو ورق ہیں مری عشق کی کہانی کے

تجمل ۔ کسی لکھنؤ کے خوش فکر کا تخلص ہے جو قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی تیاری کیوقت وہاں بہ اطمینان زندگی بسر کرتے تھے ۔ کلام سے زبان کی صفائی اور خوش گوئی ظاہر ہے کیا خوب کہتے ہیں ۔ تجمل

چلے سیر باغ کو وہ کوئی جسے رنج و غم سے فراغ ہو | اُسے لالہ زار سے کام کیا جسے سینہ اپنا ہی باغ ہو
شب ماہتاب میں ساقیا لب آبجوئی رواں نکل | عجب اک بہار ہو گر تجھے سر ذوق شرب ایاغ ہو
گل داغ داغ سے ہجر کے مرا سینہ رشک بہار ہے | ذرا تو بھی آن کے سیر کر جو ہوائے گلشن داغ ہو
یہ وہ عشق خانہ خراب ہے کہ زمیں بہ اہل غرور کو | کوئی دن میں خاک نشیں کرے اگر آسماں پہ دماغ ہو
نکرا ے تجمل خوش سخن کسی بدزباں سے برابری | نہیں خوب بلبل خوش نوا جو چمن میں ہمسر زاغ ہو

تجمل ۔ حکیم تجمل رسول خاں تجمل ۔ خلف ممتاز الدولہ نواب غلام رسول خاں دہلوی شاگرد آغا جان عیش ۔ ایک دیوان اور قصہ طوطا مینا اور چند رسائل ان سے یادگار ہیں مہاراجہ ہندو راؤ رئیس گوالیار مقیم دہلی کی سرکار میں بزمرۂ اطبار ملازم تھے ۔ اکثر خطوط بہت عمدہ لکھتے تھے ۔ اس فن کو خاص محمد امیر نجیب سے حاصل کیا تھا ۱۲۹۲ھ میں بعمر پچاس سال انتقال کیا ۔ یہ کلام کا نمونہ ہے ۔ تجمل

رکھا رہے گا طاق پہ اعجاز عیسوی | کشتہ ترے ستم کا جلایا نجائے گا
منظور ناصحا تری ساری نصیحتیں | پر اسکا دھیان دل سے بھلایا نجائیگا
مطلب ہزار دلمیں ہیں پر اُسکے روبرو | سچ تو یہ ہے کہ لب بھی ہلایا نجائیگا

قطعہ

چرخ بدکیش کو کیا کوسوں نچھوڑی اسنے | وہ نزاکت بھرے انسان وہ اہل تمکین

خوں رُلایا انہیں جلّاد فلک نے کیا کیا
دہم سے کرتے نہ جو ہاتھ حنا سے رنگین

قطعہ

سو سو اٹکھیلی سے چلتی تھی جہاں باد نسیم
بادِ صرصر کا بھی دیکھا تو نہ تھا نام کہیں
آشیانے ہیں وہاں زاغ و زغن کے صد ہا
تھے جہاں سینکڑوں طاؤس ہزاروں شاہیں
ہفت اقلیم میں اس شہر کی تھی دھاک بڑی
کوئی دنیا میں نہ تھا شہر بسانِ دہلی
ہر گلی کوچہ تھا اس شہر کا صدر شک ارم
غیرتِ خلد تھا ہر ایک مکانِ دہلی
ہائے رے حُبِ وطن صدمے اُٹھائے کیا کیا
اُس پہ بھی آن بسے لوگ میانِ دہلی
چشمِ نمناک دلِ افسردہ و صد پارہ جگر
بیٹھے اس طرح سے ہیں غمزدگانِ دہلی
اور مت آگ لگا شمعِ خیالِ جاناں
خود جلے بیٹھے ہیں دل سوختگانِ دہلی
ڈھونڈتی پھرتی ہیں آنکھیں ہر جا
کیا ہوئے اہلِ کمالِ دہلی

انزمان دہلی

تجمل

تجمل ۔ حکیم تجمل حسین خاں ابن عبد العلی عظیم آبادی ۔ محکمۂ ڈاکٹری کے ہاسپٹل اسسٹنٹ ہیں دو دیوان ان کے آگرہ میں چھپے ہیں وہ نظر سے گذرے ۔ طبیعت تشبیہ و استعارہ کیطرف مائل ہے اور اس رنگ میں خاصہ کہتے ہیں ۔ چند شعر انتخاب ہو کر وجہ تذکرہ ہوئے ؎

بیاں مخلوق سے کب ہو سکے خالق کی قدرت کا
جو خود مصنوع ہو وہ کہہ سکے کیا راز صنعت کا
ہوئے کوئین اک کُن سے تماشا ہے یہ قدرت کا
خدائی میں تری خالق کسے ہے دخل حجت کا
جُدا کب کُل سے ہے جز جز سے کب کُل ہے جدا یارو
عجب بیفائدہ جھگڑا ہے ہندو اور مسلمان کا
یارب نہ ہم سے پوچھ تو اپنے کرم کو دیکھ
غیر از سکوت کیا ہے گنہگار کا جواب
گردنِ تسلیم رکھدی جھک کے مقتل میں دلا
یار کی تیغِ نگہ کا امتحاں ہونے کو ہے

تجمل

تجمل ۔ ڈپٹی سید تجمل حسین خاں صاحب رئیس فیض آباد و گونڈہ ۔ آپ کو حضرت اسیر لکھنوی کے بڑے صاحبزادے جناب سید غضنفر علیخان بہادر صولت جنگ متخلص بہ حکیم سے تلمذ رہا ۔ موزوں طبع شاعر اور اچھے مشاق ہیں ۔ زبان اور بندش بھی صاف ہے مگر درد ذرا کم ہے آپ کا مطبوعہ دیوان نظر سے گذرا اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کم و بیش جملہ اصناف سخن

ہیں آپ کو دسترس حاصل ہے۔ آپ عرصہ تک نواب گنج میں ڈپٹی کلکٹر رہے۔ اب پنشن لیلی ہے۔ مطبوعہ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

خلیل اللہ کو نمرود نے چاہا جلا ڈالے
گلستاں سنگبی آتش ہوئے گل نار سے پیدا

وہ آدم ہی ہے بعد مرگ بھی جو عشق رکھتا ہے
نہیں جلتا ہے شمع مردہ پر محفل میں پروانہ

دیکھکر سینۂ صد چاک کو ظالم رویا
داغ جب عشق کا اُسکے مرے دل پر نکلا

دولت دنیا کی بیجا ہے ہوس
قبر میں جب ہاتھ خالی جائیگا

نہیں علم و ہنر جسمیں بہائم سے وہ بدتر ہے
وہی انساں ہے دنیا میں جسے کچھ بھی کما آیا

کہے گا مسیحا نہ کوئی جہاں میں
نہ بیمار کی گر دوا کیجئے گا

ہو گیا آرام ہمکو رنج رخصت ہو گیا
موت کا آنا شب فرقت غنیمت ہو گیا

بتونکے در پہ کئے سجدے سارے عالم نے
صنم کدہ تھا مگر کعبے کا جواب رہا

آنکھ کھلتے ہی ملا کنج قفس اے صیاد
پوچھتا کیا ہے کہ کب تجھسے گلستاں چھوٹا

دامن دشت سے منہ ڈھانپکے کانٹے روئے
مر کے مجھ آبلہ پا سے جو بیاباں چھوٹا

دل دیچکے تھے جان بھی اب نذر یار کی
کہنے سے فائدہ نہیں جو کچھ دیا دیا

اے دل بیقرار کیا کہنا تجھ
برق ہے شر مسار کیا کہنا

بشر اسکو کہنا مناسب نہیں
نہو جس سے دنیا میں کار ثواب

زبان ایک احسان لاکھوں ترے
کروں شکر یارب ادا کس طرح

ہیں رن میں قاتل کے اور تہور۔ تپاں ہے سینے میں قلب مضطر
مہم ہو کس طرح دیکھئے سر رکا ہے قاتل کھنچا ہے خنجر

مفلسی اپنے کو بیگانہ بنا دیتی ہے
پوچھتا کون ہے ان کو جو ہیں نادار عزیز

لگا ہے خون عاشق کا جو اپنے دست رنگیں میں
ذرا کہئے قصاص اسکا نہیں کیا آپکے دیں میں

کہتا ہے وہ مسیح ہے عالم مرا ہوا
میں ایک جا کے مردے جلاؤں کہاں کہاں

فغاں سے عرش معلےٰ ہلا دیا کس نے
یہ نعرہ کس کا ہے اول بتا دے تو تو نہیں

حیراں ہیں سب کہ بول رہا ہے بدن میں کون
کھلتا نہیں کسی پہ ہے اس پیرہن میں کون

یہ کیوں آپ تیغ و سپر باندھتے ہیں
یہ کس بیگنہ پر کمر باندھتے ہیں

یونہیں وعدہ کیا کرتی ہیں آتی ہیں نہ جاتی ہیں
نہ میرے گھر وہ آتے ہیں نہ اپنے گھر بلاتی ہیں

غضب کی بیقراری ہے کہ اسپر بھی نہیں تھمتا
دلِ بیتاب کو ہم دونو ہاتھوں سے دباتے ہیں

پڑتا اگر نہ عکس رخِ یار رات دن
ہوتی نہ روشنی کبھی خورشید و ماہ میں

الٹ ہو گئی ہے جوانی کی شام صبح
لیکن شبِ فراق کی پیدا سحر نہیں

شوق کے معنی یہ ہیں کہ وہ نہیں لکھتا جواب
خط ہزاروں جا چکے پھر نامہ بر جاتا ہے کو

ہوں قائل ظاہری اسلام کے کیا اہلِ تبخانہ
خدا کے گھر میں رہکر شیخ محوِ بت پرستی ہے

تری فرقت میں ایسی نیند عاشق کی اچٹتی ہے
نہیں کاٹے کسی صورت سے کالی رات کٹتی ہے

مرقد پہ کیوں نہ پاؤں نے ٹھوکر لگا گئے
تم کہکے کیوں نہ مجکو مسیحا جلا گئے

کیا بیکسی کا وقت ہے اللہ کی پناہ
مردے کو زندے لاکے لحد میں لٹا گئے

گلے سے اپنے اے مہرو لگا کر
یہ سارے داغ سینے کے مٹا دے

کس لئے ہو گئے خفا مجھ سے
بولتے کیوں نہیں بھلا مجھ سے

ہمارے دلمیں ایسی اندنوں وحشت سمائی ہے
کہ چھینیں نجد مجنوں ذہن میں یہ بات آئی ہے

آئی ہے پھر بہار چمن سب ہرے ہوئے
ہر شاخِ گل ہے پھولنے دامن بھرے ہوئے

چلیں گے کوچۂ جاناں میں شام ہونے دو
ابھی سے حضرتِ دل بیقرار ہونے لگے

عشق میں تیرے ہمتو مرتے ہیں
تجکو اسکی خبر نہیں نہ سہی

تجمل

تجمل - سید تجمل حسین صاحب بریلوی شاگرد میر سعادت علی صاحب عیش - کہنہ مشق شاعر تھے بندش اور زبان اچھی ہے - عرصہ ہوا انتقال کیا - بریلی کے مشاعرے کی غزل کے چند شعر درج ذیل ہیں ؎

زندگانی ہو گئی دشوار ہجرِ یار میں
روتے روتے پڑ گئے ناسور چشمِ زار میں

شاخِ گل کی ہوں میں تختے دامنِ گل کا کفن
دفن بلبل اُس روش سے چاہیئے گلزار میں

یہ مہینہ بھی نہ جائے یار خالی قتل سے
ماہِ نو تم دیکھ کر منھ دیکھ لو تلوار میں

کس سہی قد کی ہے آمد باغ میں جو بلبلیں
شاخِ گل پر چھپ رہیں ہیں پھول سے منقار میں

عشق نے خود رفتہ اُسکو رفتہ رفتہ کر دیا
جو کہ تھا پردہ نشیں پھرتا ہے وہ بازار میں

تجمل ۔ منشی میر تجمل حسین تجمل ۔ اُستاد اور بڑے قابل ۔ ذکی اور طبیعت دار آدمی ہیں ۔ ۳۰-۳۵ برس سے آپ محمود آباد میں ریاست کے وظیفہ خوار ہیں ۔ آنریبل راجہ سر امیر حسن خانصاحب مرحوم رئیس محمود آباد اپنے کلام میں آپ سے مشورہ بھی کیا کرتے تھے ۔ اکثر شعرائے گرامی کے دوست ہیں اور خود بھی اچھے مشاق ہیں ۔ سن شریف اب ۶۳-۶۲ برس سے زائد ہے ۔ اور یہ کلام کا انتخاب ہے ۔ اوائل عشق سخن میں آپنے خواجہ آتش کے شاگرد محمد عباس سلیم کو چند غزلیں دکھائیں اُنکے انتقال کے بعد نواب احمد حسین خاں چغتائی سے مشورہ کیا کرتے تھے

آئینہ روبرو ترے آٹھوں پہر تھا
خود بینی کا رواج کبھی پیشتر نہ تھا

صبحِ شبِ وصال قیامت کی صبح تھی
کم صور سے وہ نالۂ مرغِ سحر نہ تھا

قتل بے تیغ ہوئے دیکھی جو ابرو کی طرح
چھ گئی دل میں مژہ تیر کی پہلو کی طرح

پہلوئے یار سے اُٹھنے کو تو اُٹھے لیکن
ورد کی طرح اُٹھے ۔ گر پڑے آنسو کی طرح

لحاظ شرط ہے پست و بلند عالم کا
زمیں پہ رہ کے اُٹھا سر نہ آسماں کی طرح

مقرِ گناہ کے اے کردگار ہم بھی ہیں
غفور تو ہے تو امیدوار ہم بھی ہیں

جو آج جائزہ لیتا ہے جاں نثاروں کا
ہمارا نام بھی لے کر پکار ہم بھی ہیں

فلک پہ برق کو تنہا نہیں ہے بیتابی
زمیں پہ ہجر میں اک بیقرار ہم بھی ہیں

سوئے رقیب کرم کی نظر نہیں چھپتی
میں دیکھتا ہوں چھپاتے ہو پر نہیں چھپتی

کلام شاعرِ بے علم چھپ نہیں سکتا
صفیرِ بلبلِ بے بال و پر نہیں چھپتی

رقیب سے نہ ملے تو کل یہ صورت تھی
ہزار آج چھپاؤ مگر نہیں چھپتی

ہزار اپنی خطا کو چھپائے بندہ پر
خدا سے اے مجیب بیدگر نہیں چھپتی

مرا اب ہجر کے حق میں بس آہ سرد نکلتا ہے
نہ تن سے جاں نکلتی ہے نہ دم لے تو نکلتا ہے

مری تقدیر کی ذلت بھلا وہ کیا مٹائیں گے
جو دلسے تم بھی کہتے تھے زبانسے تو نکلتا ہے

ترے چہرہ کی رنگت رنگ گل سے کچھ فزوں ہوگی
ذرا شمشاد سے کچھ قامت دلجو نکلتا ہے

خدا اچھوں کے باعث کار مشکل سہل کرتا ہے
محبت میں گلوں کے دم برنگ بو نکلتا ہے

جگہ دینے پہ ہے پہلو میں اپنے عشق خوباں کو
ہمارے دل کی باتو نے برا پہلو نکلتا ہے

مصیبت حد سے جب گذری تو ظاہر ہو نہیں سکتا
بہت غم میں۔ بہت کم آنکھ سے آنسو نکلتا ہے

تجمل تیرے دلنے کچھ کہیں صدمہ اٹھایا ہے
ترے ہر شعر سے اک درد کا پہلو نکلتا ہے

سمجھے تھے مسیحا سے بیمار تپ ہجر
واں فضل الٰہی سے دوا بھی نہیں آتی

خمخانے کی راحت کو لحد والو نے پوچھو
اُس گھر میں ہیں جس گھر میں ہوا بھی نہیں آتی

تجمل حاجی تجمل حسین ہلال پوری آپ کو حافظ نثار احمد صاحب تائب شاہجہانپوری سے تلمذ ہے۔ عرصہ دراز سے بمبئی میں سکونت پذیر اور مطبع کریمی میں ملازم ہیں۔ بیحد پرگو ہیں بمبئی میں آپکے شاگرد بھی بکثرت ہیں دو دیوان شایع کر چکے ہیں۔ راقم تذکرہ سے بمبئی میں ملاقات ہوئی تھی۔ سنکسر المزاج اور خلیق شخص ہیں۔ ۴۲-۴۳ برس کی عمر اور یہ کلام کا نمونہ ہے

شادمانی یہ مرے دل کو خبر دیتی ہے
نامہ بر آتا ہے پیغام خوشی کا لے کر

بنجاتی ہے کیا کیا دل مضطر پہ ہمارے
جاتے ہیں کبھی وہ جو برابر سے نکلکر

اس مست ناز کو جو کہیں دیکھ پائے دل
محشر میں ایک اور نہ محشر اٹھائے دل

اٹھ کے بستر سے روانہ ہوئے منزل قبر
طاقت اتنی بھی نہیں اب ترے بیماروں میں

جمع اغیار بہت رہتے ہیں اُس کوچے میں
چُن دیئے جائیں کسی روز نہ دیواروں میں

رد گئے حشر کے دن اہل عبادت محروم
خوان رحمت ہوئے تقسیم گنہگاروں میں

گھر میں چھپ چھپ کے تجمل وہ پیا کرتے ہیں
زہد کی لیتے ہیں جب بیٹھکے میخواروں میں۔

کِسکا جادو چل گیا کِسپر بتاؤ تو سہی
تم فسوں گر ہو زیادہ یا فسوں گر آئینہ

پہنچے کعبہ میں کبھی تو کبھی تجنانہ میں
تیرے ملنے کیلئے ہمنے کیا کیا کیا کچھ

صورتِ حرفِ غلط مٹ چکے اے بخت مگر
نہیں معلوم کہ ہے اور لکھا کیا کیا کچھ

نہ ساقی رُکے گردشِ جام سے
کٹے عمر پیتے پلاتے ہوئے

واورِ محشر نے بھی بجرم ٹھیرایا اُسے
ہائے یاں بھی بات اِس ظالم کی مان لی ہوئی

تمکو دل بے آزمائے بندہ پرور دیدیا
ہاں ہمیں چوکے ہمیں سے سخت نادانی ہوئی

ہائے کیا فتنہ محشر کو کریں گے بیدار
اپنی سوتی ہوئی قسمت تو جگائی نہ گئی

اپنا عالم ہی جدا ہے عشق میں
اپنی حوریں اپنی جنت اور ہے

سارے جہانسے اے بتِ کافر بچڑ ادیا
ملکر تری نگاہ نے میری نگاہ سے

دل صدپارہ کیوں پھوٹی ہوئی قسمت اُٹھالائی
بھلا کس کام کی ہے یہ نکمی چیز کیا لائی

نہ اُٹھتے کشتۂ تیغِ تغافل خوابِ مرقد سے
نہ آتے سوئے محشر تیرے گھونگرو کی صدا لائی

جمال اُس برق وش کا اے نظر تو دیکھ سکتی تھی
دکھا لائے تجھے ہم یا کہ تو ہمکو دکھا لائی

نہ پوچھو میرے آنیکا سبب کچھ اپنی محفل میں
جو خوش ہو آپ آئے ہم جو نا خوش ہو قضا لائی

عجب عالم میں ہیں ہم کس سے پوچھیں کون بتلائے
کہاں آئے کہاں ہمکو تلاشِ دلربا لائی

تحسین

تحسین - علی مولا خاں باشندہ شاہجہانپور ۱۸۵۲ء میں بانکا عنوانِ شباب تھا۔ وجیہ اور خوبرو جوان تھے۔ اور دہلی میں رہتے تھے۔ مزاج میں ظرافت اور طبیعت میں بیحد شوخی تھی مصرف ایک شعر ملا ماخن بدل معلوم ہوا اسلئے درج کیا گیا ۵

کیا لکھیں اور ذرا غور کریں آپ اسے
ڈرتے ڈرتے یہ لکھا ہے کہ پڑھیں آپ اسے

تحسین

تحسین - منشی محمد حسین خان تحسین مالک مطبع مصطفائی - دہلی غدر سے پہلے انکا چھاپہ خانہ دہلی میں بہت مشہور تھا۔ غدر کے بعد میرٹھ میں مطبع احمدی جاری کیا۔ فن سخن میں حضرتِ ذوق سے فیض پایا تھا۔ نہایت خلیق۔ بامروت اور کارگذار شخص تھے۔ اِنکے مطبع کی چھپی ہوئی کتابیں نہایت خوش

سے خریدی جاتی تھیں۔ گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیتے تھے چنانچہ اشعار ذیل اُنہیں کے نتائج افکار سے ہیں ؎

آزار ہوا اسکو مگر عشقِ بتاں کا
بے طور ہے نقشہ دلِ بیتاب و تواں کا

جب بت سے نہ راضی ہوں تو بتخانہ میں کیا کام
تحسین چلو کعبہ کو جھگڑا ہے کہاں کا

اے دل تو عشق کیجو مگر دیکھ بھال کے
غافل کو چاہئے کہ کرے فکر دور کا

کوئی کیوں کر بچائے جاں ہمدم
ایک خنجر گذار ہیں آنکھیں

لب کی خوبی میں کیا سخن ہے پر
فتنۂ روزگار ہیں آنکھیں

صیاد اسطرح جو نہ گرمِ عتاب ہو
کیوں آشیاں چمن میں ہمارا خراب ہو

تحسین ان کو دیکھنے جاتے تو ہو مگر
ایسا نہو کہ جاں کو وہی پھر عذاب ہو

خیالِ بتاں دل میں رکھتے ہو تحسیں
مگر تم بھی رُسوا ہوا چاہتے ہو ؎

ہوئے ذلیل تو عزت کی جستجو کیا ہے
کیا جو عشق تو پھر پاسِ آبرو کیا ہے

یار کہوے کہ اُٹھ مرے دم سے
دل یہ کہوے یہیں رہا کیجے

تحصیل

تحصیل ۔ منشی محمد کبیر صاحب تحصیل ساکن تڑھگڑہ ریاست میسور شاگرد حضرت داغ ۔ موجودہ زمانہ کے موزوں طبع شعراء میں ہیں ۔ اور خاصہ کہہ لیتے ہیں ۔ اکثر رسالوں اور اخباروں میں انکا کلام شایع ہوتا رہتا ہے ۔ ۳۰ برس کے قریب عمر ہے ۔ کلام ابھی رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے ؎

کیا لڑکپن کہوں میں قاتل کا
کھیل سمجھا تڑپنا بسمل کا

آزادی ہو نصیب کہاں اہلِ طمع کو
چھوٹے کبھی نہ قیدیِ دامِ ہوائے حرص

ہے چراغِ حسن پر کس ماہ کے پروانہ شمع
رات بھر جلتی ہے اور گلتی ہے بیتابانہ شمع

کہو تھی کونسی وہ بات ایسی
نہ نکلی منہ سے جو آکر زباں تک

مریضِ عشق کو مرنا شفا ہے
ملا دو زہر کچھ میری دوا میں

مریضِ عشق کو آرام کب ہو ان طبیبوں سے
کہ اُسکا تو مرض تم ہو دوا تم ہو شفا تم ہو

لالے کی طرح دل نہ کوئی داغدار ہو | یارب یہ گل کسی کے گلے کا نہ ہار ہو

تحیر

تحیر۔ مرزا محمد بیگ ولد مرزا رستم بیگ خراسانی مقیم لکھنؤ۔ آپ کو میر امداد علی بحر سے تلمذ تھا۔ کلکتے بھی بطریق سیر گئے تھے۔ یہ انکا کلام ہے ؎

شکار مرگ ہوئی ہے فراقِ یار میں روح | پھڑک رہی ہے بہت دامِ انتظار میں روح
لگا کے تیر مجھے بوئے گل نے صید کیا | رہی خزاں میں سلامت گئی بہار میں روح
کیا ہے عشق نے مجبور سر بسر مجھکو | نہ اختیار میں دل ہے نہ اختیار میں روح
میں تڑپتا ہوں ادھر اُسکو خبر کچھ بھی نہیں | بدنصیبوں کی محبت میں اثر کچھ بھی نہیں
سینکڑوں ذبح ہوئے سینکڑوں مرکر چھوٹے | ہم اسیروں کی رہائی کی خبر کچھ بھی نہیں
مجھ حزاندیدہ کے بیگانہ مزاجی دیکھو | کب بہار آئی گئی مجھکو خبر کچھ بھی نہیں

نیست نابود تحیر نظر آیا عالم | ہم اودھر سیر کو نکلے کہ جدھر کچھ بھی نہیں

تحیر

تحیر۔ غلام مصطفےٰ خلفِ مولانا شاہ رفیع الدین دہلوی۔ ان کے خاندان کی بزرگی اور سبب فہرت محتاج بیان نہیں۔ جناب تحیر مولینا شاہ عبدالعزیز صاحب تحفۂ اثنا عشریہ کے بھتیجے اور حکیم ثناءاللہ خاں فراق کے شاگرد تھے۔ مگر اپنے خاندانی ورثہ یعنی علم و فضل سے محروم رہے۔ اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ رکھتے تھے۔ موزونی طبع کی مدد سے کبھی کبھی فکرِ سخن کیا کرتے تھے چنانچہ یہ شعر اُن کے ہیں۔

عید کے دن مجھے کہنے یہ ہر اک یار لگا | ہو مبارک تری چھاتی سے وہ دلدار لگا
جذبۂ مجھ سے جب وہ دل آرام ہو گا | اجل کا اُسی وقت پیغام ہو گا
فکرِ اطفال کو ہے سنگ اُٹھالانیکی | آمد آمد ہوئی شاید ترے دیوانہ کی

تدبیر

تدبیر۔ شیخ محب الدین ساکن دیوبند مرد خلیق و خوش مزاج تھے۔ غدر سے پیشتر کسی تقریب سے دہلی آئے اور یہیں کے ہو رہے زیادہ حال معلوم نہیں۔

اور ہی کچھ ڈھنگ ہے اپنی گرفتاری کا ہائے | یوں تو زلفوں میں تری کس کس کا دل اُلجھا نہیں

تدبیر

تدبیر - دہلوی - مرزا محمد سکندر قدر ابن میرزا خورشید قدر قیصر گورگانی نبیرۂ شاہ عالم ثانی لکھنؤ میں مقیم تھے۔ یہ انکے اشعار ہیں۔

دل ہو تو کچھ بیان کریں ماجرائے دل
معلوم ہی نہیں کہ کہاں بھول آئے دل

دل مت کو بھی خدا نے دیا ہے بتو ڈرو
بے درد یونہی تم نہ دکھاؤ پرائے دل

دل سوز جانتا ہے اُسی شمعرو کو ہیہ
پروانہ وار جس نے ہزاروں جلائے دل

راحت سے کام کچھ نہیں میں رنج دوست ہوں
پہلو میں رکھدو سنگ جراحت بجائے دل

شکوہ جفا کا سُن کے یہ کہتے ہیں ناز سے
کچھ دل لگی نہیں جو کسی سے لگائے دل

تراب

تراب - نواب حشمت الدولہ افتخار الملک مرزا ابو تراب خاں متخلص بہ تراب۔ آپ نواب مرزا ابو طالب خاں کے صاحبزادے اور حضرت محمد علی شاہ اودھ کے داماد تھے۔ فکر رسا کی امداد سے صاحب دیوان تھے۔ مگر ہمیں صرف دو شعر دستیاب ہوئے۔

اُڑا کے لیگئی اکبار کوئے قاتل میں
ہماری جان کی دشمن ہوئی ہوا دل کی

ہیں لوگ قصۂ فرہاد و قیس بھول گئے
کہانی ہوتی ہے اب میری جا بجا دل کی

تراب

تراب - شاہ تراب علی مرحوم ولد شاہ کاظم منفور سجادہ نشین درگاہ قصبہ کاکوری۔ بڑے خدا پرست درویش حق آگاہ تھے۔ اِن کا کلیات چھپ گیا ہے ایک مثنوی مسمیٰ عاشق و صنم بھی انکی تصنیف سے یادگار ہے۔ تراب مرحوم کا کلام معرفت سے پُر اور نہایت دردانگیز ہے انکی اکثر ٹھمریاں مشہور ہیں۔ کہنہ مشق شاعر تھے۔ کلام میں سنجیدگی اور متانت بہت ہے اکثر اخلاقی مضامین نہایت نفاست سے باندھ جاتے تھے۔ ۱۲۷۲ھ میں انتقال کیا۔

کاکُل کہ چند موئے پریشاں کا نام ہے
دل کے لئے خدا نے اُسے دام کر دیا

کوئی اِس ناآشنا سے آشنائی کیا کرے
آشنا سے اپنے جو نا آشنائی کر گیا

ہم نہیں کرتے کہ اِسکی خیر خواہی میں قصور
کیا ہوا گر ہمسے وہ ظالم بُرائی کر گیا

وصف اُسکا میں کیا کہوں ناصح
وہ تو کچھ ہے بیان سے باہر

قطعہ

چمن میں جب میں اس گلفام کے ساتھ
گیا جوں بادِ صرصر بے تکلف
کہا بارے مجھے تیری بدولت
ہوئی جنت میسر بے تکلف

یار و صورت میں نظر بازِ حقیقت کم ہیں
آنکھ والے ہیں بہت اہلِ بصیرت کم ہیں
یہ کہتا ہے جرس اپنی زباں میں
مسافر ہیں سبھی اس کارواں میں
ہمارے یار کے دو ہی پتے ہیں
کمر پتلی صراحی دار گردن
مجھے بارے اب یہی گفتگو ہے
جو تُو ہے سو میں ہوں جو میں ہوں سو تُو ہے
اُسے کیا درد ہے گر صید بسمل آہ کرتا ہے
جو بیدردی سے وقتِ ذبح بسم اللہ کرتا ہے
بہت امید جنت پر بہت دوزخ کی دہشت ہے
کوئی کمتر عبادت خالصاً للہ کرتا ہے

جی کسی پر کوئی فدا نکرے
دل کسو سے لگے خدا نکرے
عشق کا امتحان ہو کیونکر
گر کسی پر کوئی جفا نکرے
محمود ایاز ہو گیا ہے ہو
کیا نازِ نیاز ہو گیا ہے
بُتِ ظالم نہیں سُنتا کسی کی
غریبوں کا خدا فریاد رس ہے
دلیلِ کارواں بانگِ جرس ہے
گواہِ دردِ دل ایک نالہ بس ہے
عجب شے آرزو دنیا و دیں کی
ترابؔ اللہ بس باقی ہوس ہے
دیدار کی نہ آنچ سہی جل گئے تمام
پروانے جا کے شمع سے جب متصل ہوئے
وحدت کا پیالہ دوئی سے نرالا کام
ہے ترکِ خودی نسبتِ تفریدِ ہماری

تیرے لطف و کرم سے اک جہاں معمور ہے پیارے
عجب ہے رہ گئے تیرے کرم سے ایک ہم خالی
موت سے یارو وہی بے ڈر رہے
زندگی میں آپ سے جو مر رہے
ہم سے کیا کہتا ہے عشقِ خوبرویاں چھوڑ دے
شیخ تو ہی آرزوئے حور و غلماں چھوڑ دے
نیکی کر و کام آئے گی آخر کو نکوئی
ساتھ اپنے عمل ہونگے وہاں اور نکوئی
کعبہ و مسجد میں جاتے ہو بھلا جی کس لئے
وہ تو ہے دل میں تمہارے پھرتے ہو تم جس لئے

ترحم

ترحم۔ مرزا مکرم بخت گورگانی میرزا قیصر بخت فروغ خلف الرشید میرزا قادر بخش صابر گورگانی کے خلف اصغر اور جناب آغم کے برادر خورد ہیں۔ آپ کی ولادت شہر بنارس میں جہاں آپ کی ننھیال ہے واقع ہوئی اور وہیں ہوش سنبھالا۔ فارسی اُردو کے علاوہ زبان انگریزی میں بھی معقول دخل حاصل ہے۔ الغرض تعلیم یافتہ اور مہذب نوجوان ہیں شاعری اور زباندانی آپ کی میراث سمجھنا چاہیے۔ چند غزلیں اپنے والد ماجد کو دکھائی تھیں پھر اُن کے انتقال کے بعد سے بطور خود کہتے ہیں۔ ہنگام ترتیب تذکرہ کچھ کلام عنایت فرمایا اُس کا انتخاب ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے اب (۱۹۰۸ء) میں آپ کی عمر ۳۴ و ۳۵ برس کے قریب ہے۔ اور بنارس محلہ شوالہ میں قیام ہے۔

تمہیں سے ہے منوّر گھر نشاط و کامرانی کا
تمہارا حسن ہے شعلہ چراغ زندگانی کا

دہن ہے چشمۂ حیواں اور اُسمیں میرا نام آیا
دیا خلعت مجھے قسمے حیاتِ جاودانی کا

وہ خوش آب مضموں کیوں نہ ہاتھ آئیں ترحم کے
کہ اُسکی فکر میں عالم ہے دریا کی روانی کا

سوزِ شب فرقت کا مداوا ہو ترحم
مجالے جو تھوڑا سا بھی کافور حرآج

حسن میں حسن گر ہوا نہ کرے
جان اپنی کوئی فدا نہ کرے

مجھ سے سیکھو اگر نظر بازی
کبھی یہ تیر پھر خطا نہ کرے

جب کہا مینے مرتا ہوں
ہنس کے کہنے لگے خدا نہ کرے

ہوس و عشق میں تمیز نہو
وہ جو عشاق پر جفا نہ کرے

اے ترحم مجھے یہ دہشت ہے
کہیں دشمن اُنھیں خفا نہ کرے

نکلی فلک نے شام کو اگلی سحر کے وقت
پہچنی نہیں ہے نالۂ تنہا آفتاب کی

یہ کان بھرنے کی عادت بُری ہے غیروں کو
شکایت اُن کو جو کرنی تھی بر ملا کرتے

کسی سے کچھ نہیں ہمنے کہا قسم لے لو
زبان کٹتی اگر آپ کا گلہ کرتے

تمہیں کو خوف ہے اعدا کی بدمزاجی کا
اگر وہ مجھ سے بگڑتے تو میرا کیا کرتے

ترسان

ترسان - میاں بہادر علی - لکھنؤ کے ایک موزوں طبع سخنور تھے - ایک قدیم قلمی بیاض میں جو سوا سو برس کی لکھی ہوئی ہے کچھ کلام نظر سے گذرا - اُسکا انتخاب ضبط تحریر میں آیا - آصف الدولہ اور نواب سعادت علی خاں کا زمانہ پایا تھا اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ میر و میرزا کے ہم عصر ہوئے - سیدھی سادی زبان میں اچھے مضامین نظم کئے ہیں - اب کلام ملاحظہ ہو -

تاب و تواں و ہوش و خرد سارے چل بسے
جس وقت میرے پاس سے وہ دلستاں اٹھا

تیرے ہی بیٹھنے سے ہماری ہے زندگی
اُٹھ جائینگے جہان سے ہم تو جہاں اُٹھا

آج مجلس میں بہت ترساں کو دیکھا مضطرب
اُس فلک مارے کا شاید دل کہیں جا رہا

رات کہ کا ذکر تھا ترساں کا سُن سُنکر جسے
اشک سرخ آنکھوں میں تو ہر آن بھر آتا رہا

کس نے ترساں کو تری بزم میں روتے دیکھا
اُس پہ ناحق تجھے طوفان اُٹھانا کیا تھا

کیا کرے کوئی گلہ اُسکی ستمگاری کا
جس کا شیوہ ہو پرائوں[1] کی دل آزاری کا

دیکھ کر آج مسیحا نے دیا مجکو جواب
اب معالج ہو خدا اِس تری بیماری کا

گھر میں جو بیٹھ گیا دیکھ کے تو ترساں کو
اُس سے تھا کونسا موجب تجھے بیزاری کا

اُسی کی سب نے خاطر کی میں دُکھ رویا جہاں جا کر
کوئی سر ٹیکے اپنا اے یار واں کہاں جائگا

مرا دل اُس کی زلفوں میں ہوا گم آج اے ترساں
اندھیری رات ہے دونوں طرف ڈھونڈوں کدھر جاکر

ہم دردِ عظیم ہم دوا ہو
وہ جانے ہمارے غم کو ترساں

تم حضرتِ عشق مبتلا ہو
جس کا کہ کسی سے دل لگا ہو

دیا تھا آگے بھی دل لیکن آہ چھوٹ گئی
عنانِ صبر مرے اختیار سے اب کے

میں کہا کیا ہو جو گھر تک تو اے بدہوش چلے
سُن کے بولا کہ ترے گھر مری پاپوش چلے

ہمنشیں اُسکو مرے ساتھ یہانتک ہے ضد
راہ میں دیکھے کبھی مجکو تو روپوش چلے

[1] غیروں کی -

درد کہنے کو تو ہم آئے تھے ترساں لیکن
دیکھکر چپ بجبیں یار کو خاموش چلے

چاک گل کا پیرہن گلشن میں تھا کس کے لئے
صبح تک شبنم بھی روتی تھی صبا کس کے لئے

مرگیا ترسا تری دیوار کے سایہ تلے
تو نے کچھ جانا کہ اسنے جی دیا کس کے لئے

ترقی

ترقی - نواب اسد الدولہ رستم الملک مرزا محمد تقی خان بہادر مرحوم خلف سید محمد امین خاں باشندۂ نیشاپور مقیم فیض آباد، نواب شجاع الدولہ بہادر صوبۂ اودھ کے خاندان سے تھے اور میر محمدی سوز کے شاگرد تھے آپنے محفل مشاعرہ بھی قایم کی تھی۔ نہایت خوش کلام اور رنگین طبع امیر تھے۔ آپ کا اساتذۂ قدیم میں شمار ہے۔ متانت اور سنجیدگی کے پہلو بہ پہلو لطف زبان اور معاملہ بندی اپنا مزا دکھاتے ہیں۔ کلام میں درد اور دلکشی بھی موجود ہے۔ زبان صاف اور شیریں اور لطف محاورہ بھی اُس میں موجود ہے۔ استعارات و تشبیہات سے کلام پاک ہے۔ آپ کا خاندان ابتک لکھنو میں موقر و معزز خیال کیا جاتا ہے۔ آغا بو صاحب رئیس اعظم لکھنو آپ ہی کے خاندان میں ہیں۔

گر ایک شب بھی وصل کی لذت نہ پائے دل
پھر مرتے کس اُمید پہ کوئی لگائے دل

بھولا تمہارے عشق میں دنیا و دین کو
جو چاہو اب کرو کہ یہی ہے سزائے دل

پہلو کل اُسنے چیرا جو دل کے لئے مرا
جز داغ حسرت اور نہ کچھ تھا بجائے دل

ترغیب دی ہے کس لئے کعبے کی تو ہمیں
زاہد خدا کا گھر نہیں کوئی سوائے دل

اُس کی گلی میں کون یہ بیدل ہوا ہے دفن
آواز متصل یہی آتی ہے ہائے دل

اک دل تجھے مدام ستانے کو چاہیے
تیرے لئے کہانے کوئی روز لائے دل

اُس کو میں جب سے بیٹھے ہیں مانند نقش پا
رکھتا ہے تب سے خاکمیں ہمکو ملائے دل

لکھ دیویں ہم تو خط غلامی اُسے بجاں
اُترا نہ آگے یہاں کوئی جز کاروان غم

ماتم سرا سے کم نہیں یار و سرائے دل
دن بھر تو اک نحیف سی آواز سنتے تھے
آتی نہیں ہے رات سے لیکن صدائے دل

کہتے ہیں دردمند ترقی کا حال دیکھ
یارب کبھو کسی پہ کسی کا نہ آئے دل

یوں تہ زلف نمودار وہ رخ ہوتا ہے
ابر سے آئے نظر جیسے قمر کا پہلو

کارگر دل میں کسی کے جو نہیں ہوتی ہر
چھٹ گیا آہ سے شاید کہ اثر کا پہلو

لاد و از خم سمجھ پہلو تہی کرتا ہے
دیکھتا ہے مرا جراح جدھر کا پہلو

دل کو وہی بیکلی ہے تجھ بن
مر کر بھی چھٹے نہ تیرے غم سے

قبلہ ہو نہ کیجے منہ اُدھر کو
دل ٹوٹ گیا ہو جس صنم سے

دشمن پہ کرے نہ کوئی یہ ظلم
مارا مجھے تو نے جس ستم سے

شرم آتی ہے کیا بیان کیجے
جو تو نے کیا سلوک ہم سے

افسوس کہ خاک بھی ہماری
محروم رہی ترے قدم سے

اب رو نہ زیادہ اے ترقی
طوفاں اُٹھے نہ چشم نم سے

اے ترقی بات جی کی جی میں رکھ
منہ سے نکلی اور پرائی ہو چکی

ساکنانِ کعبہ نے کی بت پرستی اختیار
وہ صنم نام خدا کیا اندنوں جو بن پہ ہے

جرم کچھ ٹھہرا لے قاتل پھر مجھے تو قتل کر
بیگناہی میری ثابت دوست اور دشمن پہ ہے

دیکھیے اب کس مسلماں کو کریگا قتل تو
آج غصہ بے طرح کافر تری چتون پہ ہے

آتش دل اشک سے سینہ میں بھڑکی اور بھی
ابتو آب چشم کو میری شرف روغن پہ ہے

دست گلچیں عندلیبو کیجیے کیونکر قلم
آفت نو جسکے ہاتھونسے سدا گلشن پہ ہے

ہے ترقی میرے اس سینہ میں وہ آتش نہاں
طعنہ زن جسکا شرر ہر شعلہ گلخن پہ ہے

تو نے عاشق کی بھی کچھ اپنے خبر پائی ہے
جان دیتا ہے وہ اور خلق تماشائی ہے

اُسنے تو دکھ یہ دکھایا ہے کہ جی جانے ہے
پر مزا اسمیں یہ پایا ہے کہ جی جانے ہے

لیجائے ہے وہ روز نیا صید مار کے
لایق نہیں ہیں آہ مگر ہم شکار کے

اک عمر بعد آئی ہے اب زیر خاک نیند
تربت پہ میری رو و نہ یار و پکار کے

دیوانہ اب کے دیکھیے ہوتا ہے کون کون — آتے ہیں زور شور سے پھر دن بہار کے
دیکھا جو چشم مست کو اُسکی چمن کے بیچ — نرگس کی آنکھ جھک گئی مارے خمار کے
روزن نہ کیجو بہر خدا در کا اپنے بند — دیوار سے ہیں پھوڑتے سر اپنا مار کے
باشندے ہم سے شہر کے کس طرح سے ہیں — اُجڑے ہوئے ہیں ہائے ہم اپنے دیار کے
اے گل سُنا نہ تو نے مرا حال اور میں — سُنتا ہوں تیرے واسطے طعنے ہزار کے
مدت کے بعد ہمکو جو لایا فلک وہاں — طفلی سے رہنے والے تھے ہم جس دیار کے
دیکھا عجب ہے رنگ کہ بس ہوش اُڑ گئے — کیونکر بھلا نہ روئیے پھر ڈاڑیں مار کے
جو گل زمیں تھی آہ وہ رشکِ خرابہ ہے — ہیں جائے لالہ زار پڑی ڈھیر خاک کے
کیجے جدھر نگاہ وہ ہُو کا مقام ہے — خالی مکاں پڑے ہیں ہر اک دوستدار کے
وہ یار جن سے رہتی تھیں دن رات صحبتیں — ملتے نہیں نشاں کہیں اُنکے مزار کے
منع فغاں نکر تو ترقی کو ناصحا — واقف نہیں ہے غم سے تو اُس سوگوار کے

قطعہ

ترکی — ترک علی شاہ۔ اصل وطن لاہور ہے مگر اب عرصہ سے بہ سلسلہ روزگار حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں دربار دکن کے فارسی شعرا کے زمرہ میں ملازم ہیں۔ اور کہتے بھی نہایت صاف اور عمدہ ہیں۔ اب ۵۰ برس کے قریب عمر ہے۔ کلام میں جتنی شوخی وطرّاری ہے اُسی قدر جدّت بھی موجود ہے۔ مزاج میں ظرافت ہے۔ مہاراجہ مدارالمہام کے خاص مصاحبوں میں ہیں۔ چند سال سے کبھی کبھی اُردو بھی کہہ لیتے ہیں۔ چنانچہ اشعار ذیل آپ ہی کے طبعزاد ہیں۔

وہ بوئے مُشک ہے اے شوخ تیرے بالوں میں — کہ دھوم جسکی ہے تاتار کے غزالوں میں
مرا کمال تو دیکھو کہ ہو کے لاہوری — غزل میں بیٹھ کے پڑھتا ہوں دہلی والوں میں
یہ کی تلاش کہ گم ہو گیا میں خود لیکن — نہ مسجدوں میں ملا اور نہ وہ شوالوں میں

تسخیر — مرزا محمد سلیماں قدر بہادر تسخیر نبیرہ مرزا آسماں قدر نمود گورگانی مقیم لکھنؤ شاگرد

میرہادی بیخود غدر کے بعد والدِ بزرگوار کے ہمراہ بنارس چلے گئے۔ وہاں مرزا صابر کی تحریک سے شاعری کی ابتدا ہوئی۔ اِن کی وفات کے بعد ۱۳۰۵ھ میں پھر لکھنؤ میں رہائش اختیار کی اور مشاعرے کی بنا ڈالی۔ اِن کے بیٹے مرزا حمید رقدر ماہ نے اس کا دیوان چھپوا دیا ہے۔ جسکا انتخاب درج ذیل ہے۔

کروں گا حشر میں نالش تمہاری پیشِ خدا — اُسی کچہری میں اب ہوگا فیصلہ دل کا
بڑا دھوکا دیا او تیغِ قاتل — گلے مل کر مرا کاٹا گلو آج بز
ہمیں دکھلاوے اسیر ہیں کچھ چمن کی بہار — قفس میں پھول کی رکھدے پیالیاں صیاد
بیگانہ وار سب سے ہے تسخیر اس لئے — باخلق آشنا نشود آشنائے دل
کچھ تن بدن کا ہوش نہیں ہے تمہیں ذرا — تسخیر بیخودی ہے یہ کس کے خیال میں
شکوہ جو جو کرتا ہوں تو وہ کہتے ہیں — مینے کچھ مانگا تھا کیوں تمنے دیا دل مجکو
مژدہ اے موت کہ خوں ہوتے ہیں ارمانِ جہاں — لیچلا ہے اُسی کوچے میں مرا دل مجکو
آپ کو قدر نہیں دل کی ہمارے تو نہو — اِسکو وہ لے گا جو رکھتا ہے خریدار نگاہ
دل نہیں یار کو گر پاک نظر سے دیکھا — نہ گنہ گار ہیں کچھ ہم نہ گنہ گار نگاہ
بتوں میں ہے نہاں قدرت خدا کی — طلسمِ حسن ہے یہ برجِ خاکی
گئے قفس میں منت وزاری ہزار کی — صیاد نے پر ایک نہ مانی ہزار کی
شرمندہ جانکاہ جو دلبر ہو جائے — بیقراری میں وہ بت میرے برابر ہو جائے
زہر کھاتے ہیں جو عشقِ لبِ جاں بخش میں ہم — کیا مزہ ہے اثرِ آبِ بقا ہوتا ہے
بولے دیکھا جو مجمعِ عشاق — میری صورت کوئی تماشا ہے

رباعی

فرزند و عزیز میں نہ الفت پائی — احباب و رفیق میں نہ شفقت پائی
تسخیر کے مرقد پہ یہ کندہ کرنا — جو کچھ پائی وہ زر سے راحت پائی

تسخیر

تسخیر - جناب داروغہ سید واجد علی صاحب تسخیر رئیس شہر لکھنؤ ارشد تلامذہ حضرت اسیر مدظلہٗ۔ آپ حضرت واجد علی شاہ کی بیگم سلطان محل کے داروغے تھے اور محلات شاہی میں اور بھی خدمتیں ان سے متعلق تھیں۔ ایام غدر میں جب مرزا برجیس قدر کا دور دورہ ہوا تب آپ حضرت محل کے صلاحکاروں میں رہے مگر جب آپ کو یہ معلوم ہوا کہ اس بدنظمی کا انجام اچھا نہیں تو از راہ دوراندیشی آپ سرکار انگلشیہ کے ہوا خواہ ہو گئے اور خدمات شایستہ اُس سرکار کی ادا کیں۔ چنانچہ بجلد و خیر خواہی بعد فرو ہنگامہ چند موانع بطور انعام پائے اور زمرۂ تعلقہ داران میں محسوب کئے گئے۔ تمام عمر باعزاز و آبرو بسر کی۔ آپ کے بڑے صاحبزادے نظیر حسن تعلقہ دار ہوئے۔ چھوٹے امیر حسن فرزند حیدرآباد میں وکالت کرتے ہیں شعر و سخن کا بھی ذوق تھا اور مذاق سلیم سے کافی بہرہ حاصل تھا۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگا۔

نہ آیا فاتحہ پڑھنے وہ مہرو مہرباں ہو کر
زمین قبر کیوں پیسے نہ ہمکو آسماں ہو کر

نکل سکتا ہے وحشی کس طرح زلفوں کے پھندے سے
پڑا ہے پاؤں میں اُنکا تصور بیڑیاں ہو کر

لحد میں یاد جب آئی کشاکش زلف پیچاں کی
کفن کے بند جتنے تھے وہ لپٹے رسیاں ہو کر

نہ کھینچ اب تیغ ابرو دل نشانہ ہو چکا ظالم
در آئی ہر مژہ کی نوک سینہ میں سناں ہو کر

تلاش ناقہ لیلیٰ میں دی مجنوں نے جان اپنی
اُسی کی خاک پھرتی ہے غبار کارواں ہو کر

ازل سے دل مرا مشتاق ہے ابرو کی پیکانکا
نہ مارا تونے اک تیر نگہ ابرو کماں ہو کر

جفا تیری وفا میری الم نشرح ہے اب گھر گھر
یہی قصہ بیاں ہوتا ہے ہر جا داستاں ہو کر

تمھیں پر ہمنے گل کھائے تھیں تونے قتل کر والا
اُجاڑا تونے خود گلزار اپنا باغباں ہو کر

نہ حرف تلخ لب پر لائے شیریں زباں ہو کر
سخن میں رنگ و بو دکھلائے غنچہ دہاں ہو کر

اسے دنیات پامالی اُسے چکر میں بجالی
نہ یاں راحت زمیں ہو کر نہ آرام آسماں ہو کر

عدم کے جانیوالے منزل آخر پہ جا پہنچے
میں تنہا رہگیا پیچھے غبار کارواں ہو کر

نزاکت کس قدر ہے پھول کے گہنے میں پہنچیں — جھکے جاتے ہیں دونوں ہاتھ گل کی ڈالیاں ہو کر
دلاگر چاہتا ہے دلربا تنہا ملے تجھ کو — چلا دیں راستہ سیدھا تو جاواں لامکاں ہو کر
تمنا ہے طبیعت میں تمہاری کسقدر تو ہے — نہیں پھر ہو گئی لو وصل کے وعدہ پہ ہاں ہو کر
بخت کی راہ لو تسخیر پھرتے ہو کہاں دور — لگاؤ بستر اولی کے در پر پاسباں ہو کر

تسکین

تسکین - پنڈت گنگا داس - زیادہ حال ان کا معلوم نہیں - مسٹر فلین نے اپنے تذکرے میں ان کا حال اس طرح لکھا ہے "ایک جوان تعانیک عقیدہ کشادہ رو مہذب و خوش خو - گاہے گاہے رخش ہمت کو میدان ریختہ گوئی میں پویوں دوڑاتا تھا" یہ اُن کا کلام ہے -

ناصح یہ نصیحت اب تم کرتے ہو کیا بیٹھے — جو ہووے سو ہو بہتر دل اُس سے لگا بیٹھے
عقل و خرد و طاقت اور صبر و شکیبائی — جب سامنے وہ آیا ہم سب یہ لٹا بیٹھے
کیا غم ہے ہمیں تسکیں آفات زمانے سے — اب ہم شہ مرداں کے داماں تلے آ بیٹھے

تسکین

تسکین - میر سعادت علی دلوی - خلف میر علی حامد برادر زادہ و شاگرد ملک الشعراء میر قمر الدین منت - عنفوان شباب میں دہلی چھوڑ کر لکھنؤ جا رہے تھے باوضع اور خوش فکر شخص تھے - ۱۸۴۲ء میں ۵۰ برس کا سن تھا یہ آپ کا کلام ہے -

سر میں مرے بھری ہے ازل سے ہوائے عشق — مجھ سا جہاں میں کوئی ہے کم مبتلائے عشق
یک لخت عقل و صبر سے بیگانہ ہو گئے — یہ جانتے تو ہوتے نہ ہم آشنائے عشق
نالاں ہے ابتدا ہی میں بلبل کو کیا خبر — پروانہ جانتا ہے جو ہے انتہائے عشق
شیریں سا حکمراں تو کوئی ہووے آج بھی — بہتیرے کوہکن سے ہیں زور آزمائے عشق
تسکیں جو قیس عشق میں مجنون ہو گیا — عیب اُسکا کچھ نہیں کہ یہ ہے مقتضائے عشق
کرتا نہیں ہے جنس دو عالم پسند دل — خواہاں متاع درد کا ہے دردمند دل
بیرحم پھر نہ ہونا کبھی دوستی کا نام — جانبر ہوا جو آپ کے اٹھا کر گزند دل

آشفتگی کا اپنی سبب تجھ سے کیا کہوں — مدت ہوئی کہ زلف میں تیری ہے بند دل
بکتا ہے ایک نگاہ پہ لے لیجے مفت ہے — تسکین کا اگر آپ کو آیا پسند دل
ہر دم کرے ہے یہ دل کا رسناں بغل میں — ہے وہ مثل مطابق دشمن کہاں بغل میں
بسکہ ہم دل میں تپہ عشق نہاں رکھتے ہیں — آتش اک سینہ میں جوں سنگ نہاں رکھتے ہیں
نوبت ضعف یہ پہونچی کہ ہم اب اے ہمدم — طاقت ضبط نہ یارائے فغاں رکھتے ہیں
خشک لب دیدۂ تر حال پریشاں رخ زرد — عاشقی کے یہی عشاق نشاں رکھتے ہیں
ساغر مے سے ہمیں پیر سمجھکر ساقی — ہاتھ مت کھینچ کہ ہم طبع جواں رکھتے ہیں
اللہ رے نزاکت اُس نازنیں صنم کی — پڑتے ہیں اک نگاہ سے سو آبلے بدن میں
آوے جو بعد مردن خط کا جواب اُن سے — جائے جواب رکھیو نامہ مرے کفن میں
کوچے کا گلرخوں کے عالم اگر کہوں میں — تسکیں لگے نہ دم بھر بلبل کا جی چمن میں
کون کہتا ہے یہاں آپ گذارا نہ کریں — مدعا یہ ہے کہ آتے ہی سدھارا نہ کریں
غم پریشانی عاشق کا کرے اون کی بلا — ہو یہ کیونکر کہ وہ زلف اپنی سنوارا نہ کریں
ہووے کیا آپ سے تصویر صنم ہم آغوش — کوہکن تو نے کہا ہمتو گوارا نہ کریں
دل بیتاب کو میرے نہ کبھی ہو تسکین — کر کے تسکیں جو مجھے آپ پکارا نہ کریں
کیا خاک ہو صفائی بھلا ہم میں یار میں — خط بھی لکھا جو ہمکو تو خط غبار میں
حال دل کہتے تو ہمسے وہ صنم رکتا ہے — اور چپ رہیے تو مشکل ہے کہ دم رکتا ہے
کس کا کوچہ ہے یہ یارب نہیں معلوم ہمیں — خود بخود یہاں کے پہنچتے ہی قدم رکتا ہے

تسکین

تسکین - میاں تسکین نام - نواب آصف الدولہ کی سرکار میں خواجہ سرا تھے - ذہن رسا اور طبع نکتہ سنج پائی تھی - الفاظ رنگیں اور خیالات تازہ کی تلاش میں سرگرم رہتے ہیں - زبان اگرچہ پرانی ہے تاہم کلام پر لطف اور شیریں ہے - ایک پرانے تذکرے میں کچھ ان کے اشعار نظر سے گذرے انکا انتخاب درج ذیل ہے -

انداز فغاں کا مری بلبل نے اوڑایا — نقشہ کو نزاکت کے تری گل نے اُڑایا
بس شور نکر اس قدر اب ایدلِ ناداں — اک خلق کا تو مغز تری غل نے اُڑایا
سمجھا نہ گیا ہمسے کچھ اُسکا غضب و لطف — اک عمر ہمیں اُسکے تغافل نے اُڑایا
کیا گذری جو اس طرح سے ہے سوچ میں یارب — ہوش اپنا تو قاصد کے تامل نے اُڑایا
تھی اتنی دل آویز کب آشفتگی اُسمیں — یہ طور اُسی زلف کا سنبل نے اُڑایا
دیکھی جو سحر اشک فشانی مری تسکیں — شبنم کے تئیں پتکیوں میں گل نے اُڑایا
کیا[۱] خاک ہو صفائی بھلا ہم میں یار میں — خط بھی لکھا جو اُسنے تو خطِ غبار میں
یوں مجھ میں اُسمیں بگڑی سدا اور سدا بنی — کچھ اب کے ایسی بگڑی کہ بس جی پہ آ بنی

تسکین

تسکین دہلوی۔ شاعر نکتہ سنج و متین میر حسین صاحب تسکین شاہجہان آبادی خلف میر حسن عرف میرن صاحب۔ اُنکا نسبی سلسلہ فرخ سیر بادشاہ۔ کے وزیر حسین علی کے قاتل میر حیدر سے ملتا ہے۔ ان کی ولادت ۱۲۱۸ھ میں دہلی میں ہوئی۔ فارسی کی تکمیل مولوی امام بخش صہبائی سے کی۔ طبیعت نہایت ذہین اور موزوں واقع ہوئی تھی۔ شعر گوئی اور سخن سنجی کا مذاق نہایت صحیح و شستہ تھا۔ عنفوان شباب میں جو کچھ کہا اُسمیں شاہ نصیر مرحوم سے مشورہ کیا۔ اُن کی وفات کے بعد حکیم مومن خانصاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں حکیم صاحب کی توجہ سے اس فن میں درجۂ کمال حاصل کر لیا۔ مولوی محمد حسین آزاد لکھتے ہیں کہ شاہ نصیر مرحوم کا دیوان انہوں نے مرتب کیا تھا مگر اُسی زمانے کے ایک قلمی نسخہ سے یہ معلوم ہوا کہ منشی مہاراج سنگھ (جو شاہ نصیر مرحوم کے تلامذہ میں سے تھے) اس خدمت کو انجام دیا تھا۔ تلاش معاش کی فکر میں حضرت تسکین لکھنؤ بھی گئے مگر ناکام واپس آئے۔ کئی برس میرٹھ میں قیام کے بعد رامپور پہونچے اور وہاں کسی معقول خدمت پر مقرر ہو گئے۔ بہرحال تسکین اپنے وقت

[۱] شیفتہ نے اسی شعر کو سعادت علی تسکین کے نام سے لکھا ہے۔

کے شعرائے مشاہیر سے تھے۔ طرز سخن کمال دلکش خصوصاً عاشقانہ کلام نہایت پر لطف اور با مزہ ہے۔ زبان صاف اور شیریں۔ اور بندش نہایت چست ہے۔ نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ سے اکثر صحبت رہتی تھی الغرض حضرت مومن کے شاگردوں میں تسکین رکن رکین تھے اور اُستاد بھی انہیں نہایت عزیز رکھتے تھے۔ بلکہ اِن کے صاحبزادہ میر عبدالرحمٰن کو اپنی فرزندی میں لے لیا تھا مومن کا دیوان میر عبدالرحمٰن ہی کا مرتب کیا ہوا ہے۔ غدر کے بعد میر عبدالرحمٰن کی سخن فہمی کی بڑی دھوم تھی۔

جناب تسکین کا دیوان اب نہیں ملتا۔ آپ نے اُستاد کی شوخ بیانی طرز ادائے مطلب اور معاملہ بندی کے ساتھ ساتھ سادگی اور صفائی روزمرہ کا خوب سلیقہ بہم پہنچایا تھا۔ پچاس برس کی عمر پاکر ۱۲۶۹ھ ۱۷ شوال کو رامپور میں قضا کی اور وہیں نواب احمد علی خاں بہادر کے مقبرے میں دفن ہوئے۔ سالک نے تاریخ کہی ؎

کہا دل نے کہ داخل ہو گئے سب	ارم میں عارف و تسکین و مومن

آپ کے صاحبزادے میر عبدالرحمٰن آہی بھی بڑے نازک خیال اور طباع شاعر تھے۔ اب کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

تھا میری طرح غیر کو بھی دعویٔ الفت	ناصح تو اُسے دینے کو الزام نہ آیا
بے بال و پری کھوتی ہے توقیر اسیری	صیاد کبھی لے کے یہاں دام نہ آیا
تسکیں کروں کیا دل مضطر کا علاج اب	بمجنت کو مر کر بھی تو آرام نہ آیا
ہر روز وہ ڈھونڈے ہے کوئی تازہ خریدار	صورت مری ہر روز بدل جائے تو اچھا
مر جائیں گے پر دل نہ لگائینگے کسی سے	جی اور کسی ڈھب سے بہل جائے تو اچھا
کہتے ہیں رخِ بخش ظاہر میں مزا آتا ہے	یونہیں تم مجھ سے ذرا ہو کے خفا مل جاتا
تھیں بھی کھولنی زلفیں پڑیں گی	دل گم گشتہ اپنا گر نہ پایا
ہزاروں مر گئے دیکھا جو عالم سوگ میں اُسکا	لباس آیا تھا وہ کافر پہن کر میرے ماتم کا

یہاں آنے سے کس واسطے جلتا ہی ہمارے
عاشق تو نہیں ہے کہیں دربان تمہارا

اُس در سے بچاؤنگا کبھی لاکھ کہو تم
دشمن ہی سہی تابع فرمان تمہارا

دیکھیں کیا میری طرف یا وہیں اُنکو اپنی
چشمکیں غیر سے کرنی مجھے دکھلا دکھلا

بات کرنی میں جو ہر دم ہے حجاب آئینہ
دیکھنا کیا ہے مجھے بھی تو خود آرا دکھلا

جان دیتا ہے ہر اک بات پہ تسکین کریاد
تنے کیا اُسکو دیا اپنا سراپا دکھلا

رہنے والونکو ترے کوچے کے یہ کیا ہوگیا
میرے آتے ہی یہاں ہنگامہ برپا ہوگیا

زندگی ہوویگی کس طور سے یارب اپنی
دم میں سو بار اگر یوں وہ خفا ہووے گا

آج جو عرش پہ ہے اپنا داغ اے ظالم
کوئی دشمن تری نظروں سے گرا ہوویگا

اتنی سرخی شفق چرخ پہ کس دن تھی مگر
عاشق زار کا کچھ رنگ اڑا ہووے گا

حق کے کہنے سے نہیں مٹتی ہے سولی منصور
تو نے دعویٰ کیں الفت کا کیا ہووے گا

بھول جائیں گے وہ اغیار کو میں
مر گئے پر بھی اگر یاد آیا تو

وحشت اب لاش کو لے بھاگے گی
تنگیٔ گور سے گھر یاد آیا تو

کوچۂ یار میں مینے تسکین
پاؤں رکھا تھا کہ سر یاد آیا

سہل سمجھے ہو اسکا آجانا
تنے تسکین دل کو کیا جانا

کچھ نمک کچھ شک کچھ الماس ہوا چارہ گر
پھر خدا چاہے بھرے وہ دونیں منہ ناسور کا

ساکنانِ نہ فلک پر دیکھے کیسی بنے
نالۂ سوزاں نکلا ہے اب کے ارادہ دور کا

بیٹھے تسکیں تھے روٹھ کر وہ شوخ
دے کے وہ جھڑکیاں اُٹھا لایا

جسوقت نظر پڑتی ہے اُس شوخ پہ تسکین
کیا کہئے کہ جی میں مرے کیا کیا نہیں آتا

اِس سے بہتر تھا جو دوزخ میں ٹھکانا ہوتا
بزم دشمن میں ترے ساتھ نہ جانا ہونا

خوبصورت نہو کوئی تو نہو بدنامی
سچ تو یہ ہے کہ بُرا ہوتا ہے اچھا ہونا

اِسنے مارا خلق کو اُسنے ڈبویا اک جہاں
تیرا ہنسنا اور مرا رونا برابر ہوگیا

شور یہ برپا کیا اُس کے خرامِ ناز نے
واہ رے محشر کا سارا کھیل ابتر ہو گیا

گیا مجنوں نکل صحرا کو یہ دیوانگی دیکھو
فضائی کو چۂ لیلیٰ کو اُسنے تنگ ٹھہرایا

غیر و نکو اشارا ہے مرے قتل پہ ناحق
یہ جنبشِ ابرو ہے تو سر کا ہے کو ہو گا

تمکو بھی تو غیروں سے یہ اخلاص نہیں ہے
جو ربط کہ اُس دست و گریباں میں دیکھا

چُپ لگی مجکو تو چرچا یہی پھر واں ہو گا
رازِ اپنا نہ خموشی سے بھی پنہاں ہو گا

دیکھیو خانہ خرابی غیر وہاں قابض ہوا
جسکے گھر کو ہم یہ سمجھے تھے کہ اپنا ہو چکا

ہمکو اپنی خبر نہیں ہمدم
دیکھ تو آکے مر گئے شاید

اُس کُو میں مجکو جانے سے کرتا ہے منع ہائے
ناصح کو کوئی جاکے کرے پاسبانِ غیر

اُس گلی میں اژدحام اغیار کا یاد آگیا
دلمیں جوشِ حسرتِ دیدار دفعتاً دیکھ کر

دیکھنا شوخی یہ کہتے ہیں مرے دشمن سے وہ
کیا ہنسی آئی مجھے تسکیں کو روتا دیکھکر

گر مرے چھٹے دل کی طپش سے تو عزیزو
تا حشر نہ نکلیں گے کبھی گور سے باہر

اے چشمِ سرمہ گیں تری گردش نے کیا کیا
راحت پذیر تھے ستم آسماں سے ہم

رو لے ہے مجکو ڈبو کر چشمِ تر کو کیا کہوں
وہ ہی آتا تھا پسند اپنی نظر کو کیا کہوں

ایسی ہے غیر کی خاطر کہ مرے حال کو سُن
دل میں روتے ہیں بظاہر یہ ہنستے دیتے ہیں

زلفِ پیچ کو کھولا ہے یہ کس نے یارب
کہ مرے پاؤں کی زنجیر کیے دیتے ہیں

کبھی کہتا ہوں وصل مشکل ہے
کبھی کہتا ہوں کہ مجال نہیں

یاں انتظار میں ہے کٹی مجکو ساری رات
واں وعدہ کیا کیا تھا اُنھیں یاد بھی نہیں

دیکھوں تو لے ہے جان لک الموت کس طرح
تم وقتِ مرگ پاس سے اٹھنا ذرا نہیں

تسکیں نے لے کے نام ترا وقتِ مرگ آہ
کیا جانے کیا کہا تھا کسی نے سُنا نہیں

عیاری دیکھنا جو گلے ملنے کو کہو
کہتا ہے میں تو تم سے ہوا کچھ خفا نہیں

اشکِ سرخ آنکھ میں نہیں آئے روتے روتے دیکھنا
لعل کی ابتک سُنی تھی کہ نے معدن آب میں

باتوں ہی کے مشفق ہیں مرے حضرتِ ناصح
دو دن تو رہیں پاس مرے رنج و محن میں

چھیڑوں ہزار طرح سے تم کو خفا کروں
قابو میں میرے دل ہو تو کیا جانے کیا کروں

یہ تو بیچ ہے کہ جو تم چاہو گے کر گزرو گے
پر یہ ممکن نہیں ہم پر کبھی بیداد نہ ہو

مجھ بیگانہ کے قتل پہ گر ہے خوشی غیر
ظالم تو میرے واسطے اندوہگیں نہ ہو

آرام سے وہ پہلو میں بیٹھے کوئی گڑی
تسکیں جو اضطراب تجھے اسقدر نہ ہو

سینے رکھا جو پاؤں پر سر کو
بولے وہ ناز سے کہ بس سر کو

وہم آتا ہے مٹا کر خطِ پیشانی ہائے
اسمیں لکھا نہ اُس در کی جبیں سائی کو

آتے ہی اُنکے جان گئی واہ رے نصیب
نکلے جو آرزو تو دمِ واپسیں کے ساتھ

تھے جنسے گمان دوستی کے
دشمن وہ ہوئے ہمارے جی کے

دل دینے کی قتل ہی سزا ہو
قائل ہیں تمہاری منصفی کے

کیا تجھسا دِکھا دیا ہے بد خو
کیوں ٹکڑے کئے ہیں آرسی کے

وہ اپنے وعدہ پہ محشر میں جلوہ فرما ہیں
نہیں ہے ضعف سے ابنوہ میں گذار مجھے

شبِ وصال میں سُننا پڑا فسانۂ غیر
سمجھتے کاش وہ اپنا نہ رازدار مجھے

ہزار طرح سے کرنی پڑی تسلّی دِل
کسی کے جانے سے گو خود نہیں قرار مجھے

مرے یہ دیکھے ہیں آغازِ عشق میں تسکیں
کہ سوجھتا نہیں اپنا مآلِ کار مجھے

مرے قصور سے دیدار میں ہوئی تاخیر
نہ دیکھنا تھا تماشائے روزگار مجھے

جان تیری نہ اُس بابروئے خمدار کے آگے
ہیچ ہے نہیں تھمتا کوئی تلوار کے آگے

میں تیرے لئے ناصحِ مشفق سے لڑوں اور
تو کہوے بُرا یوں مجھے اغیار کے آگے

تیغ نگاہ یار اُچٹتے لگی تھی پر
برسوں گذر گئے مجھے آزار کھینچتے

اُس چشم پہ مرتا ہوں پہ وسواس ہے کیونکر
میں ذکر کروں مرنیکا بیمار کے آگے

ناز و ادا و غمزہ دے یوں دل لیا مرا
لیجائیں جیسے مست کو ہوشیار کھینچتے

یہ کہہ کے شبِ ہجر میں کرتا ہوں تسلی
جو رنج و مصیبت ہے سو انسان کیلئے ہے

دیکھتے ہی شوق نے ایسا کیا بے اختیار
حالِ دل کہنے لگے ہم یار کی تصویر سے

وہ مسیحا لب اگر آئے تو جی اٹھوں ابھی
ہاتھ اٹھایا چارہ ساز و تو نے کیوں تدبیر سے

چین سے بیٹھے ہے محفل میں تسکیں رات بھر
ہوئے پہچانا ہمکو رنگ کی تنویر سے

کر سکے وفن خاص کوئیں جو اجاب مجھے
خاکیں دل کی کدورت نے دیا داب مجھے

ہجر میں پاس نہ ہے زہر نہ خنجر افسوس
ندیئے موت کے بھی چرخ نے اسباب مجھے

قاصد آیا ہے وہاں سے تو ذرا تم تو سہی
بات تو کرنے دے اس سے دلِ بیتاب مجھے

نام تسکین اور یہ مضمون تہ پیش نازیبا
تھا تخلص جو سزاوار تو بیتاب مجھے

اب یہ حالت ہے کہ اک نالۂ بے درد و
میرے بچنے کی دعا مانگے ہے

بنا تسکین نہ وہ بت دوست اپنا
بگاڑی کس نے ساری جہاں سے

یتیا بیوں کی اور ہوس ہو تو آن کے
سما بے کہ دل مضطر میں گھر کرے

اے دل یہ تیرا خاک میں ملنا ہے بے اثر
وہ کر جو اسکی طبع مکدر میں گھر کرے

کسکو جی جانے سے ناصح توڑا جاتا ہے
یہی جاتا ہے محبت میں تو کیا جاتا ہے

دل کے لیتے ہی چلی جان یہ جلدی کہ نہ پوچھ
صبر بھی چند قدم پیچھے رہا جاتا ہے

مشق اور حسن میں ہے ربط ستم مجھپر ہے
جن جوں میں اسکو چھپاؤں وہ نہاں ہاتا ہے

دل جو اک شوخ سے اور شوخ بھی کافر سے لگا کر

تسکین - مرزا مظفر علی بیگ تسکین دہلوی - ایک تذکرے میں آپ کو مومن خاں کا شاگرد لکھا ہے مگر راقم کے خیال میں ان کے نام میں غلط فہمی ہوئی ہے یہ اور میر حسین مذکورہ سابق دراصل ایک ہی ہیں - بہرحال یہ انکا کلام ہے ؎

سر پر چڑھا ہے یا کہ رکھے ہمکو مار کے
بندے ہیں بال باندھے ہوئے زلف یار کے

افسوس پر نکلتے ہی کنج قفس ملا
دیکھے نہ دن خزاں کے نہ ہنگام بہار کے

یکساں ہیں دن خزاں کے ہمیں اور بہار کے

اتنا تو مانیو مرا بادِ صبا کہا
برباد یاں نہ اپنی پسِ مرگ بھی گئیں
خاکے اوڑائیو نہ ہمارے غبار کے
بن بن بگولے پھرتے ہیں میرے غبار کے

تسلّی - رائے ٹیکا رام تسلّی خلف بخشی گوپال رائے برادر خورد رائے بھولا ناتھ دیوان کچہری بخشی گری نواب شجاع الدولہ صوبہ اودھ پرگنہ کریل ضلع الٰہ آباد وطن تھا مگر یہ لکھنؤ میں پیدا ہوئے اور وہیں تربیت پائی۔ ریختہ میں مصحفی اور فارسی میں مرزا فاخر مکین کے شاگرد تھے امیرانہ بسر کرتے تھے۔ ۱۸۴۸ء میں حیات تھے۔ نہایت مہذب۔ خلیق قدردان اہلِ ہنر و کمال اور شعر و سخن کے دلدادہ تھے۔ کتاب سے عشق تھا چنانچہ ہزار ہا روپے کے صرف سے نادر الوجود دیوانوں کے نسخے کتب خانے میں جمع کئے تھے۔

دیکھے سماں جو اس مژۂ اشکبار کا
ہو جائے شق جگر رگِ ابر بہار کا
آنکھیں سحر تلک مری روتے لگی رہیں
کیا پوچھتے ہو حال شبِ انتظار کا
جسکے قدم تلے دلِ خوباں ملے گئے
مذکور کیا ہے اپنے دلِ خاکسار کا
فہمیدوالے کرتے ہیں دولت پہ کب گھمنڈ
کیا اعتماد زندگیِ مستعار کا
بھاگتا ہے مرے تصور سے
کس قدر بدگمان ہے کافر
دن پھرے پھر مگر تسلّی کے
اندنوں مہربان ہے کافر

کیا مونہہ جو کوئی آوے ترے تیر کے مونہہ پر
یہ ہم ہیں کہ مونہہ رکھدیا شمشیر کے مونہہ پر
جیسی تری تصویر لکھی کلکِ قضا نے
وہ حسن نہ دیکھا کسی تصویر کے مونہہ پر
گر دلمیں ہے خفا تو پھر اس بات کو ناداں
کہ بیٹھو مت عاشق دلگیر کے مونہہ پر
جانے دے تسلّی تو نکر فکر سخن کا
پھبتا ہے سخن مصحفی و میر کے مونہہ پر
کب مینے کہا پیارے تم مجھ سے جدا بیٹھو
پہلو سے مرے تکیہ پہلو کو لگا بیٹھو
آتے ہی کہا تمنے بس گھر کو میں جاؤنگا
آخر کو تو جاؤ گے یکدم تو بھلا بیٹھو
کیا جانے تمھیں کسنے یہ بات سکھائی ہے
جب پاس مرے آؤ تب مونہہ کو بنا بیٹھو

مانگا جو تسلی نے اک بوسہ تو دو پیارے
موہنہ پھیر کے ظالم نے یوں ہنسکے کہا بیٹھو

جو چاہے سلطنت اُسے ظلِّ ہما ملے
مجھکو یہی ہوس ہے کہ وہ مجھسے آملے

ہوتے نہیں تسلی کو ہوا اور کچھ تو تم
بوسہ ہر ایک شعر کا اُسکے صلہ ملے

اب بھی اِس نیمجان میں کچھ ہے
فائدہ امتحان میں کچھ ہے

کیوں ستاتا ہے دیکھ تو پیارے
اِس دلِ ناتوان میں کچھ ہے

تسلی - منشی میر شجاعت علی دہلوی شاگرد عزیز شاہ نصیر مرحوم مناجاتیں خوب کہتے تھے جن میں سے بعض ابتک مجالس صوفیہ میں پڑھی جاتی اور سامعین کے دلوں کو گرماتی ہیں - ایک پرانی بیاض میں چند غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب پیش کیا جاتا ہے - مضامین عاشقانہ اور معاملہ بندی کیطرف زیادہ توجہ مبذول رہتی تھی - طرز شعر خوانی ایسا مرغوب و پسندیدہ تھا کہ اُسکے انداز سے ظاہر ہوتا تھا کہ خود اپنا افسانہ بیان ہو رہا ہے - شاہ نصیر کے تلامذہ میں اپنے وقت کے جرأت سمجھے جاتے تھے آخر میں تعلقات دنیوی سے کنارہ کشی اختیار کرکے درگاہ قدم شریف میں سکونت اختیار کرلی تھی - اور وہیں عذر سے چند سال پیشتر انتقال کیا - کلام ملاحظہ ہو -

مجھ سے بدنام عبث لوگ اُسے کرتے ہیں
ہم نشیں وہ تو مرے پاس نہ آیا نہ گیا

سینے ہاتھ اُنکے جو ابرو کو لگایا تو کہا
ہے سزا تیری کہ کاٹوں ترے شمشیر سے ہاتھ

اِس طرح میلے کچیلے تو یہ آفت ہو تم
گر تکلف کر دو کچھ پھر تو غضب لاؤ اُجی

کیسی ٹھوکر جڑی ہے حضرتِ دل
پاؤں پر اُسکے سر دھرو تو سہی

مار ڈالا یہ کہتے ہی تمنے
کہ سحر ہو گئی اُٹھو تو سہی

قطعہ

جب کہا میں نے تپہ مرتا ہوں
تم گلے سے مرے لگو تو سہی

بولے وہ کیا مزے میں آئے ہیں
خیر ہے کچھ پڑے ہو تو سہی

قطعہ

غیر کے کل وہ لگ کے چھاتی سے
مجھے کہنے لگے سنو تو سہی

اسلئے اُسکے ہم گلے سے گلے	کہ ذرا جی میں تم جلو تو سہی
میاں جو کچھ تری سج دھج میں مزائی نکلتی ہو	کہاں مرزا مزاجوں میں وہ رعنائی نکلتی ہو
صبا مذکور جب کچھ لیچلی ہے تیری زلفوں کا	چمن سے بوئے سنبل ہو کے وائی نکلتی ہو
خدا سے ڈر برابر کر نہ اوروں کے تسلی کو	کہ تیرے عاشقوں میں انیں کیتائی نکلتی ہو

تسلی - ابوالخیر قطب الدین علی تسلی تلمیذ جناب علوی - حیدرآباد دکن محلہ شیدی عنبر میں اقامت گزیں ہیں - ۲۴-۲۳ برس کے نوجوان روزگار پیشہ ہیں - طبیعت ذہین اور مذاق ستھرا ہے یہ اُنکا کلام ہے -

اچھی لڑائیاں ہیں یہ اچھا ملاپ ہے	ٹھہرا ہے عین صلح لڑانا نگاہ کا
بخت سیہ پہ اپنے میں کیسے نہ جان دوں	پورا جواب ہے تری زلف سیاہ کا
عاشق کو کس سہارے سے اُمید زیست ہو	ملنا بھی اُس نے چھوڑ دیا گاہ گاہ کا
کس طرح دل چرانے کا پیدا گماں نہو	چوری کا ہے ثبوت چُرانا نگاہ کا
خدا سمجھے خدا سمجھے بتوں سے	میرا دل اور میرا ہی عدہ ہو جو
بیوفائی تیری کیا خاک ہمیں یاد رہے	یاد آتا ہے جو تو خود کو مٹا دیتے ہیں
مسیحا ہو مری جاں یہ مسیحائی کی باتیں ہیں	نہ پوچھا بھول کر بھی حالت بیمار کیسی ہے
الٰہی دونوں آنکھوں سے نظر تو ایک آتا ہے	لڑائی پھر میان کا فرد و بیدار کیسی ہے
وہ غمخواری کے پردے میں ستا جاتے ہیں مجھکو	یہ ہر دم پرسش حال دل بیمار کیسی ہے

تسلیم - منشی محمد کبیر خاں خلف امیر الدین نبیرۂ بدوخاں سرغنہ افاغنہ رامپور جوان وجیہ بردبار - متحمل مزاج اور خوش خلق تھے - نظم و نثر انشا پردازی میں طاق - شعر فہمی اور سخن سنجی میں اپنے ہمعصروں میں ممتاز تھے - علوم و فنون سے بقدر ضرورت ماہر تھے فکر رسا و فہم ذکا کی امداد سے کبھی کبھی شعر کوئی کی طرف بھی متوجہ ہو جاتے تھے - سو برس سے اوپر ہوئے جب قدرت اللہ شوق نے اپنا تذکرہ مرتب کیا تو آپ کا عالم

شباب تھا۔ کلام اُس تذکرہ سے منتخب کرکے درج کیا جاتا ہے۔ انتخاب سے ارباب فہم پر ظاہر ہو جائے گا کہ شعر بھی بُرا نہیں کہتے تھے۔ ملاحظہ ہو۔

اگر مدعا ہے مرا خوں بہانا — تو پھر کس لئے ڈھونڈتے ہو بہانا
ہوا سب کا تسلیم دشمن نہ تو بھی — کبھو دوست جانے نجانا نجانا
ولے اے بختِ سیہ پھر یہ ستم کیا ہو گیا — وہ جو سوتا تھا بغل میں رات میری سو گیا
مصروف ہے ازبس کہ تری وصف دہانکا — ہے فکرِ عدم کام دلِ ہیچمیدان کا
وہاں اُس نے ادا کی یہاں ہم ہو گئے تمام — سچ ہے کہ مرد مرتے ہیں تسلیم آن پر
رکھے ہے بسکہ وہ دلدار محبت سے دلیں غبار — بجا ہے نامہ گر اُسکو لکھوں بخطِ غبار
مہرِ سکوت لب پر مثلِ نگیں ہے میرے — اب قدرداں سخن کے تسلیم کم رہے ہیں
ہمیں کیا واعظ اندیشے سے محشر کے ڈراتا ہے — گلی میں اُسکی ہو رہتے ہیں ایسی شور و شر لاکھوں
غیروں کے تو گھر جا جا تم باتیں بناتے ہو — پھر یہاں تک جو آتے ہو کچھ اور بن آتے ہو
منظور اُٹھانا ہے میرا ہی مگر صاحب — غیروں کو جو تم ہر دم پاس اپنے بلاتے ہو
انصاف بھلا کیجے کس طرح بنے تم سے — اسطور سے ہر اک پر غصہ میں جو آتے ہو
گر بات کہی سیدھی تو ہوتے ہو ٹیڑھے تم — اور کاٹ کے ٹیڑھا ہو تو سیدھی سُناتے ہو
بھلا یہ کس نبی کا معجزہ تھا منصفو دیکھو — کہ دروازہ پہ جسکے ہوں کھڑے پیغمبر لاکھوں
ہم نشیں مت تنگ کر مجھکو عبث — بات ہے کچھ اُس دہاں کی گو نہ گو
ابتو اپنی جان سے تسلیم ہم — دل اُٹھا بیٹھے ہیں ہونا ہو سو ہو
تاب و توان و صبر و دل و زار چل بسے — تھے اِس جہاں میں اپنے جو غمخوار چل بسے
لختِ جگر جو پلکوں پہ رہتے تھے ہر گھڑی — اِن پلنوں کے ہائے وہ سالار چل بسے
وہ جو قصے ہیں سُنا کرتے تھے ہم طوفانِ نوح — سو وہ اِک پل میں دکھایا دیدۂ غمناک نے
پھر تو اُس آشنا کش کی دلا با تو نہ جاتا ہے — مجھے اِس سادگی پر تیری ناداں رحم آتا ہے

قطعہ

اسی منہ سے یسیحا اُسکا روکش ہوگا منہ دیکھو — وہ اک ٹھوکر سے سو مردوں کو دم میں جلاتا ہے
آفت جاں کچھ نہ اک ابرو کی وہ شمشیر ہے — کج نگاہی بھی تو جیسے بازگشتی تیر ہے
ہاتھ سے ان سیم بدنوں کے دلا سیماب وار — کشتہ ہو جانا ہی حق میں تیرے اب اکسیر ہے
کھڑا ہو بات تو سن لی مری ٹک او میاں بانکے — پڑا کیجے کہاں تک پاؤں کہ اس تیرے دربار کے
کیا ہے دیکھنے کو دل نے اُس محبوب کے روزن — نہ دیجو زخم کو سینہ کے اے جراح تو ٹانکے
حال اپنا کیا کہوں ہمدم کہ اُسکے ہجر میں — خون دل پیتے رہے اور درد و غم کھاتے رہے
ملگیا تھا رات تو خلوت میں وہ تنہا پر آہ — کچھ تو شرمایا وہ اور کچھ ہم بھی شرماتے رہے
کچھ تو اُس شوخ نے دلمیں لیا ہی جان مجھے — اسقدر جان کے ہوتا ہے جو انجان مجھے
اگر وہ وحشی رم خوردہ میرا رام ہو جاوے — تو پھر کیا اس دل بیتاب کو آرام ہو جاوے
جو وقت نزع ہی وہ تسلیم وہ خود کام آجاوے — تو اس ناکام کا پھر اک نگہ میں کام ہو جاوے

تسلیم — حاتم خاں قوم سے افغان اور رامپور رہیل کھنڈ کے رؤسا میں تھے علی بخش خاں کی شاگردی کا دم بھرتے تھے اور خوش کلام سخن ور تھے قبل از غدر حیات تھے۔ یہ چند شعر ان کے ہیں۔

شباب گیسوئے مشکیں کے عشق میں گذرا — پھرا کیا میں خطا میں تمام شب بہکا
کچھ اسکے حق میں ہے ہونگے وہ لب میگوں — یہ بات کیا ہے کہ تسلیم بے سبب بہکا
پہلے اے غنچہ و گل منہ تو ذرا بنوالے — کیجیو پھر دہن یار سے نسبت پیدا
کہربا کا ہے کو اس طرح سے تنکے چنتا — تیرے دیوانے کی کرتا جو نہ رنگت پیدا

تسلیم — مولانا ابوالبیان محمد سلیم الدین احمد نارنولی مصنف حدیقۃ المذہب جو مطبع یوسفی الور میں ۱۳۱۵ھ ہجری میں چھپی ہے، بہت طباع اور ذہین شخص تھے۔ استعداد علمی عالمانہ تھی۔ مسدس حالی کے جواب میں ایک مسدس بھی لکھا ہے۔ ریاست ہائے الور اور جے پور میں تمام عمر عہدہ ہائے جلیلہ پر ممتاز رہے۔ دریغا حسرت۔ ہے ہے فاضل عصر ۱۳ ۱۸۸۴ء

یہ دونو تاریخیں آپکی وفات کی ہیں۔ ۶۰ برس کی عمر میں بمقام نارنول انتقال کیا۔

مرا ایمان اے کافر تری نازک ادائی پر
کہ تقوی کھو دیا تسلیم سے مرد مسلماں کا

دیکھا ہو جسنے وصل وہی جانے ہجر کو
اپنی تو ساری عمر کٹی انتظار میں

اُنھیں سرگراں محجوبگی کی رکھا
بُرا ہو تمنائے دشوار کا

اجابت کو پہنچیں یہ دونوں دعائیں
ہوئیں گرچہ اور ہو رہی ہیں خطائیں
بلائیں یہ اُمت پہ آئیں نہ آئیں
نہ بدلیں نہ بدلیں گی شرعی بنائیں

قیامت کے ڈھب میں غضب کے فسوں ہیں
مگر اہلِ اُمت وہی جوں کے توں ہیں

گر ایسا نہ ہوتا ازل میں مقدر
کہ ڈوبے گی اُمت گناہوں میں اکثر
تو ہرگز دعا یوں نکرتے پیمبر
ہر اک بات کا اک محل ہے مقرر

اُسی کے لئے عافیت کی دعا ہے
جسے کوئی بیماریٔ جانگزا ہے

سو یہ حالت اب اہلِ اسلام کی ہے
مسلمانی اُن میں فقط نام کی ہے
درغبت شریعت کے احکام کی ہے
نکچھ فکر آغاز و انجام کی ہے

نہ شرمِ نبی ہے نہ خوفِ خدا ہے
غم نفس ہے اتباعِ ہوا ہے

تسلیم

تسلیم۔ سخنور ذکی فہیم منشی انوار حسین۔ تسلیم سہسوانی خلف منشی اقشام الدین مدت مدید تک منشی نول کشور کے مطبع کے متوسل رہے۔ شیخ علی بخش بیمار کے شاگرد رشید تھے۔ آپ فن سخن میں مشاہیر سے تھے۔ تاریخ گوئی میں ایسا ملکہ رکھتے تھے کہ اُن کی مثال کم نظر آتی ہے۔ چنانچہ انواع و اقسام کی صنائع و بدایع سے آپکی تاریخیں مملو ہوتی تھیں۔ اُن کے شاگردوں میں راجہ کشن کمار وقار رئیس سہسپور بلاری بڑے خوش کلام ہیں۔

حضرت تسلیم کی عزیز زندگی کا بڑا حصہ اُنھیں کی سرکار میں گذرا۔ اُنکی تصنیف سے ذیل تاریخ مثنوی سعدین لمخص تسلیم۔ چھپکر شایع ہوچکی ہیں اور راقم کے کتب خانہ میں موجود ہیں مگر ابھی دیوان شایع نہیں ہوا ہے۔ شعر اچھا کہتے تھے۔ عاشقانہ اور تشبیہ دونو طرزیں ملی جلی ہیں سادگی اور صفائی بھی موجود ہے۔ اِن کے پختہ مشق اور مشاق سخنور ہونے میں کسکو کلام ہوسکتا ہے۔ فارسی بھی کہتے تھے۔ تاج المدایح فن ضائع و بدایع میں فارسی زبان میں مدح نواب کلب علیخاں بہادر والیٔ رامپور میں اور مثنوی تاج الکلام مدح نواب شاہجہاں بیگم والیہ بھوپال میں لکھی ہیں۔ ۶۰ سال ہوئے عالم ضعیفی میں انتقال کیا۔

۲۱۔ رجب سنہ ۱۲۳۰ ہجری کو پیدا ہوئے اور ۱۲ شوال سنہ ۱۳۰۹ ہجری روز دوشنبہ کو وفات پائی خورشید علی انکا تاریخی نام ہے۔ افسوس باوجود انتہا درجہ کی کوشش کے صرف اِسی قدر کلام ملا ملاحظہ ہو۔

ہے مومیا شکستہ دلوں کو شکستِ زلف
مشکل کشائے جوشِ جنوں بندوبستِ زلف

ایک ایک حلقہ بنتا ہے حلقہ کمند کا
ہے فتح کا نشان سراسر شکستِ زلف

تسلیم کیئے یارسے اندھیر ہے یہ کیا
عشقت سپرد بکیسرہ مارا بدستِ زلف

نکتہ داں ہوں کیوں کہوں اُسکا وہاں ملتا نہیں
نقطۂ نونِ دہن سے کیا نشاں ملتا نہیں

آفتابِ اوجِ شہرت میں نہیں سکتا ہے حسن
جب تک اِسکو کوئی رسوائے جہاں ملتا نہیں

گھل گیا اپنا بدن غم میں ترے اے شعلہ رو
مثل شمع سوختہ اک استخواں ملتا نہیں

پھیر دی جھاڑو یہ کیسی ہائے میرے باغ میں
آنکھ پر رکھنے کو تنکا اے خزاں ملتا نہیں

میرا فریادی سوال اور اُنکا شاکی ہے جواب
بے دہن دلبر سا مجھ سا بے زباں ملتا نہیں

رنگ جمنے کا نہیں تسلیم اس گلزار میں
ہمصفیروں سے میرا طرز بیاں ملتا نہیں

مانندِ ابر اشک سے دامن بھگوئیں کیوں
اک بوند آبرو ہے اُسے ہم ڈبوئیں کیوں

یہ عشق نے کر کے کیا ناتواں مجھے
ہے رشتۂ حیات بھی بارِ گراں مجھے

بوسے کا نام سنکے چباتا ہے اپنے ہونٹ
میرا یہ منھ کہ وصل کی دے وہ زباں مجھے

دیکھا جو اُس نے تختۂ نرگس میں آئینہ
لاکھ آنکھوں نہیں دکھائی دیں دو تپلیاں مجھے

یہ پھیکے غمزے نہ کرو اُٹھو چلو بیٹھو
اپنی سلامتی ہے تو سو دلستاں مجھے

داغِ فراقِ یار کے سر پر مرے قدم
مدت کے بعد ایک ملا میہماں مجھے

میرے وضو کو لاؤ شرابِ دو آتشہ
کرنی ہے آج بیعتِ پیرِ مغاں مجھے

سچ ہے مثل بھلائیگا بدلہ بُرائی ہے
میں دوں دعائیں دیتے ہو تم گالیاں مجھے

کرتے ہیں یاد وہ کہ اجل نے کیا ہے یاد
آتی ہے آج ہچکیوں پر ہچکیاں مجھے

ہر معرکہ میں کھلتے ہیں جوہر کمال کے
مانندِ تیغ تیز ملی ہے زباں مجھے

حال یہ اُن کی انجمن میں ہے
ہر سخن معرضِ سخن میں ہے

وہ جو نئی تازہ اوپج وہ مری فریاد کی ہے
باغباں لوٹ ہے حالت بُری صیاد کی ہے

شانِ محبوبی کی دشمن ہے رکھائی آپکی
دیکھو دیکھو چھوٹی ہوتی ہے بڑائی آپکی

باج لے تارِ نظر سے اور رگِ جاں سے خراج
آپ کی پتلی کمر نازک کلائی آپ کی

ننگے ہو جاتے ہو بزمِ غیر میں پی کر شراب
خوب کھُل کھیلی ہے اب تو پارسائی آپ کی

یاد رکھو میں بھی اپنے نام کا تسلیم ہوں
گر گڑا کر ہو گی منت کش رکھائی آپکی

تسلیم

تسلیم۔ لالہ دیبی پرشاد تسلیم فرخ آبادی ابن لالہ ماد ھو رام جوہر شاگرد سید اسمٰعیل حسین منیر شکوہ آبادی۔ قوم کے ویش اور بڑے نامی گرامی ساہوکار تھے۔ غدر کے بعد تک حیات تھے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

بیمارِ محبت کو شفا ہو نہیں سکتی
اچھا یہ مرض ہے کہ دوا ہو نہیں سکتی

فریاد سے کیا فائدہ ہنگامِ مصیبت
کچھ آہ ضعیفی میں عصا ہو نہیں سکتی

تیرِ نگہِ یار سے کیوں دل کو بچائے
تسلیم سے ہرگز یہ خطا ہو نہیں سکتی

تسلیم

تسلیم۔ سخنور ہمپایۂ قدسی و کلیم۔ منشی امیر اللہ صاحب تسلیم۔ خلف مولوی عبد الصمد مرحوم

اصل وطن فیض آباد ہے۔ پہلے مدتوں لکھنؤ رہے اب عرصہ دراز سے متوسل سرکار رام پور ہیں مرزا اصغر علی خاں مرحوم نسیم دہلوی کے شاگرد رشید بلکہ فدائی ہیں۔ مدت ہوئی کہ آپ کا پہلا دیوان موسوم بہ نظم ارجمند چھپا تھا اس کے بعد دو دیوان اور مرتب کئے ہیں۔ مثنوی نالۂ تسلیم و دل و جان و صبح خنداں ان کی تصانیف سے مشتہر ہو چکی ہیں اس وقت نوے برس کے قریب عمر ہے۔ متاخرین شعرا میں آپ ہی جیسے دو ایک دم باقی رہ گئے ہیں۔ سنِ ولادت کے بارہ میں آپ ارقام فرماتے ہیں کہ جس سال غازی الدین حیدر مسند نشین ہوئے میں پیدا ہوا اس حساب سے ۱۸۲۰ء سال ولادت سمجھنا چاہئے۔ نواب کلب علیخاں بہادر کی زندگی تک بہ آسایش بسر کی اُس وقت تمام مشاہیر شعرائے ہند کا مجمع رام پور میں تھا اور باہم ایک دوسرے کو خوش نوایانِ سخن کے ساتھ زمزمہ سنجی کا لطف آتا تھا۔ آپ کے مسلم الثبوت اُستاد اور موجودہ شعرا میں نہایت بلند پایہ اور عالی رتبہ ہونے میں کس کو کلام ہو سکتا ہے۔

راقم تذکرہ پر کمال عنایت فرماتے ہیں۔ اپنا دوسرا دیوان بھی عنایت کیا تھا۔ آپ کے شاگرد رامپور اور لکھنؤ میں بکثرت موجود ہیں جنمیں فی زماننا فضل الحسن حسرت موہانی و عرش مشہور ہیں۔ کلام کے متعلق خود دیوان کے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں "ہنوز نظم ثانی کی نوبت نہ آئی تھی اطمینانِ خاطر نے صورت نہ دکھائی تھی۔ دیوان مجزا تھا مجلد نہوا تھا کہ احباب دیکھنے کے واسطے لے جانے لگے۔ مزہ نظم کا اُٹھانے لگے جب مجکو واپس دیئے گئے تو میں نے صندوق میں رکھدیا۔ پھر مدت تک نہ دیکھا جب صاحبانِ طبع نے واسطے طبع کے طلب فرمایا تب خیال آیا کہ ایک نظر دیکھ کر اطمینانِ دل حاصل کروں نقصانات کو نکالکر کامل کروں۔ دیکھا تو جابجا سے ابتر پایا اکثر کمتر پایا۔ معلوم بارہوں کی بے پروائی سے تلف ہوا یا اپنا دیوان ناقص کامل کرنے کی غرض سے کلام چرا لیا۔

ناچار پھر باقی ماندہ کو ردیف وار لکھا از سرِ نو ترتیب دیا بس پھر ایک جگہ جمع کیا" اس

دوسرے دیوان کا نام آپنے نظم دل افروز رکھا ہے۔ کلام میں فصاحت بلاغت۔ متانت شوخی۔ کمال کے درجے تک پہنچی ہوئی ہے۔ قوت متخیلہ و قوت ممیزہ دونو اعلیٰ درجہ کی زبردست عطا ہوئی ہیں۔ ہر وقت طلب مضمون کو اس سادگی اور صفائی سے قلم بند فرماتے ہیں کہ اس کی تعریف نہیں ہو سکتی۔

نہایت منکسر المزاج اور باوضع بزرگ ہیں۔ خوش نویسی میں بھی ید طولیٰ حاصل ہے ابتدائے زمانہ میں یہی شغل رہتا تھا۔ اب بھی کبھی کبھی اسکے مشق جاری رہتی ہے۔ واقعی اس وقت آپکا دم مغتنمات روزگار ہے۔ اللہ تعالیٰ آپکے انفاس میں برکت دے۔ آپکا اصل وطن گو قصبۂ بدیع السرار عرف بدوسرائے مضافات دریا آباد میں ہے اور عمر شریف کا بہت سا حصہ بھی لکھنؤ ہی میں بسر ہوا ہے مگر آپ کو اپنے استاد والانژاد حضرت نسیم دہلوی سے اسقدر عقیدت و ارادت ہے کہ ہمیشہ سے آپکی وضع بھی قدیم دہلی کے درباری لوگوں کی سی رہی اور دلی کی تعریف بھی آپ ہمیشہ فرماتے رہتے ہیں چنانچہ آپکا قول ہے کہ "میں ہوں تسلیم شاگرد نسیم دہلوی ۔ محکوط طرز شاعران لکھنؤ سے کیا غرض" آپکے کلام کا رنگ بھی وہی ہے اور اکثر اوقات آپنے بالخصوص اہل دہلی کے رنگ میں غزلیں کہی ہیں استاد کو بھی آپکی شاگردی پر فخر تھا اور واجبی فخر تھا آپکے کلیات میں حضرت نسیم کی ایک تاریخ ہے جس سے استاد کا وہ اعلیٰ خیال صاف مترشح ہوتا ہے جو اپنے شاگرد کے متعلق انکے دلمیں تھا تاریخ از نسیم دہلوی

چوں نظم نمود این فسانہ	تازہ گلبن ز باغ تعلیم	گفتم نسیم سال تصنیف	قربان بجمال فکر تسلیم

کعبہ سے بتکدہ کو گیا بھی تو کیا ہوا
میں دیکھتا وہاں بھی تری شان ہی رہا

شان خدا جو دیکھ لی حسن بتاں میں شیخ
اتنی سی بات میں میں گنہ گار کیا ہوا

دم دیا ہے حرم و دیر میں کس کافر نے
کلمہ پڑھتے ہیں یہ سب گبر و مسلماں کس کا

جلوہ گر ہے کون کسکا کرتی ہے حسرت طواف
کعبۂ دل پر مرے عالم ہے بیت اللہ کا

شبنم گری تو سمجھے دیا آسماں نے غسل
خاک اڑ کے آپڑی تو ہمارا کفن ہوا

پھول سے رخ کا نظارا ہمیں کرنے نہ دیا
دامن دل گل امید سے بھرنے نہ دیا

ہٹ اُسکی رہ گئی یہ بڑی بات ہے مجھے
دِل چیز کیا تھا ہاتھ سے اپنے گیا گیا

اب ہاتھ کیوں اُٹھاتے ہو تم سوئے آسماں
بالیں پہ موت آگئی وقتِ دُعا گیا

مایوس دادخواہِ ستم کیوں ہیں حشر میں
اللہ بھی بتوں کا طرفدار ہو گیا

کل گئے ہیں آج وہ آئینگے لیکن کیا کہوں
دو ہی دن میں دل کو میں دِل مجکو دو بھر ہو گیا

کیونکر کہوں وہ فتنۂ محشر نہیں ملتا
ملتا ہے مگر دِل سے ستمگر نہیں ملتا

گیسو کی محبت میں سنبھلا ہی نہیں جاتا
اس پیچ سے کیا نکلوں نکلا ہی نہیں جاتا

دریائے محبت میں ڈوبا ہوں کچھ ایسا میں
ہر چند اُبھرتا ہوں اُبھرا ہی نہیں جاتا

دِل ہوا زخمی جگر محرومِ پیکاں رہ گیا
ایک کا ارمان نکلا اک پُر ارماں رہ گیا

پارسائی کیسی اے زاہد بتوں کے عشق میں
میں اسی کا شکر کرتا ہوں کہ ایماں رہ گیا

محتسب لذتِ مے سے نہیں واقف ورنہ
سر بازار لئے شیشہ و ساغر پھرتا

گلفشانی گر یہی ہے شمع تربت کی مری
دیکھ لینا قبر پر پھولونکا بستر ہو گیا

ہائے کیونکر نہ کروں میں گلہ محرومی کا
لاکھ ارمان تھے اور ایک بھی پورا نہ ہوا

عمر بھر رشکِ عدو ساتھ تھا کہتا کیا حال
وہ ملا بھی کبھی تنہا تو میں تنہا نہ ہوا

پردہ محمل تو اُٹھے دید لیلےٰ کے لئے
ذرہ ذرہ چشم قیس ناتواں ہو جائیگا

شکر کر سر حلقۂ رندانِ بادہ نوش ہے
اور کیا اے شیخ تو پیرِ مغاں ہو جائیگا

روز جانے سے یار بدظن تھا
شوقِ دل دوستی کا دشمن تھا

شکر کر کے رہے زخمِ جگر
کہہ گئی قاتل زبانِ تیر کیا

قطرۂ خوں بھی نہیں دل میں مرے
ہائے تر ہو گی زبانِ تیر کیا

کچھ کہہ دو جھوٹ سچ کہ توقع بندھی رہے
توڑو نہ آسرا دلِ امیدوار کا

قربان ہو گا اور کی بانکی ادا پہ کیا
دِل ہی نہیں رہا وہ ترے جاں نثار کا

تسلیم کس کے واسطے بیٹھے ہو گھر چلو
کیا اعتبار وعدۂ بے اعتبار کا

ایسے خوش خوش چلے آتے ہیں حرم سے تسلیم
جیسے بت خانہ گئے تو خدا کا دیکھا

خاک ہونے سے خاک ہاتھ آیا
جب میں تیرا ہی نقشِ پا نہ ہوا

ہم نے کعبہ میں بھی سجدہ کیا
جس جگہ تیرا نقشِ پا نہ ہوا

برسوں لبیک خواں رہا تسلیم
حجِ کعبہ کبھی قضا نہ ہوا

پر خدا جانے بت پرستی میں
کیا مزا تھا کہ پارسا نہ ہوا

عیش و غم وادیِ غربت میں خدایا کیسا
دھوپ کیسی سرِ پُر شور پہ سایہ کیسا

مرنے سے کیا ہمارے تمکو ملال ہوگا
وہ ہم نہیں پیارے جس کا ملال ہوگا

میں کیا کہوں جو تمکو پیارے ہیں کیوں لہو کے
مذہب میں کافروں کے یہ بھی حلال ہوگا

دل مرا تھا گر گیا گم ہو گیا جاتا رہا
غم تمھیں کاہے کا ہے جاتا رہا جاتا رہا

ڈھونڈھتا ہے روز و شب لیکر چراغِ مہر و ماہ
کیا ترا اے آسمانِ پر جفا جاتا رہا

وعدہ جو کیا شام کو وقتِ سحر آئے
اس ماہ میں خورشید کا عالم نظر آیا

کیا خاک رکھا تھا دلِ پُر شور نے باقی
جو اور جلانے مجھے داغِ جگر آیا

اللہ رے ہمدردیِ یارانِ خرابات
خالی جو ہوا شیشۂ دل جام بھر آیا

جیتا ہوں نہیں جینے کی جبتک مجھے امید
مر جاؤں گا بالیں پہ مسیحا اگر آیا

آرام نہیں گردشِ پیہم سے کسیکو
عالم مجھے فانوسِ خیالی نظر آیا

اے واعظِ مسجد رہ بتخانہ بتا دے
مستی میں نہیں ہوش کدھر تھا کدھر آیا

دے دلمیں جگہ صورتِ آئینہ ہمیشہ
حیرت کدۂ دہر میں جو کچھ نظر آیا

تسلیم بیاباں سے سوئے خانہ پھروں کیا
آیا دلِ عاشق کیطرح میں جدھر آیا

خوب ہوتی ہے بسر میخانہ میں لیل و نہار
رات بھر کرتے ہیں توبہ پیتے ہیں دن بھر شراب

مرقد میں سفیدی جو کفن کی نظر آئی
سمجھا میں پسِ مرگ مرے ساتھ گڑی دھوپ

ہر اک ذرہ ہے چشمِ قیس لیلیٰ
اُٹھانا پردہ محمل سمجھ کر

سزاوارِ ادب ہے کوئے قاتل	اوڑا نا خاک او بسمل سمجھ کر
وقتِ پیری لے اُڑی آخر ہوائے میکشی	شیخ بتخانہ میں جا بیٹھا مصلے چھوڑ کر
غنچہ بھی خاموش گل خنداں عنادل نعرہ زن	اُڑ گئی بادِ صبا اچھا شگوفہ چھوڑ کر
بُوند بھر پانی کی بھی اُمید اپنے سے نہیں	دیکھ دریا چل دیا ساحل کو پیاسا چھوڑ کر
یہ قسمت اپنی اپنی تن پڑا ہے بے کفن اب تک	جگہ دی آسماں نے خون کو قاتل کے دامن پر
میں عاشق ہوں تو نکیا ملوں اب شیخ کعبہ سے	کہ بیعت کر چکا ہوں دیر میں دستِ برہمن پر
کون آیا تھا نہانے کو کہ جسکے ہجر میں	موجِ دریا سر پٹکتی ہے لبِ ساحل کے پاس
جلاتی ہے خموشی صورتِ شمع	کبھی دل کی نہیں آتی زباں تک
کیا خبر مجکو خزاں کیا چیز ہے کیسی بہار	آنکھیں کھولیں مینے اگر خانۂ صیاد میں
اور ہیں جنکو ہے شاگردی پر اے تسلیم ناز	میں نسیم دہلوی کے کفش بردار و نہیں ہوں
تھک گئے ہم حسرتِ شوقِ شہادت کم نہیں	مجھ سے دم لیلو اگر تیغِ ستم میں دم نہیں
دائے غفلت اب بھی اُمیدِ شفا یارو نکو ہے	دم دعائیں کر رہے ہیں اور مجھ میں دم نہیں
بیخودی کا ہو بُرا کیسے پشیماں آج ہیں	آپ آئے آپ میں بدقسمتی سے ہم نہیں
سرسبز باغِ دہر میں اہلِ قلم نہیں	دیکھی ہری بھری کبھی شاخِ قلم نہیں
کیونکر کہوں کہ لطف بھی انکا ستم نہیں	کب آئے دیکھنے کو کہ جب مجھ میں دم نہیں
اُسکی سحر نہ اسکی زمانے میں شام ہے	فرقت کی شب بھی روزِ قیامت سے کم نہیں
کہتے ہیں آنکھ ملتے ہی دلہائے خلق کیوں	جادو اگر نہیں ہے تمہاری نگاہ میں تو
واعظ خدا شناس نہ ہوگا تمام عمر	ابتک پڑا ہوا ہے حرام و حلال میں
وہ برق میں شوخی وہ لگاوٹ تھی ہوا میں	دی رخصت مے خود مجھے توبہ نے گھٹا میں
پسنا ستمِ چرخ سے مُنہ اُف سے نکرنا	یہ بات مرے دل میں ہے یا برگِ حنا میں
غیروں ہی سے ہر دم نہ لڑایا کرو آنکھیں	حصہ ہے مرا بھی نگہِ ہوش ربا میں

اللہ سے کہتا کہ حسینوں کو وفا دے
تسلیم جو پاتا میں اثر اپنی دعا میں

شکر کر شکر کہ میخانہ میں اے پیرِ مغاں
ایک عالم کو ترا دستِ نگر دیکھتے ہیں

کون آنکھوں میں سمایا ہے کہ ہم کو ہر دم
وہی صورت نظر آتی ہے جدھر دیکھتے ہیں

صفتِ مردمکِ چشم ہیں گو خانہ نشیں
گھر میں بیٹھے ہوئے عالم کو مگر دیکھتے ہیں

افسوس پڑ گئے ہیں کفِ پا میں آبلے
آیا ہے بے وفا کبھی مجھ تک جو خواب میں

بھلائی کی آنکھوں سے جب دیکھئے
سوا اپنے کوئی بُرا ہی نہیں

قیامت کی ہے بیتابی سرشکِ چشمِ گریانیں
کبھی پہلوئے مژگانیں کبھی آغوشِ داماں میں

دمِ طفلی سے میں ہوں آشنائے مرگ دورانیں
فلک نے مجھکو پالا دامنِ شمشیرِ عریاں میں

بنی ہے یہ مرے دم پر کہ میں پچھلے پھر آخر
اجل کو ڈھونڈھنے نکلا شبِ تاریک ہجرانیں

نظر کرلے ستمگر ربط باہم اسکو کہتے ہیں
کہ پیکاں دلمیں ہے دل نازبردارئ پیکانیں

بھڑک اٹھی لگی دل کی ہجومِ اشکِ گریہ سے
تماشا ہے مرا گھر جل رہا ہے عین بارانیں

شہیدانِ محبت کا نرالا سب سے کعبہ ہے
جھکائے سر ہیں محرابِ خمِ شمشیرِ عریانیں

ہوا میں زندۂ جاوید ہو کر قتل اے قاتل
بجھی تھی کیا تری شمشیر موجِ آبِ حیوانیں

جھکا دو شرم سے عالم دکھا کر قدِ موزوں کا
اٹھایا ہے بہت سرو سہی نے سرگلستانیں

چلو گھر خاک بھی ڈالو حنا کا خون ہوتا ہے
کفِ افسوس ملتے ہو کھڑے گنجِ شہیداں میں

حسینوں سے بگڑنا اور دلکو داغ دیتا ہے
بہت روئی زلیخا بیچکر یوسف کو زنداں میں

شہیدِ تیرِ قاتل ہوں مجھے کیوں غسل دیتے ہیں
کہ میری جان نکلی ہے نہا کر آبِ پیکانیں

بہت دیکھا سُنا ہے ایک ہو تم دونوں عالم میں
نہ پریاں قاف میں ایسی نہ حوریں باغِ رضوانیں

نکل جاونگا مثلِ نالۂ زنجیرِ زنداں سے
ترے مدفن کھلی آنکھیں تو اس دنیا کو یہ سمجھے

ڈراتا کیوں ہے اے تسلیم واعظ مجھکو دوزخ سے
نظر آتی تھیں کچھ شکلیں ہمیں خوابِ پریشانیں

مرا حصہ نہیں ہے کیا خدا کے فضل و احسانیں

لے چلے ہیں دشت سے کیوں اقربا سوئے وطن
ابتو مجکو وادیِ غربت بھی گھر سے کم نہیں
خاک عزت نہیں نوکر ہیں کریں کیا تسلیم
آٹھویں ساتویں دربار چلے جاتے ہیں

ہجوم مستی ہے بیخودی ہے خمار جوشِ شباب میں ہوں
یہ دیکھنے کو کھلی ہیں آنکھیں وگرنہ بیہوش خواب میں ہوں
تماشے بحرِ جہاں کے دیکھوں فنا سے اتنی کہاں ہے فرصت
ہوا کی مانند کوئی دم گو اسیرِ قیدِ حباب میں ہوں

اتنی مدت گذری غربت میں کہ دل تک بھولکر
ابتو یارانِ وطن کی یاد بھی آتی نہیں
بادہ کش میں نہ کہونگا کبھی واعظ کو غلط
مے کا شیشہ وہ دھرا ہے یہ منبر دیکھو
گردشِ بخت بہت دیکھ چکے اے تسلیم
چلکے میخانہ میں اب گردشِ ساغر دیکھو
دو پھول کے لئے بھی ترسنا پڑے ہمیں
شمعِ سرِ مزار اگر گلفشاں نہ ہو
کرتے ہیں سجدے اسلئے دیر و حرم میں ہم
کیا جانیے وہ شوخ کہاں ہو کہاں نہ ہو
بلا سے وہ نہیں آتے نہیں یاد انکی تو آتی ہے
غنیمت جانتا ہوں میں شبِ تاریک ہجرانکو
نکالی ہمنے یوں تسلیم حسرت وصلِ قاتل کی
لگایا ہے گلے سے تیغ کو سینے سے پیکاں کو
امانت جانکر اے داورِ محشر کلیجے سے
لگا رکھا ہے مینے آج تک قاتل کے پیکانکو
ملیں صبح وطن کی آرزوئیں خاک میں آکر
مبارکباد دے آے بیکسی شامِ غریباں کو
کبھی کا ارادہ کئے نکلے تو ہیں گھر سے
آجائے وہ بت سامنے اسدم تو مزا ہو
طفلی سے جو بت شوخ ہو آفت کا بنا ہو
وہ فتنہ جوانی میں قیامت نہ کیا ہو
اب تمھیں کام مرے حال زبوں سے کیا ہے
جسطرح ہوتی ہے اوقات بسر ہونے دو
میرے ہر اشک سے عالم میں اک طوفان برپا ہے
طلسم تازہ ہے آغوش میں قطرہ کے دریا ہے
نہ پوچھو ماجرا داغ جگر کا ہمنشیں مجھ سے
چراغِ طور ہے بے روغن و آتش کے جلتا ہے
نہ پوچھو کس پہ مرتا ہوں یہ منہ پھیرے جو بیٹھے ہیں
انھیں پر جان جاتی ہے انھیں پر دم نکلتا ہے

وہ مجنوں ہوں کہ لطفِ وصل حاصل ہو جدائی میں
ہر اک تارِ نفس سے آتی بوئے زلفِ لیلےٰ ہے

شانِ اللہ کی تسلیم بھی بت خانے سے
آج کعبے کو چلے شیخ کے بہکانے سے

جی گیا ہجر میں اے مرگ ترے آنے سے
زندگانی نظر آئی مجھے مر جانے سے

نہ آئے تم مری اُمید مجھ سے
سحر تک طعنے دے دے کے لڑی ہے

میں شرم خاک کروں خرقۂ ریائی کی
کہ چھینٹ بھی نہیں زاہد میں پارسائی کی

ہزار بار پلائی ہے اور ہیں سے شیخ
حرم میں بیٹھ کے لیتا ہے پارسائی کی

بخت برگشتہ ہے اچھی بھی بُری ہو جائیگی
دوستی جس سے کرونگا دشمنی ہو جائے گی

دیر کیا آنے میں ہے اے شورِ محشر آکہیں
دو گھڑی یاروں کی تجھ سے دل لگی ہو جائیگی

دل ہے داغستاں ہزاروں داغ ہیں اے چارہ گر
ایک دو مٹنے سے ظالم کیا کمی ہو جائیگی

کیا جمالِ یار دیکھیں گے کہ موسیٰ کی طرح
دشمنِ نظارہ اپنی بیخودی ہو جائے گی

کہیں کیا دین و ایماں کیا ہے تسلیم سیہ روکا
وہ اک مردِ خراباتی ہے رندِ لاابالی ہے

اے جاں شبِ فراق کے صدمے نہ پوچھئے
یہ حال تھا کہ موت بھی بالیں سے ٹل گئی

دل چُرا کر لے چلے ہو دیکھو یہ اچھا نہیں
منہ چھپاؤ لاکھ تم صورت سے پہچانی ہوئی

اب آؤ یا نہ آؤ موت سے فقرہ نہیں چلتا
کہیں اے یار وقت آیا ہوا وعدوں سے ٹلتا ہی

لبوں تک آکے پھر جاتی ہے جانِ منتظر میری
نہ وہ بیرحم آتا ہے نہ میرا دم نکلتا ہے

بُرا ہو سوزشِ دل کا کہ تنگ آیا جو سینے میں
دھواں بنکر خیالِ کاکلِ پرخم نکلتا ہے

یہ تب ہے ترے ناوک کا جب آتا ہے او قاتل
پئے تعظیم دروا اُٹھتا ہے تن سے دم نکلتا ہے

بدل جاتی ہے دو ساغر میں کیفیت طبیعت کی
فقیر آتا ہے میخانے سے بنکر جم نکلتا ہے

یارب نہ پڑے دل بُتِ بدکیش کے پالے
یہ دوست نہ ہو دشمنِ کافر کے حوالے

آرام ہے معشوق کے ہاتوں سے اذیت
گر داغ بھی دے چاہیے چھاتی سے لگالے

سچا ہے اگر دعویٰ دل اے بُتِ کافر
رکھدیں اسے مسجد میں قسم کھا کے اُٹھالے

عزت یہ ملی برہنہ پائی سے جنوں میں
سر پر لے پھرتے ہیں مجھے پاؤں کے چھالے

بے گور و کفن لاش غریبوں کی پڑی ہے
اے دامن صحرائے جنوں تو ہی چھپالے

اُٹھکر مری بالیں سے وہ جاتے ہیں دمِ نزع
باتوں میں گھڑی بھر کوئی للہ لگا لے

کیا رشک سے کہتا نہیں اس سے دمِ رخصت
اللہ نگہبان ہو خالق کے حوالے

تسلیم کہیں دشت نوردی کے شرف کیا
ہیں تاج سر خارِ جنوں پاؤں کے چھالے

انتخاب قصیدہ در مدح نواب حامد علیخان صاحب والیِ رام پور

فریدوں مرتبہ حامد علیخاں صاحبِ شوکت
کہ جس کا نقش پا ہے تاج فرقِ سنجر و قیصر

مجھے حیرت ہے دوں تشبیہ کس سے شان و شوکت میں
نہ دارا شہ کا ہمرتبہ نہ ہمپایہ ہے اسکندر

بلندی پر جو آئے خاک اس کے اسپ جولاں کی
بنائے آسمانِ پیر کُحل دیدۂ اختر

نہیں ہیں نام کے بدکار بھی تعذیر سے بے غم
چھپا مٹھی میں معشوقوں کی ہے وزدِ حنا جاکر

مقابل اس شجاع دہر سے کیا فوج اعدا ہو
نکلتی ہے اجل بھی سایۂ شمشیر سے بچکر

برش دکھلائے دشمن کو اگر تیغ دوپیکر کی
نظر آئے نہ سر تن پر نہ سر پر آہنی مغفر

دمِ بخشش جو دیکھے درفشانی دستِ ہمت کی
خجالت سے معاً پھر جائے پانی ابر نیساں پر

گرائے اپنی نظروں سے جو اسکی ہمت والا
بر نگ قطرۂ شبنم بنے بے آبرو گوہر

یہانتک عہد میں اسکے ستمگر مہر پیشہ ہیں
کہ شیر گرسنہ جیتا ہے غم روباہ کا کھا کر

چمن میں بھی پڑھا جاتا ہے خطبہ اسکی عظمت کا
خطیبِ خوش بیاں بلبل ہے شاخِ نخل گل ممبر

تسلیم — جناب منشی رام سہائے صاحب تسلیم سابق ڈپٹی کلکٹر ضلع علی گڑھ ارشد تلامذہ مرزا حاتم علی بیگ مہر منفور شاگرد رشید شیخ ناسخ مرحوم ان کے دو دیوان مسمی غنچۂ مراد و نغمۂ آرزو نظر سے گذرے شعر اچھا کہتے تھے۔ زبان میں صفائی۔ بیان میں رنگینی اور طبیعت میں مشاقی پائی جاتی تھی۔ ۶۵ برس کے قریب اب آپ کا سن ہے

انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

آپس میں جھگڑتے ہیں عبث شیخ و برہمن
کعبہ نہ کسی کا ہے نہ بتخانہ کسی کا

ڈھونڈے انسان تو وہ ہی خانۂ دل میں موجود
کعبہ کیسا مرے نزدیک کلیسا کیسا

وہ عندلیب ہوں گلشن سے جب بہار گئی
زمانہ آیا قفس سے مری رہائی کا

جوشِ وحشت میں یہ کچھ خاک اڑائی تسلیم
باد صرصر کے سر و دوش پہ صحرا دیکھا

غم میں نہیں کھاتا ہوں تو خوش دل نہیں ہوتا
بے رنج مزا عیش کا حاصل نہیں ہوتا

کیوں نہ وحشت ہو نہوں کیونکر ہرے داغ جگر
موسمِ گل آگیا سرسبز گلشن ہو گیا

ہر روز تو میں یہ نہیں کہتا کہ آیئے
فرصت نہیں ہے آپکی بھی گاہ گاہ کیا

کسی نے سرو قدوں سے کہیں بھی پھل پایا
لگا کے دل کوئی تم سے نہال کیا ہوگا

طالبِ حق نہیں پابند کبھی مذہب کے
شیخ سمجھے جسے تسلیم برہمن نکلا

رہے گی حضرتِ واعظ کی آبرو کب تک
چھپے رہیں گے بغل میں خم و سبو کب تک

ہاتھ رکھکر مرے سینہ پہ وہ فرماتے ہیں
سچ بتا دے ہمیں اب درد جگر ہے کہ نہیں

گریۂ عاشقِ ناشاد پہ ہنس دیتے ہو
اے تو کچھ تمہیں اللہ کا ڈر ہے کہ نہیں

یکساں ہوا نہیں چمنِ دہر کی کبھی
کچھ دن بہار کے ہیں تو کچھ دن خزاں کے ہیں

کیا کریں تم سے شکوۂ بیداد
اپنا یہ شیوہ یہ شعار نہیں

طور و موسیٰ کی حقیقت نہیں کس پر روشن
جلوۂ یار سے رہتے ہیں بجا ہوش کہیں

کوچہ تمہارا گنجِ شہیداں سے بڑھ گیا
بسمل تڑپ رہے ہیں کہیں نیم جاں کہیں

بیداد گر سے دل طلبِ داد کیا کرے
حاکم نہ داد رس ہو تو فریاد کیا کرے

اس آسماں نے خاک میں ہمکو ملا دیا
اب اور دیکھئے ستم ایجاد کیا کرے

کب نظر آئیگا شوخ ماہِ سیما دیکھئے
کب مرے طالع کا چمکے گا ستارا دیکھئے

نہ تو آئی خبر نہ یار آئے
کس طرح دل کو پھر قرار آئے

جوشِ گریہ نہیں ممکن دلِ مضطر روکے
برق کیا بارشِ باراں کو تڑپ کر روکے

کیوں عبث گریہ و زاری میں ہے مصروف یدل
کون روسکتا ہے تحریرِ مقدر روکے

بحث اے ابر نکر ہمسے اگر ہم چاہیں
تو بہادیں ابھی آنکھوں سے سمندر روکے

اُٹھتے ہیں غضب شعلے مرے داغِ جگر سے
کیا کیجئے تدبیر لگے آگ جو گھر سے

گور تیرہ میں رہا تنہا میں مرنے کے بعد
دفن میرے ساتھ میری دل کی حسرت ہوگئی

ایسے ہم عشق میں ہیں محو خبر یہ بھی نہیں
عیش کہتے ہیں کسے اور مصیبت کیا ہے

یہ وہ دولت ہے گدا کو بھی شہنشاہ کردے
ہم سے پوچھے کوئی تسلیم قناعت کیا ہے

حالِ دل سُن کے مرا کہتے ہیں کس ناز سے وہ
اپنی عادت ہے کہ جو ذکر سُنا بھول گئے

تسلیم

تسلیم۔ جناب منشی بالگوبند صاحب تسلیم۔ ممبر میونسپل بورڈ و سرکٹ بورڈ اناؤ زیادہ حال معلوم نہیں ہوا۔ گاہ گاہ شعر بھی کہ لیا کرتے تھے۔ چند اشعار پیش کش ناظرین ہیں

خطا میری سراسر ہے نہیں تیری خطا مطلق
نہ دیتا دل اگر تجھکو تو تو برباد کیا کرتا

محبت میں تری اُسنے نہ کیا کیا سختیاں جھیلیں
نہ دیتا جان اے شیریں تو پھر فرہاد کیا کرتا

مثالِ نقشِ پا جس تھا فرطِ ناتوانی سے
مرے پاؤں میں بیڑی ڈال کر حدّاد کیا کرتا

تسلیم

تسلیم۔ منشی تسلیم حسین کیرت پور کے رہنے والے مرزا داغ دہلوی مرحوم کے شاگرد اور موزوں طبع شاعر ہیں کلام سے ظاہر ہے کہ ابھی شاعری کی ابتدا ہے اگر مشق جاری رہی تو خاصا کہنے لگیں گے کچھ اشعار انتخاباً درج ذیل ہیں۔

لاکھ تدبیر کرے کوئی تو کیا ہوتا ہے
غیر ممکن ہے ترا وصل میسر ہونا

گردشِ چرخِ ستمگر کا عبث ہے شکوہ
تیری قسمت میں دلِ زار ہے مضطر ہونا

ہائے کہنا وہ کسی کا دمِ رخصت مجھسے
کہے دیتا ہوں جدائی میں نہ مضطر ہونا

رنج و غم سہتے سہتے ہائے ستم
ہوگیا دل ہمارا پتھر کا

رہے آباد میکدہ واعظ
ذکر کر تُو نہ حوض کوثر کا

دکھاؤں کیا تجھے کیا فائدہ کچھ ہو نہیں سکتا
نہیں ہے چارہ گر زخمِ جگر تدبیر کے قابل

نہ وہ آنا نہ وہ جانا نہ وہ رسمِ الفت
نہ تمھاری وہ محبت کی نظر دیکھتے ہیں

نہ وہ شوخی نہ شرارت نہ ادائیں پہلی
کچھ عجب طور نئی شام و سحر رکھتے ہیں

تسنیم

تسنیم ۔ منشی محی الدین حسین خاں ۔ تسنیم ۔ نواب سپہدار جنگ بہادر رئیس مدراس کے خویش نواب کرناٹک کے قرابت دار اور مولانا کوثر خیر آبادی کے شاگرد رشید ہیں ۔ ان کے بزرگ مدراس کے قدیم شرفا میں تھے اب یہ عرصے دکن میں سکونت پذیر اور وہاں کے کالج میں پروفیسری کے عہدے پر ممتاز ہیں شعر اچھا کہتے ہیں ۔ مذاق صحیح اور عمدہ ہے مضمون کی طرف خیال کی رسائی ہے کلام میں بات پیدا ہوتی ہے زبان صاف اور بندش چست ہے سنا ہے کہ جناب فصاحت سے بھی مشورہ لیا ہے سن شریف ۴۵ برس کے قریب ہے سرکارِ نظام سے کچھ منصب بھی پاتے ہیں مشاق اور زود گو ہیں ۔ زندہ دل ۔ خوش مزاج ۔ خوش خلق آدمی ہیں ۔ ترتیب تذکرہ جلد دوم کے زمانہ میں جو کلام انھوں نے ارسال کیا اُسکا انتخاب پیش کش کیا جاتا ہے ۔

دیدۂ اشکبار کیا کہنا
ابر ہے شرمسار کیا کہنا

تیرا تیرِ نگاہ اے ظالم
ہو گیا دل کے پار کیا کہنا

گھٹ گھٹ کے اسیرانِ قفس کیوں نہ فنا ہوں
رستہ نہیں رکھتا قفسِ تنگ ہوا کا

یوں موسمِ شباب ہمارا گذر گیا
گویا چڑھا ہوا کوئی دریا اتر گیا

ہمسر تھے رخ سے پھول کیا وہ انکو کیوں
گلشن میں بلبلوں کا بھلا کیا قصور تھا

وہ آئینہ روبرو کیے کہتا ہے کو کچھ
ایسا مجھے سکتا ہے کہ کچھ کہہ نہیں سکتا

اِس آنکھ نے کیا عجب اعجاز بزم میں
ہر ایک جانتا ہے اِشارہ اُدھر ہوا

تیر کے پر جبکہ اے ناوک فگن دیں گے ہوا
زخمِ سوزاں قلب کے ٹھنڈے نہ ہو جائیں گے کیا

دور میں چرخِ دنی کے کب نعمت کی اُمید
غم نہ کھائیں گے اگر اب ہم تو پھر کھائیں گے کیا

پہلو میں میرے دل کا ٹھہرنا محال ہے
حالت یہ ہے کہ آج گیا اور کل گیا

میدانِ حشر ہوئی کس کے خون کی پرسش
ذرا سا ہو گیا چہرہ مرے ستمگر کا

چاند سی صورت کا دلبر جنکے پہلو میں رہے
پوچھئے اُن خوش نصیبوں سے مزا برسات کا

شکایت روح یوں کرتی ہے ہو کر غرق عصیاں میں
مجھے اے قالبِ خاکی نہ یوں برباد کرنا تھا

ملا کیا خوب ثمرہ گلشن جنت بنانے کا
تجھے دعویٰ خدائی کا نہ اے شداد کرنا تھا

منہ چھپائے ہوئے میخانے سے جاتی ہیں وہ شیخ
میکشو ہیں یہ بڑے مرشدِ کامل لینا

پکار کر یہ تجلی کسی سے کہتی ہے
جلا کے سرمہ تجھے کوہ طور ہم نے کیا

میں نے لیلےٰ کو بے وفا جو کہا
آپ کیوں ہو گئے خفا صاحب

زعفراں زار ہے یا آنکھوں میں سرسوں پھولی
کس لئے ہنستا ہے دیوانہ ترا آپ ہی آپ

بعد مرنے کے بھی صیاد کا یہ خوف رہا
روح گلزار میں بلبل کی چھپی بو ہو کر

دونوں کو بچاتا ہوں ترے تیرِ نظر سے
اک ہاتھ مرا دل پہ ہے اک ہاتھ جگر پر

بہت موّاج ہے دریائے الفت
الٰہی اس سے ہوں میں پار کیونکر

شبِ وصلت حجاب و شوق کا جھگڑا نہ ملے ہوتا
نکرتی فیصلہ گر دخترِ رز درمیاں ہو کر

گرچہ روشن ہیں ہزاروں قبر منعم کے چراغ
فائدہ کیا گھر تو ہے تاریک میں باہر چراغ

شیشہ نہ ایک بوند لہو کی نہ آبلہ پر
میں کیا بتاؤں تمکو مریجان کیا ہے دل

طلب کرتے ہی فوراً دے دیا دل
یہ میرا حوصلہ ہے یہ مرا دل

چرایا کس نے کس کا نام لوں میں
میرے پہلو میں یا تھے آپ یا دل

گنہگار ہوں عاصی ہوں شرمسار ہوں میں
ترے کرم کا الٰہی اُمیدوار ہوں میں

مجھے رسوا کرینگے گر دکیوں غمخوار بیٹھے ہیں
اِدھر دو چار بیٹھے ہیں اُدھر دو چار بیٹھے ہیں

اٹھیں گے تو دھواں بنکر اٹھیں گے خاک سے اپنی
کہ ہم دھونی رمائے تیرے در پر یار بیٹھے ہیں

دو نورِ خار ماہ پارے ہیں
گورے گورے ہیں پیارے پیارے ہیں

جنوں کا ایسا اب کے جوش ہے فصلِ بہار میں
کہ پرزے پرزے خود جیب و گریباں ہوتے جاتے ہیں

ہوائے آہِ بلبل کسقدر ہے تند و تیز اے دل
سب اوراقِ گل گلشن پریشاں ہوتے جاتے ہیں

قیامت میں جو لپٹی شوق میں دامن سے قاتل کے
اُسے یہ بدگمانی ہے کہ ہم فریاد کرتے ہیں

ہر جگہ عشق دکھاتا ہے نیا رنگ اپنا
سر میں درد آنکھ میں آنسو ہے تمنا دل میں

پنجوڑوں میں تو اک عالم ہو سیراب
لڑائے ابرِ تر دامن سے دامن

ترے تیرِ نگہ کو اے ستمگر
کلیجے سے لگایا چاہتا ہوں

بہت پُر درد ہے میری کہانی
تجھے ظالم سُنایا چاہتا ہوں

تمنا اپنے ملنے کی تم انکے دل میں رہنے دو
یونہی غیر و نکو برسوں سعی لاحاصل میں رہنے دو

نہ یہ کچھ سُننے والی ہے نہ یہ کچھ کہنے والی ہے
کروں تصویر سے باتیں تو کوئی بدگماں کیوں ہو

وہ ہنس ہنس کر مجھی سے پوچھتے ہیں
ہمارے چاہنے والے تمھیں ہو

گر کرے حاصل ضیا روئے دلبر آئینہ
حُسن کی اقلیم کو کرلے مسخر آئینہ

ہاتھ سے رکھتا نہیں وہ شوخ دم بھر آئینہ
مجھ میں اسمیں بن گیا سدِ سکندر آئینہ

کب چھپائے سے بھلا چھپتی ہے صورت عشق کی
دیدۂ تر آئینہ ہے دامن تر آئینہ

سحرِ حیرت چل گیا دونو پہ یکساں حُسن کا
وہ ہیں آئینہ سے ششدر اُن سے ششدر آئینہ

جنابِ شیخ ہیں یا حضرتِ زاہد ہیں آ رندو
چھپائے مُنہ چلا آتا ہے کوئی سوئے میخانہ

پرستش گاہ دونوں ہیں نہیں کچھ فرق دونوں میں
جو بتخانہ ہے وہ کعبہ جو کعبہ ہے وہ بتخانہ

دلِ مضطرب جگر کے جگر دل کے سامنے
بسمل تڑپ رہا ہے یہ بسمل کے سامنے

بیٹھا یا وہیں دردِ دل نے ہمیں
جو ہم تیرے محفل سے اُٹھکر چلے

میں سخت جاں ہوں وہ سنگِ دل ہے کسی طرف سے کمی نہ ہوگی
چھری سے رگڑے وہ لاکھ دیگا پہ قطع شہ رگ مری نہ ہوگی

شبِ وصل اُنکی شرم اور میری حیرت اک تماشا تھی
اُدھر تھا بے خبر میں بھی اُدھر تھے سرنگوں وہ بھی

رلا ہے دل مگر میری طرح وقف جنوں بھی
رلا ہے سر مگر سنگِ ستم سے غرق خوں وہ بھی

ہجر کی شب خوف ہے ایسا نکلنے کے لئے
جان میرے جسم میں پھرتی ہے گھبرائی ہوئی

تو کہا کرتا تھا اکثر ایک بھی مرتا نہیں ہے
تیرے در پر دیکھ یہ کس کی ہے لاش آئی ہوئی

مے گلفام پیں ہم تو تجھے کیا زاہد
ہمنے مانا کہ گنہ گار ہیں کس کے اسکے

وہم یہ ہے کہ نہ ٹھوکر سے کہیں جی اٹھے
لاش کرتا نہیں پامال ستمگار مری

ہے خوشی کی طرح غم بھی بے ثبات
کرلے یوں دل شاد کیوں کیسی کہی ہے

عالمِ وحدت میں ہم گمنام تھے
باعثِ شہرت یہ کثرت ہو گئی ہے

خلوتِ یار میں بیگانے کا آنا کیسا
سرد ہنا شمع نے جس وقت ہوا بھی آئی

کیا قتل اور چھپے میرے ہی دلمیں
غضب کا ڈر قیامت کے نڈر بھی

میں کب سے سینچتا ہوں نخلِ امید
کبھی یارب یہ ہوگا بارور بھی ہے

وہ میری سخت جانی ذبح کے وقت
کسی کا تھک کے یہ کہنا کہ مر بھی

سات پردوں میں وہ رہتے ہیں مگر داد رشوق
بند آنکھوں سے کیا انکا نظارا میں نے

خون سے میرے سرخ ہے دامن
جلد دھلوایئے خدا کے لئے

زلف الجھی تو آپ بھی الجھے
بال سلجھایئے خدا کے لئے

قتل کرکے مجھے قاتل ہی کے پھینکے نیں اشک
چشم جوہر سے لہو رونے لگا خنجر بھی

عاصیوں کو دیکھکر کہتے ہیں زاہد حشر میں
جوش پر ہے ابر رحمت دیکھئے کیسی برسے

تشفی

تشفی ۔ منشی محمد چاند صاحب حیدرآبادی شاگرد سید منتخب الدین تجلی زمانۂ حال کے نومشق کہنے والوں میں ہیں ۔ یہ کلام کا رنگ ہے ۔

منتظر ہے دختر رز باوہ کش بے چین ہیں
شیخ جی چلئے درِ میخانہ کب کے باز ہے

مجھے کہتے ہیں اشارہ کرکے دشمن کیطرف
میرا عاشق گر کوئی ہے تو یہی جانباز ہے

کہتے ہیں وہ سچ کہو تمکو مرے سر کی قسم
ہمسے جو پوشیدہ ہوا ایسا بھی کوئی راز ہے

تشنہ

تشنہ۔ منشی محمد علی نام باشندہ دہلی۔ پہلے اُستاد ذوق کے شاگرد تھے اِن کی وفات کے بعد حکیم آغا جان عیش سے مشورہ لیتے رہے۔ بڑے خوش فکر وارفتہ مزاج درویش وضع شخص تھے۔ کبھی لباس زیب بدن کرتے کبھی عریانی کو اپنا لباس بے تکلف قرار دیتے اِنکا ذہن بہت رسا تھا اور حافظہ اِس بلا کا تھا کہ صدہا غزلیں نوکِ زبان تھیں گویا آپ مجسم اپنا دیوان تھے۔ اپنے سوا اور لوگوں کا کلام بھی بہت یاد تھا شراب بکثرت پیتے تھے اور اکثر اُسکے نشہ میں بدمست و مخمور رہا کرتے تھے ۱۲۸۲ھ سے دو سال تک میرٹھ۔ سہارنپور پٹیالہ۔ امرتسر۔ لاہور۔ ملتان کی سیر کی۔ پھر ۱۲۸۴ھ میں دلی چلے آئے۔ دیوان ذوق کے بارے میں انکا بیان تھا کہ متفرق مطلعوں میں کئی مطلع شاہ نصیر اور کئی مطلع معروف اور مخیّر وغیرہ کے لکھے گئے ہیں ۱۲۸۶ھ میں وفات پائی۔ اِن کی تاریخ وفات اِس جملہ سے۔ "وائے تشنۂ شرابِ ابد کا" نکلتی ہے۔ بعض تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ پورب میں انتقال کیا۔ مگر حضرت ظہیر مدظلہ العالی کا بیان ہے کہ الور میں وفات پائی۔ سنا ہے کہ اِن میں یہ بڑا عیب تھا کہ اپنے ہمعصروں کا کلام بے تکلف اپنے نام سے پڑھ دیتے تھے۔ چنانچہ اپنے اُستاد بھائی حضرت داغ کے کلام پر بہت ہاتھ صاف کیا جیسا کہ اِن کے مندرجہ کلام سے معلوم ہوگا۔ بہرحال ان کے مشاق سخن سنج ہونے میں کسی کو کلام نہیں۔ شعر بہت اچھا کہتے تھے۔ روزمرہ زبان پر اچھا عبور تھا۔ اِن کی غزلیں اِن کی حیات میں بھی رائج ہوگئی تھیں اور اکثر اربابِ طرب کی زبانوں پر چڑھکر مجالس کی رونق دوبالا کرتی تھیں اِن کے کلام میں اکثر ایسے بلند پایہ اور عدیم النظیر اشعار پائے جاتے ہیں جس سے انکا رتبہ اُستادی مسلّم ہوتا ہے۔ آپ حضرت داغ انور ظہیر وغیرہ کے ہم مشق و ہم صحبت تھے انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

ٹھنڈا چراغ ہوگیا پیری میں عمر کا
تھا رات بھر دیئے کا اُجالا سحر نہ تھا

جبتک کہ اُسکی زلفِ مسلسل کا تھا نہ دور
اندھیر تھا جہاں میں مگر اسقدر نہ تھا

نزع کے وقت جو وہ حور شمائل آیا
ملک الموت کو بھی عشق مرے شامل آیا

کہدو پروانے سے اب نالۂ بلبل سیکھے
شمع گل ہوگی جو وہ رونق محفل آیا

حوصلہ دیکھا ہمارے زخم دامن دار کا
لال منہ کر کر دیا قاتل تری تلوار کا

وہ تشنہ دہن ہوں کہ دم ذبح بھی میرا
آب دم خنجر سے گلو تر نہیں ہوتا

پھانسی گلے میں دی ہے تو دی تار زلف کی
میرے لئے نکر تو ستمگر رسن خراب

گر تشنہ چھوٹا نہ ہمارا وطن تو پھر
اسطرح پھرتے کاہیکو ہم بے وطن خراب

کہا ہمنے کہ اے جان جہاں ہم تپہ مرتے ہیں
تو فرمایا کہ مجھپر آپ کچھ احسان کرتے ہیں

کبھی یہ دل تماشا گاہ صد عیش و مسرت تھا
اب اسمیں حسرت و یاس و تمنا سیر کرتے ہیں

الٰہی خیر کیجو بد خبر سننے میں آتی ہے
جو آتا ہے وہ کہتا ہے تمہارا ذکر کرتے ہیں

جہانمیں ایک تو ہم ہیں کہ تنگ آئے ہیں جینے سے
اور ایک خضر و مسیحا ہیں کہ اس جینے پہ مرتے ہیں

الٰہی دیدۂ و دل تو نہ ٹھہرے رہگذر ٹھہرے
کبھی حسرت گذرتی ہے کبھی ارماں گذرتے ہیں

طبیعت کی روانی ایک سی رہتی ہے یاں تشنہ
وہ دریا ہیں کہ جو چڑھتے ہیں پھر دم میں اترتے ہیں

کیا کہا پھر بھی کہو دل کی خبر کچھ بھی نہیں
پھر یہ کیا ہے خم گیسو میں اگر کچھ بھی نہیں

جذبۂ دل نے کیا ہائے اثر کچھ بھی نہیں
ہم یہاں مرتے ہیں اور انکو خبر کچھ بھی نہیں

اک جفا تیری نہیں کچھ بھی مگر ہے سب کچھ
اک وفا میری کہ سب کچھ ہے مگر کچھ بھی نہیں

آنکھ پڑتی ہے کہیں پاؤں کہیں پڑتا ہے
سب کی ہے تمکو خبر اپنی خبر کچھ بھی نہیں

شمع بھی گل بھی ہے بلبل بھی ہے پروانہ بھی
رات کی رات یہ سب کچھ ہیں سحر کچھ بھی نہیں

حشر کی دھوم ہے سب کہتے ہیں یوں ہے یوں ہے
فتنہ ہے اک تری ٹھوکر کا مگر کچھ بھی نہیں

شمع مفرور نہ بزم فروزی پہ بہت
رات بھر کی یہ تجلی ہے سحر کچھ بھی نہیں

نیستی کی ہے مجھے کوچۂ ہستی میں تلاش
سیر کرتا ہوں اُدھر کی کہ جدھر کچھ بھی نہیں

لامکاں میں بھی تو کچھ جلوہ نظر آتا ہے
بیکسی میں تو اُدھر ہوں کہ جدھر کچھ بھی نہیں

ایک آنسو بھی اثر جب نہ کرے اے تشنہ
فائدہ رونے سے اے دیدۂ تر کچھ بھی نہیں

کان کے پردے لگا دیجے ترے والان میاں
گھر میں اپنے رہیے اور سنیے تری آواز کو

نہ دل زلفوں سے چھوٹا اور نہ تم زلفیں بنانے سے
یہ وہ جنجال ہے جس سے نہ تم نکلے نہ ہم نکلے

نہ اترا مفلسی میں بھی نشہ دولت کا اے تشنہ
گدائی کو بھی ہم نکلے تو لیکر جام جم نکلے

تمھاری ہمکو خبر کیا کہ ایک مدت سے
یہ بے خبر ہیں کہ اپنی خبر نہیں رکھتے

نہوں وہ لب جو کھلیں شکوۂ جفا کے لئے
وہ ٹوٹیں ہاتھ جو اٹھیں کبھی دعا کے لئے

ہوئی تھی ایسی کہاں کی صفائی اُس بت سے
کہ آسماں نے عوض خاک میں ملا کے لئے

وہ رخی گوٹ ہے رضائی کی
طرز پٹکے ہے آشنائی کی

میری گردن بھی ہے اور تیغ بھی جلاد کی ہے
موت کی دیر ہے یا آپکے ارشاد کی ہے

سب میں ایک ایک صفت گلشنِ ایجاد کی ہے
قد بڑا سرو کا چوٹی بڑی شمشاد کی ہے

کون فریاد کرے کون دمِ الفت کا بھرے
آہ تاثیر سے خالی دلِ ناشاد کی ہے

آبرو رکھ لے خدا وقتِ شہادت اپنی
نیتِ قتل بُری طرح سے جلاد کی ہے

دیدۂ گل ہو گی اسیری میں نصیبِ بلبل
منتظر فصلِ بہار آمد صیاد کی ہے

شعلہ رخسار کوئی اور ہے وہ جلوۂ نور
حور کے سامنے کیا اصل پریزاد کی ہے

شعر رجستہ ہوئے جس میں تو پھر اے تشنہ
طرح کیا خوب نکالی کسی اُستاد کی ہے

انتخاب از شہر آشوب

عجیب کوچہ رشکِ جنان تھا دھلی کا
خطاب خطۂ ہندوستاں تھا دہلی کا

دماغ بر سرِ ہفت آسماں تھا دھلی کا
بہشت کہتے ہیں جسکو مکاں تھا دہلی کا

غضب ہے اُسکو کوئی شادماں نہ دیکھ سکا

زمیں نہ دیکھ سکی آسماں نہ دیکھ سکا

یہاں کی خاک میں کیفیت ابر باراں کی
یہاں کے آب میں تاثیر آب حیواں کی
یہاں کی بادِ بہاری ہوا زمستاں کی
یہاں کی آگ میں گرمی تھی شعلہ رویاں کی

ہر ایک شخص کے حق میں یہ شہر اچھا تھا
مریض عشق کے بھی واسطے مسیحا تھا

یہ لوگ کہنے لگے آگ اس وطن کو لگے
نظر نہ ایسی الٰہی کسی چمن کو لگے
سنائے اہلِ سخن صاحبِ سخن کو لگے
جو ایک تار بھی باقی ہو تو کفن کو لگے

تمام شہر تلنگوں نے آکے لوٹ لیا
مثل ہے بھوکوں کو ننگوں نے آکے لوٹ لیا

رہی نہ جنس محبت کی اب خریداری
جو یوسف آئیں تو ہو بھی گرم بازاری
اٹھائے کون حسینوں کی ناز برداری
لگائے دل کوئی۔ جان کس کو ہے بھاری

بقول شخص عجب ملکِ حسن بستی ہے
کہ دل سی چیز یہاں کوڑیوں کو سستی ہے

کوئی کہے کہ تپِ غم کی بسکہ شدت ہے
چڑھا ہوا ہے بخار آجکل یہ نوبت ہے
تو یوں کہیں کہ ہمیں آپ ہی حرارت ہے
تم اپنا کام کرو جاؤ تم کو صحت ہے

مریض جائے کرے کیا کہ طعن کرتی ہیں
طبیب اپنا مرض خود بیان کرتے ہیں

تشنہ۔ حافظ محمد یوسف خاں۔ بلند شہر کے رہنے والے اور نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے قدیم شاگردوں میں تھے۔ ان کی ولادت ایک پٹھان سپاہی پیشہ گھرانہ میں بمقام مالاگڈھ ہوئی تھی۔ کچھ عرصہ سوداگری کرتے رہے پھر ایک برس کے قریب حضرت داغ کے پاس دکن میں قیام رہا۔ دیوان کئی برس ہوئے چھپا تھا۔ علم سے گو

کافی بہرہ نہ تھا مگر مشاق اچھے تھے اور شعر خاصا کہتے تھے۔ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔ ان کے بیٹے ضمیر الدین ضمیر استاد ظہیر کے شاگرد ہیں۔ ۱۹۰۰ء میں بعالم ضعیفی انتقال کیا۔ یہ آپکا کلام ہے۔

دلمیں ہے یہ پوچھوں اُس سے جا کر — کیا تجکو ملا مجھے ستا کر کو
اتنا نہ ستا کہ یہ دل زار — فریاد کرے کسی سے تب کر
کہتے ہیں چل کہ تو ہی تو اک جاں نثار ہے — تیرا ہی دل جہاں سے سوا بیقرار ہے
مصیبت میں دل ہی ہوا جب نہ اپنا — کسی اور کا کیا بھروسہ کریں گے
ملو تو صورتِ آئینہ صاف ہو کے ملو — مزہ نہیں ہے دلو نمیں اگر غبار رہے
ہر چیز کو ہے نشو و نما تیرے کرم سے — خالق ترے انعام بیاں ہونگے نہ ہم سے
دنیا میں مزہ زیست کا ہے یاد صنم سے — اے ناصحِ ناداں نہ اُلجھا سمیں تو ہم سے
اسپر بھی تو تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا — رگڑی ہے جبیں ہمنے ترے نقشِ قدم سے
وعدہ پہ قسم سو چکے کھاؤ مرے آگے — جھوٹے نہ ٹھہر جاؤ کہیں جھوٹی قسم سے
اے تشنہ کہاں ذوق کہاں مومن و غالب — اِس فن کا فقط نام ہے اب داغ کے دم سے

تشنہ

تشنہ۔ سید الطاف حسین تشنہ فرید آبادی۔ پہلے الطاف تخلص کرتے تھے۔ اب تشنہ تخلص کرتے ہیں۔

مرگِ تشنہ پہ اک جہاں رویا — اُسی ظالم کی چشم تر نہ ہوئی

عاشقوں کے جان و دل پر پھر قیامت آگئی — پھر تمھاری چال سے فتنے بپا ہونے لگے
کیوں کسیکو منہ لگایا تھا مرے جاں آپنے — بوسہ لینے پر جو آپ ایسے خفا ہونے لگے
تشنۂ ناشاد پھرتے ہو جگر تھامے ہوئے — پھر نہ کہنا ہم کسی پر کیوں فدا ہونے لگے

تشیر

تشیر۔ مرزا مغل بیگ ساکن شاہجہان آباد۔ جوان نیک نہاد اور شریف نژاد تھے حضرتِ مومن خاں کے شاگرد رشید غلام مولی قلق سے مشورۂ سخن کیا کرتے تھے عرصہ

ہوا انتقال کیا یہ چند شعر ان سے یادگار ہیں۔

مرے سینے کی آہِ آتشیں بھی برق ہے گویا — کہ اک دم میں یہاں پھونکا تو اک پل میں اڑا پھونکا
کیا خاک نشیں کوئی گلشن میں بنائے — گل خوش ہیں اگر ہمسے تو صیاد غضب ہے
خوبانِ جہاں یاد رہے تمکو بھی یہ بات — تشہیر بھی کمبخت اک آزاد غضب ہے

تصدق

تصدق - منشی تصدق حسین خاں ولد قاسم علیخاں باشندۂ لکھنؤ مولوی محمد بخش شہید کے شاگرد تھے۔

گویا دو ڈھلی ہیں نور کے سانچے میں اے قمر — ہیں شمع طور یا ہیں تمہاری کلائیاں
کہتے ہیں ناز سے یہ تصدق سے اپنے وہ — نازک ہیں شاخ گل سے ہماری کلائیاں

تصور

تصور - میر فضل علی صاحب غالباً نواح لکھنؤ کے باشندے تلمذ کی کیفیت معلوم نہیں کہ کس سے تھا۔ ایک غزل کے چند شعر حاضر ہیں۔

کھلا جو ڑا مہک پھیلی وہ زلفِ عنبریں نکلی — ہوئی خون ناف آہو میں نہ پوری مشک چیں نکلی
اجل عاشق کے دم کیواسطے صورت بدلتی ہے — کہیں شیریں کسی جا لیلیٰ پردہ نشیں نکلی
نمک پاش جراحت ہیں سخن شیریں اداؤنکے — جو پوچھا پھر بھی آؤ گے بولے ہاں کہیں نکلی
گراں سر تن کو تھا کاٹا گلا احسان ہے قاتل — دہانِ زخمِ خنداں سے صدائے آفریں نکلی

تصور

تصور - منشی سید احسان تصور۔ سادات زیدیہ مقیم بنکوڑا کے ایک شریف خاندان کی یادگار حیدر حسین خاں کے بیٹے اور حضرت جرأت کے تلامذہ میں مشہور تھے۔ جناب شیفتہ نے انکا نام حیدر حسین لکھا ہے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی ترتیب کے وقت زندہ و سلامت موجود تھے ۱۸۴۸ء تک زندہ تھے۔ فیلن صاحب نے اپنے تذکرہ میں انکا نام حیدر علی لکھا ہے معاملہ خوب کہتے تھے مہذب متین با علم نوجوان تھے ایک قلمی بیاض میں آپکا کچھ کلام نظر سے گذرا اسکا انتخاب درج ذیل ہے۔

ناصح تو کسی بت سے تو جا آنکھ لڑا دیکھ — سن میری نصیحت یہ تنک اسکا بھی مزا دیکھ

کیا اسکے تصور میں تری بن گئی صورت
لے آئینہ تمثال اپنی تصور تو ذرا دیکھ

دیکھے جو تری چشم سیہ مست کو اک بار
پھر حشر تلک وہ کبھی ہشیار نہ ہووے

لے گئے یوں تیرے کوچے سے تصور کو لوگ
جیوں اٹھاویں کسی بدمست کو میخانے سے

شب ہم جو ذکر ہجراں وصل میں ہونے لگے
وہ اِدھر رونے لگے اور ہم اُدھر رونے لگے

مجھے بیتاب آتے دیکھکر کوچے میں یوں بولا
بھلا کیوں دوڑ دوڑ آتا ہے یہ کیا اسکی شامت ہے

تصور گرمجوشی یار کی مجکو رُلاوے گی
بہت گرمی کا ہونا مینہ برسنے کی علامت ہے

رونا کوئی موقوف کریں ہیں مری آنکھیں
جب تک نہ تسلی کو دل آئے جگر آئے

صدمۂ غم متصل جب تیرے مائل پر رہے
ہاتھ اِس مضطر کا ہر دم کیوں نہ پہر دل پر رہے

لگ جائے تصور کے گلے آکے وہ بُت آج
اللہ کرے اِسکی یہ اُمید بر آئے

تصور

تصور۔ منشی بنی بخش تصور خلف میر تاج الدین۔ شاہ نصیر مرحوم کے نواسے تھے ۱۲۶۷ھ میں عین عالم شباب میں دردگردہ میں مبتلا ہوکر انتقال کیا حالت نزع میں اپنا دیوان چاک کر ڈالا تھا۔ سید حسن رسول نما کے احاطہ میں دفن ہوئے۔ نہایت ستودہ خصال پاک طینت خوش وضع نوجوان تھے کچھ اشعار منتخب درج ذیل ہیں۔

ہم بھی مثال آئینہ ہیں تجھ سے سینہ صاف
دل سے ترے غبار اگر دُور ہو گیا

کیا کیا خیال دلمیں گذرنے لگے جو آج
دروازہ اِسکا شام سے معمور ہو گیا

اِسکے خیال زلف میں کچھ سوجھتا نہیں
آنکھوں میں اپنے دن شب دیجور ہو گیا

کس نے کہا تھا تجھ سے تصور کہ اِس سے مل
دِل اپنا دیکھے آپ تو مجبور ہو گیا

عشق بازی اے تصور کھیل لڑکوں کا نہیں
جان کا اسمیں بچانا کام ہے ہشیار کا

خواب کا کیا بس چلے اِس دیدۂ بیدار پر
چور کوتے نہیں دیکھا کبھی ہشیار پر

اِسکی باتوں نے زباں کے کر دیئے ٹکڑے کئی
لیگئی سبقت زبان یار بھی تلوار پر

آبلوں نے پاؤں کے پانی چرایا اسقدر
تشنگی سے پڑ گئے کانٹے زبان خار پر

تصور

تصور - عالیجناب کنور فتح بہادر مرحوم مغفور رئیس و تعلقہ دار کوڑا جہان آباد ضلع فتحپور ہنسوا - عالی جناب راے لال بہادر مرحوم کے پوتے اور جانشین تھے جن کے مورث اعلیٰ شاہان اودھ کے ہاں مناصب جلیلہ پر ممتاز اور مقتدر امیر تھے یہ نوجوان امیرزادہ حسن صورت میں بے مثل حسن سیرت میں فرد - خوش خلق - خوش رو، طباع اور ہونہار تھا خالق حقیقی نے جملہ صفات حسنہ اسکی ذات میں کوٹ کوٹ کر بھردی تھیں - سیر چشم مسافر نواز بامروت اور خندہ پیشانی رئیس زادہ تھا - افسوس کہ عین عنفوان شباب میں بعمر ۲۴ سال حسن ہستی سے دیکھتے دیکھتے بوئے گل کی طرح ہوا ہوگئی طبیعت میں موزونی اور مضمون آفرینی خداداد تھی - افسوس ہے کہ اس نونہال گلزار معانی کو قضا نے اس سن تک پہنچنے نہ دیا کہ یہ اپنے اعجاز کلام سے چار دانگ ہند میں غلغلہ ڈالدیتا اس عمر میں یہ کلام گویا انکی پیٹ سے شاعری کی بے بہا قابلیت ساتھ لیکر نکلے تھے - نغز گوئی اور معانی میں نئے نئے پہلو نکالنا انکا حصہ تھا - آغا ظفر علی بیگ شاعر دہلوی سے جو اس زمانے میں یہیں کی سرکار کے دعاگو تھے کلام میں مشورہ کیا کرتے تھے - نثر بھی شگفتہ لکھتے تھے نظم کا انداز دلفریب محاورات کا اسلوب جانفزا ہے - فی الجملہ انکا کلام ایک تصویر دلربا ہے - دیکھئے اور حسن صورت و معانی کی داد دیجئے "ہائے جانکاہ آہ کنور بہادر تصور" ۱۹۵۴ء تاریخ وفات ہے - اب کلام ملاحظہ ہو -

دیکھتے دیکھتے ندارد ہیں — ہمسے نازک حباب کیا ہوگا

خدا ہونے لگی تو یہ ہر اک سکیش کے ارماں پر — گھٹا بنکر چلا ہے ابر رحمت پھر گلستاں پر

بجھائی شمع اُف اُف کرکے اور چلتے ہوئے سیدھے — تاسف کرتے ہیں وہ گور غریباں پر

نظر میں پھرنے لگتی ہیں مری تاروں بھری راتیں — لٹیں جب کہکشاں کی آپڑتی ہیں اس کافر کی فتاں پر

کہیں پھر بن سنور کے جاؤ گے معلوم ہوتا ہے — قسم ہے بدگماں ہوتے ہیں ہم اس سادہ ساماں پر

رسیلہ پن کہاں سرشار ہے بیخود ہے وحشی ہے — تری آنکھوں نے جادو کردیا چشم غزالاں پر

بھلا ہو ناتوانی کا اُسی نے کچھ رہائی کی
کہ آخر سایہ بنکر چڑھ گیا دیوار زنداں پر

کن انکھیوں سے اوہر وہ دیکھکر ہنسنا قیامت تھا
گری ہیں چپکے چپکے بجلیاں کیا کیا دل و جاں پر

قضا آئی اور پھر گئی ہاتھ مل کر
سنبھالا مجھے درد دل نے سنبھل کر

نہ پوچھے کوئی خیر قسمت ہماری
ہمیں خاک ہونا ہے اک روز جل کر

نہ پوچھو کہ کیوں آئے ہیں دل بلا ہے
ہمیں کھینچ لایا یہ ظالم مچل کر

ہیں صورت کو دیکھا کیا دل ندارد
ستم ڈھا گیا مجھپہ وہ چال چل کر

تصویر

تصویر ۔ صاحب طرز دلپذیر بیان غلام احمد تصویر عرف میاں بنّن دہلوی علمی استعداد کچھ نہ تھی بلکہ یہ کہنا چاہیئے کہ محض اُمّی تھے مگر طبیعت کی موزونی خداداد بات ہے ع

پروردگار جسکو یہ نعمت عطا کرے

فکر کی بلندی اور براقی طبع نے اِس فطری موزونی کو اور بھی چار چاند لگا دیئے۔ تصویر اور میاں توقیر دونو میاں تنویر کے شاگرد تھے مگر کثرتِ مشق نے تھوڑے ہی عرصہ میں اُستاد اور شاگرد کے کلام میں اندھیرے اُجالے کا فرق دکھا دیا۔ بعض غزلوں کی اصلاح پر اُستاد سے شکر رنجی ہو گئی اور پھر حضرتِ ذوق کی خدمت میں حاضر ہو کر شرفِ تلمذ حاصل کیا اور آخر تک اُنہیں کی شاگردی کا دم بھرتے رہے۔ دہلی میں زمانہ نا مساعد کی مجبوریوں سے غدر سے پہلے نیچہ بندی کر کے گذر اوقات کرتے تھے۔ اِس کے بعد مہاراجہ شیوان سنگھ کے وقت میں الور چلے گئے وہاں ایک وسیع حویلی اور دو پیٹے اُنکے مقرر ہو گئے یہ وہ زمانہ ہے کہ حضرتِ ظہیر۔ مجروح۔ تشنہ بھی مہاراجہ صاحبِ ممدوح کی قدردانی سے الور میں ملازم ہیں۔ کلام کا شہرت نہ پانا اور چیز ہے مگر جیسا ملکہ راسخہ اور مذاقِ سلیم اِن کے اشعار سے ظاہر ہے یہ بات بڑے بڑے جید عالموں کے کلام میں بھی نہیں پائی جاتی۔ ہر شعر میں کوئی نہ کوئی بات ایسی نکلتی ہے کہ بے ساختہ دل میں چٹکی لے لیتی ہے تخیل کی پرواز اور معاملہ بندی کی پُرلطف چاشنی اور جا بجا

یاس و حسرت کی دلگداز تصویریں ایسے دلچسپ اور موثر پیرایہ میں کھینچی ہیں کہ باید شاید۔ مضامین کی ندرت اور بندش کی چستی اُن کی قادر الکلامی کا بیّن ثبوت ہے سُنا ہے کہ جب مشاعروں میں غزل پڑھتے تھے تو اکثر اچھے اچھے مشّاق شاعروں کے ہوش اُڑ جاتے تھے۔ ابتدائے چند غزلوں میں رونق و بین بھی تخلص کیا تھا حق یہ ہے کہ اِنکا کلام بڑے بڑے اُستادوں کے کلام سے ٹکر کھاتا ہے روزمرہ کی صفائی اور لطافت اور مضامین کی شوخی اور برجستگی قابلِ داد ہے۔ دیکھئے اور لطف اُٹھایئے ؎

مزاج اُس سنگ در کا شانِ محبوبی سے برہم ہے۔
کبھی کیا میں نے بوسہ لے لیا تھا حجرِ اسود کا

کچھ نہ بن آیا تو شب کو آپ کہکر اپنے ظلم
بے مزہ رکھنے کو وہ میرے پشیماں ہی رہا

ہو چکا ٹھنڈا کبھی کا زخمیٔ تیغِ ستم
اے ستمگر ڈھونڈتا پر تو نمکداں ہی رہا

بات بھی کچھ اُسنے کی تو ذکرِ دشمن کا کیا
وائے قسمت وہ کھلا بھی ہم سے تو کینہ کر کھلا

خدا نا آشنائی پر تو ہیں لاکھوں دل و جاں سے
اگر وہ بت کسیکا آشنا ہوتا تو کیا ہوتا

صبر اسکی جا پہ ہے حسرتِ دیدار کا
بند جسنے کر دیا روزن تری دیوار کا

دل پہ بیٹھا تھا جو پھر دیکھا جگر کے پار تھا
دیکھنا کیا توڑتے ہیں رنگاہ یار کا

کہتے ہو فرصت ہوئی ہمکو تو آئینگے ضرور
میری جاں یہ بھی کوئی انداز ہے اقرار کا

یہ نہیں بند قبا تیری کہ ہر اک کھول لے
کھولنا مشکل ہے میرے عقدۂ دشوار کا

بوسۂ لب میں جو ہے قندِ مکرر کا مزا
غور سے دیکھا تو سارا لطف ہے تکرار کا

اِسکی اک ٹھوکر پہ سو ہنگامۂ محشر نثار
پوچھ مت تصویر عالم یار کی رفتار کا

کہاں میں اور کہاں تیرا دامِ عیاری
یہ اتفاق ہے صیّاد آب و دانے کا

جو لب پہ آہ و فغاں ہو تو کچھ اثر بھی ہو
وگرنہ لطف نہیں شور و غل مچانے کا

ہزار طرح سے تڑپے بوقتِ ذبح مگر
نہ پایا ڈھیب ترے پاؤں پہ لوٹ جانے کا

جو دل بھی دونگا تو دینے کی طرح سے ظالم
میں دل سی شے کو نہیں خاک میں ملانے کا

بچا بچا کے جو رکھا تو دل کو کیا رکھا
مزا ہے جا نپہ الفت میں کھیل جانے کا

خدا دکھائے نہ دشمن کو انتظار کی رات
قضا سے ہمکو تو شکوہ ہے بھول جانے کا

وہ نیچی نیچی نگاہیں وہ بھولی بھولی شکل
جو سر پہ دیکھو تو ہے خون اک زمانے کا

تمہاری شکل سے نفرت ہے یا حیا تصویر
کھلا نہ بھید ہمیں ان کے مُنہ چھپانے کا

سوئے وہ شبِ وصل عدو کیوں نہ سحر تک
جھوکا ہے مری آہ بھی اک بادِ سحر کا

دے بازوئے نازک کو ذرا اور بھی تکلیف
قاتل ترا بسمل ہے ادھر کا نہ ادھر کا

کس ناز سے کہتے ہیں وہ اکثر شبِ وعدہ
ہم آئے کہاں اور ارادہ تھا کدھر کا

اے دیدۂ خونبار ذرا اور بھی ہمت
کچھ رنگ تو بدلا ہے مرے خونِ جگر کا

ایسا ترے فراق میں بیمار ہو گیا
میں چارہ گر کی جان کو آزار ہو گیا

وہ اگر کھنچنے لگا تجھ سے تو وہ معشوق ہے
تو تو اے تصویر عاشق ہے تجھے کیا ہو گیا

جب کہا میں نے کہ کبتک دور سے دیکھا کروں
اک ادا سے ہنسکے فرمایا کہ دیکھا جائیگا

زلف کو چھیڑا تو اک انداز سے بولا وہ شوخ
پاس جب بیٹھوگے تم نچلا نہ بیٹھا جائیگا

صرف نہیں نمک کا تو پھر سوچتے ہو کیا
بسمل ابھی تو آپ کا ٹھنڈا نہیں ہوا

بیٹھے وہیں سے کہتے ہو بچ جائیگا مریض
اگر خبر تو پوچھنے اتنا نہیں ہوا

بوسہ تو اُسکا حضرتِ دل تنے لے لیا
لیکن تمہارے حق میں یہ اچھا نہیں ہوا

وہ تو لحد بھی میری پامال کر گئے تھے
پر نقشِ پا نے اُنکے کچھ کچھ نشاں بنایا

تصویر عاشقوں کا کیا پوچھتا ہے مسکن
روزِ ازل سے ہمکو بے خانماں بنایا

مٹتا تھی کہ وہ ضد سے پلائے بادہ گلگوں
فقط دعویٰ کیا تھا اسلئے پرہیزگاری کا

وہ غش اچھا تھا میرا سر تو تھا اس گل کی زانو پر
ہوا میری ہی اوپر وار میری ہوشیاری کا

دیکھکر قاتل کو آتے جان تن میں آگئی
قتل ہونیکی خوشی میں خون اپنا بڑھ گیا

کوئی تجھسا نظر نہیں آتا
دل کسی اور پر نہیں آتا

میکشوں کے مزار پر روئے
کوئی جز ابر تر نہیں آتا

ہر دلمیں میں غبار بنا جسکے واسطے
ہے ہے وہ میری خاک پہ دامن کشاں ہوا اب

کہتا ہے مجھ سے نزع میں کہہ اپنا حال دل
جانا کہ لب ہلانیکی طاقت کہاں ہے اب

تو نے جس جا پہ قدم رکھکے اٹھایا ظالم
رہ گیا نقش قدم چشم تمنا ہو کر

جاں لب تھا تو عیادت کو بھی آجاتے تھے
ہیں تو لو اور برا ہو گیا اچھا ہو کر

نہ لگا ہاتھ پہ ٹھوکر تو لگا جا ظالم
کاش اٹھ جائے جنازہ مرا ہلکا ہو کر

اسکو کہتے ہیں وفادار کہ دیکھا تو نے
مٹ گیا در پہ ترے نقش کف پا ہو کر

خواب گہ سے اٹھتے ہی آیا جو یاں وہ مست ناز
دلمیں کیا کیا شک گئے زلف پریشاں دیکھکر

سر جھکاتے ہیں بھوؤں کو تان کر
یہ اشارہ ہے کہ قرباں جان کر

سر اٹھاؤ ہو چکی بس سرکشی
اب تو من جاؤ خدا کو مان کر

اس کے عارض ہیں وہ گل رنگین
منفعل جس سے ہوں گلاب کے پھول

آزاد ہو کے عشق میں اک نازنیں کے ہم
قصہ سے خوب پاک ہوے کفر دیں کے ہم

اے آسمان تو بھی ستم میں کمی نہ کر
یاں بھی یہی ہے جیمیں کہ اب تو نہیں کے ہم

سوئیں گے جا کے چین سے زیر زمیں بھی ہم
آرام پائیں گے دل مضطر کہیں بھی ہم

یہ جنازہ ترے تصویر دل افگار کا ہے
ساتھ جانا تو تجھے چاہئے دو چار قدم

اللہ رے ربط غیر سے تیرا کہ لمحہ بھر
دل میں ترا خیال بھی تنہا رہا نہیں

وہ کونسی جفا ہے کہ جو تو نے کی نہیں
وہ کونسا ستم ہے جو ہمنے سہا نہیں

اک اک کو جانتا ہے وہ عیار بزم میں
پر جانتا نہیں تو ہمیں جانتا نہیں

جلوہ کو اسکے دیکھکے کچھ غش سا آگیا
اسکا پتہ ملا تو پھر اپنا پتا نہیں

کس کا رقیب کیسی وفا اے دلِ حزیں
دل لیکے پھر کسی کا بھی وہ آشنا نہیں

وے سرو قد نہ اُٹھکے تو تعظیم غیر کی
بیٹھے بٹھائے دیکھ یہ فتنہ اُٹھا نہیں

کہیں نہ اُنسے چرانی پڑیں مجھے آنکھیں
خدا کے واسطے اے چشمِ اشکبار نہیں

حریصِ لذتِ آزار میں ہی ہوں بیچ ہے
خدانخواستہ تم تو ستم شعار نہیں

ایسا بھی تفرقہ نہ پڑے اے خدا کہیں تو
مدت سے ہم کہیں ہیں دل مبتلا کہیں

اک برق تھی کہ کوند گئی بے بے شوخیاں
وہ خود کہیں ہیں اور ہے آوازِ پا کہیں

کعبہ تو کعبہ دیر میں سجدے کروں ہزار
پر آشنا ہو وہ بتِ نا آشنا کہیں

تصویر میں تو غش ہوں نقاہت پہ آپکی
ہو رند با وہ خوار کہیں پارسا کہیں

خدا ہی جانے بتوں کی نگہ میں سحر ہے کیا
قیامت ہوتی ہے برپا جدھر کو دیکھتے ہیں

یہ ہے وہ دشتِ محبت کہ اے دلِ ناداں
یہیں تو ٹھوکریں کھاتے خضر کو دیکھتے ہیں

بگڑ جاتا ہے از بس تند خو وہ باتوں باتوں میں
ہم اسکے دلکو رکھتے ہیں دمِ تقریر ہاتو نیں

قفس میں رشک سے صیاد میں کیا کیا تڑپتا ہوں
کوئی دم توڑتا ہے جیتے کے کنجیر ہاتو نیں

جو اس حسرت سے ہر دم تو کف افسوس ملتا ہے
وہ دامن آگیا تھا کیا تری تصویر ہاتو نیں

رکھتا ہے اِس روش سے وہ اندر چمن کے پاؤں
گل چومتے ہیں اُس بتِ غنچہ دہن کے پاؤں

کوچہ میں لیکے جاتے ہیں اس تیغزن کے پاؤں
دشمن بنے ہیں ہائے یہ سارے بدن کے پاؤں

آنکھیں ہزاروں پھوٹتے ہیں ہو کے آبلے
سر اس گلی میں ٹھوکریں کھاتے ہیں جسکے پاؤں

راہِ طلب میں اسکے یہ کہتا ہے دل مرا
اے کاش ہوتے بدلے ہر اک عضو تن کے پاؤں

بے اختیار ہو کے لئے چوم دوڑ کے
مجنوں نے دیکھکر مرے باہر کفن کے پاؤں

قطع و برید دامنِ صحرا کا شغل ہے
کرتے ہیں کام ہاتھ کا مجھ بیوطن کے پاؤں

عصمت کی معنی یہ ہیں جسلی سر سے پا تلک
لیکن نہ رکھا شمع نے باہر لگن کے پاؤں

سوزشِ دل سنائی کیوں داغ جگر دکھائی کیوں
دکھکے عشق ہو جسے موت سے دم چرائے کیوں

عاشق زار میں نہیں تپۂ نثار بھی نہیں ہُوں
مجھکو یہ انفعال ہے میں نے ستم اٹھائے کیوں

جوہرِ عشق ہے یہی ٹکڑے ہو جیب و آستین
جسکو جنوں سے ننگ ہو عشق کی خاک اڑائے کیوں

مل چکی ہم ظلم کے ماروں کی داد
گر وہ آئے حشر کے میداں میں

کرتے ہو باتیں در و دیوار سے
آج ہو تصویر کس کے دھیاں میں

ہوا خوش چھیڑ کر ہمسے نہ کوئی رند مشرب کو
پڑھی ہمنے نمازیں محتسب کی باوضو ہوکر

تجسا ہمیں جہانمیں جو پیدا کہیں نہو
پھر کیونکہ ہم پہ نازِ جہاں آفریں نہو

دے بیٹھے ہائے تجھ سے بتِ بدگمانکو دل
ہمسا بھی کوئی دشمنِ ایماں و دیں نہ ہو

تصویر تپہ جاں بھی دیدے گا ایک دن
ہمکو تو اعتبار ہے تمکو نہیں نہ ہو

کہو کب تھیں تم میں یہ خوبیاں کہو کب تھیں تم میں یہ گرمیاں ۔
کبھی آئینہ سے بھی تھی حیا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی آکے مجھ سے چمٹ گئے کبھی پاس سے میرے ہٹ گئے
وہ وفورِ رات کے نشہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
میں اُٹھا جو جانے کو پاس سے مجھے دیکھ دیکھ کے یاس سے
وہ ادا سے کہنا نجا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

شمع بزمِ غیر وہ تھا روئے روشن رات کو
دن بنا دیتی تھی آہِ شعلہ افگن رات کو

قیس نے جنگل کیا آہوں سے روشن رات کو
وادیِ ایمن بنایا نجد کا بن رات کو

رات کو جاتا ہوں تو کہتا ہے دن کو آئیو
دن کو جاتا ہوں تو کہتا ہے وہ پرفن رات کو

بے وفاؤں سے بھی وفا تصویر
یہ نہ خوش آئی تیری خو مجکو

ایسی وفا بھی ظلم ہے مجھ خستہ تن کے ساتھ
جانِ حزیں گئی نہ دلِ پُرمحن کے ساتھ

بوسہ اگر دیا بھی تو دیں گالیاں ہزار
آئے وہ راستی پہ بھی اک بانکپن کے ساتھ

جیتے پھرے تو آئینگے کعبہ کو زاہدا
ابتو چلے ہیں دیر کو اک برہمن کے ساتھ

عاشق زمانہ ہوتا ہے لیکن نہ اسطرح
اے دل کبھی تو جانبِ سود و ضرر تو دیکھ

کرتی ہیں ہمکو ذبح تری کم نگاہیاں
گر دیکھتا ہے یار تو بھر کر نظر تو دیکھ

دشمن ہی کو پیئے جو مرے پاس سے اُٹھے
اِس سے تو نہیں کوئی قسم اور زیادہ

تم وہ ہو سنگدل کہ تمھیں نے خبر نہ لی
جبتک کہ میرے سر پہ قیامت گذر نہ لی

عاشق کے ذبح کرنمیں ایسا ہے اضطراب
ظالم ذرا بھی تو نے چھری تیز کر نہ لی

برچھی تری نگاہ کی پہلو میں کیا لگی
پہلو سے دلمیں دل سے کلیجہ میں جا لگی

دامن پہ وہ رکھے نہ رکھے دلربا لگی
لیکن ہماری خاک ٹھکانے سے آ لگی

مینے کہا عدو پہ تو عاشق ہی ہو گیا
ہنسکر کہا کہ آپ ہی کی بد دعا لگی

بس بس خرامِ ناز کہ محشر بپا ہوا
پسنے تمھاری چال سے خلقِ خدا لگی

ہر رات ہمکو رہتی ہیں اختر شماریاں
ہر روز اپنے حق میں تو روزِ حساب ہے

مقرر آج کچھ دشمن میں ایسیں ساز ٹھیرا ہے
جو دم بھر بھی مرے پہلو میں وہ دم باز ٹھیرا ہے

کیا ہے ظلم جب بننے کوئی الفت کے پردے میں
کبھی وہ ناز ٹھیرا ہے کبھی انداز ٹھیرا ہے

عداوت تو نہیں خلقِ خدا سے اِس ستمگر کو
تڑپنے میں ذرا بسمل کے اِسکا دل بہلتا ہے

الٰہی عشق بھی آلہ ہے کیا انساں بنانے کا
کوئی عاشق ہو یا مجنوں یاں سپاہی ٹوٹھتا ہے

تم آئے تو عنایت ہے نہ آئے تو شکایت کیا
محبت میں کسیکا کب کسی پر زور چلتا ہے

مقرر غیر کے زانو میں لی اُس شوخ نے چٹکی
ہمارے دلکو کوئی آج چٹکی میں مسلتا ہے

جلانا تھا جسے اُسکو جلایا ایک ٹھوکر میں
خرامِ ناز کے پردے میں ظالم چال چلتا ہے

محتسب آتا ہے تو آنید و ہم مستوں کے پاس
شیشہ و ساغر کو کیوں ہو کر ہراساں توڑیئے

یہ نہ کہئے ہم کسی کے آشنا ہرگز نہیں
یوں نہ اُمیدیں ہماری آرزوئیں توڑیئے

نہ آئے گرچہ نہیں جان جا کر آنے کی
قضا بھی پھر نہیں اک بار آ کے آنے کی

یہاں تلک میں بنا پا رسا کہ اُس بت نے
عدو سے شربتِ مے پلا کے آنے کی

کیے ہی ڈالتی ہے قتل ذبح سے پہلے
ادا وہ ناز سے خنجر اُٹھا کے آنے کی

یہ جی میں ہے کہ کروں بند و بست وہ شبِ وصل
رہے نہ راہ کہیں سے حیا کے آنے کی

گلہ نہ کر سکے تا کشتۂ جفا کوئی
یہ طرز خوب ہے سُرمہ لگا کے آنے کی

کیے ہو وے غم دوری اگر فرقت میں دم نکلے
دم ہی تک سب بکھیڑا ہے جو دم نکلے تو غم نکلے

عبث ہے دم خفا ہیں ہم کہاں دم کو دم نکلے
جسے سمجھا ہے غم ارمان ہے غم ہو تو کم نکلے

وفا کی ہمنے تم نے اور نے غیر سے اب تک
طریق عشق سے باہر نہ تم نکلے نہ ہم نکلے

کس خوشی سے مرے آقا نے لٹائے رنگترے
باغ موتی ڈونگری میں رنگ لائی رنگترے

کل سے کچھ گرمی سی تھی ساقی شراب ناب سے
ہو گئی فرحت ابھی اک دو جو کھائے رنگترے

حور و غلماں جانکر کہتی تھی مہ رویو نکو خلق
لوٹنے کیا باغ جنت سے یہ آئے رنگترے

دور کیں جسوقت پھانکیں بنگئے جام شراب
باغ میں کل اسے پر یرو کام آئے رنگترے

اگر اک لے لیا بوسہ خطا اسکو نہیں کہتے
محبت کہتے ہیں ترک حیا اسکو نہیں کہتے

تمنا جو نر کھتا ہو جھکائے وہ نظر کس سے
اُسے شادی و غم کیسا اُسے سود و ضرر کس سے

تمھیں سے دوستی اے میر یجاں تا نظر کس سے
اشارے ہوتے ہیں ہر دم اِدھر کس سے اُدھر کس سے

کہا دشمن سے کچھ ہنس ہنس کے اور مجھ سے لگا کہنے
ہمیں کرتی تھی کس سے بات اور کی بھولکر کس سے

ہمیں تو شام عیش و صبح غم یکساں نظر آئی
خدا جانے ترا وعدہ تھا شب کس سے سحر کس سے

ہمیں تو آزمایش اے مربت بے پیر اتنی تھی
کہ تو جلاد اتنا تھا تری شمشیر اتنی تھی

کیا بُری چیز ہے محبت بھی بات کرنے میں آنکھ بھر آئی

میرے ہر کام میں ہے ناکامی
آہ بھی لب پہ بے اثر آئی

عدم کی راہ تو نزدیک ہے گلی سے تری
پہ کچھ جو تاب و تواں جان زار میں آئے

مجکو تو قبر کی تاریکی سے زاہد نہ ڈرا
ہجر کی شب سے زیادہ ہے بلا اور کوئی

مجکو وہاں بلائیے یا آپ آئیے
اپنی تو ہے وصال تمنا کہیں سہی کو

مقرر دلیں اس ظالم کی کچھ پوشیدہ الفت سے
لبو پر اسکے دشمن کی شکایت آہی جاتی ہے

ہجر کی شب تو سحر ہو یارب
وہ نہ آیا تو قیامت ہی سہی

جان بیکار تو اپنی نہ گئی
اے ستمگر تری شہرت ہی سہی

مجھ سے اتنا بھی نہ پوچھے صاحب
آپ پر میری طبیعت ہی سہی

جذبۂ دل نہیں لایا متکو
آپ کی خیر عنایت ہی سہی

کفن کی سفیدی سے ثابت ہوا
شب ہجر اپنی سحر ہو گئی

عجب سحر دیکھا تری آنکھ میں
کہ ملتے ہی تاب و تواں لے گئی

کیا خبر تھی جب طبیعت مبتلا ہو جائے گی
اُن کی آنکھوں میں جو ہے شوخی حیا ہو جائیگی

حال دل بھی کہونگا چارہ گر و
ہوئی فرصت جو دیدۂ تر سے

اُٹھتے ہیں تعظیم کو فتنے در و دیوار سے
آپ کیا آئے مرے گھر میں قیامت آئی ہے

کچھ مزہ شورِ تبسم نے تمہارے ہی دیا
یوں تو زخموں پہ بہت ہمنے نمکداں لئے

یہ بھی کوئی ہنسی ہے کہ رخصت کا لیکے نام
سو بار بیٹھے بیٹھے ہمیں تم رُلا چکے

کیا پوچھتے ہو خاک میں کس نے ملا دیا
جو کچھ کیا سو آپ کے دلکے غبار نے

آج کی شب نہ خفا ہو ترے قرباں ہم سے
کل تو لیوے ہی گی بدلا شب ہجراں ہم سے

کون موسیٰ تھا کہاں طور کے خش آیا
ایک یہ بھی تھی مریجان شرارت تیری

عالم کی اک اُمید پہ گذرے ہے جہانیں
رکھتا ہے کوئی رات کے ارماں کوئی دن کے

تصویر تو اتنا غم الفت سے نہ گھبرا
یہ رنج بھی دنیا میں ہیں ناداں کوئی دن کے

تعشق

تعشق - ادیب نامور حکیم سید محمد دہلوی تعشق پرانے دہلی کالج میں سو روپیہ ماہوار کے مشاہرہ پر فارسی و عربی کے مدرس تھے۔ آخر عمر میں شعر گوئی ترک کر دی تھی پھر بھی شوق کا یہ عالم تھا کہ اچھا شعر سُنکر بیتاب ہو جاتے تھے۔ حکیم عزت اللہ عشق کے داماد اور شاگرد تھے۔ ۷۵ برس کی عمر پاکر ۱۸۵۴ء میں انتقال کیا۔ جمیع علوم مشرقی میں

معلومات تام حاصل تھیں۔ اور فن طب میں مولوی رشید الدین خاں اور حکیم قدرت اللہ خاں قاسم کے شاگرد رشید تھے۔ اور معالجات میں خوب دخل تھا تھا۔ طبیعت میں انتہا غضب کا تھا۔ ان کو ہمہ دانی کا دعویٰ تھا اور فی الحقیقت جامع الکمالات انسان تھے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔

تجکو اس میری آہ و زاری پر — رحم اے فتنہ گر نہیں آتا
وعدۂ شام تو کیا ہے ولے — کچھ وہ آتا نظر نہیں آتا
تیرے بیمار کا ہے یہ عالم — ہوش دو دو پہر نہیں آتا

تو اے پیماں شکن وعدہ پہ کس دن مر کے گھر آیا — سدا سنتے رہے یونہی کہ شام آیا سحر آیا
کہوں کیا حال سے گلرو تری فرقت میں آنکھوں کے — کبھی خوں بے دل ٹپکا کبھی لخت جگر آیا
سامنے دیکھو آتا ہے تعشق وہ کون — باری کہ ابتو ہوا خوش دل محزوں تیرا
سنتا ہی نہیں میل سبیل کی جو گل آہ — کیا تو نے شگوفہ یہ صبا کان میں پھوڑا
حضرت دل اسکے کوچہ میں نہ جایا کیجئے — کہہ چکے اپنی طرف سے آگے ہیں مختار آپ
کہتے نہ تھے تعشق جاؤ نہ اس گلی میں — آئے نہ وہاں سے دیکھا خوار و تباہ ہو کر
رویا کیا سحر تک میں رشک سے عزیزو — سنتے سنا جو اسکو غیروں سے انجمن میں
ہوتے ہیں دلکے ٹکڑے آتا ہے یاد جسدم — کچھ چپکے چپکے کہنا اسکا لب و دہن میں
کس پری سے ہے تعشق گر مجوشی اندنوں — پھر فزوں سکو نظر آتی ہے وحشت آپکی
تجکو لیجائے وہاں یا اسکو لے آئے یہاں — میں تو حیراں ہوں ولا تو ہی بتا کیا کیجئے
خواب میں تجکو دیکھئے کیوں کر — تیرے بن نیند کس کو آتی ہے

تعشق۔ سخنور نازک خیال نازلم خوش مقال سرمایۂ ناز و موجب افتخار لکھنؤ جناب سید مرزا صاحب لکھنوی خلف الرشید محمد مرزا انس و برادر حقیقی سید حسین مرزا عشق شیخ ناسخ کے ارشد تلامذہ میں تھے۔ نہایت قابل اور نازک خیال سخنور اور مرثیہ گوئی میں خصوصاً شہرۂ آفاق تھے۔ نزاکت خیال

کے ساتھ زبان کی لطافت اور مضمون کی نفاست قابلِ داد تھی آپکا کلام بہت پُرتاثیر اور درد سے لبریز ہے مرثیہ گوئی میں آپ کا ایک خاص رنگ تھا سوز و گداز جس قدر ان کے کلام میں ہے لکھنؤ کے کسی اُستاد کو یہ بات نصیب نہیں ہوئی۔ مضمون آفرینی کے ساتھ ساتھ پختہ کلامی اور متانت غضب کی تھی۔ مشاہدات و بیرونی و جذبات حسن و عشق سے اسقدر واقفیت تھی کہ مضامین کے ذریعہ واقعات کی تصویر کھینچ دیتے تھے اور ایسے دلفریب پیرایہ میں مضمون باندھتے تھے کہ بساختہ داد دینے کو جی چاہتا تھا۔ لیکن آپکے کلام نے جیسی چاہیئے شہرت نہ پائی۔ غالباً اسکا باعث یہ ہے کہ خود جناب تعشق مرثیہ گوئی کے مقابلہ میں غزل گوئی کو ہیچ سمجھتے ہے۔ اور کبھی اسکے ذریعہ سے عرصۂ ناموری میں قدم رکھنے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ راقم تذکرہ نے جس محنت و جانفشانی سے یہ مختصر مجموعۂ کلام مرتب کیا ہے اس سے کچھ دل ہی خوب واقف ہے جس حالت میں کہ مرحوم کے قریبی اعزا اور شاگرد باوجود بار بار تقاضوں کے اُن کے کلام کی اشاعت نچاہیں تو غیروں کے تغافل اور تساہل کا کیا گلہ ہوسکتا ہے لکھنؤ کے قابلِ قدر رسالہ معیار میں جو عالمِ خواب کے مشاعروں کی دلچسپ کیفیت لکھی ہے اُسکے معائنہ سے پایا جاتا ہے رجناب تعشق کس پایہ کے شاعر تھے۔ موخ مذکور کا دعویٰ ہے کہ اکیلے تعشق کے بھروسے پر حضرات لکھنؤ جملہ شعرائے ماضی و حال و اساتذۂ دہلی کے کلام کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ بہرحال اسمیں شک نہیں کہ جسقدر درد و اثر سید صاحب مرحوم کے کلام میں پایا جاتا ہے وہ ہمنے لکھنؤ کے کسی اُستاد کے کلام میں نہیں دیکھا۔ آپ ایک عرصہ دراز تک کربلا میں مقیم رہے پھر ہندوستان چلے آئے اور یہیں لکھنؤ میں ۵۱ برس ہوئے انتقال کیا۔ مراثی کے دو مجلد آپ کی تصنیف سے مشتہر ہوچکے ہیں۔

آپ کا حال اور کلام کاتب کو نقل کیلئے دیا جاچکا تھا کہ رسالہ معیار اگست ۱۹۰۹ء میں موصول ہوا اور اُسمیں آپ کا مجموعۂ کلام (۴۰ صفحہ) جو اڈیٹر معیار نے بڑی کوشش سے دستیاب کرکے شایع کیا ہے نظر پڑا چونکہ ہمیں ان کے کلام سے خاص رغبت تھی بڑے شوق سے اُس مجموعہ کا مطالعہ کیا اور اپنے مذاق کے موافق کچھ اشعار اور منتخب کرکے داخلِ انتخاب کئے

کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جدت خیال اور تازگیٔ مضامین کیطرف آپ کی طبیعت کا خاص رجحان تھا۔ چنانچہ جہاں کہیں کوئی نیا مضمون صاف زبان میں نکل آیا ہے وہ فی الواقع قابلِ داد ہے۔ لیکن باوجود کہنہ مشقی کے ۵۵ غزلیات کے مختصر مجموعے میں بھی ایسے اشعار کی تعداد بمقابلہ دیگر مستند اساتذۂ دہلی بہت کم ہے۔ حیرت ہے کہ اہالیانِ معیار نے کس بنا پر ایسے پر زور الفاظ میں جناب تعشق کے متعلق بحث چھیڑ کر اہلِ دہلی کی دل آزاری پر کمر باندھی۔ ہمارا منشا ہرگز اس مضمون پر قلم اُٹھانیکا نہ تھا مگر چونکہ معیار میں مکرر کر یہ چیلنج دیا گیا لہذا بجبور اسکی تردید کی زحمت اُٹھانی پڑی۔ افسوس ہے کہ اڈیٹر صاحب معیار خود اپنے مشتہر اصول کی پابندی سے انحراف فرماتے ہیں اور کلمہ حق کے اعلان میں بے باکی کو معیوب سمجھتے ہیں۔ اگر بہ نظرِ انصاف دیکھا جائے تو اکثر موزوں طبع نوجوانوں کے کلام میں بھی ایک دو شعر ہر غزل میں اچھے نکل آتے ہیں۔ اندریں صورت اگر جناب تعشق جیسے مستعد کہنہ مشق اُستاد کے ہاں اگر ہر غزل میں چار پانچ شعر نفاست خیال و لطافت زبان کے لحاظ سے ممتاز نکل آئے تو کچھ جائے عجب نہیں۔ البتہ حیرت ہے تو یہ کہ کبھوں پوری غزل مرصع نہیں ہوئی جیسا کہ اُن کے طرفداروں کی پرجوش تحریروں سے ہمیں یقین ہوتا چلا تھا ہمنے ارادتاً سست اشعار کا انتخاب درج تذکرہ نہیں کیا اور صرف اپنے مذاق کے بموجب جن اشعار کو اچھا سمجھا ہے اُنھیں کو لیا ہے بہرحال اس امر میں ہمیں ضرور اڈیٹر صاحب معیار سے اتفاق ہے کہ جناب تعشق خوش گویانِ لکھنؤ میں مرد کامل تھے۔ اور وہاں کے کسی اُستاد کے کلام میں وہ دلآویزی نہیں پائی جاتی جو مندرجہ ذیل کلام کا خاص حصہ ہے۔

وہ پھیرے تھا منہ ذبح میں ہو رہا تھا	خدا جانے ہنستا تھا یا رو رہا تھا
شبِ ہجر تھی اور میں رو رہا تھا	کوئی جاگتا تھا کوئی سو رہا تھا
دبے پاؤں آئی گئی صبح محشر	کہ جاگا شبِ ہجر کا سو رہا تھا
یہاں دل وہاں ڈوبتے تھے ستارے	شبِ وصل آخر تھی میں رو رہا تھا

شہیدوں کے لاشے تھے نے غسلِ میت
مگر اپنے خنجر کو وہ دھو رہا تھا

بدلتا تھا میں درد دل سے جو پہلو
زمانہ اودھر کا اُدھر ہو رہا تھا

میں باغ میں ہوں طالبِ دیدار کسی کا
گل پر ہے نظر دھیان میں رخسار کسی کا

گھبراتے ہیں وہ مرغ جب آجاتی ہے آندھی
دیتا ہے ہوا زخم دلِ زار کسی کا

دیکھ آؤ کہ بیمار تمہارا تو نہیں ہے
رکھا ہے جنازہ سرِ بازار کسی کا

شبِ وصل تھی خواب لے صبح فرقت
ابھی میرے زانو پہ تھا سر کسی کا

اُنس ہے خانۂ صیاد سے گلشن کیسا
ناز پرورد قفس ہوں میں نشیمن کیسا

اپنی آزردہ دلی بعدِ فنا کام آئی
ڈھیریاں گرد کدورت کی ہیں مدفن کیسا

کہدیا بس کہ تری آہ میں تاثیر نہیں
یہ نہ کھا کہ یہ سینے میں ہے روزن کیسا

جل گئے صورتِ پروانہ تپِ عشق سے ہم
پھینکدے لاش اُٹھا کر کوئی مدفن کیسا

کچھ نہ کچھ گوشۂ عریاں پر بھی ساماں ہو گیا
چار تارے چرخ سے ٹوٹے چراغاں ہو گیا

کیا معاذ اللہ مری وحشت نے پھیلائے ہیں پاؤں
راہ برسوں کی مرا چاکِ گریباں ہو گیا

دل ہے مردہ خلد میں جانے سے کیا ہو جائیگا
ہم جہاں ہونگے وہ گھر ماتم کدہ ہو جائیگا

ناز پرور ہے ذرا بھی دل سے بگڑینگے جو آپ
یہ بھی اپنی زندگانی سے خفا ہو جائیگا

جمع ہیں محفل میں سب مجھسے خفا ہو تم ہو کیوں
پھڑکے بیٹھونگا اگر میں بھی تو کیا ہو جائیگا

عشق کی وہ شورشیں وہ ولولہ جاتا رہا
اک جوانی کیا گئی سب حوصلہ جاتا رہا

گاہ وحشت میں ہنساتا تھا رُلاتا تھا کبھی
دل نہیں جاتا رہا اک مشغلہ جاتا رہا

اے جنوں بیڑی پنہاتے تھے ہم انکو ہر برس
سب سے مدت بڑھگئی وہ سلسلہ جاتا رہا

جو ہے وہ مردہ نظر آتا ہے اُسکے عشق میں
ہستی و ملکِ عدم کا فاصلہ جاتا رہا

نہ چونکے مضطر آپ سوتے تھے غافل
پکارا کیا رات بھر دل کسی کا

جنازے کے ہمراہ آتا ہے قاتل
جھکائے ہوئے سر کو قاتل کسی کا

یونہی حرفِ خطِ تقدیر نہیں مٹنے کا
آپکے در پہ ارادہ ہے جبیں سائی کا

دل جو مرجائے ہمارا تو کرے کون آہیں
سو گیا جاگنے والا شبِ تنہائی کا

دل پر داغ کا ہر حال میں کیا کہتے ہے کبھی اچھا کبھی برا ہے

تھا کبھی دورِ اسیرانِ قفس ہائے صیاد
اب تو اک پھول کو محتاج ہیں گلشن کیسا

تلاشِ یار کا تھا دھیان کل تک
ہمیں ہے اپنے دل کی جستجو آج

ہوا ترکِ محبت پر نہ راضی تو
رہی تا دیر دل سے گفتگو آج

کشاں کشاں مرا لاشہ تو لے گئے احباب
نکل کے رہ گئی قالب سے کر کے ہائے روح

کیا تصور ہے کہ ہوں ہر وقت ہم پہلو دوست
ہر گلِ داغِ جگر سے آ رہی ہے بو دوست

وائے حسرت کسطرح وہ قتل کرتے ہیں مجھے
غیر چہرے سے ہٹاتے جاتے ہیں گیسوئے دوست

ظلم اٹھاتا ہوں مگر شکوہ میں کر سکتا نہیں
جسقدر دل سخت ہے اتنی ہی نازک خو دوست

خونِ ناحق کا عوض آخر ہوا کس حسن سے
نام سے تعویذ کے باندھے گئے بازو دوست

قتل گہ میں اپنی اپنے کام میں تھے حسن و عشق
اسکی آنکھیں تیغ پر تھیں میری آنکھیں سوئے دوست

دل کے معاملہ میں نہ دخل غیر کو
لینا جو ہو تو لیجئے اپنی نگاہ پر

خبر کسی کو ضعیفوں کے قتل کی نہ ہوئی
ہم ایک قطرۂ خوں تھے زبانِ خنجر پر

ترے مریضِ محبت کے قبر کی آباد
عجب طرح کی اُداسی ہے آج بستر پر

ہاتھ اُٹھا کر مہ نو تجھکو یہ دیتا ہے دعا
عمر بھر حسن رہے زیبِ کنارِ عارض

کل نہ ہم ہونگے مسیحا نہ یہ بیماریِ دل
آج بس اور رہے تکلیفِ پرستاریِ دل

بال بال آپکی زلفوں کی بنے گا جو زبان
نہ گنے جائیں گے ایام گرفتاریِ دل

غربت میں پسند آتی ہے واماندگی اپنی
ہم آپ چھپو لیتے ہیں کانٹے کفِ پا میں

پڑ گئی کیا نگہِ مست ترے ساقی کی
لڑکھڑاتے ہوئے میخوار چلے آتے ہیں

یا وہ کیں نشہ میں ڈوبی ہوئی آنکھیں کسکی
عشق تجھے اے دلِ بیمار چلے آتے ہیں

ہر طرف حشر میں جھنکار ہے زنجیروں کی
اُن کی زلفوں کے گرفتار چلے آتے ہیں

کبھی تو شہیدوں کی قبروں پہ آؤ
یہ سب گھر تمہارے بسائے ہوئے ہیں

گریگا زمیں پر نہ خونِ شہیداں
عبث آپ دامن اُٹھائے ہوئے ہیں

جو ہے گھر کے اندر وہی گھر کے باہر
وہ آنکھوں میں دلمیں سمائے ہوئے ہیں

وہ کھڑے کہتے ہیں میری لاش پر
ہم تو سنتے تھے کہ نیند آتی نہیں

لاش پر بھی آئے منہ ڈھانکے ہوئے
بدگمانی آپ کی جاتی نہیں

تلاش شب وصل میں پھر رہا ہوں
مرا آپ دیوانہ پن دیکھتے ہیں

دورے دیکھ کے تمکو کوئی جی بھرتا ہے
کر رہی ہیں لفظ ایام گذاری آنکھیں

لطف دیکھا نہ کسی چیز کا اشکوں کے سوا
آئیں تھیں رونے کو دنیا میں ہماری آنکھیں

کور ہو جاؤں مگر عشق میں رونیکو نہ روک
ناصحا دل سے زیادہ نہیں پیاری آنکھیں

سینکڑوں شیشۂ دل بادہ کشوں کے ٹوٹے
محتسب ہیں زیادہ وہ خماری آنکھیں

قدم اہل زمیں آنکھوں نے رو رو کر لگاتے ہیں
نکل آتا ہے پانی جس جگہ ٹھوکر لگاتی ہیں

نہیں تسکین ہوتی ایک جا پر کوئے جاناں میں
گدائے حسن موقع دیکھکر بستر لگاتے ہیں

چھڑا لینے کی اتو پوچھتے پھرتے ہیں تدبیریں
کبھی یہ فکر تھی ہمکو کہ دل کیونکر لگاتے ہیں

جگر جل جل کے دیتے ہیں دعائیں شعلہ رویونکو
رہیں ٹھنڈے دل اُنکے آگ جو گھر گھر لگاتی ہیں

دوہرے پردے ہوں چھپاؤں تمھیں ایسا دلبر
دل کلیجے میں سما جائے کلیجہ دل میں

شام کو سن جو لیا تھا کہ بناتے ہیں وہ بال
رات بھر آج خیال آئے ہیں کیا کیا دل میں

کہدے قاتل کوئی طرز جفا پیدا کروں
خود قضا کی جان جائے وہ ادا پیدا کروں

مجھسے لاکھوں خاک کے پتلے بنا سکتا ہو تو
میں کہاں سے ایک تیرا سا خدا پیدا کروں

کہتے ہو زلف میں دل اندوہگیں نہیں
پس جب یہاں نہیں تو یہ جانو کہیں نہیں

آہ و نیں اور آنسوؤں میں ہے مقابلہ
اب آج آسمان نہیں یا یہ زمیں نہیں

بجلی گرائی آہ کی یا ذبح ہو گئے
صیاد اب کے سال نہیں یا ہمیں نہیں

چلا گھر سے وہ بحر حسن اللہ رے کشش دل کی
عجب قطرہ ہے جو کھینچے لئے جاتا ہے دریا کو

دل وحشی قیامت کا ہے وحشت خیز وحشت زا
بغل میں تیرے دیوانے لئے پھرتے ہیں صحرا کو

گلوں کے ہجر نے تگمت بنایا جسم لاغر کو
بہت ہے بوریا موج ہوا کا میرے بستر کو

ہمیں بھی عزم صدہم ہے گلے ملیں اٹھو
جو تم پہن کے سفر کا لباس بیٹھے ہو

قفس میں بھی ہے اسیرو تمہیں رہی سودا
لگائے فصل بہاری کی آس بیٹھے ہو

روتے روتے شب فرقت میں جو سو جاتا ہوں
چٹکیاں لے کے جگاتا ہے مرا دل مجھکو

غیر پھر غیر ہیں آخر ہیں پھر اپنے اپنے
یاد کرتا ہے ترے پاس مرا دل مجھکو

سرشت میں ہے نزاکت حیا ہے خو تیری
نکل سکی نہ کبھی پیرہن سے بُو تیری

عدم سے دہر میں آنا کسے گوارا تھا
کشاں کشاں مجھے لائی ہے آرزو تیری

مرا پیام صبا میرے گل سے کہدینا
چلی گئی مجھے بیہوش کرکے بُو تیری

ہُوا ہے چھوٹ کے تجھسے دِلا یہ حال اپنا
جگر پہ ہاتھ ہے ہر سمت جستجو تیری

تمام رات رہا دل سے ذکرِ خیر ترا
گلہ کیا ہو تو شاہد ہے آرزو تیری

صبح کے پہچاننے والوں میں رسوائی ہوئی
شب کی خبریں دے رہی ہے آنکھ شرمائی ہوئی

بڑھ گیا شاید اسیرانِ قفس کا اختلاج
باغ میں بادِ صبا پھرتی ہے گھبرائی ہوئی

قبر میں تو کوئی دم آرام لینے دے مجھے
بس دل مضطر اُڑی جاتی ہے نیند آئی ہوئی

کان میں شاید صدائے آہِ مجنوں آگئی
نجد کو لیلیٰ چلی جاتی ہے گھبرائی ہوئی

اُٹھتے جاتے ہیں بزم عالم سے
آنے والے تمہاری محفل کے

✓ داغِ دل گھٹ رہے ہیں پیری میں
بجھ رہے ہیں چراغ محفل کے

✓ دھوئے صبر ہو گیا باطل
دردِ بے ہوش کھوئے دل کے

نجد سے جانب لیلیٰ جو ہوا آتی ہے
دلِ مجنوں کے دھڑکنے کی صدا آتی ہے

مر کے بدنام کیا نام محبت میں نے
منہ پہ کچھ ڈالدو کوئی کہ حیا آتی ہے

مجکو مل جاتی ہے اپنے دلِ زخمی کی خبر
ٹوٹتا ہے کوئی ٹانکا تو صدا آتی ہے

آئے ہیں کون سے عاشق کے گلے ملکے حضور
آپ سے آج مجھے بوئے وفا آتی ہے

وصل میں شام سے منہ ڈھانپ کے سونا کیا
نیند بن کر تری آنکھوں میں حیا آتی ہے

کہتے ہو کیوں ہے تعشق ترے منہ پر زردی
ہجر میں نیند کم اے ماہ لقا آتی ہے

چھوٹ جائیں ہم عذاب ہجر سے
ابتو ایسی کوئی صورت کیجئے

اسقدر نایاب دنیا میں محبت ہو گئی
چشمۂ آبِ بقا چشم مروت ہو گئی

ابتو یہ طولِ شبِ فرقت سے حالت ہو گئی
دل سے رو رو کر امید وصل رخصت ہو گئی

عمر بھر جھانی جو خاک اس در کی یہ چاہا ہوا
ایک تربت کی جگہ مجھکو عنایت ہو گئی

آنسو بھر آئے دیکھ کے بادل بھرے ہوئے
صحرا کے ساتھ زخم جگر کے ہرے ہوئے

خالی ہوئے جو آنکھوں کے بادل بھرے ہوئے
گلزار و کوہ و شہر و بیاباں ہرے ہوئے

چمکی جو جوش میں ترے وحشی کی برقِ آہ
بیٹھے ہیں آشیانوں میں طائر ڈرے ہوئے

کھینچو نہ میرے سینے سے اے قاتلِ جہاں
تم کیا کرو گے تیر لہو میں بھرے ہوئے

وحشت سرائے دہر میں آیا نہ پھر کوئی
لیلےٰ گئے یہاں سے مسافر اڑے ہوئے

دلِ مجنوں میں کیا برائی تھی بتو
تجھکو لیلیٰ جو فکرِ محمل ہے ہے

رات بھر مطلق نہ آئی نیند ایسا جی لگا
صبح تک باتیں سنیں ہمنے دلِ ناشاد کی

موسم گل ہو گیا آمادہ جانے کے لئے
اور جگہ ڈھونڈا کئے ہم آشیانے کیلئے

بجھ رہے ہیں داغ دل تربت میں جانے کیلئے
روشنی کم ہو رہی ہے نیند آنے کے لئے

ہوں وہ بلبل جب گرا صیاد میرا آشیاں
برق دوڑی ہاتھ پھیلا کر اٹھانے کے لئے

قدر دانی آپ کی ہم ناتواں کیا روئیں گے
دل میں طاقت چاہئے آنسو بہانے کیلئے

رنج غیروں کو ہوا ایسے ہوئے برباد ہم
قبر پر آئے بگولے خاک اڑانے کیلئے

حشر کو کہتے اٹھے حاسد گان کوئے دوست
کیا مزے کی نیند میں آئے جگانے کیلئے

دیکھلوں میں آخری دیدار آنکھیں کھول کر
آپ اتریں قبر میں شانہ ہلانے کے لئے

دل جگر میں ہو گئے ناسور کیا جی خوش ہوا
اور دو آنکھیں ملیں آنسو بہانے کے لئے

باغباں کیا کیا مرے دم کے ہیں جلوے باغ میں
برق جگنو بنگئی ہے آشیانے کے لئے

تھا وہ پروانہ کہ روئی شمع محفل رات بھر
صبح کو آئی صبا لاشہ اٹھانے کے لئے

دستِ رنگیں سے گرا ہے دل مرا جب سے گل
فصلِ گل دوڑی ہے آنکھوں سے اٹھانے کیلئے

ہم بہل جاتے ذرا زندہ جو ہوتا آج قیس
دو گھڑی مل بیٹھتے رونے رلانے کے لئے

یوں نہ آئے ایکدن لاشے پہ آج آئے حضور
کچھ بہانہ ڈھونڈتے تھے آپ آنے کے لئے

زخم اے جراح ہیں اس شوخ نیں کی تیغ کے
آئیو منہ پھیر کر ٹانکے لگانے کے لئے

باغ میں پھولوں کو روندا آئی سواری آپ کی
کس قدر ممنون ہے بادِ بہاری آپ کی

بیوفائی آپ کی غفلت شعاری آپ کی
میرے دل نے عادتیں سیکھی ہیں ساری آپ کی

ہے یقیں باہم گلے ملنے کو اٹھیں دست شوق
ہو اگر تصویر بھی یکجا ہماری آپ کی

میکدہ میں ٹوٹے جاتے ہیں ہم لڑ لڑ کر جام
مفسدہ پرداز ہے چشم خماری آپ کی

آج کس پر رحم آیا کس کو روتے ہیں حضور
ہے نصیب دشمناں آواز بھاری آپ کی

جفا وہ کرتے ہیں اے دل وفا کئے جا تو
نہ مضطرب ہو یونہی رسم و راہ ہوتی ہے

چراغ داغ میں دن سے جلائے بیٹھا ہوں
سنا ہے جو شب فرقت سیاہ ہوتی ہے

گیا شباب پھرا تا رہا تعلق عشق
دل و جگر میں تبک گاہ گاہ ہوتی ہے

فراق یار میں پھرتے ہیں پوچھتے ہوئے ہم
اثر جو رکھتی ہے کیسی وہ آہ ہوتی ہے

نسیم کو چۂ جاناں میں جلد پہنچا دے
کہ مشت خاک ہماری تباہ ہوتی ہے

تمام رات وہ کہتے ہیں کروٹیں لے کر
جگر کے پار تعشق کی آہ ہوتی ہے

یاد ایام کہ ہم رتبۂ رضواں ہم تھے
باغبان چمن محفل جاناں ہم تھے

دھجیاں جیب کی ہاتھوں میں ہیں آج اے وحشت
جامہ زیبوں سے کبھی دست و گریباں ہم تھے

جان لی گیسوؤں نے الفت رخ میں آخر
کافروں نے ہمیں مارا کہ مسلماں ہم تھے

قفس تنگ میں گھٹ گھٹ کے نہ مرتے کیونکر
ناز پروردۂ آغوش گلستاں ہم تھے

دل کے دینے میں تامل ہمیں ہوتا کیونکر
یہ حسینوں کی امانت تھی نگہباں ہم تھے

شعلۂ حسن سے تھا دو دو دل اپنا اول
آگ دنیا میں نہ آئی تھی کہ سوزاں ہم تھے

دیتے پھرتے تھے حسینوں کی گلی میں آواز
کبھی آئینہ فروش دل حیراں ہم تھے

طوق منت کے گلے میں تھے وہ دن یاد کرو
پھر اس عہد میں بھی چاک گریباں ہم تھے

ڈوبتے جاتے تھے رہ رہ کے تعشق تارے
مثل ابر آخر شب وصل میں گریاں ہم تھے

دور سے جو آج مدت بعد چار آنکھیں ہوئیں
آبدیدہ ہو کے کچھ باہم اشارے ہو گئے

چھنکے افشاں بام پر آئے جو اے رشک ماہ
چاندنی میلی ہوئی بے نور تارے ہو گئے

شب وصال وہ سر رکھ کے جو سوئے تھے
تڑپ رہا ہوں وہ تکیہ گلے لگائے ہوئے

جھنجلا کے مجھکو ذبح تو صیاد نے کیا
اب رو رہا ہے منہ کو قفس پر دبائے ہوئے

وہاں اٹھتے نہیں پردے ہوا ہوں دفن میں جب سے
یہی ضد ہے کہ گھر میں اٹھ کے خاک آئے نہ باہر کی

یاں اترتا ہے داغ سے پیارا
تھرتھری جسم آفتاب میں ہے

ہل رہے ہیں تمام جزو بدن
کسقدر بے قراریٔ دل ہے

تیرے در کی زمین کیا کہنا ۔۔۔ یہ جگہ تو لحد کے قابل ہے
ہجر میں رونے کو بیٹھے تھے اب اُٹھ سکتے نہیں ۔۔۔ کیسے آنسو تھے کہ ساری دلکی طاقت لے گئے
خفا نہ ہو جو تمہاری گلی میں دفن ہوئے ۔۔۔ ہزار بار سب آئے ہم ایک بار آئے
درد چھپتا نہیں انسان کہے یا نہ کہے ۔۔۔ کب برائے دہنِ زخم زباں لازم ہے
ہے دفن ہونے کو لاشہ تمہارے گریاں کا ۔۔۔ مگر زمین کی مٹی خراب ہوتی ہے
بھری ہیں نشہ سے ایسی وہ نرگسی آنکھیں ۔۔۔ کہ جیسے جام میں مملو شراب ہوتی ہے
ایسی ولدوز حسینوں کی پلک ہوتی ہے ۔۔۔ سانس لینے سے کلیجے میں کھٹک ہوتی ہے
برگِ گل میں کوئی کانٹا نہ چبھا ہو صیاد ۔۔۔ ہم اسیروں کے کلیجے میں کھٹک ہوتی ہے
دل سے منہ پھیرتی ہیں تاب و توانکی موجیں ۔۔۔ حسن کی ناز کے جانب کمک ہوتی ہے
یاد آتے ہیں جو گیسو تو چمک جاتے ہیں داغ ۔۔۔ شبِ یلدا میں ستاروں کی جھلک ہوتی ہے
اے مسیحا تو نے جسدن سے توجہ چھوڑ دی ۔۔۔ تیرے بیماروں کو اُمید شفا جاتی رہی
پونچھ کر دانتوں کی مسی ہنسکے فرمانے لگے ۔۔۔ لیجئے تارے نکل آئے گھٹا جاتی رہی
آخر ان جادو بھری آنکھوں نے میری جان لی ۔۔۔ بات تیری اے لبِ معجز نما جاتی رہی
دل سوختہ تھے چاہنے والے نہیں تمہارے ۔۔۔ لیکن سبب گرمیِ بازار ہمیں تھے
ملتے ہی لبِ یار سے لب دل نکل آیا ۔۔۔ مارا جسے عیسےٰ نے وہ بیمار ہمیں تھے
نہ اُٹھے پھر کبھی راتوں کے بیدار اسطرح سوئے ۔۔۔ مگر کروٹ بدلوانے کو آئی صبحِ محشر کی
نہ پھٹنے پائے پھاہا قبر میں بھی داغِ سوزاں سے ۔۔۔ کہ رنگت سانولی ہو جائیگی خورشیدِ محشر کی
کسی دل کو غم و اندوہ سے فرصت نہیں دیتا ۔۔۔ قسم کھائی ہے گردوں نے زمینِ کوئے دلبر کی
ہیں یہ سرشار قناعت رفتگاں آنکھیں بند ۔۔۔ دیکھئے جسکو وہ ایک دو گز کفن میں مر جائے
ہیں وہی ناز جو تھے عاشقِ رفتار کے ساتھ ۔۔۔ میرے تابوت کے ہمراہ سوار آتا ہے
مجھ سے کیا پوچھتے ہو داغ ہیں دل میں کتنے ۔۔۔ تمکو ایام جدائی کا شمار آتا ہے
جھک جائے تو ذرا تو گلے سے لگائیں ہم ۔۔۔ پیدا ہوئے ہیں ہاتھ ہمارے مزار سے
ہم وہ ضعیف تھے کہ نہ آندھیاں چلیں ۔۔۔ اُٹھا گیا نہ ایک دن اپنے غبار سے
نقشِ پا تعویذ تربت کیجئے ۔۔۔ جاں نثاروں پر عنایت کیجئے

تعشق

تعشق - راجہ تعشق حسین خاں تعشق ساکن مانک پور ضلع الہ آباد شاگرد نواب احمد حسین خاں جوش - خوش فکر ہونے کے علاوہ زبان بھی صاف تھی - مذاق ستھرا اور کلام عیوب سے پاک ہے - سید ہاسید حاصاف صاف خوب کہتے ہیں - دیوان مطبوعہ کا انتخاب درج ذیل ہے -

گرایا چاہ میں یوسف کو بھائیوں نے تو کیا
غلام ہو کے اُسے بادشاہ ہونا تھا

آیا نہ کبھی فاتحہ خوانی کو وہ گلرو
سبزہ نہ لحد کا ہوا پامال ہمارا

جب سے اس عالم فانی میں ہوئے ہم پیدا
کشورِ دل میں اُسی دن سے ہوا غم پیدا

مدتے الفت رہی ہے یہانتک بیخودی سالی
نظر آتا نہیں کچھ فرق ہمکو دوست دشمن میں

نقد دل لوگ لئے پھرتے ہیں بازاروں میں
اک جہاں ہے میرے یوسف کے خریداروں میں

جس گھڑی نظر دنے وہ مستور آنکھیں ہو گئیں
عاشقِ ناشاد کی بے نور آنکھیں ہو گئیں

سینے کہا اگر رُخِ انور دکھائیے
بولا وہ شوخ طاقتِ دیدار بھی تو ہو

رازقِ ما رزق بے منت دہد
کوشش اے پائے ہوس نے سود ہے

تشنہ لب ہیں آبِ سفاک ہم
سیر کر آبِ دمِ شمشیر سے

بھولے سے بھی گر آپ ہمیں یاد کرینگے
قدموں پہ تصدق دلِ ناشاد کریں گے

جب سے نہیں ہے توبۂ بے پیر سامنے
رہتی ہے رات دن تری تصویر سامنے

تفتہ - سخنور ہمپایہ طالب و کلیم - منشی ہرگوپال صاحب تفتہ الملقب بہ میرزا تفتہ حضرت غالب مرحوم کے عزیز ترین اور ارشد ترین شاگرد تھے - فارسی کلام آپکا اس پایہ کا ہوتا تھا کہ جسے سنکر اہل زبان ستائش کرتے تھے - ہمیشہ فارسی کہتے رہے اردو کی طرف کبھی توجہ نہ ہوئی سنہ ۱۲۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور زیادہ حصہ عمر کا اپنے وطن سکندر آباد نواح دہلی میں گذار دیا - مجلد کلام فارسی میں جسمیں ہزاروں غزلیں - ظہوری - نظیری صائب - حافظ - عرفی - خسرو - جامی کی ہم طرح زمینوں میں ہیں - ان سے یادگار ہیں -

مرزا غالب کو ان سے دلی اُنس ہی تھا بلکہ اُنھیں اپنا سرمایہ نازش سمجھتے تھے اور ہمیشہ عزیز داری کا سا برتاؤ کرتے تھے۔ مرزا تفتہ کا لقب انہیں نے عنایت کیا تھا۔ اُردوے معلیٰ میں اکثر خطوط اُنکے نام کے موجود ہیں۔ عالم ضعیفی میں مرزا کی وفات کے دس برس بعد انتقال کیا۔ اِن کے اُردو کلام میں صرف حضرت غالب کی تاریخ وفات دستیاب ہوئی جسے ہم تبرکاً درج ذیل کرتے ہیں۔

غالب وہ شخص تھا ہمہ داں جسکے فیض سے ۔۔۔ ہمے ہزار ہیچمداں نامور ہوئے
فیض و کمال صدق و صفا اور حسن و عشق ۔۔۔ چھ لفظ اسکے مرتے ہی بے پا و سر ہوئے

تفتہ

تفتہ ۔ قاضی محمد شمس الضحیٰ تفتہ۔ قاضی پوری حضرت داغ کے شاگرد ہیں۔ اب احقر تخلص کرتے ہیں۔ زیادہ حالات معلوم نہوئے۔ یہ چند انکے ہیں۔

ہے درد ہمارے دلمیں یا دُکھ ۔۔۔ صدقہ سب کچھ ہے آپ ہی کا
جا دو آنکھوں کا کہہ رہا ہے ۔۔۔ کیا چیز ہے سحر سامری کا

کچھ نہ سوجھا اُس بُتِ نازک ادا کو دیکھکر ۔۔۔ رہ گئے سکتے میں ہم شانِ خدا کو دیکھکر
مجھ سا زمانے میں کوئی پامالِ غم نہیں ۔۔۔ مجھ پر ہوا نہ ہو کوئی ایسا ستم نہیں
جینے کی کیوں دعائیں وہ کرتے ہیں نزع میں ۔۔۔ اللہ میرے آپ مجھے تاب ستم نہیں

مزہ مل گیا آپ کو اس میں کیا ۔۔۔ کہ اب مے ہی مے شیخ جی سوجھتی ہے
نازک مزاج آپ سا دیکھا نہیں کہیں ۔۔۔ بیٹھے بٹھائے روٹھ گئے بات کیا ہوئی

تفتہ

تفتہ ۔ مولوی بدرالدین خاں مفتی سابق مدار المہام ریاست بھوپال۔ آپ مفتی سلطان حسن صاحب جج مرحوم رئیس بانس بریلی کے خلف الرشید ہیں۔ تحصیل علمی کے بعد آپنے بھوپال میں ملازمت اختیار کی اور درجہ بدرجہ ترقی کرکے صدر المہام کے جلیل القدر عہدہ پر ممتاز ہوئے۔ نواب شاہجہاں بیگم کے انتقال کے بعد آپنے ملازمت ترک کردی اب اپنے وطن میں قیام پذیر ہیں۔ چند غزلیں نظر سے گذریں۔ اُن کا انتخاب

حاضر ہے۔

لذت ہے غم عشق کی بیداد و جفا میں
صحت ہے مری درد میں ہے درد شفا میں

اس کوچے سے کیا پاؤں اٹھانے کی ہو ہمت
دل پر ہیں مرے آبلہ چھالے کف پا میں

ان شوخ نگاہوں کا تو گھر ہے دل بیتاب
نیمٹے ہیں کہاں جا کے وہ آغوش حیا میں

الٰہی سوز نہاں کو لگے آگ
جلایا دل کو آہوں کے شرر سے

لگے کیا خاک حوروں میں طبیعت
بشر کا دل بہلتا ہے بشر سے

نہ دیکھا آتے جاتے تیر کوئی
دل تفتہ ہوا زخمی کدھر سے

تفضل

تفضل ۔ سید تفضل حسین صاحب تفضل مقیم قصبہ برست ضلع پانی پت کرنال شاگرد مرزا صابر صاحب بہادر زیادہ حال معلوم نہیں کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

میں اپنے شیشہ دل میں اتارلوں تصویر
تمہیں ذرا بھی تصور میں گر قرار رہے

خمیدگی کبھی لازم نہیں تواضع میں
کہ موج صورت سیماب بیقرار رہے

پڑا یہ صبر مرے اضطراب کا ان پر
کہ وہ بھی طبع کی شوخی سے بیقرار رہے

تفضل اپنی نظر مرہم جگر ہو جائے
گر اپنی آنکھ کی پتلی بشکل یار رہے

تفکر

تفکر ۔ منشی میاں خاں محرر منصفی باشندۂ سنبل مراد آباد حضرت آغا شاغل دہلوی کہیں برادر رضاع سے فن سخن میں استفادہ حاصل کیا

جو بلائیں تری اے زلف دوتا لیتی ہیں
ان کو سودا ہے کہ سر آپ بلا لیتے ہیں

دست نازک میں وہ کیوں تیغ جفا لیتے ہیں
ہم تو خود مول جو بکتی ہو قضا لیتے ہیں

اور کیا ہمسے ہو مہمان کی خاطر داری
تیر آتا ہے تو پہلو میں بٹھا لیتے ہیں

کچھ مروت بھی ہے عادت سے بھی کچھ مجبور
وعدہ بھی کرتے ہیں مہندی بھی لگا لیتے ہیں

لاکھ بن بن کے دکھائے یہ عروس دنیا
کب اسے مفت بھی مردان خدا لیتے ہیں

تقی

تقی ۔ منشی محمد تقی خاں لکھنوی ۔ خلف بہادر خاں آپ کو خواجہ وزیر سے تلمذ تھا اور

تذکرہ

قبل از غدر کانپور میں سکونت پذیر تھے کلام مہم رسیدہ کا انتخاب درج ذیل ہے۔

مست دلِ پرخوں مری آنکھوں نے نہیں گے
اب پتلیاں دیکھیں گی تماشہ مرے دل کا

خون رونے سے سب رازِ نہاں ہوگیا ظاہر
فاش آنکھوں نے آخر کیا پردہ مرے دل کا

فریاد کروں آہ تقی کس سے میں جا کر
پُر درد پر افسوس ہے قصہ مرے دل کا

شیشہ تو ٹوٹا تو برابر ہی مرا دل ٹوٹا
ٹھیس ساغر کو لگی درد ہوا آنکھوں میں

نہ دکھا روزِ سیہ مجھکو خدارا اے حور
مان کہنا مرا سرمہ نہ لگا آنکھوں میں

تقی

تقی۔ ابوالکلام مولوی محمد تقی صاحب تقی۔ شعلہ مرحوم کے شاگرد حیدرآباد کے رہنے والے اور کتب خانۂ آصفیہ کے مہتمم ہیں۔

جھلکی دکھائی سامنے آئے سرک گئے
عاشق کو ہر طرح سے وہ ترسائے جاتے ہیں

وعدہ تو روز ہوتا ہے آتے نہیں کبھی
عاشق کو انتظار میں تڑپائے جاتے ہیں

آپکے کہنے سے آجاتا ہے مجھکو تو یقیں
بات لیکن آپ کی سچی کوئی ہوتی نہیں

غم مری قسمت کا ہے اغیار کو کیونکر ملے
اُن کو غم ہوتا نہیں مجھکو خوشی ہوتی نہیں

واعظا تیری نصیحت کا ہوا کچھ بھی اثر
بات کوئی کبھی رندوں نے تری مانی ہے

تقی

تقی۔ نواب بنے صاحب لکھنوی۔ آجکل کے شعرا میں ہیں۔ جو چند شعر نظر سے گذرے اُن سے پایا جاتا ہے کہ آپ کا مذاق پاکیزہ ہے اور مضمون نکالنے کی طرف توجہ زیادہ ہے۔ جناب شرر سے تلمذ ہے اور رسالۂ معیار کی کمیٹی کے ممبر ہیں آپکے کلام کا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے ملاحظہ ہو۔

خوں بہانا ہے جو دعوے کسی دلگیر کا
وہ اُٹھے ہیں آج قبضہ چوم کر شمشیر کا

مشقِ نظارہ نے اتنا جذب تو پیدا کیا
صفحۂ دل پر ہے نقشہ آپ کی تصویر کا

دیکھنے والوں کی نظروں کو کیا ہے مضطرب
رنگ اتنا شوخ ہے ظالم تری تصویر کا

شام ہونا غمِ فرقت میں سحر ہوجانا
یوں مری عمر دو روزہ کا بسر ہوجانا

رُوح کر دیتا ہے تحلیل یہ وہ صدمہ ہے | دلِ ناشاد کا ناکام اثر ہو جانا
آج بیمارِ محبت کی بُری حالت ہے | ہو مناسب تو کسی وقت اِدھر ہو جانا
تیرا آنا ہے مرے واسطے اُمیدِ حیات | تیرا جانا مرے مرنے کی خبر ہو جانا
ناتوانی شبِ فرقت میں بڑھی ہے اتنی | میری کروٹ کا بدلنا ہے سحر ہو جانا
آنے والی ہے قیامت یہ خبر دیتا ہے | آپ کا گورِ غریباں سے گذر ہو جانا

تکلف

تکلف ۔ مرزا اکبر علی بیگ شاگرد مولوی سید محمد جعفر صاحب آسان کانپوری کانپور کے ضلع میں کسی تھانہ میں محکمہ پولیس میں محرر تھے۔ اور اس طرح سخن طرازی کرتے ہیں۔

کس جا پہ ترا ڈھونڈنے والا نہیں جاتا | کعبے نہیں جاتا کہ کلیسا نہیں جاتا
گانے سے اُسکے آتشِ الفت بھڑک اُٹھی | جل جل گئے ہیں شعلۂ حسن صدا سے ہم
خفا نہ ہو جو کیا میں نے ظلم کا شکوہ | چلو یونہی سہی تم کو جفا نہیں آتی
کیا جو بوسہ طلب اُس نے سر جھکا کے کہا | تمہیں یہ کہتے ہوئے کچھ حیا نہیں آتی

تلسی

تلسی ۔ بابا تلسی داس گشائیں سرجوپاری برہمن تھے۔ اُن کی ماں کا نام ہلسی اور باپ کا نام آتما رام تھا۔ اُن کے والدین نے روز پیدائش ہی سے اِن کو علیحدہ چھوڑ دیا تھا بعض مورخوں کا قول ہے انکی پیدائش سمت ۱۵۸۳ میں ہوئی بعض کا خیال ہے کہ سمت ۱۵۸۹ بکرمی کا جنم ہے اِن کی تعلیم و تربیت و تحصیل علم کی بابت بھی اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں اِن کے گرو نرسنگھ داس تھے بعض کا بیان ہے جگناتھ داس سے انھوں نے تعلیم حاصل کی تھی۔ اول انکی شادی وین بندھو پاٹھک کی لڑکی رتناولی سے ہوئی تھی جس کے بطن سے تارک نام ایک لڑکا بھی پیدا ہوا تھا جو بچپن ہی میں فوت ہو گیا۔

مشہور روایت ہے کہ تلسی داس جی جوانی کی عمر میں نہایت اوباش اور بدچلن تھے

چنانچہ ایک عورت رتنا نامی سے آشنائی تھی جو سرجو پار رہتی تھی۔ تلسی داس کا دستور تھا کہ ہر روز رات کو اپنی معشوقہ کے گھر جایا کرتے تھے۔ ایکدفعہ دریا بہت چڑھا ہوا تھا اور کشتی بھی موجود نہ تھی اتفاقاً ایک مردہ لاش بھی ہوئی جا رہی تھی۔ تلسی داس نشۂ عشق میں سرشار تھے بیتابانہ اسی پر بیٹھ گئے اور دریا سے پار ہو گئے جب اپنی آشنا کے مکان پر پہنچے تو دروازہ بند تھا اور ایک سانپ لٹک رہا تھا تلسی داس نے خیال کیا کہ رسہ ہے اسکو پکڑ کر بالاخانہ پر چڑھ گئے اور اس عورت سے ملاقات کی۔ معشوقۂ طنّاز نے دریافت کیا کہ تلسی آج تم کیونکر یہاں آئے۔ تلسی داس بولے کہ تم نے جو کمند میرے لئے لٹکا رکھی تھی اُسکو پکڑ کر آگیا۔ جب اس عورت نے جا کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ سانپ تھا۔ چنانچہ تلسی داس کی سچی محبت کو دیکھکر اس عورت نے ذیل کا دوہا پڑھا۔

دوہا

وھک وھک وھک تو ہے پران پیارے	چمڑا۔ ہاڑ۔ عضو۔ انتی۔ نرس نکلے۔ ہمارے
ایسو من جو لاگت را مئی	تو سدھرت تیرے سب کا مئی

یہ سُنکر تلسی داس مہاراج کے دلمیں گیان کی چوٹ لگی اور اس روز سے عشق حقیقی کی طرف رجوع ہوئے ہر چند ان کی آشنا نے ٹالنا چاہا مگر آپ یہ کہکر چلے آئے۔

دوہا

تلسی داس کہے مان گلا شرشٹی	ہے ستہے ست یہ ست بانی
بوڑے ترت موکھ کی نائیں	گئے کاش بچ بھون گشائیں
گئیں ایک رگھناتھ سنگ باندھ جٹا سر کیس	ہنومان چاکھا پریم رس تپنی کے اپدیش

جب سے تلسی داس زاہد و خدا پرست لوگوں کی صحبت میں رہا کرتے تھے اور اکثر آزاد پھرا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ چترکوٹ میں تلسی داس نے ہنومان جی مہاراج سے ملاقات کی اور انہوں نے ان کو شاعری کی قدرت عطا کی سمہ ۱۶۳۱ بکرمی میں آپ نے رامائن کی تصنیف

شروع کی جو مہاراجہ راجمندر جی کے تاریخی واقعات کی مستند کتاب ہونے کے علاوہ اپنی شیریں زبانی اور موزونی میں ایک خاص اہمیت اور دلکشی رکھتی ہے۔ علمی۔ اخلاقی موحدانہ مضامین مصرعہ مصرعہ میں کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں۔ انکا لطف کچھ وہی زبانیں جانتی ہیں جو بھاشا کی چاٹ سے آشنا ہیں۔ الغرض تلسی داس اپنے زمانہ کے متقی پرہیزگار خداشناس۔ نیک مرد۔ صاحب کشف وکرامات گذرے ہیں۔ جہانگیر کے زمانے میں جس وقت وبائے طاعون پھیلی تھی آگرہ میں کسی عورت کا خاوند مرگیا۔ چنانچہ وہ اس وقت کے دستور کے موافق ستی ہونے کے لئے جاتی تھی۔ اتفاقاً راستہ میں مہاراج تلسی داس مل گئے اس عورت نے ان کو دیکھکر ڈنڈوت کی مہاراج تلسی داس نے دعا دی کہ تیرا سہاگ بنا رہے۔ اس پر اس عورت نے رو کر کہا کہ مہاراج یہ کیونکر ہو سکتا ہے میرا خاوند تو فوت ہوگیا۔ اور میں ستی ہونے کو جاتی ہوں یہ سُنکر مہاراج تلسی داس اسکے ہمراہ گئے اور اسکے خاوند کو دوبارہ زندہ کر دیا جب اس واقعہ کی شہرت ہوئی تو بادشاہ وقت نے ان کے مذہبی عقائد سے ناراض ہوکر قید کر دیا کہتے ہیں کہ ہزاروں بندر قید خانہ توڑنے کو آموجود ہوئے اور بادشاہ نے متعجب ہوکر ان کو رہا کر دیا اور مزید عنایت کا اقرار کیا۔

ان کی سکونت کی بابت بھی مورخوں نے مختلف خیال ظاہر کئے ہیں۔ لیکن ان کا خاص وطن راجاپور ضلع باندا تھا۔ جو خود ان کے ہی دوہے سے ثابت ہے۔

دوہا

راجاپور جمنا کے تیرہ		تلسی جہاں بسے من ہیرہ	

تلسی داس کا زمانہ اکبر و جہانگیر کے عہد حکومت میں تھا چنانچہ آپ اکبر کے وزیر خانخاناں سے بہت دوستی تھی اور خانخاناں بھی ان کی بہت قدر و منزلت کرتا تھا۔ چنانچہ ایکدفعہ ایک برہمن جسکی لڑکی کنواری تھی اور شادی کے اخراجات کی استطاعت نہ رکھتا تھا۔ مہاراجہ

تلسی داس سے سفارش کا خواہاں ہوا چنانچہ آپ نے دوہے کا ایک مصرعہ لکھکر اُسے وزیر موصوف کی خدمت میں بھیجدیا۔ مصرعہ یہ تھا ؎

سُرتیہ نرتیہ ناگ یہ سب چاہت رس ہوئے

خانخاناں نے اس غریب برہمن کی امداد کی اور دوسری مصرعہ حسب ذیل لکھدیا جس سے خانخاناں کی طبیعت کا مذاق ظاہر ہوتا ہے۔

گود لئے ہلسی[1] پھریں تلسی سون مست ہوئے

مہاراج تلسی داس کو رامچندر جی مہاراج کا عشق تھا اور ہمیشہ اِن کی ہی پوجا سیوا کیا کرتے تھے دوسرے دیوتاؤں کے سامنے سجدہ کرنا کفر خیال کرتے تھے۔ چنانچہ جب آپ متھراجی گئے تو ہر طرف رادھا کرشن رادھا کرشن لوگوں کو کہتے سُنا تو آپ نے بیساختہ فرمایا۔

دوہا

رادھے رادھے رٹت ہیں آگ ڈھاک اور کیر	تلسی یا برج بھوم میں کہا رام سے بیر

برج کے لوگوں نے کہا مہاراج آپ کیسے مہاتما ہیں کہ ہماری جی کے درشن تک نہیں کرتے یہ بھی تو پرماتما کا اوتار ہیں۔ چنانچہ جب آپ بند رابن گئے تو فی البدیہہ یہ دوہا کہا۔

دوہا

کیا کہوں چھب آپ کی بھلے بنے ہو ناتھ	تلسی مستک جب نوائے دھرو دھنش شر ہاتھ

کہتے ہیں سری کرشن جی مہاراج نے اِنکے قصور کے مطابق اِن کو رامچندر جی کے روپ میں درشن دیئے جیسا اِس دوہے سے ثابت ہوتا ہے۔

دوہا

مُرلی مکٹ دوودے کے دھرو دھنش شر ہاتھ	تلسی لکھ یہ روپ داش کی کرشن بھئے رگھناتھ

آپ کی وفات سمت ۱۶۸۰ بکرمی میں واقعہ ہوئی۔ تاریخ وفات کسی بھاشا کے شاعر نے اسطرح کہی ہے۔

[1] مہاراج تلسی داس کی ماں کا نام تھا۔

سمت سولہ سو اسی اسی برن کے تیر	ساون سکلا سپتمی تلسی تجے سریر

تلسی داس اکثر متھرا بندرابن - کورکشیتر - پریاگ - چترکوٹ - جگناتھ کی جاترا میں مصروف رہتے تھے - بندرابن میں سنباجی سے جو اس وقت میں سنسکرت زبان کے فاضل تھے ملاقات کی - ان کی تصنیفات رامائن کے علاوہ بنے پتر کا اور گیتابلی ہے - آپ کے اکثر دوہے اور چوپائیاں زبان زد خلایق ہیں جن میں مضمون کی بلندی - تشبیہات و استعارہ کی خوبی کے علاوہ بے ساختہ پن بھی پایا جاتا ہے - آپ کے اشعار تصوف و پند و نصائح سے مملو ہیں شعرائے ہند میں اکثر رتبہ فردوسی اور میر تقی کے برابر بلکہ ان سے بھی افضل سمجھنا چاہئے کلام کا انتخاب درج ذیل ہے -

دوہے

تلسی اس سنسار میں بھانت بھانت کے لوگ	ملا سنگھ مارے نہیں انل مارے گائے
تلسی میٹھے بچن سے سکھ اپجت چہوں اور	بشی کرن منتر ہے کر تجئے بچن کٹھور
کاگا کاسا لیت ہے کوئل کاکو دیت	میٹھا بچن سنائے کے جگ اپنا کر لیت
تلسی اس سنسار میں وہی بھیو سمرتھ	اک کنچن دو کنچن پرجو نہ پیارے ہتھ
تلسی سیدھی چال سے پیادہ پہنچے وزیر	ٹیڑھی شاہ نہ سکے گت ٹیڑھی تاثیر
تلسی آہ غریب کی کبھی نہ خالی جائے	مرے چام کے سانس سے لوہا بھسم ہو جائے
کرم کنڈل کر گئے تلسی جہاں جہاں جائے	سرتیا ساگر کوپ جل بوند واوک سمائے
دوڑو کوس ہزار پہ بسے لکشمی پاس	بے کرپا رگھناتھ کے ملے نہ تلسی داس
تلسی اپنے رام کو رجھ بھجو کہ کھیج	کھیت پڑے جم جائیگا الٹا سیدھا بیج
پریت سکھ لو ایک سے جو ہے اسکی کان	جہاں گانٹھ تہاں رس نہیں یہی پیت کی بان
تات سورگ اپ برگ سکھ دھرے تلدک انگ	تلے تاسے سکل مل جو سکھ لوسنت سنگ
ایک گھڑی آدھی گھڑی اور آدھی کی آدھ	تلسی سنگت سادھ کی ہرے کوٹ اپرادھ

دیکھو پریت کی ریت بھل جل پہ سرس بچائے | کپٹ کھٹائی پریت سے بگک ہوئے اس جائے
سیوک کرے پدمنین سے سکھ سوں صاحب ہوئے | تلسی پریت کی ریت لکھ سو کوئی سرا ئیں سوئے
کام کردوہ لوبھ آدھ مدھ پربل موہ کی دھار | تن من انی وارن دکھدایا روپی نار
سیچوید۔ گرو جو پریہ بولیں جے آس | راج دہرم تنویتن کرہوئے بیگ ہی ناس
تلسی ریکھا کرم کی میٹ سکت نہیں رام | سیئے تو اچرج ہس پر سمجھ کرے ہس کام
جو منیا میں ناکے بیٹھی شکر کھائے | جو بکری میں میں کرے سچ ہی ماری جائے
ایک بھروسے رام کے کئے پاپ بھر پوٹ | جیسے نار کنار کو چی اپنے کی اوٹ
آوت ہے ہرکھی نہیں بیں نہیں سینہ | تلسی تھاں نہ جائیئے کنچن برسے مینہ
ہرک اٹھے آور کرے چلت نوائی سیس | تلسی ایسے مترسے ملئے لبوے بیس
مایا سے مایا ملے کہ کے لمبے ہات | تلسی داس غریب کی کوئی نہ پوچھے بات
تلسی اپنے رام کو کیوں نہ بھجے نیشنکہ | اوہ انت میں ایک ہے جیسے نوکا آنکہ

اس دوہے میں نازک خیالی۔ بلند پروازی کا پورا پورا ثبوت دیا ہے خدا کی ذات کو کثرت سے وحدت میں دکھاتے ہیں۔ یعنی جس طرح نو کے عدد کو چاہے جس قدر پھیلا کر جمع کیا جائے تو نو ہی نو رہتے ہیں۔ اسی طرح قادر مطلق کی ذات باوجود ہزار رنگ میں ہے جلوہ کر ہو کر بھی ایک ہی ہے۔

چوپائی

آما سنت کی یہی بڑائی | مندکرت جو کریں بھلائی
شیام گورکم کرن دیکھانی | گرا نین انسی نین بن باتی بیان

فرماتے ہیں رامچندر جی کے سروپ کو ہم کیونکر بیان کر سکتے ہیں جن آنکھوں نے دیکھا ہے انکے زباں نہیں ہے۔ اور زبان کے آنکھیں نہیں ہیں جو دیکھ کر بیان کر سکیں۔

نوندا گھاٹ سمس گر کیسے ہو	کمل کے بچن سنت تین جیسے

تمکین

تمکین۔ میاں صلاح الدین دہلوی۔ شاہ حاتم کے ہمعصر اور شعرائے قدیم میں سے تھے طبیعت تعلقات دنیوی سے آزاد تھی اور فقیرانہ وضع رکھتے تھے ایک قلمی تذکرہ سے انکا کلام منتخب ہوکر درج ذیل ہے۔

عشق اور حسن کو جس روز کہ ایجاد کیا
مجھکو دیوانہ کیا تجھکو پریزاد کیا

نامہ کا میرے لیکر اُس سے جواب پھرنا
پر واسطے خدا کے قاصد شتاب پھرنا

کہے کیا درد دل بلبل گلوں سے
اڑا دیتے ہیں اسکی بات ہنس کر

تمکین

تمکین۔ میر ہدایت علی متوطن قصبہ کندر کی ضلع مرادآباد نہایت ذہین اور طباع اور علوم و فنون عربی و فارسی میں دستگاہ کامل رکھتے تھے خوشنویسی میں بھی یدطولےٰ حاصل تھا۔ چنانچہ اکثر خطوط متداولہ نہایت عمدگی سے لکھتے تھے۔ تمام عمر درس و تدریس میں بسر کی۔ فارسی شعر اکثر اور ریختہ بہت کم کہتے تھے۔ متقی پرہیزگار و ادیب کامل تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی ترتیب کے وقت یعنی بارہویں صدی کے آخر تک زندہ تھے۔ چند شعر اونہیں کے تذکرے سے انتخاب کرکے درج کئے جاتے ہیں جن سے تلاش الفاظ و مضامین اور رنگین بیانی کا پتہ چلتا ہے۔ ملاحظہ ہوں۔

وہ مہ جبین یوسف کنعاں ہے دوسرا
اُسکے مقابلہ کوئی انساں ہے دوسرا؟

پھر شورش جنوں ہے بھلا کیا کروں
داماں ہے دوسرا نہ گریباں ہے دوسرا

مشہد ہے دوسرا کا دلا کوچۂ صنم
تڑپی ہے ایک واپنہ تو بیجاں ہے دوسرا

ہر چند شب کے رہنے کی ہے گھر جگہ بھلے
تمکین کوئے یار شبستاں ہے دوسرا

اس عرصۂ جہاں میں ترے سامنے میاں
خنداں اگر ہے ایک تو گریاں ہے دوسرا

دل حزیں مرا مثل غنچۂ شگفتہ ہے
گر اسکے کوچہ میں کاش لیجائے اے صبا تو غبار میرا

لیا نہیں ہے اگر اس پری نے تا تو تمکین کہ مر گیا ہے
وہ صبر میرا شکیب میرا قرار اور اختیار میرا

اب نہ وہ بلبل ہے نے گلزار کیا تھا کیا ہوا
کچھ نہیں آتا نظر جز خار کیا تھا کیا ہوا

کیا کہوں شب ہمنشیں جاتا رہا سامانِ عیش
گردشِ افلاک سے اکبار کیا تھا کیا ہوا

نہ وہ ساقی ہی نہ مینا ہے نہ ساغر ہے نہ مُل
نے بغل میں یارِ گل رخسار کیا تھا کیا ہوا

پیش ازیں رکھتے تھے تمکیں ہم اُسے آغوش میں
اب میسّر بھی نہیں دیدار کیا تھا کیا ہوا

بیداد و جفا و ستم و جور و عداوت
کیجے گا کہاں تک بھلا دیکھیں تو ہم اچھا

کیا ہے سبب جو اُسکے ہے کوچہ کی لال خاک
کی اُسنے عاشقوں کی مگر پائمال خاک

میں وہ شہید تیغ نگہ ہوں کہ ہے میاں
مجھ مشت استخواں کی پر نگ گلال خاک

ہو دے رسائی اس لبِ نازک تلک مجھے
لیجائے اے خدا کوئی میری کلال خاک

آج تو کچھ سلام بھی لیتے نہیں ہو خیر سے
جاتے ہو اسطرح چلے جیسے کہ آشنا نہیں

چین جبیں ہو آج آپ اُٹھ کھڑے ایسے جلد کیوں
واسطہ وجہ کیا سبب مینے تو کچھ کہا نہیں

لوگے کیا ابتو نہ دل ہے نہ جگر رکھتے ہیں
قصد آنے کا تو اب بارِ دگر رکھتے ہیں

افعی ہے شب ہے مشک ہے یا تو کیا ہے یہ
زلفِ سیہ ہے یا کوئی کالی بلا ہے یہ

مصحف ہے گل ہے صبح ہے یا ہے یہ رُو تیرا
شمس الضحیٰ ہے یا کہیں بدر جبیں ہے یہ

تمکیں غزل کا کہنا ترا ایسی طرز سے
ظاہر ہے یہ کہ خوبیٔ ذہنِ رسا ہے یہ

وین و دل و شکیب گئے اِک نگاہ میں
ہمسے سلوک واہ یہ کیا یار کر چلے

جب سے صورت تری آنکھوں میں مری رہتی ہے
سارے عالم سے مجھے بیخبری رہتی ہے

دور میں تیرے زبس خون کا بازار ہے گرم
اک نہ اک نقش ترے گھر میں دھری رہتی ہے

کسطرح بھولے نہ تمکیں بھلا دنیا و دین
اسکو ہر وقت میاں یاد تری رہتی ہے

جو تاب عارض سے تیرے شرما کے قرص مہراب سحاب میں ہے
قیاس کرنا اسی کے اوپر کہ ماہ پھرکس حساب میں ہے

زباں سے بولا ہوں تو قسم لو نہ آنکھ اُٹھا کر میں اُس کو دیکھا
نہیں یہ معلوم کیا سبب ہے جو آپ ہی آپ عتاب میں ہے

نقاب اُٹھاؤ نہ رو دکھاؤ نہ حال پوچھو نہ پاس آؤ
تمہارے ہاتوں سے اندنوں تو بچارا تمکیں عذاب میں ہے

غیر سے یہ اختلاط اور ہم سے خالی پیار واہ | بس ہوئی معلوم ہمکو قدر دانی آپکی

تمکین

تمکین - میر سعادت علی تمکین - انکا اصلی وطن پٹنہ تھا مگر یہ خود غدر سے کئی سال پیشتر دہلی آرہے تھی اس وقت آپ کی عمر پچاس برس سے اوپر تھی طبیعت میں ظرافت اور کلام میں شوخی پائی جاتی ہے۔ زبان بھی صاف ہے یہ انکا کلام ہے۔

درد و غم رنج و اضطراب و قلق | حال یہ کیجے بیان تو کس کس کا
کان دکھ کر بات غیر وں کی سُنا کرتے ہو تم | کاش کہ ہم بھی نہوتے تمسے صورت آشنا
گزشتہ ہے بھی نگہ میں تری ؎ | مے کی پینے کی احتیاج نہیں
نام تمکیں ہوا تو کیا ہمدم | رات دن بیقرار رہتا ہوں
مہر والفت کا ثمر ہے مہر والفت دہر میں | پر محبت سے مری تم اور دشمن ہو گئے

تمکین

پنڈت بخت مل خلف الصدق پنڈت لچھمی رام صاحب فدا - دہلی کے رہنے والے تھے جو کچھ کہتے تھے اپنے والد بزرگوار کو دکھا لیتے تھے ۱۸۴۵ء میں زندہ تھی یہ بیت اشعار انکے ہیں۔

مشتاق قدم بوسی ہے ہر خار بیاباں | لائی ہے ولا یہ تری شوریدہ سری رنگ
نہو لخت جگر گر سد راہ اشک آنکھو نمیں | توڑ دیں طاران سدرہ تا منقار پانی میں
جب سے کافر وہ کیٹلی نظر آئیں آنکھیں | ہم نے ہرگز نہ کسی بت سے ملائیں آنکھیں

تمکیں

تمکین - محمد یوسف تمکین دہلوی - دہلی کے سرکاری مدرسہ میں تعلیم پائی تھی صاحب طبع مستقیم و ذہن سلیم شوخ مزاج ظریف تھے ۱۲۶۳ھ میں مدرسی کی تحصیل سے فارغ ہو کر سند تکمیل فارسی و خوش اطواری حاصل کی۔ مذاق سخن اچھا تھا۔ انتخاباً چند شعر درج ذیل ہیں۔

تھا دم لبو پہ اور کبھی لب پہ آہ تھی | فرقت کی رات کیا مری حالت تباہ تھی

دوزخ بھی جس سے مانگتا ہر دم پناہ تھا
کس دل جلے کی بارِ خدایا یہ آہ تھی
ہوتے ہی شام دام الم میں میں پھنس گیا
تھی شام یا خدا کہ وہ زلفِ سیاہ تھی
خانہ خراب ہو جو ترا عشق بے حیا
آئین کونسا تھا یہ کیا رسم و راہ تھی
تو نے جو میرے دل کو صنم خانہ کر دیا
رہتا خدا تھا جس میں یہ وہ بارگاہ تھی
محشر میں کیونکہ جلوۂ دیدار دیکھتا
آنکھوں کے سامنے تری زلفِ سیاہ تھی
تمکین کو ایک نگاہ میں دیوانہ کر لیا
جادو فریب آہ یہ کس کی نگاہ تھی

قطعہ

تمکیں

تمکین - مولوی غلام بتول خاں صدر امین ضلع بیر بھوم خلف مولوی غلام رسول خاں بہادر متخلص بہ تحسین صدر الصدور ڈاکہ ضلع میدنی پور کے رہنے والے بڑے ظریف شخص تھے۔ پیشتر ریختی کہتے تھے۔ مولانا ناسخ صاحب سخن شعرا کے دوستوں میں تھے۔ اور خاصہ کہہ لیتے تھے۔ ۱۸۵۰ء میں انتقال کیا۔ یہ اشعار اُن کے ہیں۔

لن ترانی کے سوا اسکی زباں پر کچھ نہیں
اِس ستمگر نے سُنا ہے جب سے قصہ طور کا
کوے جاناں کم نہیں کعبے سے عاشق کیلئے
دیدِ حق سے کم نہیں دیدِ رخِ نیکوے دوست
لاف کرتی ہے اب اُس چشم سے بیجا نرگس
کہئے اُن آنکھوں کے آگے ہے بھلا کیا نرگس
مہرباں ہم پہ بھی ہے اور جفا کار بھی ہے
لطف اور پیار بھی ہے قصہ و تکرار بھی ہے

تمکین

تمکین - محمد حسن نام تمکین تخلص ولد حکیم مولوی عظیم اللہ صاحب رئیس۔ مولد و مسکن قصبہ بچھراؤں ضلع مراد آباد۔ بڑے خوش مزاج اور لطیفہ سنج آدمی ہیں عمر ۶۰ سال سے کم ہے۔ مولوی نجم الدین صاحب برق مراد آبادی سے تلمذ ہے۔ ایک زمانے میں ان کو شاعری کا بہت شوق تھا ہر وقت شعر و سخن کے جلسے رہتے تھے۔ اب صدمات و علایق دنیوی کے سبب سے اس طرف توجہ کم ہو گئی ہے۔ اور شعر کہنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ دو تین سال ہوئے ریاست رام پور میں ملازم تھے۔ مگر نوکری چھوڑ کر وطن چلے آئے اور زمینداری کا شغل رکھتے ہیں۔ آپ کے کلام میں سے چند اشعار بطور نمونہ پیشکش ہیں۔

تمھارا ذکر کیا تھا تم جو بگڑے
کہیں کی بات تھی قصہ کہیں کا

دوستی میں تری دشمن ہی زمانہ اپنا
آفتِ جان ہوا دل کا لگانا اپنا

اپنی قسمت سے بدلا ہوں میں قسمت کسکی
چھین کر دوں دلِ مضطر تجھے راحت کسکی

آپ بھی جاتے ہیں اور جان بھی جاتی ہے ابھی
سخت مشکل میں ہوں پہلے کروں رخصت کسکی

یہی انداز ستم اوس نے نیا رکھا ہے
غیر کو میرے جلانے کو بٹھا رکھا ہے

تمکین

تمکین۔ منشی فضل حق تمکین دہلوی باشندۂ چتلی قبر دہلی۔ کاپی نویسی کرتے تھے اور ۱۸۵۷ء میں حیات تھے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ یہ آپ کا کلام ہے۔

بام پر شب جلوہ گر وہ غیرتِ مہتاب تھا
دیکھ کر اسکو قمر مثلِ کتاں بیتاب تھا

جب تصور میں ترے رویا میں آیا قوت لب
اشک جو آنکھوں سے ٹپکا گوہرِ نایاب تھا

ہستی ہے اپنی تو تیرا وصل اے دریائے حسن
دل تڑپتا ہجر میں جوں ماہئی بے آب تھا

میرا تیرا یاد ہے اے جانِ من ربطِ قدیم
تجکو لیلیٰ کہتے تھے مجنوں مرا القاب تھا

دین و ایماں صبر و طاقت کھو دیا سب عشق میں
کلبۂ تمکین میں یار و بس یہی اسباب تھا

جو صحرا کو ہم نکلے جوشِ جنوں میں
تو کانٹوں کو لیتے قدم دیکھتے ہیں

کہا میں نے یہ اس سے کہ ہاں لگائنا تو نے عدو کا تو دے گلہ
دے میرے فسانۂ غم کو ذرا کبھی کان لگا کے سنا ہی نہیں

تمنا

تمنا۔ محمد اسحاق خاں مرحوم تمنا۔ متوطن گجرات۔ احسن اللہ خان بیان مختار کار سرکار مرزا شکفتہ بخت مقیم بنارس کے ہم زلف تھے۔ بڑے عاشق مزاج اور آزاد منش آدمی تھے ہمیشہ نازنینانِ پری چہرہ کی صحبت میں رہتے تھے۔ عالم شباب میں انتقال کیا۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

جس کے غم میں ہم کبھی آرام سے واقف نہیں
کیا غضب ہے وہ ہمارے نام سے واقف نہیں

شبِ فراق کی سختی تمام کٹ جاوے
جو صبح تو مرے اگر گلے لپٹ جاوے

اپنی تو یہ صورت ہے کہ جوں بیلِ تصویر — پرواز کی طاقت نہیں اور پاس چمن ہے
تڑپ رہا ہے کوئی خستہ جاں زمیں کے تلے — اُٹھے ہے زلزلہ جو ہر زماں زمیں کے تلے

تمنّا

تمنّا۔ جمیل الدین تمنّا متوطن شیخ پورہ من محالات ضلع فرخ آباد شاگردان رشید نظام الدین ممنون۔ جوان وجیہ۔ جمیل نجیب۔ خوش اخلاق یہ آپکا کلام ہے۔

محو صید مرغِ دل از بس وہ صید انداز ہے — پنجہ مژگان جسکا چنگلِ شہباز ہے۔
پا بگل حیرت سے ہے سروِ گلستاں راست کہ — کس قیامت قد کایاں قمری خرام ناز ہے
نہ اُٹھا۔ گو جو آیا منہ میں پانی اُسکے شبنم نے — ہوا بیہوش یہاں تک دیکھکر غنچہ دہن تیرا

تمنّا

تمنّا۔ امیر والاشان نواب سید علی حسین خاں تمنّا عرف نواب دولہ بہادر خلف میر حسین علی رضوی۔ نسب میں سید علی بلگرامی اور نواب معتمد الدولہ بہادر وزیر اودھ کے حقیقی خواہرزادہ اور داماد تھے اونہیں کے ہمراہ لکھنؤ سے کانپور تشریف لائے اور پھر یہیں بود و باش اختیار کی۔ شیخ امام بخش ناسخ سے تلمذ تھا۔ انکے پوتے کا بیان ہے کہ صاحب دیوان تھے۔ اور قصیدوں میں ذوق اور سودا کا انداز ہے۔ ۷ صفر ۱۳۰۶ھ پچہتر برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ راقم کی نظر سے چند غزلیں گذریں انکا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔

ساتھ دیتا ہے کون پیری میں — گوشت نے استخواں کو چھوڑ دیا
یارب بُرا ہو پیرئے خانہ خراب کا — محتاج بال بال ہوا ہے خضاب کا
تا حشر اب نہوگی ملاقات آپ سے — رخصت ہوا یہ کہہ کے زمانہ شباب کا

کیا اثر تھا جذبۂ دل میں کہ بعدِ قتل بھی — تیر سینے سے اگر نکلا تو پیکاں چھوڑ کر
تمنّا ہے یہی موقع جسکو وہ ذبح کہتے ہیں — بڑھا کر ہاتھ دونوں ڈالدے قاتل کی گردن میں
حشر تک روئیں گے احباب تمنّا تجھکو — یاد کرکے گی جو آشفتہ بیانی میری

لہ یہ شعر حالت نزع میں کہا تھا ۱۲

حضرتِ نوح بھی گھبرا کے دعائیں کرتے
دیکھ لیتے جو کبھی اشک فشانی میری

آیا جو وہ مسیحِ نفس پھر فاتحہ
قالب میں جان پڑ گئی خشتِ مزار کے

تمنا

تمنا۔ منشی مسیح الدین باشندۂ کلکتہ۔ منشی امیر مرحوم کے نواسے اور حضرتِ وحشت کے شاگردوں میں تھے ۱۲۷۵ھ ہجری میں نواحِ کلکتے میں مختاری کرتے تھے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

گر لپٹتا تو کبھی خواب میں اے مصحفِ رو
تنِ عریاں پہ مرے جامۂ جاں ہوتا

جب وہ مہتابی پہ رخسار دکھا دیتے ہیں
پرتوِ پرتو کو خورشید بنا دیتے ہیں

وصولے مہندی لبِ دریا تو اگر ہاتوں سے
جائے ماہی ہو سمندر کا مکاں پانی میں

حکم قانون شفائے مرضِ غم ہے یہی
بوسۂ لبِ دلِ بیمار کا درماں ہووے

تمنا

تمنا۔ کسی خوش فکر باشندۂ لکھنؤ کا تخلص ہے۔ جو ترتیبِ تذکرۂ سخن شعرا کے وقت مٹیا برج کلکتہ میں واجد علی شاہ کی سرکار میں بسر اوقات کرتے تھے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے۔

جو اسطرف سے گذر ہوا ہے تو قبرِ عاشق بھی آ کے دیکھو
نگاہِ حسرت سے گر نہ دیکھو بلائے تیوری چڑھا کے دیکھو

صبا یہ کہنا خدا بچائے فقط ہیں اب آخری سنبھالے
گذرتے ہیں ناز اُٹھانے والے جو دیکھنا ہے تو آ کے دیکھو

خنودگی بھی ہے کچھ ہچکیاں بھی آتی ہیں
یقین ہے اجل آئیگی آج خواب کے ساتھ

سفر بسرعت ہو اس جہاں سے کوئی کہے بڑھ کے کارواں سے
قدم اُٹھائے چلو یہاں سے کہ یہ جگہ ہے روا روی کی

کھلے ہیں سب زخم خوں چکیدہ بہ رنگ گلہائے بوسیدہ
تمام اعضا ہیں گو بریدہ مگر نہ عادت گئی ہنسی کی

تمنا

تمنا۔ صاحبِ عالم میرزا غیاث الدین تمنا گورگانی۔ خلفِ شاہزادہ مرزا شمس الدین ابن

حضرت فردوس منزل عالی گوہر محمد جلال الدین شاہ عالم بادشاہ۔ حافظ قطب الدین صاحب مشیر کے شاگرد رشید تھے۔ لارڈ لیک نے جو شاہِ عالم بادشاہ کی اولاد کیواسطے سات ہزار آٹھ سو روپیہ ماہوار تنخواہ شاہی تنخواہ سے علیحدہ مقرر فرمائی تھی۔ وہ انگریزی خزانہ سے وصول ہوکر آپکے والد صاحب کے مکان پر تقسیم ہوا کرتی تھی ۱۸۵۰ء کے بعد مرزا صاحب موصوف نے سات ہزار آٹھ سو روپیہ ماہوار سابقہ تنخواہ جاری ہونے کے واسطے بہت کوشش کی لیکن ناکامیاب رہے پھر مجبور ہوکر حج کے لئے تشریف لیگئے ۱۲۳۲ھ میں قلعہ معلی کے اندر پیدا ہوئے اور ۱۳۱۵ھ میں حج سے واپسی کے ۱۲ روز بعد دہلی میں انتقال فرمایا۔ حضرت سلطان جی میں باولی کے اوپر اپنے والد بزرگوار کے پہلو میں دفن ہوئے ۱۲۸۱ھ میں انہوں نے ایک منظوم تاریخ لکھی جس کا تاریخی نام دُرِ انتخاب ہے اور اس میں کل شاہان خاندان مغلیہ کا حال درج ہے۔ چند اشعار ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ انکی اولاد دہلی میں موجود ہے۔

جو آنکھ چُراتے تھے لگے کرنے اشارے — ہوویگی ابھی آہ کی تاثیر ہوئی کیا
تھامے ہوئے دل بیٹھے ہو کیوں آج تمنا — کل دل پہ جو رکھتے تھے وہ تصویر ہوئی کیا
نہیں دردِ دل کے سنانے کی طاقت — لبوں کو نہیں ہے ہلانے کی طاقت
بیتابیوں کا حال تمنا نہ پوچھئے — دل لے گیا ہے ایک طرحدار کیا کہیں
قتل منظور ہے تو بسم اللہ — آؤ اُمید وار میں بھی ہوں
یار کی تصویر سے غم مٹ رہا ہے ہجر کا — رات دن چھٹتی نہیں تصویر اپنے ہاتھ سے

تمنا

تمنا۔ مرزا منصل جان خوشباش اگرہ۔ راجہ بلوان سنگھ معزول راجہ کاشی مقیم اگرہ کے مصاحب تھے۔ وہاں شاعری کا راتدن چرچا رہتا تھا۔ شوہ شدہ یہ بھی شعر کہنے لگے۔ مرزا حاتم علی بیگ مہر لکھنوی سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ یہ انکا کلام ہے۔

بغل میں ہیکشو کی ہیں شرابِ ناب کے شیشے — لئے بیٹھے ہیں پریوں کو یہاں میخوار پہلو میں

جامِ سفال پر تو مے سے دمک گئے	پر تو سے آفتاب کے ذرے چمک گئے

تمنا

تمنا - منشی رام سہائے تمنا لکھنوی - فارسی اردو بھاکھا ہر سہ زبانوں کی تحصیل عالمانہ درجہ کی تھی اور تینوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے طبیعت میں موزونی خداداد ہے - منشی تمنا کے بھائی دوارکا پرشاد افق اور منشی ماتا پرشاد نیساں بھی بڑے صاحب استعداد سخنور اور طبیعت دار آدمی ہیں ۱۵ - ۱۶ کتابیں ان کی تصنیف سے ہیں ابتدائے ملازمت سے سررشتہ تعلیم میں منسلک ہیں - مدتوں اودھ میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس رہے اکثر اطراف ہند کی سیر کی ہے - ریاستوں میں بہت پھرے ہیں - ان کی تصانیف سے افضل التواریخ شاہانِ اودھ کے حالات میں قابلِ ذکر ہے - ایک غزل ملی اُس میں سے چند شعر حاضر ہیں -

بتو نے ہم دل لگا چکے ہیں سب اُن کی سختی اُٹھا چکے ہیں
ہم آپ خود کو مٹا چکے ہیں کہ سل پہ شیشہ گرا چکے ہیں
خمارِ دیرینہ جوش پر ہے پلا دے ساقی کدھر ہے
ہماری بھی کچھ تجھے خبر ہے کہ ہم بھی محفل میں آ چکے ہیں
وہ جانِ جاں ہیں تو ہم ہیں بیجاں وہ شاہِ خوباں ہم اُنپہ قرباں
اگر ئے ہیں وہ تیغ بُراں تو ہم بھی گردن جھکا چکے ہیں
عجیب دنیا کا حال دیکھا کمال ہی کو زوال دیکھا
اُنھیں کو اب پُر ملال دیکھا جو لطف و راحت اُٹھا چکے ہیں
جو عشق بازی میں ہم ہیں یکتا وہ حُسن میں فرد ہیں تمنا
اُنھوں نے ہمکو بھی آزمایا ہم اُن کو بھی آزما چکے ہیں

تمنا

تمنا - مولوی محمد حسین تمنا باشندۂ مراد آباد ۱۸۹۷ء میں دیوان شایع کیا تھا - معمولی شاعر ہیں - یہ کلام کالبِ لُباب ہے -

تنکرِ حدتِ حق تو نہ ہوئے کافر کیش		نقشِ توحید ہے عالم تری یکتائی کا
جوشِ الفت نے بڑے دھوکے میں رکھا عمر بھر		ہم یگانہ جانتے تھے جسکو وہ بیگانہ تھا

پھنسا قیدِ عشق میں جب سے دل مجھے ہر بلا سے چھٹا دیا
نہیں بھاتی اب مجھے کچھ غذا تو نے غم نے ایسا مزا دیا

قدر الفت کی نہ کچھ دلبرِ پُرفن سمجھا		سینے کی دوستی اور وہ مجھے دشمن سمجھا
یہ مرض تھا عین صحت جو طبیب یار ہوتا		مجھے غم ہی خوش آتی تھا جو وہ غمگسار ہوتا
ہوئے ہیں آپ جو بیگانہ آشنا ہو کر		بتائیے کہ بنے درد کیوں دوا ہو کر
شغل ہوگا دلِ پُر شور کے بہلانے کو		پابزنجیر کروں زلف کے دیوانے کو
گو سو طرح کے رنج و بلا میں پھنسا رہے		دل کا یہی مزا ہے کہیں مبتلا رہے

تمنا

تمنا ۔ مولوی سید احمد حسین صاحب تمنا ۔ شاگرد حضرت داغ دہلوی ۔ باوجود کوشش حالات دستیاب نہیں ہوئے ۔ اب کلام ملاحظہ ہو ۔

یارب شبِ فراق کٹے تیغ ناز سے		قسمت میں اُسکے لکھے گلا بیگناہ کا
سرگرمِ چشمِ ناز نہیں چشمِ سرمہ گیں		جادو جگا رہی ہے فریبِ نگاہ کا
کجبازیئے فلک کا تماشا دکھائیگا		گھونگھٹ میں بانکپن تری ترچھی نگاہ کا
دارِ جزا میں بھی وہ طلب ہو بروزِ حشر		جس زندگی نے ساتھ دیا ہے نگاہ کا
کشتِ امید غیر ہے پژمردہ دیکھئے		ظالم بُرا اثر ہے تمنا کی آہ کا

تمنا

تمنا ۔ منشی چھیدی لال صاحب کاکوروی تلمذ جناب مولانا سید طاہر علی فرخ آبادی شعبۂ تعلیم میں عرصہ سے ملازم ہیں ۔ طبیعت شوخ اور اس فن کے مناسب پائی ہے علمی استعداد بھی خاصی ہے ۔ ۴۲ ۔ ۴۳ برس کی عمر ہے اپنے اُستاد کے باعقیدت تلامذہ میں ہیں یہ کلام کا نمونہ ہے ۔

کٹ گیا سروِ چمن جب قدِ جاناں دیکھا		جل گیا مہرِ فلک جب رخِ تابان دیکھا

پھنس گیا دامِ مصیبت میں نہ ناکہنا
عشقِ گیسو کا ثمر اے دلِ ناداں دیکھا

اپنی تلوار کے صدقے میں دیا خلعتِ سرخ
مجھکو جلاد نے مقتل میں جو عریاں دیکھا

بول اٹھی قبر کہ کس طرح سمائی ہوگی
ساتھ میرے جو ہجومِ غم و حرماں دیکھا

مٹے ہوؤں کو مٹاتا رہا تو اے گردوں
ستم نیا کوئی دشمن کی جان پر نہ کیا

لکھی اگر تھی نصیبوں میں میرے پامالی
خدا نے کس لئے اُس بُت کا سنگ دل نہ کیا

یہ سرکشی کا نتیجہ تھا باغِ عالم میں
خدا نے سرو کو دنیا میں بے ثمر نہ کیا

شبِ فراق میں کہتا ہے درد اُٹھ اُٹھ کے
یہی مزا ہے حسینوں کی آشنائی کا

جھیلے کوئی کب تک یہ بھلا غمِ شبِ فرقت
مٹے ہو یہ بکھیڑا جو چھٹے دَم شبِ فرقت

مونس یہ ہمیشہ کی ہے وہ چار پہر کی
بہتر ہے شبِ وصل سے تا ہم شبِ فرقت

سُن سُن کے جو گھبرائے محبت کا فسانہ
کیوں اُس سے کہیں قصۂ غم ہم شبِ فرقت

رُوٹھا ہے مرے دل سے تصور بھی تمہارا
سینے میں نہ کیونکر ہو خفا دم شبِ فرقت

یہی حسرت ہے دمِ نزع کہ آئے کوئی
آخری وقت ہے دیدار دکھائے کوئی

سوزشِ دل نہ ہوئی کم تو کہا اشکوں نے
آگ بھڑکی ہوئی کس طرح بجھائے کوئی

وہ باتیں کب سنیں گے واعظوں کی
جو بیعت رکھتے ہیں پیرِ مغاں کی

چھٹائے گا زمینِ کوئے جاناں
نہ تھی اُمید ایسی آسماں سے

یہ کیا ستم ہے کہ آتا نہیں تمھیں کو رحم
اجل بھی روتی ہے بیمارِ خستہ جاں کیلئے

چھپاؤں کیا جگر و دل کو تیرِ قاتل سے
کہ جان تک مری حاضر ہے میہماں کیلئے

جو دل جلاتے ہیں کہتے نہیں ہیں دلکا حال
مثالِ شمع کے کافی ہے رمزداں کیلئے

لگا کر سینہ و دل پر خدنگِ نازہ و برّے
تمھاری حسرتوں کی اب صفائی ہوتی جاتی ہے

کہاں سے آئی ہے اشکو نہیں خون کی سرخی
ہوئی نہیں جو تمنائے دل لہو میری

چھپا کے ہمسے یہ باتیں الگ الگ کرنا
ملیں کلیم تو اُن سے ہو گفتگو میری

بتوں کا ظلم یہاں تک ہیں ہم اُٹھائے ہوئے
کہ دل تو دل ہے جگر بھی ہے چوٹ کھائے ہوئے

سمجھ لیا ہے جو نیچی نگاہ کا بسمل
ادا سے اور وہ بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے

وفا جو آج ہی وعدہ کرو تو کیا ہو جائے
یہ کوئی فرض ہے محشر ہی جب بپا ہو جائے

وہ کہتے ہیں کہ ہمیں دل کوئی ملے ایسا
کہ جسکو ہیں تو پستے ہی وہ خدا ہو جائے

تمنا

تمنا۔ شیخ محمود تمنا باشندہ سورت بمبئی حضرت داغ دہلوی کے تلامذہ میں سے تھے شعر اچھا کہتے تھے طبیعت میں شوخی خداداد ہے۔ ندش و زبان بھی خاصی ہے سُنا ہے کہ ۱۹۰۴ء میں انتقال کر گئے۔

غیر کہتے ہیں کہ ہم آپ پہ دم دیتے ہیں
ہیں یہ سب کہنے کی باتیں تمہیں دم دیتے ہیں

دام گیسو میں نہ ہمکو قید کر
ہم تو بندے ہیں ترے بے دام کے
آہ میں اسواسطے کرتا نہیں
رہ نہ جاؤ تم کلیجہ تھام کے

جناب شیخ رندوں سے عبث ہر دم الجھتے ہیں
کسی دن دیکھنا اِن کی بُری گت ہونیوالی ہے

وہ کس واسطے صاف ہوتے نہ مجھ سے
رقیبوں کا حال آئینہ ہو رہا ہے

بیمروت بے وفا بیدادگر
نام کیا کیا آپ نے پیدا کئے

تمنا

تمنا۔ منشی محمد سعید الدین صدیقی پیشکار صدر نظامت ٹونک مولانا ظہیر کے تلامذہ سے ہیں۔ روہتک کے رہنے والے ہیں۔ علمی استعداد اوسط درجے کی ہے۔ یہ چند شعر اِن کے ہیں۔

مہرباں جس پہ ہوئے دشنام سے کھولی زباں
یہ اداؤں میں ادا تنے نئی ایجاد کی

لوٹنے والے بہت ہیں نوجوانی کی بہار
بات کیوں پوچھو گے اب اس عاشقِ ناشاد کی

برچھیاں پڑتی ہیں پیہم متصل پڑتے ہیں تیر
خوب دعوت ہو رہی ہے اس دلِ ناشاد کی

تمنا

تمنا۔ شیدہ نورالدین حسین خلف سید شاہ ظہورالدین حسین مرحوم۔ سید شاہ عطا حسین فانی مرحوم اِن کے نانا تھے۔ وطن اصلی عظیم آباد پٹنہ ہے۔ اب گیا میں سکونت ہے ۱۲۸۱ھ

میں پیدا ہوئے اور اپنی ننھیال میں تعلیم و تربیت پائی، انگریزی اُردو فارسی جانتے ہیں۔ چند سال سرکار انگریزی کی ملازمت بھی کی ہے۔ حضرت اکبر ابو العلائی وناپوری کے سپوتا ہیں اور اُنہیں سے مشورہ سخن بھی ہے۔ یہ کلام ہے۔

ہو گئی ضعف سے اِن روزوں وہ حالت میری
ناتوانی بھی کہتی ہے صورت میری

آئے نظر جمالِ حقیقت مجاز میں
اُٹھیں جو اپنی آنکھوں سے پردے حجاب کے

وہ شہسوارِ معرکۂ عاشقی ہیں ہم
لیتے ہیں کام ابلقِ لیل و نہار سے

تمیز

تمیز۔ منشی کالی رائے تمیز۔ ابن لالہ دیبی پرشاد عزیز متوطن فتح گڈھ۔

آمد یہ صحنِ باغ میں کس گلبدن کی ہے
جو رُوح باغ باغ نسیمِ چمن کی ہے

اچھے وہ ہیں جو مر کے تیری خاکِ راہ ہوں
مٹی خراب طالبِ گور و کفن کی ہے

تمیز

تمیز۔ سید اکبر علی صاحب تمیز۔ بریلوی شاگرد نواب عاشور علی خانصاحب بہادر مرحوم لکھنوی ۱۲۷۰ ہجری کے گلدستہ شعرار لکھنؤ اور بریلی کے رسالوں میں اِن کی غزلیں نظر سے گذریں۔ کلام بامزا اور دلنشیں ہے۔ مضمون آفرینی کے ساتھ ساتھ بندش اور زبان لائقِ تعریف ہیں۔ مشّاق بھی معلوم ہوتے ہیں۔ کیوں نہو۔ آخر ایک مشہور سخن سنج اور سخن فہم سے فیض پایا تھا۔ یہ اُن کے کلام ہم رسیدہ کا انتخاب ہے۔ ۲۰ برس کے قریب گذرے انتقال فرمایا۔

آفتابِ حشر کی گرمی سے اُسکو خوف کیا
ہو گیا جو دفن اُنکے سایۂ دیوار میں

دم نہیں باقی ہے چشمِ طالبِ دیدار میں
ہے ضیا طور کس کے شعلۂ رخسار میں

دیدۂ انصاف سے دیکھے اگر اوجِ زمیں
خاک ہو کر آسماں رہ جائے کوئے یار میں

ناتواں ہوں زلف چھو لینے کی یہ تعزیر ہو
سایۂ گیسو کی میرے پاؤں میں زنجیر ہو

جان دیکر مول لیں ایسی اگر تصویر ہو
میری گردن خم ہو اُن کے ہاتھ میں شمشیر ہو

یا خدا اُسکو بدل دینا تو ظلم و جور سے
رحم جو قاتل کے دل میں کچھ دمِ تکبیر ہو

منہ میں لیتا ہے زبانِ شمع کو بہرِ مساس
کیوں نہ عیاشوں کی صورت عادتِ گلگیر ہو

جتنی گردن کی رگیں ہیں جان بنجائیں اگر
یوں تو شاید قیدِ مرغِ جوہرِ شمشیر ہو

ملے بتوں سے مگر خوفِ کردگار رہے
وہ آدمی ہے جو غفلت میں ہوشیار رہے

ہوں دل میں زخم جگر میرا داغدار رہے
اسی روش سے شگفتہ یہ لالہ زار رہے

فراقِ یار میں ایسا نحیف و زار رہے
کہ نوکِ خار کے دل میں بھی ایک خار رہے

کہ کے عشق نے ایسا کیا تھا کاہیدہ
کہ بعدِ مرگ نہ ہم قابلِ مزار رہے

نہ میری لاش کو عریاں کبھی فلک دیکھے
اسی طرح سے پڑی چادرِ غبار رہے

چمن میں کھیلگا ہولی کل آکے وہ قاتل
صُراحیوں میں گلوں کی مئے بہار رہے

ہوا کے دیکھنے کا اب فقط بہانا ہے
ہمیشہ میرا اُڑاتے یوں ہی غبار رہے

جنابِ دل بھی عجب چیز ہے تعالی اللہ
ہمیشہ حسرتِ مردہ کا یہ مزار رہے

بتوں کے حکم کی تعمیل کب ہوئی ہم سے
ستم یہ ہے کہ خدا سے بھی شرمسار رہے

ہماری کیا ہے حقیقت کہ ہیں ذلیل و حقیر
رگڑتے سر تری چوکھٹ پہ تاجدار رہے

وہ بیوفا ہیں یہ گل عمر بھر نہ پوچھیں بات
کروڑ جائے صدقے اگر ہزار رہے

نصیب وصل رہا ایک حور کا جب تک
تمیزؔ ہا تو نہیں وہ خلد کے انار رہے

بڑھ کے ہے جرم گنہ گار سے رحمت کسکی
حشر میں صاف نہ کہدو نگا خدا سے پہلے

تمیزؔ

تمیزؔ۔ منشی غلام احمد تمیزؔ۔ نواب مرزا خانصاحب داغؔ دہلوی کے شاگرد اور رامپور کے رہنے والے تھے۔ مدت سے ریاستِ حیدرآباد میں کسی محکمہ میں ملازم تھے۔ طبیعت کو شاعری سے ایک خاص لگاؤ ہے۔ چلبلی طبیعت اور شوخ زبان پائی ہے۔ مذاق شستہ ہے۔ اُستاد کے رنگ کا تتبع کرتے ہیں۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ سنہ ۱۲۹۰ ہجری میں ۲۴ برس کی عمر تھی۔ یہ اُنکا کلام ہے۔

لوٹو بتو تمیزؔ ہے بیچارہ سے وطن
اللہ کے سوا نہیں کوئی غریب کا

کایاں کہانے کا لپکا بھی بُرا ہوتا ہے
سمجھے کل آپ سے چھیڑا جو خفا یار نہ تھا

لوگ کس طرح سے کرتے ہیں خدا کو راضی
مجھ سے تو اک بُتِ کافر بھی منایا نہ گیا

کوئی آئے کوئی جائے کچھ کسی سے نہ ضرر نہیں
ہے فقط میرا ہی دشمن پاسبانِ کوئے دوست

اے قیامت تو تو ہے فتنے اُٹھانے کیلئے
تجھے اُٹھنے کے نہیں افتادگانِ کوئے دوست

نذر دینے جو گیا میں دلِ شیدا لے کر
بولے بس جاؤ بھی تم آئے ہو یہ کیا لیکر

رہ گیا تھام کے ہاتھوں سے کلیجا اپنا
جس حسیں نے تری تصویر کو دیکھا لے کر

شکوۂ جور و جفا پر مجھے فرماتے ہیں
جاؤ بھی آئے ہو کیا منت کا جھگڑا لے کر

اُن کے آنیکی خوشی میں میں ہوا شادی مرگ
آئے تھے موت کو ہمراہ مسیحا لے کر

اچھے منصف ہو کہ لے خواب میں بوسہ کوئی
اور بدنام کرو نام ہمارا لے کر

تم پہ قربان یہی لفظ ہیں قیمت دل کی
پھر اُسی ناز سے کہ تو کہ کریں کیا لے کر

شرم آتی ہے مجھے اسلئے مرنے سے تمنر
جاؤں کیا پیش بتِ کافر کی تمنا لے کر

مقتل میں بعد قتل بھی ہے قتل کی ہوس
پھرتی ہے روح یار کے خنجر کے آس پاس

سامنے اُس نے بلایا مجھے بہرِ تعذیر
کام آئیں تو کچھ آخر کو خطائیں آئیں

وصل میں ہجر کا غم ہجر میں ملنے کی اُمید
کون کہتا ہے جدائی سے وصال اچھا ہے

اُنکے اوصاف بیاں طنز سے فرماتے ہیں
آپ جائیں وہیں حور و نکا جمال اچھا ہے

ہجر کی رات بُری روز وصال اچھا ہے
بلکہ جس سال میں یہ دن ہے وہ سال اچھا ہے

کھول کر گور میں منہ کو مرے فرماتے ہیں
اب تو آرام سے تو سو ترا حال اچھا ہے

تمنر - نواب احمد علی خاں مغفور - بہادر گڈھ کی ریاست جو دہلی سے بارہ کوس جانب شمال واقع ہے - اِن کے خاندان میں چلی آتی تھی - عذر، ۵ سے چند سال پیشتر نواب امیر علیخاں کی حرکات ناشائستہ کے باعث وہ علاقہ نواب بہادر جنگ خاں کے تحت حکومت میں ہو گیا اور کسی قدر پنشن بطور مدد معاش اہالیان خاندان معزول کی مقرر ہو گئی - چنانچہ اِن کو بھی وظیفہ

بوفا کسے میں نوٹ ہو بار کی + کہ کسی کا شتا ہوا نہیں

ملتا تھا۔ اُنھوں نے دہلی میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ خلیق اور نیک نہاد شریف زادہ تھے۔ بہ نسبت غزل مرثیہ و سلام کا زیادہ شوق تھا۔ یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے۔

ابتو زمیں پہ پکڑی ہے محشر ہی کیوں نہو	جنبش کریںگے اُن کے نہ پر آستان سے ہم
کس کے رخشِ گرم سے پامال میری خاک ہے	آجتک روئیدگی جو قبر پر ہوتی نہیں
جذبِ دل سے لائیے کسطرح اُسکو کھینچکر	آہ میں تاثیر اپنے اسقدر ہوتی نہیں

تمیز — تمیز۔ منشی تاج الدین حسین تمیز۔ باشندۂ کانپور شاگرد مولانا انعام کانپوری موزوں طبع اور خوش فکر آدمی ہیں۔ کچھ کلام نظر سے گذرا اُسکا انتخاب پیش کش ہے۔

نالِ ہجر سے آگاہ کر دیا تمکو	اب آنے اور نہ آنے کا اختیار رہا
جفا نہ ترک کرو تم وفا نہ چھوڑیں ہم	چلو یہ ہی سہی اب سے یہی قرار رہا
لکھا ہے نُور کے خط سے نقابِ رُو پہ تمہارے	چمکتی ہے نوگرتی ہے یہ بجلی خرمنِ جاں پر
تمیز اچھا اثر ہے عشق میں اُس ماہ پیکر کے	کہ ہر جامہ کتاں بنتا ہے اپنے جسمِ عریاں پر
اے دل نظر کو دیکھ کہاں لے گئی ہمت	ہمت کو سوجھتی ہے کچھ اس سے بھی دور کی
یہ کہہ کے اُن کے سامنے دل مینے رکھدیا	دیکھو تو اسمیں شکل ہے کس رشکِ حور کی

تنویر — تنویر۔ میر کاظم حسین ابن میر اکبر علی مقبل مرثیہ گو۔ فیض آباد کے رہنے والے اور آصف الدولہ بہادر کی سرکار میں داروغہ تھے۔ جناب رشک لکھنوی کے شاگرد اور صاحبِ دیوان گذرے ہیں یہ اُن کے اشعار ہیں۔

بوسے لوں بلائیں لوں گلے لپٹوں کہ دیکھوں	کُل چار پہر رات ہے ارمان ہزاروں
جل جل کے مرا خرمنِ ہستی نہ کیوں ہو خاک	بجلی گرائی تو نے شرارت کی آنکھ سے

تنویر دہلوی — تنویر دہلوی۔ سخنور خوش تقریر منشی نوازش حسین خاں تنویر۔ دہلوی خواص حضرت ابوظفر بہادر شاہ ثانی۔ شعر گوئی میں کہنہ مشاق تھے۔ غدر کے بعد مہاراجہ ٹہوہ کی ملازمت اختیار کر لی تھی۔ بڑے پُرگو تھے۔ اِن کے چار دیوان اِن کے بیٹے عشرت خاں نبیرہ

نے چھپوا دیئے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ حضرت بہادر شاہ ذوق کی وفات کے بعد ان کو اپنی غزل دکھاتے تھے۔ مگر راقم کے زعم میں یہ دعویٰ پایۂ اعتبار سے ساقط ہے۔ اس بیان کے برعکس تذکرۂ گلستانِ سخن سے پایا جاتا ہے کہ خود اپنے کلام میں بادشاہ سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ اور یہ امر قرین قیاس بھی ہے۔ تنویر مرحوم کے شاگردوں میں مہاراجہ تہوہ متخلص بہ تصویر اور پنڈت امرناتھ آشفتہ مشہور ہوئے۔ ۱۲۸۹ھ میں بعمر ساٹھ سال بمقام نیپال انتقال کیا۔ آخر عمر میں دہلی چھوڑ کر وہیں جا بسے تھے۔ یہ اُن کے کلام کا نمونہ ہے۔

ہے سیحائی کرتی جنبشِ ناز		اُن لبوں سے ہمیں جواب ملا	
الٰہی دل کو دیا تھا جو نے عشقِ صنم		تو دل پہ مجھ کو دیا اختیار بھی ہوتا	
بٹھلاتی نزاکت نہ اُسے گردِ رفتار		پامال یہ دل زیرِ قدم ہو ہی چکا تھا	
یہ نجانا تھا ہمیں کو آئے گا آزار یہ		سُنتے تھے ہم عشق بھی ہے نام اک آزار کا	
جان کر دلمیں مجھے اپنا مریضِ تپِ غم	ق	کہتا لوگوں سے بظاہر بتِ عیّار ہے کیا	
رنگِ رُخ زرد ہے تر چشم ہے لب پہ دمِ سرد		پوچھنا اُس سے کہ اس شخص کو آزار ہے کیا	
توڑے گا سمجھ کے شیشۂ دل		یہ کوئی ساغر و سبو نہ ہوا	
لے لیکے توڑتے ہیں یہ یارب پرائے دل		کیوں ایسے نازنینوں کے پتھر بنائے دل	
قاصد نے میرے خط کو جو کر نے دیا نہ چاک		بولے وہ آج تیرے ہی پرزے اُڑائیں ہم	
تیغِ نگہ سے وہ لبِ جاں بخش کہتے ہیں		جسکو کرے تو قتل اُسی کو جلائیں ہم	
دل کو کیا یار کے پیکان نے بیٹھے ہیں		صاحبِ خانہ کو مہمان لئے بیٹھے ہیں	
حُسن بھی ہائے رے کیا چیز ہے اللہ اللہ		دل کو پریوں کے یہ انسان لئے بیٹھے ہیں	
خاک ناصح کی سُنوں جان تو قابو میں نہیں		دل وہ غارت گرِ ایمان لئے بیٹھے ہیں	
یہ تم ہی ہو کہ خواہشِ بوسہ پہ ہاں نہ کی		تم جان تک بھی مانگو تو ہم سے نہیں نہو	

ہلتے ہیں لب نہ ضعف سے اُٹھ سکتے ہاتھ ہیں | کیا کیا شکایتیں ہیں اثر کو دعا کے ساتھ

جو کہا اُسنے وہ گئے ہی بنی | صوفیوں کو بھی مے پیئے ہی بنی

نہیں جل کے مرنا مزے سے ہے خالی | کہ پروانہ اُسکا مزہ جانتا ہے
کچھ بھی الفت کی جس میں بُو ہو گی | درد آمیز گفتگو ہو گی
کرن کا بیمارِ محبت کیا جن کو اللہ | بدشگونی ہے خبر پوچھنی بیمار کی
عشق بازی سے یہ ہرگز نہ پھرا پر نہ پھرا | آخرش اس دلِ بیتاب کو ہم رو بیٹھے
مل کے بھی مجھ سے کھٹکتے رہے ہر بات پہ وہ | خار نکلا خلشِ خار ابھی باقی ہے
ہیں نیمچاں ہزاروں ہزاروں ہی مر گئے | وہ نیمچہ کا کام نگاہوں سے کر گئے
لیجاؤ تم اسی کو نہ مجھپر کرو ستم | آیا تو تم پہ یہ دلِ خانہ خراب ہے
داغ دل کو لگا دیا کس نے | یہ شگوفہ کھلا دیا کس نے
آج وہ کچھ رُکے رُکے سے ہیں | عشق میرا جتا دیا کس نے
زخم بھرتا ہی نہیں جس کا کبھو | وہ نگاہِ یار کی تلوار ہے۔
رنگت یہ شوخ شوخ ترے ہاتھ کیا لگی | لاکھوں دلوں کو پیس دیا جب حنا لگی
لے خبر جان ہے لب پر ترے شیدائی کی | او مسیحا ہے قسم تجھکو مسیحائی کی

تنویر

تنویر۔ حاجی سید نظیر حسین تعلقدار اہیامئو خلف اکبر داروغۂ میر واجد علی تسخیر۔ مرحوم۔ فنِ سخن میں حضرت حکیم لکھنوی سے استفادہ کیا تھا۔ لکھنؤ کے عمائدین شہر میں شمار ہوتے تھے۔ چند سال ہوئے ۵۰ سال کی عمر میں لکھنو میں انتقال کیا۔ شعر گوئی کی طرف رغبت کم تھی۔ دو تین غزلیں بہم پہونچیں ان کا انتخاب درج ہے۔

بوسے کے مانگنے پہ نہ مجرم بنائیے | کیا بات ہے بتائیے اسمیں گناہ کی
سچ تو یہ ہے کچھ نہیں صاحب مرد کا قصور | کہہ رہی تھی خود طبیعت ہی آپ کے لئے
آتشِ فرقت سے جل اُٹھا جو سینے میں جگر | اشک نکلے آنکھ سے اُسکے بجھانے کے لئے

گنہگارانِ عشق والفت کی کیوں نہ ہر دم فزوں ہو وحشت
نہیں ہے زلفِ سیاہ اسکی یہ ایک پھانسی لٹک رہی ہے

تنہا

تنہا ۔ شیخ محمد عیسےٰ تنہا دہلوی شاگرد رشید شیخ غلام ہمدانی مصحفی ۔ اصل اُن کی شرفائے دہلی سے تھی اور وہیں پیدا ہوئے ۔ اپنے وقت کے دیگر باکمالوں کیطرح دہلی کو خیرباد کہکر لکھنو میں سکونت اختیار کی اور مصحفی کے ممتاز شاگردوں میں شمار ہوئے ۔ خوش خلقی ۔ سلیم الطبعی اور رنگین مزاجی کے اوصاف کے علاوہ قدامت پرستی اِن کا خاص شیوہ تھا ۔ چنانچہ تمام عمر لکھنو میں رہے پھر بھی دہلی کی زبان اور قدیم رنگ نہ چھوڑا ۔ بعض تذکرہ نویسوں کا قول ہے کہ شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی اوائل عمر میں اِن سے مشورۂ سخن کرتے تھے سنہ ۱۲۲۲ ہجری میں لکھنؤ جاتے تھے کہ راہ میں ڈاکوؤں نے قتل کر ڈالا ۔ ناسخ نے اُن کی وفات کی تاریخ کہی ع

آج تنہا گیا دنیا سے عدم کو تنہا

مصحفی کو اپنے عزیز شاگرد کی وفات کا سخت رنج ہوا ۔ صاحبِ دیوان گذرے ہیں ۔ اِسمیں اکثر مقامات پر قدیم زبان کا تتبع کیا ہے ۔ اور فارسی ترکیبوں کے ترجمے بہت استعمال کئے ہیں ۔ اگرچہ دلدادگان طرز ناسخ و اسیر نے انہیں بالکل فراموش کر دیا ۔ مگر اس سے اِن کی مشاقی و استادی میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا ۔ مصحفی کے شاگردوں میں آتش کے بعد ان کا نمبر سمجھنا چاہیئے ۔ دیوان فارسی کے علاوہ آپ کا کلیات سنہ ۱۲۳۲ ہجری کا لکھا ہوا جس میں ۵۸ صفحہ پر غزلیات کے علاوہ ایک مثنوی ۔ چند مخمس ۔ اور ۲۵ رباعیاں درج ہیں ۔ راقم کے کتب خانے میں موجود ہے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو ۔

ہو کر جدا وہ سب سے جب ہم سے آ ملیگا تو	البتہ اپنے دل کو تب کچھ مزا ملے گا
گو قافلے سے یارو تنہا رہا ہے پیچھے	ون تو ابھی بہت ہے کیا ڈر ہے جا ملیگا

مذکورے چلا تھا شب ہمنشیں کسیکا
جی میں خیال گذرا میرے وہیں کسیکا

تنہا رکھیں توقع کس بات کی کسی سے
ہاں سچ تو یہ ہے بھائی کوئی نہیں کسیکا

نا امیدانہ قفس میں کہہ رہی تھی عندلیب
پھر بھی آوے گی مری دیوارِ گلشن زیر پا

زنجیر کی حاجت نہ انھیں قید کی حاجت
الفت تری جن لوگوں کو ہے سلسلۂ پا

ہووے گا کوئی لطف و عنایت کا دوانا
تنہا ہے فقط آپ کی صورت کا دوانا

لے ہاتھ میں تک دامن کو اُٹھا ہے یہ بھی کوئی چلنے کی ادا
خاک اسکی تو یوں برباد نہ دے جو راہ میں تیری خاک ہوا

وہ میرا شعلہ خو آتش کا پرکالہ بھبوکا ہے
کہ جسکو دیکھکر ہوتا ہے دل بیتاب آتش کا

لگا دی آگ ساقی نے لنڈھا کر شیشۂ مے کو
بہایا اُسنے شب محفل میں کیا سیلاب آتش کا

پاتا نہیں اُسکے تئیں اب آپ میں کوئی
کیا جانئے تنہا نے کدھر دھیان لگایا

تنہا کہوں کیا کیوں مرے اس دل کو لگی چپ
خاموش مری جان کہ ہے سب سے بھلی چپ

کرنے لگی بلبل کہیں کل گل کا جو شکوہ
ہو تُند وہیں بادِ صبا بول اُٹھی چپ

کِسکا ہے سفر باغ سے گریاں ہے جو شبنم
حیران ہر اک نخل ہے ہر ایک کلی چپ

اِن روزوں میں صدمہ ہے یہ کچھ دل کو کہ ہم دم
روتا ہوں میں پہروں جو ہوا ایک گھڑی چپ

ہمسے کرتے ہو عیاں غیر ونکی یاری آن کر
رہگئی ہے آپ کی یہ دوستداری آن کر

غرفے سے دکھا منہ کو چھپا لیتے ہیں جو لوگ
قربان میں اُن لوگوں کے کیا لوگ ہیں وہ لوگ

یہ جی میں ہے کہ یوں تجھسے اُٹھا دل
نہیں کہنے میں میرے پر مرا دل

ہجوم عاشقاں تھا اُس گلی میں
یہ کہتا تھا ہر اک ہے ہے مرا دل

کدھر کو جاؤں اور کِس سے کہوں ہائے
ابھی پہلو میں تھا میرے مرا دل

خفا رہنے سے کیا حاصل ہے تنہا
نہیں کہنے میں گو تیرے ترا دل

یہ ہر بھی کبھی دیکھ تو اے جانِ تغافل
گھٹ جائیگی اسمیں نہ تری شانِ تغافل

کیا اُس سے کہے خاک کوئی حالِ دلِ اپنا
رہتا ہو جو نت سر بگریبانِ تغافل

کر اپنے کرم پر تو نگاہے ہمہ الطاف
ہر چند گنہگار ہے شایانِ تغافل

ہے یہی جی میں کہ لبِ لب ولدارے کام
کام سے کام ہے ہمکو نہیں تکرارے کام

یہ تو فرمایئے ہم آپ کا کیا لیتے ہیں
آپ بیوجہ جو مُنہ ہم سے چھپا لیتے ہیں

دل بھی کیا جنسِ زبوں ہے کہ خریدار اسکے
لیتے ہیں پر اسے سو جائے دکھا لیتے ہیں

بازارِ دہر میں ہوں میں وہ جنسِ نا قبول
جسکو کبھی نہ لیوے خریدار ہاتھ میں

افسوس کی جگہ ہے یہ تنہا کہ چھٹ گیا
ہاتھ اُسکا آکے میرے کئی بار ہاتھ میں

اندوں چاک ہے پیراہنِ گل اے تنہا
ہم کوئی اپنے گریبان کو سلا سکتے ہیں

بدنام تا نہ ہوتے ہمنے تیری خاطر
بدنامیاں سبھوں کی سر پر اُٹھائیاں ہیں

تم تو فرماتے ہو کہ گھر جاویں
ہمکو کہدو کہ ہم کدھر جاویں

خانہ آباد چھوڑ تیری گلی
ہم کس اُجڑے ہوئے نگر جاویں

چشمِ تر گو غریباں پہ نہ کی
ابرِ رحمت اسے کیا کہتے ہیں۔

باز کب آتی ہے غارت پہ جو چھوٹی وہ آنکھ
شہر کے شہر ہی جبتک کہ نہ لوٹے وہ آنکھ

یاد آتے ہیں پھر ہمکو ایامِ گرفتاری
پھر جوشِ جنوں لایا پیغامِ گرفتاری

ساقی نے دیا تھا جو معلوم نہیں مجکو
جامِ مئے گلگوں تھا یا جامِ گرفتاری

کیوں دام و قفس لاوے صیاد اگر سمجھے
صیاد کی الفت ہے خود دامِ گرفتاری

نے رنجِ قفس دیکھا نہ دام کا غم نے
کہئے تو ہمیں کہئے ناکام گرفتاری

جو ہیں ترے زندانی بہتر وہ سمجھتے ہیں
آرامِ رہائی سے آلامِ گرفتاری

زلفوں نے تری جوں توں باندھا ہے آخر
ہر حیف پہ یہ دل تڑپا ہنگامِ گرفتاری

گھبراؤں جو اے تنہا تقدیر یہ کہتی ہے
بے صبر نہ ہو اتنا اے خامِ گرفتاری

دیکھ اسکو جو اُڑ جاتے ہیں اوسان ہمارے
نکلیں ہو کس طرح پھر ارمان ہمارے

کیا تجھ سے کہوں جی میں ہے حسرت رہی تنہا
شب آ کے وہ ٹھیرے بھی نہ اک آن ہمارے

میں جو روٹھا تو منا کر مجھے وہ یوں بولا
کہئے کیا کرتے جو تم کو نہ مناتا کوئی

حشر میں کس لئے ہمراہ بھٹکتے پھرتے
اپنا منہ ہمسے یہاں گر نہ چھپاتا کوئی

غیر سے شکوہ مرا بس دیکھی دانائی تری
میں ہوا رُسوا تو کیا ہو گی نہ رسوائی تری

گرچہ اک عالم پہ ہے بیداد تیرے ہاتھ سے
وہ نکر جو میں کروں فریاد تیرے ہاتھ سے

پھر ہمیں سوئے چمن شوقِ اسیری لے گیا
جب ہوئے صیاد ہم آزاد تیرے ہاتھ سے

نہ حور میں وہ لطافت ہے نہ پری پر ہے
عجب طرح کی بہار اندلوں کسی پر ہے

کہا جو ہم نے کہ کیا جواب نہیں آتے
تو بولا وہ کہ یہ توقف اپنے جی پر ہے

نہ غافل اب ہو بارشاد مصحفی تنہا
بہ ہوش باش کہ عالم رواروی پر ہے

ہے جی میں اسکی کاکل پرخم کو دیکھئے
اس آرزو کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے

پلکوں کا ہے ارادہ کہ ارجن کو مار ڈال
اور وہ نگاہ کہتی ہے رستم کو دیکھئے

لیکے سو دم آہ ولے لب تک آنے لگی
ناتوانی بھی ہمیں زور اپنا دکھلانے لگی

کچھ شعر پہ موقوف نہیں منتے ہو تنہا
گر بات بھی کہئے تو بس انسان کے آگے

اب پشیماں ہوں کہ یہ کیا بات مجھ سے ہو گئی
رو برو غیروں کے کیوں میں نے قسم کھائی تری

تنہا ۔ سعد اللہ خاں نام حکیم میر قدرت اللہ خاں کی صحبت میں شوق شعر گوئی کا پیدا ہوا اور کبھی قاسم اور کبھی نثار اللہ فراق سے اصلاح سخن لی۔ افسوس عالم جوانی میں اس دار فانی سے رحلت کی یہ دو شعر ان کے یادگار ہیں۔

دم بدم پیارے ترے عاشق کا عالم اور ہے
دیکھ لے دیکھی تو اسکو وہ کوئی دم اور ہے

مست کوئی ہووے گریباں گیر قاتل کا مرے
قتل کا اپنے نہیں ہے غم مجھے غم اور ہے

تنہا ۔ شیخ عوض علی تنہا۔ سپاہی پیشہ اور آزاد آدمی تھے۔ طبیعت ظریف پائی تھی۔ زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ ان کا کلام ہے۔

کیا بلا پھونکی ہے سوزِ عشق سینے میں مرے
آہ کا شعلہ جو نکلے ہے سو آتش بار ہے

اِن لبوں کو کیا ادا تو نے عنایت کی خدا
جو نگہ ترچھی پڑی برچھی سی دل کے پار ہے

تھا یہی پیغام وقتِ نزع تنہا یار سے
اب قیامت پر ہمارا وعدۂ دیدار ہے

تنہا

تنہا ۔ منشی سید کفایت علی خلف میر الٰہی بخش صاحب باشندہ میرٹھ ۔ لیاقت خداداد میں یگانۂ دہر و فریدِ عصر تھے ۔ فارسی سے خوب ماہر تھے ۔ عربی سے بھی ناواقف نہ تھے ۔ یہ اشعار انتخاب کی انتہائی لیاقت کا نمونہ ہیں ۔ ابتدائی عمر سے نوکری کے سلسلہ میں پڑ گئے ۔ اول محکمہ انسداد ٹھگی و ڈکیتی یعنی گیرائی کے محافظ دفتر و میر منشی بارہ برس تک رہے ۔ بعد میں پنجاب میں ضلع کے سررشتہ دار رہے پھر دہلی میں ۱۸۶۲ء سے ۱۸۶۹ء تک میر منشی و سپرنٹنڈنٹ کشتری رہے ۔ ۳۳ سال کی ملازمت کے بعد ۱۸۶۹ء میں پنشن لی یکم اکتوبر ۱۸۶۹ء کو انتقال فرمایا ۔ مرزا حاتم علی بیگ مہر سے اصلاح لیا کرتے تھے اِن کے بڑے صاحبزادے منشی احمد حسین فرقانی فارسی کے زبردست ادیب گذرے ہیں ۔ منشی کرار حسین روحانی اِن کے پوتے فی الحال کشتری الہ آباد میں سررشتہ دار ہیں ۔ جناب تنہا کے کلام میں نخچگی و متانت غضب کی ہے ۔ اور تلاش مضمون بھی اچھی ہے ۔ اور شوخی بقدر اعتدال کلام سے ٹپکتی ہے ۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو ۔

غم نہیں اپنے دم نکلنے کا
خوف ہے اُنکے جی دہلنے کا

دونو نامونس ہیں یہ آپس میں
دِل سے پیکاں نہیں نکلنے کا

خدنگِ ناز ستمگر جو یہاں ہوتا
ہر ایک عضوِ بدن اپنا میزباں ہوتا

بہار میں جو خیالِ غمِ خزاں ہوتا
تو شاخِ گل پہ نہ بلبل کا آشیاں ہوتا

سُبک رواں عدم کتنا جلد چلتے ہیں
زمیں پہ نقشِ قدم کا نہیں نشاں ہوتا

بہشت و حور کو بھولے سے بھی نکر تا یاد
جو کوئے یار میں زاہد ترا مکاں ہوتا

کعبہ کی راہ چھوڑ کے ٹیڑا کدھر گیا
نیت کہا نکی باندھی تھی تنہا کہاں گیا

کہتے ہیں تیرا قامتِ پُر نور دیکھکر
طوبےٰ تو ہے یہ سایۂ طوبیٰ کدہر گیا

اِسکو بھی کیا تمہاری کمر کی تلاش ہے
مدت سے کچھ خبر نہیں عنقا کدھر گیا

مدت ہوئی کہ تاب و تواں کوچ کر گئے
باقی ہے دم وہ شام گیا یا سحر گیا

دولت شبِ وصال کی سب خاک ہو گئی
وقتِ سحر جو پاس سے وہ سیمبر گیا

قربان ایسی مرگ پہ کیجے حیات کو
نعشِ شہیدِ ناز پہ وہ نوحہ گر گیا

تنہا پہ بعد مرگ برستی ہے بیکسی
گریاں کب اِسکی قبر پہ بھی ابر تر گیا

کر شکرِ جور و ظلم کا غمزہ کی تاب لا
شکوہ نہ لب پہ لا اے دلِ خانہ خراب لا

شب محتسب ہے نشہ میں ہر رندِ میکدہ
بولا شراب لا کوئی بولا کباب لا

باراں سے جوشِ رحمتِ حق آشکار ہے
سب میکدونمیں شور ہے ساقی شراب لا

کثرت گنہ کی روزِ جزا کام آگئی
بولا نہ کوئی مجھسے کہ اپنا حساب لا

واعظ شرم گنہ سے ہمکو حاصل ہے ثواب
اِس بُرا کہنے سے تیرا کیا بھلا ہو جائیگا

مستی میں سر سجدۂ شکرانہ ہے کیسا
بدمست ہیں ہشیار یہ میخانہ ہے کیسا

بینائے مے سُرخ ہیں جلوہ ہے پری کا
میخانہ میں ساقی یہ ترے خانہ ہے کیسا

عاقبت لیگئی تنہا کو حضورِ جاناں
ہمنے یہ معجزۂ کثرتِ عصیاں دیکھا

دشتِ غربت میں جو تھا بے سر و ساماں کل تک
آج میہمان ہے وہ اے گورِ غریباں تیرا

گھر میں تنہا کے وہ آئے تو یہ کہتے آئے
اب تو آباد ہوا خانۂ ویراں تیرا

ہوا ہے مژدۂ پیغام وصل شادیِ مرگ
شبِ وصال سے پہلے مرا وصال ہوا

قد وہ کہ جس کے آگے ہو سرو چمن خراب
کاکل وہ جسکی بو سے ہو مشکِ ختن خراب

قامت سُرخ یاد آئیگا کسی کا اس گھڑی
جیب سوا نیزہ پہ ہوگا روزِ محشر آفتاب

رات ساقی نے دکھایا میکشوں کو معجزہ
کر دیا پرتو سے رُخ کے اپنے ساغر آفتاب

چشم طوفاں بار کرتی ہے یہ شور
دیکھنا اے جوشِ دریا میں بھی ہوں

بڑھ چلا تشبیہ قدِ یار سے سرو کہتا ہے کہ طوبیٰ میں بھی ہوں
سادہ لوحوں کا نہ کیجے سامنا کہ ندے آئینہ تجھسا میں بھی ہوں
آپ ہیں گر بے مثال و بے نظیر بیکس و بے یار تنہا میں بھی ہوں
وہ بات بات میں کہتے ہیں بار بار نہیں یہ لطف ہے مجھے ہاں کا بھی اعتبار نہیں
کب وہ الطاف و کرم کرتے ہیں جور کرتے ہیں ستم کرتے ہیں
تو وہ ساقی ہے کہ شیشے مے کے گردن آگے ترے خم کرتے ہیں
موئے پر بھی نہ مجھے حیف صد حیف کدھر آئے تھے جاتے ہیں کہاں کو
دل نکل جائے نہ کیوں خانۂ تن سے سرِ شام عاشق زلف ہے کرتا ہے سفر راتوں کو
ہوں وہ افسردہ کہ گلزارِ خلیل ؑ جانتا ہوں میں عذاب النار کو
کفر سے اسلام اتنا ہے قریب سبحہ سے رشتہ ہے جوں زنار کو
بے خودی مسجد میں ہمکو لے گئی ورنہ جاتے خانۂ خمار کو
کب تک دکھائیگا مجھے تیغ جفا کے ہاتھ قصہ تمام کر کہیں قاتل لگا کے ہاتھ
ہے دلیں لکھ کے برگِ گل تر پہ حالِ دل اس نازنیں کو بھیجئے بادِ صبا کے ہاتھ
گم ہو گیا ہے ہاتھوں ہی ہاتھوں میں دل مرا دیکھو خدا کے واسطے وزدِ حنا کے ہاتھ
فائدہ کس لئے کیوں اسکی دوا ہوتی ہے کہیں بیمارِ محبت کو شفا ہوتی ہے
دیکھو خمخانہ پہ کیا ابر گہرا آتا ہے شکر ہے مستوں کی مقبول دعا ہوتی ہے
کم نصیبی کا بیاں کیا کروں اللہ اللہ حسرتِ دیدِ صنم روز سوا ہوتی ہے
ہے غبار انکے بھی دلمیں تو صفائی ہوگی خاک سے آئینہ کو دم بھر میں جلا ہوتی ہے
جانتا بھی نہیں اب تک تو وہ شوخِ کمسن کس کو کہتے ہیں جفا کیسی وفا ہوتی ہے
رشکِ حور کے قریں وہ شوخ پرفن چاہیے دیدۂ بیدار اپنا جائے روزن چاہیے
فصل گل ہے اے جنوں عریانیِ تن چاہیے گریباں چاہیے مجکو نہ دامن چاہیے

توڑتا پھرتا ہے شیشہ میکشوں سے چھیڑ ہے
محتسب اس ریش پر تجکو لڑ کپن چاہیے

میرا مطلب اور ہے کہتا ہے تُو کچھ اور ہی
میرے سمجھانے کو ناصح تجھ سا کو دن چاہیے

خوبیِ قسمت ہمیشہ ہے اب کسکا شکوہ کیجئے
دوست سمجھیں کسکو کہنا کس کو دشمن چاہیے

وعدہ تمھارا وعدۂ فردا سے جا ملا
پیغام آیا مل کے اجل کے پیام سے

کھانے کو غم ہے پیتے ہیں یہ خونِ دل مدام
کیا غم ہے فاقہ مستوں کو ماہِ صیام سے

عشق بازی نے عجب لطف دکھایا ہمکو
دین و دل ہار چکے نوبتِ جاں بازی ہے

کمظرف ہیں جو بکتے ہیں مے پی کے ساقیا
مُنہ بند اپنا رکھتے ہیں شیشے شراب کے

خط سے لفافہ کھل گیا واں حُسنِ یار کا
مشتاق ہم رہے یہاں خط کے جواب کے

جس نے دیکھا تھے وہ بیدم ہے
چشمِ بد دُور اب تو عالم ہے

دستِ گستاخ کا نہ پوچھو حال
کچھ یہ واقف ہے کچھ یہ محرم ہے

آتی ہے راہِ کعبہ میں ہر گام پر صدا
اول طوافِ کوچۂ جاناں ضرور ہے

تنہا کو بھولئے نہ کبھی وقتِ مے کشی
بزمِ طرب میں یادِ محبّاں ضرور ہے

بجائے سیب تو سیبِ ذقن کو دیکھ لیا
دکھاؤ کچھ مجھے جاناں انار کے بدلے

یہی ہے شق جفا و ستم تو سُن لینا
وفا و مہر کے انداز یار کے بدلے

دل میں ہے ذکرِ قیامت کیجے
یعنی وصفِ قد و قامت کیجے

ہے وفا یہ کہ تُو جفا نہ کرے
ہے جفا یہ کہ تو وفا نہ کرے

غمزہ کیا ناز کس کو کہتے ہیں
ہے ادا یہ کہ تُو ادا نہ کرے

کیا ظلم ہے کہ کہتے ہیں وہ مجکو دیکھکر
تقصیر ہو نہ ہو اسے تعزیر چاہیے

خوب ہم موشگافیاں کرتے
نظر آتی اگر کمر کوئی

یاں وار سے عیسیٰ کو ملا رتبۂ عالی
کیونکر نہ عدو پست ہوں قسمت کے دھنی سے

کہتا ہے وہ بُت پان کو دانتوں سے دبا کر
یوں لعل کٹا کرتے ہیں ہیرے کی کنی سے

تھا بیاضِ گردنِ لیلےٰ سے درسِ حسن و عشق
قیس کو طفلی میں کچھ مطلب نہ تھا اُستاد سے

محتسب کیسا مچلتا ہے تو میخانے میں
جا کے مسجد میں تو یوں پانوں پسارے ہوتے

لائی اُڑا کے نکہتِ گیسوئے عنبریں
اب تو دماغِ عرش پہ بادِ صبا کا ہے

تنہا

تنہا ۔ نواب محمد شیر علی خاں بہادر تنہا رئیس مراد آباد مہندی علی خاں آزاد کی مرحوم مراد آبادی کے شاگرد تھے ۔ معمر و سن رسیدہ بزرگ تھے ۔ ستر سال سے زیادہ عمر پاکر حال ہی میں انتقال کیا ۔ زبان ۔ بندش ۔ فصاحت ۔ روزمرہ ۔ غرض ہر طرح انکا کلام اچھا ہے پرانے مشاق تھے ۔ اکثر نعتیہ غزلیں کہا کرتے تھے ۔ دیوان بھی مرتب ہوگیا ہے ۔ عاشقانہ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے ۔

چٹیں بجنیں یاد آگیا جب چھیڑنا
جھٹک کر وہ شوخی سے دامن کسیکا

بہت پانوں پھیلائے اے اشک تو نے
مگر ہاتھ آیا نہ دامن کسیکا

کھنچ گیا یار تک نگاہ کے ساتھ
ناتوانی ترا گلہ نہ ہوا

نالہ نغمہ ہے اُسکی محفل کا
رقص ہے بے قرارئے دل کا

اُٹھاتا ہے تصور پردہ اور حیرت گراتی ہے
جو محو یار ہو جائے کشاکش درمیاں کیوں ہو

رہے چھیڑا اِس مژہ کی نیشتر سے
لہو بہتا رہے زخمِ جگر سے

تنہا

تنہا ۔ میر لطف علی باشندۂ مدراس ۔ فن شاعری میں حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کی شاگردی کا فخر حاصل ہے ۔ موجودہ زمانہ کے معمولی موزوں طبع شاعروں میں ہیں ۔

تیر کیا کھینچا کہ تن سے رُوح اپنی کھنچ گئی
اے ستمگر زیست ہی کا سب مزا جاتا رہا

وصل کی شب پوچھتے ہیں مسکرا کر ناز سے
وہ تڑپنا لوٹنا کیوں آپ کا جاتا رہا

جب کہا میں نے کہ میں ہجر میں مر جاؤنگا
ہنسکے بولے کہ بلا سے مجھے پروا کیا ہے

توانا

توانا ۔ منشی سید اکرام علی خلف سید جان علی ۔ باشندہ فتحپور رہوا ۔ آپ کو پہلے تو نگر سنگہ عاشق سے تلمذ رہا جو مرزا قتیل کے نامور شاگردوں میں تھے ۔ اس زمانہ میں

آپ ناتواں تخلص کرتے تھے جب حضرتِ ناسخ الہ آباد گئے تو آپ اُن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور غزل اصلاح کے لئے پیش کی اُنہوں نے ناتواں کی جگہ توانا تخلص عنایت کیا۔ کلام ملاحظہ ہو۔

رو ندیو آکر ہماری خاکِ مدفن زیر پا
ہاتھ اُٹھا کر ہم دعا دیں گے کہ دشمن زیر پا

چل سکی کانٹوں سے کچھ مطلق نہ قیسِ زار کی
لاکھ صحرا نے بچھایا اپنا دامن زیر پا

قربِ اصلے سے حصولِ رفعتِ اسفل ہو
گل کو سب رکھتے ہیں سر پر کاہِ گلشن زیر پا

نازکی دیکھو کہ رکھتا ہے قدم جب خاک پر
تارِ نخجیر کو سمجھتا ہے وہ سوزن زیر پا

جس کی تنگی سے توانا دم خفا ہوتا رہا
لاغری سے گر پڑا وہ طوقِ گردن زیر پا

توفیق

توفیق۔ صدر نشین وسادۂ عزّ و تمکین۔ شاہزادہ سلطان محمد بشیر الدین خلف الصدق سلطان شکر اللہ فرزند خاص حضرت ٹیپو سلطان والیِ میسور و سرنگاپٹن۔ سنہ ۱۷۹۹ء میں جب ٹیپو سلطان جنگ میسور میں بمقابلہ افواج فرنگ داد شجاعت و مردانگی دیکر شہید ہوئے اور انکا ملک قبضہ سرکار کمپنی میں آیا تو شاہزادہ شکر اللہ معہ دیگر برادرانِ و عزیزان چندے قلعہ ویلور میں زیر حفاظت سرکار انگلشیہ نظر بند رہے۔ اتفاق سے چند سال بعد فتنہ و فساد کی آگ وہاں بھڑک اٹھی اور باغیوں نے شہزادہ شکر اللہ کو اپنا سردار مقرر کرکے چند انگریزی افسروں کو تہ تیغ کر ڈالا۔ حکام انگریزی نے بکمال حکمت عملی اس فساد کی آگ کو ٹھنڈا کیا اور ٹیپو سلطان مرحوم کے لواحقین کا اس ملک میں قیام خلاف مصلحت تصور کرکے سب کو کلکتہ بھیجدیا اور ٹالی گنج کو انکا جائے سکونت قرار دیا۔ خدا کے فضل سے حضرت توفیق اپنے والد ماجد کی مانند علم و فضل و اخلاق حمیدہ اور صفات برگزیدہ رکھتے تھے اور نکتہ سنجی اور موزونی طبع میں فخر خاندان تھے۔ تاریخ خوب کہتے تھے۔ انکے نام متعدد رقعے اسد اللہ خان غالب کی اُردوے معلے میں موجود ہیں۔ غالب کے دوستانہ تعلقات ان کے ساتھ مربوط تھے۔ نظم و نثر فارسی اُردو دونوں میں دستگاہ تھی چنانچہ دیوان آنمرحوم

تقریظ و تاریخ خوب کہی ہے۔ ایک مہربان نے کلام بھیجنے کا پختہ وعدہ کیا تھا۔ مگر باوجود تقاضا ارسال نہ کیا۔ بدرجۂ مجبوری صرف اندراج حال پر قناعت کی۔ سلطان بشیر الدین کی زندگی کا بڑا حصہ کلکتہ میں بسر ہوا۔ اور وہیں ۱۸۸۸ء کے قریب انتقال کیا۔

توفیق

توفیق ۔ امیر الملک والاجاہ نواب صدیق حسن خاں بہادر توفیق مرحوم شوہر نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ والیہ بھوپال۔ ان کے والد سید اولاد حسن قنوج کے معمولی لوگوں میں تھے ۱۲۴۸ھ ہجری سال ولادت تھا۔ صغر سنی میں دہلی جاکر تعلیم پائی۔ اور علامہ دہر مفتی محمد صدر الدین خاں آزردہ کے شاگرد ہوئے۔ مفتی صاحب نے معقول و منقول فقہ و اصول بکمال توجہ پڑھائی۔ ۱۲۷۱ھ ہجری میں دہلی سے بھوپال گئے اور نواب سکندر بیگم صاحبہ کی سرکار میں منشی گری پر مامور ہوئے۔ پھر بعض وجوہ سے انکا تعلق ریاست بھوپال سے قطع ہوگیا۔ چند سال بعد بختے یاوری کی اور جمال الدین خان مدار المہام بھوپال کی لڑکی سے انکا نکاح ہوگیا۔ اسکے بعد مہتمم مدارس ریاست و افسر مدرسۂ سلیمانیہ ہوئے۔ جب نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ مسند نشین ہوئیں ان کو خدمت میر منشی گری پر ممتاز فرمایا۔ اور یہانتک انکا عروج جاہ و اعزاز نظر آیا کہ ۱۳۰۸ھ ہجری میں بحالت بیوگی بیگم صاحبہ نے ان سے نکاح کر لیا۔ دربار قیصری منعقدہ ۱۸۷۷ء میں سرکار انگلشیہ سے خطاب امیر الملک والاجاہ ملا اور ستر ضرب توپ کی سلامی مقرر ہوئی۔ بجائے رئیس منتظم ریاست ہوئے۔ ان کی قدردانی اور ہنر پروری سے علوم و فنون مشرقی کے اکثر باکمال بھوپال میں جمع ہوئے۔ نواب صاحب مرحوم نہایت زبردست محدثوں اور عالموں میں شمار ہوتے تھے۔ ڈیڑھ سو کے قریب مختلف علوم و فنون میں کتابیں تصنیف اور تالیف فرمائی تھیں۔ ان کتابوں کی ہزارہا جلدیں مفت تقسیم ہوئیں۔ عربی فارسی میں نواب اور اردو میں توفیق تخلص کرتے تھے۔ فارسی میں اکثر اور اردو میں کمتر فکر سخن فرماتے تھے۔ تذکرہ شمع انجمن شعرائے فارسی کے حال میں ان سے یادگار ہے۔ آخر عمر میں پیر لیگر لعین

ایجنٹ گورنر جنرل متعینہ سیہور سے ناچاقی ہوجانے کے باعث نواب موصوف انتظام معاملات ریاست سے دستکشی پر مجبور ہوئے۔ اور بحکم گورنمنٹ سلامی القاب اور خطابات سے محروم کئے گئے۔ بیگم صاحبہ ان کی اولاد سے بہت مانوس تھیں بیش قرار مواجب کے علاوہ اور لکھوکھا روپیہ کا سلوک اُنکے ساتھ کیا۔ ان کے دو نو صاحبزادے نور الحسن خاں اور علی حسین خاں جو جمال الدین خانصاحب وزیر بھوپال کی لڑکی کے بطن سے ہیں۔ بعد وفات نواب شاہجہاں بیگم لکھنو چلے آئے ہیں ۱۸۹۵ء میں نواب صاحب نے عالم بقا کی راہ لی۔ اُردو کے چند شعر حاضر کئے جاتے ہیں۔

باتوں باتوں میں کچھ ایسی بات اُنسے چھیڑ دی	کہتے کہتے دلسے حرفِ مدعا جاتا رہا
ڈر و خدا سے کوئی اور کھیل کھیلو تم	بہت بُرا ہے مریضانِ مشغلِ دل کا
بلاتے ہیں تو مبارک ہمیں پر اے توفیق	زیادہ حد سے نہ بڑھجائے حوصلہ دل کا
اللہ ہی طبیب ہے مجھ دردمند کا	عاشق ہوا ہے درد مرے بند بند کا
توفیق کس خوشی سے جلاتے ہیں مریضان	وہ جو نہ دیکھ سکتے تھے جلنا سپند کا
برپا کریں نہ فتنہ کوئی دلکے آس پاس	بیٹھے ہیں یاس و حسرت و غم ملکے آس پاس
دیکھ بدمست مجھے مار کے ٹھوکر بولے	ہمتو مستوں کو بھی ہشیار بنا لیتے ہیں
حضرتِ ناصح دل اُس بیدرد کو دُوں یا ندوں	آپ تو کہئے کہ اسمیں آپ کی کیا رائے ہے
عیش رقیب کی تعریف مجھسے کرتے ہو	یہی نہ کہدو کہ اُٹھ جاؤ میری محفل سے
جب کہتے ہیں ہم حشر میں فریاد کرینگے	ہنستا ہے کہ ہم بھی تری امداد کریں گے

توفیق - جناب مولوی سید جلال الدین صاحب اہلکار دفتر صدر مجلسی سرکار عالی حیدرآباد کے رہنے والے اور دور موجودہ کے شعرا میں ہیں۔ رسالونمیں آپ کی چند غزلیں نظر سے گذریں۔ کچھ شعر منتخب ہوکر درج ہوئے۔ شگفتہ طبیعت پائی ہے۔ مذاق شستہ ہے

لاکھ محبوسِ قفس کر تو مجھے اے صیاد	میں نکل جاؤنگا فریادِ عنادل کی طرح

حسرت اے جذب کہ لیلیٰ ہو سوارِ محمل
قیس ہو ساتھ غبارِ پسِ محمل کی طرح

اشک رہتے ہیں رواں نالہ ادا ہو کہ نہ ہو
قافلہ رائی منزل ہے قضا ہو کہ نہ ہو

تپشِ قلب کو تحریکِ نفس سے مطلب
شعلہ زن رہتی ہے یہ آگ ہوا ہو کہ نہ ہو

چونک اٹھیں یا نہ اٹھیں خوابِ عدم سے مردے
یوں چلو تم تو کہو حشر بپا ہو کہ نہ ہو

بے سبب چارہ گرو تم کو نہیں تشویشِ علاج
دلکا ارماں ہی نکل جائے شفا ہو کہ نہ ہو

ایذا اے قید سہ نہیں سکتے سبک خرام
مُٹھی میں بند ہو نہیں سکتی ہوا کبھی

توقیر

توقیر - مولوی عبدالقادر توقیر متوطن پنجاب مقیم دہلی۔ استعداد علمی اگرچہ کم تھی مگر شاعری سے طبیعت کو بیحد لگاؤ تھا۔ بڑے وجیہ خوش مزاج شکیل طبیعت وارد کی نوجوان تھے۔ حضرتِ داغ ظہیر آور کے ہم مشق و ہم صحبت تھے۔ اکثر فکر رسا کی اعانت سے مضامین نازک اور عالی کی تلاش میں سرگرم رہتے تھے۔ اوائل مشق میں چند غزلیں میاں تنویر کو دکھائیں پھر حضرتِ ذوق کی خدمت میں آئے اور انکی وفات کے دو تین مہینے بعد ۱۲۷۲ھ ہجری میں ناشاد نامراد جہان فانی سے عالم بقا کی طرف سفر کیا ۲۵-۲۶ سال کی عمر پائی۔

توقیرِ دل رمیدہ پھر آوارہ ہو گیا
کس نے سنا دیا اسے مژدہ بہار کا

واں نمک کا بھی صرفہ ہے توقیر
زخم کھانے کا کچھ مزا دیکھا

گر آئے جوش پر دریا مرے اشکِ ندامت کا
تو کیونکر پانی پانی دل نہ ہو پھر ابرِ رحمت کا

مجھکو کیوں دیکھا بتِ ناآشنا کو دیکھکر
ناصحو دیکھو کہ کچھ کہنا خدا کو دیکھکر

انتظارِ نامہ بر میں اسقدر بے ہوش ہوں
جان تن میں آ گئی پیکِ قضا کو دیکھکر

جو یار مجھسے پوچھتا ہے ماجرائے دل
سینے پہ ہاتھ دھر کے یہ کہتا ہوں ہائے دل

زخمی تری نگاہ کے آخر کو مر گئے
کہہ کہہ کے ہائے ہائے جگر ہائے ہائے دل

ہم تو خاطر سے تری غیر کو بھی تعظیم دیں
رشک پھر کہتا ہے بیٹھو اپنی یہ عادت نہیں

بتوں کو چاہنا اور حضرتِ توقیر یہ صورت
بظاہر تو نظر آتے ہو تم مردِ مسلماں سے

توقیر

توقیر - لالہ نرائیداس خلف لالہ سوبھل چند باشندہ فرخ آباد - منشی سید اسمٰعیل حسین آمیز کے حینِ تلمذ سے بہرہ ور اور ۱۲۷۴ھ میں حیات تھے - طبیعت کا رنگ مفصلہ ذیل اشعار سے آشکار ہے -

آئینے سے بھی ہے وہ چند صفا ہاتھوں میں
منہ نظر آتا ہے اے ماہِ لقا ہاتھوں میں

سلطنت ملتی ہے چھوتا ہے جسے وہ مہِ حسن
طائرِ رنگ حنا ہے کہ حنا ہاتھوں میں

سونا چھلّوں کا گلا جاتا ہے اے شعلہ مزاج
گرمیاں اور دکھاتی ہے حنا ہاتھوں میں

عرقِ چہرۂ دلدار کو پونچھا توقیر
ہمنے عطرِ گلِ فردوس ملا ہاتھوں میں

توقیر

توقیر - میر عبد العلی نام - قنوج کے رہنے والے اور رشک لکھنوی کے شاگرد تھے غدر سے پیشتر پٹنے میں بود و باش اختیار کر لی تھی - مرثیہ بحت لفظ خوب پڑھتے تھے - آدمی باخلاق و صاحبِ دل تھے - عطر سازی کا پیشہ کیا کرتے تھے ۱۳۰۲ھ میں ساٹھ باسٹھ برس کی عمر تھی یہ اِن کے اشعار ہیں -

حبس سے طوفاں خیز میرا دیدۂ تر ہو گیا
مردمِ آبی کے رہنے کیلئے گھر ہو گیا

آج روشن اُس قمر سے کیا مرا گھر ہو گیا
نورِ چشمِ مہر و مہ ہر روزنِ در ہو گیا

رہ گئی جو میتِ پروانہ بے غسل و کفن
شمع کا منہ آنسوؤں سے بزم میں تر ہو گیا

شک نہیں اسمیں اشد الموت ہے ہی انتظار
آج اُنکے وعدۂ فردا سے محشر ہو گیا

مژدہ باد اے مرگ ناکامی ہوا قصہ تمام
جسکے ہم عاشق تھے وہ عاشق کسی پر ہو گیا

ناتوانی سے نکلنا جان کا مشکل ہوا
کشتیٔ عمر رواں کا ضعف لنگر ہو گیا

توقیر

توقیر - شیخ ارادت اللہ صاحب رئیس قنوج و فرخ آباد کے ضلع میں تِرواایک چھوٹی سی جاگیر ہے اُنکے سالہا سال منتظم رہے - شعر و سخن سے بھی اُنس تھا چنانچہ یہ اُن کے نتائجِ افکار کا خلاصہ ہے -

ہے سامنا اجل کا قیامت ہے قہر ہے
کچھ دل لگی نہیں ہے جو تم سے لگائے دل

کرتا نہیں بھولے سے کبھی یاد ہماری
کیا شاد ہو پھر خاطرِ ناشاد ہماری

مرقد کی مرے آکے اڑا دو نہ تم اب خاک
مٹی نہ کرو مفت میں برباد ہماری

صنم جو رام ہوا ہے خدا خدا کر کے
دل و جگر کروں صدقے جدا جدا کر کے

تمہاری بے نقابی سے قمر نے داغ کھایا ہے
صبح انور سے کیوں آ مہ روش پردہ اٹھایا ہے

دکھائے گی اسے نیچا کبھی آہِ دلِ عاشق
کہ اس پیرِ فلک نے اب بہت کچھ سر اٹھایا ہے

ازل ہی میں ستم مجھ پر تمہارے ہاتھ لکھا تھا
کسی سے خامۂ قدرت کا لکھا بھی مٹایا ہے

غم و رنج و الم درد و تمنا یاس و حسرت کو
شبِ تنہائی میں اپنا انہیں مونس بنایا ہے

توقیر ۔ جناب سید باقر حسین توقیر دہلوی ۔ شاگرد حضرت داغ دہلوی مرحوم ۔ کلام خاصہ ہے رسمی شاعر ہیں ۔ کوئی خاص بات قابلِ تشریح ان کے کلام میں نہیں ہے ۔ یہ ان کے اشعار ہیں ۔ توقیر

ہمکو دنیا سے ترے لطف و کرم نے کھویا
گھر کہاں اُن کا جو دلمیں ترے گھر کہتے ہیں

گالیوں پر لبِ سے کھولیں آپ باندھیں پہ قتل
یہ دہن رکھتے ہیں دلبر نہ کمر رکھتے ہیں

آپکے پاسِ نزاکت نے کیا ہے خاموش
ورنہ نالے مرے آفت کا اثر رکھتے ہیں

چاہنے والوں سے غافل نہیں رہتے معشوق
بے خبر ہیں کے یہ عاشق کی خبر رکھتے ہیں

توقیر ۔ نواب احمد مرزا خانصاحب خلف نواب مرزا محمد جعفر خانصاحب مرحوم نبیرہ نواب حیدر بیگ خانصاحب مغفور عرف چھٹن صاحب التخلص بہ توقیر لکھنوی از تلامذہ حکیم سید علی ضامن صاحب متخلص بہ شوق خلف جناب رشک شاگرد شیخ ناسخ مرحوم ۔ آپ دور موجودہ کے شاعر ہیں اور یہ آپکے کلام کا انتخاب ہے ۔ توقیر

تارے گن گن کے وہ آنکھوں میں سحر ہو جانا
کیا کہیں ہجر کی راتوں کا بسر ہو جانا

مجھ سے کرتی ہے اشارہ وہ لگاوٹ کی نظر
کہ دکھا دوں میں ترے دل کا ادھر ہو جانا

حشر لانے کو ہے توقیر تری میت پر
بے خبر کو ترے مرنے کی خبر ہو جانا

کیوں فلک دور میں تیرے کبھی ایسا بھی ہوا
کہ شبِ ہجر کی ممکن ہو سحر ہو جانا

دل سے راضی ہوں فلک پیس کے سر کو دے
شرط ہے آپ کے منظورِ نظر ہو جانا

سیر کو آتے ہیں بیمارِ محبت کی وہ روز
ہے بُرا اب تو مرے واسطے اچھا ہونا

داغِ دل بعد فنا سینہ میں روشن ہو کر
صُبو دکھاتا ہے چراغِ تہ دامن ہو کر

وصل کی آس میں یا یاس میں دم نکلا ہے
شمع تربت مری بجھ جائیگی روشن ہو کر

باغ میں غیر سے پھر ہنسکے ملاتے ہو مجھے
خار دیتے ہو گلو غیرتِ گلشن ہو کر

خوف ہے مجھ کو قیامت نہ کہیں آجائے
کعبۂ دل میں بُت آتے ہیں برہمن ہو کر

سوزِ دل کی یہ مرے ہوتی ہے دیکھو توقیر
شمع کا نام ہوا بزم میں روشن ہو کر

قلم سے شیخ کے نکلے کہ مے حرام نہیں
یہ دستخط نہ کرالوں تو رند نام نہیں

پری جمال کو نظر و نمیں شیخ پی پی کر
یہ کہہ رہا ہے کہ بنتِ عنب حرام نہیں

قتل میں میرے نہ ہو کچھ شرکتِ خونِ رقیب
دوسرا خنجر منگالیں آپ تو احساں کریں

دل کے ٹکڑے کر دیئے حاضر ہے عشقِ جیب
ہم غریب و بے نوا کیا خاطرِ مہماں کریں

ملا بے مانگے گو رزق آسیا کو
مگر اسپر بھی گردش میں بسد کی

تونگر — تونگر — منشی عبد العلی مرحوم خلف میاں مسکین — علمی استعداد معقول تھی — نواب سکندر بیگم صاحب کے عہد دولت میں ترقی پاکر میر منشی ریاست کے عہدہ گرامی پر ممتاز ہوئے۔

نواب شاہجہاں بیگم کے دورانِ حکومت میں بھی مورد عنایات رہے اور مشاہرہ میں بھی ترقی ہوئی مگر شومئی طالع سے بسبب کبر سنی دماغ میں ضعف آگیا اور عملیات سفلی ومنوں خوانی کی طرف توجہ مائل ہوگئی۔ انجام کار سرکار کے حکم سے خارج از ریاست کئے گئے تذکرہ فرح بخش سے کلام انتخاب ہو کر درج کیا گیا۔

دیکھئے ہر دم نہ اپنا روئے روشن آب میں
ہو جئے ہر دم نہ صاحب آتش افگن آب میں

کیوں بند کر رکھے تھے شب اُس مہ لقا کے ہاتھ
قابو چلا تو باندھوں نگا میں بھی حنا کے ہاتھ

ہالے کی شکل گرد رخ ماہ جوش ہوئی		انگڑائی کی جو یار نے دو تو ملا کے ہاتھ ا

تھانیسری

تھانیسری - شاہ امام بخش نام - یہ بزرگ درویش صفت اور نیک نہاد تھے شبانہ روز اپنی اوقات اوراد و یاد حق میں گذارتے تھے سلسلۂ قادریہ میں کسی بزرگ سے بیعت تھے - مسٹر الیف فیلن صاحب نے ان کا تخلص تھانیسری لکھا ہے اور کہتے ہیں کہ گاہ گاہ بطور خود شعر موحدانہ اسکی طبع سے ٹپک پڑتا تھا - ۱۲۴۸ھ ہجری میں موجود تھے - یہ انکے اشعار ہیں -

اس جہاں میں اُس جہانیں کون ہے		ہر نہاں میں ہر عیاں میں کون ہے
ہے جو دکھلاتا تجلی دم بدم		ہر جمالِ دلبراں میں کون ہے
تو کہے میں گفتگو سے پاک ہوں		پس یہ گویا ہر زباں میں کون ہے
لوگ کہتے ہیں خدا ہے لامکاں ؟		پھر زمین و آسماں میں کون ہے

تہور

تہور - میرزا غلام فخر الدین تہور برادر حقیقی مرزا قادر بخش صابر - اصلاح سخن حضرت احسان اور حکیم مومن خاں سے لیتے تھے - عنوانِ شباب میں غدر سے آٹھ دس سال پیشتر قضا کی یہ ان کے اشعار ہیں -

ناصحا پند و نصیحت تو نہ کر محفل میں		یہاں مرے ساتھ کوئی اور بھی رسوا ہوگا
اب ہے کیا باقی جو ہے کاوش تری دلجوئیں		چاک دامن ہو گیا ٹکڑے گریباں ہو گیا
پھر خدا لائے اُسے یاد شبِ تنہائی		کیا تہور بے تکلف یار تھا ؟
رشکِ دشمن کا سبب عشق میں کیا ہے ناصح		امتحاں کیجئے مشفق کہیں شیدا ہو کر
لے آئے وداع خط کا جواب اُس نے کسی ڈھب		افسوس کہ قاصد سے اب اتنا نہیں ہوتا

تہور

تہور - منشی تہور علی خاں - عدالت فوجداری کانپور میں مختاری کرتے ہیں - اور شاید جناب آسی سے تلمذ ہے - دو تین غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب حاضر ہے

اپنے تلوؤں سے مَل کے دل میرا		کہتے ہیں کیسا پائمال ہوا

شبِ فراق کی حالت نہ پوچھئے مجھسے	میں کیا بتاؤں کہ کس درجہ بیقرار رہا
اور بھڑکے گی تھوڑی ہو نہ گریاں اسقدر	آتشِ دل کو کبھی آنسو بجھا سکے نہیں

تیمور

تیمور۔ مرزا سعادت سلطان تیمور گورگانی خلقت مرزا قادر بخش موزوں برادر نسبتی مرزا قادر بخش صابر اوائل میں حضرت احسان کے شاگرد تھے۔ بعد میں مرزا صابر سے مستفید ہوئے عرصہ ہوا کہ انتقال کر گئے۔

اس سادہ مزاجی پہ بھی مرتے ہیں ہزاروں	اللہ رے عالم ترے بے ساختہ پن کا
رہتا ہوں اپنی بے پروبالی پہ باغباں	فصلِ خزاں میں بلبلِ بے پر کو دیکھکر
ضبطِ نالہ کیا تو جان گئی	اپنا گویا میں آپ قاتل ہوں

ث

ثابت ثابت خاں یا اصالت خاں ان کا نام تھا۔ عظیم آباد کے رہنے والے اور مرزا بیخود قندوی کے شاگردوں میں تھے۔ اپنے زمانہ میں علم استادی بلند کرتے تھے طبقہ دوم کے آخر شعرا میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ یہ اشعار اُن کے درج کئے جاتے ہیں ثابت

وقت مرنے کے مرے پاس وہ موجود ہوا	اپنے ہی جی کا زیاں اپنے لئے سود ہوا
مجمرِ سینہ میں دن رات پڑا جلتا ہے	آہ ثابت یہ ترا دل نہوا عود ہوا
مصرع کہو جو آہ کا موزوں کروں ہونہیں	سکانِ نو سپہر کا دل خوں کروں ہونہیں

ثابت منشی مہر علی۔ اصلی وطن پڑہانہ ضلع مظفر نگر تھا مگر یہ خود قبل از غدر دہلی میں بود و باش رکھتے تھے۔ حافظہ اچھا تھا۔ اور اساتذہ قدیم مثل سودا اور میر درد کے ہزارہا شعر ازبر تھے۔ دہلی میں رہ کر استعداد علمی کے علاوہ فکر سخن میں بھی سلیقہ معقول پیدا کیا کلام ملاحظہ ہو۔ ثابت

دیکھا مجھے تو ہو کے خفا غیر سے کہا	اس بزم میں ہر ایک کو آنا نہ چاہیئے
کھل جائیگا وہاں کس و ناکس پہ رازِ عشق	اے دل اس اضطراب سے جانا نہ چاہیئے

ثابت ثابت شیخ ثابت علی ولد شیخ محمد علی سنہ ۱۲۷۱ ہجری مطابق سنہ ۱۸۵۴ء میں راجہ بھرت پور کی سرکار میں معتمد اور بہ تقریب سرانجام کار اپنے ولی نعمت کے دہلی میں وارد تھے۔ گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیتے تھے۔ اور خاصہ کہتے تھے۔ یہ چند شعر اُنکے ہیں۔ ثابت

آنے کی کسی کے کیا سُنی ہے	جاں لب پہ ٹھہر گئی ہے آکر
کہتے ہیں وہ بیوفا اب آیا	کہنے ہی کی بات ہے سُنا کر
ثابت کا ہے حال غیر کل سے	تم بھی اُسے دیکھ آؤ جا کر

ثابت

ثابت - شاہزادہ میرزا معز الدین ثابت مرحوم خلف الصدق حضرت شاہ عالم بادشاہ و برادر حقیقی مرزا احسن بخت احسن - حافظ عبد الرحمن خاں احسان کے شاگرد رشید تھے۔ قلعہ معلے میں اکثر شاہزادے انکے شاگردی سے ممتاز تھے آپنے اپنے اُستاد کا دیوان مُرتب کیا تھا جو راقم تذکرہ کے پاس موجود ہے - خود بھی موزوں طبع شاعر اور صاحبِ دیوان تھے جسکا ایک قلمی نسخہ میرے پاس موجود ہے - اچھا کہنے والوں میں تھے - زبان صاف پاکیزہ اور معاملہ کا شعر خوب کہتے تھے - اوائل عہد بہادر شاہ میں انتقال فرمایا - یہ ان کا کلام ہے -

آفریں دلکو ترے ثابت وگرنہ بارِ عشق
لے زمیں سے اُٹھ سکا نے آسماں سے اُٹھ سکا

شبنم کی طرح اس چمن دہر میں ثابت
جز گریہ ہمیں اور تو کچھ کام نہ آیا

زیور گل کو لگا اگ یہ مالن سے کہا
میرا طرہ میرا گنا میرا گجرا نہ بنا

پھول عاشق کے ہوں اور پھولوں کا گہنا پہنوں
دست و پا پھول گئے پھولونکا گہنا نہ بنا

خوبرو تیری نہیں ہے کچھ فقط گفتار خوب
رُخ پری کاکل دُہواں بالا بلا رفتار خوب

تھا قلق اور بے قراری رات
مجھکو روتے کٹی ہے ساری رات

مینے کل اُس سے کہا دلمیں مرے درد ہے آج
ہاتھ سینے پہ مرے رکھ کے کہا کیا باعث

یوں کہا اُسنے کہ ثابت مجھے پیغام نہ بھیج
مجھکو بدنام نہ کر نامہ مرے نام نہ بھیج

لگایا تیر جو مُنے فقط کلیجے میں
ہر ایک عضو ہے میرا جُدا جُدا دلگیر

چکور آسا فدا ہے کیوں تو روئے درخشانِ مہوشاں پر
قدم رکھیں ہیں وہ کب زمیں پر دماغ اُنکا ہے آسماں پر

یہ سمجھتے نہیں اس تیر سے ہے زیست مری
لوگ کہتے ہیں نکالو کسی تدبیر سے تیر

ہاتھ زنجیر طلائی میں جو اُنھا بولے
کیا بلا ہے تجھے ثابت مری زنجیر نہ توڑ

انصاف ہے کہ محتسب اس ابر و ہوا میں
کس طرح سے ہو ساقیِ گلفام فراموش

دستِ جنوں کو یوں ہے گریباں سے اختلاط
دامن کو جیسے خارِ بیاباں سے اختلاط

پھر دلستاں نے دل کا ستانا کیا شروع
پھر آہ بزمِ غیر میں جانا کیا شروع

آہ گر پردہ نشیں وہ بتِ گلفام نہو
دیر میں کفر نہو کعبے میں اسلام نہو

رقص میں وہ نازنیں جسوقت گرمِ ناز ہو
ناز خوباں چاہیے پھر فرش پا انداز ہو

اسقدر راوبے مروت مجھسے استغنا تجھے
جان دینی تھی مجھے پر دل ندینا تھا تجھے

تجکو شاباش تصور کے مصور دل پر
لکھدے اُس عالمِ تصویر کی تصویر مجھے

کیا جو دوستی میں تو نے ہمپر کرسی فن سے
کوئی ایسی نہیں کرتا مریجاں اپنے دشمن سے

کہدو اُس چشم سے پرہیز نکر اُس سے مدام
تیرے بیمار کی جاں باعثِ پرہیز چلی

اُدھر ہے بادہ پیما بزم میں باہد گر کوئی
اِدھر پیتا ہے اپنا دمبدم خونِ جگر کوئی

برہمن کافر و دیندار سبکو بھا گیا ایسا
خدائی میں اُسی بت کا جپے ہے نام ہر کوئی

جی ہی جاتا جو تیرے لب پہ مسیحا میرے
مرتے مرتے نگہِ عاشقِ بسمل پڑتی

مت دکھا اے برقِ خرمن سوز طرّاری مجھے
آتشِ الفت کی ہے درکار چنگاری مجھے

کیا دن پھریں ہمارے گر وہ پھرے سفر سے
لیل و نہار جنکے ہم دیکھتے کو ترسے

زلفوں کا جبکہ سودا دل کو ہوا وہ بولے
اپنا تو رونگٹا بھی خالی نہیں ہنر سے

دل پُر داغ کو پٹک کے کہا
چیز یاں داغ دار کیوں آوے

اکیلا دیکھکر کل مینے اُسکو جان کر پوچھا
ہمارا جانا بوجھا یا کوئی انجان جاتا ہے

ٹھٹک کر مسکرا کر یوں کہا ہٹ جا رے ظالم
ترے سر کی قسم کوئی ابھی یہاں جان جاتا ہے

ثابت ۔ منشی سید فضل حسین لکھنوی ابن سید مہدی حسین ابن میر زین العابدین عرف مینگل (رسالدار عہد امجد علیشاہ بادشاہ اودھ) آپ کے حقیقی نانا سید محمد رضا ظہیر مرحوم شاعر مرثیہ گو ارشد تلامذہ مرزا دبیر مغفور سے تھے ۔ آپ کی ولادت ۱۵ رجب ۱۲۷۸ ہجری یوم جمعہ کو ہوئی (نظیر حسن تاریخی نام ہے) اردو ۔ فارسی ۔ عربی ۔ انگریزی و ناگری کی

ثابت

زبانوں سے واقفیت رکھتے ہیں ۱۸۸۳ء میں ریاست کوڑیں اولاً محرری جیل پر ملازم رہے۔ پھر ناظر عدالت صدر دیوانی کوڑ مقرر ہوئے۔ اب سررشتہ دار عدالت سیشن جج ہیں۔ غزل گوئی میں منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی مرحوم سے اور مرثیہ گوئی میں مرزا محمد جعفر صاحب آروج لکھنوی سے تلمذ رکھتے ہیں ۱۳۱۱ھ ہجری میں زیارت کربلا و نجف اشرف وغیرہ سے بھی مشرف ہو چکے ہیں۔ آپ کا سفرنامہ منظوم موسوم بہ ریاض فکر چھپ کر شائع ہو چکا ہے۔ ایک میلاد منظوم اور بہت سے سلام و مرثیے و رباعیات موجود ہیں۔ باقی عاشقانہ کلام اکثر گلدستہ جات و اخبارات وغیرہ میں چھپتا رہتا ہے۔ دیوان چھپوانے کا کبھی خیال نہیں کیا۔ ورنہ کافی مصالحہ موجود ہے۔ ۶۰ سال کے قریب سن ہے۔ شعر بہت اچھا کہتے ہیں۔ طبیعت میں شوخی بھی ہے۔ جو کلام آپ نے عنایت کیا مع کلام بہم رسیدہ سابق کا چیدہ انتخاب حاضر کیا جاتا ہے۔

شبِ فرقت میں نیند آئے بھلا کیا
گذرتے ہیں تصور دل میں کیا کیا

تمہارے نازِ بیجا کیا ہیں اے جان
اٹھالیں ہم تو سر پر آسماں تک

نمازِ فرض زاہد نے قضا کی
عجب شوخی ہے کافر کی ادا میں

حسرتیں جب یاس سے دست و گریباں ہو گئیں
مشکلیں جتنی پڑی تھیں سب وہ آساں ہو گئیں

ایک عالم پر رہا ویرانۂ دل عمر بھر
بستیاں کتنی بسیں اور کتنی ویراں ہو گئیں

خاک پا تھی عطرِ گل جنکی۔ عرق جنکا گلاب
کیوں فلک وہ صورتیں مٹی میں پنہاں ہو گئیں

ہر خوشی کا باغ عالم میں تباہی ہے مآل
کھلکھلا کر جب ہنسیں کلیاں پریشاں ہو گئیں

صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں
کیسی کیسی صحبتیں خوابِ پریشاں ہو گئیں

زندگانی سے کہیں بہتر ہے اُس عاشق کو موت
تیری زلفیں جسکے ماتم میں پریشاں ہو گئیں

کر کے مجھ دل سوز سے الفت جدا ہونے لگے
آگ بھڑکا کے جگر کی تم ہوا ہونے لگے

یارب یہ کون چٹکیاں لیتا ہے بار بار
پہلو میں یار ہے کہ دلِ بیقرار ہے۔

مجھے مل لینے دے اُس جانِ جان سے
حیا دم بھر کو اُٹھ جا درمیاں سے

عمر بھر کا تب اعمال رہے ہیں ہمدم
دیکھئے حشر میں دیتے ہیں گواہی کیسی

خدا جانے کوئی ارمان ہے یا تیر کا پیکاں
یہ حالت ہے کہ جیسے دل کوئی سینہ میں تلاہے

پھلا پھرے ہے چونک تغافل کے خواب سے
پہرہ بدل رہا ہے بڑھاپا شباب سے

دلِ ثابت تھا جب ثابت نہ آتا تھا نظر کچھ بھی
جو ٹوٹا شیشۂ دل سینکڑوں ہی جامِ جم نکلے

غرور و کبر سے نفرت ہے ضد خوشامد سے
پسند آئی سلامت روی کی چال مجھے

کسی ہنر کا تو کیا ذکر و فکر ہے ثابت
کہ نقص میں بھی نہ حاصل ہو اکمال مجھے

دلِ سوا تجکو۔ مجھے تیرے سوا کیا چاہئے
تجھکو آئینہ۔ مجھے آئینہ سیما چاہئے

احباب کے جلسوں کا جو سودائی ہے — رباعی
کچھ یاد تجھے قبر کی تنہائی ہے

ثابت۔ یہ موت کا تعجب کیسا
مرنا جینے کی علتِ غائی ہے۔

پھل پائیں گے جو تخمِ کرم بو دیں گے — ″
مرقد میں یہ پھول بن کے خوشبو دیں گے

جنکے لئے چھوڑتا ہے مال او منعم
مرنے پہ وہ مٹی بھی نہ تجکو دیں گے

ثاقب ۔ منشی شہاب الدین خاں ساکن قصبہ سیوہارہ ۔ درویش توکل پیشہ شاعر پُر گو اور خوش تقریر اور اُستاد نامور شاہ مبارک آبرو کے عقیدتمند و شاگرد تھے کبھی کبھی سراج الدین علیخان آرزو سے بھی مشورہ کر لیتے تھے ۔ احمد شاہ ابدالی اور عالمگیر ثانی کے عہد میں زندہ تھے ایک پُرانے تذکرہ میں لکھا ہے کہ جس وقت افاغنہ درّانی نے مرہٹوں سے شکست پائی اسی زمانے میں ان کا انتقال ہوا ۔ پُر گوئی کے باعث ایک ضخیم دیوان مرتب ہو گیا تھا ۔ مگر ترتیب تذکرہ کے وقت صرف چند شعر دستیاب ہوئے جنکا انتخاب درج ذیل ہے فیلن صاحب نے اپنے تذکرہ میں ان کا ذکر بھی لکھا ہے ۔ صرف نام میں غلطی کی ہے یعنی شمس الدین لکھا ہے ۔ ورنہ بقیہ حالات وہی ہیں جو یہاں درج ہیں ۔ ثاقب

مر گئے تو بھی کچھ نہ پوچھی بات — تسپہ ثاقب کا یار کہتے ہیں ؎

ثاقب کی نعش اور قاتل نے آپکارا — یہ کون مرگیا ہے کسکا ہے جنازہ
مجھسے بیدل کی اگر تصویر کھینچا چاہئے — اے مصور اسکے تئیں دلگیر کھینچا چاہئے
اک نگہ ترچھی ہی سے ہوتا ہے بس عالم کا کام — تجکو کاہیکو میاں شمشیر کھینچا چاہئے

ثاقب

ثاقب - مرزا مہدی ولد مرزا انور علی بیگ - اُستاد نواب محسن الدولہ - باشندہ لکھنؤ - شیخ ناسخ مغفور کے شاگرد تھے - صاحبِ دیوان گذرے ہیں - اِن کے شاگردوں میں آغا علی شمس نامور ہوئے - یہ اُن کا کلام ہے -

ذکر بوسے کا جو آیا تو پڑا گال پہ نیل — مانگنا ظلم ہوا تاب نہ لایا عارض
کس نے بوسے لئے کیوں آج ہو مرجھائے ہوئے — گل افسردہ کی صورت ہے تمہارا عارض
ہوگیا بارنگہ سے تیرا نیلا عارض — کسنے دیکھا ہے بتا دے کوئی ایسا عارض
شجرِ طور جو قامت ہے تو رخ شعلۂ طور — اے پتو نور خدا کا ہے تمہارا عارض
مدح تیرے حسن کی کرتی زبان حال سے — رکھتی گویائی اگر تصویر پیشت آئینہ
نہ کینہ کر صاف ہوں بعد شہادت میں ستمگر سے — غبارِ دل سے قاتل نے دھویا آبِ خنجر سے
ہوا محبوس میں جسدم جنوں نے پانوں پھیلائے — روانہ کشتی وحشت ہوئی بیڑی کے لنگر سے
قیامت قامتِ دلدار کے مضمون کہتے ہیں — نہیں کم آفتابی دائرے خورشید محشر سے
نہیں چشم توقع عمدگانِ عہد سے ثاقب — کسی نے پیاس اپنی کب بجھائی آبِ کوثر سے

ثاقب

ثاقب - نواب شہاب الدین احمد خان ثاقب مرحوم مہیں پور عالی جناب نواب ضیاء الدین احمد خانصاحب والیِ لوہارو رئیس اعظم دہلی - مرزا نوشہ غالبِ مرحوم کے سسرال کے رشتے سے بھتیجے اور فن شعر میں شاگرد رشید تھے - چھوٹی سی عمر میں اپنی ذاتی علم و فضل اور خوش اخلاقی کی وجہ سے اچھا نام پایا تھا اور حکام وقت کی طرف سے آنریری مجسٹریٹی دہلی کے جلیل القدر عہدہ پر ممتاز تھے - صاف صاف عاشقانہ رنگ میں جسمیں کچھ تصوف اور اخلاق کی بھی چاشنی ہوتی تھی اچھا کہتے تھے - کلام میں درد اور مزا ہے - مرزا غالب نہیں

بہت عزیز رکھتے تھے - استعداد علمی بھی معقول تھی - افسوس کہ عین عالم شباب میں ۹ - اپریل ۱۸۶۹ء مطابق ششم محرم الحرام ۱۲۸۶ ہجری یوم دوشنبہ بعارضہ تپ واسہال ہنگام سپہر انتقال کیا اور حسب وصیت درگاہ قدم شریف میں اپنے عم مرحوم نواب شمس الدین احمد خاں کے پہلو میں دفن ہوئے ۲۹ سال کی عمر پائی مرزا باقر بان علی بیگ سالک نے تاریخ کہی ؎

از صدمۂ مرگ ثاقب والاجاہ	ہر سو ست صدائے نالہائے جاں کاہ
تاریخ وفات او چنیں سالک گفت	روز ششم ماہ محرم صد آہ

۱۲۸۶ھ

آپنے چار صاحبزادے اور ایک لڑکی یادگار چھوڑی - صاحبزادوں کو میراث پدری کے علاوہ شاعری بھی ارث میں ملی ہے -

کیوں وعدہ کر دو بے خبر آجاؤ کسیوقت	ہوں وصل کا خواہاں نہیں مشتاق ہجر کا
اُس عصر میں کہتے تھے اسے پیار سی طوفان	بچپن کا ہے یہ نام مرے دیدۂ تر کا
ہر شخص کا دل شہر میں کھنچتا ہے اُدھر کو	پوچھے کوئی کیوں اور سے رستہ ترے گھر کا
گھر بیابان میں بنایا نہیں ہمنے لیکن	جسکو گھر سمجھے ہوئے تھے وہ بیاباں نکلا
وہی جگہ دیر میں ثاقب کو سمجھکر سیکش ہو	وہ عدوئے بت وبتخانہ مسلماں نکلا
لاتے زباں کو کام میں کرتے وہ ہم سے بات	مجبور رہگئے کہ سرے سے وہاں نہ تھا
سمجھے ہوئے تھے قبر کو ہم کنج عافیت	دیکھا تو یاں بھی امن واماں کا مکان نہ تھا
گرمی میں دل کو کھول کے بند قبا کیا	شکر خدا کہ ثاقب آشفتہ یاں نہ تھا
جو اس سے پہلے تھا یہ وہی خاکداں ہے اب	یارب وہ خاکیوں کی کرامت کہاں ہے اب
اسفندیار نامور اجاسپ کیا ہوئے	سننے کو ایک تذکرۂ ہفت خواں ہے اب
دیکھا ہے کسنے موسیٰ وفرعون کو یہاں	ہاں رود نیل روئے زمیں پر رواں ہے اب
نے بت گری نہ بت شکنی قصہ مختصر	صرف آذر وخلیل کا مذکور یاں ہے اب
نفی وجود غیر ہے ثابت طریق حق	آثار کی نمود بھی وہم وگماں ہے اب

کیوں ویسے آدمی نہیں آتے بروئے کار
آخر وہی زمیں ہے وہی آسماں ہے اب

ہیں ظلم و معدلت کی حکایات اور بس
محتاج ہے جہاں میں نہ نوشیرواں ہے اب

ضرب المثل ہے لیلیٰ و مجنوں کا حسن و عشق
اِسکا نہ کچھ پتا ہے نہ اُسکا نشاں ہے اب

کیا کہہ رہا ہوں میں کہ یہ ہے اور وہ نہیں
توحید کے خلاف ہے جو کچھ بیاں ہے اب

ہم قوتِ جذبِ دل دکھائیں
اور پھر وہ ہمارے گھر نہ آئیں

آتے نہیں یاں اگر نہ آئیں
اے کاش مجھے وہاں بلائیں

کیا چیر کے سینہ دل دکھائیں
کچھ حال سنو تو ہم سنائیں

ہم سینہ سپر کئے کھڑے ہیں
وہ شوق سے خنجر آزمائیں

جو کام میں غیر کے ہوئیں صرف
افسوس وہ دلربا ادائیں

اے بخت کہاں تلک بُرائی
اے چرخ کہاں تلک جفائیں

کل میں نے کہا کہ بندہ پرور
چہرے سے نقاب آپ اُٹھائیں

ق

کہتے ہیں ادا شناس باہم
اچھا ہو جو رخ تو کیوں چھپائیں

بولے رودادِ موسیٰ و طور
سُن لی ہو تو دیکھنے کو آئیں

بسم اللہ ہم اُٹھائیں پردہ
پر اُن سے کہو کہ تاب لائیں

شاید کہ ہے گرمِ نالۂ ثاقب
چلتی ہیں شرر فشاں ہوائیں

خبر کسی کو گرچہ گھائل ہوئے ہیں
محبت میں ہم جملہ تن دل ہوئے ہیں

نہیں عقل سے عشق خالی کہ اسمیں
بڑے تجربے ہمکو حاصل ہوئے ہیں

تمنا نہیں ہمکو پروانگی کی
وہ اب غیر کی شمع محفل ہوئے ہیں

غلط فہم ہیں عاشقانِ مجازی
کہ محوِ تماشائے محمل ہوئے ہیں

رہیں گے گرفتارِ صورت پرستی
اگر حُسن معنے سے غافل ہوئے ہیں

یہ پیئیں نہوں قتل انصاف یہ ہے
کہ ہم خود بدآموزِ قاتل ہوئے ہیں

ہمیں ذوقِ صحرا نوردی ہے ثاقب
نہ سمجھو کہ جویائے منزل ہوئے ہیں

دل کا سودا ہے خفا ہونے کی کچھ بات نہیں
گفتگو رہتی ہے بایع کو خریدار کے ساتھ

دانہ پانی کی خبر لینے کی توفیق نہیں
کھیلنا جانتے ہیں مرغِ گرفتار کے ساتھ

چیر کے سینے کو وہ دیکھتے ہیں قتل کے بعد
اک چھری تیز لگی رہتی ہے تلوار کے ساتھ

خواہشِ وصل میں ثاقب کی کوئی دیکھے سیر
کچھ دعائیں بھی پڑھی جاتی ہیں اشعار کیساتھ

رنجش سے گر کہا ہو تو ایماں نہ ہو نصیب
کافر بتوں کو کہتے ہیں عشاق پیار سے

ڈرتے ہیں وہ جہاں نظر آتا ہے گرد باد
سہمے ہوئے ہیں کیا مرے مشتِ غبار سے

فکرِ وصال و ہجر کا صدمہ اٹھائیے
اس چند روزہ زیست میں کیا کیا اٹھائیے

بے لطف زندگی سے تو مرنا ہی خوب ہے
کیا فائدہ کہ نازِ مسیحا اٹھائیے

آ بھی رہ آ وہم بھی ہیں خوگرِ شکیب کے
جی چاہتا ہے ذوقِ تمنا اٹھائیے

رکھتے ہیں لوگ خلوتِ دشمن کا اتہام
بے پردگی میں پردہ ہے پردہ اٹھائیے

یہاں بھی مژدہ کو رحمتِ طوفانِ نوح ہے
ہاں بزم سے اٹھائیے اچھا اٹھائیے

بیٹھے ہیں ہمتوابِ دلِ بے آرزو لئے
وہ دن گئے کہ داغِ تمنا اٹھائیے

ثاقب وہ ضبطِ عشق کو سمجھے ہیں بے غمی
یہ روئیے کہ شورشِ دریا اٹھائیے

اے کہن سال فلک دشمنِ جانِ دہلی
کیا ترے ہاتھ لگا کہو کے نشانِ دہلی

حیف صد حیف کہ دی شاہجہانی تعمیر
وائے صد وائے مٹی شوکت و شانِ دہلی

چاندنی چوک دریبہ نہ قلعہ پھر کیونکر
دلّی والوں کو ہو جنت پہ گمانِ دہلی

اہلِ دلّی نہ کریں بخت کا شکوہ کیونکر
بخت خاں جی ہوئے جب جاں ستانِ دہلی

چاندنی چوک بگڑ کر وہ بنا از سرِ نو
کہ کہیں گے ہم اُسے بخت جوانِ دہلی

چوک کے باغ میں وہ رنگ ہے آرائش کا
کہ قسم کھائیے ہے فردوس بجانِ دہلی

اہلِ ایراں یہ غزل سنکے کہیں گے بیشک
بود ثاقب مگر از اصلِ زبانِ دہلی

اک بوند اثر ناک نہ اے چشم تر آئی
ہرگز نہ مری تجھ سے کچھ امید بر آئی

سینہ تو مرا چاک کیا اور ہوئے برہم
جب نوبتِ نظارۂ دردِ جگر آئی

ہے بند در حجرہ مگر یار کے گھر کا
جو زلف کی بو تجھ میں نہ بادِ سحر آئی

دم باقی ہے تدبیر کریں لانے کی اُسکے
احباب ابھی سے نہ کریں نوحہ سرائی

چپ بیٹھے ہیں کچھ کرتے نہیں بات کسی سے
ثاقب کے مگر مرنے کی اُن کو خبر آئی

ثاقب عالیجناب شیو پروہان مہاراجہ جے گوپال سنگھ ثاقب رئیس سندیلہ مصاحبِ خاص حضرتِ سلطان العالم واجد علی شاہ وداروغہ سرکار صاحبِ عالم جنرل مرزا فریدوں قدر خلف رشید شاہ اودھ۔ راجہ درگا پرشاد تعلقہ دار سندیلہ کے نزدیکی قرابت دار اور زبانِ فارسی سے بخوبی ماہر تھے۔ نظم و نثر دونوں میں مہارت تامہ حاصل تھی۔ حضرتِ سلطان العالم کی انپر خاص نظرِ عنایت تھی۔ آپ سندیلہ کے معزز کایستھ خاندان کے رکن تھے شاہانِ اودھ کی سرکار میں اِنکے بزرگ مراتبِ جلیلہ پر سرفراز تھے۔ چنانچہ یہ خود بھی بپاس حقوق خدمتگزاری بعد انتزاعِ سلطنت بادشاہ کے ہمراہ ہوئے اور برسوں وطن سے دور میٹیابرج میں قیام پذیر رہے اگرچہ آپ کو شاعرہ قلیل ملتا تھا مگر صرف یہی ایک امر کہ آپ کو حضرت جمجاہ نے مہاراجگی کا خطاب عنایت کیا اس بات کا کامل ثبوت ہے کہ اِن کی کسقدر وقعت مرکوزِ خاطرِ اقدس تھی۔ ریختہ کم کہتے تھے جس زمانے میں واغ صاحب کلکتے گئے آپ بھی مشاعروں میں شریک رہے۔ چند شعر حاضر ہیں۔

عشق میں جز بیخودی عاشق کو حاصل کیا ہوا
پوچھتا ہے اُنسے رہ رہکے مرا دل کیا ہوا

کاہشِ بیجا اُٹھاتے کھوکے نقدِ عقل و ہوش
عشقبازی کرکے ایدل اور حاصل کیا ہوا

حق تو یہ ہے دین و دنیا کی نہیں پروا کچھ
اِن بتونکے عشق میں دل اپنا مائل کیا ہوا

ثاقب جناب مولوی نجم الدین صاحب سیوہاری مولف سیرۃ الشافعی و رسوم جاہلیت آپکے والد کا نام محمد بخش تھا جو سیوہارہ ضلع بجنور کے باشندہ تھے ۱۸۶۵ء آپ کا سال

ولادت ہے۔ عربی فارسی کی استعداد اچھی ہے مدرسہ دیوبند کے سند یافتہ ہیں۔ اب کئی برس سے مطبع رفاہِ عام لاہور میں ملازم ہیں۔ فنِ سخن میں کبھی کسی سے مشورہ نہیں لیا۔ موزونی طبع ہی مصلح ہو جاتی ہے۔ زبان کی تحقیق کا بھی شوق ہے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے

تو مہِ آسمان ہے گویا	تجھ سے روشن جہان ہے گویا
جس زمیں پر ہے نقشِ پا تیرا	وہ زمیں آسمان ہے گویا
یونہ دنیا میں اور بھی ہیں حسیں	تو حسینوں کی جان ہے گویا
روٹھنا بات بات پر ہمدم	دلربائی کی شان ہے گویا
دل تم نے لے لیا بہت اچھا کیا مگر	دل لیکے میری جان۔ دل آزار کیوں ہوئے

ثاقب

ثاقب ۔ منشی محمد نواز ثاقب۔ آپ کو حضرت احسان شاہجہانپوری سے تلمذ رہا ہے۔ ۱۸۹۳ء میں رسالہ گلچین گورکھپور کے دفتر میں ملازم تھے۔ خوش گو ہیں اور راجہ صاحب محمود آباد کے سرکار میں ملازم ہیں۔ یہ چند شعر اُن کے طبعزاد ہیں۔

لذتِ دردِ محبت نہ طبیبو پوچھو	کیوں دوا کرتے ہو تم دردِ جگر ہونے دو
جہاں کہے جسے اچھا وہی بشر اچھا	بُرا وہی ہے زمانہ جسے بُرا سمجھے
عجیب بے سروپا ہے کلام واعظ کا	نہ ابتدا کوئی سمجھے نہ انتہا سمجھے

ثاقب

ثاقب ۔ مولانا نجم الدین احمد ثاقب بدایونی المخاطب بہ پہلوانِ سخن۔ آپ مولوی جمیل الدین احمد وکیل بدایونی کے صاحبزادہ ہیں ۱۲۸۵ھ ہجری میں بدایوں میں آپ کی ولادت ہوئی۔ عربی فارسی کی متعدد کتب اور فقہ۔ تفسیر۔ معقول منقول میں بھی آپ کی کافی استعداد ہے۔ سنِ شعور ہی سے شعر گوئی کا مذاق آپ کی طبیعت میں ہو گیا۔ ۱۸۸۹ء میں آپ گوالیار گئے۔ وہاں آپ کے ماموں مولوی غلام غوث وجد سررشتہ تعلیم میں ملازم تھے اور چونکہ آپ کو فنِ سخن سے ایک خاص رغبت تھی ان کے فیضانِ صحبت سے یہ بھی شعر کہنے لگے اور رفتہ رفتہ مشق کے ساتھ طبیعت کی آنکھیں ترقی کرنے لگیں۔

آخر ازہنی کے اشارے سے دو ایک غزلیں حضرت داغ کی خدمت میں بھیجیں اور شاگرد ہو گئے۔ گوالیار میں کچھ عرصے قیام کے بعد ایٹہ میں جہاں آپ کے والد وکالت کرتے تھے چلے گئے وہاں سے تلاش معاش میں رامپور۔ دہلی۔ ریاست ہائے راجپوتانہ میں چکر لگا کر آخر کار بڑودہ پہنچے۔ اور میر احتشام علی خاں جاوید رئیس بڑودہ کے مصاحب ہو گئے۔ انہی کے کسی کام کے انجام دہی کے لئے ٹونک گئے اور وہاں پہنچکر حضرت ظہیر دہلوی کے فیضِ تلمذ سے بہرہ ور ہو کر زیادہ نام پایا حتیٰ کہ اب خود استاد مانے جاتے ہیں۔ راقم کی پہلے ۱۹۰۱ء میں بمقام دہلی ملاقات ہوئی پھر ۱۹۰۷ء ماہ جولائی اگست میں دورانِ قیام بمبئی اکثر ملاقات کے لئے تشریف لاتے رہتے تھے۔ پستہ قامت۔ زندہ دل حد درجے خلیق پابند وضع اور ملنسار شخص ہیں۔ آپ کی طبیعت ہمہ گیر واقع ہوئی ہے اکثر اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ اچھے مضامین کی تلاش الفاظ کا مناسب اور برمحل استعمال آپ کے کلام کا خاص جوہر ہے۔ زبان پر آپ کو حیرت انگیز قدرت حاصل ہے۔ طبیعت میں روانی اور خیالات کی تازگی قابل تعریف ہے۔ نہایت زود گو اور خوش کلام شاعر ہیں۔ تذکرہ خمخانۂ جاوید کی جو تقریظ آپ نے ارقام فرمائی ہے وہ آپکی حیرت انگیز قدرت و مشاقی فن کا قابلِ قدر نمونہ ہے۔ کوئی خاص وقت فکر سخن کا معین نہیں ہر وقت طبیعت حاضر رہتی ہے۔ استاد ظہیر انہیں بہت چاہتے ہیں۔ اور ان پر ناز کرتے ہیں۔ بارہا ایک ایک دن میں دو دو سو شعر کہنے کی نوبت آچکی ہے ایک دفعہ ٹونک میں کئی ماہ سے علیل اور صاحبِ فراش تھے آپ کے کسی تیماردار نے چند شعر محسن کاکوروی کے قصیدہ نعتیہ کے پڑھے۔ اسی حالت میں آپنے دو دن کے اندر تین سو شعر کا قصیدہ اُسی زمین میں کہہ ڈالا حضرت ظہیر نے بھی سُنا تو بیحد متعجب ہوئے۔ اور سخت ممانعت کی کیونکہ آپکی حالت واقعی خراب تھی۔ پہلوانِ سخن کا خطاب بھی انہیں کا دیا ہوا ہے جسکی وقعت اس لحاظ سے کہ اقلیم سخن کے سچے فرمانروا حضرت ظہیر کا عطیہ ہے۔ اور بھی گران قدر ہے

مولانا ثاقب اب پندرہ برس سے زیادہ تر بمبئی اور بڑودہ میں رہتے ہیں۔ ٹونک۔ احمد آباد۔ بڑودہ بمبئی میں اکثر موزوں طبع آپ کے شاگرد ہیں جنہیں حضرت جادو۔ ناصر قابل ذکر ہیں۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

میں وہ سالک ہوں کہ مسجودِ ملائک ٹھہرا
بن گیا نورِ ازل دفع حبیں سائی کا

مدام دست بکار اور دل بیدار رہا
وہ مست ہوں کہ جو غفلت میں ہوشیار رہا

ملا نہ مل کے رہیگا وہ فتنۂ دوراں
ہُوا نہ ہو کے کسیکا یہ روزگار رہا

شہیدِ ناز کے دل کی رہی سہی حسرت
مٹاتے جاؤ یہ کیا دو قدم مزار رہا

تری وہ آنکھ کہ چوری نہ چھپ سکی اپنی
مرا یہ دل کہ خدائی کا رازدار رہا

تمام عمر رہی اسپہ آسماں کی نظر
جو دو گھڑی بھی کوئی آپ سے دوچار رہا

جان و دل پہلو بہ پہلو اُن کا پیکاں لیچلا
میزباں کے گھر کی رونق ایک مہماں لیچلا

دل کو فقر و غنیٰ نگاہِ ناز کے آنا نہ تھا
چلتے چلتے سر پہ کن اوچھوں کا احساں لیچلا

میں چراغِ صبح تھا ظالم کہ تیری بزم سے
چشمِ گریاں سینۂ بریاں دمِ پریشاں لیچلا

پھر خبر لینا کنکھیوں سے ذرا اے مستِ ناز
پھر چرا کر زخمِ دل سے کوئی پیکاں لیچلا

غنچہ غنچہ سے ملانے کے لیئے وحشی ترا
چاک دل چاکِ جگر چاکِ گریباں لیچلا

غلط الزام ہے جرمِ شکایت ہائے دشمن کا
کہ فردِ لاغری سے ہے خموشی نام شیون کا

تصور رخنہ پیدا سازِ خلوت گاہ دشمن ہے
کہ چشمِ دور بیں ہے تماشا چشمِ روزن کا

رفتہ رفتہ گوشۂ دامن بنا دامانِ چشم
خواب مرگِ طفلِ اشک آخر یقینی ہو گیا

وہ سینہ طور بنے گا وہ چشمِ شوق کلیم
کہ جسکے سامنے تو بے نقاب آئے گا

یہ کہہ رہی ہے تری چشمِ شوخ کی گردش
کہ اب کوئی نہ کوئی انقلاب آئے گا

غربت پسند وہ ہوں کہ مضطر وطن میں تھا
آوارہ شکلِ بوئے گلِ تر وطن میں تھا

قسمت پھری نہ گردش پائے جنوں کیساتھ
گویا سفر میں ہم تھے مقدر وطن میں تھا

نذرِ کرم ہے اس غزل سے ہونہار شاعر کو ہونہار کی پہچان ہوتے ہیں ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات

سخت جاں ہو کے آبرو کھوئی
آبِ خنجر میں ڈوب مرنا تھا ۲

دور سے آئے تھے جنابِ کلیم
بے خودی کچھ تو پاس کرنا تھا ۳

شانِ رحمت حساب سے پہلے
تجھکو عصیاں سے درگذرنا تھا ۴

امیں ہیں دستِ بُردِ خزاں سے سخن کے پھول
مہکا ہیں کوئی دنکے چمن میں چمن کے پھول

محوِ بہارِ حسنِ دل آرا ہوں اسقدر
ہر خارِ دشت سامنے آتا ہے بن کے پھول

اے شبِ ہجر جا نہیں ہوتی عمر دراز
رہ نہ جائے کوئی دُکھ درد کا پہلو دل میں

رکھیو آہستہ قدم اے فتنۂ پُر شورِ حشر
سو رہے ہیں کُشتۂ نازِ بتاں زیرِ زمیں

جانفزا کس درجہ ہے سیرِ عدم آباد بھی
جا رہا ہے جان دے دے کر جہانِ پیر میں

نگاہیں اُنکا بیعانہ ادائیں جان کا ہدیہ
جو کچھ لیتے ہیں وہ قیمت چکا کر مول لیتے ہیں

ٹھکانا ایسی خستہ کا کہ تکیے میں فقیروں کے
زمیں دو گز بھی مرمر کر تو نگر مول لیتے ہیں

پنارندو نکو بہکانیکی واعظ آج ڈالیں گے
کہ خشتِ خم پئے تعمیرِ مسجد مول لیتے ہیں

کوئی گاہک ملے تو بیچتے ہیں جو ہر ذاتی
غلط ہے مفت کی پیتے ہیں کسدن حضرتِ واعظ

مگر ہاں عیسیٰ کے وعدہ پر اکثر مول لیتے ہیں
تری تصویر کا اُڑا ہوا آئینہ ہے شاید

جسے ہم جانکر بختِ سکندر مول لیتے ہیں
متاعِ جان عاشق کی ہے قیمت اسقدر ہلکی

نگاہوں کے اشاروں میں ستمگر مول لیتے ہیں
ہمارے دام تو کھوٹے نہیں اے کاسہ گر پھر کیوں

وہی پھوٹا نکلتا ہے جو ساغر مول لیتے ہیں
عزیزوں سے زیادہ سنگدل ہے کون دنیا میں

کہ ہمتو جان دیتے ہیں وہ پتھر مول لیتے ہیں
ہوا ہے کس کا پردہ فاش یارب آج غربت میں

کہ نارِ دامنِ یوسف رفوگر مول لیتے ہیں
ایسی باتیں میرے ساقی کی ہیں چکنی چپڑی

شیخ و واعظ کے بھی ایمان پھسل جاتے ہیں
بھولی باتوں میں ہے اِن شعلہ رخوں کی وہ اثر

دل تو کیا چیز ہے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں
توبہ توبہ ہے نہ مستوں کی نہ پیماں پیماں

بدلیاں دیکھ کے سب عہد بدل جاتے ہیں

مجھ سے جہاں میں کوئی خطا رہ گئی نہو
اے رحمتِ خدا مرے حق میں کمی نہو

بیٹھکر سینے میں او پردہ نشیں یہ چھیڑ چھاڑ
دلکا چاہا کیوں ہوا آنکھو نکا چاہا کیوں نہو

آپ میں جب میں نہیں تو مجھ سے پردہ کیا ضرور
تم بھری محفل میں اپنے آپ رسوا کیوں نہو

دل لیا تھا مجھ سے کن شرطوں پہ اے بندہ نواز
اب خدا لگتی کہو آخر تقاضا کیوں نہو

اور ہی عالم نظر آیا جہاں جھپکی پلک
عاقبت بیں آنکھ میں دنیا تماشا کیوں نہو

چار دن جینے کی خاطر کون لے احسانِ غیر
توبہ توبہ وہ لبِ جاں بخش عیسیٰ کیوں نہو

نام لیوا تو ظہیر و داغ کا ثاقب بھی ہے
وہ بُرا ہو یا بھلا ہو چاہے جیسا کیوں نہو

مکافاتِ شکایہائے بختِ نارسا تم ہو
دلِ نادیدہ شکلِ مُدعا کے مُدعا تم ہو

ہجومِ نا اُمیدی نے وہ ڈالی پردۂ غفلت
سمجھتا ہوں اُسے بھی خواب۔ گر جلوہ نما تم ہو

ہُوں تیری خوئے تلون کر کسی کل نہیں چین
جان دُوبھر بھی ہے مرنا بھی ہے مشکل مجھکو

شکوۂ ہجر نہ تھا تذکرۂ وصلِ عدو
گالیاں دینے لگے کیوں سرِ محفل مجھکو

سخت جاں میں نہیں تم خنجرِ بے آب نہیں
منہ عبث موڑ لیا دیکھ کے بسمل مجھکو

میں غیر ہوں غیر کو نہ چاہو
جو عہد کیا ہے وہ نباہو

تم دلمیں ہو دل مری بغل میں
کس طرح کہوں کہ بیوفا ہو

جب جان کہا تو ہنس کے بولے
ہاں صاف نہ کہدو بے وفا ہو

کہتے ہیں تمہاری جان میں ہوں
کیوں جان سے اسقدر خفا ہو

ثاقب یہی حسن شاعری ہے
مضمون زبان میں ادا ہو

شبِ غم کیا کہوں یا دِ خرام ناز کیا لائی
مری تقدیر کے سوتے ہوئے فتنے جگا لائی

کھُلے گی ان کے فتنوں کی دکاں بازارِ محشر میں
خدا ہے گر کہیں سے کچھ رقم ملجائے بالائی

یونہی کیا کم تھی میری آہِ سوزاں جی جلانے کو
وہاں جاکر لگی میں اور یہ ظالم لگا لائی

صبا کچھ خاک میری بھی پڑی تھی کوئے قاتل میں
اِدھر لا ہاتھ مٹھی کھول دیکھوں کیا اُڑا لائی

قیامت پر یقیں ہے کچھ اجل سے کچھ بھروسا تھا
وہ آئینگی تو کیا لائے گی یہ آئی تو کیا لائی

وہ خود پردے میں کب بیٹھے وہ خود پردے سے کب نکلے
نظر تک شوخیاں لائیں مرے دل تک صبا لائی

جسکے دل میں ایک تیری یاد ہے
دونوں عالم سے وہی آزاد ہے

قید سے ظالم بھی کب آزاد ہے
دامِ فکرِ صید میں صیاد ہے

خود مسیحا برسرِ بیداد ہے
اے اجل فریاد ہے فریاد ہے

صلح کل ایسی کسی کی یاد ہے
دوست دشمن سب کا دل آباد ہے

اپنے منہ سے آپ کہدیں نامراد
یہ مرادِ عاشقِ ناشاد ہے

مانا کہ آپ ہیں ستم ایجادیوں میں فرد
اچھا جو کوئی چال نئی آسماں چلے

جھونکوں میں آہِ سرد کے دم ہوگیا فنا
دوشِ نسیم صبح پہ ہم ناتواں چلے

خود نمائی بھی قیامت ہے خود آرائی بھی
تم بھی حیرت میں ہو سکتے ہیں تماشائی بھی

وصل میں چھیڑ دیا قصۂ دشمن ہمنے
اب جما ہی بھی اُٹھیں آئینگی انگڑائی بھی

مذہب عشق میں کہتے ہیں جسے مجبوری
دوسرا نام اُسی کا ہے شکیبائی بھی

تیری آنکھوں میں وہ مستی ہے کہ ملتے ہی نظر
بن گئی ساغرِ مے چشمِ تمنائی بھی

وہ نیچی نیچی نگاہوں نمیں کیا نہیں کرتے
حیا کے پُتلے ہیں لیکن حیا نہیں کرتے

بُرائی پر تو زمانے کو کر لیا اپنا
بھلے کو آپ کسیکا بھلا نہیں کرتے

طریقِ عشق سے واقف نہ تھا مگر منصور
سمجھنے والے تو منہ سے کہا نہیں کرتے

عدو کے دل میں کہاں ہیں تمھارے تیر ادا
خطا معاف یہ ناوک خطا نہیں کرتے

امید رحمت و شرم گناہ و خوفِ خدا
جو رند کرتے ہیں وہ پارسا نہیں کرتے

ہم اور کچھ نہیں کرتے قصور کرتے ہیں
رقیب کرتے ہیں کیا کچھ خطا نہیں کرتے

یہ حال اپنا ہوا غیر سمجھ میں ثاقب
کہ غیر مرنے کی میرے دعا نہیں کرتے

ہوا ہوس کی رسمِ الفت اور ہے
بندہ پرور میری حسرت اور ہے

جگ ہنسائی کی محبت اور ہے
عاشقی حضرت سلامت اور ہے
مٹ چکے سب فتنے تیری راہ میں
اک تھکی ماندی قیامت اور ہے

ثاقب ثاقب

ثاقب۔ مرزا ذاکر حسین صاحب تخلص ثاقب لکھنوی۔ دورِ موجودہ کے ایک طبیعتدار خوش فکر شاعر ہیں۔ باوجود تلاشِ مزید حالات دستیاب نہیں ہوئے۔ معائنۂ کلام سے پایا جاتا ہے کہ فکر رسا ہے۔ زبان صاف ستھری اور بندش چست ہے۔ ہر شعر میں بات پیدا کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے

گل و بلبل کی تباہی پہ خدا رحم کرے
دو گھڑی مل کے نہ بیٹھے تھے کہ صیاد آیا

درازی دامنِ محشر کی بھی معلوم ہو جاتی
اگر کچھ اور بڑھتا حوصلہ چاکِ گریباں کا

محبت کا سبق پڑھکر ہوئی دیوانگی حاصل
کتابِ عشق تھی تھا حاشیہ چاکِ گریباں کا

الفت کی آگ جب سے ہوئی ہمکنار دل
ہنستے ہیں برقِ طور پہ کیا کیا شرارِ دل

کیوں روئے بیخودی پہ برسنے لگا ہے نور
کس کی تجلیاں ہوئیں آئینہ دارِ دل

کرتا ہے ضبطِ آہ کو رخصت جگر کا درد
آخر ہے آج صحبتِ صبر و قرارِ دل

مرنا ترے فراق میں سہل اے صنم نہیں
یہ مشکلِ انتظار ہے آنکھوں میں دم نہیں

اس یاوری بخت کے قربان اے کریم
وہ میری بخش دیکھتے ہیں مجھ میں دم نہیں

کہاں کہاں ہے ترا عشق رنگ لائے ہوئے
شفق کے خون ہی سے ہے شامِ غم نہائے ہوئے

ہوائے عشق تھی یا صرصرِ فنا یا رب
چراغ کس نے بجھائے ترے جلائے ہوئے

جگر کے زخم کا اور داغِ دل کا حال نہ پوچھ
یہی ہیں عشق و محبت کے گل کھلائے ہوئے

سینہ میں اب مٹے ہوئے دل کا پتہ کہاں
اک داغ ہے کہ نقشِ تمنا کہیں جسے

کیا ہست و بود قطرہ و موج و حبابِ بحر
مجموعۂ خیال ہے دریا کہیں جسے

سینے میں نیشِ غم کے فزوں لے رہا ہے دل
رگ رگ میں وہ خلش ہے کہ کانٹا کہیں جسے

اب علاجِ زخم وامندار رہنے دیجئے
تیر کو سینے میں تا سوفار رہنے دیجئے

وصل کی دیکر زباں اتنی پشیمانی ہے کیوں
اب تو جو کچھ ہو چکا اقرار رہنے دیجئے

یک زباں ہیں سب علاج دردِ دل کے باب میں
جو ہے کہتا ہے اِسے بیمار رہنے دیجئے

وحدت و کثرت کا میں قائل نہیں اے اہلِ دیں
بندۂ عشقِ بتِ پندار رہنے دیجئے

یادگارِ عشق ہے یہ صحبتِ تیغ و جگر
اور دم بھر حلق پر تلوار رہنے دیجئے

رویئے جب تک رُلوائے ثاقبِ دردِ دل
آنکھ کو جب تک رہے خونبار رہنے دیجئے

ثاقب

ثاقب ۔ مولانا مولوی محمد نواب خاں ۔ نواب احمد علی خانصاحب رئیس مالیر کوٹلہ والے حال کو زمانۂ نابالغی میں آپ فارسی اُردو پڑھایا کرتے تھے ۔ اب بھی اُسی ریاست کے دُعاگو ہیں ۔ گاہ گاہ اپنے آقا کی فرمایش سے فکرِ سخن بھی کر لیتے ہیں ۔ مالیر کوٹلہ کے شاعروں میں چند غزلیں پڑھی تھیں اُنکا انتخاب درج ذیل ہے ۔

رباعی

عاشق تو ہیں لیکن نہیں ہرجائی ہم
ہیں جنسِ غم و درد کے سودائی ہم

سُنتے ہیں بگوش دل غنانِ بلبل
ہیں درد بھرے دل کے شیدائی ہم

کسیکو جان بھی دیدیجئے یہ خواہشِ دل ہے
ہم آمادہ ہیں مرنے پر اجل کہتی ہے مشکل ہے

اشاروں سے ہوئے طالب جسے وہ دل کہا میں نے
یہی لے لیجئے لے دیکے اپنے پاس کا دل ہے

ابھی بیٹھا ہی تھا محفل میں میں آکر کہ بول اُٹھے
اُٹھا وہ اس کو بارِ خاطرِ ارباب محفل ہے

بھلا مرہم سے کیا اے چارہ گر ہو زخمِ دل اچھا
یہ دل اپنا نگاہِ یار کے پیکاں سے بسمل ہے

بندھا ہے تارِ گیسو میں پھنسا ہے پیچ کاکل میں
بلائیں دل کی گردیدو بلاؤں پر یہ مائل ہے

ثاقب

ثاقب شیخ غلام محمد شہاب الدین نام خلف شیخ حافظ سلام الدین نادر نبیرہ نواب حاجی محمد خاں مرحوم مدار المہام مارواڑ آپ کا خاندان اجمیر میں معزز و موقر مانا جاتا ہے ۔ ابھی عنفوان شباب ہے اور تحصیل علم میں مشغول ہیں حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کے رشید شاگرد و نواب عبداللہ خاں مطلب مرحوم آپ کے حقیقی ماموں تھے ۔ شعر و سخن سے ذوق ہے ۔ مگر غزل گوئی کی طرف اسقدر رجحان نہیں جس قدر اخلاقی نظموں سے دلچسپی ہے ۔ ہنگام ترتیب تذکرہ کچھ کلام خود ارسال کیا ان میں سے چھ شعر حاضر

کے جاتے ہیں۔

میکدہ میں دیکھکر شغل حریفانہ مرا
خم سے کچھ سرگوشیاں کرتا تھا پیمانہ مرا

شیشہ مے میں خیالی صورتیں ہیں جلوہ گر
روکش بزم سلیماں ہے پری خانہ مرا

روکتا درباں مگر شبکو بحسن اتفاق
بھیس از راہ تفنن تھا فقیرانہ مرا

دل نے الفت میں نہ کی اپنی خرابی پہ نظر
حسرت تعمیر سے ہے پاک کاشانہ مرا

سب کو سنگل وادیٔ ایمن کا دیتا ہے نشان
پتا پتا ڈالی ڈالی ہر شجر اجمیر کا

نہیں ہے دعوی الفت مگر میں کہتا ہوں
زباں پہ نام ترا بار بار آتا ہے

ثاقب - مولانا سید محمود حسن دہلوی خلف سید محمد یحیی خاں خلف نواب سید محمود خاں - آپ سادات کرام اور شرفاے دہلی میں سے ہیں - آپکے حقیقی چچا سید محمد ذکریا خاں صاحب زکی غالب مرحوم کے رشید شاگرد اور صوبہ شمال مغرب میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس تھے - آپکے بزرگوں کا وطن نیشاپور ہے - وہاں سے شاہ جہاں کے وقت میں کشمیر آئے اور کچھ عرصے بعد دہلی آکر دربار میں خدمات شایستہ پر مقرر ہوئے - آپکے نانا میر سید علی سادات عربسرائے دہلی میں موقر و ممتاز بزرگ تھے -

سید محمود حسن صاحب دہلی میں پیدا ہوئے ۱۸۵۸ء تک ۶ برس اپنے چچا کے زیر سایہ الہ آباد میں تعلیم پائی - جب انکی تبدیلی کے باعث دہلی واپس آئے تو اگرچہ عمر ۱۲ برس سے زائد نہ تھی مگر ذہن میں لیاقت اور معلومات کا اچھا ذخیرہ جمع کر لیا تھا - یہاں ایک سال عربی سکول میں تعلیم پانے کے بعد انگریزی تعلیم سے بد دلی پیدا ہوگئی اور سیاحت کا شوق دامنگیر ہوا راجپوتانہ کی مختلف ریاستوں میں دو تین سال پھرتے رہے اور ۱۸۷۹ء میں کوٹہ کی ریاست میں ملازمت اختیار کر لی - چند ہی روز بعد قانونی دستگاہ بہم پہنچا کر منبطوری ریاست وہاں وکالت شروع کر دی - چونکہ زبان میں طلاقت اور ذہن میں رسائی اور جودت خوب نمایاں تھی وکالت میں اچھی کامیابی حاصل کی معاش کی طرف سے اطمینان ہو جانے پر شاعری کی طرف توجہ کی ابتدا میں مولوی سید افضل حسین صاحب ثابت لکھنوی سے اصلاح سخن لیتے رہے پھر بذریعہ مکاتبت اپنے چچا جناب زکی سے مشورہ کرتے رہے اور

ثاقب

اُن کی وفات تک یہ مشغلہ زوروں پر رہا۔ کچھ کلام نقل تذکرہ کے ہنگام میں سال کیا اُسکا انتخاب دیکھا جاتا ہے۔ زبان صاف شستہ اور اُسمیں جابجا استعارات و ندرت بندش و اسلوب بیان سے تکلفات پیدا کرتے ہیں۔ شعر میں بات پیدا کرتے ہیں۔ اخلاقی مضامین لکھنے کا بھی شوق ہے۔ آدمی لیق اور شریف اور باوضع ہیں۔ فن سخن سے اچھی دل بستگی ہے۔ اکثر احباب صحبت میں رہی چرچا رہتا ہے اب کلام ملاحظہ ہو۔

میں قیدی ہوں ازل سے عشق دنادہ وحسن خوباں کا
لگا رہتا ہے پہرہ یاس و در دو رنج و ارماں کا

مجھے شاید سمجھتے ہیں وہ اپنے روئے تاباں کا
تماشا دیکھتا ہوں جو میں اپنی چشم حیراں کا

ادھر بھی ہو نگاہ لطف ساقی
دل ناشاد کو بھی شاد کرنا

کہیں اہل وفا کا ذکر تو ہو
میں دیکھوں نگاہ مجکو یاد کرنا

ہمیں کیا خبر تھی کہ کیا کیجئے گا
وفا کیجئے گا جفا کیجئے گا

دم قتل یہ تو ذرا کیجئے گا
نکل جائے دم وہ ادا کیجئے گا

وفا اُٹھ گئی اب زمانے سے ثاقب
جو دل دیجئے گا خطا کیجئے گا

ثاقب بس اب تو گوشۂ غربت میں بیٹھ رہ
مطلب کا اس زمانہ میں یار نہ رہگیا

بقا میری اُسے منظور کب تھی قتل کیوں کرتا
لکھی تھی میری عمر جاوداں شمشیر قاتل پر

کام بن بنکے بگڑ جاتے ہیں یوں سب اپنے
بحر تدبیر میں گویا یہ حباب آتے ہیں

عالم زیست میں ملتی ہی نہیں غم سے نجات
کیا عدم سے ہم اُٹھانے کو عذاب آتے ہیں

کب نہیں آتے ہیں وہ جذبۂ دل سے کھنچکر
جب تڑپتا ہے دل خانہ خراب آتے ہیں

خوف کرتے ہیں کسیکا نہ حضر کرتے ہیں
اہل دل عشق میں مردانہ بسر کرتے ہیں

تھے کبھی گلشن ہستی کے یہی گل لالہ رو
جنکو پنہاں تہ خاک آج بشر کرتے ہیں

طعنۂ غیر نہیں ہیں کہ جنہیں سن نہ سکو
ہم فقط تذکرۂ درد جگر کرتے ہیں

دل میں ہے آئینہ رویوں کا تصور ہر دم
عمر ہم عالم حیرت میں بسر کرتے ہیں

آہ و زاری کیا کروں بیداد خواہی کیا کروں
کون سنتا ہے بیان اپنی تباہی کیا کروں

کس بنا پر میں کروں شکوہ الٰہی کیا کروں
دل ہی میرا کچھ نہیں دیتا گواہی کیا کروں

جب فقیری میں ہی قابو سے نکل جاتا ہے دل
میری شامت آئی ہے میں لیکے شاہی کیا کروں

دل کمر بستہ وفا پر وہ جفا پر مستعد
جان پر ہے سخت آفت یا الٰہی کیا کروں

بے سر و ساماں ہوں ثاقب اور مجھکو ایک دن
جانبِ ملکِ عدم ہونا ہے راہی کیا کروں

نیم جاں کر کے تم عاشق کو کدھر جاتے ہو
رقصِ بسمل کا ذرا ٹھیرو تماشا دیکھو

بزمِ اعدا میں بھی جا بنا دنظر آئیں گے
تم اٹھا کر تو نقابِ رُخِ زیبا دیکھو

کیا غضب تم نے کیا حضرتِ دل چھیڑ دیا
بے طرح بکھری ہے وہ زلفِ چلیپا دیکھو

شکر کے بعد شکایت ہے زباں پر ثاقب
یہ طریقہ نہیں تسلیم و رضا کا دیکھو

ہوا انجم و مہر و مہ انور سے زیادہ
دو چار سے کیا تم تو ہو۔ اکثر سے زیادہ

حسرت مری نکلی مگر ایسی کہ نہ نکلی
وہ آئے بھی تو ٹھیرے نہ دم بھر سے زیادہ

زنجیرِ زلف سے جو رہا ہیں وہ اور ہیں
عاشق کہیں نکلتے ہیں اس پیچ و تاب سے

اللہ رے جذبۂ کششِ عشق و شوقِ حسن
منصور ایک بات میں نکلا حجاب سے

گر سوزِ دل نہ ہو تو مزا کیا ہے عشق کا
لذت پھلوں میں ہے طپشِ آفتاب سے

رکھتا ہے کیا تاسف و افسوس کے سوا
دنیا بھی کم نہیں ہے وجودِ سراب سے

کونسا دل ہے نہ جس میں تری الفت ہو گی
کونسا گل ہے نہ جس میں تری نکہت ہو گی

چار ہوتے ہی کئے نذرِ دل و جان ہم نے
شاید اُس شوخ کی آنکھوں میں کرامت ہو گی

حاصلِ جور و جفا لطفِ بقائے ابدی
تیرے شیدا کو نہ کیوں مرنے کی حسرت ہو گی

ذاتِ مطلق کے فدائی سے سروکار ہی کیا
ہو گی جسکے لئے اے یار وہ قیامت ہو گی

رات دن فکرِ حسینانِ جہاں رہتی ہے
حکم ثاقب کبھی ان جھگڑوں سے فرصت ہو گی

واقعی قہرِ خدا عشقِ بتاں ہوتا ہے
دردِ دل دشمنِ دیں۔ آفتِ جاں ہوتا ہے

وائے وارفتگیٔ دل کہ تصوّر میں بھی
وہ یہاں ہوتے ہیں۔ لیکن یہ وہاں ہوتا ہے

چشمِ گریاں دلِ بریاں متحیّر بے خود
اہلِ باطن کا یہ تعزیہ نشاں ہوتا ہے

چشمِ حیرت چاہیئے ذوقِ تماشا چاہیئے
اُسکا شیدا ہر نفس محوِ تجلّی چاہیئے

سر میں سودا چاہیئے۔ دل میں تمنّا چاہیئے
عشق کو کچھ آسرا۔ کوئی سہارا چاہیئے

دردِ ہجر و یاس و رنج و داغ و سودا چاہیئے
ایک الفت کے لئے سامان کیا کیا چاہیئے

کشتۂ نازِ تغافل ہوں جنازے کو مرے
آرزوؤں کا کفن حسرت کا کاندھا چاہیئے

چشمِ عالم ہے طلسمِ نقشِ حیرت لاکلام
ہر دم اس میں پیکرِ آئینہ سیما چاہیئے

ہم بھی ہیں قدرت سے تیرے لطف کے اُمیدوار
ساقیٔ فیاض اِدھر بھی جامِ صہبا چاہیئے

اللہ اللہ سازگاری سوزِ حسن و عشق کی
ورنہ پروانہ کو کیوں اُلفتِ شمعا چاہیئے

امتحانِ عاشقِ واغیار کیا دشوار ہے
پردہ سے باہر ذرا وہ روئے زیبا چاہیئے

اُن کی شرمِ بے محل نے کر دیا خونِ سوال
کاش اتنا ہی وہ ظالم پوچھتا کیا چاہیئے

کب تلک آخر یہ جوانی ثاقبِ عشرت گزیں
ابتوائے مردِ خدا کچھ فکرِ عقبیٰ چاہیئے

ثروت

ثروت - نواب بخش اللہ خاں مرحوم خلف الرشید وزیر صاحب تدبیر نواب عماد الملک غازی الدین خاں وزیر احمد شاہ عالمگیر ثانی - خوجوان قابل - صاحب اخلاق و مروت اور رسائی ذہن اور عالی ہمتی کے باعث اقران و اماثل میں ممتاز تھے کبھی کبھی باقتضائے موزونیٔ طبع زبان اُردو میں شعر بھی کہا کرتے تھے قدرت اللہ شوق کا بیان ہے کہ صاحب دیوان تھے جو کچھ کلام نظر سے گذرا اس میں سے تبرّکاً چند شعر یہاں انتخاب کر کے لکھے جاتے ہیں۔

ادا و ناز شوخی میں ہے وہ آتش کا پرکالہ
نگہ برقِ درخشاں اور رو آتش کا پرکالہ

ترا چلنا ٹھہرنا دیکھنا مڑ مڑ کے اے ظالم
جسے دیکھو سو ہے سب مُو بمُو آتش کا پرکالہ

نہ اس شعر و سے ہر گھڑی ثروت تو ہم محفل
غضب ہے وہ ستمگر شعلہ خو آتش کا پرکالہ

صنم کی بزم میں جو مے کا جام چلتا ہے
تو یہاں بھی خونِ جگر پی کے کام چلتا ہے

ثروت

ثروت ۔ جناب نواب احمد علیخاں صاحب عرف پتن صاحب رئیس لکھنو توپے دروازہ شاگرد جناب بیدار بندہ علی خاں زیبا مرحوم لکھنوی موزوں طبع سخن اور لکھنو کے ایک قدیم معزز خاندان کے رکن ہیں انجمن میعار میں یہ بھی شریک ہیں۔ مذاق سلیم اور طبیعت شگفتہ پائی ہے۔ حالات باوجود تلاش دستیاب نہیں ہوئے۔ مجبوراً اندراج انتخاب کلام پر اکتفا کی گئی۔

سوزِ پنہاں سے مرے سینے میں دل کیا جل گیا
خانۂ حسرت پھپھکا قصرِ تمنا جل گیا

تیری کاکل یاد آئی پڑ گیا اک دل میں داغ
رات ہوتے ہی چراغ اے ماہ سیما جل گیا

کس جنوں سے دوست کا دم اے شبِ ہجراں نکلا
شب کے پردے سے جو دن چاک گریباں نکلا

وجہ تسکیں کی ترے تیر کا پیکاں نکلا
ہم جسے درد سمجھتے تھے وہ درماں نکلا

سُننے والے رو رہے تھے دل ہر اک غمخانہ تھا
اک مرقع رنج و ماتم کا مرا افسانہ تھا

کہونگا روزِ محشر کس لئے قاتل سے پرسش ہو
جفا دل کو پسند آئی جفا کو دل پسند آیا

کچھ ایسے اسکے سامنے جاتے رہے حواس
جو خاص دعا تھا وہی دل میں رہ گیا

آنے دیا نہ لب پہ ترے رعب حسن نے
جو کچھ سوال تھا دلِ سائل میں رہ گیا

لیلیٰ وہ خاکِ دشت تھی ہے یہ غبارِ قیس
جو کچھ لپٹ کے پردۂ محمل میں رہ گیا

دردِ اظہار بھی کرنے سے ہوئی کچھ نہ کمی
آہ کرنا شبِ غم وجہ تسلی نہ ہوا

زندہ کرتا تو کسی اور ادا پر مرتا
فکر کیا گر لبِ قاتل لبِ عیسیٰ نہ ہوا

لاکھ چاہا نہ کیا اس نے مرض کا درماں
اور مری جان بھی دینے پہ وہ راضی نہ ہوا

سینہ کو خانۂ ماتم تھا ازل سے بنتا
تھا مرے دل کو تمناؤں کا گھر ہو جانا

فاتحہ پڑھتے نہیں گر قبر کو ٹھکرا ہی دو
پاس کچھ تو چاہیے وارفتۂ رفتار کا

غم ہو عریانی کا کیا قاتل شہیدوں کو ترے
ہے بہت بہر کفن دامن تری تلوار کا

بیٹھ جاتا ہوں پسِ دیوار قصرِ یار اگر
صدمے سے ہٹ جاتا ہے سایہ بھی تری دیوار کا

سامنے قاتل کے کیا جائے کوئی مشتاقِ دید
تشنۂ خوں ہے وہ اپنے تشنۂ دیدار کا

وعدہ بے درد کو آنے کا اگر یاد آیا
درد بن کر مرے دل میں ستم ایجاد آیا

آنکھیں خود بند ہوئیں سو گئے غافل ہو کر
اسقدر چین تہ خنجر جلاد آیا

گلو ہے غیرت خورشید منیرے ماہ تاباں کا
سحر ہو شب کو کھل جائے اگر تکمہ گریباں کا

دل پرخون کی جانب ہے اشارہ چشم جاناں کا
قبائے سرخ میں یہ خوب ہے تکمہ گریباں کا

جنوں میں چاک ہونا تو گریباں کا کہاں ممکن
نہ ٹوٹا نا توانی سے کبھی تکمہ گریباں کا

لئے جاتا ہے مجھ دیوانہ کا تو خط جواے قاصد
گریباں پھاڑ لے یا کھول لے تکمہ گریباں کا

گریباں کھلتے ہی رازِ جنوں سب ہو گئے افشا
کلید قفل وحشت تھا مگر تکمہ گریباں کا

بہ شوق ذبح ہے اللہ اکبر دیکھیو او قاتل
کہ بیٹھا ہوں میں خود کھولے ہوئے تکمہ گریباں کا

جس طرح قبر میں جی چاہے لٹا دیں احباب
رخ رہے گا طرف قبلہ کو چہ دلبر اپنا

ہو برابے خودی الفت کا جو راز تھا زباں پر تھا
دل کا جو راز تھا زباں پر تھا

نالہ کش تھا درِ جاناں پہ ہوا دل خاموش
لو جرس ہو گیا جا کر سر منزل خاموش

سب کو پروانہ بنایا ہے بنے ہیں خود شمع
کیا تماشا ہے کہ محفل کی ہے محفل خاموش

حال ایذائے جراحت ہے تڑپنے سے عیاں
گو مثال دہن زخم ہے بسمل خاموش

پوچھنے بیٹھے ہیں تصویر و نے حال عاشقاں
آج صندے مجھ سے باتیں پیکر بے جاں کریں

آئینہ ہے ہاتھ میں حالت تغیر کی یہ ہے
جو نظر میں تھی ابھی دیکھا تو وہ صورت نہیں

زخم وہ رکھتے ہیں گل ہو گا نہ گلزاروں میں
سیر کو آؤ کسی روز دل افگاروں میں

ہے اسی چرخ ورزیں میں دلِ پر داغ اپنا
ڈھونڈھوں ذروں میں الٰہی کہ اسے تارو نہیں

اس آئینہ میں ہمکو عکس ہی بنکر نظر آجا
کہ رکھکر سامنے دل طالب دیدار بیٹھے ہیں

ابھی دل سامنے انکے نہ لیجانا کہیں ثروت
ابھی الجھی ہے زلف آئینہ سے بیقرار بیٹھے ہیں

سہتا ہوں جور کشور الفت میں بس نہیں
عہد انکا ہے کہ جن میں کوئی دادرس نہیں

ٹکرا کے سر کو مر گئے یا توڑ دیں تیلیاں
صیاد یا ہم آج نہیں یا قفس نہیں

خنجر تو میرے حال پہ روتا ہے اشک خوں
اللہ رے سنگ دل تجھے آتا ترس نہیں

لازم ہے اس طرح مجھے صیاد قید رکھ
سمجھوں میں آشیانہ ہے میرا قفس نہیں

ٹھہرا ہوں کاوفادار دنکی وقت واپسیں عالم
ٹھہر کر تم مری بالیں پہ دم بھر دیکھتے جاؤ

جو کچھ ہے دعوی سنگین دلی بھاپا چھڑاؤں میں
جگر کا زخم اگر تم ہو ستمگر دیکھتے جاؤ

کیونکر محبت انکی مرے دل کو بار ہو
کس طرح گل کو رنگ بھلا ناگوار ہو

عرض اپنا حال آہ میں نالے میں کر چکا
اب کس طرح کہوں جو تمہیں اعتبار ہو

گونگی ہو کیوں زباں مری ایسی دعا کرو
ناآشنائے حرف شکایت ہی کیوں نہ ہو

ستم وہ کونسا ہے یاد جو تجکو نہیں ظالم
جہاں ہو تو کہیں پھر اس زمیں پر آسماں کیوں ہو

دکھیں گے دست نازک گر مرے بانکے ستمگر کے
ندامت ہوگی اے شوق شہادت پھر مجھے مر کے

ہوئے پژمردہ یہ کس نے نگاہ گرم سے دیکھا
ابھی تو پھول تازہ تھے مری تربت کی چادر کے

کسی صورت سے میری مشکل آساں ہو نہیں سکتی
کہ میں ہوں سخت جاں اور ہاتھ نازک ہیں ستمگر کے

یہ کس پر غیظ آیا تھا جو سرخ آنکھونکے ڈورے ہیں
نگہ کی تیغ سے آئے ہو کس کے دل کا خوں کر کے

نگاہ شوق تو بیتاب شام وصل ہے ثروت
حیا کا حکم ہے آنچل نہ سینے سے ذرا سرکے

کہتے ہیں وہ ہماری طرف کیوں نگاہ کی تھی
لو بس ہم اس خطا پہ گنہگار ہو گئے

عادت رحم بھی دکھلائی ستم کی خو بھی
ہنسکے پاس اپنے بٹھایا تھا رلا کے اٹھے

بیٹھکر وصف نقاب رخ روشن چھیڑا
حال دل ہم اسی پردے میں سنا کے اٹھے

اٹھ بھی گئے پہلوسے وہ یاں ہوش نہیں ہے
رکھا نہ کہیں کا مجھے اس بے خبری نے

عشاق کو تھا ناز بہت صبر پہ اپنے
چھنوا دیا ظالم تری بے دادگری نے

دوائے زخم دل کیوں چارہ گر کی
نشانی مٹ گئی تیر نظر کی

چلے کیونکر کوئی تدبیر میری
مزاج یار ہے تقدیر میری

لاچک جواب نامہ قاصد کہ جا چکیں ہم
پیغام آرہے ہیں اب دمبدم اجل کے

مجھ تک آتے آتے دیکھوں نیتِ ساقی ہو کیا
میکشو! تا تک تو رنگِ دورِ محفل ایک ہے

نہ رستہ تو پھر کیونکر مکینِ قصرِ غم نکلے
کوئی دلکا ہمارے پھوڑ دے چھالا تو دم نکلے

رگیں لپٹی ہیں اے قاتل نشانی جانکر تیری
نکل آئے مرا دل بھی اگر تیرِ ستم نکلے

فلک سے خاک برسی ہو گیا عالم میں سناٹا
خدا جانے جنوں کے جوش میں کس طرح ہم نکلے

خشک ہو گا پھول بُورہ جائے گی
دل مرے گا آرزو رہ جائے گی

ہم جو پہلے قتل اے قاتل ہوئے
حسرتِ مرگِ عدو رہ جائے گی

سینہ پر زانوئے قاتل ہے گلے پر تیغ تیز
دل کی جو اسوقت راحت ہے کبھی ایسی نہ تھی

آستانِ یار دیدہ اس نے جبیں سائی کا حکم
مہر کی اللہ نے قسمت کبھی ایسی نہ تھی

ثروت

ثروت ۔ حکیم سید محمد اطہر الدین حسن خلف مولوی امیر الدین متوطن تاگرام ضلع فرخ آباد عربی و فارسی میں دستگاہ کامل رکھتے ہیں ۔ اور مدرسہ آرہ سے علم حدیث کی تکمیل کی سند حاصل کر چکے ہیں ۔ فن طب میں آپ فرخ آباد کے نامور طبیب حکیم اصغر حسین صاحب کے شاگرد ہیں ۔ کئی سال تک کانپور ۔ اجمیر میں مطب کرنے کے بعد اب آپ اندور میں قیام فرما ہیں ۔ ابتدائے سن شعور سے آپ کو شعر گوئی کا شوق ہے ۔ ذہن میں رسائی اور تخیل میں بلند پروازی پائی جاتی ہے ۔ دس بارہ غزلیں نظر سے گذریں انکا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے چستیِ بندش ۔ صفائی زبان ۔ اور اسکے ساتھ تلاش مضمون سب خوبیاں ان کے کلام میں بدرجۂ مناسب موجود ہیں ۔

بٹھالو بزم میں ہم کو بھی صدقہ اٹھتے جوبن کا
تمھارے دوست ہیں ہم دوسرا سلہ دیتے ہیں دشمن کا

تم اپنی دوستی اور دشمنی کی جانچ خود کر لو
کر میرے دوست بنکر تذکرہ کرتے ہو دشمن کا

پتہ ہماری آنکھ کہیں ٹھیرتی نہیں
دیکھو تو ایک کھیل ہے یہ بھی نگاہ کا

باتوں میں ہم اشاروں میں کہتے ہیں وہ مطلب
جادو یہاں زباں کا وہاں ہے نگاہ کا

فراقِ یار میں رحمت خدا کی چشمِ گریاں پر
تواتر اشکِ باراں ریز کا طوفاں ہے طوفاں پر

بجا ہے گر کہیں جمشید تختِ سرخوشی تجھکو
جھکی ہیں گردنیں شیشوں کی ساقی تیرے فرماں پر

ہوا ہے کون دیوانوں میں آرایش پسند ایسا
کہ اُلٹو کر رہے ہیں خضر دامانِ بیاباں پر

بڑی مشکل سے یہ نعمت ملی ہے دستِ دلبر سے
گلے ملتا ہے میرا خونِ ناحق آبِ خنجر سے

علاجِ زخمِ بسمل میں بھی سفاکی رہی شامل
جراحت پر مرے مرہم لگایا آبِ خنجر سے

کسے تشبیہ دوں یارب دوا بر دیدۂ تر سے
نہ ساون اسقدر برسے نہ بھادوں اسقدر برسے

پریشاں دل ہوں ایسا گردشِ چرخِ ستمگر سے
مجھے دورانِ سر ہوتا ہے ساقی دورِ ساغر سے

اگر شوقِ شہادت میں کوئی بیہوش ہوتا ہے
اُٹھا لیتے ہیں وہ دیکھے چھینٹے آبِ خنجر سے

بتوں کی یاد جب پائی اپنے گوشۂ دل میں
یہ سمجھو اُس نے سب کچھ پالیا اللہ کے گھر سے

کیا ہے مفلسوں کے منہ نے شرمندہ ایسا
نہ ہرگز دور ہوگی منحوس زردی رُخ زر سے

کھلی وصفِ دہانِ تنگ جانا میں زباں میری
طبیعت نکتہ داں ہو کر ہوئی ہے عنبر افشاں میری

ہوا جو غرقِ بحرِ عشق ہیں وہ کب نکلتا ہے
کہیں دریائے بے پایاں کا ڈوبا بھی اچھلتا ہے

دلِ عشاق کی کیا اصل ہے افتادہ دوراں
قیامت جس سے پر جاتی ہے تو وہ چال چلتا ہے

نہالِ قدِ جاناں میں ثمر نامِ خدا نکلے
ذرا دیکھے کوئی اگر تماشا سر پھلتا ہے

غیر اپنی ہی جب جما بیٹھے
میری الفت کا نقش کیا بیٹھے

وہ جو اُٹھے تو درد بھی اُٹھا
درد بیٹھا جو وہ ذرا بیٹھے

مرنے والے کو دیکھ تو آؤ
تم یہاں کر رہے ہو کیا بیٹھے

لگا تیغ انداز کیا دیکھتا ہے
مری بے گناہی خدا دیکھتا ہے

ہماری محبت تمہاری عداوت
خدا جانتا ہے خدا دیکھتا ہے

خدا جانے میں اس میں کیا دیکھتا ہوں
خدا جانے وہ مجھ میں کیا دیکھتا ہے

جدائی میں اے موت آجا کہ دشت
بہت دیر سے راستہ دیکھتا ہے

بڑھ گئی کس درجہ حیرانی مری
شکل ظالم نے نہ پہچانی مری

سیکھی آئینے نے حیرانی مری
لے اُڑی کاکل پریشانی مری

مرے بیٹھے ہیں نور جانا نقل میں یہ اور کچھ دستے ڈرتے ہیں آب خنجر سے

ثریا

ثریا۔ منشی سید امیر علی متوطن قصبہ گوپامؤ من مضاف اودھ ۱۲۷۱ھ میں شباب کا عالم اور تحصیل و تکمیل علم طب کی طرف متوجہ تھے۔ گاہے گاہے شعر کہنے کا بھی اتفاق ہو جاتا تھا یہ ان کے اشعار ہیں۔

جھوٹے وعدے بھی یاں غنیمت ہیں	اسمیں تسکین کچھ تو ہوتی ہے
مژدۂ بوالہوس پہ دھیان نکر	جھوٹے موتی سدا پروتی ہے

ثریا

ثریا۔ والاجاہ آسمان قدر سید اسد علی مرزا بہادر ثریا خلف الرشید امیر الامرا نواب منصور علی خاں بہادر نواب ناظم بنگال و برادر خورد نواب ناظم مرشد آباد مرحوم۔ آپ کی تعلیم اپنے برادر والاقدر نواب میر حسین علیخاں نواب بہادر مرشد آباد کے ساتھ انگلستان میں ہوئی۔ وہاں سے فارغ التحصیل ہو کر ہندوستان آئے تو زیادہ تر کلکتہ اور مرشد آباد میں قیام رہا۔ ہزار ہا روپیہ سالانہ کا وثیقہ آپ کو سرکار سے ملتا تھا۔ شعر گوئی کا بھی شوق تھا یہ کلام کا انتخاب ہے۔

میری وفا اور انکی جفا ہے عجیب راز	ہے داد رس کوئی نہ کوئی داد خواہ ہے
ہو ٹوٹ پہ جان آئی ہے ہجر حبیب میں	اب حال انتہا سے زیادہ تباہ ہے
ٹھوکر لگا کے تم کہے گر غیرت مسیح	لبیک کہہ کے آؤں میں باہر مزار سے
ہزاروں آندھیاں آئیں پس مرگ	نہ اٹھی خاک پر مجھ ناتواں کی
مٹایا اس طرح آخر فلک نے	نہ کھی خاک تک مجھ بے نشاں کی
یہاں رہتا ہے جسمیں جلوہ نور حق کا	جگہ دلمیں نہیں مشرق بتاں کی

ثریا

ثریا۔ عالی جناب شاہزادہ ثریا قدر مرزا محمد تقی علی بہادر المتخلص بہ ثریا ابن عالی جناب مستطاب معلی القاب ہز ہائینس شاہزادہ عالم و عالمیان یادگار اودھ پرنس سلیمان قدر مرزا محمد حسن علی بہادر ادام اللہ اقبالہٗ برادر زادہ و خویش سلطان عالم حضرت محمد واجد علی شاہ جنت آرامگاہ۔ دسمبر ۱۹۰۳ء میں راقم تذکرہ سے بمقام لکھنؤ ملاقات ہوئی تھی۔ ۳۸-۳۹ سال کی عمر ہے دربار گورنری میں آپکا چھٹا نمبر ہے آپ کو سن طفولیت سے ہی ہر علم و ہنر کا شوق رہا کئی زبانیں جانتے ہیں اور صنعت و حرفت میں بھی

مہارت ہے ہر فن میں دستگاہ ہے۔ مصوری نقاشی خوش نویسی فنِ سپہ گری اور نظم و نثر میں اچھا ملکہ ہے۔ مرثیہ۔ واسوخت۔ قصائد۔ غزل وغیرہ جملہ اصناف سخن پر قادر ہیں علاوہ ازیں علم ہیئت و ہندسہ۔ نصائح و فلاسفی وغیرہ سے بخوبی واقف ہیں۔ آپ کا ذہنِ رسا و جودتِ طبع خداداد ہے۔ فنِ شعر کا مذاق وراثتاً ملا ہے۔ اکثر مشاعرے بھی کرتے رہتے ہیں۔ زبان صاف روزمرہ سلیس نشست الفاظ مرغوب ہے۔ اکثر دشوار و سنگلاخ زمینوں میں بھی طبع آزمائی کی ہے جس سے ان کی مشاقی ظاہر ہے۔ ایک رسالہ آپ کے کلام کا شایع ہو چکا ہے۔ اسمیں سے چند شعر اپنے مذاق کے بموجب انتخاب کر کے پیش کرتے ہیں۔

کیا لطف روئے یار پہ ہے زلفِ یار کا	صبحِ طرب میں عکس ہے شامِ فگار کا
ترے زانو پہ سر ہے اب ہے دشوار	مری جاں ہوش میں آنا کسی کا
جو منظور جانا ہی تھا غیر کے گھر	عبث پھر ہمیں تھا بلانا کسی کا
مانگا ابرو کا جو بوسہ تو کہا کھینچ کے تیغ	پھر تو فرمائیے کیا آپ نے ارشاد کیا؟
آشیاں کس جا بنائے اپنا بلبل شاخ پر	جا نہیں ملتی لدے ہیں اسقدر گل شاخ پر
صحنِ گلشن سے نکل جائے تو دو صیاد کو	عندلیبو پھر چہکنا بے تامل شاخ پر
اے ثریا محو تھے نظارۂ گل میں ہزار	ہاتھ سے صیاد کے جو کھا گئی جُل شاخ پر
ضیائے حُسن کے تھے پہلے تو حجاب میں تیر	اُٹھی نقاب گرے قلبِ آفتاب میں تیر
سوال بوسۂ مژگاں پہ وہ کمان ابرو	لگا ہی بیٹھا نظر کا مجھے جواب میں تیر
ترا جو مصحفِ رخ چوما اے کمان ابرو	گناہ اُڑ گئے ہیں بن کے اس ثواب میں تیر
زہے نصیب کہ وہ قتل کر کے ہاتھوں میں	عوض حنا کے مراخوں لگائے بیٹھے ہیں
پھر بعد میرے دیکھنا پچھتاؤ گے ضرور	عاشق ملیگا مجھسا کوئی عمر بھر نہیں
جو وہ شاہِ خوبی ہمارا نہیں ہے	اگر سلطنت ہو گوارا نہیں ہے
اِدھر صبر کا مجھکو یارا نہیں ہے	اُدھر وصل اُن کو گوارا نہیں ہے

چمکتا ہے افشاں کا تیری جو ذرہ — فلک پر کوئی ایسا تارا نہیں ہے
بجز وعدۂ وصلِ جاناں ہمارا — کوئی زندگی کا سہارا نہیں ہے
جو دی چیز کیا اوسکا دعویٰ وہ بولے — ہمارا ہے اب دل تمہارا نہیں ہے
میں اوروں کو چاہوں یہ ہے بدگمانی — جہاں میں کوئی تم سے پیارا نہیں ہے
کہا میں نے غیروں سے ملئے نہ صاحب — تو بولے تمہارا اجارا نہیں ہے
آپ جو چاہے کہہ لیجئے اپنی جا پر — پہ نہ غیروں میں کیا کیجئے بدنام مجھے
یاد ہے عارض و گیسو کی ترے آٹھ پہر — کیا کہوں کٹتے ہیں کیونکر سحر و شام مجھے

غضب کی وہ بلا پُر پیچ زلفِ عنبریں نکلی — پھنسا جو دل تو پھر صورت رہائی کی نہیں نکلی
گدا کے پاؤں کی کھا کھا کے ٹھوکر فرقِ شاہاں سے — بھری تھی زیست میں جو نخوتِ تاج و نگیں نکلی
نہیں تن پر کسی جا زخم گو کشتہ سراپا ہوں — وہ پر جو ہر تری تیغ نگاہ سُرمگیں نکلی
اٹھایا رامانت اے ثریا جز بشر کس سے — یہ مشتِ خاک رازِ حق تعالیٰ کی امیں نکلی
نہیں ہے یہ گرد باد صحرا زبسکہ تھا زندگی میں شیدا — تلاش لیلیٰ میں بعد مُردن بھی روحِ مجنوں بھٹک رہی ہے
خزاں گئی پھر بہار آئی دے ابتو صیاد اسے رہائی — کہ بہر نظارہ گلستاں قفس میں بلبل بلک رہی ہے

شعر - مرزا علی خلف مرزا جعفر علی لکھنوی - آپ کو شیخ غلام ہمدانی مصحفی سے تلمذ تھا - غدر تک حیات تھے - زیادہ حال معلوم نہو سکا - اُردو فارسی دونوں زبانوں میں بقول صاحبِ تذکرہ سراپا سخن صاحبِ دیوان تھے - طبیعت کی مشاقی مندرجہ ذیل اشعار سے ظاہر ہے - مشکل زمینوں میں بھی صاف اشعار نکال کر اپنا زورِ طبع دکھایا ہے -

سب پڑھتے ہیں تربت پہ ترے کشتہ کی الحمد — رکھتے نہیں تم قبرِ وفا کوش پہ انگشت
آنکھوں نے ملتے ملتے جو اُس سیمتن کے پاؤں — آتے جو ہاتھ چومتے اُس گلبدن کے پاؤں
کوئے صنم سے جانا نہو دے کبھی نصیب — ہو جائیں یا الٰہی مرے لاکھ من کے پاؤں
حد سے ہیں گذری یار کی وعدہ خلافیاں — پُوجیں گے آج اُس بتِ پیماں شکن کے پاؤں

غمزے سے تڑپے ہے کوئی عشوہ سے مر گیا
چلتے ہیں کس طرح ترے ناز و ادا کے ہاتھ
رخسارِ یار پر ہے وہ اب آج دستِ غیر
کیا گنج شایگاں ہے لگا اک گدا کے ہاتھ

ثمرؔ - منشی احمد سعید خاں ثمرؔ خلفِ سعد اللہ خاں - غدر سے پیشتر شاہجہان آباد میں رہتے تھے - اور حال معلوم نہ ہو سکا - یہ اُنکے شعر ہیں -

نگاہِ مست سے ساقی کی یہ سرور ہوا
کہ دل سے حسرتِ مے کا خمار دور ہوا
مثالِ آئینہ ہمسے کمالِ حقیقتِ حسن
کہ ہمکو دیکھ کے اپنا تجھے غرور ہوا
دیکھتا تھا حسن اپنا مجھکو آئینہ سمجھ
اور میں خوش تھا کہ بارے مہرباں مجھپر ہوا
تھا نا اہل امتحانِ عشق کے قابل ہے کون
بل بے ہمت اس ضعیفی میں گماں مجھپر ہوا
نگاہِ گرم کا تیرے ہے کچھ اثر اُلٹا
کہ غیر پر پڑی اور دل جلا دیا میرا
خلش مژہ کی نہ تھی کم کہ میرے زخم پر
تبسمِ لبِ دلبر نمک فشاں ہوتا

ثمرؔ - نواب مرزا مہدی علیخاں صاحب - منصور نگر لکھنؤ کے ایک شریف خاندان کے ممبر ہیں - تلمذ کا حال معلوم نہیں ہوا کہ کس سے ہے - اب کلام ملاحظہ ہو -

ہمیں سودا نہیں جو اُسکے کوچے سے کہیں جائیں
مبارک قیس کو یہ راتدن پھرنا بیاباں کا
حشر میں عاشقِ مظلوم کا خونِ ناحق
ہاتھ میں تھامے ہوئے دامن جلاد آیا
مر کے یہ جملہ عناصر کا جدا ہو جانا
زندگی ہے جسے کہتے ہیں فنا ہو جانا
قاتل نے کی نہ میرے تڑپنے کی سیر ہائے
یہ ور و مرتے دم دلِ بسمل میں رہ گیا
حالِ مسافرانِ عدم کچھ نہ پوچھئے
لُٹ کر متاع پہلی ہی منزل میں رہ گیا
کہتی ہے شمع بزم جلوں یا کہ خاک ہوں
وہ نامراد ہوں کہ کسیکو الم نہیں
شمگر جب کوئی تازہ ستم ایجاد کرتے ہیں
تو ہر امتحاں پہلے ہمیں کو یاد کرتے ہیں
ہم خوشی سے جان دیدیں آپ پر قرباں کریں
دل وہی کچھ بھی جو یہ غارت گرِ ایماں کریں
ابروئے پُرخم کی جنبش کا فقط ہے انتظار
آپ اشارہ کیجئے ہم جان کو قرباں کریں

دم پر بنی ہے اور کچھ آزار بھی نہیں	بیمار عشق سا کوئی بیمار بھی نہیں
ملتے ہی نظر رنگ بدل جاتا ہے دل کا	اس آنکھ کے پردے میں کوئی شعبدہ گر ہے

ثمر — منشی اودھ بہاری لال صاحب ثمر۔ لکھنؤ کے رہنے والے اور قوم کے کایستھ ہیں۔ کسی سرکاری مدرسہ میں معلم ہیں۔ ۴۰ برس کے قریب سن اور یہ کلام کا رنگ ہے۔

کیوں نہ مجھکو جستجو تیری ہی	دل میں رہتی ہے آرزو تیری
رہ رہ کے دیکھتا ہے ترچھی نظر سے ہمکو	خنجر لگا رہا ہے قاتل سنبھل سنبھل کر
وہ شہ حسن ہیں عشاق ہیں ناچیز فقیر	اس سبب سے انہیں بھاتی نہیں سنگت انکی

ثمر — جناب خواجہ فقیر محمد صاحب رئیس ڈاکہ نومشق کہنے والے ہیں۔ اور حضرت داغ دہلوی کے شاگرد جناب نسیم ملسوی سے اصلاح لیتے ہیں۔

جس سے جی چاہے دل لگائیں آپ	دوست دشمن کو آزمائیں آپ
ہو چکی دید حضرت موسےٰ	ہوش میں لے جناب آئیں آپ
حال روشن ہو لن ترانی کا	رخ سے پردہ اگر اٹھائیں آپ

ثنا — سید شمس الدین ثنا۔ اصل وطن کشمیر تھا مگر عظیم آباد میں رہا کرتے تھے۔ اور حضرت مشتاق کے شاگرد تھے۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ آخر اٹھارویں صدی میں زندہ و سلامت موجود تھے۔

شب فرقت میں تیری نالہ و زاری ہے اور میں ہوں۔
جھپکتی پل نہیں آنکھیں ہیں بیداری ہے اور میں ہوں
چمن ہے خندۂ گل ہے مے و مینا ہے اور تو ہے
فغاں ہے نالہ ہے فریاد ہے زاری ہے اور میں ہوں

ثنا — منشی ثناء اللہ خان فسخ آبادی۔ بڑے طباع اور ذہین شخص تھے۔ مرزا غالب ذوق و مومن کے روشناس اور شیخ ناسخ لکھنوی کے شاگردوں میں تھے۔ آپ عرصے تک مرزا

سخاوت علی بیگ ضیا خلف مرزا حاتم علی بیگ مہر کی تحصیلداری ایٹے کے زمانہ میں اُن کے پاس ایٹہ میں رہے۔ یہ ۱۸۵۳ء کا ذکر ہے۔ کچھ اشعار اُن کے لکھے جاتے ہیں۔

یہ تو ڈوقت گریہ کیا سیلِ اشک نے — دیوارِ قہقہہ کو جو دیکھا تو ڈر ہوا
رہائی پا کے اُڑے ہم سفیر سوئے چمن — ہم ایک رہ گئے تکتے قفس تہ و بالا
بن گئی میری شبِ ہجر تری زلفِ دراز — وصل کی رات سمٹ کر ہوئی جوڑا سر پہ
جلنا ہو ایک دم کا تو میں صبر بھی کروں — آٹھوں پہر سلگتا ہے چولھے میں جائے دل
دل عشق میں گیا دلِ شہید اکو کیا کریں — ہم ہو چکے تمام تمنا کو کیا کریں
اوڑھیں بچھائیں پھونکیں جلائیں بتا جنوں — صحرا میں ایک دامنِ صحرا کو کیا کریں
سناں پکڑی جگر نے اور چٹایا دل نے پیکانکو — غرض دونوں نے رکھا اپنے اپنے گھر میں مہمانکو
جب تپِ دوری جلا کر خاک کر دے گی ہمیں — آہ پھر چولھے میں ڈالیں گے تری تاثیر کو
کھاتا ہے چرخیاں مرے نالوں کے سامنے — پیلِ فلک کو رکھ لیا بھالوں کے سامنے

ثواب ثواب - میر سعادت علی مرحوم خلف میر شہاب الدین مرحوم اصلی وطن شاہجہان آباد تھا مگر ان کے بڑے بھائی بہ تقریب ملازمت لکھنؤ میں مقیم تھے۔ اِسلئے ان کی تعلیم و تربیت بھی وہیں ہوئی۔ احباب خوش مذاق کے فیضِ صحبت سے شعر کا بھی شوق ہو گیا۔ ابھی زیادہ مشق کی نوبت نہ آئی تھی کہ بھائی کا سایہ سر سے اُٹھ گیا اور فکرِ معاش نے فارغ البالی کا مزہ کھو دیا۔ کچھ عرصے اطراف و جوانب میں سفر کا اتفاق ہوا پھر چند سال دکن میں ایام گذاری کی سنہ ۱۲۶۰ھ کے قریب جمعیت خاطر بہم پہونچا کر کرنال میں مستقلاً سکونت اختیار کی۔ اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے۔

کبھی ہے مرد گانِ غم پہ احسان مہرِ قم کا — کبھی حق نمک ہے زخمِ دل پر اُس تبسم کا
ترے غم کی بدولت آگ یہ دل میں بھڑکتی ہے — کہ گر اک آہ کھینچوں آب ہو زہرہ جہنم کا
تپِ دوری سے شعلے استخواں سے یوں نکلتے ہیں — پگھلے جیسے ثواب آتش سے پارہ پارہ ہیزم کا

ج

جادو۔ نواب میر احتشام علی خاں صاحب بہادر خلف اکبر و جانشین نواب میر ابراہیم علیخاں صاحب بہادر مرحوم ریاست بڑودہ گائکواڑ کے درجہ اول کے سردار ہیں۔ آپ نقوی موسوی سادات میں ہیں۔ آپکے اجداد کا وطن قصبہ سہسوان ضلع بدایوں قسمت روہیلکھنڈ متعلقہ ممالک متحدہ ہے۔ مگر اب عرصہ سے بڑودہ ہی میں قیام ہے۔ آپکے والد مہاراجہ بڑودہ کے مصاحب اعلےٰ تھے۔ اُن کے اسلاف کو سرکار بڑودہ سے ایک معقول جاگیر عطا ہوئی تھی۔ جسپر آجتک جناب جادو متصرف ہیں۔ حضرت جادو ۵ ربیع الثانی ۱۳۲۵ھ کو بڑودہ میں پیدا ہوئے۔ ابتداءً کچھ کلام اپنے والد کو دکھایا بعد ازاں سال ہا سال ثاقب بدایونی سے اصلاح لیتے رہے۔ پھر تیمناً و تبرکاً چند غزلیں حضرت ظہیر دہلوی کی خدمت میں پیش کیں صاحب دیوان ہیں۔ مگر ہنوز دیوان طبع نہیں ہوا ہے۔ آپکے مورث میر سرفراز علی خانصاحب بہادر سہسوان سے اول بڑودہ میں آئے اور درجہ اول کی سرداری پر بہ جلد و بڑے بڑے اہم کارہائے ریاست کی انجام دہی کے فائز ہوئے۔ اُس وقت سے ابتک برابر ریاست میں سے وہی اعزاز و مراعات حاصل ہیں اور برٹش گورنمنٹ میں بھی ریاست کی مثل اعزاز ہے۔ اِن کی عمر اس وقت ۴۰-۴۲ سال کے قریب ہے۔ مہاراجہ صاحب بڑودہ کی مصاحبت میں یہ بھی رہ چکے ہیں۔ کلام نہایت پاکیزہ۔ خیال بلند۔ تلاش اعلےٰ۔ بندش چست۔ زبان صاف اور اور ستھری ہے۔ طبیعت میں شوخی بھی بقدر ضرورت و مناسب ہے۔ اپنے اُستاد کے رنگ میں کہتے ہیں اور ایک حد تک اُس میں کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

کوئے دیکھے تو عالم میرے جذبِ شوقِ پنہاں کا
ہوا ہے روکنا دشوار اب ناوک کو پیکاں کا

قیامت جوششِ وحشت کی ہے ہنگامہ آرائی
کہ صبحِ روزِ محشر چاک ہے میرے گریباں کا

تنِ عریاں کو خارِ دشت سے پیوند ہی کر دے
ٹھکانے ہی لگا دے اے جنوں ٹکڑا گریباں کا

رفو جب ہے کہ زخموں سے ہو منہ پیدا نمکداں کا
تنِ مجروح بسمل کی وہ دعوت کر نیوالے ہیں

ہمارا سیکسی ہے آئینہ گورِ غریباں کا
و کوئی پوچھنے والا نہ کوئی سننے والا ہے

ہماری لاغری میں ہے اثر تختِ سلیماں کا
اوڑے پھرتے ہیں ہم دوشِ صبا پر چار سو جاوید

چین سے سو جائیں ہم تربت میں چادر تان کر
تو ہی مرگِ ناگہاں مشکل مری آسان کر

دیکھنا انجان وہ بنتے ہیں کیسے جان کر
منہ مرا حیرت سے تکتے ہیں سرِ بزمِ عدو

سونے والے سو رہے منہ پر ڈوپٹہ تان کر
وصل میں بھی لی نہ کروٹ میرے بختِ خفتہ نے

ابتو مشتِ خاک پر تو ہی ذرا احسان کر
کوئے جاناں پاس ہے واماندہ میں ہوں اے صبا

آئے بالیں پر گھڑی ساعت کا مہمان جان کر
مرتے مرتے میرے سر پر بارِ احساں دھر دیا

خاک جی بہلیگا سیرِ روزِ محشر دیکھکر
آئے ہیں ہنگامہ ہائے کوئے دلبر دیکھکر

پاؤں رکھنا اس طرف اے شورِ محشر دیکھکر
ہے مزارِ کشتۂ نازِ بتِ محشر خرام

دیر تک تڑپا کے سوئے آسمان دیکھکر
حسرتِ دیدار پوری سخت جانی سے ہوئی

ورنہ دل دیتے ہیں سب اے بندہ پرور دیکھکر
ہو گئے بیتاب تم تو سنتے ہی ذکرِ عدو

اشک ریزی ہجر میں اے دیدۂ تر دیکھکر
کھل نہ جائے پردۂ عشقِ بتِ پردہ نشیں

ورنہ کیوں مضطر ہیں وہ جاوید کو مضطر دیکھکر
ہو نہ ہو آہِ رسا نے کچھ اثر پیدا کیا

ورنہ میں ہجر میں مرنے سے بھی مجبور نہیں
ہے یہ مشکل کہ وفادار و بنکا دستور نہیں

وجہ شہرت ہے وہی بات جو مشہور نہیں
عشق پنہانِ عدو باعثِ رسوائی ہے

کر رخِ صبحِ جدائی پہ ذرا نور نہیں
لیگئی لوٹ کے رونق مرے گھر کی شبِ وصل

الفتِ پردہ نشیں آرزوئے حور نہیں
دل سے آجائے زباں تک نہیں ممکن واعظ

میرا افسانۂ غم غیر کا مذکور نہیں
وہ سنیں کان لگا کر یہ کہاں ممکن ہے

کہ مرے زخم کی قسمت میں بھی انگور نہیں
میں وہ ہوں مورِ دکشِ بادۂ حرماں ساقی

من وہ ہوں کہ شیراز مرا نقشِ ہے کسی کے دامن پہ کسی سے نہ چھوٹا

حجتِ وحدہٗ فردا پہ غضب ہے جادو
وہ یہ کہتے ہیں قیامت بھی تو کچھ دور نہیں

مٹنے میں بھی آپ کا پتا ہوں
میں کوئے عدو میں نقشِ پا ہوں

محفل میں نگاہ کب ہے اون پر
اوروں کی نظر کو دیکھتا ہوں

آنکھوں میں بسی ہے شکلِ وحدت
آئینہ میں اُن کو دیکھتا ہوں

مجبوریِ عشق صلحِ کُل ہے
دشمن سے بھی دوستی نباہوں

جادو مرا مدعی ہے کافر
مومن میں اپنے وقت کا ہوں

عشق کو پردہ دری حسن کی منظور بھی ہو
ورنہ موسیٰ ہوں وہی اور وہی طور بھی ہو

نحن اقرب سے کھلا صاف یہ مضموں یعنی
وہ رہے دل میں جو نزدیک بھی ہو دور بھی ہو

رہکے ہر شے میں نہاں ہو نہیں سکتی ظاہر
جتنے مختار ہو تم اُتنے ہی مجبور بھی ہو

کیف ہو نشۂ عرفاں کا وہ چنداں واعظ
تیری تسبیح میں گردانۂ انگور بھی ہو

کوئی دیکھے نظر اہلِ نظر سے جلوہ
آپ ناظر بھی ہو تم آپ ہی منظور بھی ہو

شہرتِ پردہ نشینی ہوئی شکلِ عنقا
تم جو نظروں سے ہو معدوم تو مشہور بھی ہو

کب ہوا رشک سے اظہارِ تمنا منظور
کب گوارا ہے زباں سے ترا ذکر بھی ہو

لن ترانی سے غرض جلوۂ جاناں کو نہیں
دیکھنے والوں کی آنکھوں میں مگر نور بھی ہو

قابلِ دید ہے حسرت بھی تمہاری جادو
دُور منزل سے ہو اور ضعف سے مجبور بھی ہو

زیب و زینت سے اُنہیں فرصت نہیں ہر آئینہ
رات بھر ہے روئے دشمن اور دن بھر آئینہ

شکلِ خوبانِ جہاں رہتی ہے ہر دم دلنشیں
کچھ عجب رکھتا ہے خوبی مقدر آئینہ

شکلِ خوب و زشت ہے اُس میں ہویدا صاف صاف
حق نمائی کا مگر رکھتا ہے جوہر آئینہ

معرکہ گیر ہے قاتل سخت جانی سے ضرور
خوں ٹپکتا ہے جو چشمِ جوہرِ شمشیر سے

اب بھی جذبِ سوزِ پنہاں کام مرے قاتل نہیں
آب تک تو کھنچ گئی قاتل تری شمشیر سے

خوف ہے ضعف کے آزار سے
دب نہ جاؤں سایۂ دیوار سے

* کچھ صفائی تن پہ زور سے کھلتا نہیں + اے خوشا زخمے کہ آید ناگہ از پہلوئے دوست

شاد ہوتے خواب میں دیدار سے — آنکھ لڑتی طالعِ بیدار سے
اب تو گر پڑتی ہے اُٹھ اُٹھ کر نظر — تھک گیا ہوں انتظارِ یار سے

کیوں نہ اے جادوؔ ہے نازِ خیال
طرزِ مومن ہے عیاں اشعار سے

کچھ اُس انداز سے دیکھا کہ رحم آ ہی گیا اُن کو — مری خوش قسمتی میری نگاہِ واپسیں نکلی
ہزاروں رنگ بدلے حادثاتِ دہر نے لیکن — نہ سر سے آسماں سرکا نہ پاؤں سے زمیں نکلی
کسی کا وصل کی شب ناز سے منہ پھیر کر کہنا — کسی کے دل کی حسرت اب بھی نکلی یا نہیں نکلی
قضا آئی جو فرقت میں ہوئیں سب مشکلیں آساں — کہ حسرت بن کے سینے سے مری جانِ حزیں نکلی
ہوئی جب آنکھ سے باہر دلِ بسمل میں جا بیٹھی — نگاہِ نازِ قاتل بھی عجب پردہ نشیں نکلی
بنایا آسماں اوجِ مضامیں سے اُسے جادوؔ — زمانے میں نئی جب شعر کی کوئی زمیں نکلی
سرِ محفل نہ دیکھو تم کنکھیوں سے مری جانب — کہیں رکھ دیں نہ تہمت کوئی تہمت رکھنے والے

جادو جادو

جادو۔ منشی محمد رکن الدین جادو دہلوی خلف خان بہادر مولوی محمد انوار الحق مرحوم سابق میر منشی زرید ٹی راجپوتانہ۔ پہلے اپنے چچا ادیب مرحوم کے شاگرد اور تا آوان تخلص کرتے تھے۔ پھر حضرت داغ دہلوی مرحوم کے شاگرد ہوئے۔ علمی استعداد کافی ہے۔ مزاج میں وارفتگی زیادہ ہے۔ ریاست بھرتپور میں نائب میر منشی تھے۔ پھر ترک روزگار کر کے دہلی چلے آئے۔ اب سُنا ہے کہ پھر اپنی قدیم ملازمت پر بحال ہو گئے ہیں۔ جوان تیز طبع اور مزاج میں ظرافت خلقی ہے۔ مولانا عبد الحق محدث دہلوی کے خاندان سے ہیں۔ اپنے والد کے ہمراہ راجپوتانہ کی اکثر ریاستوں کی سیر کی ہے۔ یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے۔

سمجھ لو اپنے دل میں پوچھنا کیا — ہماری آرزو کیا مدعا کیا
ہو جان کو گر ایک مصیبت تو روئیے — دل بھی یہاں بلا تو ترے اختیار کا
بیوجہ آسماں نہیں گردش میں رات دن — اس پر پڑا ہے صبر کسی بے قرار کا

وے کے دل آپکو اے جان چلے آتے ہیں
بیچکر دین مسلمان چلے آتے ہیں

کس کو دھوکے میں کیا قتل لگے ہاتھ کہ وہ
ہاتھ ملتے ہیں پشیمان چلے آتے ہیں

دیکھکر مجکو وہ کہتے ہیں یہی ہیں جادو
یہ جو چلتے ہوئے انسان چلے آتے ہیں

عدو کو بیٹھکر پہلو میں میرے یاد کرتے ہیں
کبھی وہ شاد کرتے ہیں کبھی ناشاد کرتے ہیں

دلنواز آپ تو فرمائیے کیا دیتے ہیں
دل اُنہیں کا ہے کہ دل اہلِ وفا دیتے ہیں

مرمٹا تیرا تصور بھی ہمارے دل پر
مٹنے والے وہ بلا ہیں کہ مٹا دیتے ہیں

زندہ رہجاتے ہیں جی جاتے ہیں مرنے والے
معجزے تیرے مسیحا کو جلا دیتے ہیں

وہ کسیکے نوکِ مژگاں کی کہاں اب چھیڑ چھاڑ
ڈھونڈھتے ہیں زخم کوئی نیش زن ملتا نہیں

تم نہیں پہلو میں کیا دل نے بھی کی پہلو تہی
تم نہیں ملتے تو دل بھی جانِ من ملتا نہیں

ہائے کیا ناشاد ہے جادو کہ جسکو بعدِ مرگ
عشق کی سرکار سے گورِ کفن ملتا نہیں

جادو اب اغنیائے زمانہ کا ہے یہ حال
دیتے نہیں فقیر کو ٹکڑا اُٹھا کے ہاتھ

سُنتا ہوں کہ مہمان وہ بُت فیکے گھر ہے
پتھر پڑیں اس پر کہ دُعا کا یہ اثر ہے

بالیں پہ سرِ شام کوئی رشکِ قمر ہے
اے بے خبری تجھکو بتا کچھ بھی خبر ہے

رہے کمبخت کیا ٹھکانے سے
بن گئی دلپر دل لگانے سے

وہ اٹوکھا جو ہے زمانے سے
روٹھتا ہے مرے منانے سے

کیا زمانہ ہے دوستی کا تری
دشمنی ہو گئی زمانے سے

جو رمیں بھی ترے اک چیز ہے لذت والی
لطف کا جس میں مزا ہو وہ ستم اچھا ہے

کھوٹے داموں بھی مِلوں دولتِ دنیا ہرگز
کہ درم سے مجھے یہ داغِ درم اچھا ہے

اُن کو دعویٰ تو ہے مجھسا نہیں دُنیا میں کوئی
لیکر آئینہ جو دیکھیں گے تو حیراں ہونگے

جادو ۔ منشی تہور حسین صاحب جادو ۱۲۸۳ھ میں پیدا ہوئے ۔ آپ کی طبیعت خداداد آغاز شباب سے شعر و سخن کی طرف متوجہ رہی ہے ۔ سترہ اٹھارہ سال کی عمر میں حضرتِ جلال لکھنوی

جادو

مرکا ہیدہ اس قدر ہوں فرقت میں ۔ ۔ ۔

کی شاگردی کا فخر حاصل کیا اُسی وقت سے بصیغہ فوج ریاست رامپور میں ملازم رہے خدمتِ کار منصبی سے جسوقت فرصت ملتی تھی غزل گوئی میں مصروف رہتے تھے۔ بہت سا کلام جمع ہو گیا تھا پندرہ سولہ سال کا زمانہ ہوا کہ ایک پیر روشنضمیر کی خدمت میں حاضر ہو کر مرید ہو گئے۔ ان کے فیض صحبت سے زیادہ فرصت کا وقت یاد الٰہی میں صرف ہوتا ہے۔ یہانتک فقر کی جانب طبیعت راغب ہوئی کہ فوج کی ملازمت سے دست بردار ہو گئے۔ رات دن گوشۂ تنہائی میں یادِ خدا کرتے رہتے ہیں۔ اسی حالت میں وہ مجموعہ تصنیف تلف ہو گیا۔ دس بارہ سال سے ایک مصرع بھی کہنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ دو سال ہوئے کہ احباب کے مجبور کرنے سے کبھی کبھی غزل کہہ لیتے ہیں ورنہ ہر دم ذکر الٰہی میں مستغرق رہتے ہیں دنیوی ساز و سامان سے تنفر ہے گیروا کرتا گیروا تہبند زیب تن رہتا ہے۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

نمایاں حسن کرتا ہے تو مجکو کیوں رُلاتے ہو
مہِ روشن چھپا دیگا برسنا ابرِ باراں کا

اُڑائیں دھجیاں جب پیرہن کی دستِ وحشت نے
غُبار کوئے جاناں نے تنِ عریاں مرا ڈھانکا

تصور نے ترے ظالم یہانتک تفرقہ ڈالا
کہ ملنا ہو گیا دشوار اب مژگاں سے مژگاں کا

خیالِ یار بچتا تھا اگر ایذا رسانی سے
دلِ مجروح میں تارِ نفس کا کیوں دیا ٹانکا

کسی فن میں تو کامل ہو بقول آتش کے اے جادو
نشاں رہتا نہیں ہے نام رہجاتا ہے انساں کا

اللہ ری لاغری کہ مرا جسمِ ناتواں
حدِ گمان و وہم سے باہر نکل گیا

نام مرا فالیا تھا کہ جادو زباں کٹی
اچھا ہوا کہ کچھ اور نہ منہ سے نکل گیا

روئے جاناں کا تصور بنگیا انوارِ صبح
راتدن حاصل ہے آنکھوں کو مری دیدارِ صبح

اپنا اپنا بخت ہے اب دیکھو جاتا ہے کہاں
شام کا وعدہ ہے مجھ سے غیر سے اقرارِ صبح

داغِ دل جلتا ہے دوزخ کا نمونہ ہو کر
چشمِ تر نے نہ بجھایا اسے دریا ہو کر

دیکھ لینا یہی رونا ہے تو آنسو میرے
ایکدن غرق کریں گے مجھے دریا ہو کر

جس اذیت کا نہ دُنیا میں ٹھکانا ہو کہیں
دل میں آ بیٹھے مرے میری تمنا ہو کر

نوٹ: اس مضمون سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ جادو نے اپنے حالات کو کس طرح پوشیدہ رکھا ہے

آنکھیں تلوؤں سے ملیں میری زباں کاٹی گئی
کون دُنیا میں فغاں کرتا نہیں روتا نہیں

حالِ غمگیں حالِ خستہ ایک ہے پھر فرق ہے
زخمِ دل ہنستا ہے اکثر میں کبھی ہنستا نہیں

نیک و بد جادو کو سیکاو دیکھتا ہے کس لئے
جب تجھے اچھا بُرا اپنا نظر آتا نہیں

فریاد آہ کے در سب بند ہو گئے ہیں
ضبطِ فغاں کی مُہریں میری زبان پر ہیں

بیہوشیٔ جنوں میں یہ بھی خبر نہیں ہے
بیٹھے ہیں ہم زمیں پر یا آسمان پر ہیں

عشقِ بتاں کے صدمے حوروں کی آرزوئیں
دونوں جہاں کے جھگڑے اِس ایک جان پر ہیں

نہ بیٹھو تھک کے اے جادو اُڑاؤ خاک جنگل کی
کرو کچھ دشت پیمائی ابھی بیدست و پا یوں ہو

دلِ دل یوں ہے مرے نالہ شبگیر کے ساتھ
جیسے لپٹی ہوئی زنجیر ہو زنجیر کے ساتھ

رہ گیا قتل کا ارمان دلِ قاتل میں ہو
بسمل ناز کا دم کھنچ گیا شمشیر کے ساتھ

روح قالب سے تو پہلو سے مرا دل نکلے
تیری شمشیر ہمراہ ترے تیر کے ساتھ

فقرہ وہ چیز ہے جادو کہ گلیمِ درویش
ہمسری کرتی ہے دوشالۂ کشمیر کے ساتھ

کہا جب وصل ہو ممکن کوئی تدبیر ایسی ہے
وہ بولے تیرا منہ ایسا تری تقدیر ایسی ہے

جسے تو آئینہ میں دیکھکر ہے محوِ نظارہ
مرے چشمِ تصور میں بھی اک تصویر ایسی ہے

تنِ لاغر کو میرے دیکھ کر کہتا ہے وہ ظالم
مرے نقشِ کفِ پا میں بھی اک تحریر ایسی ہے

کوئی سر ٹھوکروں میں ہے کسی کا سر ہے زانو پر
نصیب ایسا کسی کا ہے کوئی تقدیر ایسی ہے

اُس خاکِ رہگذر میں میں ناتواں پڑا ہوں
نقشِ قدم کی صورت ہر اک مٹا رہا ہے

دلکو قرار ہے جگر کو قرار ہے
یارب یہ کس بلا کی شبِ انتظار ہے

ترے مژگاں کے زخمی ایک حالت پر نہ سب دیکھے
ہزاروں عمجیاں دیکھے ہزاروں جاں بلب دیکھے

بنا کر آئینہ تو دلکو اپنے دیدیا میں نے
تماشا اسکی قدرت کا وہ دیکھے یا نہ اب دیکھے

اسی کا نام عاشق ہے تلاش یار میں برسوں
کرے مثلِ فلک چکر نہ دن دیکھے نہ شب دیکھے

مری آنکھوں سے ٹپکی خون ہو کر آرزو دلکی
تری اُلفت نے مٹی میں ملا دی آبرو دل کی

رفاقت اِسکو کہتے ہیں محبت ایسی ہوتی ہے | رہی دلمیں کبھی دل سے نہ نکلی آرزو دلکی

جالب

جالب ۔ منشی سید بشارت علی دہلوی ۔ انگریزی اور فارسی میں بھی کافی استعداد رکھتے ہیں ۔ بڑے ذہین اور طبیعت دار شخص ہیں ۔ اخباری دنیا میں خاصی شہرت حاصل ہے ۔ مدرسہ چھوڑنے کے بعد سے مضمون نگاری کا مشغلہ ہے ۔ پیسہ اخبار ۔ اودھ اخبار ۔ روزانہ دہلی ۔ وطن ۔ وکیل شریف ۔ مخزن ۔ متعدد اخباروں میں اڈیٹری کر چکے ہیں ۔ مگر کسی جگہ جمکر نہیں رہتے اِس فن میں آپ کو خاصہ ملکہ ہے ۔ نظم کیطرف توجہ کم ہے ۔ آپ کو حضرت داغ دہلوی سے تلمذ حاصل ہے اور ایکمرتبہ چند ماہ اُن کی خدمت میں دکن میں بھی رہے ہیں ۔ اب ۴۰ سال کی عمر ہے اور امرتسر میں کسی اخبار کے اڈیٹر ہیں ۔ چند غزلیں نظر سے گذریں انکا انتخاب حاضر ہے ۔

کسی عاشق پہ جب بیداد کرنا | ہمیں بھی اُو ستمگر یاد کرنا
وارفتہ جو کسی کی کمر اور وہاں کے ہیں | اُنکو خبر نہیں کہ کہاں ہیں کہانکے ہیں
جنت کا حال کھلگیا دورِ شراب سے | اُس میکدے میں ندبھی سارے جہانکے ہیں
ہم کچھ ہلاک نہیں جو مریں حور و خلد پر | ایک بُت پہ جان دیتے ہیں سو بستانکے ہیں
اے عندلیب تو نے کہا نے اُڑا لئے | یہ رنگ میرے نالۂ آتش فشاں کے ہیں
اُن سے اُمیدِ وفا بالکل فضول | اور اپنی تاب و تب بے فائدہ
حالِ دل کہنے پہ یہ پایا جواب | بس زیادہ بک نہ اب بے فائدہ
اپنے بیماروں کو مرجانے بھی دے | تم ہوئے عیسیٰ لقب بے فائدہ
جالب اب گستاخ ہی بنجاؤ تم | لیجئے کس کا ادب بے فائدہ
جالب خدا کیواسطے اس پیر میں نہ آ | زلفوں میں پھنسکے دل کا نکلنا محال ہے
چھوڑ دے خود نمائیاں اتنی | کہیں تجھکو نظر نہ جائے
اپنا مرنا بھی میں قبول کروں | غیر کا تُو اگر نہ جائے

زلف و ابرو کجی پہ ہیں ہر دم		کہیں آپس میں شر نہ ہو جائے	

جان **جان** ۔ جان علی جان ۔ قرابتدار نواب بیرم خاں منغفور امیر عہد احمد شاہ بادشاہ ۔ میر تقی میر کے شاگرد تھے اور آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے ۔ ایک شعر ملاحظہ کیا گیا ۔

ذکر اُس زلف کی درازی کا		صبح سے تا بہ شام ہوتا ہے	

جان **جان** ۔ اشرف خاں جان ۔ شاگرد شیخ غلام ہمدانی مصحفی ۔ غازی الدین حیدر کے زمانے میں لکھنؤ میں رہتے تھے ۔ دیوان مرتب ہو گیا تھا مگر اُسنے شہرت نپائی ۔

دل دیکے تجھپہ کو یار ترا یار میں ہوا		البتہ یہ خطا ہے گنہگار میں ہوا	
مانند شمع نور ہے روشن خدا کرے		کاٹا جو تو نے سر تو سبکسار میں ہوا	
اے داغ سینہ باعث شہرہ ہوا ہے تو		مانند لالہ سب میں نمودار میں ہوا	
ہر ہر قدم پہ پیسیگا دلکو مرے وہ شوخ		آفت ہوئی کہ مائل رفتار میں ہوا	
نظارہ اُسکا کرتے ہی حیرت سی ہو گئی		دروازہ سے وہ نکلا تو دیوار میں ہوا	
آنکھوں نے تیرے باغ میں رنگ کیا دگر		نرگس کو جا کے دیکھا تو بیمار میں ہوا	
بوسے لئے لشت میں لب سرخ رنگ کے		غافل ہوا وہ شوخ تو ہشیار میں ہوا	
اے جاں مرے غریب کو تو دیکھ تو ذرا		بیگانہ ہو کے محرم اسرار میں ہوا	

جان **جان** ۔ جانعالم خاں لکھنوی خلف نواب منور خاں منغفور ۔ برادر خرد نواب روشن الدولہ ظفر خاں فن سخن میں میر سوز مرحوم سے اصلاح لیتے تھے ۔ نثر بھی خوب لکھتے تھے ۔ فی الجملہ علوم عربیہ سے واقف تھے ۔ خط نستعلیق و شکستہ میں ید طولی حاصل تھا ۔ یہ اُن کے اشعار ہیں ۔

چھوڑ عارض دل نے گھیرا زلف مشکیں فام کا		صبح کا بھولا غنیمت ہے جو پہنچے شام کو	
لگا خوبان نوخط سے یہ ملنے کہ		گھسیٹا پھر مجھے کانٹوں میں دل نے	
اُس سنگدل کے دل میں ذرا بھی نہ راہ کی		دور از اثر صدا رہی مہت تیری آہ کی	
بیٹھا ہوں یار آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے		جوں تا بداں میں شیشۂ رنگیں دھرے ہوئے	

جانصاحب

جانصاحب - میر یار علی ولد میر امن۔ شاگرد نواب حاشور علی خاں لکھنوی۔ لکھنؤ انکا اصلی وطن تھا مگر آخر عمر میں بہ سبب ملازمت زیادہ تر رامپور میں رہے۔ زندہ دل جندہ پیشانی مرنج مرنجان آزاد منش شخص تھے۔ فنِ شعر کا ہر اک شایق۔ ان کے نام اور طرز کلام سے واقف ہے کہنے کو اور بھی لوگوں نے اس کوچے میں طبع آزمائیاں کیں مگر جو نام انہوں نے پایا وہ اور کسیکو حاصل نہوا۔ دراصل سعادت یار خاں رنگین اور سید انشا اس طرز کے موجد تھے۔ مگر انہوں نے جو کچھ کہا تفنن طبع کے لئے۔ برخلاف اُنکے جانصاحب نے اپنی تمام عمر اسی خاص صنف میں بسر کردی اور اپنی خاص روش میں اُستادی کا رنگ پیدا کیا جیسا کہتے اچھا تھے پڑھتے بھی خوب تھے۔ سُنا گیا ہے کہ مشاعروں میں زنانہ لباس سے شریک ہوتے تھے۔ اور پڑھنے میں وہ وہ ناز آفرینیاں کرتے تھے کہ سامعین ہنستے ہنستے لوٹن کبوتر بنجاتے تھے۔

۱۸۴۸ء میں ہر چند کہ لکھنو آباد اور شاہی برقرار تھی جانصاحب بہ تلاش معاش دہلی آئے اور یہاں سے پھر بھوپال پہونچے۔ مگر نا کام رہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ لکھنؤ جیسے شہر میں جہاں شاہی میں ہُنر برستا تھا انہیں معاش کی طرف سے کبھی و کبھی حاصل نہیں ہوئی اسے شومیِ تقدیر کہو خواہ ناقدردیِ فن۔ ۱۲۹۰ھ میں ۶۳ برس کی عمر تھی اور رامپور میں نواب کلب علی خاں کے دامنِ دولت سے وابستہ تھے۔ ۷۰ برس سے زیادہ عمر پاکر انتقال کیا۔ مستورات کے رسم و رواج خیالات اور جذبات سے خوب واقف تھے۔ اور اکثر ایسے ہی مضامین نظم کرتے تھے۔ عورتوں کے روزمرہ اور محاورات میں حیرت انگیز دسترس حاصل تھی۔ ان کے اشعار مخرب اخلاق و خلاف تہذیب مضامین سے مملو ہیں اسی وجہ سے اب ایک عرصہ سے انکا کلام چھپنے کی ممانعت ہوگئی ہے۔ عرصہ ہوا دو دیوان چھپے تھے اون میں سے کچھ اشعار منتخب درج کئے جاتے ہیں جو دائرہ تہذیب سے خارج نہیں۔

خصم دوجور دو نکالے ہوا چوسر کا پانسہ ہے اگر دوزخ نہوتا قدر کرتا کون جنت کی	بدی جس سے کریگا سامنا ہو دیگا ذلت کا ہے رتبہ سوم کی جنت سے حاتم کی سخاوت کا

پڑھائی کیوں زلیخا مولوی صاحب نے یوسف کو
کیا خانہ خراب اُسکو دکھایا کوچۂ الفت کا

نہ پھینکا ڈھیلا نہ کھنکارے چپ چلے آئے
کسی کے گھر میں کوئی بے خطر نہیں آتا

کھلتی ہے جبھی ٹھوکریں کھانے کی حقیقت
سر پر جو کوئی چاہنے والا نہیں ہوتا

یہ دل مسوس کے چپ بھی رہا نہیں جاتا
گلا جو کرتی ہوں چاہت کا ہے مزہ جاتا

ہے منافع جو مسلّے سے سوا
سود کھانا بھی اب حلال ہوا

مر گئی سوت مگر غم نہیں بھولا مجکو
جانصاحب نہ کبھی دل سے یہ کانٹا نکلا

اُسکے قربان دو آنکھوں سے جو چار آنکھیں ہیں
کرتی مضمون ہوں آتو کی دعا سے پیدا

مرزا مقیم سینکڑوں آتے ہیں جوہری
گوہر نے گھر کو جوہری بازار کر دیا

کہے میں دیتی ہوں لاڈو خانم قسم خدا کی یہ دیکھ لینا
نکال لونگی میں دونو دیدے کیا کسی سے جواب شارا

چھوٹے دیور سے مرے پردا کیا
باجی صاحب اُوہی تم نے کیا کیا

بچی جو موئی میری داماد بہت رویا تو
مرنے پہ کھلی الفت ناشاد بہت رویا

ایک ایک نقطہ پر اجی لڑتے ہیں مرد دے
محفل مشاعرہ کی اکھاڑا ہے بھیم کا تو

تیسرے دن نہیں جلتے ہیں کسیکے گھر سے
اور رہجاؤ بوا آجکا دن آجکی رات

قبر میں روح کو صدمے ہوگا مرزا
سوت بچوں پہ اگر ہوگی خفا میرے بعد

کیا سخی اگلا زمانہ تھا بوا منصیار کو[1]
لاکھ توڑے دیدے اک لاکھ کی زنجیر پر

نہ دیکھ دولھا کو ساس نندوں کے آگے گھونگھٹ اُٹھا اُٹھا کر
نئی نویلی دولھن ہے بچی ابھی تو دو چار دن حیا کر

نکاحی بیاہی کو چھوڑ بیٹھے متاعی رنڈی کو گھر میں ڈالا
بنایا صاحب امام باڑہ خدا کی مسجد کو تنے ڈھا کر

کیا زمانہ بُرا ہے اچھی بی
کوئی کرتا نہیں کسیکا پاس

[1] نواب آصف الدولہ کی فیاضی کی طرف اشارہ ہے

یہ حسن کے ہیں گاہک مردونکو خوب دیکھا
یوسف بجا رہے گا بی بی غلام کب تک

بنوا شراف کے جوہر میں تکلیف سے کب
زنگ میں لاکھ ہو چھپتی نہیں تلوار اصیل

جان سولی پہ رہے گی مری بیتا منصور
بدنظر وہ ہیں نہ رکھونگی طرحدار اصیل

کچھ نہیں نرگس کو مرزا تن بدن کا اپنے ہوش
کام پر دیدہ لگے کیا دل لگا ہے یار میں

برسوں بچی کو نہیں پیار کبھو کرتے ہیں
پیار بھی کرتے ہیں تو کان میں فو کرتے ہیں

جو جو نہیں اٹھاتی تھیں سینے اٹھالیاں
بس بس زبان روکو ندو مجھکو گالیاں

میری ماما نے نکالی ہے ٹی مجھ سے چھیڑ
بھیجتی ہوں کہیں جاتی ہے یہ مردار کہیں

تل نہیں مانگ میں زنانی کے
یہ کنہیا کھڑا ہے گوکل میں

آنکھ لڑتے ہی ہو گئی عاشق
موہنی تھی موئے کے کاجل میں

سید اکل کھرے ہیں بوا کائنات میں
لیکن سمائی سبکی ہے شیخوں کی ذات میں

اٹھاتی جا کے عدالت میں ہیں بڑی روٹی
دوگانا کام تو جھوٹے گواہ کرتے ہیں

تم نہ آئیں دل بہت تڑپا ہمارات کو
ذکر ای گویاں رہا کیا کیا تمہارات کو

جانفصاحب میں نہوتے دونگی بچی کو سوار
دنکو کیا سوتی تھی لائے ہو سواری رات کو

یہ ورثہ کا جھگڑا ہے سنو چھوٹی ممانی
دو چار بڑے اپنے ہوں دو چار تمہارے

ہے خدا کی شان وہ افضل النسا خانم بنے
بیچتی پھرتی تھی گلیوں میں جو کھرنی فالسے

روز پھر آتی ہے لونڈی مری جاگر خالی
بھاڑ میں جائے کرایہ وہ کریں گھر خالی

کمال منہ کا نوالا نہیں ہے بی نعمت
خمیر چینی کا بارہ برس میں اٹھتا ہے

کیا رنجتی کہ کہکے کیا نام ہے پیدا
اے جان ترا عیب بھی بہتر ہے ہنر سے

ہنستے بچے کو رلا دیتے ہیں کیا خوبی ہے بری
اے کھلائی لے لے بازائی میں انکے پیار سے

کرونگی دھوم سے شادی بالنسبت تو میری ہے
گلہرا ہے مرا اور منجلی بھابی کی گلہری ہے

یہ بات سچ ہے جسے جس سے پیار ہوتا ہے
وہ لاکھ جان سے اسپر نثار ہوتا ہے

بہو تم ہو خسرو کا مال جو ہے وہ تمہارا ہے | | امانی جان کے اسمیں خصم کا کیا اجارہ ہے

انتخاب دیوان دوم

نزالا ہی نظر آیا اُٹھا پردہ جو غفلت کا | | تماشہ گاہِ عالم میں تماشا اُسکی قدرت کا
نکھٹو وہ نکلتا ہے خصم جسکو بتاتی ہوں | | کسیکے پاس روٹی ہے نہ کپڑا میری قسمت کا
سوکن نے پائجامہ پہنا ہے گلبدن کا | | پھولونیں تل رہا ہے کانٹا مرے چمن کا
سید ہا بنایا جائے بانکا جو ٹیڑھی بولے | | شاہی میں لطف تھا کچھ اے بتو بانکپن کا
وحشی کو رام کرکے ایسی کتھا سُنائی | | ہر دم دوگانہ کلمہ پڑھتی ہے برہمن کا
بتاؤں ٹوٹکا وہ چھوڑدیں رنڈی کو خود بہنا | | تم اپنی بائیں لٹ چھٹنے لگے جبدم گھن دھنا
صبر ہمکو کیا ہو شیریں شیر ہے کچا پیا | | دنکو جو روٹی ملی دھڑکا رہا پھر رات کو
کہیں دیدے گھٹنوں کے آگے نہ آئے | | قسم جھوٹی سچی نہ کھاری دوگانا
وہ شوہر مار رنڈی ہوں نہ گور و نسے ڈری ہیں | | بھگدڑ میں قدم شہر سے باہر نہ نکالا
قسمت کا مری پھیر رہا دم کے مرے ساتھ | | اس راہ کا خالق نے بھی چکر نہ نکالا
بیٹی ہی نہیں کہنے میں وہ غیر کا بچہ | | سچ پوچھو تو کیا زور ہو دادا دپہ اپنا
سہرے دیکھے ہو چکے بچوں کے بچے آبوا | | کوئی باقی ہی نہیں دلمیں مرے ارمان اب
اعمال نامہ میرا فرشتوں نے کھو دیا | | صدشکر ہوگا حشر میں کیونکر حساب اب
بے ماکے صدا اُٹھاتے نہیں زنہار باپ | | جو رو کے مُنہ سے کرتے ہیں بچوں کو پیار باپ
بنو مثل یہ سچ ہے پسند ہی ماں بھلی | | بہتر نہیں ہے ہو جو تونگر ہزار باپ
دل مُوا پیار جسے کرتا ہے کہتا ہے اُسے | | اپنے ہاتھوں سے ہے خالق نے بنائی صورت
ایک دم بھر کے تو جینے کا بھروسہ ہی نہیں | | کرتے حاکم ہیں بوا قید کی میعاد عبث
اُڑیں یہ مرغ کبوتر بٹیر کنکوے | | اُٹھے حرام میں پیسہ تو پائے کیا محتاج
خدا کو پیارے ہیں سید ہے بھی اور شیر بھی | | جو ایک تیر کو بخشا تو اک کماں کو شرف

ہزار ریختی گو جان منہ پر چڑھائیں مرا ۔ ملیگا ایسا نہ اُن کے فرشتہ خاں کو شرف
بنا سپاہی موا بیچتا تھا تل شکرے ۔ خدا کی شان یہ پیدا کئے کرارے ڈھنگ
لالوں کی لال ہوں میں دونو جگہہ وطن میں ۔ سسرال ہے بدخشاں میکہ مرا ئین میں
ریختی پڑھکے بڑھاپے میں مٹکتا ہے بوا ۔ جانصاحب کی اجی دیکھو حماقت نہ گئی

جاوید

جاوید - حکیم عبدالنبی خاں خلف سید نورخاں حسین اور نیک طینت شخص تھے حضرت منیر شکوہ آبادی مرحوم کے شاگرد اور فن طب میں دستگاہ رکھتے تھے سنہ ۱۲۹۰ ہجری میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے -

راس رچپ بیٹھے ہوئے ہیں غیر بزم عیش میں ۔ دل مرا ٹھیرے کہاں خالی نہیں پہلو کوئی دست
خموشی اس لئے دیوانگی میں ہے حاصل کی ۔ خدا جانے وہ کیا پوچھے ہمارے منہ سے کیا نکلے
حضرت جاوید عشق چشم مست اچھا نہیں ۔ خاک میں ملجائے گی یہ پارسائی آپ کی

جاوید

جاوید - مولوی سید محمد کاظم - لکھنوی شاگرد رشید واُستاذزادہ خورشید لکھنوی مرحوم - سید محمد جعفر اُمید مرحوم کے بیٹے ہیں - ان کے خاندان میں اکثر بزرگوں نے درجہ اجتہاد پایا ہے یہ بھی علمی استعداد زبردست رکھتے ہیں - اشعار سے کہنہ مشقی اور پختگی کا پتہ چلتا ہے - عیوب سے آپکا کلام پاک ہوتا ہے - ٹھمری وغیرہ کہنے کا بھی شوق ہے - یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے -

بنی تھی رہگذر میں قبر کیوں پامال ہونے کو ۔ کوئی کس منہ سے اب شکوہ کرے اُس آفت جانکا
اُداسی چارہ گر کے منہ پہ جب آتی ہوئی دیکھی ۔ میں سمجھا یہ کہ ٹوٹا زخم کا میرے کوئی ٹانکا
کفن پہنے ہوئے خود چاندنی آئے مرے گھر میں ۔ خدا عالم نہ دکھلائے شب مہتاب ہجراں کا
سُنا ہے مرکے بائیں خوب ہوتی ہیں فرشتونسے ۔ لحد جب بند ہوتی ہے تو دل کھلتا ہے انسانکا
جلا شباب میں جو دل بجھا وہ پیری میں ۔ چراغ صبح تھا اب اسکا اعتبار نہ تھا
کسے غرض تھی کہ روتا ہمارے ماتم میں ۔ کوئی لحد پہ بجز شمع اشکبار نہ تھا
ہزار بار رکھا ہاتھ اُسنے سینے پر تو تو ۔ کہ میرے دم کے نکلنے کا اعتبار نہ تھا

حد سے افزوں ہے یہ کہکر میں بھی اک مشکل میں تھا
سب سہی پر دور اتنا تھا کہ میرے دل میں تھا

تیر سینے میں ہے گر مہماں تو راحت دوں اسے
خود نکل کر یہ کہے میں بھی کسیکے دل میں تھا

حالِ دُنیا پوچھتے ہیں اہلِ محشر تو سُنیں
مرنے جینے کا مزہ سب کوچۂ قاتل میں تھا

اُٹھائیں دستِ نازک سے وہ خنجر ذبح ہوتا ہوں
میں کرلوں امتحاں انکا وہ کرلیں امتحاں میرا

خدا محفوظ رکھے سینکڑوں وسواس آتے ہیں
نہ ہنس ہنس کے وہ دیکھیں زخمِ قلبِ خونچکاں میرا

درِ جاناں پہ آکر حسرتیں بھی مرگئیں دل بھی
پہنچکر آج منزل پر لُٹا ہے کاروان میرا

کہیں ایسا نہو مرجاویں حسرت ہی حسرت میں
جو لینا ہو تو لے لو سب سے پہلے امتحاں میرا

نہ جانے وصل میں کیا تھا ہوا ہے ہجر میں کیا
جو پھول کل تھے وہ کانٹے ہیں آج بستر پر

مرکے دکھلایا کہ اسکا نام ہے انجامِ عشق
کام کہتے ہیں جسے وہ کرگئے ناکامِ عشق

عبث دلو نہیں کہ دورت کو دوست رکھتے ہیں
یہ آئینہ ہیں بھلا کب غبار کے قابل

لیے سنگروں سے پڑا تھا مقابلہ ہر دل
ہمنے شباب میں بھی نہ دیکھی بہارِ دل

مردہ وہ حسرتیں ہیں جو تھیں غمگسارِ دل
ویراں ہے مثلِ گورِ غریباں مزارِ دل

تصور سے دلِ ناشاد اپنا شاد کرتے ہیں
جنھیں تم بھولجاتے ہو وہ تمکو یاد کرتے ہیں

ہماری عمر آخر کٹ گئی ساری اسیری میں
یہی سنتی چلی آئی کہ اب آزاد کرتے ہیں

کون کہتا ہے کیا تھا تنے وعدہ وصل کا
عذر مجھکو کچھ نہیں جھوٹی قسم کھاتے ہو کیوں

پروانہ غم میں شمع تھی رنج و ملال میں
دونو غریب رات کو تھے ایک حال میں

پھر شرگیں نگہ سے ادھر دیکھ لے ذرا
فرق آجائے گا تری حسن و جمال میں

اسکو ہماری فکر نہ کچھ ہمکو اسکی فکر
دل اپنے حال میں ہے تو ہم اپنے حال میں

دل میں کبھی تو آنکھوں میں رہتے ہو تم کبھی
اب میں ہوں بیقرار کہ تم بے قرار ہو

مرنے کی اک اُمید پہ جی جائیں بے نصیب
تم بھی کسی کے غم میں اگر سوگوار ہو

پانی کی اور رائے ہوا کا کچھ اور حکم ہے
اب کس طرف سفینۂ عمرِ رواں چلے

جاہ — راجہ جنگ بہادر خاں کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ راجہ نان پارہ اودھ۔ طبقہ تعلقہ دارانِ اودھ میں بڑے ممتاز اور مقتدر رئیس گنے ہیں۔ اپنی بیدار مغزی، ہوشیاری اور خوش انتظامی سے ریاست کے ہر صیغے میں نمایاں ترقیاں کیں۔ رعایا اور حکام دونوں کو خوش رکھا۔ ۱۳۱۴ھ میں آپ کا دوسرا دیوان چھپا تھا اُسمیں سے چند شعر انتخاب کر کے لکھے جاتے ہیں۔ غزلوں کی نسبت دوہے اور ٹھمری کہنے کا زیادہ شوق تھا۔ آدمی فقیر دوست۔ سادہ مزاج اور خلیق تھے۔ ۱۸۹۱ء میں انتقال کیا۔ مال و جبس کے علاوہ ایک کروڑ روپیہ نقد خزانہ میں اپنے جانشین صاحبزادے کیلئے چھوڑا۔ اب اُنکا بھی انتقال ہوگیا اور ریاست زیر انتظام کورٹ آف وارڈ ہے۔

جاہ

سر بنا ہے کوہ تجلی حسن سے	کیا رنگِ ناز طور پر اے جاں دکھا دیا
سوزِ فراق آتشِ رخسار یار نے	کو عشق کی لگا کے مجھے کیوں جلا دیا
بسمل تڑپ تڑپ کے یہ کہتا ہے شوق میں	اک ہاتھ اور کیوں نہ ستمگر لگا دیا تو
ہیں حسینانِ جہاں سامنے سب تیرے خجل	چہرۂ حور کہوں یا رخِ پر نور کہوں
ہو قریب رگِ جاں گو ہو نہاں نظر دے نے	اس ادا سے تمہیں نزدیک کہوں دور کہوں

جاہ — نواب سید بنیاد حسین خاں جاہ رئیس اعظم کانپور۔ آپ نواب سید احمد حسین مجاں سالک مغفور کے فرزند رشید اور نواب معتمد الدولہ وزیر غازی الدین حیدر اول بادشاہ اودھ کی اولاد امجاد سے ہیں۔ چنانچہ شاہ موصوف نے جو وثیقہ اولاد نواب معتمد الدولہ کے لیے مقرر فرمایا تھا اُس سلسلہ میں زائد از ایک ہزار روپیہ ماہوار آپ کو بھی وثیقہ ملتا ہے۔ اسکے علاوہ زمینداری و دیگر جائداد بھی معقول آپکے ورثہ میں آئی ہے۔ علوم متعارفہ میں اچھی دستگاہ رکھتے ہیں۔ فن سخن میں حضرت امیر مینائی سے مستفید ہیں۔ پہلے وقار تخلص فرماتے تھے۔ اب جاہ تخلص کرتے ہیں۔ ماہ صیام ۱۲۸۰ھ آپ کا سال ولادت ہے۔ آپ کی تصانیف سے دو دیوان شایع ہو چکے ہیں۔ اور بیاض نوحجات۔ اقتباس الانوار بطور کشکول اور کتاب دُرِ ثمین بھی چھپ گئی ہیں۔ شعر شاعری کا شبانہ روز مشغلہ رہتا ہے اور حق یہ ہے کہ آپ کا مذاق شاعری نہایت صحیح و شستہ ہے۔ عادات و اخلاق میں بھی اپنے بزرگان

جاہ

محتشم کے قدم بہ قدم ہیں اور رُوسائے قدیم کی ایک عمدہ یادگار۔ اب کئی سال سے مرثیہ گوئی کا بھی شوق ہے۔ کئی برس سے اب اکثر لکھنؤ میں قیام رہتا ہے۔ کلام فصاحت التیام کا انتخاب ملاحظہ ہو

شام سے وصل میں جاگا جو مقدر اپنا
صبح تک یار کے زانو پہ رہا سر اپنا

حیا جائے تو نکلے دل سے ارماں وصل جانا نکا
یہ قیدی مُنہ تکا کرتا ہے زنداں میں نگہباں کا

لہو میں لوٹتے ہیں کشتگانِ خنجرِ الفت
عروسِ مرگ غازہ ملتی ہے خونِ شہیداں کا

متاعِ حُسن کی میزاں ہیں آنکھیں عشق بازوں کی
انھیں پلّوں میں سونا تُلتا ہے رخسارِ جاناں کا

عدم کا راہ رو اب راستے میں رُک نہیں سکتا
کفن پایا کہ پروانہ ملا شہرِ خموشاں کا

دمِ رخصت کہاں الفت گئی تھی یاد کر ظالم
جھٹک دینا وہ ہاتھوں کا چھڑا لینا وہ دامن کا

بتوں کی ہے یہ گلی جاہ دیکھ بھال کے چل
سنبھل سنبھل کے چل دل بیتاب کو سنبھال کے چل

نقاب ڈال کے چل چال کچھ سنبھال کے چل
ارے یہ عرصۂ محشر ہے دیکھ بھال کے چل

رخسارِ گلرخوں کے بھی قدرت خدا کی ہیں
کیا کیا کھلے ہیں گُل چمنِ کائنات میں

شیریں زباں ہو تم نہیں زیبا ہیں گالیاں
کیوں دو کسی کو زہر ملا کر نبات میں

حوروں سے کم نہیں ہیں حسینانِ دہر بھی
جنّت کے پھول ہیں چمنِ کائنات میں

دلہائے داغدار کو دے زلف میں جگہ
روشن چراغ ہوں ترے گیسو کی رات میں

جو تڑپائے گا فرقت میں دلِ اندوہگیں مجھکو
اُگل دیگی دفینہ کی طرح فوراً زمیں مجھکو

بینا نہیں ہے چشمِ بصارت اگر نہو
آنکھیں ہیں دیکھنے کی جو نورِ نظر نہو

آفت کا سامنا تھا بڑی خیر ہو گئی
دل جا چکا تھا بیچ میں چلمن اگر نہو

ظلم کی عادت بڑھی جور و جفا کی خو بڑھی
مشقِ ستم کی بڑھے جتنا ستمگر تو بڑھے

کچھ راستہ ملے تو اشارہ کریں حضور
تیغِ نظر چلے تو چھٹے بھیڑ راہ کی

ہجر میں دے نہ سکا ساتھ ہمارا کوئی
دل جگر دونوں میں نکلا نہیں اپنا کوئی

عاشقوں ہی پر ہے سارا زور تیرا اے جنوں
قیس دیوانہ ہوا لیلیٰ نہ دیوانی ہوئی

آپ کے جاتے ہی پھر رخصت ہوا صبر و قرار
پھر شکستِ رنگ کی رخسار پر لالی ہو گئی

جب ہوئے گویا لبِ رنگیں بڑھا حسنِ کلام
غازۂ روئے سخن ہونٹوں کی لالی ہو گئی

یاد میں اُس مہ وشِ کے ہجر میں کیں گریاں
لیلیٰ شب دھوپ کھا کر اور کالی ہو گئی

سامنے اس روئے روشن کے جو پایا جب فروغ
ایسی سمٹی چاندنی چاندی کی تھالی ہو گئی

جاہ - جناب سکندر جاہ صاحب لکھنوی تلمیذ جناب ثاقب بدایونی - حالات باوجود کوشش دستیاب نہیں ہوئے - کلام بہم رسیدہ سے چند شعر منتخب ہو کر درج ہوئے -

جاہ

ساقی ترے کرم کو بہت دیر ہو گئی
لینا خبر کہ نشۂ مے ہے اُتار پر

اللہ رے نازِ حسن تری بے نیازیاں
دو پھول بھی چڑھانے نہ آئے مزار پر

ہمارا مال وہ ایک ایک گن کر مول لیتے ہیں
کبھی دل مول لیتے ہیں کبھی سر مول لیتے ہیں

خدا کی یاد میں فانی کہاں ہیں حضرتِ زاہد
یہ حورانِ جناں ہستی مٹا کر مول لیتے ہیں

خدا حافظ ہے ان عشاق کا بازارِ اُلفت میں
بتوں کا حسن ایماں تک مٹا کر مول لیتے ہیں

ہمنشیں چھیڑ کے گذرے ہوئے افسانے کو
اور دیوانہ بنا دیتے ہیں دیوانے کو

تجھ پہ قربان جو ہوتے مجھے دیکھا سرِ بزم
شمع جل جل کے جلانے لگی پروانے کو

عمر بھر ناصحِ نافہم جو سمجھائے گا
راہ پر لا نہ سکے گا ترے دیوانے کو

آ گئے اس دلِ مضطر کے کہے میں ہر بار
ہم بیگانہ ہی سمجھتے رہے بیگانے کو

مر نہ جاؤں کہیں گھٹ گھٹ کے قفس میں صیاد
کب سے بیچین ہوں گلشن کی ہوا کھانے کو

دیکھو ہو جائے نہ محفل میں قیامت برپا
کچھ ہنسی کھیل نہ سمجھو مرے تڑپانے کو

بیطرح سر مرے نالوں نے اٹھا رکھا ہے
کیا فلک سے ہے کوئی تازہ بلا آنے کو

محتسب دیدۂ بد بیں سے جو دیکھے اے جاہ
اپنی آنکھوں میں چھپا لوں ابھی میخانے کو

رشکِ اغیار کی اک عمر خلش مٹ نہ سکی
یہ وہ کانٹے ہیں کہ سینے سے نکالے نہ گئے

بیکسی کہتی ہے شاہوں کی لحد پر اے جاہ
کچھ بھی دنیا سے یہ حسرت کے سوا لے نہ گئے

جدت

جدت - منشی محمد عزیز الرحمن خاں نام - جدت تخلص - آفریدی سیاہ خیل پٹھان وطن فرخ آباد - خلف الصدق محمد عبد الرحمن خاں صاحب ہیڈ کلرک و مترجم عدالت جج فتحگڈھ ضلع فرخ آباد - چونکہ ان کے والد ماجد حضرت پیران پیر دستگیر کے بدل معتقد اور نیاز گیارہویں کے پابند تھے اس واسطے اِن کا تاریخ گیارہ ماہ پیران پیر کو پیدا ہونا خاندان میں نہایت مبارک خیال کیا گیا۔

آپ شاعری میں حضرت واغ دہلوی کے شاگرد ہیں - ذیل کے ناول اُنکی تصانیف سے ہیں جن میں سے چند طبع ہو چکے ہیں - ماہ کامل - بدر - میاں بی بی کا مکالمہ - رشید و مجید وغیرہ وغیرہ مدت تک اخبار انیس ہند میرٹھ - اودھ پنچ - لاہور پنچ - اگرہ پنچ وغیرہ کی نامہ نگاری کئے ہے - ذیل کا منتخب کلام اُن کی جولانی طبع کا نمونہ ہے۔

قتل مجھکو بے خطا جیسا کیا
یہ تو کہئے آپنے یہ کیا کیا

کوسا کاٹا گالیاں دیں آپنے
میں نے جھوٹوں بھی کبھی شکوا کیا

مرضِ عشق کا مسیحا جو اچھا ہوگا
لبِ جاں بخش سے اعجازِ مسیحا ہوگا

تم ملو غیر سے میں تم سے ملوں خوب کہی
کوئی متاہی اگر ہوگا تو ایسا ہوگا

میں نے پوچھا جو مزاج اُنکا تو یہ فرمایا
آپ کی جان کو ہر وقت دعا کرتے ہیں

مُنہ کو آنچل سے چھپاتے ہیں بُرا کرتے ہیں
کوئی پوچھے تو بھلا آپ یہ کیا کرتے ہیں

واعظا کون ہے تو ہمکو ڈراتا کیوں ہے
جس کے بندے ہیں اُسی کی تو خطا کرتے ہیں

اُن کی آمد کی خبر جب سے سُنی ہے قاصد
رات دن بیٹھے ہوئے در کو تکا کرتے ہیں

جو دکھایا گیسوئے پُرشکن کو تو عالم پیچ و تاب میں ہوں
نکیلی پلکوں نے چھانا تن کو بلا کے قہر و عذاب میں ہوں

نہ جان و تن کی خبر ہے مجکو نہ فکر و دردِ جگر ہے مجکو
یہ بیخودی کا اثر ہے مجکو کہ جیسے شغلِ شراب میں ہوں

رہا وعدوں پہ کوں اپنے نہ قایم تُو
اِدھر تو دیکھئے آنکھیں مِلا کے

بجائیگی ہماری آہ خالی
جلیں گے آپ بھی ہمکو جلا کے

سنی جو رنج و فرقت کی کہانی تُو
بہت روئے گلے مجکو لگا کے

سوال وصل پر بولے وہ جدت — دغا کرتے نہیں گھر میں بُلا کے
چالیں چلتے ہیں نئی حشر اُٹھانیکے لئے — تُربتِ عاشقِ ناشاد مٹانیکے لئے
سُن کے یہ مژدۂ جاں بخش ہوا شادی مرگ — کہ وہ آئیں گے جنازے کو اُٹھانیکے لئے
آپ کی خاکِ قدم کاش مجھے مل جائے — سُرمۂ دیدۂ بے خواب بنانے کے لئے
ہائے رے حسرتِ دیدار کہ مرتے مرتے — اُنکو اغماض رہا شکل دکھانے کے لئے
چال انکھیلیوں کی چلتی ہوئی آئی بہار — نیند سے سبزۂ خفتہ کو جگانے کے لئے

جدت - جناب مسعود رضا ساکن - مدوپور - بھاگل پور - معلوم نہیں کہ تلمذ کس سے ہے - اشعار میں سے پایا جاتا ہے کہ طبیعت دار شخص ہیں اور روزمرہ زبان پر اچھی دسترس ہے - جدت

یہ ڈھٹائی نہیں تو پھر کیا ہے — کج ادائی نہیں تو پھر کیا ہے
ہمسے نفرت ہے غیر سے الفت — میرزائی نہیں تو پھر کیا ہے
ہم ہیں مشتاق اور تم بیزار — یہ دُکھائی نہیں تو پھر کیا ہے
میں کشیدہ ہوں تم کشیدہ ہو — یہ لڑائی نہیں تو پھر کیا ہے
اُس کے در تک نہ پہونچ گے جدت — جب رسائی نہیں تو پھر کیا ہے

جدت - مستری محمد ابراہیم مقیم شملہ شاگرد شوکت میرٹھی - شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں - استعارہ بندی کی طرف زیادہ میلان ہے - یہ کلام کا رنگ ہے - جدت

دل مسکن حبیب تھا دل کا نشاں نہ تھا — حیرت کا ہے مقام کہیں تھا مکاں نہ تھا
کس کی چشمِ مست نے دلپر چلائی تیغِ ناز — زخمِ کے انگور میں بھی ہے مزہ انگور کا
شیخ صاحب گر مئے انگور پینا ہے حرام — کسنے جائز کر دیا کھانا تمہیں انگور کا
یہ کہا دل نے کہ میں بھی ساتھ اسی کے جاؤنگا — لے کے خط مجھسے جو رخصت نامہ بر ہونے لگا
وہ مجھکو قتل کر کے یہ کہتا ہے غیر سے — چکھو تو تم بھی خنجرِ فولاد کا مزہ
سینے میں یادِ دوست ہو اور دم لبوں پہ ہو — ایسی اگر ہو یاد تو ہے یاد کا مزہ

انساں ہے مبتلائے ہوس روح کا ہے قول	مشکل ہے تیرا چھوٹنا دنیا کے جال سے

جدید

جدید۔ منشی سید محمد مہدی صاحب جدید لکھنوی آپ حضرت تعشق مرحوم کے حقیقی بھتیجے اور جناب محمد مرزا اُنس کے پوتے ہیں۔ گویا خاندانی شاعر و مرثیہ گو ہیں ۱۲۸۵ھ ہجری سال ولادت ہے۔ تیرہ سال کی عمر سے شعر کہتے ہیں۔ پڑھتے بھی خوب ہیں۔ محرم کے زمانہ میں حسب معمول خاندان اکثر بیرونجات میں جاتے ہیں۔ چنانچہ اب کئی سال سے دکن تشریف لیجاتے ہیں۔ حضور نظام کی خدمت میں بھی باریاب ہو چکے ہیں۔ مذاق سخن بہت شستہ اور درست ہے۔ مشق سخن کا پوچھنا ہی کیا۔ رہی غزل گوئی وہ مرثیہ کے مقابلہ میں کیا چیز ہے۔ آپ کی زباندانی کی تعریف فضول ہے کیونکہ وہ ان کے خاندان کا حصہ ہے۔ اسکے علاوہ نزاکت خیال اور مضمون آفرینی بھی آپ کے کلام میں موجود ہے۔ بہرحال ان کا کلام ہر طرح پاکیزہ اور ستھرا ہے۔ سن شریف ۶۰ سال کے قریب ہے۔ آپ کو مرثیہ گوئی میں جناب تعشق سے تلمذ ہے اور اب آپ لکھنؤ میں خود استاد مانے جاتے ہیں۔

دل ہوا خوں جو ترے تیر کا پیکاں نکلا	ظرفِ ماتم ہوا جب گھر سے یہ مہماں نکلا
وہ نہ آئے مرے لاشہ پہ بھی اللہ کرے	یہ تو کہنے میں نہ آئے کوئی ارماں نکلا
حسن وہ چیز ہے ہر ایک جگہ ہوتی ہے قدر	سبب رونقِ زنداں مہ کنعاں نکلا
ہمے حسرت سے نظر کی دلِ مایوس کی سمت	جب سنا یہ کہ کسی کا کوئی ارماں نکلا
اے زہے جوشِ جنوں اُف رے اسیری کی ہوس	دم بھی نکلا تو قریب درِ زنداں نکلا
قاتل نہ تُو نے تم کے تڑپنے کی سیر کی	جو کچھ تھا حوصلہ دلِ بسمل میں رہ گیا
اُسکی نگاہِ ناز میں تیزی زیادہ ہو	اک تیر تھا کہ آکے مرے دل میں رہ گیا
دریا گھٹا یہ دیکھ کے اُس بحرِ حسن کو	دھبہ سا ایک دامنِ ساحل میں رہ گیا
دنیا میں گرچہ میں نہ رہا تو نہیں سہی	ذکرِ وفا تو یار کی محفل میں رہ گیا
آخر کسی سے راہِ محبت نہ طے ہوئی	ہر ایک تھک کے عشق کی منزل میں رہ گیا
عمر سب نفس کی طاعت میں بسر کی میں نے	ہائے افسوس کسی دن نہ خدایا د آیا

دل کو تاراج کیا تو نے قیامت کر دی
تیرا ارمان بھی تھا اسمیں ترا راز بھی تھا

ضبط وحشت کا ہے دشوار ذرا حضرت قیس
مخمر کی بات نہیں آبلہ پا ہو جانا

وہ یہ کہتے ہوئے آتے ہیں مری لاش کیساتھ
چاہئے حق محبت سے ادا ہو جانا

ایسا ہے یار حسن رخ لاجواب کا
دریا میں ایک پھول پڑا ہے گلاب کا

جاتے ہیں اس خیال سے خود لیکے اپنا خط
ہم انتظار کر نہ سکیں گے جواب کا

عشق میں خاطر سبھوں کی چاہئے یکسار کریں
دل کے سو ٹکڑے ہوئے ناوک مژگاں کریں

زخم میرے دل سوزاں کے سے جاتے ہیں
جلتے جاتے ہیں وہ ٹانکے جو دیئے جاتے ہیں

اب خبر لیجئے لاش اٹھتی ہے مجبور ہوں میں
سب مجھے آپکے کوچے سے لئے جاتے ہیں

موت سو مرتبہ آ آکے پلٹ جاتی ہے
الٹی سانسیں ترے بیمار لئے جاتے ہیں

ظلم سے اپنے پشیمان ہوا وہ سفاک
آج ٹانکے مرے زخموں میں دیئے جاتے ہیں

اسیران کہن اس ڈر سے کب فریاد کرتے ہیں
کہیں گے آپ یہ سب شکوۂ بیداد کرتے ہیں

ترے آنے کا ذکر اور باتیں بیداد کرتے ہیں
یہ باتیں بہر تسکین دل ناشاد کرتے ہیں

جہاں میں عاشق و معشوق لاکھ چھوٹتے ہیں
کہیں جو رشتۂ الفت ہیں وہ بھی ٹوٹتے ہیں

مثال نشۂ مے نشۂ جوانی تھا
گیا شباب تو اب ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں

رباعی

والی کو یہاں کے شاد و خرم رکھیں
دشمن کو سدا ذلیل و برباد رکھیں

اسلام کا ہے ملک دعا مانگ جدید
محشر تک اسکو حیدرآباد رکھیں

آزمائے کوئی سوز عشق کی تاثیر کو
آبلے پڑ جائیں گر چھو لے مری تصویر کو

یہ نالہ پوچھتا ہے مجھ حزیں سے
ملا دوں آسمانوں کو زمیں سے

تیرے بیمار بگڑتے ہیں برا مانتے ہیں
اب کہے کوئی یہ کہتا ہے کہ حال اچھا ہے

ہے نئی ضد کہ پریشان کرینگے گیسو
جب سنیں گے دل بیمار کا حال اچھا ہے

بجا ہے اب جو کہیں لوگ اُن کو ہرجائی
تمام خلق کی آنکھوں میں سمائے ہوئے

نہ اُٹھی ایک سے تکلیف مرے لاش اُٹھانیکی
ہوئیں جب بند آنکھیں کیفیت دیکھی زمانے کی

فکر میں بیٹھے ہیں در پر مری لاش آئی ہے
دل سے فرماتے ہیں کیسی مری رسوائی ہے

پھول گر ہو جائیں یہ خوش قسمتی
آپ کا نٹے میرے حق میں بو چکے

جدیر

جدیر - جناب محمد امیر صاحب بلگرامی شاگرد جناب مرزا حاتم علی صاحب مہر ۱۸۹۰ء تک حیات تھے - باوجود تلاش زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے -

عشق کی جب سے عنایت ہو گئی
ہوش زائل عقل رخصت ہو گئی

کیا نظر آیا اُنہیں آئینے میں
کسکو دیکھا کیسی حیرت ہو گئی

خواب میں آیا نظر اُنکا جمال
عین ہشیاری یہ غفلت ہو گئی

کس پر یرو پر ہوئے عاشق جدیر
کیا ہوا کیوں زرد صورت ہو گئی

جذب

جذب - میر عزت اللہ عرف میر بھکاری - مقیم دہلی - بریلی کے معززین میں تھے - علوم رسمی سے آگاہ اور اکثر فنون سے واقف تھے - سرکار کمپنی کی طرف سے عہدۂ جاسوسی پر مقرر تھے اور اسی ذریعہ سے سیر و سیاحت میں مصروف رہتے تھے - وسط ایشیا کے نواح میں بخارا کے قریب مارے گئے طبیعت موزوں پائی تھی شعر و سخن کی طرف توجہ تھی - یہ اشعار اُنکے ہیں -

واں صفائی و خود نمائی ہے
یاں مری جان کی صفائی ہے

اے فلک مجھ سے اتنی بے مہری
یہ ترے دل میں کیا سمائی ہے

یاں ہوئے ہم تو جاں بحق تسلیم
واں ابھی عشق آزمائی ہے

جو کہ حلقہ بگوش نغمہ کے ہیں
ناک میں اُن کی جان آئی ہے

جذب چل دیکھ آستانۂ یار
ہم ہیں اور اُس کی جبہ سائی ہے

جذب

جذب - مولوی عابد حسین صاحب جذب شاگرد منشی جلیل احمد صاحب وجد سلیم المذاق اور طباع شاعر تھے - کلام سے شائستگی ٹپکتی ہے - زیادہ حال معلوم نہیں ہوا - یہ اشعار اُنکے ہیں -

تا زلیست تیری سمت خیالِ بشر نہ تھا
تو تھا جدھر گماں بھی کسی کا اُدھر نہ تھا

تیرے سوا کسی کا مرے دل میں گھر نہ تھا
انسان کیا بلا ہے پری کا گزر نہ تھا

ساقی یہاں تو شیشہ و ساغر کا ذکر کیا
خُم کا یہ حال ہے اِدھر آیا اُدھر نہ تھا

اِس سے تو گور تک بھی نہ پیچھا چھٹا مرا
دشمن تھا جان کا مرے دردِ جگر نہ تھا

مرتے ہی میرے جا کے ملو گے رقیب سے
ان قدموں کی قسم یہ گماں آپ پر نہ تھا

جب تک عزیز جان تھی ہر چیز کا تھا خوف
مرنے پہ بانہتے ہی کمر کچھ خطر نہ تھا

کس زندگی پہ جذب اکڑتے تھے صبح شام
جھونکا ہوا کا تھا اِدھر آیا اُدھر نہ تھا

جذب - حکیم علی حافظ جذب باشندۂ حکیم آباد - دورِ موجودہ کے شاعر ہیں - چند شعر درج کئے جاتے ہیں - جذب

گر نہ تھا گھر میں چراغ اپنے تو اچھا نہ سہی
داغ ہی سینے میں ہوتا کہ اُجالا ہوتا

جذب کیوں ناز حسینوں کے اُٹھانے پڑتے
دل ہی نایاب میں جو اے حضرتِ والا ہوتا

دل آ جائے تو اعلیٰ اور ادنیٰ سب برابر ہیں
جو بیخود ہو وہ کیا دیکھے بلندی ہے کہ پستی ہے

چل اے دل ہم بھی کچھ سودا کریں بازارِ خوباں میں
سُنا ہے آجکل جنسِ محبت خوب سستی ہے

نہ تو پھولوں کی چادر ہے نہ کوئی شمع ہے روشن
مزارِ بیکساں پر کیفِ حسرت برستی ہے

جرأت - مرزا مغل خلف عبدالباقی خاں ابن حمید الدین خاں ساکن نیچہ - مرزا رفیع السودا کے شاگردوں میں تھے - زندہ دل - شیریں گفتار اور نہایت قابل شخص تھے - بریلی میں انتقال کیا - زمانۂ وفات صحیح معلوم نہیں البتہ یہ معلوم ہے کہ ۱۸۴۰ء میں مر چکے تھے - یہ اُن کا کلام ہے - جرأت

بھلا تو مجھ سے تو کہہ کیا ہوا تجھے اے دل
جو اس طرح سے تو رہتا ہے میرے لال پڑا

پنٹ ہی حال پریشاں ہے آج سنبل کا
چمن پہ آہ یہ کس زلف کا د بال پڑا

کیوں نہ ہو میں جان و دل سے ہم نثارِ آئینہ
عکس ہے مکھڑے کا تیرے ہم کنارِ آئینہ

روبرو ہوتے ہی مفتوں کر لیا اُس شوخ کو	دیکھیو ٹک غور سے جرأت تو کارِ آئینہ
غیروں کا گر میں شکوہ یار و کروں عبث ہے	سو دشمنوں کا دشمن دل ہے یہ پاس میرے
حوں برگِ گل جھڑے ہیں گلشن میں زیرِ گلبن	لختِ جگر پڑے ہیں یوں آس پاس میرے

جرأت

جرأت - یحییٰ امان عرف قلندر بخش - اکبر آبادی مشہور ہیں مگر انکے باپ حافظ امان خاص دہلی کے رہنے والے تھے تمام تذکروں میں لکھا ہے کہ ان کے خاندان کا سلسلہ راے امان عہدہ دار محمد شاہ سے ملتا ہے۔ دہلی میں گھنٹہ گھر کے قریب راے امان کا کوچہ انہیں کا بنایا ہوا ہے۔ جرأت جعفر علی حسرت کے شاگرد تھے۔ فن شعر کے علاوہ نجوم اور موسیقی میں اچھی دسترس حاصل تھی ستار خوب بجاتے تھے۔ میاں جرات ۱۲۱۵ھ میں دہلی سے لکھنو پہونچے اور مرزا سلیمان شکوہ خلف شاہ عالم ثانی کی سرکار میں ملازم ہوگئے۔ وہاں میر انشاء اللہ خاں اور مصحفی سے اکثر صحبتیں رہتی تھیں۔ ایک مرتبہ تنخواہ میں دیر ہوئی حسن طلب میں ایک غزل کا مقطع کہا ؎

جرأت اب بندہ ہے تنخواہ تو کہتے ہیں یہ ہم	کہ خدا دیوے نہ جبتک تو سلیماں کب دے

فارسی کا ترجمہ ہے "تا خدا ندہد بہ سلیماں کی دہد" پھر کچھ عرصے بعد نواب حافظ رحمت خاں کے بیٹے نواب محبت خاں کی سرکار میں بزمرۂ شعرا منسلک ہوگئے۔ اُسوقت میں یہ شعر کہا ؎

بسکہ گلچیں تھے سدا عشق کے ہم بستاں کے	ہوئے نوکر بھی تو نواب محبت خاں کے

جناب جرأت کے واقعات زندگی میں یہ قابل افسوس واقعہ ہے کہ عین جوانی میں آنکھوں سے معذور ہوگئے تھے۔ بعض کا یہ قول ہے کہ یہ حادثہ چیچک سے ہوا۔ بعض مشہور کرتے ہیں کہ پہلے یہ اندھے نہ تھے بعض موقعوں پر شوخیِ عمر کے اقتضا سے شوقیہ اندھے بنے پھر دیکھتے دیکھتے فی الواقع نابینا ہوگئے۔ اگرچہ بصارت ظاہری سے معذور تھے۔ مگر رنگین اور پر لطف مضامین خوب سوجھتے تھے۔ اُس زمانہ کے لوگوں نے جو اُن کے حالات لکھے ہیں اُن سے پایا جاتا ہے کہ ان کے اور ان کے ہم عصر شعرا۔ انشا۔ قتیل وغیرہ کی امرا ایسی قدر کرتے تھے کہ گھر میں رہنے نہ پاتے تھے۔ آج ایک امیر کے ہاں ہیں دوسرے دن دوسرے امیر وہیں آئے اور اپنے

ساتھ سوار کرا کر لے گئے۔ چار پانچ دن وہاں رہے کوئی اور رئیس آئے وہاں سے لے گئے۔ جہاں جاتے ضروری عیش و آرام سے زیادہ عیش کے سامان مہیا ہوتے۔ راتدن قہقہے چہچہوں میں وقت گزارتے۔ بیل و طوطی کیطرح طبیعتوں نے نسل سے لائے تھے انکے کلام کا خاص جوہر معاملہ بندی ہے جسنے انکی حیات ہی میں انکا نام خوب چمکا دیا۔ عاشقی کے راز و نیاز اور کوچۂ عشق کی راہوں سے باخبر تھے۔ اسی لئے جو کچھ زبان قلم سے نکلتا تھا دلوں میں گھر کر لیتا تھا۔ کلام صاف شستہ بندش چست۔ ان کے اشعار سرتاسر نیچر کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ اور پھر مزایہ کہ لطف محاورہ کو کہیں ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ باوجود کم علمی کے فن شعر کا ایسا ملکہ راسخہ حاصل تھا کہ بڑے بڑے معرکوں میں کبھی کسی ہمعصر سے دب کر نہیں رہے۔ بلکہ بیشتر تو یہی ہوا کہ میدان ان کے ہاتھ رہا۔ ۱۲۴۵ھ میں انتقال کیا۔ شیخ ناسخ نے انتقال کی تاریخ کہی ؎

جب یہاں جرأت کا باغِ دہر سے	گلشن فردوس میں جانا ہوا
مصرع تاریخ ناسخ نے کہا	ہائے ہندوستان کا شاعر مرا

غزلگوئی میں میاں جرأت میر تقی میر کی طرز کے معتقد تھے اور ان کی فصاحت و سادگی پر انہوں نے اپنی شوخی اور بانکپن کا حاشیہ ایسا چڑھایا کہ جسنے پسند عام اور شہرت دوام کا تمغہ حاصل کر لیا انکی حیات ہی میں کلام کی دھوم مچ گئی۔ بازاروں میں لوگ شعر پڑھتے پھرتے تھے اور خاص علمی صحبتوں میں بھی اکثر اشعار شوق سے پڑھے اور سنے جاتے تھے ان کی طرز خاص انہیں کا ایجاد ہے۔ ان سے تین ضخیم دیوان یادگار رہے۔ راقم تذکرہ کے کتب خانہ میں جو انکی تصانیف کا ذخیرہ ہے اسکی کیفیت یہ ہے کہ ایک ضخیم کلیات کامل ۴۰۰ صفحہ کا دوسرا کلیات نہایت خوشخط اور صحیح نواب جھجر کے کتب خانہ کا قلمی ۱۰۰۰ صفحہ کا اور اسی طرح ۳ نسخے اور متفرق عمائد کے کتب خانوں کے موجود ہیں۔

حضرت جرأت کی زندہ دلی اور ہزلعزیزی کے لطائف اور ظرائف اکثر لوگوں کے زبانزد ہیں اسلئے یہاں صرف ضروری حالات کے اندراج پر اکتفا کیا گیا ؎

انتخاب کلام جرأت

شمع ساں کسنے مجھے پھولتے پھلتے دیکھا
ہوں میں وہ نخل کہ دیکھا بھی تو جلتے دیکھا

تجکو ہم اسلئے کہتے تھے کوئی دم مت جا
چل بسے ہم نہ ترے چلتے ہی چلتے دیکھا

اس کا بیمار نہ نکلا کبھی گھر سے جرأت
گھر سے تابوت ہی آخر کو نکلتے دیکھا

جستجو میں دل کے بہلانیکی جی کھونا پڑا
جو ہنسی کی بات بھی اُسکا ہمیں رونا پڑا

کوئی دل مانگے تھا۔ تو کہتے تھے ہم منہ دھو کر
سو یہ کہتے کہتے اب اشکو نے منہ دھونا پڑا

دل کے لگجاتے ہی جی تن سے ہمارے نکلا
جی لگانیکا تھا ارمان سو بارے نکلا

غرق ہو بحرِ محبت میں جو ہے طالبِ یار
کہ نہ موتی کبھی دریا کے کنارے نکلا

اب گذارا نہیں اس شوخکے در پر اپنا
جسکے گھر کو یہ سمجھتے تھے کہ ہے گھر اپنا

پوچھو کچھ سبب مرے حالِ تباہ کا
الفت کا ہے ثمر۔ یہ نتیجہ ہے چاہ کا

تیرے مریضِ غم کی زباں پر نہیں کچھ اور
ایک تا ربندہ گیا ہے مگر آہ آہ کا

تشبیہ کس مزے سے میں لنت کو اُسکی دوں
کچھ دل ہی جانتا ہے مزا دل کی چاہ کا

مت یہ گھبرا کر کھواب یا نے بندا جائیگا
کوئی مر جائیگا صاحب آپکا کیا جائیگا

رات کیا کیا مجھے ملال نہ تھا
خواب کا تو کہیں خیال نہ تھا

بزم میں گل نگر مست سے اُسکی یارو
کون ایسا نظر آیا کہ جو مدہوش نہ تھا

چین کیا ہو خانۂ ہستی میں خاک
جو یہاں آیا مکدر ہی گیا

غم فراق سے جرأت نہ اسقدر گھبرا
کہ وصل صبح نہیں ہے تو شام ہو دیگا

گرمی سے رخ کی یوں دلِ دیوانہ جلگیا
شعلے سے جیسے شمع کے پروانہ جل گیا

لکھتے ہی سوزِ غم نہ فقط خامہ جل گیا
لو مرغ نامہ بر بھی معہ نامہ جل گیا

مر گیا گل ہی جرأتِ بیمار
تو عیادت کو اُسکی آج آیا

لگتی نہیں پلک سے پلک وصل میں بھی آہ
آنکھوں کو پڑ گیا ہے مزا انتظار کا

چشم وا کرتے ہی نرگس کی طرح کملائیے
چمنِ دہر کا کچھ ہم نے نظارا نہ کیا

کوئی جہا میں مجھ کو بھی منہ لگاتا آہ
برنگِ مرے نالوں میں گر اثر ہوتا

فصلِ گل گرچہ ہزار آئی پر اپنا جرأت
دلِ پژمردہ نہ جوں غنچہ تصویر کھلا

کس گھڑی سے وہ ہمیں در پہ نظر آیا تھا
سر پٹکتے ہیں پڑے ہم پسِ دیوار اپنا

لبِ ساغر سے ملا مت لبِ گلگوں اپنا
غنچہ ساں رشک سے کب تک میں پیوں خوں اپنا

کیسا پیغام آ کے یہ تو نے صبا دیا
مثلِ چراغِ صبح جو دل کو بجھا دیا

گر لگی آتش مرے دل و جگر کو کیا ہوا
اشکِ تر کیوں تھم رہے ہیں چشمِ تر کو کیا ہوا

یہی کہتا ہوں جب سے اے جرأت
کوچۂ یار مجھ سے چھوٹ گیا
کس بیاباں میں آہ لائے نصیب
گل و گلزار مجھ سے چھوٹ گیا

جوں حباب اس بحر میں ہستی کی لگتے ہی ہوا
ٹکڑے ٹکڑے سو جگہ سے اپنا پیراہن ہوا

چین اس دلکو نہ اک آن ترے بن آیا
دن گیا رات ہوئی رات گئی دن آیا

گو پھول پھول کر اب تو دکھیتی ہے بلبل
گلشن کا پر نظارا معلوم ہو رہیگا

اور تو کیا مشغلے ہیں ہجر میں تیرے مگر
دل کی بیتابی سے سو سو بار اٹھنا بیٹھنا

اُسکی اک آواز تو سن لیویں اٹھتے بیٹھتے
گر میسر ہو پسِ دیوار اٹھنا بیٹھنا

جامِ مے کی نہیں اب ہمکو طلب اے ساقی
بس تری آنکھ دکھانے ہی نے بیہوش کیا

کیوں ہو حیراں سے کیا آئینہ دیکھا پیارے
کچھ تو بولو کہ یہ کہنے تمہیں خاموش کیا

بھری ہے حسرتِ دیدار دل میں دم بہ دم آ کر
خدا کیواسطے جلدی اب اے بیداد گر آنا

گئے وہ دن کہ واں جاتے تھے اور پردہ اٹھاتے تھے
میسر اب نہیں چوری چھپے بھی بات کر آنا

کون دیکھیگا بھلا اس میں ہے رسوائی کیا
خواب میں آنے کی بھی تنے قسم کھائی کیا

اب بھی اے ساقیِ گلفام ہمیں بھول گیا
سبکو بھر بھر کے دیئے جام ہمیں بھول گیا

جب تلک دل نہ لیا تھا تو کبھی آتا تھا
دل کے لیتے ہی وہ خود کام ہمیں بھول گیا

کوئی ایسی نہ شب گذری جو ٹوٹے تار رونیکا
ہوا ہے شمع ساں جب سے مجھے آزار رونیکا

سبھی باغ جہانمیں مثل گل خنداں ہیں پر غنچا
فلک نے شبنم آسا ایک ہیں کو کار رونیکا

یہی رونا ہے گر منظور جرأت
تو بینائی سے تو معذور ہوگا

یاد ہیں کا ہو رہے گا یا عدم کو جائیگا
پھر نہیں پھرنے کا اس کوچے میں اب جو جائیگا

گلشن گیتی میں جو آوے گا کیا پاویگا یاں
غنچہ ساں کچھ اور اپنی گانٹھ کا کھو جائیگا

روبروئے سوز غم ہے یوں تن لاغر مرا
حال جو شعلے کے آگے ہو خس و خاشاک کا

گر کرے پرواز اوج عرش پر جرأت تو کیا
خاکیں ملجائے گا آخر یہ پتلا خاک کا

گر دے آئینہ پاتا ہے جلا دیکھ لو تم
حسن یہ آپ کا مجھ خاک بسے چمکا ہے

صبح ہوتے ہی جو وہ غائب ہوا مہتاب سا
وصل کی یہ رات تھی یا ہمنے دیکھا خواب سا

یہ سواد شہر اور ایسا کہاں حسن ملیح
شش جہت میں ملک دیکھا ہی نہیں پنجاب سا

شعلۂ برق و شرر کو ہمنے دیکھا پر کوئی
بیقراری میں نہ دیکھا اس دل بیتاب سا

رخ جو پردے سے مرے رشک قمر کا نکلا
نہیں معلوم کہ کیا چاند کدھر کا نکلا

زلف و رخ کی جو گیا یاد میں دل کہو جرأت
شام تک بھی نہ پھر آہ سحر کا نکلا

کیا خلل آپس میں یہ اے شوخ پرفن کر دیا
دلکو میرا اور مجھکو دل کا دشمن کر دیا

دل جو غم کھایا کیا وہ غم مجھے کھاتا رہا
جب تلک جیتا رہا میں دلسے دکھ پاتا رہا

کیا خزاں نے رنگ گلشن کا یہ بلبل کر دیا
ہوتے ہی روشن چراغ گل کو جو گل کر دیا

برہم کبھی قاصد سے وہ محبوب نہ ہوتا
گر نام ہمارا سر مکتوب نہ ہوتا

خوبان جہانکی ہے ترے حسن سے خوبی
تو خوب نہ ہوتا تو کوئی خوب نہ ہوتا

شمع ساں جسنے کی زبان دراز
اسکا قصہ یہی مختصر دیکھا

ہم اسیران قفس کیا کہیں خاموش ہیں کیوں
راہ لگ اپنی چل اے باد صبا تجھکو کیا

نکلے ہے بیخودی ہی کا کلمہ زبان سے
زاہد بھی بزم بادہ کشا نہیں بہک گیا

خجل ہوں باغباں سے میں نہالِ خشک کا سا
نہ بیٹھا کوئی سایہ میں نہ کچھ مجھ سے ثمر پایا

مؤنہ سمجھو تن پہ میرے یہ نکلتا ہے دھواں
دل نہیں پہلو میں اک دھکے ہے انگارا پڑا

پردہ مت مُنہ سے اُٹھا نازِ نہار
مجھ میں اوسان نہیں رہنے کا

گُل کو کیا روتی ہے تُو اے بلبل
یہ گلستان نہیں رہنے کا

سینے میں آج نالۂ دل کی صدا نہیں
ہے ہے قفس سے مرغِ خوش آہنگ اڑ گیا

وہی سمجھے گا میرے زخمِ دل کو
جگر پر جسکے اک ناسور ہو گا

ہستی ہے جوں حباب یہ ہم غافلوں کو آہ
کتنا کچھ اعتبار ہے بے اعتبار کا

آوارہ یوں ہوا کہ صبا اور نسیم نے
پایا کہیں نہ کھوج ہمارے غبار کا

جرأت اب اُسکے آنے سے بالکل ہوئی جواب
احوال کیا کہوں دلِ اُمیدوار کا

رتبہ گُل بازی کا دِلا کاش تو پاتا
ہاتھ سے جو گرتا تو وہ آنکھوں سے اُٹھاتا

کلمہ بھرے ترا جسے دیکھے تو بھر نظر
کافر اثر یہ ہے تری کافرنگاہ کا

سوزِ دل سے حال یہ تھا شب تری غنا کا
صبح بستر پر جو دیکھا ڈھیر تھا اک خاک کا

نزع میں بھی تری صورت کو نہ دیکھا افسوس
مرتے مرتے بھی نہ ارمان نظر کا نکلا

بسکہ لکھی تھی میں حالت دلِ گم گشتہ کی
کھو کے قاصد مرا مکتوب کہیں بیٹھ رہا

کیا اُس گھر میں چرچا جسنے میری وہ وزاری کا
آلٰہی صبر اُسکی جان پر اس بیقراری کا

کی میکشی جو ہمنے ترے بن تو کیا کہیں
شعلے اُٹھے یہ دلسے کہ میخانہ جل گیا

نہ کچھ حقیقتِ یعقوب پوچھ کنعاں میں
بغیر یوسفِ مصری جو کارواں پہنچا

پھر کہو سوتے میں بوسہ کیوں لیا تو نے مرا
گو ہے تہمت پر مزا کیسا ہے اس بہتا نکا

اُدھڑ جاتے ہیں ٹانکے بخیۂ زخمِ جگر کے سب
تصور جبکہ گذرے ہے کسیکے مسکرانے کا

خدا جانے کریگا چاک کس کسکے گریبانکو
ادا سے اُٹھا چلنے میں اُٹھا لینا یہ داماں کا

یہ وفا کی سینے پر مجھے کہتے بیوفا ہو
مری بندگی ہے صاحب یہ ہلا خطاب الٹا

نہ آیا اس فلک کو اور کچھ آیا تو یہ آیا
گھٹانا وصل کی شب کا بڑھانا روزِ ہجراں کا

غزل
عزیزو کیا حقیقت پوچھتے تم ہو گے جرأت کی
عجب احوال دیکھا ہم نے کل اس خانہ ویراں کا

بڑھے تھے موئے سر تا پا لباس تن تھا عریانی
بچھایا بستر اتھا خاک پر خارِ مغیلاں کا

کبھی اُٹھ دوڑتا تھا گاہ کا نٹوں پر وہ لوٹتا تھا
نہ تھا کچھ ہوش اس وحشی کو اپنے جسم اور جاں کا

نہ کرتا تھا کسی سے بات لیکن اک یہی مطلع
ہوا ورد زباں تھا اس مریضِ دردِ ہجراں کا

کچھ ایسا کر گیا بیہوش جانا مجھ کو جاناں کا
نہ جی کو ہوش ہے دل کا نہ دل کو ہوش ہے جاں کا

جگر سے نکلے ہیں شعلے سرشک آنکھوں سے
چلے یہ ملکے کہاں کاروانِ آتش و آب

بلائیں ہاتھوں سے مینے جو لیں تمہاری رات
بلائیں ہاتھوں کی لیتا رہا میں ساری رات

شبِ فراق کٹے کس طرح سے اے جرأت
یہ رات وہ ہے کہ کہتے ہیں جس کو بھاری رات

بلبل سنے نہ کیونکہ قفس میں چمن کی بات
آوارۂ وطن کو لگے خوش وطن کی بات

سر دیجے راہِ عشق میں پر مُنہ نہ موڑیے
پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات

چلی آتی ہے ناداں صبح پیری
جوانی کی گنوا مت عجب رات

دل لڑا جس سے ہے آنکھیں بھی ملاؤ اس سے
ہم سے کرتے ہو لگاوٹ کے اشارات عبث

فردا یہاں سے کوچ ہے بس ہمنے شب کی شب
جوں شبنم اس چمن میں کیا ہے قیام آج

مرہم پذیر کو نا ہے گھاؤ جو نہیں
پر ایک زخمِ تیغ زباں کا نہیں علاج

دل کو اے عشق ہوئے زلف سیہ فام نہ بھیج
رہزنوں میں تو مسافر کو سرِ شام نہ بھیج

بھڑکے ہے آتشِ غم یہ اپنے تن کے اندر
ہر دم نئی تپش ہے داغِ کہن کے اندر

گردش سے طالعوں کی جوں مردمانِ دیدہ
گویا ہے شامِ غربت صبح وطن کے اندر

یہ سوزِ عشق سے ہے تپش اپنی جان پر
اک آہ کی تو پڑ گئے چھالے زبان پر

کیا جانئے کیا لائے فلک پیکرِ گُل پر
بوجہ نہیں روتی ہے شبنم سرِ گُل پر

ہم اس طرح رہے یارانِ رفتگاں سے دور
غریب جوں کوئی رہجائے کارواں سے دور

شامِ فرقت یا الٰہی یہ کدھر سے آگئی
مر چلے ہم اس بلائے ناگہاں کو دیکھکر

گیا وہ دل بھی پہلو سے کہ جس کو
کبھی روتے تھے چھاتی سے لگا کر

اگرچہ اور بھی ہیں خوبرو پر حُسن کا تیرے
جہانیں شور ہے ایسا نمک ہے تیرے چہرے پر

وہ ہنس ہنس کے کافر مری چشمِ تر پر
نمک چھڑکے ہے زخمِ ہائے جگر پر

آتشکدہ میں دہر کے رہ سرنگوں کیاں
جُوں شمع سر اُٹھاتے ہی لگتی ہے سر کو آگ

جل کے آغازِ شبِ وصل ہی میں خاک ہوئے
شکلِ پروانہ ہوا اپنا یہ انجام وصال

ہے یہ مشکل کہ ملیں اُس بُتِ مغرور سے ہم
دوسرے تیسرے دیکھ آتے ہیں ٹک دور سے ہم

مثلِ آئینہ باصفا ہیں ہم
دیکھنے ہی کے آشنا ہیں ہم

دل کے ہاتو نے اے میاں جرأت
زندگانی سے بھی خفا ہیں ہم

نقشِ پا تیرے برنگِ گل نظر آئے مجھے
یہ حنا ہے یا رنگے ہیں خونِ بلبل سے قدم

ہے یہ اُسکے نقاب کا عالم
ماہ پر جوں سحاب کا عالم

ایکدن کا ہو جو رونا تو کہیں جرأت ہم
یاں تو روتے ہی کے ڑزیت کے ایام تمام

کیا کہیں فرقت میں تری آہ اے آرامِ جاں
کنِ دکھوں سے کاٹتے ہیں آہ سارا دن ہم

اک نالہ کھینچ بلبلِ مسکین رہ گئی
گلچین چمن سے لیگئے گل توڑ کر تمام

کل واقفِ کار اپنے سے کہتا تھا وہ یہ بات
جرأت کے جو گھر رات کو مہمان گئے ہم

ق
کیا جانئے کمبخت نے کیا مجھپہ کیا سحر
جو بات نہ تھی ماننے کی مان گئے ہم

خیالِ خواب کہاں سوزِ غم سے جلتے ہیں
تمام رات پڑے کروٹیں بدلتے ہیں

رکھیں ہیں سوختۂ عشق سوزشِ ازلی
کچھ آجکل سے نہیں سوزِ غم سے جلتے ہیں

ق
بسانِ اخگر و برق و شرار و شمع و چراغ
یہ دل جلے تو نصیبوں کے جلتے بلتے ہیں

وختِ رز کی ہے جو کچھ عشوہ گری شیشے میں
کسنے اِس ناز سے دیکھی ہے پری شیشے میں

ہو کے آزردہ جو وہ ہمسے پرے پھرتے ہیں
ہاتھ ہم اپنے کلیجے پہ دھرے پھرتے ہیں

خانہ پرور دِ قفس ہم ہیں اسیر اے صیاد
تُو بتا دے ہمیں پرواز کے کہتے ہیں

بعد مرنے کے مری لاش پہ لانا اسکو
ابھی مت پوچھو کہ اعجاز کے کہتے ہیں

ناتوانی پہ کچھ اپنا زور چلتا ہی نہیں
ولے سو صدمے ہیں لیکن دم نکلتا ہی نہیں

اُسکے شمع حسن سے دل تھا منور اب تو آہ
ایک مدت سے چراغ اس گھر میں جلتا ہی نہیں

قدم میں ناتواں جب اُسکے کوچے سے اٹھاتا ہوں
تو شکلِ نقش پا ہر ہر قدم پر بیٹھ جاتا ہوں

دل ہی اس کافر کا پتھر ہو تو کوئی کیا کرے
ورنہ ایسی آہ سوزاں بے اثر میری نہیں

اب تو دن رات کے رونے کی بدولت اے وائے
پانی پی پی کے لگے کوسنے ہمسائے ہمیں

ایک گھر میں بھی کبھی ملکے نہیں بیٹھے ہیں
ہم کہیں بیٹھتے ہیں آپ کہیں بیٹھتے ہیں

اے ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں
تو کرے غیر دلنے بائیں اور ہم دیکھا کریں

کچھ تو نکلے آرزو دشنام دے تلوار کھینچ
چشم حسرت سے کہاں تک دمبدم دیکھا کریں

عجب درد فرقت سے غم دیکھتے ہیں
نہ سنتے تھے کانوں سو ہم دیکھتے ہیں

آنے کی غیر نے اُن کے لیکن
آتا نہیں اعتبار دل کو

عبث انگڑائیاں لے لیکے کیوں ملتے ہو آنکھوں کو
بھلا یہ بھی تو گھر ہے سو رہو گر نیند آئی ہو

ق

ایسے بیدردوں کے مجھکو دام میں لایا ہے چرخ
کوئی تو کہتا ہے اسکے توڑ کر پرچھوڑ دو

اور کوئی بیدرد یوں کہتا ہے بیدردی سے آہ
جو تماشا دیکھنا ہے ذبح کر کر چھوڑ دو

ق

میں کہا دیکھی ہے میں نے خواب میں اے بردبار
دوستو مجھ سے کہو اس خواب کی تعبیر کو

آہ اس مذکور کو سُنتا تھا وہ قاتل کہیں
آن پہنچا سر پہ میرے کھینچکر شمشیر کو

جی دیا ہمنے تو پہلے ہی ترے ناز کے ساتھ
اپنا انجام ہوا عشق کے آغاز کے ساتھ

گئے دنیا سے الفت میں ثمر دیکھا تو اتنا کچھ
جلا دل آہ میں ہمنے اثر دیکھا تو اتنا کچھ

قیس و فرہاد کی تھی ایک ہی منزل لیکن
وہ بیاباں کی گیا راہ وہ کہسار کی راہ

نہ وہ دن ہیں نہ وہ راتیں نہ وہ چرچے نہ وہ باتیں
نہ مطرب ہے نہ ساقی ہے۔ نہ شیشہ ہے نہ پیالا ہے

کسے اس گلشنِ دلکی ہمارے سیرِ خوش آوے
کہ غیر از داغِ حسرت یاں کوئی گل ہے نہ لالا ہے

تنگ دل کے جو ہاتھونے تھا مینِ جنیِ سی
ہوئے جدا نہ موئے پر بھی ہاتھ سینے سے

مست پونچھا شک میرے یوہیں ہے تسلسل
یہ ہار موتیوں کا اے آستیں نہ ٹوٹے

کلیدِ آہ سے قفلِ لبِ خاموش کھلجاوے
تو بستہ ہے پھر جو اپنے دلمیں جوش کھلجاوے

چڑھا اک ساغرِ مے کچھ تو آنکھونمیں لگا کہنے
پیے اور ایک دو پیالے تو وہ بیہوش کھلجاوے

احوال کچھ نہ پوچھ کہ کل نبض پر مری
رکھتے ہی ہاتھ چھٹ گئیں نبضیں طبیب کی

کیجو فغاں تو عندلیب نالۂ دلخراش سے
صورتِ گل ہزار دل اپنے ہوں پاش پاش سے

جب چلے حسرت بھرے کوچے سے ہم دلدار کے
روئے ہم کیا کیا گلے ملکر در و دیوار سے

تجکو منظور ہے سیرِ شبِ مہتاب تو پی
گر زیادہ نہیں اک جام مے ناب تو پی

نہ ہمدم کوئی ہے نہ اب ہمنشیں ہے
برے وقت کا کوئی ساتھی نہیں ہے

نہیں آہ و زاری یہ ہے جبر جرأت
گرفتار شاید ترا دل کہیں ہے

چھوڑا گلزار سے دور اور پرِ بلبل کترے
ہائے صیاد جفا پیشہ نے کیا گل کترے

نقدِ دل کھو کے جو بیتابیٔ الفت پائی
بس غنیمت ہے بڑی ہمنے یہ دولت پائی

تو نے اس باغمیں دم بھرنے کی مہلت پائی
اے صبا ہمنے تو اتنی بھی نہ مہلت پائی

وصل کے دن بھی میں کانپ اٹھتا ہوں بیٹھے بیٹھے
یاد آتے ہیں وہ صدمے جو شبِ ہجراں کے

پختہ مغزانِ جنونمیں آپ کو کہتا ہے تو
ہم تو دیوانے ہیں جرأت اس خیالِ خام کے

ہم بھی اس باغ جہانمیں شب کی شب مہماں ہیں
مثلِ شبنم صبح کو گریہ کناں اٹھ جائیں گے

ق

تھا جی میں یہ کہ مجھسے بگڑ جائے اسلئے
پر کیا کہوں کہ اپنا سا منہ لے کے رہ گیا

مینے کہا کہ غیر سے پھر تم میاں ملے
آنکھیں ملا کے جو یہ کہا اسنے ہاں ملے

دُور چھوڑا ہمیں گلشن سے یہ رونیکی ہے جا
کہ سزاوارِ اسیری بھی نہ ہم ہائے ہوئے

دلِ وحشی کو خواہش ہے تمہارے در پر آنیکی
دوانہ ہے ولیکن بات کہتا ہے ٹھکانے کی

چاہ کی چتون مری آنکھ اُسکی شرمائی ہوئی
تاڑ لی محفل میں سب نے سخت رسوائی ہوئی

اُس پردہ نشیں سے کوئی کس شکل بر آئے
جو خواب میں بھی آئے تو مُنہ ڈھانک کر آئے

چھوڑ اپنے گرفتاروں کو صیاد سمجھ کر
جاتی نہ رہے جان رہائی میں کسیکی

جی خاک میں ملایا تمہارے فراق نے
اچھا غرض سلوک کیا ہمسے آپ نے

ہے کسکا جگر جسپہ یہ بیداد کروگے
لو دل تمہیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کروگے

بھلا پھر اُسکے اُٹھانے میں کیوں نہ دیر لگے
کسی کی موت کسیکے جو انتظار میں آئے

نہ پوچھ مجھسے وہ عالم کہ صبح نیند سے اُٹھ
جب انکھڑیونکو وہ ملتے ہوئے خمار میں آئے

سرسری اُنسے ملاقات ہے گاہے گاہے
صحبتِ غیر میں گاہے سر راہے گاہے

رونے میں اور آتشِ الفت بھڑک اُٹھی
اب اس لگی کا دل سے بھلانا محال ہے

غم بہت دنیا میں ہیں پر عشق کا غم اور ہے
ہے اسی عالم میں لیکن اس کا عالم اور ہی

غم سے گھٹنا یہ مرا سب میں بڑھاتا ہے تجھے
جو مجھے دیکھتا ہے دیکھنے جاتا ہے تجھے

جرأت - پیر محمد مراد آبادی - مرغ نامہ آپ کی تصنیف سے مشہور و معروف ہے پس اک شعر آپ کا ملا جو تبرکاً درج کیا جاتا ہے -

جرأت

بس اے فاصد تری معلوم ہوئی لسانی
رو بر و اوسکی زباں کو بھی ہلایا نہ گیا

جرار - مرزا حسین بیگ جرار باشندۂ فیض آباد شاگرد رشید تدبیر الدولہ منشی اسیر لکھنوی فن سپہ گری کا شوق تھا مرد قانع اور آزاد منش تھے - عربی فارسی کی استعداد اچھی تھی - فنِ سخن کے دلدادہ اور اپنے اُستاد سے نہایت الفت رکھتے تھے - انکی وفات کے بعد انکی وصیت کے بموجب حضرتِ اسیر نے جملہ کلام نظرِ ثانی فرما کر سنہ ۱۲۹۰ھ میں چھپوا دیا - دیوان میں سے کچھ اشعار منتخب ہو کر حوالۂ قلم ہوئے - رسائی فکر اور خوش گوئی کلام سے ہویدا ہے

جرار

اسیرانِ قفس جب ہو گئے بیدست و پا چھوڑا
کتر کر بال و پر صیاد گر چھوڑا تو کیا چھوڑا

ہمی جب تاب و طاقت روح کیونکر جسم میں ٹھیرے
شکستِ بادشاہ ہے فوج نے جب مورچہ چھوڑا

حال پر مظلوم کے ظالم کو کب آتا ہے رحم
نالۂ بلبل سے دل دکھتا نہیں صیاد کا

خفا صیاد گل آزردہ گلچیں دشمن جاں ہے
اب آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا انجام بلبل کا

شیخ عمامہ و جبہ جو پہنکر آئے
ہنس پڑے رند کہ ہولی کا تماشا آیا

کوئی اتنا تو پوچھے نزع میں جاکر سکندر سے
کہ چھوڑا گھر میں کیا ہمراہ اپنے لیجلا کیا کیا

بر آئی کچھ تری امید ای شیریں جو دنیا میں
تو تجھکو شیر سے لازم ہے قبر کو کھودنا ہونا

بہار آئی ہے ایک عالم نظر آتا ہے گلشن پر
جوانانِ چمن نازاں ہیں کیا کیا اپنے جوبن پر

عشقِ گل سے ہے عجب رفعت و شانِ بلبل
تختہ ہے تختۂ گل آہ نشانِ بلبل

جان صدقے کرے سر قد موزنہ وارے بلبل
خون کیونکر سرِ قاتل سے اتارے بلبل

ہوا چھریوں سے اپنوں ہی کے مجروح
شہیدِ تیزیٔ تیغِ زباں ہوں

گل سے نہ کام ہمکو غنچے سے اس چمن میں
بوئے وفا ہو جس میں اُس دل کو ڈھونڈتے ہیں

زہر ہے آبِ بقا عشق کے بیمارونکو
دم عیسےٰ ہے دمِ تیغ دل افگارونکو

عوض نیکی کا نیکی ہے بدی کا ہے بدی بدلا
مثل ہے دودھ کا ہے دودھ اور پانی کا پانی ہے

مریضِ عشق کیسا قبر کے مردے جلا دیتے
جو کہکر قم باذنی آپ اک ٹھوکر لگا بیٹھے

جوشِ جنوں نے رنگ اُڑائے بہار کے
داغوں نے گل چراغ کئے لالہ زار کے

زاہد اگر ہے طالبِ جامِ مئے طہور
کھلوا دے مے سے روزے کسی بادہ خوار کے

بلبلونمیں شور ہیں باہم ہمارِ کباد کے
کیا بہار آئی پھرے دن گلشنِ ایجاد کے

ذرۂ بیقدر کو خورشید کیا ہمسری
کیوں نہوں جرّار صدقے حضرتِ استاد کے

جری - منشی محمد ابراہیم خاں تلمیذ حبیب کنتوری حیدرآباد دکن کے رہنے والے اور دور موجودہ کے ایک موزوں طبع شاعر ہیں نسیم دکن میں چند غزلیں نظر سے گذریں اُنکا

انتخاب حاضر ہے۔

طاقت نہیں جو صدمۂ فرقت اُٹھائیے	بس اب ملا دے خاکمیں اے آسماں کہیں
ناصح کو سوزِ آتشِ فرقت کی کیا خبر	دوزخ جلے جو دیکھ لے یہ گرمیاں کہیں
الفت ہوئی ہے جب سے کسی رشکِ ماہ سے	بنتے ہیں آسمان مری دودِ آہ سے
تڑپے نہ کس طرح صفتِ برق دل مرا	بسمل ہوا ہے یہ تری تیغِ نگاہ سے

جعفر

جعفر۔ میر جعفر زٹل۔ ان کے حالات لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہر ایک صاحبِ مذاق آپ کی یاوہ گوئی سے واقف ہے اور اگرچہ ان کا کلام اس پایہ کا نہیں ہے کہ اِس تذکرے میں اُسے جگہ دیجائے مگر صرف اِسلئے کہ اُردو کے ایک مشہور اور ابتدائی شاعر تھے اِسلئے ان کا ذکر نہ کرنا ہمارے التزام کے خلاف ہوتا۔ یہ بزرگ نارنول کے سادات سے تھے زٹل گوئی کے سوا کسی قسم کی شاعری کو پسند نفرماتے تھے۔ چنانچہ انکا یہ مقولہ تھا کہ اگر میں کوشش کر کے مہذب اور عمدہ شعر کہوں تو بھی سعدی شیرازی یا فردوسی نہیں بن سکتا اِس لئے زٹل کہونگا کہ تمام عالم میں مشہور ہو جاؤں۔ ایک مدت تک شاہزادہ معظم محمد اعظم شاہ بہادر کی سرکار میں بزمرۂ خواصان ملازم رہے۔ اِن کے زٹل کہنے کا یہ عام دستور تھا کہ جب کسی کے گھر جاتے تو ایک کاغذ پر صاحبِ مکان کی تعریف لکھتے اور ایک پرہجو۔ اگر وہاں جا کر ان کا مطلب پورا ہو جاتا اور صاحبِ خانہ خوش اخلاقی سے ملتا تو وہ تعریف کا کاغذ دیدیتے۔ اور اگر کہیں اسکے برعکس معاملہ ہوتا تو پھر کیا تھا وہی ہجو لکھی لکھائی تیار ہوتی۔ اُنکے حوالے کر کے اپنی راہ لیتے۔ اِن کا کلیات یادگار ہے مگر غیر مطبوعہ۔ مشہور ہے کہ جب عالمگیر بادشاہ کا انتقال ہوا اور آپکے قدیم محسن اعظم شاہ تخت نشین ہوئے۔ اکثر شعرا دربار نے سکے کہے اور پیش کئے مگر کوئی پسند خاطر والا نہ ہوا۔ میر جعفر نے فی البدیہہ سکہ سرور بار تصنیف کر کے پڑھا جسپر خلعتِ فاخرہ و فیل مع ایک لاکھ روپیہ انعام بادشاہ نے عنایت کیا اور خاص وعام نے داد دی۔ وہ سکہ یہ ہے ؎

نگینِ سلیماں کو تا بندہ بود	ہمیں اسمِ اعظم برو کندہ بود

دربار سے واپسی کے وقت وہ تمام روپیہ جو انعام میں ملا تھا راستہ میں فقرا اور مساکین کو تقسیم کر دیا۔ جب فیلبان نے کہا کہ مجھے حضور نے کچھ عنایت نہیں کیا ہاتھی اُسے دیکر گھر چلے گئے۔ تمام و کمال اُن کا کلام ہجو و فحش سے بھرا ہوا ہے۔ چونکہ اس زمانے میں فارسی کا مذاق بکثرت تھا اس لیئے زیادہ حصہ ان کے فحش کلام کا بھی اس زبان میں ہے مگر اکثر الفاظ و اسما اردو کے اس میں شامل ہیں۔ چند اشعار اُن کے لکھے جاتے ہیں جو فحش و بیہودگی سے پاک ہیں۔ آپنے بادشاہ جمجاہ فرخ سیر کا سکہ جلوس بھی نظم کیا ہے جو ذیل میں درج ہے۔ سکہ کیا ہے۔ اُن کے خلقی تمسخر کا نمونہ ہے ؎

سکہ زد بر گندم و موٹھ و مٹر یہ جعفر زٹلی نے کیا کیا	بادشاہ طمیہ کش فرخ سیر کہ کھی کو بل بل کے بھنیسا کیا
کشتی جعفر زٹلی در بھنور افتادہ است کھکڑ لگا دیوار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے گھوڑا تو تیرا لنگ ہے کوئی نہ تیرے سنگ ہے	ڈبکو ڈبکو می کند و ریک توجہ پار کن خطرہ پڑا بازار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے چلنا پڑا بازار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے

جعفر

جعفر — مرزا جعفر بخت بہادر جعفر نبیرۂ برادر مرزا قادر بخش صاحب بہادر صابر گورگانی ۱۸۰۲ء میں حیات تھے اور بنارس میں رہتے تھے۔ فن سخن میں غالباً اپنے نامور بزرگ حضرت صابر سے مشورہ لیتے تھے۔ چند غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ نظر سے گذریں اُنکا انتخاب حاضر ہے کلام سے پایا جاتا ہے کہ تلاش مضمون و الفاظ اچھی اور بندش چست ہے۔

نشہ میں راحت ملی ہر جام پر انکار میں سرد ہو کر ہر شرر بنتا ہے سونے کی ڈلی عیسیٰ مریم کی یہ موج نفس بنجائیگی ناخنِ وحشت نے جعفر ہمکو عریاں کر دیا	لطف دونا ہو گیا ساقی تری تکرار میں ہن برستی ہے ہماری آہِ آتشبار میں میرا دم آئیگا گر قاتل تری تلوار میں تار تک باقی نہ رکھا زخمِ دامن دار میں

روز جب واں سے گمانِ جرم پر تعزیر ہو
کیا عجب اثباتِ بیجرمی مری تقصیر ہو

کوئی کوچہ شہر میں آباد اسکا سا نہ ہو
پاس پاس ایسا ہمارا خانۂ زنجیر ہو

چشم نے دیکھا تمہیں رونا تھا پر یہ کہو
دل جو ہے بیتاب اُسکی کس طرح تدبیر ہو

پہلے بیٹھے وصل پیچھے مجھکو گردن مارنا
کچھ تو کہنے کے لئے ثابت مری تقصیر ہو

نامہ بر بھر خدا اتنا نکر تو اضطراب
ایسی جلدی حالِ دل کیونکر انہیں تحریر ہو

اپنے مطلب پر تجھے پھیرا کروں دو رات میں
تیری گردش میرے قبضہ میں جو آئے تقدیر ہو

اُڑ کے جانے کو ہو میں طیار اے جعفر وہاں
وصل پر راضی جو مجھ سے وہ بتِ بے پیر ہو

جعفر

جعفر۔ نواب جعفر حسین صاحب المعروف بہ اعظم صاحب لکھنوی باوجود تلاش آپکے حالات دریافت نہوسکے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

ہم انکے شوقِ فرہ میں مدام خوار رہے
جگر میں اپنے چُبھے خار خار رہے

نہاں جو سینے میں کچھ سوزِ عشقِ یار رہے
جگر پر آبلوں سے صورتِ انار رہے

پسِ فنا بھی عدو کے لئے مرے غم میں
شبِ وصال بھی آئے تو سوگوار رہے

الٰہی مر کے جیوں لاکھ بار مرنے کو
کہ آرزو دلِ قاتل کی برقرار رہے

ہم ایسے قاتلِ عالم سے کیوں ملیں جعفر
جو کچھ بھی اپنی طبیعت پہ اختیار رہے

نکالا برہمن نے دیر سے واعظ نے مسجد سے
محبت تیری کافر دشمنِ دنیا و دیں نکلی

نہ کعبہ مجکو خوش آیا نہ دیر برہمن مجکو
جسے دیکھو نظر آتا ہے محویت کے عالم میں

مرے سجدے کے قابل کوئے جاناں کی زمیں نکلی
پری نکلی کہ شیشے سے شرابِ آتشیں نکلی

رقیبوں کے لئے ہے قبر کی جانکے کوچے میں
ہمارے دفن کرنے کو نہ تھوڑی سی زمیں نکلی

جعفر

جعفر۔ نواب جعفر حسین خاں بہادر مخاطب بہ نواب صف افگن جنگ بہادر۔ آپ ریاست حیدرآباد دکن کے جاگیردار اور منصبدار ہیں اور وہاں کے مشاعروں میں شرکت کرتے رہتے ہیں۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

اکدم میں پاش پاش ہوا وہ برنگِ گل
جس دل پہ تیغِ ناز کا اک وار چل گیا

اے آسمان وہ نہ بدلجائے ڈر یہ ہے
کچھ ڈر نہیں جو ہمسے زمانہ بدل گیا

اُٹھنے کا قصد یار نے پہلو سے جب کیا
دل میرا اُن کے قدموں پہ گر کے مچل گیا

جعفر

جعفر - صاحبزادہ جعفر علی خانصاحب خلف اصغر نواب ابراہیم علی خانصاحب مرحوم فرمانروائے مالیرکوٹلہ - رئیس حال نواب احمد علیخاں کے حقیقی چھوٹے بھائی ہیں - آپنے چیف کالج لاہور میں تعلیم پائی ہے - اب ۲۶ برس کی عمر ہے - ریاست سے ۲۵ ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر ہے آپ کی شادی پنڈراول کے ایک معزز خاندان میں ہوئی ہے - شعر و سخن کا نیا نیا شوق ہے کچھ غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ موصول ہوئیں اُنکا انتخاب حاضر ہے -

جو بات ہے خیر میں وہ کیا شر میں نہیں
کیا چیز ہے جو قبضۂ داور میں نہیں

جعفر تو خدا کو گوشۂ دل میں ٹٹول
باہر تجھے کیا ملیگا جو گھر میں نہیں

رباعی

الٰہی خیر ایسی آفتوں میں زیست مشکل ہے
اُدھر لاکھوں ادائیں ہیں اِدھر تنہا مرا دل ہے

نہ بیٹھے چین آتا ہے نہ لیٹے چین آتا ہے
کچھ اس انداز پر اے ہمنشیں بیتابی دل ہے

کچھ اس انداز سے دیکھا کہ اب تڑپا نہیں جاتا
نگاہِ نازِ قاتل بھی ادب آموزِ بسمل ہے

جوانی جارہی ہے ولولے سب مٹتے جاتے ہیں
شکستِ رنگ پیغامِ وداعِ حسرتِ دل ہے

وہ لیتے نوک کی ہیں دل کو رکھکر نوکِ خنجر پر
کہ جس دل پر اُچھلتے تھے بہت تم کیا یہی دل ہے

مسل کر دل کو مٹھی میں تنک کر ناز سے بولے
بہت غمزہ نکالا تھا مرا دل ہے مرا دل ہے

سمجھ لیں گے وہ خود ہی انتہائے شوق وصلت کو
تم اتنا کہدو اے جعفر کہ میرے پاس بھی دل ہے

جعفری

جعفری - دہلوی - میر باقر علی مرحوم جعفری - فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون کے چھوٹے بھائی اور ملک الشعرا میر قمر الدین منت کے خلفِ اصغر تھے - فن سخن میں اپنے بھائی سے مشورہ کرتے تھے ۱۲۴۵ھ میں سفر مکہ کی راہ میں انتقال کیا - یہ انکے اشعار ہیں ؎

آرام وعدہ کی شب اکدم کبھو نہ آیا — آیا نہ چین دل کو جب تک کہ تُو نہ آیا
اس نالۂ رسا کی دیکھو دراز دستی — کب دامنِ مسیحا یہ جا کے چھُو نہ آیا
کہیں جمع گر ہو گیا دُود دل کا — تو اک روز چرخِ سیہ فام ہو گا
نہ خوباں سے مل جعفری دیکھ اتنا — کہا مان کہتا ہوں بد نام ہو گا
سب مٹے نقشِ خیالاتِ جہاں بعدِ فنا — داغِ الفت ایک زیبِ صفحۂ دل رہگیا
تیغ یوں دل میں خیالِ نگہِ یار نہ کھینچ — ناخدا ترس تو کعبے میں تو تلوار نہ کھینچ
تو ہے گر عرش پہ نالہ بھی نہیں تجھسے کم — آپ کو دور بس اے آہِ شرر بار نہ کھینچ
بے سر و پا چمن و دشت میں عالم کے نہ پھر — ناز ہر گل نہ اُٹھا منتِ ہر خار نہ کھینچ

جعفری — شیخ جعفر علی جعفری متوطن وادری - نواح دہلی مدتے اسیر جعفر کے ملازم اور قصبۂ وادری کے قاضی زادہ تھے غدر سے پیشتر حیات تھے ۔

الٰہی ہر گھڑی ہر زخمِ دل سے خوں ٹپکتا ہے — شہیدِ ناز ہونیں آہ کس دستِ حنائی کا
ایدل خیالِ زلفِ بتاں کیونکہ چھوڑ دوں — وحشی ہوں اور پاؤں میں زنجیر بھی نہیں
شق جا بجا سے ہو گئی ماکدم میں سب زمیں — تڑپا جو تیرِ اکشۂ الفت مزار میں
مر گئے اس جستجو میں سینکڑوں خانہ خراب — جعفری عشقِ بتانِ ہند کا گھر دور ہے

جگر — نواب سید بہادر علی خاں صاحب لکھنوی آپ لکھنؤ کے ایک شریف خاندان کے رکن اور حضرتِ جلال لکھنوی کے نامور شاگرد ہیں - فن سخن سے طبیعت کو قدرتی مناسبت ہے - بندش صاف سلجھی ہوئی اور تلاش مضمون اچھی ہے - شعر کے حسن و قبح سے خوب ماہر ہیں - ہر شعر میں کوئی بات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں - کلام منتخب ملاحظہ ہو ۔

عشق کسی کو آگیا کوئی گرا دل تھام کر — ایک ہی جلوے میں یہ عالم تھا بزمِ یار کا
اسکے زانو پہ جو سر ہے ہوش میں آتا نہیں — بیخودی میں کر رہا ہوں کام میں ہشیار کا
سوئے در آنکھیں مری وا دیکھکر بولا وہ شوخ — مرنے والا شوق دل میں لے گیا دیدار کا

مرنے جینے کے لئے کافی ہے مجکو اے صنم
تیرے کوچے کی زمیں سایہ تری دیوار کا

توڑ ڈالیں بیڑیاں یہ جوشِ وحشت بڑھ گیا
قید میں لیلیٰ نہ اکدن تیرا دیوانہ رہا

اِسکو کہتے ہیں محبت نام اسکا ہے وفا
خاک ہوکر بھی قریبِ شمع پروانہ رہا

نہ نکلی مرتے دم بھی دید کی حسرت نہ بھولوں گا
ٹھہر جانا وہ آنکھوں میں نکلکر جسم سے جاں کا

جنوں کا جوش نہ تھا موسمِ بہار نہ تھا
مگر کب اپنا گریبان تار تار نہ تھا

رُکا تھا آنکھوں میں دم تجھے آکے دیکھ لیا
نہ کہنا اب کہ تجھے میرا انتظار نہ تھا

جب نظر شیخ کو وہ شوخ پریزاد آیا
پھر نہ تسبیح نہ توبہ نہ خدا یاد آیا

قتل بے قتل کئے ہوگئے سب محفل میں
اس ادا سے وہ مرا بانیٔ بیداد آیا

قبر پر میری وہ آتا ہے خدا خیر کرے
کیا کوئی تازہ ستم اور اُسے یاد آیا

ہجر میں نالۂ دل میرا جو دمساز بھی تھا
رازِ دل کرتے کو افشا یہی غماز بھی تھا

جسکا افشا ہوا اس وحشتِ دل کے ہاتھوں
عشق اُس پردہ نشیں کا تھا مرا راز بھی تھا

کونسی چیز نہ دلکش تھی مرے دلبر کی
عمزہ بھی ناز بھی تھا غمزہ بھی انداز بھی تھا

وہ مستی تھے کہ بنے ہیں ہماری خاک کے جام
خمِ شراب ہے گنبد ہمارے دفن کا

اے چرخ ستا کر ہمیں تو شاد نہ ہوگا
کچھ تیرا بھلا اے ستم ایجاد نہ ہوگا

ہم جسے سمجھے تھے مہمان وہ مہمان نہ رہا
بن گیا سینہ میں دل یار کا پیکاں نہ رہا

وہیں جائے نہیں منظور جو میرا ہونا
ہو رہے اِس دلِ شیدا کو ہے جسکا ہونا

کہتا ہوں دیکھ کے پہلو میں عدو کے اسکو
ہائے کیا چیز ہے تقدیر کا اچھا ہونا

جفا سے کیا اُسے اندیشہ جسنے
دیا دل آپ کو قاتل سمجھکر

جفا وہ ہم وفا اپنی نہ چھوڑیں
یہی ہیں عہد و پیماں درمیاں میں

مرکے اپنا فیصلہ خود اے شبِ ہجراں کریں
عشق کی سب مشکلیں ہم آپ ہی آساں کریں

دل سنبھالیں جان کو ٹھہرائیں یا تھامیں جگر
ایک ہم آفت زدہ کیا کیا شبِ ہجراں کریں

ساتھ غیروں کے عیادت کو مری آتے ہو کیوں
کوئی دم کا میہماں ہوں مجھکو ترڑپاتی ہو کیوں

جو نہ سمجھے ناصحو پھر اُسکو سمجھاتے ہو کیوں
ساتھ دیوانے کے دیوانے بنے جاتی ہو کیوں

تمکو ہم سے ہے اگر بیتابئ دل کا گلا
ہمکو تم سے یہ شکایت ہے کہ یاد آتے ہو کیوں

سمجھے ہیں دل کے دینے کا انجام موت ہے
موجود ہمتوا ہے شبِ ہجراں ابھی سے ہیں

عبث پھراتا ہے رندوں کے سر کو اے واعظ
اگر درست ہے نیّت تو مے حرام نہیں

بس آنسو آنکھوں میں بھر لاؤ لیکے ٹھنڈی سانس
ہمارے قتل کا کچھ اور انتقام نہیں

محبت اُس سے کرنا جان کو روگ اک لگانا ہے
مگر تیری خوشی ہم اے دلِ نادان کرتے ہیں

زمین کوئے جاناں عاشقوں کی قدر لازم ہے
کہ یہ برباد ہو ہو کر تجھے آباد کرتے ہیں

مجھکو سُنا کے غیر سے اُس شوخ نے کہا
ہمکو قرار آئے جو تو بیقرار ہو
دونوں کا فیصلہ ہے ترے ایک تیر میں
بیتاب پھر نہ دل نہ جگر بیقرار ہو

غور سے دیکھو تو ہر جا جلوۂ جانانہ ہے
آنکھ اگر ہو ایک زاہد کعبہ و بُت خانہ ہے

شیخ جی دو ایک ساغر لیکے ساقی سے پیو
کیوں تکلف کرتے ہو یہ صحبتِ رندانہ ہے

ہیں گواہی میں اُدھر روزِ جزا ناز و غرور
اِس طرف اک دل ہے وہ بھی بیخود و دیوانہ ہے

ایک مدت سے بالب ہو رہا ہے اے جگر
بس چھلکنے کو ہماری عمر کا پیمانہ ہے

وہ رکھکر ہاتھ سینے پر تڑپ کو کس کی کھوئینگے
ہمارا دل زخود رفتہ ہے اُسکو کیا خبر ہوگی

کسی سے یہ اشارے ہیں کسی کی شمع بجھنے کو
کہ تیری زیست بھی گھل گھل کے جل جلکر بسر ہوگی

چلا ہے کوئی جاناں میں تو اے دل یہ بتا جا
ہمارے مرنے جینے کی تجھے کیونکر خبر ہوگی

دلِ جگر میں ہے جھگڑا تمہارے پیکاں پر
کسی کا ہو رہے یہ کچھ تو فیصلہ ہو جائے

اثر دل کا تڑپنا کچھ نہ کچھ دکھلا ہی دیتا ہے
تماشا بن گئے خود رقصِ بسمل دیکھنے والے

یقیں اپنی محبت کا نہیں آتا اگر ان کو
تو سینہ چاک کرکے دیکھ لیں دل دیکھنے والے

راحت زمانہ بھر کی مصیبت کو جان لے
تیرا کہا جو اے دلِ شیدا کرے کوئی

جگر

جگر - نواب مرزا محمد عباس علیخاں بہادر معروف بہ مرزا بہا در رئیس لکھنو خلف میرزا محمد آغا علیخاں بہادر ناظم عہد شاہی۔ تحصیل علم کے بعد اپنے آبائی رسوخ کے ذریعے سے اودھ کی سول سروس میں نامزد ہو گئے تھے۔ اور درجہ بدرجہ ترقی کر کے ڈپٹی کمشنری کے عہدے پر پہنچے پھر اپنے والد کی وفات کے بعد پنشن لے کر خانہ نشین ہو گئے اب ۵۵-۵۶ سال کی قریب عمر ہے اور لکھنو میں کمال فارغ البالی بسر اوقات کرتے ہیں۔ اور وہاں کے عمائد میں شمار کئے جاتے ہیں۔ زبان کی خوبی بندش کی عمدگی خیال کی بلندی طبیعت کی شوخی مذاق کی شستگی کے علاوہ ان کے کلام میں ایک خاص بات یہ ہے کہ بیان کا طریقہ نہایت دلچسپ ہے۔ یہ ان کے اشعار ہیں۔

تمہارے رخ پہ دلِ زار کب نثار نہ تھا
تمہاری یاد میں کس دن یہ بیقرار نہ تھا

شکوہ کریں ہم کس سے بھلا بیخبری کا
سایہ بھی تو ملتا نہیں اُس رشکِ پری کا

ہشیار ہو موقع نہیں بیدادگری کا
اب وقت مریضوں سے نہیں بیخبری کا

رُخ زرد ہیں لب خشک ہیں نمناک ہیں آنکھیں
یہ حال پتہ دیتا ہے دردِ جگری کا

مصروف رہے آپ مرے کام میں تا دفن
کیونکر ہوا اس کو یہ اس دردِ سری کا

سمجھا ہو تغافل کو جو اک حسن کی زینت
ایسے سے جگر کیا ہو گلہ بے خبری کا

صاف ظاہر ہے مرے گھر کا بیاباں ہونا
تم چلے آؤ تو آساں ہے گلستاں ہونا

اس سے بہتر کوئی تدبیر رہائی کی نہیں
دیکھے دل زلف کو پھر سلسلہ جنباں ہونا

شعلہ رو بن کے ہوئے زینتِ محفل شب کو
خوب آتا ہے اُنہیں شمع شبستاں ہونا

چھوڑ دو چارہ گرو مجھکو خدا پر اب تم
غیر ممکن ہے مرے درد کا درماں ہونا

میری تقدیر میں لکھا تھا یہی روزِ ازل
دیکھے دل آپ کو یوں بے سر و ساماں ہونا

مشکلیں سب ہوئیں آساں جگر کی صد شکر
ایک باقی ہے فقط مرگ کا آساں ہونا

نتیجہ زندگانی کا ہے کچھ دنیا میں کر جانا
خیالِ موت بیجا ہے وہ جب آئے تو مر جانا

غضب ہے اُس ستمگر نے نہ اپنی بات تک پوچھی
دل وجاں دین وایماں جسکو ہمنے عمر بھر جانا

بڑی مشکل سے اتنا قرب تجھ سے آج حاصل ہے
ہماری ذبح میں ظالم کہیں جلدی نہ کر جانا

جان تو پہلے ہی نذرِ روئے زیبا ہو چکی
اب فدا کیا آپ پر اپنا تنِ بیجاں کریں

ہماری نظر و نیں جب سے وہ ہیں سمائے ہوئے
ہم اپنی آنکھو نکو عالم سے ہیں چھپائے ہوئے

حجاب قتل پہ میرے اجی ادھر دیکھو
ذرا سی بات پہ کیوں ہو نظر جھکائے ہوئے

اُٹھائیں تیغ تو وہ دستِ نازنیں سے کہیں
اسی اُمید پہ ہم سر کو ہیں جھکائے ہوئے

بنائے یا کہ بگاڑے خدا میں قدرت ہے
ہمیں بنائینگے وہ کیا جو ہیں بنائے ہوئے

نہ مسرت ہمیں اچھی نہ ملال اچھا ہے
آپ راضی رہیں جس میں وہی حال اچھا ہے

جب ادھر دیکھتا ہے درد جگر بڑھتا ہے
دشمن جاں ہے تری شوخ نگاہی کیسی

کہتے ہو غیر سے ملنے کی شہادت کیا ہے
اپنی آنکھوں ہی سے دیکھا تو گواہی کیسی

رخِ روشن پہ تیرے یوں دلِ دیوانہ آتا ہے
کہ جیسے شمع کی جانب کوئی پروانہ آتا ہے

سنبھلا لے سے کہیں مچلا ہوا دل بھی سنبھلتا ہے
بھلا کب راہ پر کہنے سے یہ دیوانہ آتا ہے

مجھے وہ دیکھکر محفل سے یہ کہتے ہوئے اُٹھے
جگر ہے نام جسکا لو وہی دیوانہ آتا ہے

جلال - مولوی جلال الدین صاحب جلال ساکن قدیم لکھنو شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ مرحوم - آپ کی عمر کا بڑا حصہ بنارس میں گذرا - ۱۸۶۵ء میں زندہ و سلامت موجود تھے - طباع اور خوش کلام سخنور تھے - یہ آپکے اشعار ہیں -

کیوں الجھتا ہے یہ مجھ سے زاہد صورت پرست
مل گیا یاں رشتۂ تارِ نفس زنار میں

جذبِ لذت سے یہ محو روئے جاناں ہو گئی
لب ہمارے بنکے بوسہ رہ گئے رخسار میں

ترا جام مے ہو گیا آفتاب
شبِ بزمِ عشرت سحر ہو گئی

ضیا اپنے عارض کی دیکھی جو رات
جھجک کر یہ بولے سحر ہو گئی

کھلے صبحدم اُن کی چوٹی کے ہار
معطر نسیمِ سحر ہو گئی

ضیا جو اُڑی اُنکے عارض کی رات			فلک پر پہونچکر قمر ہو گئی
میں بوسہ پر اُنسے جو روٹھا رہا		ق	تو شب مجھتوں میں بسر ہو گئی
لبوں سے وہ لب ملکے کہنے لگے			جلال ابتو بو سحر ہو گئی

جلال

جلال - ان صاحب کا نام معلوم نہیں نہ زیادہ حال کھلا۔ فیض آباد کے رہنے والے اور طبقۂ دوم کے آخر شعرا میں تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں۔

تنگ احوال ہے ابتو ترے شیدائی کا			آ کے ٹک دیکھ تماشا تو تماشائی کا
اب تلک بازار میں بیٹھے ہیں جسکی وید کو			کیوں نہ آیا آہ کیا سوجھی یہ اُس بے وید کو
دل دیا مفت اب اُس آئینہ رو کو افسوس			میں تو حیراں ہوں جلال اس تری دانائی پر
ایک عالم ہو خریدار نہ کیوں سوجی سے			بیٹھے جب کہ وہ یوسف سرِ بازار لگے
کیا ہوا میں نے جو ٹک جانبِ ابرو دیکھا			اتنی ہی بات پہ تم کھینچنے تلوار لگے

جلال

جلال - سرآمد شعرائے باکمال حکیم سید ضامن علی صاحب جلال لکھنوی ولد حکیم اصغر علی لکھنوی شاگرد رشید رشک و برق لکھنوی سادات عظام میں سے ہیں اور خاندان میں کئی پشت سے طبابت کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کے والد اپنے وقت کے مشہور طبیب تھے اور اُن کے دادا سید حسین علیخاں صاحب مرحوم حکیم شفائی خانصاحب مرحوم کے فن طب میں شاگرد رہتے اور شفاخانۂ شاہی لکھنو میں ملازم تھے اُسی سلسلہ سے ان کے والد کو پنشن ملا کی اور ان کے انتقال کے بعد جناب جلال کے منجھلے بھائی حکیم سید ثامن علی صاحب کو نصف پنشن یعنی پندرہ (۱۵) روپیہ ماہوار مقرر ہوئی اس وقت آپ کا دم غنیمت اور یادگار سلف سمجھا جاتا ہے اور واقعی اساتذہ متاخرین اور گلشن رام پور کے نامی شعرا میں ایک حضرتِ جلال ہی باقی ہیں۔ خدا ان کے انفاس میں برکت دے۔ سنہ ۱۲۵۰ ہجری میں سید ضامن علی صاحب پیدا ہوئے۔ پل آہنی کے اُس طرف لکھنو میں ایک مشہور محلہ ہے جس کا نام پارہ ہے اُن کے بزرگ اُس محلہ میں رہتے تھے اور وہی ان کا مولد ہے سنہ ۱۸۵۶ء میں اُس مکان کو چھوڑنا پڑا

کیونکہ اُس محلّہ کے بہت سے مکانات بالکل منہدم اور تباہ ہو گئے۔ بقول مرزا محمد جعفر صاحب آوج سلمہ اللہ تعالےٰ ؎

یہ ہوا کیسی چلی اِس تنگنائے دہر میں	شہر جنگل ہو گئے آبادیاں بن ہو گئیں

سید ضامن علیصاحب نے نواب آصف الدولہ کے مدرسہ میں تعلیم پائی۔ لیکن شاعری کے شوق نے کتب درسیہ کی تکمیل نہونے دی۔ میبذی تک عربی پڑھی اور فارسی کی درسیات بجائے خود دیکھی۔ جناب مرزا محمد ہادی صاحب عزیز لکھنوی رسالہ معیار جلد ۱ نمبر ۲ میں ان کی شاگردی کا حال اسطرح رقم فرماتے ہیں۔

"حکیم صاحب ہمیشہ سے فنافی الشعر رہے۔ کوئی شوق سوا اسکے ہوا ہی نہیں۔ ابتدا میں امیر علیخاں ہلال شاگرد رشک کو اپنا کلام دکھایا وہ عرصہ تک اصلاح دیتے رہے چونکہ ان میں قابلیت اور مناسبت فطری موجود تھی چند ہی غزلوں کے بعد اُنکی طبیعت میں ایک رنگ جداگانہ پیدا ہو گیا۔ جب ہلال نے انکے کلام اور اپنی اصلاح کا اندازہ کر لیا تو خود انہیں میر علی اوسط صاحب کے پاس لے گئے اور اُن کا شاگرد کرا دیا۔ یہ مدت تک اُن کے زیر اصلاح رہے۔ اتفاق سے اُن کو سفر عراق پیش آیا۔ ہنوز زبان کا کلام محتاج اصلاح تھا اسلیئے اُنہوں نے فتح الدولہ برق سے مشورہ کرنا شروع کیا۔"

سید ضامن علیصاحب جلال کی شوخی طبیعت اور مشق نے آپکے کلام کو شہرت دی اور اُس صحبت میں شریک ہونے لگے جو خواجہ اسد آفتاب الدولہ قلق کے مکان پر ہر ہفتہ کو ہوا کرتی تھی۔ اِس میں بڑے بڑے مشاہیر مثل شیخ امداد علی بحر و شیخ امان علی سحر و اسیر۔ امیر و سید ہادی علے ہذا شریک ہوتے تھے۔ مرزا محمد ہادی صاحب عزیز لکھنوی اس صحبت کا فوٹو اس طرح کھینچتے ہیں۔

"حکیم صاحب (یعنی حکیم سید ضامن علیصاحب جلال) بھی اس صحبت کے جزو اعظم تھے اس بزم میں یہ سب شاعر جن کا اوپر ذکر آچکا ہے) اپنا اپنا کلام پڑھتے اور جہاں کسی سے لغزش

نمائش ہوتی تھی فوراً اعتراض ہوتا تھا اور اُس پر بحث کی جاتی تھی۔ مگر انصاف پسند شعرا باہم ایسے شیر و شکر تھے کہ کسی کی ایراد و اعتراض پر شکر رنجی نہ ہوتی تھی۔ پہلے یہی صحبت خاص مصاحب منزل میں ہوا کرتی تھی۔ پھر آفتاب الدولہ قلق کے مکان پر آٹھ سات برس برابر رہی اُس کے بعد منشی مظفر علیصاحب اسیر نے اِس صحبت کو اپنے مکان پر منعقد کیا۔ اِس زمانے میں حکیم صاحب رامپور چلے گئے۔"

سنہ ۱۲۷۲ ہجری میں نواب یوسف علی خاں صاحب والی رامپور نے جناب جلال کو طلب کیا اور اُن کی بہت قدر و منزلت کی۔ لیکن نواب صاحب کی عمر نے وفا نہ کی اور حکیم صاحب کے پہنچنے کے دو مہینے بعد اُن کا انتقال ہو گیا۔ اور نواب کلب علیخاں مسند نشین ہوئے جنکی قدر دانی و سخن فہمی نے بڑے بڑے شاعروں کو رامپور کھینچ لیا اور روزانہ مشاعرے ہونے لگے حکیم صاحب بھی اُن جلسوں کے جزو اعظم تھے۔ حضرت جلال خلد آشیان نواب کلب علیخاں کے آخر عہد تک رامپور میں قیام پذیر رہے۔ لکھنؤ اور دلّی اُجڑ کر رامپور میں اہل کمال و اہل فن کا مجمع تھا اور نواب خلد آشیاں کی زندگی تک وہ گلزار ہرا بھرا رہا۔ اُس چمن کے ایک پھول آپ بھی ہیں۔ مدت تک بزمرۂ شعرائے عالی قدر ممتاز رہے۔ حضرت امیر مینائی اور حضرت داغ دہلوی مرحوم و مغفور اور حضرت جلال تذکرہ میں اکثر صحبتیں گرم رہتی تھیں اور ان تینوں صاحبوں میں ایک خاص خلوص و محبت کا برتاؤ جاری تھا۔ اِن تینوں صاحبوں کی ہم طرح غزلیں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ تینوں اپنے اپنے رنگ میں پختہ۔ تینوں اپنے اپنے خیال میں راسخ۔ اِن صاحبوں کی یک جہتی اور ہم مشقی ناسخ و آتش و آباؤ کے زمانے کو یاد دلاتی ہے کہ جس طرح اُنکی غزلیں ہم طرح ہیں اِسی طرح اکثر ان کی غزلیں ایک ہی قافیہ ردیف میں موجود ہیں۔ اور سب پر طُرّہ یہ کہ آپس میں رسم و اتحاد اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ اکثر ایک ہی جگہ اور ایک ہی صحبت میں تینوں نے غزل کہی۔ کوئی قافیہ کوئی نکال لے گیا۔ کوئی مضمون کسیکا حصہ ہو گیا۔ کسی زمین میں کسیکی غزل بڑھ گئی۔ حضرت جلال کے مُسلّم الثبوت اُستاد ہونے میں کسکو کلام

ہوسکتا ہے۔ علمی قابلیت کے علاوہ آپ اِس فنِ خاص میں محققانہ اور مجتہدانہ رتبہ رکھتے ہیں اور تمام اصنافِ سخن پر قدرت حاصل ہے۔ ہر رنگ میں آپ کا کلام موجود ہے۔ کہیں تشبیہ ہے کہیں خیال گوئی۔ کسی جگہ عاشقانہ رنگ ہے تو کہیں محض معاملہ بندی ہے۔ اگرچہ یہ بات کم و بیش سب شعرا میں ہوتی ہے کہ زمین کی مجبوری یا قافیہ کی رعایت سے جہاں جو موقع آتا ہے وہاں اُس رنگ میں وہ کہے بغیر نہیں رہتا۔ مگر انکے ہاں یہ بات بالتخصیص پائی جاتی ہے۔

حضرت داغ کو حیدرآباد تشریف لیجانے کے بعد انکی جدائی کا کمال افسوس و رنج تھا چنانچہ ایک مقطع میں یوں فرماتے ہیں ؎

اے داغ ہے دکن سے بہت دُور لکھنؤ		ملتے امیر احمد و سیّد جلال سے	

ناسخ مرحوم کے خاندان شاعری کی زندہ یادگاری۔ خاص ٹکسالی لکھنوی زبان کے سکّے اِسی فرمانروائے اقلیمِ سخن کے حکم سے جاری ہوتے ہیں۔ آپکے فیضانِ سخن سے کامیاب ہونیوالے جابجا ہندوستان میں موجود ہیں۔ منجملہ اُنکے یاس لکھنوی اور احسان شاہجہانپوری۔ ضیا دہلوی۔ جناب انکر رئیس اجی گڈھ اور جناب سیف سربرآوردہ شاعر اور صاحبِ دیوان ہیں۔ آپ کی تالیف و تصنیف سے اُردو ادب میں کئی مفید رسالے مثل دستور الفصحا۔ افادۂ تاریخ۔ مفید الشعرا۔ منتخب القواعد۔ شائع ہوچکے ہیں۔ اور چار دیوان غزلوں۔ قصیدوں کے چھپ چکے ہیں۔ سرمایۂ زبانِ اُردو (لغت) بھی آپکی ایک قابلِ قدر تالیف ہے۔

بعد انتقال نواب خلد آشیاں آپ کی پنشن سرکار رامپور سے بند ہوگئی تھی۔ اب سُنا گیا ہے کہ چند سال سے پھر موجودہ نوابصاحب رامپور نے وہ پنشن جاری فرمادی ہے۔ پیرانہ سالی و امراضِ لاحقہ کیوجہ سے آپ کئی برس سے خانہ نشین ہیں۔ ریاست مانگرول کاٹھیاواڑ کے قدردان رئیس کے اصرار پر آپ کئی برس وہاں بھی قیام فرما رہے۔ آپکی عمر اس وقت (۱۳۲۵ھ ہجری) قریب پچھتّر برس کے ہے۔ لیکن طبیعت کی شوخی جوانی کا رنگ دکھاتی ہے اِس کیفیت کو خود یوں بیان فرماتے ہیں ؎

محبت پرستی جلال پیری میں		نادِم اوبندۂ خدا نہ ہوا	

آپکا حال کاتب کو دیا جا چکا تھا کہ آپکی وفات حسرت آیات کی خبر لکھنؤ سے آئی۔ آپکے صاحبزادے حکیم سید مہدی کمال فنِ سخن میں معقول مہارت رکھتے ہیں۔ فی الحال نواب صاحب بہادر والئی رامپور کی مصاحبت میں ہیں "تذکرۂ مخمخانۂ جاوید" کی جلد اول کے آخر میں جناب جلال و جناب کمال دونوں کے قطعات تاریخ طبع ہو چکے ہیں۔ جناب جلال نے بعمر ۷۶ سال بتاریخ ۲۰۔ اکتوبر ۱۹۰۹ء انتقال فرمایا۔ اُنکے مرنیسے بزمِ سخن کی رہی سہی رونق بھی خاک میں مل گئی۔ اب اُنکے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

(انتخاب دیوانِ اول)

کوئے جانا سے نہ پھر کر دلِ ناشاد آیا
بے مروّت کو نہ میں بھول کے بھی یاد آیا

طاقت نے سنبھالا نہ تحمل نے دمِ ہجر
سب دعویٰ ہی کرتے تھے کوئی کام نہ آیا

ہم تھوڑے ہی سے جرم میں شرمائے ہیں کیا کیا
اِک جرعۂ مے پی کے عرق آئے ہیں کیا کیا

لکھنے جو لگے یار کو ہم شوقِ ملاقات
پہلو دلِ بیتاب نے بتلائے ہیں کیا کیا

نہ خوف آہ بتوں کو نہ ڈر ہے نالوں کا
بڑا کلیجہ ہے اِن دل دُکھانے والوں کا

پائی راحت ترے خنجر ہی کے نیچے قاتل
پھر جو ٹھہرا تو یہیں کچھ دلِ بسمل ٹھہرا

خاص ہم پر وہ جور کرتے ہیں
یہ بھی پہلو ہے مہربانی کا

اہلِ دل کے لیے راحت نہیں اس سے بڑھکر
جسکو سمجھا ہے وہ بیدرد دُکھانا دل کا

بتو سچ ہے مری سُنتا خدا کیا؟
کہ میں ناچیز کیا میری دعا کیا؟

آیا نہ تا زبانِ قلم حرفِ مدّعا
دل ہی میں تھا کہ یاس نے مُہکو مٹا دیا

کہہ کے وہ اُٹھ گئے کہ مشکل ہے
سہل کرنا تمھاری مشکل کا

دل کسی کے عشق میں اچھا ہُوا جاتا رہا
داغ تھا اک مِٹ گیا۔ اِک درد تھا جاتا رہا

کیا تم سے کہیں کہ مر کے ستمگر
کیا لُطف بلا ہے زندگی کا

مِل گئی خاک میں ہر چند اُٹھی اُٹھ نہ سکی
تیری ٹھوکر نے قیامت کو سنبھلنے نہ دیا

بہتر ہے نالے اپنے اگر بے اثر رہیں — ہمسے تو دل کسیکا دُکھایا نجائے گا

مدت کے بعد مُنہ سے لگی ہے جو چھوٹ کر (ر) — توبہ بھی مے پہ گرتی ہے کیا ٹوٹ ٹوٹ کر

فلک تیرے جگر کے داغ ہیں ہم (ک) — مٹائے جا مٹا نا ہے جہاں تک

مجھ سے سیدھا مری تقدیر کو ہو لینے دو (ن) — پھر بتا دوں گا کہ یوں ترچھی نظر کرتے ہیں

اندازۂ طلب سے دیا بڑھکے جب دیا — کم حوصلہ ہمیں ہیں وہاں کچھ کمی نہیں

صنم کی بے نیازی کہہ رہی ہے — نہیں کچھ فرق بندے میں خدا میں

رندوں کی مذمت سے تجھے فائدہ زاہد؟ (و) — نیکوں کو نہ بد کہہ کے گنہگار خدا ہو

سو بار دل سے جاؤ چلے آؤ لاکھ بار — تم ہو یہ کوئی نکلی ہوئی آرزو نہ ہو

یہ ہُوا آ کے تری بزم میں حاصل مجھکو — دل گیا میں کھو کے دو عالم سے چلا دل مجھکو

غیروں کو تو پلائی ہے ہم پر چھڑک ہی دے — ساقی بچی کھچی جو سبو میں شراب ہو

کہتی ہے جلتی ہوئی شمع یہ پروانے سے (ی) — کچھ لگی دل کی جو بجھتی ہے تو جل جانے سے

رہ چکے میرے دل میں راحت کو پریشانی ہوئی — خواب کو گھر کر کے آنکھوں میں پشیمانی ہوئی

بولا وہ صنم حشر میں سُنکر مری فریاد — اللہ سے ڈرتا نہیں یہ کتنا نڈر ہے

اب یہاں کہتے ہیں کیوں ہاتھ تہ تلوار کھا ہے — دل تو ہم لیگئے اب سینے میں کیا رکھا ہے

نظارہ محو کر دیتا ہے حُسن حیرت افزا کا — حسینوں کا تماشائی تماشا ہو ہی جاتا ہے

نہ ہو برہم جو بوسہ بے اجازت لیلیا میں نے — چلو جانے دو بیتابی میں ایسا ہو ہی جاتا ہے

ملے اس در در رسیدہ کی بھی تنہائی پر — بیکسی پوچھتی ہو جس سے کہ حال اچھا ہے

اب کسی سے یہ کہیں گے کہ ہمیں رنج ہی دے — شاد ہونے کی تمنا میں تو ناشاد رہے

کعبہ ہو بتکدہ ہو۔ عرش بریں ہو۔ دل ہو — جو مکاں جلوہ گہ یار ہے آباد رہے

سُنتے ہیں تغافل کے بڑی دیر لگے گی — ہنگامۂ محشر کو جگانے میں ہمارے

ہنسی روکی گئی اُسسے نہ مجھ سے تھم سکے آنسو — برابر ایک سی دونوں طرف بے اختیاری تھی

قلق دل کا دُعا کو کارگر ہونے نہیں دیتا
دُعا جب مضطرب خود ہو اثر پھر اسمیں کیا ٹھہرے

کھول کر بال پریشان نہ کر روح کو تو
او مرے سوگ کے پردے میں سنور نیوالے

(انتخاب دیوان دوم)

بھیجنا خط کا تھا پیام اَجل
اِنتظارِ جواب نے مارا

جب رو چکا میں دل کی جلن اور بڑھ گئی
نکلی چمک کے دھوپ جہاں مینہ برس گیا

رُخ پر کبھی نمودار ہو رنگ بن کے عشق
بُو ہو کے پیرہن میں کبھی اپنے بس گیا

فرقت میں در و ایک میرا ہمنشیں رہا
اُٹھ بھی کھڑا ہوا تو یہیں کا یہیں رہا

غیر اِس نے بنایا جلوہ گاہ یار میں
آنکھ نامحرم ہوئی جسدن سے دل محرم ہوا

پتا کیونکر ملے قاتل کسی پیکان کا تیرے
لگا جو تیر آکر ہو گیا جزوِ بدن اپنا

کوئی دامن جنوں میں کھینچتا ہے آستیں کوئی
اُتارے لیتے ہیں خارِ بیاباں پیرہن اپنا

دیدنی تھی نزع میں اپنی نگاہ یاس بھی
یار سا بے دید تک محوِ تماشا ہو گیا

گر پڑا یوں تھام کر دل کو میں اُنکے سامنے
وہ بھی یہ کہتے ہوئے دوڑے اِسے کیا ہو گیا

اپنا جسے یہ شیخ و برہمن نہ کر سکے (د)
آیا ہے ہمکو وہ بت بیگانہ خو پسند

ہنس کے بولا یا دو لے جو شب کے اختلاط (ر)
بھول جاتے ہیں ہم ایسے خواب اکثر دیکھکر

ہفتار ہا جو حالِ دلِ پاش پاش پر
کیا روئیگا وہ کشتۂ حسرت کی لاش پر

آرزو ہے کہ بلا کر اُسے دل میں رکھیئے
صاحبِ خانہ جو بن جاتا ہے مہماں ہو کر

نزع میں اِس لیئے کھولے ہوئے بال آئے ہیں
رُوح عاشق کی جو نکلے تو پریشاں ہو کر

قتلِ عالم کو کیا پھر وہ نہ ٹھہرے قاتل
بھولے بن کر کہیں چھوٹے کہیں ناداں ہو کر

نہ دیکھنے پائے آنکھ اُنکو اگر اُٹھے بھی نقابِ عارض (ض)
ہوئی نگاہوں کی اتنی کثرت کہ بن گئیں خود حجابِ عارض

کہاں یہ بوئے سنبلِ چمن میں کہاں یہ نکہت گلِ چمن میں
اُنھیں کا گیسو مثالِ گیسو اُنھیں کا عارض عوضِ عارض

اُٹھے ہمیں لطف وصل کا جب کہ تم اُٹھا دو وصال کی شب
حیا کا پردہ شرم کی چلمن حجابِ دیدہ نقابِ عارض

باکپن تیرا کسی اور ستمگر میں نہیں (ن) تجھ میں جو نوک ہی قاتل ترے خنجر میں نہیں
اللہ رے تیرگی کہ بروزِ شبِ فراق تارے گنا کیا ہوں میں روزِ سیاہ میں
نقشِ قدم پکارتے ہیں راہِ عشق میں مٹ جائیں حوصلے جسے نام و نشاں کے ہیں
دیکھے ہیں ایک ہی سے تغیّر آل میں معشوق کے مزاج میں عاشق کے حالیں
حیران سے ہیں دونوں کسیکے خیال میں آنکھ اپنے رنگ میں ہو تو دل اپنے حالیں
کونسا دام نہاں شیخ کے جامہ میں نہیں پیچ ایسا بھی کوئی ہے کہ عمامے میں نہیں
حشر میں چھپ نہ سکا حسرتِ دیدار کا راز (و) آنکھ کم بخت سے پہچان گئے تم مجھکو
نہ دیکھے جائیں جس سے بیٹھکر پہلو میں داغ دل وہ سیر آنکھوں نے دلسوز مجھ پر ہو کیوں ہو
تجھسا بھی یار دلبرِ بیگانہ خو نہیں اپنا کرے ہزار کوئی تجھکو تو نہ ہو
اللہ رے بیخودی کہ وہ پہلو میں بیٹھکر لیجائیں دل نکال کے ہمکو خبر نہ ہو
وہ رنج کیا کہ جس سے نہ راحت ہو عشق میں وہ درد کیا جو دل کی تڑپ کی دوا نہ ہو
معشوق ہی نہیں ہے جو عاشق سے بے سبب تیور نہ بدلے روٹھ نہ جائے خفا نہ ہو
کیا رشک ہو نہ ہجر میں خود چاہتے ہیں ہم نالہ بھی گوشِ یار تک اپنا رسا نہ ہو
دکھایا اُسنے جلوہ او کسی نے کچھ نہیں دیکھا گواہی اسکی دینی ہو گی چاک میری حیرت کو
نجات ہو گئی ناصح سے عمر بھر کے لیئے (ی) اُسی کو بھیجدو یا یار کی خبر کے لیئے
ڈھونڈھ دیتے ہیں اُس بت کو کہیں سے اے شیخ تم خدا ترس تھے اک کام ہمارا کرتے
شغل گر ڈھونڈتے ہو جی کے بہلنے کے لیئے دل میں آبیٹھو کلیجہ میرا ٹھنڈے کے لیئے
سو رنج کر رنج دیجئے دل کو اِس میں پہلو ہیں میری راحت کے
بے نشاں ہونے میں بھی اپنے تمھاری شہرت تم مٹاتے ہیں ہم نام تمھارا کرتے
تڑپ تڑپ کے جو عاشق تمام ہوتا ہے تمھاری تیغ نگاہی کا نام ہوتا ہے
آنکھوں میں جگہ کی اُدھر آئے اُدھر آئے (ا) لیکے صنم چلتے ہی پھرنے نظر آئے

میری تڑپ نے یار کی شوخی نے بزم میں
تصویر کھینچدی ہے سوال و جواب کی

تیرے سب ناز ہیں گو زندہ ہی کرنے والے
ڈھونڈ لیتے ہیں بہانہ کوئی مرنے والے

کافر و مومن جسے دونوں نہ اپنا کر سکیں
برہمن مجکو بت بیگانہ ایسا چاہیئے

کہتا ہے یہ دل جب سے گیا ہے کہیں قاصد
کیا دوگے ہمیں تم جو کچھ اچھی خبر آئے

میکدے کی خاک تک لے ڈالیئے یہ دلمیں ہے
کس خرابات کی مٹی اپنی آب و گل میں ہے

ہم کعبہ میں آکر یہ دعا کرتے ہیں اے شیخ
بت لے کے نکلیئے کوئی اللہ کے گھر سے

لو بند کئے لیتے ہیں ہم دیدۂ مشتاق
اب دیکھیں تو آجاتے ہو تم دلمیں کدھر سے

خواب و تخت ہی ہے بہتر کہ ہم آغوش ہے یار
آنکھ کھلنے پہ یہ سامان رہے یا نہ رہے

میخانہ پوچھتا تھا کہ میں خانۂ خدا
بہکا کے لائے حضرت زاہد کدھر مجھے

قدموں سے ہم لگے ہوئے تھے یا جدا ہوئے
مہندی تھے اُنکی پاؤں کی اب نقش پا ہوئے

پوچھی گئے جو آکے کہا تم نے مر کہیں
اچھی گھڑی کے کوسنے ہمکو دعا ہوئے

(انتخاب دیوان سوم)

غم دلدار جب آتا ہے دل خوش ہوکے کہتا ہے
مرا سرمایۂ عیش و نشاط زندگی آیا

سنبھالا اور دونے فرقت میں دلکو بھی جگر کو بھی
اُدھر گھبرا کے جانکلا اِدھر مضطر کبھی آیا

کیا تھی کیکی ترچھی نظر کچھ نہ پوچھئے
اِک تیر تھا کلیجے کے جو پار ہی رہا

کیا نیند ہوشیار تھی اُسکی شب وصال
سو بھی گیا وہ فتنہ تو بیدار ہی رہا

پوچھتے کیا ہو کہ کیا چیز ہے آنا دل کا
دین و دنیا سے اسے کہتے ہیں جانا دل کا

بولے ہنسکر جو کہا روکے فسانہ دل کا
دل لگی سمجھے تھے کیا آپ لگانا دل کا

عشق میں ہم یہ نصیحت کیئے رکھتے ہیں جلال
رازداں کو بھی نہ تم بھید بتانا دل کا

وہ دل کیا جان بھی لیکر کہیں گے
کہ تو کیا اور تیرا حوصلا کیا؟

عدو کو خوش ہمیں ناشاد رکھنا
ذرا اے چرخ اِس کو یاد رکھنا

مرا دل لیکے تم بھولے تو بھولے		ستم ہے بوسہ دے کر یاد رکھنا
بند و بست اپنا کیا خاک اُنکے گھر میں غیر نے		مَیں نہیں میرا خیال آتا رہا جاتا رہا
اگلے معشوقوں کا ذکر آیا جو اُس بیمہر سے		ہنسکے بولا اب وہ دستورِ وفا جاتا رہا
کوئی ایسی بھی جفا ہے کہ ادا اُسمیں نہیں		لطف ہم سے کوئی پوچھے تری بیدادوں کا
دونوں آنکھیں ہیں جلال اشک فشاں فرقت میں		ایک ساوں کا سمان رکھتی ہے اک بھادوں کا
مجھے جان دیکے اتنی بخدا خوشی نہ ہوتی		مرے مرنے کا ذرا بھی جو تمھیں ملال ہوتا
سرگرمِ شوقِ دید ہے پھر کوئی طور پر		تم بھی جلے کو اَور جلاتے تو غضب تھا
عاشق سے اگر دُور ہی رکھنا تھا الٰہی	(ر)	جنت میں نہ رکھا اُسے کیوں مُنہ لگا کر
الگ دل کے داغوں سے ہیں دلکی پھلجھڑیاں		یہ نکلے ہیں کانٹے گلستاں سے بچکر
جل مجھا وہ اور یہ جلتی رہی		شمع سے کیا کر گیا پروانہ چال
وہ جو آئے مَیں زخود رفتہ ہوا		چل گیا مہماں سے صاحب خانہ چال
دم مرا کہتا ہے نہ نکلوں گا اکدن اپنے ساتھ	(ن)	میں تمھاری حسرتِ دل کے مددگار و معیں ہوں
بچاتے ہیں تمھیں الزام سے تم پر جو مرتے ہیں		ادا پر جان دیتے ہیں قضا کا نام کرتے ہیں
دیئے جائیں وہ ہمکو گالیاں جھوٹا کہے جائیں		ہماری تو یہ خو ہے بوسے لے لیکر مکرتے ہیں
غمخوار بھی ہو حضرتِ دل جاں نثار بھی	(و)	سب کچھ ہو جان کا مری لیکن عذاب ہو
درد دل کا ہے ترقی پہ اگر ہونے دو		جاؤ تم حال مرا نوع دگر ہونے دو
بگڑے کوئی اَوروں سے بنے جان پہ اپنی		عاشق ہی کے سر آتی ہے آفت ہو کسیکی
اکیلے کا کہیں دو سرکشوں سے زور چلتا ہے		دوپٹہ لاکھ سینے پر سنبھالو کب سنبھلتا ہے
مارا تمارا مرے بے پردہ ہونے والے		اب تو مُنہ کھولدے مُنہ ڈھانک کے رونیوالے
دل نے طوفان محبت میں اُٹھائے کیا کیا		خضر ہی ٹھیرے مرے ناؤ ڈبونیوالے
خوبرویوں کے بگڑنے میں بھی ہیں لاکھ بناؤ		کہیں اچھوں کی کوئی بات بُری ہوتی ہے

آئے شب وعدہ کوئی اور آکے پلٹ جائے
یوں بھی کسی کم بخت کی قسمت نہ الٹ جائے

سی لیں گے گریبان کو ہم۔ یہ تو بتا دو!
کسطرح رفو اسمیں ہو دل تم سے جو پھٹ جائے

کھنچکے ملتے ہیں۔ مگر وہ ہمسے ملتے ہیں ضرور
کیا فلک اے جذبِ محبت تری تاثیر میں ہے

اِک گلا غیر کا جس میں ہیں وہ دستِ نازک
ایک گردن مری جو طوقِ گلوگیر میں ہے

(انتخاب دیوان چہارم)

دلبری کی تو ادائیں تھیں انوکھی اُن کی
جاں ستانی کا بھی انداز نرالا ہوتا

شرم کو آپ کی اللہ سلامت رکھے
شوخیوں نے تو مجھے مار ہی ڈالا ہوتا

سامنے میرے حیا نے اُنھیں آنے نہ دیا
خاک میں نیچی نگاہوں سے ملانے نہ دیا

مرنے دیتی نہیں اُمیدِ وصالِ جاناں
دل کے آنے نے ہمیں جان سے جانے نہ دیا

اِک قدم جانا جنھیں دشوار تھا
شوق لیکر سیکڑوں منزل گیا

رہتا ہے کلیجے میں نہاں دردِ محبت
یہ چوٹ وہ ہے جسکو اُبھرنا نہیں آتا

کیوں حشر کے فریادیوں سے ڈرتے ہو اتنا
کیا ظلم تمھیں کر کے مکرنا نہیں آتا

کلیجہ کوئی تھام کر رہگیا ہے
اُدھر جانے والے اِدھر دیکھ لینا

فلک ترستے ہونگے حیا بوں کی صورت
دکھائیگی جو چشمِ تر دیکھ لینا

تماشا مری بیقراری کا آکر
شبِ وعدہ تم رات بھر دیکھ لینا

اُسکی سی کہنے لگے دیکھکے ناصح اُسے آپ
جائیے جائیے بس حضرتِ من دیکھ لیا

(۱۲)

صدقے دلِ ستم زدہ کی آن بان پر
تیور نہ بگڑے بن گئی گو اُسکی جان پر

جب آتے ہیں تڑپتے کوئی قاتل سے نکلتے ہیں
جگر تھامے سنبھالے دل کو بسمل سے نکلتے ہیں

نکلا کئے ایک آہ منھ بھی کھینچیں ہمنے لاکھ آہیں
دھوئیں کیا بے اثر اپنے مجھے دل سے نکلتے ہیں

عشق جس دل میں ہو کیونکر نہ شرر اُس سے اٹھیں
چوٹ کھا کر جو نہ دے آگ وہ پتھر ہی نہیں

ہمہ تن آرزو شوق و تمنائیں ہوں
لاکھ جھگڑے ہیں مرے ساتھ وہ تنہا میں ہوں

پوچھنا میرا کہ لی کس نے جگر میں چٹکی
اُس دل آزار کا شوخی سے یہ کہنا میں ہوں

پوچھ تو جاتے ہیں آپ آ کے کبھی میرا مزاج
اپنا بیمار ہی رکھیے یونہیں اچھا میں ہوں

جلا کر رکھتی ہے اُمید وصل اے ہمنشیں ورنہ
رہے گو جاں بلب عاشق مگر مرتا نہیں ورنہ

نہ جیتے جی ملی راحت نہ بعد مرگ اُلفت میں
فلک کی کیا شکایت ہم کو پیاری ہیں یہ سوں

ندینا تھا نہ بوسے لب بلب ہو کر دیئے اُس نے
اِسی اُمید میں لب پر رہی جانِ حزیں برسوں

ہنسے ماتا مرنے والوں کو قضا آتی نہیں
کیا تمھیں بھی جان لینے کی ادا آتی نہیں

ہجر کی شب ہو گئی گویا ہر آفت کی سپر
اِس بلا کے خوف سے کوئی بلا آتی نہیں

کوئی دل ہے کہ جس دل میں نہیں گھر اُن کا
سب کے مہمان بھی ہیں پھر کہیں جاتے بھی نہیں

لَن ترانی ہے سرِ طور تو موسیٰ ہی سے ہے
ہم جو ایسی نہیں سنتے تو سناتے بھی نہیں

سوال سُنکے مرا چپ ہے کچھ جواب نہیں
یہ کیا کہ ہاں ہے نہ او شوخ بیجواب نہیں

جو پوچھا وصل میں محبوب کیوں ای دلربا تم ہو
تو شوخی سے وہ بول اُٹھے کہ کتنے بیحیا تم ہو

کیا کہا آ کے میت پر ہماری ناز سے کہنا
کہو بیگانہ خو نا آشنا اب ہم ہیں یا تم ہو

تیغ ادا کو دیکھو دل کی سپر کو دیکھو
تیرِ نگہ کو دیکھو میرے جگر کو دیکھو

دیکھو نہ آئینے میں اپنی نظر کو دیکھو
حالت ہے کیا ہماری پہلے اِدھر کو دیکھو

روزِ سیہ سے میرے انساں پناہ مانگے
بدتر ہے شامِ غم سے زنگِ سحر کو دیکھو

نالہ تقاضا ہے تو اک دل میں چبک ہوتی ہے
اشک رکتے ہیں تو آنکھوں میں کھٹک ہوتی ہے

جلال آتا ہے کب کوئی پسِ مرگ
اجل بھی دوست ہے بس جیتے جی کی

لازم ہے چشم و دل کو تدبیر اپنی اپنی
پھر عشق جو دکھائے تقدیر اپنی اپنی

نامہ مجھے وہ بھیجیں پہنچے مرے عدو کو
لکھتا یہ اپنا اپنا تقدیر اپنی اپنی

عاشق کے سامنے دمِ آخر تو آیئے
پردہ اُٹھایئے ملک الموت ہٹ گئے

مرحبا ہے یہ قضا کیا جانے کیا ہے؟
یہ دردِ لا دوا کیا جانے کیا ہے؟

جلال لکھنوی کی کم عمری کی ایک غزل جس کے ہر شعر میں ردیف کے لحاظ سے تبدیلی ہوتی ہے

نہیں معلوم کیا کہتی ہے غیرت	تقاضا شوق کا کیا جانے کیا ہے؟

جلال

جلال۔ مولوی سید الٰہی بخش عرف ملا جلال عظیم آبادی۔ آپ پٹنہ کے سادات عظام سے تھے اور حضرت واغ دہلوی کے تلامذۂ رشید میں آپ کا شمار تھا۔ فارسی زبان میں آپکی لیاقت قابل اعتنا تھی اور اُس زبان میں شعر بھی خوب کہتے تھے۔ اُردو کی طرف توجہ بہت کم تھی۔ محض پاسخاطر احباب سے کبھی ایک آدھ غزل کہہ لیتے تھے۔ سالہا سال بمبئی اور حیدرآباد دکن میں اپنے اُستاد کی خدمت میں رہے اُردو کلام میں بھی صفائی اور شوخی کے علاوہ مضمون کی حلاوت ایک خاص مزہ دیتی ہے۔ بندش بھی بہت چست طرز بیان کا سلیقہ اچھا تھا ۴۲ برس کی عمر میں اوائل ۱۹۰۷ء میں انتقال کیا۔ کلام پراگندہ ہوگیا بصد دشواری چند غزلیں ہم پہنچیں اُن کا انتخاب درج ذیل ہے۔ فقیرانہ روش اختیار کر رکھی تھی۔

نہ کیونکر دل میرا مشتاق ہو ہر بار نشتر کا	مرا غمخوار نشتر اور میں غمخوار نشتر کا
تپاں رہتا ہے دل سینے میں پہلو میں جگر مضطر	کہیں آزار خنجر کا کہیں آزار نشتر کا
ترے قدموں کی ٹھکرائی ہوئی ہے	کرے تجھ سے قیامت سامنا کیا
قیامت ہی کے دن وہ پاک ہوگا	جو کچھ جھگڑا ہے رند و پارسا میں
دم رخصت رہی جاتی ہیں افسوس	تمنائیں دل در و آشنا میں
کبتک غم فراق کا صدمہ سہا کرے	اَب بیقرار یہ دل بے اختیار ہے
رہروانِ رہِ تسلیم تھکے ہیں ہر چند	پھر یہ ہمت کہ کمر بستہ ہیں چلنے کے لیئے

جلیس

جلیس۔ نواب سید محمد مہدی علیخان بہادر الموسوی نیشاپوری مرحوم خلف نواب سید علی نقی خان بہادر حسام الدولہ ناصر الملک شوکت جنگ متخلص بہ عمی و ناصر۔ جناب جلیس ۱۲۴۵ھ میں بمقام لکھنو پیدا ہوئے اور ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ میں بعارضۂ خالج وہیں انتقال فرمایا۔ اور نور باڑی مدفن خاندانِ نیشاپور میں پیوند زمین ہوئے۔ آپ کو شیخ امام بخش ناسخ مرحوم سے تلمذ تھا۔ آپکے صاحبزادے نواب سید عسکری مرزا خاں بلیغ اور سید محمد جعفر خان

ریاض لکھنو میں موجود ہیں۔ کلام باوجود تلاش نہ مل سکا صرف چند شعر ملے وہ حاضر ہیں۔

خود بخود آپ جو تشریف مرے گھر لائے	آگیا آج یہ اے جانِ جہاں کیا دل میں
ربط غیروں سے ہے منظور کہ ہمسے صاحب	سچ بتا دیجئے جو کچھ ہے ارادہ دل میں
یکتائی کا دعوی تجھے اے یار بجا ہے	تجھسا کوئی دنیا میں نہ ہوگا نہ ہوا ہے
زاہد بخدا ہوں میں دل وجاں سے تصدق	دیکھا نہیں اُس بُت کا مگر نام سُنا ہے

جلیس

جلیس ۔ محمد جلیس آپ بدایوں کے رہنے والے تھے۔ اٹھارویں صدی کے آخر میں آپکا عالمِ شباب تھا اور اکثر رُباعیاں کہا کرتے تھے۔ جو کلام نظر سے گذرا اُس میں سے یہ رباعی منتخب ہوکر درج کی جاتی ہے۔

غیروں کو دکھا کے یہ رنگیلی آنکھیں	کیوں کرتے ہو ہمسے نیلی پیلی آنکھیں
جیدھر یہ پھریں کریں ہیں قتلِ مردم	آفت ہیں غضب تری کٹیلی آنکھیں

جلیس

جلیس ۔ منشی سید ابو محمد لکھنوی خلف الصدق جناب سلیس و نبیرۂ میر انیس۔ غزل اور مرثیہ گوئی دونوں میں جناب پیارے صاحب رشید سے اصلاح لیتے ہیں۔ زبان صاف اور فصیح۔ بندش چست مضمون بلند الغرض تمام خوبیاں آپکے کلام میں موجود ہیں مسودہ کتاب کے پاس جا چکا تھا کہ رسالۂ معیار سے آپکے بیوقت انتقال کی خبر معلوم ہوئی۔ جناب جلیس بڑے بامذاق اور دوست پرست شخص تھے آپنے بعارضۂ یرقان ۲۴ جمادی الاول ۱۳۲۵ھ کو انتقال کیا اور اپنے دادا میر انیس کے پہلو میں دفن ہوئے۔ گذشتہ تین چار سال میں اُنھوں نے بڑی شہرت حاصل کرلی تھی۔ اُنکے خاندان کے عقیدتمندوں کو ان سے بڑی اُمیدیں تھیں مگر سب پر انکی بیوقت وفات سے پانی پھر گیا۔ مشفقی و محبی مسٹر حامد علیخاں صاحب نے ازراہِ غایت چند غزلیں ارسال کیں ہدیۂ ناظرین کیجاتی ہیں۔

تھا میں اِس حالت میں دیکھا جسنے وہ غمناک تھا	صبح محشر کا گریباں تا بہ دامن چاک تھا
ہجر میں ہر طرح کا سامانِ راحت تھا بہم	تو جو پہلو میں نہ تھا اے بیوفا سب خاک تھا

سیر گلشن میں نہ آیا کچھ تمھیں عاشق کا دھیان
جن کو تم صد برگ سمجھے ہو دلِ صد چاک تھا

بہار آئی ہے دل مائل ہوا وحشت کے ساماں پر
نظر میری کبھی زنجیر پر ہے گاہ زنداں پر

نظر بدلی بَل آیا گیسوؤں میں خم ہوئی ابرو
جوانی آئی واں یاں آفتیں آئیں دو جاں پر

سراپا سوختہ ہوں کشتۂ برقِ تبسم ہوں
جلا جاتا ہے کیونکر ہاتھ رکھوں قلبِ وراں پر

ہوئے ہیں قید جیسے عاشقِ چشمِ بتاں تیرے
ہیں اک عالم کی آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں پر

ہوئے ہیں غیر کے نقشِ قدم سیلِ فنا مجکو
ٹھہر سکتا نہیں دم بھر زمینِ کوے جاناں پر

جفا کس لطف سے کرتا ہے مجھ پر چارہ گر بن کے
نظر ہے زخمِ دل پر ہاتھ ظالم کا نمکداں پر

اسیری میں بھی مجکو دھیان ہے دولت تسلی کا
کہ نقشہ کھینچتا ہوں زلف کا دیوارِ زنداں پر

جلیس اچھی نہیں ہے خوش بیانی بزمِ عالم میں
کہ یہ باتیں گراں ہیں دوست و دشمن کے دلِ جاں پر

کیا مر کے بھی الفت کے نام کو روشن
چراغ گورِ غریباں بنی وفا میری

مجھے غرور ہے اس کا کہ دل ہے سینے میں
اُنھیں ہے ناز بہت زلف ہے رسا میری

خموش رہ نہیں سکتا قفس میں کوئی گھڑی
پسندِ خاطرِ صیاد ہے صدا میری

کسی جگہ پہ ہے بلبل کہیں ہے پروانہ
نئی ہے عالمِ نیرنگ میں وفا میری

تمھارے مصحفِ رخسار میں ہے یہ تحریر
کہ چاہیے دلِ بیمار کو ہو امیری

اِسکو کہتے ہیں کشش یہ جذب کی تاثیر ہے
ایک ہی جا قلب میں سو خار و نوکِ تیر ہے

صبح ہوتے ہوتے جلکر خاک ہو جائینگے ہم
آج اے دل قصدِ ضبطِ نالۂ شبگیر ہے

لیچلی ہے کھینچکر صحرائے وحشت کیطرف
آپکے دیوانے کو موجِ ہوا زنجیر ہے

یہ بھلا کوئی غزل گوئی کی صورت ہے جلیس
دل ہمارا رنج و غم کی آجکل تصویر ہے

دعا قبول نہیں ہم سے عشق بازوں کی
جو بندے بُت کے ہیں سُنتا نہیں خدا اُنکی

نور پھیلا ہے نقاب اُلٹے ہوئے بیٹھے ہو تم
چاندنی شرما رہی ہے بام پر آتے ہوئے

گدائے عشق سمجھ کے ذرا نگاہ ملے
زکوٰۃ حسن کی بوسہ خدا کی راہ ملے

قتل سے محروم ہوں میں ضعف کی تاثیر سے
سو قدم پر اُڑ کے گرتا ہوں ہوائے تیر سے

تشنہ کامانِ محبت پر اُنھیں رحم آگیا
سب کے دل ٹھنڈے کیئے آبِ دمِ شمشیر سے

کیا تعجب ہے جو حُسن و عشق کی تاثیر سے
دوست کو آواز دے دوست کی تصویر سے

جلیس جلیس - منشی محمد مُبین - قصبہ مچھلی شہر ضلع جونپور کے باشندے اور حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگردوں میں درجۂ امتیازی رکھتے ہیں - چند سال ہوئے "بہارِ سخن" نامی ایک پرچہ بھی جاری کیا تھا جو چند ماہ نکلکر بند ہوگیا فارسی استعداد معقول اور طبیعت کا رنگ یہ ہے -

دل پستے ہیں جس چال میں وہ لغزشِ پا ہے
ساقی تری رفتار میں مستانہ ادا ہے

گھونگھٹ میں تڑپتی ہے اُن آنکھوں کی شرارت
بے چین وہ ارمان بھرے دل کے لیئے ہے

بتوں پر جان جاتی ہے حسینوں پر فدا دل ہے
مری مٹی میں خاکِ کشتگانِ عشق کا مل ہے

دلِ مجروح کو تڑپا دیا بلبل کے نغموں نے
نمک پاشِ جراحت باغ میں شورِ عنادل ہے

صُراحی سے نہ کچھ مطلب نہ مینا کی مجھے خواہش
یہاں خونِ تمنّا سے لبالب ساغرِ مُل ہے

قیامت میں جلیس اب ان بتوں کو کیا کریں رسوا
کسی سے کیا کہیں کیونکر مرے ہیں ان قاتل ہے

جلیل جلیل - مہتی علی مرزا صاحب جلیل - باوجود تلاش آپ کا حال اسیقدر معلوم ہوا کہ آپ زمانۂ غدر میں لکھنو میں زندہ سلامت موجود تھے - یہ آپ کا کلام ہے -

غیر ممکن ہے کہ اُسکو دمِ محشر دیکھیں
جو نہ دیکھا ہو اُسے آنکھ سے کیونکر دیکھیں

کل کا پُتلا ہوں اشاروں سے نگہ کے مجکو
جسطرف آپکا جی چاہے پھرا کر دیکھیں

چشمِ ساقی میں مُروّت کا ذرا نام نہیں
کیا ندیدوں کی طرح جانبِ ساغر دیکھیں

ہے عجب تاثیر عشقِ ابروئے خمدار کی
درد بھی اُٹھ کر دکھاتا ہے چمک تلوار کی

چین سے سوئے نہ کیونکر رات بھر وہ مستِ ناز
لے گیا ہے نیند میرے دیدۂ بیدار کی

وا ہوئیں غفلت سے آنکھیں دیکھکر موئے سفید
صبح ہوتے ہی دکانیں کھلتی ہیں بازار کی

جلیل جلیل - شاعر بیدل فاضل نبیل فخر زمن حافظ جلیل حسن خلف مولوی حافظ عبدالکریم صاحب

مانکپور کے رہنے والے اور حضرت امیر مینائی مرحوم کے شاگرد رشید و جانشین مشہور ہیں۔ قریب ۴۰ سال کے عمر ہے۔ نہایت متین و مہذب اور خاموش آدمی ہیں۔ ۲۰ برس کی عمر میں منشی صاحب کے شاگرد ہوئے عرصۂ دراز تک بلکہ منشی صاحب کے آخر زمانے تک دفتر امیر اللغات کے سکرٹری رہے۔ اپنے بزرگ استاد کے ہمراہ حیدرآباد دکن گئے اور بعد انتقال حضرت امیر مینائی مرحوم آج تک وہیں اقامت پذیر ہیں۔ مہاراجہ کشن پرشاد بہادر پیشکار و مدار المہام حیدرآباد دکن کی سرکار سے سو روپیہ وظیفہ پاتے ہیں۔ اور اکثر حیدرآباد کے نومشق شعرا آپ سے فن سخن میں مستفید ہوتے ہیں۔ منشی صاحب کی وفات کے بعد مرحوم کے بعض تلامذۂ نامی مثل حضرت ریاض، مضطر۔ وسیم۔ وغیرہ نے جناب جلیل کو منشی صاحب کا جانشین قرار دیا۔ چنانچہ اب وہ اسی لقب سے لکھے جاتے ہیں اور اکثر تلامذہ حضرت آپ سے مشورۂ سخن کرتے ہیں۔ فارسی کی استعداد زبردست ہے اور عروض و قوافی میں خاص دخل رکھتے ہیں۔ الغرض شاعری کے متعلق جتنی معلومات ضروری ہیں آپ ان سے بخوبی بہرہ ور ہیں۔ کلام کا پایہ نہایت بلند ہے ساری استادانہ ترکیبیں پائی جاتی ہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ سادگی بیان و صفائی زبان کے ساتھ ساتھ بلند پروازی اور نازک خیالی دو متضاد صفتیں آپکے کلام میں جمع ہوئی ہیں جو بہت ہی کم کسی کے کلام میں ہوا کرتی ہیں۔ اشعار میں بانکپن کے ساتھ ایک خاص مزہ ہے جو سامع کے دل کو اپنے جادوانہ اثر سے تڑپا دیتا ہے۔ اگرچہ ان کے اکثر اشعار رعایت لفظی اور محاورہ بندی سے باہر نہیں ہوتے مگر بندش کی چستی اور بیان کی سلاست اُس نامطبوع رنگ کو نہایت دلچسپ بنا دیتی ہے اور بے اختیار مُنہ سے تعریف نکلتی ہے۔ آجکل دنیائے شاعری میں آپ امتیازی نظر سے دیکھے جاتے ہیں اور حقیقت میں اسی قابل ہیں۔ مذاق سخن نہایت پاکیزہ اور ستھرا ہے جسکی جلا نے انکی خداداد طبیعت کو اور بھی چمکا دیا ہے۔ حضرت امیر نے جسقدر انکے کلام کی تہذیب اور اصلاح میں محنت کی اس سے بہت زیادہ اُس کا نتیجہ بھی دیکھ لیا۔ بلاغت متانت

خوش مذاقی۔ شوخی۔ معنا بین عالی کی بلند پروازی اِن میں سے کونسی شے ہے جسکی بتصریح تعریف کی جائے۔ سبھی کچھ ہے اور اپنے اپنے محل اور موقعہ پر ان میں سے ہر چیز کا بقدرِ ضرورت ایک مناسب طریقے سے صرف ہے۔ اکثر اشعار انکے ناخن بدل زن اور لذتِ عشق چشیدہ دلوں کو تڑپا دینے والے نظر آئے۔ آپکی طبیعت ہمہ گیر اور پُرگو واقع ہوئی ہے۔ نیکدلی اور انکسار منشی صاحب کے فیضانِ صحبت کا اثر ہے اور غالباً اسی ایک صفت نے اُنھیں منشی صاحب کا جائز جانشین بنوا دیا۔ ایک دفعہ راقم تذکرہ کو آپنے تحریر فرمایا کہ "کوئی امتیاز خاندانی علمی و عملی ایسا نہیں ہے جو قابلِ ذکر ہو سوائے اسکے کہ حضرت امیر مینائی قدس سرہٗ کی خدمت میں مدتِ دراز تک رہنے کا اتفاق ہوا ہے ؎ جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد ۔ وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم"۔ جوان صالح اور پابند مذہب ہیں۔ خدا انکی عمر میں برکت دے اور اُس رتبۂ شاعری کو پہنچائے جو اُنکے اُستادِ مرحوم کو حاصل تھا۔ اصنافِ سخن پر وہی قدرت اور قبضہ حاصل ہو۔ آپ کا دیوان ابھی شائع نہیں ہوا مگر غزلیں برابر رسالوں میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ رسالہ محبوب الکلام جو مہاراجہ مدار المہام کی زیرِ سرپرستی شائع ہوتا ہے اُسکا اہتمام آپ ہی سے متعلق ہے۔ باعتبار قدردانی فن یہ امر قابلِ مسرت ہے کہ کابلِ دس سال کی اُمتیدواری کے بعد اوائل سنہ رواں ۱۹۱۰ء میں حضور نظام نے مہاراجہ مدار المہام کی پُرزور سفارش پر آپکی قدر افزائی فرمائی اور آپ زمرۂ شعرائے دربار میں محسوب ہو کر اب پانچسو روپیہ ماہوار مشاہرہ پاتے ہیں۔ جناب امیر کے صاحبزادے منشی لطیف احمد اختر کا بھی جن کا ذکر خیر جلد اول میں آچکا ہے اسی سلسلے میں چار سو روپیہ ماہواری منصب پر تقرر ہوا ہے اب انتخابِ کلام ملاحظہ ہو۔

بیوفا یار باد خانہ ہوا	دل ہوا دل کا مدعا نہ ہوا
لوٹ ہیں غنچے بھی اُن پر مثلِ دل	مسکرا کر جسکو دیکھا کھل گیا
ہائے کیا لذت بھری تھی تیغِ ناز	زخم روتے ہیں کدھر قاتل گیا

بتوں کو چھوڑ کے نام خدا لگے رٹنے
جلیل آج یہ دل میں تمہارے آئی کیا

بلبل کی بہار میں نہ پوچھو
منہ چومتی ہے کلی کلی کا

درد والے کو دیکھتے ہیں پرائی آگ میں
کود جو اٹھی شمع سے پروانہ جل کر رہ گیا

کچھ نجانا ہمنے کب چمکی تری برقِ جمال
اسقدر جانا کہ دل پہلو میں حل کر رہ گیا

جب ترے عشق کا پھندہ مری گردن میں رہا
پھر برابر ہے قفس میں کہ نشیمن میں رہا

کبھی اس گل کا لیا بوسہ کبھی اس گل کا
اے جنوں مشغلہ اپنا یہی گلشن میں رہا

صبح ہوتے ہی ہوا جامہ دری میں مصروف
ہائے وہ ہاتھ جو شب بھر تری گردن میں رہا

لوگ آرام کی خاطر رہے دنیا میں خراب
اور آرام چھپا گوشۂ مدفن میں رہا

پھول بنکر مرے اشعار بٹے یاروں میں
داغ بنکر مرا مضمون دلِ دشمن میں رہا

چاک دامانیٔ یوسف تو کوئی بات نہ تھی
ہائے وہ چاک زلیخا کے جو دامن میں رہا

دونوں خواہاں کہ تری تیغ مری ہو کے رہے
مرتے مرتے یہی جھگڑا سر و گردن میں رہا

قیس و فرہاد کا بھرتے رہے بہروپ جلیل
یہی سودا تھا یہی کھیل لڑکپن میں رہا

مانگے جائینگے تجھکو تجھ سے ہم
منہ میں جب تک زبان ہے گویا

مژہ کی پھانس چبھنے سے مزا پورا نہیں آتا
یہ بڑھکر تیر ہوتی۔ تیر دل کے پار ہو جاتا

یہاں تو ہے غرض اس سے کہ جینے کا سہارا ہو
وہ ملتے یا نہ ملتے وصل کا اقرار ہو جاتا

ترے جلوے سے غش آنا نہیں موقوف موسیٰ پر
یہ وہ مے ہے کہ جو پیتا وہی سرشار ہو جاتا

کیا چلکر مجھے بسمل تو کیا تعریف ناوک کی
تری چٹکی میں رہتا اور دل کے پار ہو جاتا

ہمارا طائرِ دل مرغِ دست آموز ایسا ہے
جو تم چمکارتے چٹکی بجاتے یار ہو جاتا

تم دھان پان ہو نہیں موقع حجاب کا
کیوں بوجھ ڈالو پھول سے منہ پر نقاب کا

آتے ہی سبز باغ دکھا کر ہوا ہوا
جھونکا تھا اک صبا کا زمانہ شباب کا

تصویر اُن کی سارے مرقع کی جان ہے
گویا چمن میں پھول کھلا ہے گلاب کا

اُس برق وش کو تو کہیں دم بھر نہیں قرار
کس پر پڑے گا صبر مرے اضطراب کا

بچپن کہاں تک اُن کی اُمنگوں کو روکتا
آخر کو رنگ پھوٹ ہی نکلا شباب کا

دل نے کیا ہے فتنۂ محشر سے مشورہ
تُو خاکِ راہِ دوست ہو میں خاکِ پائے دوست

اللہ اللہ کوئے جاناں کی زمین ہے وہ زمین
سیکڑوں بیٹھے ہیں گھر چھوڑے جہاں میری طرح

پرتوِ رخ کا تماشا جلوہ گہہ میں دیکھئے
لوٹتی پھرتی ہیں ہر سُو بجلیاں میری طرح

ستم ہے مبتلائے عشق ہو جانا جواں ہو کر
ہمارے باغِ ہستی میں بہار آئی خزاں ہو کر

ستم ڈھاتے ہیں تیرِ ناز دل میں میہماں ہو کر
رہے تو دردِ دل ہو کر جو نکلے تو فغاں ہو کر

یہی عالم ہے گر جوشِ جنوں میں خاک اُڑانیکا
زمیں بھی سر پہ اک دن آ رہیگی آسماں ہو کر

حسیں ہیں اُنکو ہر صورت سے اپنا کام کر جانا
بگڑ کر مسکرا کر گرم ہو کر مہرباں ہو کر

ہستی و عدم دونوں ہمارے ہی تو گھر ہیں
اُس گھر میں چلے جائینگے اِس گھر سے نکلکر

کھلے جاتے ہیں قاتل کی ادا پر
کہیں مُنہ پھیر نہ زخموں کے سیئے جائیں

ہماری ہے خطا یا پیارے مُنہ کی
جو کہتا ہے مرے بوسے لیئے جائیں

تُو سلامت ترے انداز پہ مرنیوالے
موت کا بھی کہیں احسان لیا کرتے ہیں

موت ہے مفت میں بدنام حقیقت یہ ہے
دل جو لیتے ہیں وہی جان لیا کرتے ہیں

آج سُنتے ہیں وہ اپنا مدعا کہنے کو ہیں
کون جانے دل میں کیا ہے مُنہ پہ کیا کہنے کو ہیں

وہ زبانِ تیغ سے کیا جائے کیا کہنے کو ہیں
ہم لبِ زخمِ جگر سے مرحبا کہنے کو ہیں

پا کے اُن کو بڑھ گئی ہے اور بھی کچھ آرزو
کل تھے کیا کہنے کو ہم اور آج کیا کہنے کو ہیں

ساری دُنیا جانتی ہے جیسے ہیں حضرت جلیلؔ
جان دیتے ہیں بتوں پر پارسا کہنے کو ہیں

بہار ہے ترے کشتوں کی سادہ رنگی پر
کوئی چراغ کوئی گُل سرِ مزار نہیں

دو ہائی ضبط کی آنسو پئے نہیں جاتے
بھرے ہوئے مرے دو جام چھلکے جاتے ہیں

بالائے آسماں نہیں زیرِ زمیں نہیں
راحت ہے جس کا نام وہ ایدل کہیں نہیں

کعبہ ہو یا کہ دیر ہو گلشن ہو یا بہشت
جو بات کوئے یار میں ہے وہ کہیں نہیں

شوخی کا وصل میں جو ارادہ ہوا کچھ اور
کس ناز سے حیا نے پکارا نہیں نہیں

لو جوانی آگئی اب خیر جانوں کی نہیں
وہ اٹھا فتنہ جسے تم بھی دبا سکتے نہیں

نصیب سے کہیں مرنا کسی پہ ہوتا ہے
مزہ جو اس میں ہے وہ عمر جاوداں میں نہیں

اسے بھی آپکے ہونٹوں کا پڑ گیا چسکا
ہزار چھوڑیئے چھٹنے کی اب شراب نہیں

یہ پاک صاف ہمیں ہیں کہ ہے تو دامن تر
نچوڑیئے تو کہیں بوند بھر شراب نہیں

گنہ گنہ نہ رہا اتنی بادہ نوشی کی
اب ایک شغل ہے کچھ لذت شراب نہیں

ہجوم چار طرف سے ہے اب نگاہوں کا
نقاب اٹھ گئی پھر بھی وہ بے نقاب نہیں

کیا خوب ہوا حشر گنہگاروں کا واعظ!
سب آگ میں ڈالے گئے رند آتش تر میں

اگل و بلبل ہنسیں بولیں صبا سے بھی ہو سرگوشی
ہمیں سے سب کھٹکتے ہیں ہمیں ہیں خار گلشن میں

ادھر وہ پیار سے مدفن پہ میرے ہاتھ رکھے ہیں
ادھر میں بار احساں سے دبا جاتا ہوں مدفن میں

خدا آباد رکھے دور قاتل ہی ہے امن ایسا
ہزاروں پاؤں پھیلائے ہوئے سوتے ہیں مدفن میں

تمھیں جانو کہاں چھپ چھپ کے تم راتوں کو جاتے ہو
تمھارے نقش پا کچھ کہہ رہے ہیں کوئی دشمن میں

خوشی یار رشک تو جب ہو کہ مجکو ہوش ہو اس کا
مرے پہلو میں وہ بیٹھے ہیں یا آغوش دشمن میں

ادھر دیکھا جو وقت گریہ فوراً تھم گئے آنسو
کسی نے سی دیا تار نظر سے چشم گریاں کو

بہار آئی ہے نکھرے ہیں عروسان چمن کیا کیا
جلیل اسوقت چلنا چاہیئے سیر گلستاں کو

ہمیں الزام دیتے ہو کہ ہم پر کیوں خدا تم ہو
ہماری آنکھ سے دیکھو تو ہو معلوم کیا تم ہو

بجا ہے تم نے تڑپایا نہیں یوں میں تڑپتا ہوں
تمھارے تیر ہیں کچھ بے خطا کچھ بیخطا تم ہو

بگڑ کر جان کیوں لیتے ہو صاحب یوں بھی جاتے ہے
خفا ہونے کو میرا دم ہے کیا کم جو خفا تم ہو

آنچل وہ منہ پہ ڈالکے چلنا حیا کے ساتھ
سایہ کو دیکھکر وہ جھجکنا حیا کے ساتھ

اب وار تم کرو نہ کرو اختیار ہے
تلوار کھینچنا ہی غضب تھا ادا کے ساتھ

رنگِ حنا میں ایسی تڑپ ہوتی ہے کہاں
پیسا ہے تم نے دل بھی کسی کا حنا کے ساتھ

غمزے ہزار ہا ہیں وہاں ایک دو نہیں
کچھ شوخیوں کے ساتھ ہیں کچھ ہیں حیا کے ساتھ

شوخی نے کر دیا ہے بہت دن سے بیحجاب
اب وہ فقط نباہ رہے ہیں حیا کے ساتھ

ہم دکھا دیں تجھے زاہد کہ یہ بت کیسے ہیں
تو دکھا دے ہمیں حوروں کی ہی صورت کیسی

رہنِ مے شیخ کی پگڑی کو کیا رندوں نے
اب جو وہ مانگتے ہیں کہتے ہیں حضرت کیسی

کہوں کیونکر کہ اُلفت میں کوئی حسرت نہیں نکلی
مرے پہلو سے دل نکلا مری جانِ حزیں نکلی

جنوں کی جب ہوئی آمد بڑھے سب پیشوائی کو
چلا دامن اِدھر سے اُسطرف سے آستیں نکلی

نہ پوچھو رات میری کیسی گزری بس یہ عالم تھا
کہ اب آیا کلیجہ مُنہ کو اب جانِ حزیں نکلی

فلک کو دیکھتے ہم رہ گئے نکلے جو وہ گھر سے
یہ عالم تھا کہ اب پاؤں کے نیچے سے زمیں نکلی

ہائے کیا کر چہ ہے کیا دلکش فضا ہے کیا ہوا
بیقراری بیٹھنے دیتی تو دم بھر بیٹھتے

اِتنی جلدی اُٹھ گئے کیوں میں بھی تو تیار تھا
دیکھ لیتے دم نکلتا اور دم بھر بیٹھتے

پانی آنکھوں میں بھر لے آگ ہو دلمیں بھری
سچ وہ کہتے ہیں کہ ہم آتے تو کیونکر بیٹھتے

بگاڑ اِس آنکھ کا ہے جسقدر ہے
یہی پہلے پہل اُن سے لڑی ہے

نہ تھی تلوار اُلفت کی نظر تھی
کہ جی اُٹھا ہوں جب مجھپر پڑی ہے

مَیں ڈر رہا ہوں تمھاری نشیلی آنکھوں سے
کہ لُوٹ لیں نہ کسی روز کچھ پلا کے مجھے

نقاب کہتی ہے مَیں پردۂ قیامت ہوں
اگر یقین نہ ہو دیکھ لو اُٹھا کے مجھے

بتوں کو پُوجتے گذری ہے شرم آئیگی
جلیل لے نہ چلو سامنے خدا کے مجھے

ہنسی ہوگی جو کوئی دیکھ لے گا
جلیل آنسو تو پونچھو چشمِ تر سے

ایک ہون بھی تو نہ اپنی رات نورانی ہوئی
ہمکو کیا اے مہ جبیں گر چاند پیشانی ہوئی

رات کو چھپکر نکل جاتی ہے میری آنکھ سے
سیر دیکھو! نیند بھی کم بخت سیلانی ہوئی

شانے پر بکھری ہوئی زلفِ اک خوشی کی سج رہی
ہاں کسی کے دلپہ چھائی اور پریشانی ہوئی

وہ خود ہی لوٹ ہو صورت کچھ ایسی بھولی بھالی ہے
جب ہم نے آرسی دیکھی ہو آنکھوں سے لگالی ہے

لطافت سے مرا محبوب تصویرِ خیالی ہے
وہ پہلو میں ہو اور پہلو مرا خالی کا خالی ہے

دیکھو تو میکدے پہ ذرا اس کا جھومنا
رندوں سے بھی بڑھی ہوئی مستی گھٹا کی ہے

کیا خوبصورت آنکھ ہے قربان جایئے
شوخی کی لاڈلی ہے تو پیاری حیا کی ہے

مار ڈالا مسکرا کر ناز سے
ہاں مری جاں پھر اُسی انداز سے

لاکھوں فتنوں کا ہے گویا جاگنا
ایک اُٹھنا اُن کا خوابِ ناز سے

دردِ دل پہلے تو وہ سُنتے نہ تھے
اَب یہ کہتے ہیں ذرا آواز سے

پھر وہی وہ تھے وہاں اور کچھ نہ تھا
جس طرف دیکھا نگاہِ ناز سے

مٹ گئے شکوے جب اُسنے اے جلیل
ڈالدیں باہیں گلے میں ناز سے

ترے آنسوؤں میں جو ہوتا اثر
یہ دن کیوں ہم اے چشمِ تر دیکھتے

رات دل سے مرے اس درد کے نالے نکلے
گھر سے اپنے وہ کلیجے کو سنبھالے نکلے

پھر سرِ چرخ دُھواں دھار گھٹائیں آئیں
پھر ہَوا کھانے حسیں گیسوؤں والے نکلے

ناز و انداز نے تنہا انھیں چلنے نہ دیا
ساتھ سب گوشۂ دامن کو سنبھالے نکلے

جو نہ مشتاق تھے وہ بھی ہوئے مشتاقِ جمال
مُنہ پہ آنچل وہ اس انداز سے ڈالے نکلے

ہائے رخصت کی وہ ساعت وہ اُداسی گھر کی
ہم سنبھالے اُنھیں وہ ہمکو سنبھالے نکلے

نگاہ پھیر لی محوِ جمال کر کے مجھے
ستم ہے چھوڑ گئے وہ حلال کر کے مجھے

نہ تھا خیال کہ دیتا ہے بے طلب وہ کریم
ہوئی ہے کیسی خجالت سوال کر کے مجھے

جلیل شفقتِ استاد ہائے کیا کہیئے
گئے تو شاعرِ نازک خیال کر کے مجھے

اُسنے دیدار قیامت پہ اُٹھا رکھا ہے
ہائے حالوں سے قیامت بھی اُٹھائی نہ گئی

سامنے تیغ کے مقتل میں نہ ٹھیرے اغیار
منہ کی کھایا کیئے منہ پر کبھی کھائی نہ گئی

تیغ اُٹھتی جو نہ تھی تم سے نظر ہی مارا ہوتا
جانِ من تم سے نظر بھی تو اُٹھائی نہ گئی

مجنوں ذرا نظر تو جما دو لکھے سامنے
محمل میں جو نہیں وہ ہے محمل کے سامنے

ناقہ چلا ہے نجد کو لیلیٰ کی ہے دعا
پردہ اٹھے تو قیس ہو محمل کے سامنے

لایا نصیب ناوکِ قاتل کے سامنے
آیا ہمارے دل کا کیا دل کے سامنے

کیا بات ہے شگفتہ دلی ہو جسے نصیب
جنت کی کچھ بساط نہیں دل کے سامنے

کہتا ہے نور چہرے کا چھنکر نقاب سے
ہلکا سا ابر ہے مہ کامل کے سامنے

آیئے دل لیجئے ہیں کب چرا تا ہوں نظر
آپ بھی آنکھوں پہ میری آپ کا ارشاد بھی

چپ نہ رہتے تو کیا کرتے تمہارے داد خواہ
لب پہ ہر دم آتے آتے تھک گئی فریاد بھی

آفریں باد اے تصور سیرِ گلشن ہے وہی
ہم کفِ صیاد میں ہیں قید بھی آزاد بھی

آب ترس کھانا نہ کھانا اک ہے قسمت کے ہاتھ
دیکھی صورت ہماری سن چکے فریاد بھی

ہائے کیا حسرت کدہ تھا دل ہمارا اے جلیلؔ
ہو گیا دو روز میں آباد بھی برباد بھی

خوشی دل میں نہیں ہے تو سرور آنکھوں میں کہاں آئے
پیالی کیا بھریں جب خیر سے شیشہ ہی خالی ہے

تجلی تری سیر دکھلا گئی
سرِ طورِ موسیٰ کو تڑپا گئی

میسر نہ جب شامیانہ ہوا
اداسی میری گور پر چھا گئی

شبِ غم جو کی خواب کی آرزو
مرے بدلے قسمت کو نیند آ گئی

شبیہ غیر لیکر دیکھنا تو دیکھ سکتا ہوں
قیامت ہے یہ سننا پیار کر لینے کے قابل ہے

کیا انکار دل دینے میں تو وہ جھیپ کر بولے
فقط یہ دیکھتے تھے ہم کہ کتنا آپ کا دل ہے

اے شمع مری طرح تجھے چاہیئے جلنا
اٹھے جو دھواں دل سے تو اونچا ہو سر سے

آنکھوں میں کوں آ کے الٰہی نکل گیا
کسکی تلاش میں مرے اشکِ رواں چلے

کتنی ہی دیر رہ کے وہ جانے کا نام لیں
کہتا ہے دل یہی کہ ابھی سے کہاں چلے

رگ رگ میں ہیں بھرے ہوئے نشتر بجائے خوں
پوچھو مزے جلیلؔ سے ترچھی نگاہ کے

جلوہ ترا تھا یا کوئے دار و رسن بہشتی
کتنے نقاب اٹھتے ہی بیہوش ہو گئے

اتنے سے دل کو دی ہے وہ اللہ نے تڑپ
چاہے تو مجکو عرش پہ رکھدے اُچھال کے

عبث یہ فکر تمھیں ہے کہ کون ساتھ چلے
اُٹھو گے تم تو قیامت نہ اُٹھ کھڑی ہوگی

محبت سے جو پیش آؤ تو دل پر کیوں نہو قبضہ
یہ وہ جادو ہے جس سے غیر اپنا ہو ہی جاتا ہے

چُن چُن کے غیر قتل ہوئے مٹ گئی خلش
کانٹے ہٹائے تم نے محبت کی راہ سے

مُنہ کے مزے کو ہے یہ فقط اپنی میکشی
دل میں ہزار بار ہے توبہ گناہ سے

ہم کیا کہیں کسی سے کہ دیکھا ہے کیا وہاں
نکلے ہیں ہوش کھو کے تری جلوہ گاہ سے

بھیدی نے گھر کے دل کا پتا دیدیا تجھے
میری نگاہ مل گئی تیری نگاہ سے

جان جاتی ہے کسیکی تو بلا سے جائے
اُنکو اس بات کی ضد ہے کہ مری بات رہے

نامہ ابھی لکھا نہیں قاصد گیا نہیں
لیکن اُمید و یاس میں جھگڑا ابھی سے ہے

پامال جنکی ہے وہی چلکر اُٹھائیں گے
خود اُٹھ کھڑی ہو اتنی قیامت نہیں رہی

آنچل جو ڈھلا شانے سے وہ عشے نہ سنبھلا
مچلے ہوئے دل کو کوئی کس طرح سنبھالے

یہاں تو خواب کا آنا خیال میں بھی نہیں
ہمارے خواب میں آنیکی تم نے خوب کہی

فیضِ صبا یہ ہے کہ جو گذری قریب سے
کچھ پھول جھڑ گئے دہنِ عندلیب سے

کیا دیکھ لیا قیس نے کہتا ہے جو سب سے
لیلیٰ مری آنکھوں میں ہے محمل میں نہیں ہے

فتویٰ دیا ہے مفتیِ ابرِ بہار نے
توبہ کا خون بادہ کشوں کو حلال ہے

رُکی رُکی جو چھری دستِ نازنیں میں رہی
تڑپ تڑپ کے تمنا دلِ حزیں میں رہی

عجیب لُطف سے کٹتی ہے تیغ قاتل کی
کبھی کمر میں کبھی دستِ نازنیں میں رہی

یہ تعظیم اللہ اللہ اُس صنم کی
جُھکی پڑتی ہیں محرابیں حرم کی

اُنھیں عادت ہمیں لذت ستم کی
اُدھر شمشیر ادھر تقدیر چمکی

جمال سید علی شمس جمال قادری عرف شاہ مرشد علی بغدادی شاگرد جلال لکھنوی شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں اور موزوں طبع شاعر ہیں۔ زبان۔ بندش۔ ترکیب بیان سب چیزیں بحیثیت

مجموعی اچھی ہیں۔ یہ کلام کا انتخاب ہے۔

دوا سے دردِ محبت یہاں دو چند ہوا
مسیح خود مرے پاس آ کے دردمند ہوا

کسی صنم کی نہ پروا رہی خدا کی قسم
یہ بے نیاز تمھارا نیازمند ہوا

حسن اے خدا بتوں کو جو تو نے دیا دیا
ایسے بُروں کا عشق مجھے کیوں بھلا دیا

الٰہی ہم تو نکلے بوستاں سے
نکالا جائے گلچیں بھی وہاں سے

خون سے میرے نکرنا ہوا ثابت اُن کا
جھوٹی مہندی نے یہ دی سچی گواہی کیسی

دل لُبھاتی ہے اُن آنکھوں کی سیاہی کیسی
موہنی رکھتی ہے وہ سحر نگاہی کیسی

جمیل

جمیل۔ نواب علی نقی خان صاحب مرحوم عرف ننھے آغا صاحب خلف الرشید آغا برہان الدین حیدر موسوی نیشاپوری رئیس اعظم فیض آباد نصیر الدین حیدر اور محمد علیشاہ کے عہد میں لکھنؤ میں امیرانہ بسر کرتے اور بیش قرار وظیفہ پاتے تھے۔ خاندان شاہی سے قرابتِ قریبہ رکھتے تھے تفنّن طبع کے طور پر شعر بھی کہہ لیتے تھے ایک قدیم بیاض سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔

وہ نزع میں آئے ہیں کہہ لینے دے کچھ اُن سے
للہ ذرا تھم جا اے دردِ جگر اتنا

ضعیفی میں تو ایسے ظلم کرتا ہے جوانوں پر
اگر اے پیر گردوں تُو جواں ہوتا تو کیا ہوتا

جان لے گا کہ کرے گا دلِ جانان میں اثر
کیا کرے گا یہ مرا دردِ جگر آجکی رات

جنوں تیری بدولت اسقدر صحرا نوردی کی
کہ دامن رہگیا کانٹوں میں آخر دھجیاں ہو کر

جمیل اس کا سبب کیا ہے کہ آزردہ پھرے وہاں سے
گئے تھے کوچۂ قاتل کو تم تو شادماں ہو کر

نحیف فرقتِ جاناں نے کر دیا ایسا
قضا بھی پھر گئی سو بار آ کے بستر پر

اے نالۂ شبگیر دکھا حسنِ اثر آج
وہ چاند سا منہ خواب ہی میں آئے نظر آج

اندوہِ شبِ غم سے کبھی جان نہ بچتی
لیتی نہ اگر بیخبری میری خبر آج

کیوں خاک اُڑاتے ہوئے پھرتے ہیں بگولے
کس بے سر و ساماں کا ہے دنیا سے سفر آج

جب طلب کرتا ہوں بوسہ رخِ روشن کا جمیل
نیچی کر لیتا ہے شرما کے وہ دلدار آنکھیں

جمیل

جمیل جمیل الدین نام شیخ پورانوی فرخ آباد کے رہنے والے تھے۔ خوش کلام اور اچھا کہنے والوں میں تھے میر احسان الدین محزوں کے شاگرد تھے اور بعض تذکرہ نویسوں کے قول کے موجب میر نظام الدین ممنون سے بھی اصلاح لی تھی۔ جوان قابل۔ وجیہ۔ عاشق مزاج اور خوش اخلاق رند شب تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ میں اِن کا کلام نظر سے گزرا اُس میں سے چند شعر انتخاب ہوکر درج تذکرہ کیئے جاتے ہیں۔ بعض غزلوں میں تمنا تخلص بھی کرتے تھے۔

جبہہ سا دیکھ مجھے نقشِ قدم پر اپنے
سرگراں ہوکے کہا خاک پہ سر مار پڑا

رونا آتا ہے ہمیں دیکھ کے احوال جمیل
حالت نزع میں ہے کل سے وہ بیمار پڑا

نہ اُٹھا گو چُوایا مُنہ میں پانی اُسکے شبنم نے
ہوا بیہوش یہانتک دیکھ کر غنچہ دہن تیرا

آنکھوں کا اُس پری کے پھڑکنا نجائیگا
وحشی ہیں یہ غزال بھڑکنا نجائیگا

بارش کو چشم تر کی کروں ضبط گو جمیل
بجلی کا آہ کی یہ کڑکنا نہ جائیگا

ہمسے یوں نظریں چُراتا غیر سے ہو چار چشم
آپسے ہمکو بھی ہے اے بتِ عیار چشم

محوِ صیدِ مرغِ دل از بس وہ صیدانداز ہے
پنجۂ مژگان جس کا چنگلِ شہباز ہے

پا بگل حیرت سے ہے سروِ گلستاں رشک کہہ
کس قیامت قد کا یاں قمری خرامِ ناز ہے

اُسکی فوجِ غمزہ سے ہر روز ہے یہ دو بدو
کچھ جمیل خستہ جاں بھی زور ہی جانا نہ ہے

شرمندہ اُس مژہ سے فقط اب نہ تیر ہے
ابرو کے دَور میں بھی کماں گوشہ گیر ہے

دامن سے لگ گیا ہے مگر اُسکی اے نسیم
مشتِ غبار اپنا جو رشکِ عبیر ہے

کاہیدہ اسقدر ہے یہ بیمار ہجر میں
آتا جو دیکھنے کو صغیر و کبیر ہے

بستر پہ جسم زار کو اُسکے فتادہ دیکھ
لیجائے ہے گمان کہ تارِ حریر ہے

جمیل

جمیل جمیل الدین جمیل ابن شیخ حفیظ الدین باشندۂ تھانیسر۔ یہ اشعار ایامِ نابالغی کے ہیں۔ حداثتِ سن کے سبب مضامین متسخر خیز ہیں۔ غدر سے پیشتر شہر دہلی میں تعلیم پاتے تھے بعد کا کچھ حال معلوم نہ ہو سکا۔ چند شعر حاضر ہیں۔

چڑھا ہی لیتا اڑنگے پہ اُس ستمگر کو		جو آج کو میں زبردست پہلواں ہوتا
تو نے دیکھی ہیں غیر کی آنکھیں		تیری نظروں میں کب سمائینگے ہم
کہا میں نے کہ اک دن تو ذرا چہرہ دکھا دیجے	ق	اسی کیواسطے اتنا ذلیل و خوار پھرتا ہوں
تو ہنس ہنسکر لگا کہنے کہ یوسف تو نہیں کچھ میں		کہ ہر اک کو دکھاتا جلوۂ دیدار پھرتا ہوں
لبِ لال اُس کا ہے مسی آلود		اور کچھ پاں کی سی لالی ہے
لال تو ہے پہ ہے یہ صُم و بکم		چٹکی سرمہ کی اُسنے کھالی ہے

جمیل

جمیل منشی سید جمیل احمد جمیل ابن منشی سید امتیاز علی سہسوان ان کا وطن اور ۱۲۷۶ھ ہجری سالِ ولادت ہے۔ آپنے صبا و تسلیم اور منیر شکوہ آبادی سے اُردو میں اور زبانِ فارسی میں افتخار الشعرا خان محمد خان شہیر تلمیذ غالب مرحوم سے مشق بہم پہنچائی بسبب ملازمتِ بھوپال آپکی عمر کا زیادہ تر حصہ رؤسا نامدار و والیۂ ریاست کی ثناگستری میں بسر ہوا۔ چنانچہ بیشمار قصائد و قطعات اور مسدسات و ترکیب بند وغیرہ آپکی تصنیف سے ہیں اشعار میں زبان اور محاورہ کی صفائی کا زیادہ خیال رکھتے ہیں۔ بندش اور اسلوب بیان کا سلیقہ بھی بُرا نہیں۔ یہ اُنکے اشعار ہیں ؎

بارِ عصیاں نہ گنہگار اُٹھا کر لیجائیں		اے خدا راہ میں لُٹ جائے یہ ساماں اُن کا
کچھ بلبلوں کو یاد ہیں کچھ قمریوں کو حفظ		عالم میں ٹکڑے ٹکڑے مری داستاں کے ہیں
کہتے ہیں وہ نگاہ کی زد پر جگر نہ ہو		کیا خوب واں تو تیغ ہو اور یاں سپر نہ ہو
یہ کاوشیں نہیں مژۂ سینہ دوز کی		دیکھو تو میرے دل میں کہیں نیشتر نہ ہو
اے جذبِ عشق بات نجائے شبِ فراق		ایسا نہ ہو ہم آہ کریں اور اثر نہ ہو
محشر میں کیوں یہ شورِ تظلم ہے ہر طرف		دیکھو کہیں یہاں بھی وہ بیداد گر نہ ہو
مجکو دکھا کے غیر کو بوسہ نہ دیجئے		بیداد ہو۔ ستم ہو۔ مگر اسقدر نہ ہو
تیغِ نگہ کا وار ہے کچھ دل لگی نہیں		کہدو کوئی جمیل سے سینہ سپر نہ ہو

بہت اُس گُل کے بلبل ہیں مجھتے کیوں نہیں اُسنے
مجھی پر خار کھائے بیٹھے ہیں کانٹے بیاباں کے

دہشت عبث ہے خلق کو روزِ شمار کی
ہوگی سحر نہ میری شبِ انتظار کی

کیوں ناگوار ہمکو جفائیں ہوں یار کی
ہمدم یہی تو یار کی باتیں ہیں پیار کی

اچھی کہی کہ آپ نہ چاہا کریں ہمیں
گویا کہ ہے یہ بات مرے اختیار کی

آخر چلے نہ آئے چلی شوخیوں کی کیا
دیکھی کشش ہمارے دلِ بیقرار کی

آنکھیں ہیں اور نظارۂ صیادِ گلعذار
حاصل ہے ہمکو سیر قفس میں بہار کی

شہرت پہ وصلِ غیر کی مجھپہ عتاب ہے
لیتے نہیں خبر نگہِ شرمسار کی

مجھسا گناہ گار بھی بخشا گیا جمیلؔ
کیا شانِ عفو ہے مرے آمرزگار کی

میری ہمدردی کا ثمرہ دیکھئے پائینگے کیا
بے اثر تدبیر ہوگی تو نہ شرمائیں گے کیا

ہوں میں ناکام ازل وہ میرے کام آئینگے کیا
دوست غمخواری میں میری سعی فرمائینگے کیا

زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھجائینگے کیا

ہاتھ باندھے اور جھکائے ہم رہیں سرکب تلک
بات ڈر ڈر کر کریں با دیدۂ ترکب تلک

ناک میں ہر دم سنوگے کان دھر کر کب تلک
بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک

ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائینگے کیا؟

خیر سے سمجھے ہوئے ہیں وہ محبت کو گناہ
سیدھے سادے ہیں حقیقت پر نہیں اُنکی نگاہ

اِسکو میں بھی مانتا ہوں ہیں وہ میرے خیر خواہ
حضرتِ ناصح گر آئیں دیدہ و دل فرشِ راہ

پر کوئی اتنا تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا

اُنکی ابرو دیکھی ہے شمشیر سے بھاگینگے کیوں
کھائی ہیں چوٹیں نظر کی تیر سے بھاگینگے کیوں

عاشقِ بدنام ہیں تشہیر سے بھاگینگے کیوں
خانہ زادِ زلف ہیں زنجیر سے بھاگینگے کیوں

ہیں گرفتارِ وفا زنداں سے گھبرائیں گے کیا

جمیلؔ۔ ان کا نام اور حال معلوم نہیں ہوا اتنا معلوم ہے ایک مغلوی صاحب سندیلے کے رہنے والے جمیل

اور جناب اسیر کے شاگردوں میں تھے سنہ ۱۳۰۳ ہجری میں موجود تھے یہ اُنکے اشعار ہیں ؎

گیسوئے یار سے دیکھے نہیں بڑھکر گیسو	سُنبلِ باغِ جناں سے بھی ہیں بہتر گیسو
اُلٹے لٹکائے گئے خوب ہوا خوب ہوا	بل کی عاشق سے لیا کرتے تھے اکثر گیسو
کون ساحسن خدا نے نہ دیا اُس بُت کو	خالِ مشکیں خطِ شبرنگ معنبر گیسو

جمیل ۔ **جمیل** ۔ میر محمد سجاد صاحب لکھنوی ۔ باوجود کوشش آپکے حالات دستیاب نہیں ہوئے صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ دور موجودہ کے شاعر ہیں ۔

یہ نزاکت دیکھنا کرتا ہوں جب بوسہ کا قصد	سُرخ ہو جاتا ہے رنگ اُس شوخ کے رخسار کا
کروٹیں لاکھوں بدلتا ہوں پہ نیند آتی نہیں	رات بھر مجھکو ستاتا ہے تصور یار کا
دیکھیں تو آپ آکے کہیں لالہ زار دل	دکھلا رہی ہے رنگِ گلستاں بہارِ دل
سُن کے نامِ وصل آخر اتنا شرماتے ہو کیوں	جانِ جاں مشکل عروسِ نو جھجکے جاتے ہو کیوں
یہ بھی کہتے ہو کہ میرے کام کا بالکل نہیں	پھر مرا دل اپنی مٹھی میں لیئے جاتے ہو کیوں
جنوں کا جوش کم ہوتا ہے صحت ہوتی جاتی ہے	یہ خارِ دشت کار نشترِ فصاد کرتے ہیں
جلوہ جو دیکھا طور پہ غش کھا کے گر پڑے	کہیئے کچھ اب تو حضرتِ موسیٰ ہوس نہیں
مطمئن رہنا نہ اے غافل سرائے دہر میں	قبر ہے تیرا مکاں دنیا مسافر خانہ ہے

جمیل ۔ **جمیل** ۔ منشی محمد حسین صاحب جمیل مرحوم ۔ آپ ضلع میرٹھ کے باشندے تھے ۔ مگر بسبب ملازمت عرصۂ دراز تک ملتان میں سکونت پذیر رہے آپ وہاں کی کسی عدالت میں نقل نویس اور مثل خواں تھے ۔ کئی برس ہوئے چالیس بیالیس برس کے سن میں انتقال کیا حضرت قاآنی دہلوی سے آپ کو فنِ سخن میں تلمذ تھا نعت کہنے کا بھی شوق تھا ۔ چنانچہ عاشقانہ اور نعتیہ دونوں دیوان آپکے شائع ہو چکے ہیں ۔

اُٹھانا بارِ محبت محال کیسا ہے؟	نہ سوچے پہلے سے اسکا مآل کیسا ہے
تقدیر دیکھئے ابھی دکھلائے کیا مجھے	خود بیوفا ہیں کہتے ہیں وہ بیوفا مجھے

کبھی سر پہ کبھی کاندھے پہ کبھی سینے پر	اک طلسمات کا عالم ہے ڈوپٹہ کیا ہے

جمیل

جمیل - جناب میر تراب علی صاحب خلفِ میر ریاست علی مرحوم سابق مہتمم ہاور چیخانہ نیازات سرکار عالی نظام - زمانۂ حال کے شعراء میں ہیں - خلاصۂ کلام ملاحظہ ہو

ترا جمال میں دیکھوں یہ مجھ میں تاب نہیں	حسین لاکھوں ہیں لیکن ترا جواب نہیں
بھروسہ کرکے کریمی پہ تیری آئے مولا	گناہ اتنے کیے ہیں کہ کچھ حساب نہیں
ہمارے خط کو جو دیکھا تو بولے قاصد سے	جواب یہ ہے کہ اسکا کوئی جواب نہیں
بعد مرون بھی تمھاری جستجو در کار ہے	مٹکے پھر بھی تمھاری آرزو در کار ہے
جسپہ دنیا لوٹ ہے جسمیں کہ ہے حسنِ ملیح	اُس پہ مرتا ہوں اُسی کی آرزو در کار ہے

جنگ

جنگ - منشی جنگ بہادر صاحب جنگ شہر میرٹھ کے رہنے والے خاندانی شخص تھے - عدالت کلکٹری و محکمۂ بندوبست میں عرصہ تک ناظر رہے سرکاری ملازمت سے قطع تعلق کرنے کے بعد مشہور اخبار انیس ہند کی اڈیٹری کا کام قابلیت سے انجام دیا - کیسکی شاگردی نہیں کی - آپ کو انگریزی و فارسی میں بھی کچھ دسترس تھی سخن سنجی - حاضر جوابی ان کا خاص حصہ تھا - ۶ - اپریل ۱۹۰۷ء کو پورے پچاس سال کی عمر میں بمقام لاہور دنیائے فانی کو خیرباد کہا - آپکی تصنیف و تالیف سے کئی کتب مثل چمنستانِ دلچسپ - چمنستان معرفت و چمنستان صحت وغیرہ شائع ہو چکی ہیں آپکے دو صاحبزادے شاد و رنگ موجود ہیں - کلام کا نمونہ درج ذیل ہیں -

سُن کے آمد کی خبریاں بیخودی طاری ہوئی	اُنکے آنے نے مرے جانیکا ساماں کردیا
دل میں حسرت کا ہے خوں ڈھیر ارمانوں کا	کیا بُرا حال ہوا ہے مرے مہمانوں کا
خون ارماں کا شبِ وصل بھی کیا کیا نہ ہوا	دل مرا غنچۂ تصویر تھا - گویا نہ ہوا
پاس لعنت رہا مجنوں کو بیاباں میں بھی	آہوئے چشم کوئی آہوئے صحرا نہ ہوا
جگر میں گیا دل سے پیکاں نکل کر	اُٹھا درد بھی ساتھ پہلو بدل کر

مرے ساتھ ہے انقلابِ زمانہ — بدل دو تم نگاہِ دنیا کو کروٹ بدل کر
پڑی ہے اوس نالوں سے مرے بلبل کے شیون میں — گرا دو مسکرا کر برق تم پھولوں کے خرمن پر

جنوں

جنوں۔ شاہ غلام مرتضیٰ متخلص بہ جنوں متوطن عظیم آباد و پٹنہ ہمعصر مرزا رفیع السودا مہذب صورت پاکیزہ سیرت نہایت خوش مذاق۔ اکثر فنوں میں قابل اور کامل۔ بڑھاپے میں نابینا ہو گئے تھے مگر مشقِ سخن میں وہی انہماک تھا۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ لکھتے ہیں کہ ان کا وطن اگرچہ آبا و تھا اور زہد و تقویٰ میں مشہور تھے۔ دیوانِ ریختہ بھی مرتب کیا تھا انتخاب درج کیا جاتا ہے

کب ماہ اس نمک میں ہمسنگ ہے تمھارا — حقا کہ حسنِ یوسف پاسنگ ہے تمھارا
آنکھیں بھی چڑھ رہی ہیں منہ بھی اُتر رہا ہے — کچھ رنگ ان دنوں میں بیرنگ ہے تمھارا
مجھ گریباں چاک کو تو اُس کا دامن گیر کر — اِس طرح نقشہ اُتار اُسکی مری تصویر کا
مرشدِ کامل ہے درد عشق ہر مذہب کے بیچ — میں تو کافر ہوں اگر قائل نہوں اِس پیر کا
وہ آنکھ دے کہ جس سے دیکھیں جمال تیرا — یارب جنوں کے منہ پر اس در کو باز کرنا
پہنچا کوئی کعبے سے کوئی دیر سے پہنچا — تھی جس پہ تری مہر وہی خیر سے پہنچا
طوف باصدق و صفا کیجے دلِ آگاہ کا — میرے مذہب میں یہی ہے حج بیت اللہ کا
مرتا ہوں غمگساری جواب نہیں تو پھر کب — اے یار مجھسے یاری جواب نہیں تو پھر کب
اے جنوں مصرعِ تر اسودا کے ہے زنجیر پا — قید سے تیری نہیں ہونیکے اب آزاد ہم
دشمن جاں ہو گئی آخر یہ بینائی مجھے — جو بلا کہئے سو ان آنکھوں نے دکھلائی مجھے
تری چشمِ مست سے ساقیا یہ سیاہ مست جنوں ہوا — کہ مئے دو آتشہ طاق پر جو دھری تھی وہیں دھری رہی

جنوں

جنوں۔ فخر الاسلام نام دہلی کے مشائخ میں سے تھے اور میر ممنون دہلوی کی شاگردی سے بہرہ یاب تھے۔ ایک شعر اُن کا بلا اور قابلِ درج تذکرہ معلوم ہوا۔

اٹھی جو شرم تو دونوں ہی دل سے نکلے — بجز حجاب یہاں کچھ نہ فاصلے نکلے

جنوں

جنوں۔ نواب سراج الدولہ علی محمد خاں بہادر سردار جنگ مرحوم رئیس اعظم فیض آباد خلف

نواب محتشم الدولہ مدبر الملک مرزا باقر علی خان بہادر فتح جنگ مرحوم۔ نواب فتح جنگ مرحوم کے والد ماجد نواب حسین علیخاں بہادر بانس بریلی اور روہیل کھنڈ کے صوبہ دار تھے۔ اور یہ خود نصیر الدین حیدر کے وزیر نواب روشن الدولہ کے داماد تھے۔ نواب سراج الدولہ نے اوائل مشق سخن میں خواجہ آتش سے اصلاح لی۔ انکی وفات کے بعد حضرت اسیر لکھنوی کو اپنا کلام دکھایا۔ آپکی تصانیف سے دو دیوان چھپے ہوئے موجود ہیں۔ شعر خاصہ کہتے تھے تشبیہ اور استعارہ بندی (جس کا اُس زمانے میں زیادہ رواج تھا) کی پابندی آپکے کلام سے مترشح ہے۔ رعایات لفظی کے اسیر تھے۔ نازکخیالی اور زبان کی طرف توجہ کم تھی۔ تاہم کلام میں صفائی اور پختگی پائی جاتی ہے۔ اب انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

حاجیو جاؤ مبارک تم کو کعبے کا سفر
خود مرے پہلو میں گھر موجود ہے اللہ کا

میں مسلماں تھا وہ شاید مجھے کافر سمجھا
مصحفِ رخ کو کبھی ہاتھ لگانے نہ دیا

راحت کی طلب گر دلِ ناشاد کرے گا
کیا جانے فلک کیا ستم ایجاد کرے گا

بوسے کے وعدے پر مرا دل یار لے گیا
یوسف کو مفت مول خریدار لے گیا

مر کر میں شوقِ ابروئے خمدار لے گیا
راہِ عدم میں خوف تھا تلوار لے گیا

کیا کیا خیالِ یار نے دھوکے نہیں دیئے
کس روز اُس پہ حور و پری کا نہ شک گیا

زندگی ہجر میں تھی موت سے بدتر تیری
اپنے جینے کی خدا سے میں دعا کیا کرتا

اگر اے آسمان کچھ بہرِ انصاف تو ہوتا
قبائے گل میں تارِ اشکِ بلبل سے رفو ہوتا

اسی مُنہ پر مسیحائی کا دعویٰ آپ کرتے ہیں
کہ بیمارِ غمِ ہجراں کا درماں ہو نہیں سکتا

زلفِ شب رنگ کو دکھلا کے وہ یہ کہتے ہیں
شب یہ بھاری ہے مرے ہجر کے بیماروں پر

تکلیف دست و بازوے نازک کو تا نہ ہو
ابرو خدا نے اُسکو دیئے ہیں بجائے تیغ

کیا کہوں وصل میں ہوتی ہے جو عاشق کو خوشی
حق بجانب ہے جو پروانہ ہو شادی مرگ

آمدِ پیکِ اجل بھی ہوئی قاصد نہ پھرا
لب پہ جاں آئی وہ لایا ابھی پیغام نہیں

ظلم سے یار نے چھینا نہ وفا سے پہلے
دل مرا لے لیا دیدے کے دلاسے پہلے

ہاتھ کب آتا تھا مضمونِ دہن
یہ معمہ حل ہوا ادراک سے

شجر نکلا نہ کشتِ عشق میں تخمِ تمنا سے
خدا جانے کہ زیرِ خاک اِس دانے پہ کیا گزری

شرابِ عید کے دن شوق سے پئیں زاہد
حرام تیرے فاقہ حلال ہوتا ہے

گالیاں دیکر سخی داتا نہ بنئے مہرباں
دیجئے گا مجکو وہ جو کچھ کہوں درکار ہے

حق تو یہ ہے کہ بہائم سے بھی وہ بدتر ہے
جس بشر کو کہ تمیزِ حق و باطل نہ رہے

نالے وہ پر اثر ہیں دل بیقرار کے
گلشن میں ہوش اُڑتے ہیں سُنکر ہزار کے

غلغلہ ہے فیضِ ساقی کا چلو اے میکشو
میکدے سُنتے ہیں اِن روزوں دھرم سالے ہوئے

بے سبب ہیں وہ اگر روٹھ کے جانیوالے
گر کے قدموں پہ منالیں گے منانے والے

نہ ہوگی حور کے زانو سے بھی مومن کو یہ راحت
ملی راحت ہمارے سر کو جو خشتِ سرِ خم سے

خاموش ترے سامنے غنچہ کا دہاں ہے
حسرت سے تیری آنکھوں کو نرگس نگراں ہے

جائے حیرت جلوۂ معبود ہے
چشم سے پنہاں ہے پھر موجود ہے

(انتخاب از جلد دوم)

نکرتا گر فلک مجبور اسکو
خدا جانے یہ بندہ کیا نہ کرتا

مَیں اُسکی خود نمائی کا ہوں کشتہ میری تربت پر
لگاؤ جائے سنگِ قبر آئینہ سکندر کا

گو ضبط سے مَیں کچھ نہ کہوں چہرے سے مرے
جو اُس پہ فلق ہے وہ نہاں ہو نہ سکیگا

کیا عالم کے ہمچشموں میں تجکو ڈھونڈ کر پیدا
نہ تیری سی ہوئیں آنکھیں نہ میری سی نظر پیدا

عشقِ لب جاں بخش میں ہونٹوں پہ رہا دم
اعجازِ مسیحا مرے کچھ کام نہ آیا

کیوں نہ ہو اُسکی اداؤں سے مرا کام تمام
نہ لیا شرم سے عاشق کا کبھی نام تمام

بظاہر گو کہ بیخود صورتِ میخوار رہتے ہیں
بکارِ خویش و یوانے ترے ہشیار رہتے ہیں

کس لیئے حشر برپا ہے قیامت کیوں ہے
قُم باذنی وہ کہیں ہوش میں ہم آتے ہیں

کھایا جنوں تیرِ نگہ کس کا راہ میں | جو دل پکڑ کے بیٹھ گئے ایک آہ میں

خط دیکھے نامہ بر سے بھی پہلے روانہ ہو | کچھ شوقِ دل کا سب سے جدا کارخانہ ہے
کیا خوف ہمکو گرمیٔ خورشیدِ حشر سے | سر پر ترا سحابِ کرم شامیانہ ہے
شکوہ تیرا کروں معاذ اللہ | میری جانب سے یہ گماں نہ رہے
وطن کی ہمت گئے چھٹ کے قافلے والے | مَیں پا شکستہ پڑا ہوں کارواں کے لیئے
جو کہ تقدیر میں تھے رنج و محن دیکھ چکے | کیسے کیسے ستم چرخِ کہن دیکھ چکے
باغباں سیر کو آئے تھے بس اب جاتے ہیں | جلوۂ حسنِ عروسانِ چمن دیکھ چکے

جنون

جنون۔ میر فضل علی دہلوی شاگرد میر امانی اسد و شیخ ولی اللہ محب۔ پہلے مست تخلص کرتے تھے۔ محرم الحرام میں کتاب خوانی کیا کرتے تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں۔

دیکھا سرائے سینہ کو لے کر چراغ دل | دل سوز ایک بھی نہ ملا غیر داغ دل
باندھ کر تلوار جب آیا نظر میرے تئیں | ہو گئی معلوم قاتل کی کمر میرے تئیں
ہوں مَیں وہ شہبار جسکی سیر گہ تھا لامکان | عشق نے تیرے کیا بے بال و پر میرے تئیں
یار سے کھیو یہ قاصد کہ جو آتا ہے تو آ | ہم نجائیں چلے دنیا سے یہ ارمان رہے

جنون

جنوں۔ میر مہدی خلفِ میر عباس عرف میر مغل فیض آبادی مقیم لکھنو۔ میر رضی رہا کے چھوٹے بھائی اور رشک لکھنوی کے شاگرد تھے یہ اُنکے اشعار ہیں۔

گویا کہ گھڑی نور کی رکھی ہے کمر میں | ایسی ہے منور تری اے رشکِ قمر ناف
کسی نے تارے نہیں دیکھے چاند میں تا تک | تمہارا چاند سا چہرہ ہے اور ستارے گال
رخسار دونوں مہر ہیں ابرو ہلال ہیں | گر مانگ کہکشاں ہے تو ماہ مبیں جبیں
گو وصلِ یار تھا پہ لڑائی نہیں گئی | میری اور اُسکی خوب لڑی رات بھر زبان

جنون

جنوں۔ سید رحمت علی صاحب جنون بریلوی شاگرد حکیم نیاز احمد خان صاحب ہوش آپ شیعہ مذہب تھے ۱۲۸۱ھ میں بریلی میں موجود تھے شعر خوب کہتے تھے اور وہاں کے مشاعروں

میں شریک ہوا کرتے تھے۔ چند غزلیں نظر سے گزریں اُن کا انتخاب حاضر ہے۔

جبتک نہ ہاتھ شربتِ دیدار آئیگا
تجکو بخار اے دلِ بیمار آئیگا

ابرو کے پاس خواب میں دیکھی ہے چشمِ مست
تعبیر ہے کہ کعبہ میں میخوار آئے گا

تیرِ نگاہِ یار کا چھیڑوں گا ذکر میں
لیتا ہوا جو نوک کی سو فار آئیگا

دہانِ زخم کو بوسہ تو خنجر کا میسر ہو
خدا کیواسطے قاتل لگا اک اور بھی چرکا

ہوئے بسمل بھی محبت تیغ قاتل کی ہی
ہر دہانِ زخم نے بوسہ لیا تلوار کا

دید کے قابل ہے رحم اُن کا کہ وقتِ نزع وہ
پانی ٹپکاتے ہیں میرے حلق میں تلوار کا

مرگ کے بعد ہوا خانۂ تربت پُر نور
شمع کا کام کیا داغ نے روشن ہوکر

جان دی مر کے میں نے حسرتِ دیدار میں
خاک سرمہ بن کے پہنچی کیوں نہ چشمِ یار میں

کیوں نہیں لیتی مریضِ ہجر کی آکر خبر
موت کو بھی موت آئی کیا فراقِ یار میں

عشق نے برباد کر دی حسن کی دولت جنوں
کوڑیوں کے مول یوسف بک گیا بازار میں

اے صنم یہ نہ سمجھنا کہ ہیں ہم خانہ بدوش
اب خدا چاہے تو دلمیں ترے گھر کرتے ہیں

بوسے دینار کے بدلے میں ہمیں دو ہم داغ
آسماں سے جو کبھی خواہشِ زر کرتے ہیں

فوج کر لے میں اگر قاتل کے کچھ تاخیر ہو
ہر رگِ گردن ہماری قتل کو شمشیر ہو

بعدِ مردن بھی اگر آوارگی یوں ہی رہی
خاک اپنی دیکھئے کس کس کے دامنگیر ہو

کوئی تو زلفوں کو چھیڑے گا لپٹ ہم پر پڑیں
ہم گنہگاروں میں نظیریں غیر سے تقصیر ہو

نامہ بر دیتا ہے دھوکا میں نہ اونگا کبھی
سر قلم کر دوں جو اُسکے ہاتھ کی تحریر ہو

تمھارے کوچے میں پاتے ہیں ہم پناہ دلکا
اگر ہنسی میں لیا ہو ثواب عطا ہو جائے

فنا کے بعد پریشانیاں نہ اپنی گئیں
ہوا چمن میں رہے دشت میں غبار رہے

وہ چشمِ مست سے دیکھے کبھی جو ایک نظر
تو میں تو کیا ہوں کہ زاہد کو بھی خمار رہے

کیا ہے اپنا وقوف بوسۂ رخ پر
مخصب ہے چوم کے مصحف گنہگار رہے

جنون

جنوں۔ شیخ محسن علی صاحب عرف کلن متخلص بہ جنوں متوطن بنارس شاگرد مرزا صابر گورگانی ہیں کا صرف اسقدر حال معلوم ہوا ہے کہ ۱۸۴۴ء میں زندہ تھے۔ فنِ شعر میں اپنے اُستاد کی روش کے پیرو تھے۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

تجھ سے وہ سربرہو جس میں سب یہ آبے پیر ہو
عقل ہو۔ تدبیر ہو۔ تقریر ہو تحریر ہو

جُرم پر بوسہ کے حکمِ قتل ہے بے منصفی
جسکی ہو جیسی خطا ویسی اُسے تعزیر ہو

ہوتی ہے اُلفت سے اُلفت کسطرح نکلے کوئی
دشت وحشت میں جو اک خار دامنگیر ہو

کچھ تو ہوگی دل کو تسکین ہجر میں یہ ہی سہی
بھیجدو اپنی تمھارے پاس گر تصویر ہو

مجھے ہے قسمت قسام عشق دل سے پسند
کہ تا کسیکی کسی سے نہ کم بہا رہے

برنگِ لالہ دل و سینہ و جگر پہ مرے
مدام داغ جُدائی کے چار چار رہے

دیدیا کیا یہ مسیحا نے دوا سے پہلے
کہ شفا کیسی گئی جان قضا سے پہلے

زلف کو چھونے نہ پائے تھے کہ پہنی زنجیر
خوب تعزیر ملی ہمکو خطا سے پہلے

کبھی عیسیٰ کا میں طالب ہوں کبھی قاتل کا
دیکھوں کون آئے مرے پاس قضا سے پہلے

نزع کے دم ملک الموت سے جھگڑا ہو پڑا
آپ آئیں جو مرے پاس قضا سے پہلے

کیا ترے ابروے پُرخم سے مقابل ہوگا
ماہِ نو بحث تو لے ناخنِ پا سے پہلے

پر لگیں پاؤں کے بدلے جو بلائے وہ یار
اے جنوں اُڑ کے ابھی جاؤں ہوا سے پہلے

مجھے نفع کرتی محبت مگر
تری بے نیازی ضرر ہوگئی

جنون

جنون۔ عالیجناب خان بہادر قاضی عبدالجمیل صاحب جنون تلمیذ جناب مرزا اسد اللہ خان غالب رئیس اعظم بریلی انکے بزرگ شاہانِ مغلیہ کے عروجِ سلطنت کے زمانہ میں مصر سے دہلی میں آئے بادشاہِ وقت نے بہت قدر و منزلت کی اور ہمیشہ مناصبِ جلیلہ پر ممتاز رہے کبھی مختلف شہروں کے صوبہ رہے کبھی سفارت کا معزز اور نازک کام انجام دیا پھر بالس بریلی کے قاضی رہے۔ شاہانِ دہلی و صوبۂ اودھ میں جو اہم امور

اور نزاعات ہوجاتے وہ سب اِنکے توسط سے طے ہوتے تھے جسکے صلے میں خطابات وجاگیریں وخلعتِ فاخرہ سے سرفراز ہوتے رہے۔ جب رہیل کھنڈ فتح ہوا تو نواب شجاع الدولہ وزیر الممالک نے اپنے تشفہ میں ایک بیش بہا سند عطا فرمائی۔ اوائل دورِ انگلشیہ میں بھی آپ نہایت باوقار وبارسوخ رہے +

قاضی صاحب ممدوح ۱۲۵۱ھ ہجری میں پیدا ہوئے ۱۸ برس کی عمر میں فارسی وعربی کی تکمیل کی۔ مختلف علوم عربیہ میں مہارت بدرجۂ کمال تھی۔ آپ کو مرزا نوشہ غالب مرحوم سے تلمذ تھا۔ مرزا کو اپنے لائق شاگرد سے مہر مفرط تھی اُنکے ہر ہر خط کے ایک ایک فقرہ سے محبت ٹپکتی تھی۔ کہیں لکھتے ہیں "آپ کی ارادت میرا ذریعہ فخر وسعادت ہے" کسی جگہ ارقام ہے "اگر قوتِ ناطقہ پر کچھ بھی تصرف باقی ہوتا تو آپ کی تعریف میں ایک قصیدہ۔ اور آپکے کلام کی تعریف میں ایک رباعی کہتا" تاریخ گوئی میں بھی ملکہ تھا افسوس کہ اپنا کلام سب تلف کردیا اُنکے احباب کی زبانوں پر یا مرزا نوشہ کے خطوط میں جو کچھ مِل سکا وہ جمع فرماکر شفیقی وکرمی قاضی محمد خلیل صاحب نے عنایت کیا۔ درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔

جو تجھسے ہمکو ملا کافر و بیدیں ہی ملا
جسکو دیکھا اُسے غارتگرِ ایماں دیکھا

نہ ہوا خندۂ بیجا جو گوارا گل کا
ہم نہ کہتے تھے نکر سیرِ گلستاں دیکھا

کہاں یہ تاب کہ آنکھیں ملا سکوں تجھ سے
کہ اک نگہ میں دگرگوں ہے حال مخمل کا

دیکھکر اُس بُت کو کیا کہیے کہ کیا یاد آگیا
ہمکو اُسکی بے نیازی سے خدا یاد آگیا

مَیں جو رخصت ہوکے اُن سے پھر گیا تو یوں کہا
کیوں گئے کیوں آئے کیا بھولے تھے کیا یاد آگیا

ہے سرِ شام ہی سے بھاری رات
ہائے کیسی کٹے گی ساری رات

سرسری تھا گلہ جو رشکِ تغافل ایجاد
تم پشیماں نکرو مجکو پشیماں ہوکر

کیجئے شکوہ وہ مرِ تیغِ نگہ کا کیونکر
کہ مرے تن پہ کوئی زخم نمودار نہیں

سامنے سے یوں نکل جاتے ہیں وہ
اُن سے گویا کچھ شناسائی نہیں

اُنھوں نے آئینہ دیکھا تو مَیں نے مُنہ اُن کا
حواسِ ہوش بجا واں نہیں تو یاں بھی نہیں

بیمارِ عشق کو نہ لگا ہاتھ اے طبیب
کچھ دردِ سر نہیں ہے کہ اچھا دوا سے ہو

لُطف و عنایت ستم و جور ہی ہو
غم تو ہے کہ نہیں حال کا پُرساں کوئی

گرم کیوں ہوتے ہو اغیار کے آگے مجھ پر
آگ میں ڈالیے پر یوں نہ جلایا کیجے

تاب و طاقت نے دیا فرقتِ جانا نہیں جواب
بارِ غم ناز نہیں ہے کہ اُٹھایا کیجے

گالیاں کھا کے رہوں چُپ یہی بات اچھی ہے
گر بگڑتا ہوں تو وہ اَور بناتا ہے مجھے

آیا نہ اُن کو تفرقۂ جان و دل پسند
دل لیچکے تھے جان بھی اب آ کے لیچلے

ہو نہ موقوف جنبشِ مژگاں
ابھی خواہش ہے زخم کاری کی

ہجر میں کون تھا مرا ہمدرد
کچھ ترے غم نے غمگساری کی

بَل بے شوخیِ اُس نگاہِ ناز کی
ایک برچھی سی جگر میں لگ گئی

جنون

جنوں۔ مولوی محمد عمر جنوں ابن مولٰنا حاجی محمود میاں صاحب ساکن ریاست مانگرول صوبۂ کاٹھیاواڑ۔ آپ کی عمر اب پچاس برس کے قریب ہے شیخ محمد حسین میاں اور اُنکے بھائی جہانگیر میاں کے عہدِ ریاست میں اِنھوں نے اور انکی شاعری نے تربیت۔ اور پرورش پائی۔ یہ خود نواب صاحب مذکور سے اُستادزادگی کی خصوصیت رکھتے ہیں۔ نواب مرحوم کی ریاست اگرچہ مختصر تھی مگر نہایت بامروّت اور سیر چشم رئیس تھے اہل علم اور باکمال آدمیوں کے قدردان اور اُردو شاعری کا اعلیٰ مذاق رکھتے تھے۔ چنانچہ اُنکی فیاضیوں کا ایک کرشمہ یہ بھی تھا کہ نواب فصیح الملک مرزا داغ۔ حکیم ضامن علی جلال۔ منشی امیر اللہ تسلیم اور جناب شمشاد لکھنوی سے اُستادوں نے مانگرول جیسے دُور اُفتادہ مقام کو گاہ گاہ اپنے قدومِ میمنت لزوم سے رشکِ گلزار کیا اور وہاں اُردو شاعری کا چمن لگایا۔ نواب کے شوق اور مصاحبت کیوجہ سے جناب جنوں کو بھی اس فن کی طرف توجہ ہوئی آپنے حضرت جلال لکھنوی سے استفادہ کیا۔ حضرت تسلیم نے جب ان کا مختصر دیوان ملاحظہ

کیا تو تاریخ کہی ؎ "زہے رفعتِ فکرِ استادِ فن ۔ جنوں زباں دان و شیریں سخن"۔

میلانِ خاطر صیغہ جوڈیشل کیطرف رہا اور ریاست میں موافق قانون برٹش عدالتوں کے وکالت کرتے رہے۔ علاوہ اسکے میونسپلٹی گری اور دیگر معزز عہدوں پر مامور رہے۔ بالفعل ریاستِ مذکور میں دیوانی جج و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ و رجسٹرار کے معزز عہدوں پر ممتاز ہیں۔ مگر اس سال اُن کے ممدوح گرامیقدر کا اچانک انتقال ہونیسے دل خستہ اور جگر فگار ہیں اور خود اُنھوں نے مصنفِ تذکرہ کو لکھا کہ "رئیس کیا رحلت کر گئے ہمکو بے موت مار گئے"۔ لطفِ زندگی جاتا رہا۔ ابتو شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن کا نقشہ ہو گیا"۔ اُنکا یہ کلام ہے

بُتِ ترسا سمائے دل میں ایسا ہو نہیں سکتا
خدا کا گھر جو ہوتا ہے کلیسا ہو نہیں سکتا

یہ دم دھاگے ہی انساں کو پھنسا لیتے ہیں دم بھر میں
کسی معشوق کا اقرار سچا ہو نہیں سکتا

جِلا لو اپنے کشتہ کو خرامِ ناز سے اُٹھو
مسیحائی کا دعویٰ اور اتنا ہو نہیں سکتا

ذرا سینے پہ اپنا دستِ نازک رکھ کے پھر دیکھو
غلط ہے عشق کا بیمار اچھا ہو نہیں سکتا

اُتارو شرم کا برقع جو آئے ہو ہنسو بولو
بھری ہے تم میں وہ شوخی کہ پردا ہو نہیں سکتا

نگاہِ ناز کا دل پر کچھ ایسا چل گیا جادو
کہ اب تو وہ کسی پہلو سے میرا ہو نہیں سکتا

جنوں دیوانے ہوا سکو جو تم اپنا سمجھتے ہو
کسی کی اصل کیا ہے وہ کسیکا ہو نہیں سکتا

سیسے میں جا کے دل ہی کو تاکا غضب کیا
قرباں نگاہ یار تری دیکھ بھال کے

چلنا وہ جھوم جھوم کے سینہ اُبھار کر
انداز ہائے رے تری مستانہ چال کے

کسی کا پنجی نگاہوں سے مُکرا دینا
سمجھنے والا سمجھتا ہے غیر کیا سمجھے

خفا نہ ہو جو لیا بوسہ چشمِ میگوں کا
تمھیں نے مست کیا ہے پلا پلا کے مجھے

ستاؤ جتنا جی چاہے مگر یہ بھی تو سن رکھو
وہی طرزِ جفا اچھی ہے جس میں کچھ ادا نکلے

ہماری وضعداری ہمکو اُف کرنے نہیں دیتی
گلا گھونٹے وفا آکر جو مُنہ سے کچھ گلا نکلے

فلک وہ چاند کا ٹکڑا نہ آئے پھر ستا لینا
کہ تیرے دل کا بھی اچھی طرح سے حوصلا نکلے

خاک جا لپٹی کس کے دامن سے — کون گزرا یہ میرے مدفن سے
اک اشارے میں دل کو لے لینا — کوئی سیکھے تمھاری چتون سے
اُٹھے پہلو سے وہ جو صل کی رات — جسم سے جی نکل گیا سن سے
مجکو رونا اُسی کا ہے ہمدم — میرے ہوتے ملیں وہ دشمن سے

جواد

جواد۔ سید جواد علی صاحب شاگرد تہنر و بقا غازی پوری۔ دور موجودہ کے شاعر ہیں۔ جو کلام نظر سے گزرا اُس کا خلاصہ حاضر ہے۔

عیاں ہے سینے سے نور آفتاب داغِ ہجراں کا — کرن خورشید کی ہر تار ہے میرے گریباں کا
میسّر ہو نہ جبتک شربتِ دیدار جاناں کا — دوا بیکار ہے بچتا نہیں بیمار ہجراں کا
جو یاقوتِ لبِ رنگین کبھی اُس شوخ کے دیکھے — لہو ہو ہو کے بہ جاے جگر لعلِ بدخشاں کا
نہ شوقِ سیرِ گلشن ہے نہ ذوقِ دشت پیمائی — ترے وحشی کو خوش آیا ہے رہنا بیتوزنداں کا

اے ستمگار ہوا اب تو کلیجہ ٹھنڈا — لے تڑپ کر ہوا بسمل ترا قاتل خاموش
ملے نہ جبتک ہو رہِ عشق رہے نالہ کشی — جرسِ دل ہو پہنچکر سرِ منزل خاموش

جوان

جواں۔ مرزا نعیم بیگ تخلص بہ جواں شاہ جہاں آبادی باشندۂ کوچہ چیلاں دہلی ملازم خاص مرزا سلیمان شکوہ فن سخن میں حضرت مصحفی کے شاگرد تھے۔ آپ خوشرو وجیہ جوان تھے۔ طبع موزوں اور اس فن کے مناسب پائی تھی۔ جوانی میں لکھنؤ جاکر صاحبعالم کے ملازم ہوئے اور مصحفی اور انشا کے مطارحات میں شریک رہے۔

پہلو میں دل اپنے کو بھی غمخوار نہ پایا — یہ خوبی قسمت کہ کوئی یار نہ پایا
از بسکہ ہوئی گرمیٔ خورشیدِ قیامت — کوچے میں ترے سایۂ دیوار نہ پایا
ظلم و ستم و جور سبھی ہمنے اُٹھائے — جب اور کوئی تجھسا طرحدار نہ پایا
ہم جیسے آئینہ دل تیرے ہی ہاتھوں — پر ہمنے تجھے اِس کا خریدار نہ پایا

یہ ان دنوں جو ہمسے اتنی رُکھائیاں ہیں — شاید کسی نے کچھ کچھ باتیں سکھائیاں ہیں

اے عندلیب سچ کہہ کیا فصلِ گل پھر آئی | فوجِ جنوں کی ہم پر کیسی چڑھائیاں ہیں
کس بے ادب نے تم سے گل بازی آج کی ہے | آنکھیں تمھاری پیارے کیا سخت آئیاں ہیں
کیسکو اپنی سفارش کیواسطے اُس پاس | جو لیکے جاؤں تو اُس کا وہ آشنا نکلے

جوان

جوان۔ محب اللہ نام۔ دہلی کے رہنے والے میر عزت اللہ عشق کے شاگرد تھے معلّم گری کیا کرتے تھے اور فنِ طب سے بھی لگاؤ تھا۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

تو بہت ہوگا پشیماں بات اُس کا گر لگا | فکر ہیں تیرے دِلا پھرتا ہے بازی گر لگا
حامی ہیں بدعتوں کے امیر و غریب سب | یارو یہ رہ گئے ہیں مسلمان آج کل
چشم و ابرو کا گرفتار نہ رکھّا صدشکر | عشق نے اپنی طرف راہ بتائی مجکو

جوان

جوان۔ بابو ہزاری لال صاحب جوان شاگرد منشی غلام حسین صاحب قدر ۱۸۰۷ء میں لکھنؤ میں موجود تھے اسکے سوا زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ یہ کلام ہے۔

ہم تم تھے کوئی روزِ ازل رخنہ گر نہ تھا | انسان تو چیز کیا ہے ملک کا گزر نہ تھا
کیا کیا عذابِ ہجر مری جان پر نہ تھا | تیرے بغیر گور سے کم مجکو گھر نہ تھا
پتھر کا تیرا دل ہے تو فولاد کا جگر | اسپر بھی میرا نام کوئی بے اثر نہ تھا
ہم چھپکے پیتے کیوں رمضاں میں بھلا شراب | واعظ کا خوف کیا جو خدا ہی کا ڈر نہ تھا

جودت

جودت۔ صاحبعالم مرزا سکندر شاہ۔ آپ حضرت بہادر شاہ ثانی کے فرزند دوئم مرزا شاہرخ بہادر کے (جو تمام مرشدزادوں میں لائق ترین اور جو ہر قابل تھے) صاحبزادے ہیں۔ محکمہ میونسپل کمیٹی دہلی میں لعہدہ انسپکٹری گشت مامور تھے۔ پھر علی گڑھ محمڈن کالج میں بورڈنگ کے منتظم رہے۔ اب ۶۵ سال کے قریب عمر ہے۔ مرزا قادر بخش صابر مرحوم کے تلامذہ میں ہیں۔ زبان ٹکسالی اور اُسی چار دیواری کے اندر کی ہے جہاں سے نکل کر اُردوئے معلّی نے فروغ پایا۔ مذاقِ سخن بھی اچھا ہے۔ بندش چست اور سب طرح درست ہے مگر کم گو بہت ہیں۔ کبھی کبھی دوستوں کے اصرار سے طبع آزمائی کر لیتے ہیں

اپنے شوق سے کچھ نہیں کہتے - یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے *

جوشِ وحشت میں مرا پھر دلِ ناشاد آیا
کونسا دشت ہے باقی جو اِسے یاد آیا

میرے گریہ کا طوفاں ہے کہ یہ جوش میں دریا
حبابِ چشم ہے میرا کہ ہے سر پوش میں دریا

میری باتوں سے عدو محفل میں سب کٹ کٹ گئے
شکر ہے رنگِ بیاں غیروں کو خنجر ہو گیا

رکھتے ہیں اپنی نظر میں آپ عاشق کا قصور
جُرم اے جودت مرا مجھ سے بھی بڑھکر ہو گیا

یہ تو ہم پہلے ہی بس جان چکے تھے جی میں
عشق جب دل میں ہے پھر جان کا بچنا کیسا

دل لگی سمجھے ہوئے ہیں ابھی الفت کو رقیب
دیکھنا ہوتا ہے دشوار نبھانا کیسا

عشق کی مجھ سے حقیقت کوئی پوچھے جودت
جان کھو بیٹھنا ہے دل کا لگانا کیسا

رواں آنکھوں سے اشکِ خوں مرے دنرات رہتے ہیں
لہو کا اِک یہی دیکھا ہے اپنے ہوش میں دریا

سب نے چھوڑا نہ چھوڑا پر غم نے
اس رفاقت کو دیکھتے ہیں ہم

جان تک کی نہیں ہے کچھ پروا
دل کی ہمت کو دیکھتے ہیں ہم

جان و دل آپ پہ قربان کیے بیٹھے ہیں
آپ ہم موت کا سامان کیے بیٹھے ہیں

ہزار دشمنِ جاں اپنا آسماں بنجائے
سمجھ لوں اُس سے اگر کوئی مہرباں بنجائے

جو سُن لے نام نہ لے پھر وہ عشق کا یارب
مرا فسانہ یہ عبرت کی داستاں بنجائے

دل میں مرے ٹھن گئی فغاں کی
اَب خیر نہیں ہے آسماں کی

بھولے نہ کبھی حقیقت اپنی
یہاں رہ کے خبر رکھی وہاں کی

نکلے جو خودی کے جال سے ہم
ق
اور چھوڑ دی راہ ایں و آں کی

ہر وصف میں ذات ہی کو پایا
ہم اٹھ گئی دوئی درمیاں کی

وصل میں کیونکہ شکایت ہو تم کی اُنکے
کل شب ہجر میں ہم اُسکے بھی خواہاں ہونگے

دیکھکر حسنِ صنم رام نہوں اے جودت
ایسے پکے تو بہت کم ہی مسلماں ہونگے

بل جبیں پر بھی ہیں زلفوں میں بھی معلوم نہیں
وہ ہیں بگڑے ہوئے یا زلف پریشاں ہے

افسوس ہے کہ ہمکو ملاقات بھی نصیب
صابر سے وقتِ واپسیں جودت نہیں ہوئی

اِس تجاہل کے میں قربان کہ وہ رشکِ مسیح
آکے خود پوچھتا ہے دردکا درماں ہمسے

کسکو نقاب اُلٹتے ہی حیرت نہیں ہوئی
لوحشر میں بھی اُنکو ندامت نہیں ہوئی

جودت

جودت - محمد شبیت جودت ساکن میرٹھ شاگرد مولانا شوکت - ۳۴ - ۳۵ برس کی عمر ہے اور علمی استعداد معقول حاصل ہے - کچھ کلام نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے

ازل سے جو کہ کجرو ہیں کبھی سیدھے نہیں ہوتے
کھنچی شانہ میں لیکن نہ نکلا زلفِ پیچاں کا

خودسیہ بختی پہ اپنی کھاتے ہیں ہم پیچ و تاب
کیوں بلا بن کر لپٹتے ہیں ترے گیسو ہمیں

ہر رنگ میں زاہدوں کے مکاری ہے
صورت میں خضاب کے سیہ کاری ہے

ہو کعبہ میں چوم کر نہ پتھر کو سبک
توحید کو یہ بات بہت بھاری ہے

جودت

جودت - جناب سید فضل حسین عرف میر منشی صاحب - یہ آجکل کی شاعرانہ انجمن معیار کے ایک رکن ہیں - کلام میں شوخی اور طبیعت میں رنگینی ہے - چند غزلیں ملیں اُن کا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے -

دفن کے وقت اقربا میں ذکر یا یوسانہ تھا
گور میں میں تھا - دہانِ گور پر افسانہ تھا

آپکی جب تک عنایت تھی عدو بھی دوست تھے
آپ جب برہم ہوئے ہر آشنا بیگانہ تھا

آج بے ساقی محفل کل سی کیفیت نہ تھی
گو وہی شیشہ وہی مے تھی وہی پیمانہ تھا

پیا پے دورِ جام مے سرِ محفل پسند آیا
ترا لطف و کرم ساقی دریا دل پسند آیا

نہ تھی اُمید جسکی تم سے وہ الفاظ سنوائے
ہمیں بھی آج اپنا اضطرابِ دل پسند آیا

طلب ہے مجھ سراپا داغ کی اِس بزمِ عشرت میں
یہ گلدستہ پئے آرایشِ محفل پسند آیا

خدا جانے وہ کیا سوچے ہیں کیا انجام ہونا ہے
ابھی اس دل سے نفرت تھی ابھی دل پسند آیا

اللہ رے جذبِ شوقِ شہادت کہ وقتِ ذبح
خنجر لپٹ کے شہ رگِ بسمل میں رہ گیا

پھیلا ہوا ہے ہاتھ عبث طمعِ مال میں
جو کچھ بلا وہ کب کفِ سائل میں رہ گیا

اُٹھ اُٹھ کے بیٹھ بیٹھ کے طے راہِ عشق کی
ہر گام پر یہ سمجھا کہ منزل میں رہ گیا

جودت

جودت منشی جدو بیر سہائے متخلص بہ جودت ولد منشی بنواری لال صوفی ذات کا بیسھ آپکا اصلی مسکن موضع مان پور شہر گیا سے ایک میل پور ہے مگر اب چند سال سے گیا میں بود و باش اختیار کی ہے آپ عرصہ تک گورنمنٹ پلیڈر گیا کے سرکاری محرر رہے آپکی عمر اسوقت یعنی ۱۳۰۸ھ تک قریب یکاون برس کے ہوگی سید فصیح الدین حشر اور حکیم عابد علی کوثر کے شاگرد ہیں۔ آپکی چند غزلیں جو دستیاب ہوئیں اُن کا انتخاب حاضر ہے

اُنکی آنکھوں پہ چڑھے کیا دل کسی بیتاب کا
پنجۂ مژگاں سے قطرہ کب اُٹھا سیماب کا

آنکھ بھر آتی ہے جودت یاد میں اُس مست کی
دیکھتا ہوں جب بھرا ساغر شرابِ ناب کا

طور پر برق جو چمکی ہوسے موسیٰ بے ہوش
جلوۂ رُخ کے سوا اس میں کوئی راز بھی تھا

کج ادائی نے تمھاری یہ اثر دکھلایا
پڑ گئے زلفِ سیہ فام میں خم آپ سے آپ

اب وہی قاتل وہی سفاک ہیں خونریز ہیں
کانپ اُٹھتے تھے جو خونِ مرغِ بسمل دیکھ کر

بحرِ ہستی میں تکرارِ ایامِ پیری کا ملال
لوگ خوش ہوتے ہیں کشتی قربِ ساحل دیکھ کر

نشانِ نقشِ پائے رفتگاں پایا نہ عالم میں
اُڑائی منزلوں کی خاک گردِ کارواں ہو کر

دمِ آخر تھی کیوں حیرت کی صورت چشمِ بسمل میں
نظر آتا تھا کیا آئینہ شمشیرِ قاتل میں

نظر آیا جو نہ مقتل میں وہ قاتل مجکو
کر دیا شوقِ شہادت ہی نے بسمل مجکو

تمنّا ہے قدمبوسی مبارک خاکساروں کو
کہ اب وہ روندتے ہیں مٹنے والوں کے مزاروں کو

عدو کو بھی ہے دعوی سرفروشی کا تو بہتر ہے
اُنھیں کو آزمالو پہلے پھر ہم جاں نثاروں کو

دیر رخ سے ہوگیا درمانِ دلِ بیتاب کا ۔ باعث اضطراب آئینہ سے ملکر رہا سیماب کا

جودت

جودت منشی عبداللہ چاؤش حیدرآبادی۔ شاگرد منشی نادر علی برنؔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ کلام حاضر ہے۔

کہنا کسیکا وصل میں یہ چھیڑ چھیڑ کر
ہوگا نصیب پھر نہ یہ دن دیکھنا کبھی

واعظ نصیحتوں سے تری فائدہ ہے کیا
یہ رند بھی ہوئے ہیں کہیں پارسا کبھی

دکھاوینگے تمھیں اک روز ہم فرق حق و باطل
یہ دعوی جسقدر ہے مدعی کا امتحانتک ہے

پئے وصلِ صنم اب ہر جہ بادا باد دل میں ہے
کرونگا کوششیں میں کوششوں کی حد جہانتک ہے

جوش

جوش۔ رحیم اللہ دہلوی عرف رحمو بے پڑھے لکھے آدمی تھے مگر مبدء فیاض سے طبیعت موزوں عطا ہوئی تھی اُسی کی بدولت شعر و سخن میں اپنی فکر رسا کے جوہر دکھاتے تھے پہلے مرزا فدوی کے شاگرد ہوئے اُنکی وفات کے بعد مصحفی سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ آزاد منش یار باش بے تکلف آدمی تھے اکثر ہولی کے زمانے میں دوسرے آزادوں کی تقلید میں جا بجا گلی گلی کوچے کوچے غزل خوانی کرتے پھرتے تھے سنہ ۱۷۹۳ء میں بمقام دہلی موجود تھے یہ اُنکے اشعار ہیں

ظرف پر اپنے نظر کر تو ابھی لڑکا ہے	مُنہ صراحی سے نہ اودلبر میخوار لگا
میں نے جو کہا تجھ بن کیا کیا نہ الم گزرا	بولا کہ ابے تیرا روتے ہی جنم گزرا
دریا مری آنکھوں سے نت جاری لہو کا ہے	بے درد تو کیا جانے کیا حال کسو کا ہے

جوش

جوش۔ میر وارث علی مرحوم جوش شاگرد شیخ امام بخش ناسخ۔ اوائل انیسویں صدی میں لکھنؤ میں زندہ سلامت موجود تھے۔ تذکرۂ سراپا سخن سے کلام تحت نقل ہوا ؎

کاکل شبگوں نہیں اے جانِ جاں بالائے سر	ہے چراغ روئے روشن کا دھواں بالائے سر
ہم فقیروں کے ہوائے سلطنت سر میں نہ آئے	گر ہما آکر لگائے آشیاں بالائے سر
تیر جو تیرا لگا ہے سر پہ او ناوک فگن	ہے دہانِ زخم میں گویا زباں بالائے سر
کیا خفا ہوتے ہیں کہتے ہیں نکل جاؤں کہاں	تو نے تالوں سے اٹھایا ہے مکان بالائے سر
جوشِ وحشت میں ہوا اے جوش یہ سودا ہمیں	پھاڑ کر دستار باندھیں دھجیاں بالائے سر

جوش

جوش۔ شیخ نیاز احمد معروف بہ اللہ دیا جوش۔ خواص مرزا فخرو ولیعہد حضرت ذوق کے عزیز ترین اور رشید شاگردوں میں تھے۔ کرانہ ضلع مظفر نگر اصلی وطن تھا مگر دہلی میں اقامت اختیار کی تھی۔ طباعی۔ ذہانت سخن فہمی اور نکتہ سنجی میں یگانۂ آفاق تھے سنہ ۱۲۷۱ھ میں بعمر ۲۵ سال سال انتقال کیا۔ شعر بہت خوب کہتے تھے اور از سر تا پا استاد کے رنگ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ وہی زبان۔ وہی بندش۔ وہی لطف محاورہ غرض سارے اسلوب وہی تھے۔ موت سے چند روز پہلے شاعری سے توبہ کی اور اپنا دیوان جلا دیا استاد

۱؎ بعض لوگ اس شعر کو صاحب میر آلم خلف میر درد کا بتاتے ہیں ؎

ذوق نے جب یہ سُنا تو بیحد رنج کیا۔ کیونکہ تمام تلامذہ میں انھیں کو قابل ترین طباع سمجھتے تھے۔

کیوں غل ہے مری نعش پہ نوحے کی صدا کا
رونے کا نہیں وقت یہ ہے وقت دعا کا

پوچھے کوئی کیا میں نے بگاڑا تھا صبا کا
اُس کوچے میں اُسنے جو اُڑایا میرا خاکا

عشق آگیا ہے سُنتے ہی ذکر اُسکی جفا کا
در پردہ مزا چکھتے ہیں ہم روز فنا کا

آنسو کا کوئی تار نظر آئے تو آئے
وحشت میں مرے تن پہ کہاں تار قبا کا

حاصل نہ ہوا وصل میں مقصود کہ مجکو
پاس اُن کا رہا اور اُنھیں پاس حیا کا

قطعہ

کہتے ہیں کہ یاروں نے طبیبوں کو بُلا کر
کل حال دیکھا یا ترے بیمار جفا کا

بیطاقتی وضعف سے یہ حال تھا اُس کا
سر پر نہ اُٹھا سکتا تھا احسان دوا کا

چلائے ہے پھر جوش خدا جانے کماندار
کیا حال ہے آج اُس ہدف تیر قضا کا

کیونکر وہ ہاتھ آئے کہ یاں زور وزر نہیں
لے دے کے ہے اک آہ سو اُس میں اثر نہیں

ہے ڈر یہی کہ تو نہ پشیماں ہو بعد قتل
ورنہ ہمیں تو مرنے کا کچھ اپنے ڈر نہیں

قسمت سے درد بھی تو ہوا ہمکو وہ نصیب
جس درد کا کہ چارہ نہیں چارہ گر نہیں

کیا کرتے ہم کہ دل ترا نازک ہے نازنیں
اچھا ہوا کہ نالے میں اپنے اثر نہیں

قسمت ہی میں نہیں ہے شہادت وگرنہ یہاں
وہ زخم کونسا ہے کہ جو کارگر نہیں

سجدے میں کیوں پڑا ہے ارے اُٹھ شراب پی
اے جوش میکدہ ہے خدا کا یہ گھر نہیں

جوش ۔ منشی نظام الدین خلف وجیہ الدین پنجابی شگفتہ طبیعت پائی تھی۔ آپ لیگڈ میں رہا کرتے تھے یہ اُنکے اشعار ہیں ۔ جوش

بار اُتارا ہے دوش سے سر کا
ہے یہ احساں تمھارے خنجر کا

ہے پرستش سنگ کی عشق بتاں میں مجھکو
جاؤں گر کعبہ تو پہلے سنگ اسود چوم لیں

سر کو تہ تیغ رکھ کے میرے
ثابت قدمی کا امتحاں لو

جوش ۔ شاہ خلیل الدین احمد جوش محرر رجسٹری ضلع مونگیر شاگرد نساخ خلف مولوی جوش

شاہ محمد اصغر مرحوم ہاشندہ منگیر ضلع پٹنہ اور حضرت مخدوم شرف الدین احمد کی اولاد میں تھے ۱۲۷۵ھ میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے ؎

لنترانی کی نہ لیں جوش سے کچھ یاد بھی ہے	اُسنے دیکھا نہیں پردے میں حضور آپکو کیا
ساری دنیا سے بے خبر پایا	جسکو عالم میں باخبر دیکھا
مراحظ لاکے دے قاصد عدو کو	یہی تقدیر کا میرے لکھا ہے

جوش - نواب احمد حسن خان جوش معروف بہ اچھے صاحب خلف نواب محمد مقیم خان بہادر مقیم ابن نواب محبت خاں محبت خلف حافظ الملک نواب رحمت خاں والیٔ روہیلکھنڈ نواب ظفر یاب خاں راسخ مرحوم اور نواب عاشور علیخاں عاشور سے اصلاح لی تھی ان کے دو دیوان مسمیٰ بہ گلدستہ سخن معروف بہ بہارستان جوش اور چمنستان جوش اور ایک قصہ فسانۂ جوش نامی شائع ہو چکے ہیں اوائل عمر سے شاعری کا شوق اور ارباب کمال کی صحبت کا ذوق تھا طبیعت رسا تھی - عاشقانہ مضامین خوب باندھتے تھے گاہ گاہ فارسی میں بھی غزل کہہ لیتے تھے - اخیر عمر میں حضرت اسیر کے تلامذہ میں داخل ہوئے - کٹرہ نواب محبت خان لکھنؤ میں رہتے تھے ۱۲۴۳ھ میں پیدا ہوئے ۶۰ برس دنیا کی ہوا کھا کر لکھنؤ میں انتقال کیا - آپکے مطبوعہ کلام کا مکمل انتخاب درج ذیل ہے ملاحظہ ہو ؎

نازاں نہ ہو اس شکل پہ لو آئینہ دیکھو	کیا کہتے ہو تم میرا مقابل نہیں ملتا
بلبل نے شاخ گل پہ نشیمن بنا لیا	ہم نے بھی کوئے یار میں مسکن بنا لیا
سچ کہتے ہیں کہ نام محبت کا ہے بُرا	اُلفت جتا کے دوست کو دشمن بنا لیا
زباں وہی منہ میں ہر اک چیز کا اُسکو مزا بخشا	کہاں تک شکر ہو مجھسے ادا خالق کے احساں کا
دامن حضرت یوسف کے اُڑائے پرزے	پاس عصمت تجھے اُس وقت زلیخا نہ ہوا
میکدے میں کل تو میرے ساتھ تھا شغل شراب	آج یہ شیخ مزور پارسا کیونکر ہوا

حسرتیں مُردہ دلوں کی کبھی زندہ نہ ہوئیں
نام رکھا ہے عبث تم نے مسیحا اپنا

غیر ممکن ہے جو موقوف ہو رونا اے جوش
کس نے دیکھا ہے کہ بہتا ہوا دریا ٹھیرا

نسترانی کیوں سنائی تو نے مجکو اے صنم
عاشقوں میں تھا ترے موسیٰ عمراں نہیں تھا

تیغ قاتل کو اسے دلِ مجروح
دہنِ زخم سے دعا دینا

تشنۂ آبِ تیغ ہیں او ترک
تھوڑا پانی ہمیں پلا دینا

بیٹھنا تم نہ میری تربت پر
فاتحہ کو تو ہاتھ اُٹھا دینا

خضر گم کردہ راہ ہیں اے جوش
چاہیئے راستہ بتا دینا

لبِ میگوں کو ترے بادۂ احمر سمجھا
گردشِ چشم کو میں گردشِ ساغر سمجھا

ترک کر اے دل یہ ہر دم سوئے جاناں دیکھنا
مفت میں جاتی رہیگی ایک دن جاں دیکھنا

اُسکی آنکھیں لے گئیں دل سے مرے صبر و قرار
ہو گیا کیا خانۂ آباد ویراں دیکھنا

تم نے کیں مجھ پہ جفائیں لاکھوں
مَیں نے پر ایک کا شکوہ نہ کیا

کیوں نہ یکتا اُسے کہتے جگ نے
اپنا ثانی کوئی پیدا نہ کیا

دیکھکر قد کو ترے شمشاد ہو لے پا بگل
روئے روشن کو ترے دیکھے تو ہو جا کل آب

ہجرِ ساقی میں وہ دریا میری آنکھوں سے بہا
آسماں جس میں نظر آیا مجھے مثلِ حباب

دل خون ہے اِس غم سے عقیق یمنی کا
دیکھا جو لبوں کو ترے اے غنچہ دہن سرخ

جاگا یہ دمِ ذبح مقدر تہِ خنجر
تھا پیشِ نظر عارضِ دلبر تہِ خنجر

آئینہ زانو میں جو ابرو کا پڑا عکس
قاتل نظر آیا مجھے خنجر تہِ خنجر

کہہ رہا ہے یہ دہانِ زخم سے نخچیر پھر
کیا مزا ہے او کماں کش پھینک اِدھر اک تیر پھر

جز غمِ عشق بنا کوئی نہ غم خوار اپنا
جز اجل کوئی عیادت کو نہ آیا سر پر

آج میخانے میں یہ غل کر رہے ہیں میفروش
بادۂ رنگیں بیا شامید تا دارید ہوش

بندے ہیں تیری ہی اچھے یا بُرے ہیں جیسے ہیں
شرم رکھ لے ہم گنہگاروں کی تو ہی پردہ پوش

کبھی کی یہ تو نکلجاتی تن سے فرقت میں
فقط تمہارے ہی آنیکی ہے یہ جان مشتاق

دورِ فلک نے ہمکو گوخاک میں ملایا
ہے قدرداں کے آگے وہی وقار اپنا

مجھ جاں بلب کے پاس سے جاتے ہو گھر کہاں
پھر تم کہاں یہ عاشقِ خستہ جگر کہاں

کہتے ہیں کیا حضور کہ آئیں گے وقتِ صبح
اِس شب کو خاتمہ ہے ہمارا سحر کہاں

کس سے کہیں گے دل پہ جو آئینگی آفتیں
پہلو سے اُٹھ کے جانے ہوائی سمبر کہاں

اُس بُت کے پاس دَیر میں پہنچا دے گر مجھے
آنکھوں سے میں لگاؤں ابھی برہمن کے پاؤں

ہمیں خدا نے بنایا ہے بت پرستی کو
بتا تو شیخ ترا کیا گناہ کرتے ہیں

قضا ٹھہر جا مکان کے باہر نہ قصد آنیکا تو یہاں کر
شفا ہی جنکی زباں کے اندر قریب اب آچکے ہیں

دِلا نہ مایوس اسقدر ہو تڑپ تڑپ کر نہ جان تو کھو
ضرور آئیں گے آج شبکو قسم خدا کی وہ کھا چکے ہیں

نہ مرنے سے ڈرے ہم عشق کامل اسکو کہتے ہیں
تصدق تم پہ کردی جان تک دل اسکو کہتے ہیں

پھر کس طرح یقین ہو کہ ہے دل سے دلکو راہ
مرتے ہیں جب پہ ہم اُسے مطلق خبر نہیں

ابر میں چاند گر نہ دیکھا ہو
رُخ پہ زلفوں کو ڈال کر دیکھو

بعد مرنے کے وصل ہوتا ہے
جوش تم بھی کسی پہ مر دیکھو

دل و دنیا و دیں تو دیچکے اک جان باقی ہے
خدا کے واسطے ہاں ای بتو راضی ہیں ہم لیلو

پائیں گے مراد اپنی خریدار کبھی تو
نکلے گا وہ یوسف سرِ بازار کبھی تو

کام آئیں ہوائے نفسِ سرد کے جھونکے
اُڑ جائے نقابِ رخِ دلدار کبھی تو

مرمر کے اگر شام تو رو رو کے سحر کی
یوں زندگی ہنسنے تری دُوری میں بسر کی

دل مائل زلف و رخِ جانانہ ہوا ہے
سودائی ہے۔ نادان ہے۔ دیوانہ ہوا ہے

تیغ ابرو سے ہلاتی ہے جگر بسمل ہے
ناوک و عشوہ و انداز کا زخمی دل ہے

بندوں کے حرف عجز ہیں اللہ کو پسند
مجرم جو منفعل ہو خطا کچھ نہ پوچھئے

رہو خوشی سے بتو اس کو اپنا گھر جانو
بنا ہے کعبۂ دل سا مکان تمہارے لیئے

تمھاری زلف کا بوسہ اگر لیتے تو ہم لیتے
یہ سودا سر کو اپنے بیچکر لیتے تو ہم لیتے

دو ہاتھ لگا دے کہ شہیدوں میں ہو شامل
عاشق ہیں تیرے آب دم تیغ کے پیاسے

صنعت رنگِ حنا پر مجھے رشک آتا ہے
رنگ اپنا ترے ہاتھوں پہ جما رکھا ہے

مریضانِ رخ گیسو کو تیرے دیکھکر اے بت
کوئی کہتا ہے سایہ ہے کوئی کہتا ہے سکتا ہے

قیس سے کہدو کہ ہٹ جائے یہ لیلیٰ کا ہے حکم
آنے پائے نہ پس پردۂ محمل کوئی

لختِ جگر طعام ہے پانی ہے خونِ دل
اپنے مریضِ غم کی غذا کچھ نہ پوچھیے

اگر چشمِ حقیقت بین سے نظارہ کرے کوئی
نظر نور خدا حسنِ رخ اصنام میں آئے

چشمِ دل کھولکے نظارۂ لیلیٰ کرلے
قیس سے کہدو کہ سب پردہ محمل اٹھے

کوشمع کی جس رونقِ محفل سے لگی ہے
پروانہ ہو جاں اُس پہ یہی دل سے لگی ہے

کسکی طاقت ہے کہ تیرا مدح خواں ہو اے کریم
آپ ہی حامد ہے تو اور آپ ہی محمود ہے

ان آنکھوں کی بدولت دل پہ آفت ہی جاتی ہے
نظر کوئی نہ کوئی اچھی صورت آہی جاتی ہے

اگر حرص و ہوا لے باغِ عالم سے جدا ہوتے
تو پھر کیا فرق تھا اے مشر کو بندے خدا ہوتے

قبر پر میری گل تازہ چڑھانے آئے
اور یہ کام بجز باد سحر کس کا ہے ۔

مرنے کے بعد چین سے سوئے لحد میں ہم
جبتک کہ زندگی رہی اندوہگیں رہے

شکل وہ نور کی لے زہرہ جبیں پائی ہے
چشمِ انجم سے فلک تیرا تماشائی ہے

حسن کہتے ہیں اسے عشق اسے کہتے ہیں
آپ اپنا وہ صنم محو خود آرائی ہے

جوش - جناب منشی محمد عبدالکریم صاحب مقیم بمبئی شاگرد حضرت سہیل سورتی - دور موجودہ کے شاعر اور اس طرح سخن طرازی کرتے ہیں ۔ جوش

آنکھ وہ ہے جسکو تیری جستجو درکار ہے
دل وہی ہے جسکو تیری آرزو درکار ہے

ہے محب درکار تجکو یا عدو درکار ہے
میرا تو کہنا یہی ہے مجکو تُو درکار ہے

لیجئے میخانے میں ہی آگیا وقتِ نماز
حضرت واعظ کو اب ظرفِ وضو درکار ہے

جسکے نیچے خار ہوں وہ گل مرے کس کام کے
تیری سی خو مجکو تو تیری سی بُو درکار ہے
نازہو انداز ہو۔ شوخی ہو یکتائی بھی ہو
چار چیزیں جس میں ہوں وہ خوبرو درکار ہے

جوش

جوش منشی محمد جان کلرک دفتر آڈیٹر جنرل اجمیر شاگرد نواب عبداللہ خان مطلب مرحوم۔

عاشق و معشوق کا شکوہ ہی کیا جھگڑا ہی کیا
تم گلے سے لگ گئے سارا گلہ جاتا رہا
اک نگاہِ شوخ صبر و ہوش و طاقت لیگئی
لُٹ گئے جو کچھ ہمارے پاس تھا جاتا رہا
دل کا بھید اے جوش ہم پر کچھ نہ آخر تک کھلا
عمر بھر یہ تو یونہیں آتا رہا جاتا رہا

جوش

جوش۔ محمد اسمٰعیل خان نام متوطن مانپورہ ضلع چھپرہ۔ آپ مولانا مولوی منشی خواجہ عبدالرؤف صاحب عشرت لکھنوی کے شاگرد ہیں آپکے والد کا نام محمد ولید اوخان صاحب ہے آپ کا آبائی پیشہ زمینداری ہے۔ خوش فکر اور تیز طبیعت ہیں علاوہ ازیں حافظ قرآن بھی ہیں اور فارسی اور علوم عربی میں کامل دستگاہ حاصل ہے عمر ۲۳ سال ہے فی الحال لکھنو میں قیام پذیر ہیں چند اشعار جو آپکے دستیاب ہوئے ہدیۂ ناظرین ہیں

نفسِ سرد سے اُلفت کا مداوا نہ ہوا
داغ دل مرہم کافور سے اچھا ہوا
یہ سُن کے کہ شیدا ہوں میں اک ماہ جبین پر
اِترا کے وہ بولے کہ یہ مرتا ہے ہمیں پر
وصل کی رات بھی دھڑکن میں بسر ہوتی ہے
شام سے اُن کو یہ دھن ہے کہ سحر ہوتی ہے
یہ جسیں آنیکو کس مُنہ سے کہیں وصل کی شب
نہ دہن ہوتا ہے اِنکے نہ کمر ہوتی ہے

جوش

جوش۔ نواب محی الدین علیخاں صاحب ابن حکیم منصور علیخان صاحب جاگیر دار آپکے دادا صاحب حکیم حاذق حکیم رضا علی خاں دہلی کے باشندے تھے بعد غدر یہاں تشریف لائے۔ بعہد حکومت نواب ناصر الدولہ بہادر والی دکن مورد الطاف سلطانی و خطاب و منصب و جاگیرات سے سرفراز ہوئے سلسلہ بسلسلہ یہ جاگیر بحال ہے۔ فقیر منش با اخلاق شخص ہیں علم عربی و فارسی میں لایق اور فن شاعری سے زیادہ مذاق رکھتے ہیں اس وقت ۲۸ سال کی عمر ہے اصلاح سخن نواب فصیح الملک داغ دہلوی سے لیتے تھے اُنکے

انتقال کے بعد حضرت ظہیر دہلوی کو کلام دکھاتے ہیں۔ کلام ملاحظہ ہو ؎

پیشِ حق جب حشر میں ہونا پڑا	اشکِ غم سے منہ ہمیں دھونا پڑا
ساقی نے یوں تو سب کو دی اقسام کی شراب	میرے لیئے تھی گردشِ ایام کی شراب
جب میکدے میں بیٹھکے واعظ پئیں گے جام	ڈالیں گے ہم زمین پہ ترے نام کی شراب
کچھ ہم بھی جذبِ اُلفت کا اثر پہچان جاتے ہیں	نظر ملتے ہی اندازِ نظر پہچان جاتے ہیں
لحد میں داغِ دل اپنے منور ہوتے جاتے ہیں	عیاں اظلک کے پردے سے اختر ہوتے جاتے ہیں
زباں پر بلبلوں کی شور ہے اب کسکی آمد کا	چمن میں پھول کیوں جامہ سے باہر ہوتے جاتے ہیں
بیساختہ دہن سے جو نالے نکل گئے	گھر سے وہ اپنے دل کو سنبھالے نکل گئے
شوخیاں آنکھوں میں ہیں اُنکی قیامت دل میں ہے	اک قیامت ظاہر اک قیامت دل میں ہے
تیرے کوچے میں ایسے ضعف سے شوریدہ سر بیٹھے	جگر کو تھام کر اُٹھے تو دل کو تھام کر بیٹھے
خبر کچھ بھی نہیں اے جوش تمکو اپنے غفلت کی	عجب حالت تمھاری ہے جدھر بیٹھے اُدھر بیٹھے

جوشش

جوشش - جوشش تخلص - شیخ محمد روشن نام - آپ جیونت رائے ناگر کی اولاد پٹنہ کے باشندے اور طبقۂ دوم کے آخر شعرا میں تھے - خوش لیاقتی آپ کی افزوں از تحریر ہے نظمِ ریختہ میں آپ کو کمال حاصل تھا اور معنی بیگانہ سے طبیعت کو بیحد لگاؤ تھا چاشنی درد کی آپکے کلام سے ظاہر اور علمِ عروض سے بخوبی ماہر تھے آپنے حضرت میر درد کے کلام کا اتباع کیا اور اُس کو بخوبی نباہا - طرزِ سخن نہایت پسندیدہ و مرغوب اختیار کیا تھا - اسلوبِ بیان دلکش اور مؤثر ہے بندش نہایت صاف اور مضمون خوب نکالتے تھے انتخاب اُنکے دیوں کا یہ ہے ؎

کس طرح سے اوصاف ہو خلاقِ جہاں کا	قدرت نہ قلم کی ہے نہ مقدور زباں کا
عاشق کو ہے کب جلوۂ معشوق کی طاقت	مہتاب کو دیکھے - نہیں مقدور کتاں کا
عنقا کی طرح گو کہ نشاں وہ نہیں رکھتا	ملتا ہے پتہ نام ہی سے اُسکے نشاں کا

پیتا ہے گر تو بادۂ عشرت سمجھ وے
جوشش بڑا ہے دردِ سر اُسکے خمار کا

دیکھکر رنگِ صنم تیری جفا کاری کا
کوہکن ہو تو نہ دم مارے وفاداری کا

چشم پُر آب ہے۔ لب خشک دماغ آشفتہ
روزِ عالم ہے غرض دلکی گرفتاری کا

جی سیر میں گلزار کی تن کنجِ قفس میں
یہ صیدِ گرفتار ادھر کا نہ اُدھر کا

سر اُسکی تیغ سے جب تک جُدا نہ ہوویگا
کسی طرح سے حق اُس کا ادا نہ ہوویگا

دل و جگر ہی پہ آفت نہیں فقط جوشش
جو ہے یہی ترا رونا تو کیا نہ ہوویگا

ہم ساہی وہ ہوگا ساوگی میں
باور جو تری قسم کرے گا

جوشش مت رو دل و جگر کو
کس کا کس کا تو غم کرے گا

اُسکی آنکھوں کو دیکھیں اے جوشش
سُنہ تو دیکھو شراب خواروں کا

اِس ادا کا تری ہوں دیوانہ
دیکھنا مجھکو اور چھُپ جانا

اُسکی رنجش کا تجھے خوف عبث ہے جوشش
ہوچکا ہے وہ اسی طرح سے سو بار خفا

نہ پھولتے ہیں شگوفے نہ غنچے کھلتے ہیں
چمن میں شور پڑا کس کے مُسکرانے کا

جیسا کہ دلپہ زخم ہے اُسکے خدنگ کا
گلشن میں ایک گل نہیں اِس آب و رنگ کا

کل جو اُسے دیکھکر ہوگئے ہم بے خبر
ہنس کے وہ کہنے لگا پھر بھی ادھر دیکھنا

مزا دکھاؤں تجھے تیری بیوفائی کا
اگر ہووے مجھے پاس آشنائی کا

قیس پھرتا جو رہا دشت میں دیوانہ تھا
اُسکو لیلیٰ ہی کے دروازے پہ مر جانا تھا

گر یونہیں یہ دل درپئے آزار رہے گا
اک روز نہ اک روز مجھے مار رہے گا

کل بزم میں سب پر نگہ لطف و کرم تھی
اِک میری طرف تو نے ستمگار نہ دیکھا

جز چشم بتاں میکدۂ دہر میں جوشش
ہمنے تو کسی مست کو ہشیار نہ دیکھا

اَوروں کی عیب جوئی اپنا ہنر نہیں ہے
اپنی ہی عیب جوئی یہ ہے ہنر ہمارا

نگاہِ لطف سے دیکھا یہی غنیمت ہے
سلام اُسنے ہمارا لیا۔ لیا نہ لیا

کس سے ہوئی ہے دوستی ایسی کہ اُن دنوں
آنا ہمارا دل پہ ترے شاق ہو گیا

لگا دی دل میں آگ اے آہ سوزاں کیا کیا تو نے
جلا دیتا ہے اپنے ہاتھ سے بھی کوئی گھر اپنا

شب فرقت ہی بیتابی دل ہے درد پہلو میں
نظر آتا نہیں ہمکو تو بچنا تا سحر اپنا

غش آ گیا وہ سامنے میرے جہاں ہوا
مجھ کو تو وصل یار میسر کہاں ہوا

ہزار پیار کرے گا ہزار چاہے گا
میری طرح نہ کوئی تجھ کو یار چاہے گا

کوئی اس غمکدے میں اپنی غمخواری نہیں کرتا
دیا ہے ایک کو دل وہ بھی دلداری نہیں کرتا

نہ شکل شیشہ آتی ہے نظر نے جام کی صورت
رہی زیر فلک پھر کون سی آرام کی صورت

دیکھئے ہم میں اور ان آنکھوں میں کیا ہوتی ہے
خون کے پیاسی ہیں وہ اور تشنۂ دیدار ہم

کرے ہیں جو رکا شکوہ تیرے ہی یار آپس میں
جہاں مل بیٹھتے ہیں آشنا دو چار آپس میں

ہجوم عاشقاں دیکھوں میں اپنے یار کے در پر
مجھے چلتی نظر آتی ہے اب تلوار آپس میں

آج ہے عزم شکار اُس کا یہ معلوم نہیں
خوف سے مر گئے یا صید حرم جیتے ہیں

بیکسی سے یہی گلہ ہے مجھے
تھام لیتی ہے دست قاتل کو

جی میں جس وقت کہ مضمون کمر آتا ہے
لبکہ نازک ہے مجھے باندھتے ڈر آتا ہے

رباعی

کچھ کام نہیں ہمیں وفا سے
تُو ہاتھ نہ کھینچیو جفا سے

کل سب سے گلے گلے ملے تم
تھے ہم بھی تو صورت آشنا سے

قطعہ

نہ کوئی دوست ہے نہ کوئی میرا دشمن ہے
ایک یہ دل ہے غرض دوست ہی یا دشمن ہے

ایک دن کا ماجرا ہے میں اٹھا تھا سیر کو
دیکھتا کیا ہوں کہ جھگڑا بر سر بازار ہے

برہمن کہتا ہے بتخانے میں ہے ذات خدا
شیخ کہتا ہے غلط کعبہ ہی میں وہ یار ہے

اس میں بوشش بول اٹھا سنتے ہو شیخ و برہمن
جانے دو اپنی طرف دیکھو یہ کیا تکرار ہے

ممکن نہیں کہ دیکھئے روئے شگفتگی
جبتک برنگ غنچہ گریباں نہ پھاڑیئے

جاہ و حشم کی خواہش دولت کی آرزو ہے
دو دن کی زندگانی اس پر یہ جستجو ہے

صورت پرست ہوں میں مانند آئینے کے
جو کچھ ہے میرے دل میں ہے میرے روبرو ہے

کہتا ہوں دردِ دل تو وہ کہتا ہے کیا مجھے
چپ رہیئے بس زیادہ نہ باتیں بنایئے

کشورِ عشق میں رسوا سرِ بازار ہوئے
اُسکے ہاتھ آپ بِکے جسکے خریدار ہوئے

دیکھا ہے جب سے زلف کو شانے کے ہاتھ میں
جوشش ہمارے دل کو عجب پیچ و تاب ہے

اے عشق مجھے خوار کیا۔ کیا کیا تُو نے
رسوا سرِ بازار کیا۔ کیا کیا تو نے

اُس رخِ صاف کے آگے جو کوئی آتا ہے
آئینہ اپنا ہی مُنہ دیکھنے لگ جاتا ہے

رباعی

گر جان دے کوئی پر نہ اُس کے ہونگے
جی شوق سے لینگے اُس کا جسکے ہونگے

جوشش نہ رکھ ان بتوں سے اُمیدِ وفا
یہ کس کے ہوئے ہیں اور کسکے ہونگے

دن میں سو سو بار تیرے کوچے میں آنا مجھے
اِس میں سودائی کہے کوئی کہ دیوانہ مجھے

جوشش ۔ میر شجاعت علی جوشش مرحوم ۔ میرزا حاتم علی بیگ مہر مرحوم کے دوستوں میں سے تھے ۔ ایک تذکرہ میں ان کا نام دوست علی درج کیا گیا ہے یہ اُنکے شعر ہیں ۔

اے چرخ بیکسی پہ ہماری نظر نہ کر
جو کچھ کہ تجھسے ہو سکے تو درگزر نہ کر

پہنچا دے اُس گلی میں اگر تجھسے ہو سکے
اِس خاک کو نسیم سحر دربدر نہ کر

اُس حسنِ صندلی کی ثنا اور تیرا مُنہ
دیوانہ کیوں ہوا ہے تو یہ دردِ سر نہ کر

جوشش یہ بستی رہنے کے قابل نہیں رہی
چپکا ہی چل یہاں سے کسیکو خبر نہ کر

جوگی ۔ بابو اللہ یار خان کے والد صوبہ دار سمیع خان محمد صاحب ۔ فوجی ملازمت کی وجہ سے اطراف دکن میں عرصہ تک مامور رہے ۔ جوگی صاحب ۱۸۸۵ء میں بمقام پونا پیدا ہوئے مگر اُنھوں نے لاہور آکر ہوش سنبھالا اور لاہور کے اسلامیہ سکول میں انٹرنس تک تعلیم پائی ۔ بعض شعراء و زباں داں اصحاب کی ہم بزمی سے شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا ۔ اِس فن میں حضرت آغا شاعر دہلوی کے شاگرد ہیں ۔ اگرچہ ابھی مبتدی اور نوشق ہیں مگر ذہنِ سلیم اور طبیعت رسا پائی ہے ۔ کچھ عرصے سے گائے کی حفاظت

وحمایت میں ایک رسالہ گنوماتا کے نام سے جاری کیا ہے۔ فی الجملہ ایک شگفتہ کل اور آزاد خیال جوان ہیں۔ مندرجۂ ذیل اشعار اُنکی طبع رسا کا خاص انداز ظاہر کرتے ہیں۔

ساقی مہوش بیا محفل جما برسات کی
جام بھر بھر کر پلا آئی گھٹا برسات کی

مُردے جی اُٹھتے ہیں جس سے ہے فضا برسات کی
روح کی تاثیر رکھتی ہے ہوا برسات کی

زاہدوں کو قدر کیا ہوگی بھلا برسات کی
پی کے تھوڑی سی کبھی دیکھیں فضا برسات کی

ہو بُرا وحشت کا اُسنے یار سے رکھا الگ
اب کے جوگی جی نے بھی جنگل میں جا برسات کی

ہنسی ہنسی میں نہ برپا فساد ہو کوئی
عدو سے کہدو زباں کو سنبھال کر بیٹھے

گزرتے بچ کے ہیں جوگی سے ہے خیال انھیں
گدائے حسن ہے شاید سوال کر بیٹھے

اے فلک دیکھ مری آہ رسا آئی ہے
جان پر تیری زمین سے یہ بلا آئی ہے

آسماں کیا ہے مری آہ رسا کے سامنے
بُلبلے کی کیا حقیقت ہے ہوا کے سامنے

کہتے ہیں مجھ اسیر زلف کو وہ
کہ یہ جوگی نہیں سپیرا ہے

جولان - بہادر علی شاہ جولاں - ساکن شاہجہاں آباد - دنیاداری کی حالت میں آپ کا نام رمضانی تھا۔ فن تیراندازی میں یگانۂ روزگار تھے یہ ایک شعر آپکا ملا کہ درج کیا جاتا ہے جولان

کنج قفس میں دیکھ کے بے بال و پر مجھے
اے ہمصفیر و چھوڑ گئے تم کدھر مجھے

جولاں - میر حسن علیخان نام ملک دکن کے رہنے والے اور طبقہ دوم کے آخر شعرا میں تھے۔ ہر ایک شخص سے بادب اخلاق اور حسن سلوک کے ساتھ پیش آتے تھے یہ اُنکا کلام ہے جولاں

اب ایسی جام میں ساقی شراب ارغوانی بھر
کہ جسکو دیکھکر زاہد کے منہ میں آئے پانی بھر

تری صورت ہے کیا کھینچے جو تو اُس شوخ کی صورت
ہمارے رُوبرو ہرگز تو ایسا دم نہ مانی بھر

ہوا ہے ابر ہے ہر سو گل و گلزار خنداں ہے
صراحی میں تو اب ساقی شراب ارغوانی بھر

ایک قصیدے کی تمہید میں یہ چند اشعار ہیں۔

صبحدم گزرا مری خاطر میں ناگہ یہ خیال
سیرِ گلشن کیجئے تا دُور ہو دل سے ملال

جا کے میں سیرِ چمن میں یک بیک دیکھوں تو کیا
عارضِ گل پر ہیں بکھرے زلف سے سنبل کے بال

نرگسِ شہلا تھی اپنی چشمِ مخموری پہ مست
لالۂ حمرا دکھاتا تھا اسے اپنا جمال

اور لباسِ زعفرانی بر میں تھا صد برگ کے
اودے جوڑے پر تھا نارنگی کے حسنِ کمال

جولاں

جولاں - درویش وارستہ مزاج آزاد منش الف شاہ وطن بدایوں تھا لیکن بریلی اکثر رہتے تھے۔ جب عالم فقر اختیار کیا۔ سیاحی میں مشغول رہنے لگے اور پھر پھر اکر آگرہ ضرور آتے تھے۔ فنِ سخن میں خواجہ آتش لکھنوی سے مستفیض تھی ۱۲۶۴ھ میں ۷۰ سال سے زیادہ عمر تھی آگرہ میں راہی ملکِ بقا ہوئے یہ اُن کا کلام ہے۔

ہم وہ ہیں صید و فا کیش کہ خوں روتے ہیں
ٹوٹ جاتا ہے ترپنے سے اگر دام اپنا

کیا بتائیں کہ ہے کہاں مسکن
کوئے قاتل میں رہا کرتے ہیں

اُٹھایا ہے گلی سے اُس پریرو کی اگر مجکو
تو پیچل وحشتِ دل اب جدھر چاہے اُدھر مجکو

بر نگِ گل جو کشتوں کا ترے ہر زخم خنداں ہے
تر اکو چہ ہے لے سفاکِ عالم یا گلستاں ہے

معشوق پر بھی ہوتی ہے تاثیر چاہ کی
چٹکی کلی جو بلبلِ بیدل نے آہ کی

ترکِ الفت میں بھی مُنہ تجھ سے نہ موڑا میں نے
آنا جانا تیرے کوچے کا نہ چھوڑا میں نے

آپنے عہد و فا باندھ کے توڑے سو بار
اسپہ بھی رشتۂ الفت کو نہ توڑا میں نے

خاک سے واں کی ہوا چشمۂ زمزم پیدا
جس جگہ دامنِ تر اپنا نچوڑا میں نے

تو سنِ عمرِ رواں کا مری حافظ ہے خدا
لجۂ عشق میں ڈالا ہے یہ گھوڑا میں نے

سینکڑوں رنج اُٹھائے ہیں بتوں کے جولاں
عشق کے نام سے اب کان مروڑا میں نے

جوہر

جوہر - کوئی بزرگ بریلی کے باشندے اور اوائل اُنیسویں صدی میں حیات تھے ایک قدیم تذکرے میں آپ کا کچھ کلام نظر سے گزرا اُس میں سے یہ دو شعر پسند آئے درج تذکرہ کئے گئے

ہے دستِ شانہ زلفِ بتِ خود پسند پر
یا یہ چڑھا ہے چور لپٹ کر کمند پر

تجھ بن ہے خراب زندگانی
دل پر ہے عذاب زندگانی

جوہر- امیر خوشحال لالہ مادھو رام کوٹھی وال خلف الرشید لالہ جواہر مل ساہوکار رئیس فرخ آباد آپ کا خاندان شمالی ہند کے ساہوکاروں میں ایک نہایت برگزیدہ و باوقر گھرانہ سمجھا جاتا ہے آبائی تمول و فضیلت علمی کیساتھ شعر بھی خوب کہتے۔ دن رات یہی ذکر و اذکار رہتے۔ عروض و قافیہ سے بخوبی ماہر۔ اور عیب و ثواب شعر سے باخبر منشی اسمٰعیل حسین منیر کے تلامذہ میں جوہر فرد اور خود استادانہ قابلیت رکھتے تھے۔ کبھی کبھی بطور سیر و سیاحت دہلی و لکھنو و اکبر آباد وغیرہ گئے اور وہاں مہینوں قیام کیا۔ ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری دہلی میں شامل ہوئے تھے۔ انکی ذات و اصفات سے اکثر اہل ہنر کو فیض پہنچتا تھا۔ اشعار عجیب کیفیت آمیز ہوتے ہیں جن کے پڑھنے سے پڑھنے والے اور سننے والے دونوں کو لطف حاصل ہوتا ہے۔ اور دونوں کے دلوں پر برابر اثر پڑتا ہے۔ شعراء کے بڑے قدردان اور محسن تھے۔ چنانچہ منشی منیر مرحوم بھی انھیں کیوجہ سے اکثر فرخ آباد میں رہے۔ بہادر شاہ کے آخر زمانۂ سلطنت میں مختار شاہی کا عہدہ بھی ان کے لیئے تجویز ہوا تھا۔ انکے کلام میں دلچسپی و دل کشی ہونے کے علاوہ ہر شعر نا خن بدل ہے۔ انکی طرز خاص معاملہ گوئی ہے۔ اور جدت سے خالی نہیں۔ زبان بہت صاف اور شستہ بے تکلف لکھتے ہیں۔ بہرحال انکے مستند اور قادر الکلام شاعر ہونے میں کسی کو شک نہیں ہوسکتا۔ اوائل چودھویں صدی ہجری میں انتقال کیا۔ آپ کا دیوان شائع ہو چکا ہے۔ اب آپکے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے

جن نگاہوں سے لیا ہے دل شیدا میرا
ڈھونڈتا ہے انھیں تیروں کو کلیجا میرا

رات جاتی ہے مان لو کہنا!
دیر سے دل ہے بے قرار اپنا

مہ نو ابروئے پرخم نگہ برگشتہ
ہم نے ٹیڑھا جسے دیکھا اسے خنجر جانا

آتی ہے اس کے کوچہ سے آواز دردناک
ہم ہوں کہ دل ہو کوئی تو دونوں میں مر گیا

تجھے تو دیکھ کے ہوتا ہے رنج اے جوہر
بتا تو عشق میں کس کے ترا یہ حال ہوا

کس کے دل شکستہ کے ماتم میں اے کریم
اب تک سیاہ پوش ہے کعبہ خلیل کا

بس چلو جاؤ۔ لگاوٹ نکرو۔ دیکھ لیا!
کوئی بیدرد زمانے میں نہ تُم سا ہوگا

وصف لکھا ہے جو ابروئے بُتِ دلخواہ کا
میرے مطلع پر ہے وُہو کا سبکو بسم اللہ کا

وصفِ حسنِ پاک کی تحریر سے اے شمع طور
صفحۂ دیواں میں ہے عالم تجلی گاہ کا

اخترِ اقبال جب چمکا کیا سجدہ تجھے
عرش کا تارا ہے ہر ذرّہ تری درگاہ کا

تُو جو کاہیدوں کو غالب اہلِ رفعت پر کرے
پیس دے کوہِ گراں کو بوجھ برگِ کاہ کا

ہیں تری درگاہ میں ہمدوش فقر و سلطنت
مرتبہ یکساں نظر آیا گدا و شاہ کا

روز کہتے تھے "کبھی غیر کے گھر دیکھ لیا"؟
آج تو آنکھوں سے اے رشکِ قمر دیکھ لیا

آہوں سے آگ لگا دینگے دلِ دشمن میں
چھپکے رہتے ہیں جہاں آپ وہ گھر دیکھ لیا

ہمسے پردہ ہے کہیں چاندنی کی سیر میں
کھُل گیا حال بس اے رشکِ قمر دیکھ لیا

کون سوتا ہے کسی ہجر میں نیند آتی ہے
خواب میں کس نے تمھیں ایک نظر دیکھ لیا

آنکھیں سِلوا دیں مگر ذوقِ تصوّر نہ گیا
گو نظر بند ہوئی تو بھی اُدھر دیکھ لیا

بچگیا نقدِ دل اسبکے تو نظر سے اُسکی
آئیگا پھر بھی اگر چور نے گھر دیکھ لیا

ق

جب کہا میں نے نہیں کوئی چلو میرے گھر
خوب رستے میں اِدھر اور اُدھر دیکھ لیا

بولے چلنے میں نہیں عذر مجھے کچھ لیکن
خوف یہ ہے کسی مفسد نے اگر دیکھ لیا

زلفیں اُلجھی ہوئیں نیند آنکھوں میں بگڑی ہوئی ضبح
باسی جوبن بھی ترا وقتِ سحر دیکھ لیا

اِتنی سی بات پر آنکھیں نہ نکالو صاحب
کیا خطا کی تمھیں جوہر نے اگر دیکھ لیا

کیا یاد کرکے روؤں کہ کیسا شباب تھا
کُچھ بھی نہ تھا۔ ہَوا تھی۔ کہانی تھی۔ خواب تھا

اَب عطر بھی ملو تو تکلّف کی بُو کہاں
وہ دن ہوا ہوئے کہ پسینہ گلاب تھا

محمل نشیں جب آپ تھے لیلی کے روپ میں
مجنوں کے بھیس میں کوئی خانہ خراب تھا

پیری میں ایک ہی سے ہمیشہ رہینگے دن
وہ اَور تھا زمانہ جسے انقلاب تھا

تیرا قصور وار خدا کا گناہ گار
جو کچھ کہ تھا یہی دلِ خانہ خراب تھا

ذرّہ سمجھ کے یوں نہ ملا مجھکو خاک میں
آئے آسمان میں بھی کبھی آفتاب تھا

آرمان سب نکال لے دنیا سے چار دن
باقی جو رہ گیا وہ پھر اے یار رہ گیا

کیا پوچھتا ہے ہجر کی شب کی مصیبتیں
اکثر نکل نکل کے دم اے یار رہ گیا

کیا پوچھتا ہے حال رہی دل کی دل ہی میں
کچھ کہتے کہتے نزع میں بیمار رہ گیا

مستوں نے بس میں رحمتِ حق کو بھی کر لیا
رندوں میں گھر کے ابرِ گہربار رہ گیا

کیوں مضطرب ہیں شام سے اے جوہر آج آپ
کہیئے تو کس گلی میں دلِ زار رہ گیا

ٹھیری جو وصل کی تو ہوئی صبح شام سے
بُت مہرباں ہوئے تو خدا مہرباں نہ تھا

چنگ و رباب و مطرب و ساقی و جام مے
سب عیش ہیچ تھا جو تو ایجانِ جاں نہ تھا

کیا جانے کس کے دھوکے سے لپٹا لیا مجھے
کہدوں میں تیرے جی کی تو اسدم یہاں نہ تھا

کیونکر قسم پہ آج مجھے اعتبار آئے
کس دن خدا تمہارے مرے درمیاں نہ تھا

توڑا جو پھول بلبلِ شیدا کے سامنے
کیا تیرے دل میں درد کچھ اے باغباں نہ تھا

یاد آتے ہیں جوانی کے مزے پیری میں
قدرت اللہ کی تھا وہ بھی زمانہ کیسا؟

پھینکیئے دل کی طرف تیرِ نظر بسم اللہ
دیکھیں تو آپ اُٹھاتے ہیں نشانہ کیسا؟

غیر ممکن ہے جو ٹھنڈا ہو کلیجہ اُن سے
اور وہ آگ لگائیں گے بجھانا کیسا؟

آخر اک روز تو پیوند زمیں ہونا ہے
جامۂ زیست نیا اور پرانا کیسا؟

دھوپ میں جلتے ہیں خمخانوں کے سوز پیوالے
آگیا اے مرے اللہ زمانا کیسا؟

غیر کے دل کو مئے عشق سمجھ کر دینا
جام کم ظرف ہے مُنہ تک نہ کہیں بھر دینا

بیوفا ذات حسینوں کی ہے اے حضرتِ عشق
دل کو دینا تو ذرا سوچ سمجھکر دینا

مینہ برسنا ہے ہوا چلتی ہے خوب اے ساقی
لے اُڑے پیتے ہی ایسا کوئی ساغر دینا

کہتے پھرتے ہیں یہ کوچے میں پریزادوں کے
خانہ برباد ہیں رہنے کو کوئی گھر دینا

درد سرکانہ شبِ وصل چلے گا فقرہ
دم دلاسے یہ کسی اَور کو جا کر دینا

یار بندے ہیں محبت کے فقط اے ساقی
شیشہ جس دل سے اُسی آنکھ سے ساغر دینا

یہ بھی ہے ڈھنگ کوئی بادہ کشی کا کیا خوب
یہ کسی اَور کو مُنہ پھیر کے ساغر دینا

فریاد کرے کس سے گنہگار تمھارا
اللہ بھی حاکم بھی طرفدار تمھارا

پریوں کی تو کیا اصل جو حوریں نظر آئیں
دیکھے نہ اُدھر طالبِ دیدار تمھارا

خورشید جو دن کو ہو تو مہتاب ہو شب کو
دنیا میں اُجالا ہے سب اے یار تمھارا

حوروں کو تمنا ہے پریزادوں کو حسرت
ملتا ہے کسے سایۂ دیوار تمھارا

کعبہ کی تو کیا اصل ہے اُس کوچے کے آگے
جنت ہو تو جائے نہ گنہگار تمھارا

دردِ دلِ عاشق کی دوا کون کرے گا
سُنتے ہیں مسیحا بھی ہے بیمار تمھارا

جوہر تمھیں نفرت ہے بہت بادہ کشی سے
برسات میں دیکھیں گے ہم انکار تمھارا

اُس نے پھر کر بھی نہ دیکھا میں اُسے دیکھا کیا
دیدۂ دل راہ چلتے کو یہ میں نے کیا کیا

دیر و مسجد پر نہیں موقوف کچھ اے غافلو
یار کو سجدے سے مطلب ہے کہیں سجدا کیا

گُل تو کیا خارِ وطن بیسے نہ تھے میں کبھی
دوستوں نے مجھ سے غربت میں سلوک اچھا کیا

کل خدا آگاہ ہے جیسا تمھارے واسطے
منتظر آنکھیں رہیں دل رات بھر تڑپا کیا

اے دلِ ناداں تجھے سمجھائے کوئی کس طرح
تُو جو چاہے گا کرے گا اور جو چاہا کیا

رازِ اُلفت اب نہیں چھپتا چھپائے سے مرے
بس چلا جب تک مرا مُنہ ڈھانپ کر رویا کیا

یار پر الزام کیسا اے دلِ خانہ خراب
جو کیا تجھ سے تری قسمت نے اُسنے کیا کیا

دیوانہ و آوارہ و سرگشتہ و مجنون
القاب مجھے خط میں لکھے جاتے ہیں کیا کیا

اِک رات کبھی چین سے سوئے نہ لپٹ کر
ہم نام ہی سُنتے ہیں ولا رام کسی کا

دیکھتے رہتے ہیں دن رات وہ اپنا جوبن
لُوٹتا ہے مزے آئینہ مقابل ہو کر

حُسن وہ شے ہے کہ گاہک ہے زمانہ جس کا
آنکھ ہر ایک کی پڑتی ہے طرحداروں پر

آتشِ گل سے مناسب ہے حذر اے بلبل
ہاتھ رکھتا ہے کوئی جان کے انگاروں پر

تیرے خطِ سبز و لبِ جاں بخش کی کیا بات
وہ خضر کے ہمسر یہ مسیحا کے برابر

تا صبح تیرے ہجر میں ہم کروٹیں بدلا کیے
رکھا ہے تکیہ رات بھر گاہے اِدھر گاہے اُدھر

چار آنکھیں ہوتے ہی برچھی جگر پر چل گئی
بات کچھ مُنہ سے نہ نکلی رہ گئے ہم دیکھکر

ہم سے چھپا کے آنکھ لڑاؤ گے تم کہاں
سب حال پُوچھ لینگے تمھاری نظر سے ہم

دیکھو ہماری آنکھ بھی اپنی نگاہ سے
تم کس نظر سے دیکھتے ہو کس نظر سے ہم

معاذ اللہ اس آزردگی کا کیا ٹھکانا ہے
جو پُوچھا یار سے کب تک نہ بولوگے کہا برسوں

اُسی پر جان جاتی ہے جو پُوتا ہے تلوّن کا
مہینوں شمعِ جاں۔ مہرباں دو دن خفا برسوں

وہی خونِ شہیدِ ناز اب پامال ہوتا ہے
رہا بن کر جو تیرے ہاتھ میں رنگِ حنا برسوں

کیوں نہ گھبرائے قبر میں تنہا
رات دن جو رہا ہو یاروں میں

وقت پر چپ رہیں معاذ اللہ
کہنے والے کہیں ہزاروں میں

تم جو آجاؤ ایک دم کے لیے
جان پڑ جائے بے قراروں میں

دو ہی دن میں تُو تو بیگانوں سے بدتر ہو گیا
اب میں تیرا اے دلِ نا آشنا کوئی نہیں

اپنے مطلب کی محبت رہ گئی ہے آج کل
کیا زمانہ ہے۔ کسی کا اے خدا کوئی نہیں

بُوئے گل سُونگھ کر بگڑتے ہیں
یہ پریرُو ہوا سے لڑتے ہیں

دل بچے شہرِ حُسن میں کیونکر
لُوٹ ہوتی ہے ڈاکے پڑتے ہیں

یوں نہیں ملنے کے وہ غیر کے گھر
چور کو گھات سے پکڑتے ہیں

نامہ بر نا اُمید آتا ہے
ہائے کیا سُست پاؤں پڑتے ہیں

کون جیتے تمھاری آنکھوں سے
سایہ سے بھی یہ چور لڑتے ہیں

یہ واعظ کیسی بہکی بہکی باتیں ہے کرتے ہیں
کہیں چڑھکر شرابِ عشق کے نشے اُترتے ہیں

محبت کیجیے ظاہر نہ مجھ سے بندہ پرور گر ذرا
بڑے میرے نصیب اللہ مجھ پر آپ مرتے ہیں

نہ آجایا کرو اغیار کی اُلفت جتانے میں
وہ تم پر کیوں بھلا مرنے لگے خاقوں سے مرتے ہیں

ہر اک موسم میں کشتِ آرزو سرسبز رہتی ہے
ترددِ غیر کو ہوگا یہاں تو چین کرتے ہیں

یہ جوڑا کھولنا بھی پیچ سے خالی نہیں اُنکا
اُلجھ جاتا ہے دل جب بال شانوں پر بکھرتے ہیں

تکلف کے یہ معنی ہیں سمجھ لو بے کہے دل کی
مزا کیا جب ہمیں نے یہ کہا تم سے کہ مرتے ہیں

اپنی اپنی فصل میں ہر راگ دیتا ہے بہار
ہولی کا ہولی میں ساون کا مزا برسات میں

سینہ برستا ہے۔ گھٹا چھائی ہے چلتی ہے ہوا
ہائے کیا اندھیر ہے تم ہو جُدا برسات میں

دیر کر رکھی ہے کیا ساقی پلا بھی دے شراب
کیسی ہے چھائی ہوئی اودی گھٹا برسات میں

جھومتے آتے ہیں کیا ابرِ سیاہ
نشہ میں چور یہ متوالے ہیں

ناتوانی کے سبب اے وحشت
خار بھی میرے لیئے بھالے ہیں

اِس طرح جُھوم کے چلئے نہ حضور
سب کہینگے کہ یہ متوالے ہیں

شبِ وصال جو مطلب کی مَیں نے بات کہی
کہا کہ ہوش میں آ۔ کر شعور کی باتیں

دوشالہ ڈال کے لاشے پہ آتے ہیں منعم
ابھی نہیں گئیں اُن کی غرور کی باتیں

یہ نہ کہیئے عشق میں تجھ سا کوئی کامل نہیں
مہربانی آپ کی بندہ تو اِس قابل نہیں

ڈھونڈ لیجئے جب کوئی تم سا تمہی چین آئیگا
ہم بھی اپنی فکر میں رہتے ہیں کچھ غافل نہیں

تھی محبت یا نہ تھی اگلی نہ باتیں کیجیئے
رنج ہوگا مفت میں اب اِس سے کچھ حاصل نہیں

روز کی ایذا گئی۔ جھگڑا چُکا قصہ مٹا
وہ تمہارا دل نہیں اب وہ ہمارا دل نہیں

بندہ پرور ان کچھی باتوں سے کچھ حاصل نہیں
یہ تو ہم بھی جانتے ہیں آپ کا وہ دل نہیں

وہ ہی دن میں یہ صنم ہوش رُبا ہوتے ہیں
کل کے ترشے ہوئے بُت آج خدا ہوتے ہیں

شوق سے پیجیئے ہمراہ رقیبوں کے شراب
ہم چلے بزم سے کیوں آپ خفا ہوتے ہیں

دل میں رہتے جو مرے اور ہی کچھ ہو جاتے
یہ وہ کعبہ ہے کہ بُت جس میں خدا ہوتے ہیں

جوہر اُلفت بھی ہو کیا چیز کہ سُن سُن کے حسین
دلمیں خوش ہوتے ہیں ظاہر میں خفا ہوتے ہیں

مَیں نے جو یہ کہا تمھیں اُلفت مری نہیں
گردن جُھکا کے ناز سے بولے کہ جی نہیں

تو جسکو چاہے خاک سے مسند نشیں کرے
ہے بیحساب فیض ترا کچھ کمی نہیں

چھوٹی سی عمر میں تمھیں بوسہ عزیز ہے
ویڈا لئے بھی بات کچھ ایسی بڑی نہیں

للہ اور بھی مئے گلگوں کے جام دے
ساقی ابھی تو پیاس ہماری بجھی نہیں

ہیں صفائی میں برابر ترے زانو دونوں
نظر آتے ہیں ہمیں ایک سے پہلو دونوں

ضعف میں مجکو اٹھاتے ہیں وہ اپنے در سے
لے غم و یاس پکڑ یو میرے بازو دونوں

یہ جانتا ہوں مگر کیا کروں طبیعت کو
کہ مے حرام ہے لے و اعظ حلال نہیں

پھانس کر دل کو دیا کرتی ہے جھٹکے لاکھوں
زلفِ پیچاں کو تری یا دہیں لٹکے لاکھوں

کفر و دیں میں ہے خلش برہمن و شیخ سے بچ
اِس دوراہے میں مُسافر کو ہیں کھٹکے لاکھوں

وصل بھی شعلہ رخوں کا نہیں جینے دیتا
جلتے ہیں شمع سے پروانے پٹکے لاکھوں

شوقِ مے رندوں سے کچھ پوچھ نہ اے پیرِ مغاں
دل میں آتا ہی چڑھا جائے مٹکے لاکھوں

زہر بھی کھاتے ہیں سر بھی کاٹتے ہیں عشق میں
اے محبت بے بسی میں لوگ کیا کرتے نہیں

ہو گئے ہیں مضمحل پر اب بھی غم کھاتے ہیں روز
آپکے بیمار پرہیز غذا کرتے نہیں

بھانپ ہی لینگے اشارہ سرِ محفل جو کیا
تاڑنے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں

کبھی آئے نہ عیادت کو مسیحا ہو کر
آپ ایسی ہی مریضوں کی خبر رکھتے ہیں

تجھسا کوئی جہان میں نازک بدن کہاں
یہ پنکھڑی سے ہونٹ یہ گل سا بدن کہاں

جوش و خروش ساتھ جوانی کے چل دیئے
وہ موسم بہار وہ دیوانہ پن کہاں

اپنا دوپٹہ اُسنے دیا مجکو بعد مرگ
ملتا ہے بے نصیب کے ایسا کفن کہاں

معشوقِ بے نمک کو کوئی پوچھتا نہیں
حسنِ ملیح کے ہیں نمک خوار سینکڑوں

بوسہ ملا کسے لبِ جاں بخشِ یار کا
اِس آرزو میں مر گئے بیمار سینکڑوں

جسکو ہوا یہ عارضہ وہ جان سے گیا
دیکھے ہیں ہمنے عشق کے بیمار سینکڑوں

تمسا تو ہم کو ایک بھی ملنا محال ہے
ہمسے تمھیں جہاں میں ہیں اے یار سینکڑوں

جب موافق کبھی ہوتا ہے زمانہ اے دل
سنگریزے بھی نصیبوں سے درِ ہوتے ہیں

یوں محبت سے جو چاہے کوئی اپنا کرلے
جو ہمارا نہ ہوا سکے کہیں ہم ہوتے ہیں

دوست دو چار نکلتے ہیں کہیں لاکھوں میں
جتنے ہوتے ہیں سوا اتنے ہی کم ہوتے ہیں

اس میں کیا ہرج ہے کہدیجئے آنیکے لیئے
جھوٹے وعدوں سے بھی خوش آپکے ہم ہوتے ہیں

آج اے مرگ کھلی ہستیٔ موہوم کی اصل
کچھ سمجھتے تھے ہم اس شئے کو مگر کچھ بھی نہیں

واہ اے ابرِ کرم واہ مرے دریا دل
ہر طرف آپ برستے ہیں ادھر کچھ بھی نہیں

وہ بھی کیا لوگ ہیں دنیا میں خدا کے بندے
جنکو دل توڑنے میں خوف و خطر کچھ بھی نہیں

کچھ نہیں ہے تو وہ پردے میں چھپاتے کیا ہو
پھر یہ کسواسطے پردہ ہے اگر کچھ بھی نہیں

تصور زلف کا ہے اور میں ہوں
بلا کا سامنا ہے اور میں ہوں

بتوں کو کیوں دیا یہ قد و قامت
قیامت میں خدا ہے اور میں ہوں

قرآن رخ کے چھونے کی جو آرزو کریں
پہلے وہ آبِ دیدۂ تر سے وضو کریں

غافل نہ پاؤں توڑ کے بیٹھیں ترے فقیر
ملجائیگا کہیں نہ کہیں جستجو کریں

اپنی کہیں کہ اس دلِ خانہ خراب کی
تم کو جو ہو پسند وہی گفتگو کریں

منہ تک بھری ہو شیشۂ دل میں شرابِ عشق
رنگت چھپائیں اسکی کہ پوشیدہ بو کریں

اپنی خودی مٹائیں تو پائیں رہِ وصال
کھوئیں جو آپ کو وہ تری جستجو کریں

پیرِ مغاں تو مست ہے آپ اپنے حال میں
کس سے سوالِ شیشۂ و جام و سبو کریں

ملجائے زاہدوں کو اگر مفت کی شراب
انکے بڑے ہیں پیٹ یہ خالی سبو کریں

دامن جدا ہے چاک گریباں جدا ہے چاک
کسکو سئیں بتائیے کسکو رفو کریں

دیکھنا کیا سحر ہے چشمِ فسوں پرداز میں
جسکو دیکھا پیس ڈالا اک نگاہِ ناز میں

لائیگی رنگ اپنی محبت کبھی ضرور
ایسی بھی بات ہے کہ ترے دل میں گھر نہو

چبھتے ہیں خارِ دشت تو کہتی ہے بیکسی
حضرت کدھر ہے دھیان تمہارا یہ گھر نہو

ہو گی ضرور صبح تری اے شبِ فراق ہمکو نصیب دیکھئے ہوتا سحر نہ ہو
تیوری میں بل نہ ڈال چھری سے حلال کر جوہر ترے نثار خفا اس سے تو نہ ہو

اِس شان سے وصل کی ہے خواہش ق ایسا موقع بھی اے خدا ہو
بوسہ جو لیا جھجک کے بولے دیکھو نہ کوئی دیکھتا ہو
دو دو ساغر ہوں دو دو شیشے دُہرا دُہرا ہر ایک مزا ہو
بہکی بہکی ہوں اُسکی باتیں ساقی سا قی پکارتا ہو
بوسہ بوسہ میں مانگتا ہوں اچھا اچھا وہ کہہ رہا ہو
سینہ سینے سے گال سے گال زانو زانو تلے دبا ہو
نکھری نکھری ہو ساری محفل ٹھنڈی ٹھنڈی وہاں ہوا ہو
مسکی مسکی ہو اُس کی انگیا شرما شرما کے ڈھانکتا ہو
اُجلی اُجلی سی چاندنی میں گورا گورا بدن کھلا ہو
لپٹا لپٹا لوں اُسکو جوہر بس بس دیکھو وہ کہہ رہا ہو

نیند آنکھوں میں بھری ہے کہاں رات بھر رہے کسکے نصیب تم نے جگائے کدھر رہے
شب جیسی گزری دن بھی گزر جائیگا میرا جائیں وہیں حضور جہاں رات بھر رہے
جوہر ابھی سے توبۂ مے خیر ہے تمھیں صحبت پریرخوں کی ہو دن میں شباب کے

کیا بتائیں مزاج کیسا ہے ہم کہاں دل کہاں خدا جانے

یوں تو مُنہ دیکھے کی ہوتی ہے محبت سبکو حسب میں جانوں کہ مرے بعد مرا دھیان رہے
جسکے پامال ہیں کھائینگے اُسی کی ٹھوکر کہہ دیا ہٹ کے چل او فتنۂ محشر ہمسے
گلے لگا کے شبِ وصل کس ادا سے کہا نہ ہوتی تجھ سے محبت تو پیار کیوں کرتے

کیا بتاؤں کس طرح دل آ گیا کیا کہوں کیونکر محبت ہو گئی

کیا پوچھتے ہو حسرتِ دیدار بعد مرگ تا چند منتظر مری آنکھوں میں دم رہے

میرے ہوتے نگہِ قہر رقیبوں کی طرف
دیکھئے دیکھئے یہ تیر خطا ہوتا ہے

بھولے پن میں بھی کسیکے نہیں ہوتے یہ حسیں
چھوٹے سے سن میں گھمنڈ انکو بڑا ہوتا ہے

جان لیکر پھر جلایا تھا تو لازم تھا وصال
کیا خبر تھی مجھکو دم دے کر خفا ہو جائینگے

غیروں سے تو فرصت تمھیں دن رات نہیں ہے
ہاں میرے لیئے وقتِ ملاقات نہیں ہے

عاشق کے لیئے موت سے بہتر نہیں تدبیر
وہ شوق سے کوسیں یہ بُری بات نہیں ہے

خط لکھا یار نے رقیبوں کو
زندگی نے دیا جواب مجھے

ناوک میں راستی ہو۔ کجی ہو کمان میں
ٹیڑھی اگر بھوئیں ہوں تو سیدھی نظر ہے

کیا پوچھتے ہو غیر سے جانی مرے دلکی
معلوم مجھی کو ہے کہانی مرے دلکی

دریافت نکر اے بتِ مینوش مرا حال
ہے شیشۂ صد پارہ نشانی مرے دلکی

تڑپ رہا ہے دل اِک ناوکِ جفا کے لیئے
اُسی نگاہ سے پھر دیکھئے خدا کے لیئے

فرماتے ہیں کہ ہم ترے فقروں میں آچکے
جو لوگ مُنہ سے کہتے ہیں وہ زہر کھا چکے

کیوں مزا دیکھ لیا دل کی کشش کا تنے
پھر کہو گے کہ ترے گھر مری پیزار چلے

اِتنا کوئی پوچھے مرے قاتل سے خدارا
باقی کوئی اب اور تو ارمان نہیں ہے

جوہر

جوہر۔ منشی سیّد کاظم حسین صاحب جوہر لکھنوی ۱۸۸۲ء میں زیرِ سایہ عاطفت سلطانِ عالم واجد علیشاہ مٹیا برج کلکتہ میں رہتے اور ماہتاب الدولہ سیّد علیجان خان درخشاں مصاحبِ شاہی سے فنِ شعر میں استفادہ کرتے تھے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے ؛

شوخیاں مجنوں سے ایسی ناقۂ لیلیٰ نکر
ڈھونڈتا پھرتا ہے بیچارہ کہ محمل کیا ہوا

اِس مرتبہ ہے فقر کی دولت سے دل غنی
قاروں کے گنج کو بھی سمجھتا ہوں مال کب

صبحِ فرقت کا وہ دھڑکا ہے کہ دم پر ہے بنی
تیرے عاشق کا ہے دُنیا سے سفر وصل کی رات

ہیں لبِ جاں بخش کے بوسے نصیب
زندگانی کا مزا پاتی ہے روح

کیوں نہ تکلیف ہو کاجل سے تری آنکھوں کو
واقعی رات گراں ہوتی ہے بیماروں پر

اُس قمر نے اپنے رُخ پر تل بنایا تل کے پاس
دو ستارے یک بیک چمکے مہ کامل کے پاس

عاشقِ ابرو ہوں کوئی تیغ چلکر دو دوں
ہاتھ خالی جاؤں میں کیونکر دلا قاتل کے پاس

دیکھ تو پردہ اُٹھا کر لیلیٰ ناقہ سوار
قیس خود رفتہ کھڑا ہے دیر سے محمل کے پاس

کھائی آخر کو در قاتل پہ تیغِ آبدار
کشتیٔ عمرِ رواں ڈوبی مری ساحل کے پاس

زندگانی کا مزا تجھ سے ہے مر رو میرے
فقر و فاقہ ہو تو ہو پاس ہو پر تو میرے

جوہر

جوہر۔ جناب مرزا احمد شاہ بیگ صاحب مُراد آبادی قانونگو تحصیل ٹھاکر دوارہ ضلع مُراد آباد۔ آپ کو منشی انوار حسین صاحب تسلیم سے تلمذ رہا ہے۔ عمر اس وقت ۴۵ سال کے قریب ہے۔ تاریخ گوئی میں آپ کو ایک خاص ملکہ حاصل ہے۔ غزل کہنے کا کم اتفاق ہوتا ہے۔ باوجود تلاش زیادہ کلام بہم نہ پہنچا۔ ناچار اسی قدر کلام پر اکتفا کیا گیا ✣

جماؤ ایسا ہے مژگاں کا چشمِ دلبر پر
کہ ٹوٹے پڑتے ہوں جس طرح رند ساغر پر

بنا کر آئینہ خود بیں کیا حسینوں کو
ہزاروں خون ہوئے گردنِ سکندر پر

خدا کی شان ہے کوئی تو چین سے سوئے
نہ چھوڑ دزدِ غمِ جاں فراغ بال مجھے

کوئی تڑپتا رہے ساری رات بستر پر
بلا ہے تُو ہی اَلم میں شفیقِ حال مجھے

چہ ذقن کی ترے چاہ ہے مرے یوسف
غلام ہوں سرِ بازار بیچ ڈال مجھے

تمام کام کیا یاس و نا اُمیدی نے
اُمیدِ وصل ذرا آن کر سنبھال مجھے

ہیں مغبچہ پہ فدا ہوں وہ دخترِ رز پہ نثار
ملے ہیں حضرتِ ناصح شریک حال مجھے

وہ ساتھ غیر کو اپنے لگا کے لائے ہیں
ہوئی ہے ہجر سے بدتر شبِ وصال مجھے

جوہر

جوہر۔ منشی محمد سیف اللہ خان۔ آپ اسلام آباد کے باشندے اور اُستادِ وقت منشی امیر اللہ تسلیم کے دامنِ فیض سے وابستہ ہیں۔ چند غزلیں نظر سے گزریں

اُن کا انتخاب حاضر ہے ٭

چارہ گر قہر کیا تُو نے لگا کر مرہم
ہائے زخموں کو ذرا اور اُبھرنے نہ دیا

رکھتا نہیں ہے پاؤں زمین پر غرور سے
اُس رشکِ حور کا ہے دماغ آسمان پر

حضرتِ عشق جو سچ پوچھئے ہیں قہر کی چیز
رنگ ہر رنگ میں اپنا یہ جما لیتے ہیں

خوش نگاہوں کا نگاہوں میں سمانا ہی غضب
دیکھتے دیکھتے دل صاف چُرا لیتے ہیں

ہاں سُن کے مضطرب کہیں وہ فتنہ گر نہ ہو
فریاد بھی وہ کیجئے جس میں اثر نہ ہو

دامِ اُلفت سے رہائی عمر بھر دشوار ہے
گر رہائی دے مجھے صیاد اپنے ہاتھ سے

قتل کرنے کے لیئے کیا کم ہے یہ ترچھی نظر
رکھدے قاتل خنجر فولاد اپنے ہاتھ سے

جوہر

جوہر شفیقی و مکرمی حکیم معشوق علیصاحب شاہجہانپوری۔ وکیل درجۂ اول ریاست بھوپال آپ شاہجہاں پور روہیکھنڈ کے ایک معزز خاندان کے رکن ہیں اور ایک عرصہ سے ریاست بھوپال میں سکونت پذیر ہیں۔ اور اپنی عالمانہ قابلیت و استعداد کے خیال سے جوہر قابل مانے جاتے ہیں معلومات علمی نہایت اچھی اور وسیع ہیں۔ اور فنِ سخن سے تو گویا عشق ہے۔ بھوپال میں شعر شاعری کا جو چرچہ ان کے دم سے ہے۔ اکثر مشاعرے بھی کرتے رہتے ہیں۔ عنفوانِ شباب میں دہلی آکر نواب اسداللہ خان غالب کے فیضِ صحبت سے بہرہ ور ہوئے تھے اور فخرِ تلمذ بھی حاصل کیا تھا۔ کئی ماہ تک اُن کی خدمت میں حاضر رہ کر اصلاح لی۔ نظم و نثر دونوں میں دستگاہ کامل حاصل ہے۔ جدت پسند و معنی خیز طبیعت اِس فن کے مناسب پائی ہے۔ کلام نہایت پاکیزہ اور لطافت کا پہلو لئے ہوئے ہوتا ہے۔ سن شریف اب ۶۰ سال کے قریب ہے۔ سُنا ہے کہ اب حیدرآباد دکن میں کسی محکمہ میں ملازم ہو گئے ہیں۔ راقمِ تذکرہ سے عرصہ سے رسل و رسائل کا سلسلہ جاری ہے مگر افسوس کہ باوجود متعدد اقراروں کے کلام اِرسال نہیں کیا۔ ناچار جو کلام متفرق رسالوں میں نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درجِ تذکرہ کیا گیا ٭

دیکھی کبھی خزاں کبھی موسم بہار کا
کیا اعتبار ہو چمن روزگار کا

بُوئے وفا نہ رنگِ محبت گلوں میں ہے
بگڑا ہے نیل کیا چمن روزگار کا

یارب یہ سچ ہے بات کہ محشر کی صبح سے
دامن سِلا ہوا ہے شبِ انتظار کا

ساقی نہیں ہے ساغر و پیمانہ تو نہ ہو
چُلّو ہی بھر دے آج تو مجھ بادہ خوار کا

جاں نکلی نہ فرقت کی اذیت سے شبِ ہجر
مر مر گئے ہم تا سحر ارمانِ قضا میں

کیا تجھ پہ تصدق کرے اے بادشہِ حُسن
جز نامِ خدا کچھ نہیں کجکولِ گدا میں

اِن ترچھی نگاہوں سے بچیگا کوئی کیونکر
ہے تیغِ قضا قبضۂ انداز و ادا میں

ٹھیری ہے بس اب لختِ جگر پر بسر اپنی
ٹکڑے یہی دو چار ہیں کجکولِ گدا میں

حیراں نکیوں دیکھنے والے ہوں سرِ راہ
آئینے کی صُو ہے ترے نقشِ کفِ پا میں

کیا اور جفا کا کوئی ارمان ہے باقی
کیوں آئے ہیں وہ بزمِ عزائے شہدا میں

گردن پہ دو ور کھ رکھ کے اُٹھا لیتے ہیں خنجر
کچھ کچھ ہے محبت کی جھلک طرزِ جفا میں

بربادیٔ گلشن پہ ہیں گل چاک گریباں
پیدا اثرِ درد ہے غنچوں کی صدا میں

بارِ ستم و جور فقط دو نے اُٹھایا
اِک میں ترے پامالوں میں ہوں ایک حنا ہے

آئی جو جوانی تو سکھائی ہوئی آئی
یہ ناز۔ یہ انداز۔ یہ شوخی۔ یہ حیا ہے

ہمیں دے ساغرِ مے ہم سے لے دعا ساقی
کہ کام آئے گا تیرے لیا دیا ساقی

پڑ رینگے لینے کے دینے نہ مانگ قیمتِ مے
جو کوئی مستی میں تجھ سے اُلجھ پڑا ساقی

میکدے میں ساغر و مینا سے مہمانی ہوئی
شیخ کی رندوں میں آ کر آبرو پانی ہوئی

کیا لطافت ہے نہیں پڑتا ہے آئینہ میں عکس
سچ تو یہ ہے خلقت اُس مہوش کی لاثانی ہوئی

کر گیا ہنگامِ آرایش اثر جادوئے حُسن
اُلٹا سکتہ اور آئینہ کو حیرانی ہوئی

جو لہو پی پی کے رہتے تھے وہ اب پیتے ہیں پھول
فصلِ گل میں یہ مئے گلگوں کی ارزانی ہوئی

پھر بلا میں اِس دلِ بیتاب نے ڈالا مجھے
پھر کسی کی زلفِ شبگوں کا ہوا سودا مجھے

اُستخواں کیا خاک تک باقی نہیں ہے دہر میں	آسیائے چرخ نے اِس طرح سے پیسا مجھے
دیکھنے والا ہوں میں بھی تو کسی خوش چشم کا	یوں نہ تُو آنکھیں دکھا اے نرگسِ شہلا مجھے
خود بخود جوہر سے ملنے کو چلا آئے وہ شوخ	اے فسونگر ایسا کچھ بتلا دے اِک لٹکا مجھے
مزا دیوانہ پن کا وادیٔ وحشت میں جب آئے	نہ دامن خار سے چھوٹے نہ چھوٹے خار دامن سے

جوہر

جوہر۔ شیخ محمد عبدالعزیز ولد شیخ محمد عبدالرحمٰن۔ رئیس غازی پور۔ ۱۲۸۸ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ نو برس کی عمر تھی کہ داغ یتیمی نصیب ہوا یعنی شفیق باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ موروثی قرضہ کی ادائگی میں جائداد نیلام ہو گئی۔ ۱۲ برس کی عمر تک غازی پور ہی میں تعلیم و تربیت پائی۔ پھر ۱۳۱۰ھ ہجری میں جون پور جا کر مولوی محمد محسن جون پوری اور مولوی ہادی حسن سے عربی و فارسی پڑھی۔ ورنیکلر اسکول سے مڈل کا امتحان بھی پاس کیا ہے۔ ہندی۔ ناگری۔ بنگلہ۔ انگریزی بھی بقدر ضرورت جانتے ہیں۔ اسی زمانے میں شاعری کا شوق ہوا۔ پہلے پہل غبار جون پوری سے مشورۂ سخن کیا۔ پھر ۱۳۰۴ھ ہجری میں حضرت امیر مینائی مغفور سے شرف تلمذ حاصل کیا۔ فن عروض سے بھی واقف ہیں۔ ایک ضخیم غیر مطبوعہ دیوان آپ کا تیار ہے۔ اپنے قرب و جوار میں اچھے شاعر خیال کیے جاتے ہیں۔ اکثر جوان شائق سخن آپ کے شاگرد بھی ہیں۔ حافظہ اس بلا کا ہے کہ اساتذہ کے ہزارہا شعر ازبر ہیں۔ عاشق مزاج اور حسن پرست طبیعت پائی ہے مجموعۂ ان خاص جذبات کا اثر آپ کے کلام میں بھی پایا جاتا ہے۔ عاشقانہ اور پر درد مضامین کے علاوہ زبان بھی صاف ہے اور طرز بیان بھی عمدہ ہے۔ وسیع الاخلاق ہر دلعزیز۔ باذاق۔ منکسر المزاج۔ ذہین۔ حلیم۔ ملنسار۔ آزادی پسند۔ برجستہ گو اور گانے کے شائق ہیں۔ صوم و صلوٰۃ کے نہایت پابند اور معزز سوسائٹی کے بیٹھنے والوں میں ہیں۔ آپ کا خاندان غازی پور کے اعلیٰ طبقہ کے رؤسا میں شمار کیا جاتا ہے۔ انتخاب کلام درج کیا جاتا ہے ٭

پریوں کا شیفتہ ہے جوہر نہ حور عین کا
دیوانہ ہے ازل سے اِک شوخ مہ جبین کا

رُوٹھی ہے یارِ جاناں اُجڑا ہے دل ہمارا
یہ رنگ ہے مکان کا وہ رنگ ہے مکین کا

آرزوؤں کا لگا رہتا ہے میلا دل میں
دیکھ لو آ کے کسی دن یہ تماشا دل میں

کر دیا تیرِ مژہ نے ترے رخنہ دل میں
آرزو دل میں ہے غم دل میں تمنا دل میں

اے خوشی تو ہی بتا تجکو جگہ دوں کیونکر
چھاؤنی چھائے پڑا ہے غمِ دنیا دل میں

پوچھو نہ حال منزلِ گیسوئے یار کا
رہزن تو سینکڑوں ہیں کوئی رہنما نہیں

کچھ دیر آپ اور رہیں جلوہ گاہ میں
کہتی ہے چشمِ شوق ابھی جی بھرا نہیں

واہ رے قاتل کی شان اللہ رے ترچھی نظر
ایک خنجر آنکھ میں ہے ایک خنجر ہاتھ میں

حشر میں بھی جھومتے پھرتے ہیں متوالے ترے
شیشۂ مے ہے بغل میں اور ساغر ہاتھ میں

ڈھونڈتے ہیں وہ کہیں ملتا نہیں میرا مزار
خشک ہوتی جاتی ہے پھولوں کی چادر ہاتھ میں

پوشیدہ محبت کے کھلے راز ہمیں سے
دنیا میں ہوا عشق کا آغاز ہمیں سے

وہ شوخ نظر دیکھ کے نرگس کو یہ بولا
ہاری ہے تو لڑ کر یہ نظر باز ہمیں سے

بجلی کی تڑپ قابلِ تعریف ہے لیکن
سیکھے ہیں تڑپنے کے یہ انداز ہمیں سے

رُک رُک کے دمِ ذبح پھسلتی ہے گلے پر
تلوار بھی کرتی ہے تری ناز ہمیں سے

چمکا کبھی وہ رخ کبھی زلفوں میں چھپ گیا
دن ہو گیا کبھی تو کبھی رات ہو گئی

اب ہم ہیں اور ساقی و پیمانہ و شراب
توبہ تو نذرِ پیرِ خرابات ہو گئی

نیرنگیاں ہیں جلوۂ قدرت کی ہر طرف
دُنیا مری نظر میں طلسمات ہو گئی

جور و جفا کے بعد پشیماں ہوئے جو تم
اچھا کیا تلافیٔ مافات ہو گئی

جوہر بتوں کے عشق میں سب کچھ ہوا مگر
ایمان بچ گیا یہ بڑی بات ہو گئی

کہہ رہا ہے سرِ محفل یہ کسی کا جلوہ
دل ہو پیارا تو مرے پاس نہ آئے کوئی

ناز جسپر ہے اُسی پر ستم و جور بھی ہوں
میں نہیں کوئی تو مجکو نہ ستائے کوئی

ہے یاس بھری آنکھوں میں چلتا ہوا جادو
جو بات ہے بسمل میں وہ قاتل میں نہیں ہے

آرستگی بزم ہے عشاق کے دم سے
جب ہم نہیں کچھ بھی تری محفل میں نہیں ہے

جوہر

جوہر منشی جواہر سنگھ مقیم ریاست ریوان بندیل کھنڈ۔ آپ بریلی کے باشندے ہیں اور منشی موسیٰ حسین اختر سے تلمذ رکھتے ہیں۔

اللہ اللہ کس بلا کی ہے تری برقِ جمال
تابِ نظارہ نہ لایا طور جل کر رہ گیا

خم پہ خم گیسوئے پیچاں کو دیئے جاتے ہیں کیوں
آپ کچھ فرمائیں تو یہ جال پھیلاتے ہیں کیوں

دل کے لیتے وقت تو اللہ ری بے باکیاں
اب سوالِ وصل سُنکر آپ شرماتے ہیں کیوں

جوہر

جوہر منشی جواہر سنگھ جوہر خلف منشی بختاور سنگھ راقم ذی استعداد اور باکمال سخنور تھے۔ فارسی کی استعداد عالمانہ تھی اور شعر بھی اُس زبان میں خوب کہتے تھے مولٰنا گل محمد خان ناطق سے تلمذ تھا۔ اُردو میں خواجہ وزیر کے ارشد تلامذہ میں انھیں سمجھنا چاہیئے۔ آپ قوم کے کایستھ اور راجہ لالجی بہادر کے (جو سرکار امجد علیشاہ اور واجد علیشاہ میں سلطنتِ اودھ کے بخشی فوج تھے) حقیقی خواہرزادہ تھے۔ انتزاعِ سلطنتِ اودھ کے بعد جب وہ سلسلہ درہم و برہم ہوا تو مہاراجہ سر درگجیے سنگھ والیٔ بلرامپور نے ازراہِ قدردانی اپنے پاس بُلا کر رکھا۔ اور رفقائے خاص میں داخل کیا۔ اور مدۃ العمر اپنے پاس سے جُدا نہ ہونے دیا۔ تصوف اور وحدانیت کی طرف طبیعت کا خاص رجحان تھا۔ نہایت پُرگو اور خوش کلام سخنور تھے۔ آپ کی طبیعت کی آمد کا اندازہ اِس سے ہو سکتا ہے کہ پانچ دیوان آپ کی تصنیف سے شائع ہوئے جن میں سے دو مطبع نولکشور میں اور تین مطبع رفاہ عام سیالکوٹ میں چھپے ہیں۔ ایام ضعیفی میں اس بارہ برس ہوئے کہ آپ کا انتقال ہو گیا۔

اصل مطلب ایک ہے آگاہ و ناآگاہ کا
ہے الٰہ کا ترجمہ عربی میں لفظ اللہ کا

دیکھیے جو بنا ہوا انسان صنعتِ ربِّ حفیظ
طاقِ ابروئے بُتاں گنبد ہے بسم اللہ کا

کسکو ہے اُسکے فروغِ شمع وحدت کی نظر
ایک موسیٰ ہی تھا پروانہ تجلّی گاہ کا

پسند عاشقان نغمہ ہے دردو مصیبت کا
کہ بزمِ عیش میں گاتے ہیں مضموں سوز فرقت کا

پری و حور ہیں نا جنس کیا لطف آدمیت کا
بشر ہیں ہم بشر سے ہے مزہ اپنی طبیعت کا

خدا نے لذتیں دنیا میں دیں تم بد سمجھتے ہو
نتیجہ زاہدو اچھا نہیں کفرانِ نعمت کا

خدا کا بیٹا یا معشوق کہنا کفر مطلق ہے
منزّہ سب سے ہے رُتبہ خداوند حقیقت کا

اُلوہیت۔ فنا۔ تخلیق۔ شانیں خاص اُسکی ہیں
پرستش کرتے ہیں ہم نام رکھکر اُسکی قدرت کا

صنم بھی اُسکے مظہر ہیں کروں سجدہ نکیوں جوہر
نظر آتا ہے جو کچھ ہے نمونہ اُسکی قدرت کا

ترے ہنسنے نے کردی عشرتِ صبح وطن پیدا
دکھایا لطف مستی نے تری شام غریبان کا

نکالے جانے پر جنت سے گرہی نسل آدم کی
گذر ممکن نہیں اے شیخ پھر جنت میں انساں کا

منجم کوئی ایسی رات ہوگی
کہ آئے وہ مہ کامل ہمارا

قصور اے شیخ دیں ثابت نہیں منصور سرمد کا
انا الحق حسن سنت ہے انا بے میم احمد کا

جس جلوے نے تھا طور شرارت سے جلایا
دیکھا جو تجھے مجکو دو بار نظر آیا

دیکھا جو بڑھ کے شوق سے اک راہبر نہ تھا
پہنچا وہاں ہیں خضر کا جس جا گزر نہ تھا

گردش سے آسمان کی کسی جا مفر نہ تھا
کس سرزمیں پہ یہ فلکِ فتنہ گر نہ تھا

میں عشق سے وہ حسن سے بیہوش دونوں تھے
جو کچھ ہوا معاف کوئی باخبر نہ تھا

کیوں طاقِ کعبہ رخنۂ دیوار کعبہ ہے
زاہد جو اُس کا تیرِ نظر کارگر نہ تھا

کچھ اور ہی مزہ ہے نئے شوق و ذوق کا
جو لطف پہلے دن تھا وہ روزِ دگر نہ تھا

ٹھیرا وصال وعدۂ فردائے حشر پر
دل کو یہاں تحمّلِ روز دگر نہ تھا

سوتے فتنہ کو جگانے کو ہوا تُو پیدا
کی تری آنکھوں نے کیفیتِ جادو پیدا

آفتِ جاں ہوا عالم کے لیئے تُو پیدا
کس بلا کے ہوئے چشم و رخ و گیسو پیدا

وہ جوانی کے مزے دلبرِ کم سن میں کہاں
غنچہ جبتک کہ نہ ہو گل نہ ہو خوشبو پیدا

بوجھ گئی اُسکی حقیقت جو ہوا وارش ۔ خوردے کل ہوگیا قطرہ سے دریا ہوگیا

جہاں سرسبز ہے کیفیت فضل الٰہی کی ہے فرش و آسمان اک جام مینا ہے زمرد کا

مست عاشق کو تری بوئے دہن کرتی ہے
ایک غنچے سے نہ ایسی ہوئی خوشبو پیدا

دونوں ہاتھوں سے بلائیں تری لیتا ہے یہ حسن
چہرے پر تیرے یہ عیبت نہیں ابرو پیدا

دل ابھی آپکے کوچے میں تڑپکر پہنچے
ہو جو پہلو سے نکل جانے کا پہلو پیدا

فیضِ انوارِ ازل حصے میں ہے اوّل سے
جملہ مخلوق سے پہلے ہوئے ہندو پیدا

شکلِ آئینہ گزر خلوتِ اصنام میں ہے
شکرِ خالق ہے کہ جوہر ہوئے ہندو پیدا

دل مے عشق سے مسرور ہوا خوب ہوا
جام خالی تھا یہ معمور ہوا خوب ہوا

خواب میں وصل سے مسرور ہوا خوب ہوا
کچھ تو بارے غمِ دل دور ہوا خوب ہوا

مجکو مارا تو نے اے بیدادگر اچھا کیا
قصۂ طولِ محبت مختصر اچھا کیا

یہ حسن و ناز نہ پریوں میں ہے نہ حوروں میں
خدا کی شان ہے پیدا کیے بشر کیا کیا

شراب و صحبتِ احباب و باغ و رقص و سرود
مدام عیش میں جوہر ہوئی گزر کیا کیا

جلد لا ساغرِ الماس میں ساقی مے لعل
موتی برساتا ہوا ابر گہربار آیا

تیرا عاشق یہ رندِ مست ہوا
شیخ ملحد لحد پرست ہوا

تپ فراق میں تن ہے یہ دردمند اپنا
جدا جدا ہوا جاتا ہے بند بند اپنا

یکتائی پہ ہے ناز تو اتنا بھی رہے یاد
تمسا جھمے تو تمکو بھی مجھ سا نہ ملے گا

جوہر سا کہیں ڈھونڈ نکالو تو بتا دیں
عاشق بھی ہو۔ شاعر بھی ہو ایسا نہ ملیگا

بھولے ہیں ہمصفیر بھی مجکو کہ ناقفس
مژدہ بھی کوئی لیکے نہ آیا بہار کا

خار کی طرح ملی باغِ جہاں میں تقدیر
جس سے لپٹوں وہ چھڑا لیتا ہے دامن اپنا

اللہ نے نکالا ضلالت سے شیخ کو
کعبہ سے عزم جانبِ کوئے بتاں کیا

جگانے صبح وہ بالیں پہ بے نقاب آیا
اٹھو بھی صبح ہوئی سر پر آفتاب آیا

ہے بار جو شبنم کا بھی ہو پیرہن ان کا
نازک ہے چنبیلی سے بھی زیادہ بدن اُن کا

ایک بوسہ لیکے عاشق شادماں ہو جائیگا
او بتِ گلفام کیا تیرا زیاں ہو جائیگا

ہر شیخ و شاب شکل کا دیوانہ ہو گیا
کعبہ تمہارے جانے سے بتخانہ ہو گیا

مجھے اِن جھوٹے وعدوں پر یقین آ نیکا کب آیا
ملیگا وہ قیامت میں تو سمجھونگا کہ اب آیا

ہم آئے عشقبازی کو تم آئے دلنوازی کو
کوئی اس عالمِ اسباب میں کب بے سبب آیا

کیا آئے کیا چلے ہیں نظر بھر کے دیکھ لوں
ٹھیرو کہ حوصلہ دلِ بسمل میں رہ گیا

نہ کوئی رہا ہے نہ کوئی رہے گا
فقط ایک حرفِ نکوئی رہے گا

خیالِ زلف سے ہے دیدۂ پُرآب میں سانپ
ترے دکھانے کو یہ بند ہیں حباب میں سانپ

یہ عشقِ افعی گیسو کی دیکھئے تاثیر
کہ رات بھر نظر آتے ہیں مجکو خواب میں سانپ

ارغوانی شراب کا ہو دَور
آئی رندانِ بادہ خوار بسنت

ہو کے آیا ہے زرد پوش وہ گل
سرسے ہے پاؤں تک نثار بسنت

جو ہر بچے گا کوئی نہ دنیا میں جان لو
موت از برائے عالم و عالم برائے موت

میرے مرض کا کچھ نہیں غیر از فنا علاج
دم لیکے غم یہ جائیگا ہے اِس کا کیا علاج

کثرت سے اختلاف کی ہیچ کس کو جانیئے
مصنوعی سب ہیں قصۂ دین و کتاب شرع

سب کھینچتے ہیں نالۂ گرم اُسکے واسطے
اِک شمع نے لگائی ہے یہ انجمن میں آگ

مانندِ شمع ہو گا مرا شعلہ پیرہن
مرنے پہ سوزِ دل سے لگیگی کفن میں آگ

کب کسی گلبن میں پھولے اسقدر یکبار گل
چشمِ گل۔ لبِ گل چیں گل۔ گوشِ گل رخسارِ گل

صبر آ ہی جائیگا لے ناصحو!
تھک کے خود ہو جائیگا نا چار دل

دیکھنے کو دو ہیں آنکھیں درحقیقت اک ہے نور
ایک ہی جلوہ ہے اُس کا کافر و دیندار میں

غصب ہے مے سے کیفیت لبِ نخش جاناں میں
خضر! دور رو نچوڑ لیے۔ لگ گئی آگ آبِ حیواں میں

واہ اس ظلمتکدے سے کوئی کیا پائیگا خاک
دن کو شمع جلتی ہے اندھیر ہے درگاہ میں

بعید عقل ہے احترامِ دیر و حرم
مکان ساختۂ خود کو کیا سلام کریں

نالوں کا میرے رنگ اُڑا آیا فغان میں
بلبل کہیں کانٹے نہ پڑیں تیری زباں میں

بھڑکی گلوں سے آتشِ دل ہجرِ یار میں
پھک جائے باغ آگ لگے اِس بہار میں

کچھ نہیں ماتم زدوں کو لطف سامانِ بہار
گُل ہیں خنداں باغ میں شبنم ہے گریاں باغ میں

طوف در تیرا جو ہو گبر و مسلمان کو نصیب
بت پرستی چھوڑ دیں تربت پرستی چھوڑ دیں

جوہر اشہر و دیار لکھنؤ
دیکھئے باغ و بہار لکھنؤ

پوچھتے ہیں مجکو یوں قاصد سے وہ
جوہر تحصیلدار لکھنؤ

جس کا عاشق ہوں سوا اسکے نہ دیکھوں غیر کو
باغ جنت میں بھی ہیں تنہا نجاؤں سیر کو

قیدِ آب و گل سے جوہر کہدو وہ آزاد ہے
چھوڑو سجدہ کرنا اے خانہ پرستوں طاق کو

دیکھتا ہے صبحدم وہ مہر انور آئینہ
بن گیا ہے مطلع خورشید خاور آئینہ

گردشیں ہیں نامِ روزی سے زمانے کے لیئے
ہے امام سبحہ تک گردش میں دانے کے لیئے

سبحۂ صد دانہ میں اعدادِ حق پیدا نہیں
حق کو بھولا شیخ ناحق آٹھ دانے کے لیئے

غیب سے جوہر مدد ہوتی ہے ہمت چاہیئے
مستعد رہیئے مقدر آزمانے کے لیئے

جو ہے جری بحکمِ خدا لازوال ہے
شہباز ہے حرام کبوتر حلال ہے

جائز پس از دو صوم مئے پرتگال ہے
زاہد حرام تیرے فاقے حلال ہے

گر نہو حاصل کسی سے تا مرعا بے دل نہو
آدمی کو رب اعلیٰ پہ توکل چاہیئے

بوئے فرحت بھی تو پہنچے روشنی سے روح کو
قبر بلبل پر چراغ روغن گل چاہیئے

وہ یاد وہ خوار ہوں پہنچوں گا جب لب کوثر
تو دیجئے ساقیٔ کوثر بھی بھر کے جام مجھے

ہوں دونوں مستِ بادہ تو دونا سرور ہو
تم بھی پیو جو خاطرِ مہمان عزیز ہے

کہیں کیا جو فراقِ یار میں دم پر گزرتی ہے
ہمارا دل ہی واقف ہے جو کچھ ہمپر گزرتی ہے

الٰہی موت بہتر ہے جہاں میں نامرادی سے
مرادِ دل نہ حاصل ہو تو پھر کیا خاک جینا ہے

زیارت کو حسین آتے ہیں جوہر میرے مرقد پر
یہ مشہد ہے۔ نجف ہے۔ کربلا ہے یا مدینا ہے

دل ناشگفتہ رہ گیا کوشش ہزار کی
اِس باغ میں ہوا ہی نہ آئی ہزار کی

کیفیت اور ہے لبِ میگوں سے آب کی	ہے تیرے جھوٹے پانی میں مستی شراب کی

جوہر

جوہر۔ سیّد محمد جان جوہر خلف الرشید سیّد لال محمد صاحب خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ سرہ کے درگاہ شریف کے خدّام میں شامل ہیں۔ اصلی وطن اجمیر ہے حضرت اختر سہارنپوری تلمیذ مولٰنا ظہیر دہلوی کے خوشہ چین ہیں۔ اُردو کے سوا علوم فارسی و عربی کی بھی تحصیل کی ہے ۲۷۔۲۸ برس کی عمر ہے۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

عیادت کو مری تم آئے تو احسان ہی کیا ہے	مصیبت میں خبر انسان کی انسان لیتے ہیں
اللہ رے حجاب کہ کہتے ہیں وصل میں	دیکھو ذرا کہ شمع کہیں دیکھتی نہ ہو
نہ رکھیئے حشر پر جھگڑا نہ رکھیئے	ہمارا فیصلہ جو ہو یہیں ہو
جس سے فتنے ہوں عیاں ایسی روش ہے کس کی	جس سے محشر ہو بپا ایسا چلن کس کا ہے

جوہر

جوہر۔ جناب سیّد محمد حسین صاحب زید پوری۔ آپ زمانۂ حال کے شعراء میں سے ہیں اور آپ کا کلام رسالۂ معیار میں شائع ہوتا ہے۔ باوجود تلاش زیادہ حالات ہمیں معلوم نہ ہو سکے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو ؎

ہم بقائے ابدی اپنی فنا کو سمجھیں	ہو میسّر جو غبارِ درِ جاناں ہونا
جبکہ اخفا ہے مری چشمِ تصور سے محال	پھر ہے بیکار ترا پردے میں پنہاں ہونا
ہے کئی دن سے یہی شغل مریضِ غم کا	آپ ہی سوچنا کچھ آپ ہی گریاں ہونا
جذبۂ عشق زلیخا میں جو ہوتی تاثیر	سہل تھا دامنِ یوسف کا گریباں ہونا
لے چلی بادِ صبا ساتھ مرا مشتِ غبار	کس گلستاں کی ہے قسمت میں بیاباں ہونا
لوگ حیرت میں ہیں یہ ہیجاں ہے یا بیہوش ہے	آج نالہ کش ترا کچھ اس طرح خاموش ہے
سر ہے وہ سر جس میں سودائے وفا کا ہے وجود	دل ہے وہ دل جس میں اُلفت کا کسی کی جوش ہے
ہو بھلا تیرا لگاوے آج مُنہ سے خُم کا خم	تشنہ لب مدت سے اے ساقی ترا مینوش ہے
بحرِ حسنِ یار میں پیدا ہے طوفانِ شباب	اِک قیامت کا طلاطم ہے غضب کا جوش ہے

ہے کچھ ایسا ہم اسیرانِ چمن کا اشتیاق	ایک مدت سے قفس کھولے ہوئے آغوش ہے
ہم سمجھتے تھے یہیں ہوئیں گے جوہر جاں نثار	کوچۂ قاتل میں اک عالم کفن بردوش ہے

جوہری

جوہری - لالہ مکند لال صاحب المتخلص بہ جوہری ساکن قصبہ کاکوری ضلع لکھنؤ (اودھ) آپ عرصۂ دراز سے حیدرآباد دکن میں کسی محکمہ میں نائب مددگار ہیں۔ مذاق طبیعت اچھا ہے زبان شستہ ہے مشق بھی خاصی ہے۔ تلمذ کا حال معلوم نہیں کہ کس سے ہے۔ مگر صاحبِ دیوان ہیں۔ غزل کے علاوہ مصرع لگانے کا سلیقہ بھی خوب ہے۔ دیوانِ مطبوعہ نظر سے گزرا۔ اس کا انتخاب ملاحظہ ہو +

ہوش و خرد و تاب و تواں عشق سے بھاگے	ثابت قدم اِس راہ میں اِک دل نظر آیا
دل میں ذرہ نہیں شکایت کے بھرے	منہ مرا آپ نہ کھلوائیے گا
رہے آباد میخانہ ہماری تو دعا یہ ہے	بسائیں دیر و کعبہ جا کے شیخ و برہمن اپنا
گلشنِ رضواں ہے ہمکو کوئے دوست	نخلِ طوبیٰ ہے قدِ دل جوئے دوست
سمجھتا ہے جسے اے جوہری دوست	عدوئے جاں ہے اُس سے مل سمجھکر
کرنے لگے باتوں میں وہ اعجازِ مسیحی	لعلِ لبِ جاں بخش پہ مرجانے کے دن ہیں
بیوجہ زلزلہ نہیں اِس سطحِ خاک کو	ہے دفن مضطرب کوئی زیرِ زمیں کہیں
نہ روح کا ہے بھروسہ نہ اعتبارِ بدن	ہوا حباب میں ہے یا حباب شیشے میں
دل تو جلتا ہے مگر آہ و فغاں کچھ بھی نہیں	آگ یہ کیسی لگی ہے کہ دھواں کچھ بھی نہیں
لگا کے وار وہ حیرت میں مجھکو سکتا ہے	میں اُنکی تیغ وہ میرے جگر کو دیکھتے ہیں
نہ آنکھیں چار کرو اک نظر اِدھر دیکھو	اِدھر نگاہ کرو ہم اُدھر کو دیکھتے ہیں
مال و زر کیا نقدِ جاں نذرِ عقبیٰ کروں	یہاں مجھے رہنا نہیں کیوں خواہشِ دنیا کروں
آپکے امروز فردا میں ہوا فردائے حشر	آج کیا میں اعتبارِ وعدۂ فردا کروں
ہیں بات بات پہ ناز آنکے دم بدم سو سو	ہر ایک ناز میں کرتے ہیں وہ ستم سو سو

حالِ قیس و وامق و فرہاد پر کیا منحصر
درد کا قصہ الم کی داستاں ہو کوئی ہو

مجھے تو صحبتِ مے سے ہے بیخودی مقصود
سرور ہو کہ نہ ہو کچھ خمار ہو کہ نہ ہو

تمہارے ہاتھوں سے برباد ہو جو خاک مری
تو اوج پر مرا مشتِ غبار ہو کہ نہ ہو

یہ دل آئینہ حالِ جہاں ہے تمکو دیتے ہیں
ہمیں اِک جامِ مے دو اُسکے بدلے جامِ جم لیلو

میرے سوالِ وصل کا اُلٹا جواب ہے
غصہ ہے جھڑکیاں ہیں غضب ہے عتاب ہے

پُرخوں ہے دل تو چشم پُراز آبِ ناب ہے
وہ شیشۂ شراب یہ جامِ شراب ہے

ربط ایسا ہو تو کس طرح نہ آرام ملے
گور کو سمجھوں میں تن گور مجھے جان سمجھے

جسم کو دل کو جگر کو نہ ہو کیوں روح عزیز
مالکِ خانہ بھی ہے سمجھو تو مہمان بھی ہے

وعدۂ یار گزر جائے گا مر جائیں گے
ملک الموت سے کہدو کہ تقاضا کیا ہے

جگر سے دل سے بدن سے تو ہو چکی رخصت
لبوں پہ جاں ہے ترا انتظار باقی ہے

ہم نہ سرکش سے جھکیں وہ نہ جھکے گر پہلے
خم نہو تیغ تو یاں جھکتا ہے کب سر پہلے

جوہری - لالہ شیو پرشاد صاحب رئیس فرخ آباد - آپ فرخ آباد کے ایک قدیم اور نامور گھرانے کے رکن ہیں - آپکے والد لالہ مادھو رام جوہر کو فنِ سخن میں خاص ملکہ حاصل تھا - منشی منیر شکوہ آبادی کے شاگردِ رشید تھے - لالہ صاحب کو فنِ سخن اس طرح میراث میں ملا ہے - کچھ کلام نظر سے گزرا اُس میں سے چند شعر درج ذیل ہیں ✣ جوہری

ہم کہیں کے نہ رہے ہائے دل آجانے سے
تھے جو اپنے نظر آنے لگے بیگانے سے

ہوش انکے بھی اُڑے ہیں پریزادوں نے
آج ناصح بھی نظر آتے ہیں دیوانے سے

واعظو! ہمسے نہ کچھ اسکی حقیقت پوچھو
آئے ہیں نورِ خدا دیکھ کے بتخانے سے

تمہیں اللہ نکالو کوئی صورت اِسکی
دلِ بیتاب سمجھتا نہیں سمجھانے سے

جویا - حسین علیخان ملیح آبادی - پٹکاپور - گویا کے ہمعصر تھے صاحب دیوان اور خاصہ کہتے تھے - تین شعر آپ کے مونثا درج ذیل کیئے جاتے ہیں ✣ جویا

کس طرح جا کے کوئی یار کے در پر بیٹھے
یار تو ایک طرف دیتے ہیں دربان اُٹھا

صفائی قلب کی چاہے تو ہے ترکِ ہوس بہتر
ہتیلی پر اگر ہو شمع تو ضبطِ نفس بہتر

بے گنہ سینکڑوں دل زلف نے پابند کیے
یہ تو اندھیر بہت آپ کی سرکار میں ہے

جویا

جویا- نواب مہدی علیخان عرف جمّن صاحب - رئیس لکھنؤ- آپ نواب بندہ علیخاں زیبا مرحوم کے نامور شاگردوں میں ہیں- شعر گوئی کی اچھی مہارت حاصل- زبان- بندش ترکیب بیان سب اچھے ہیں- مضمون شگفتہ اور اسلوب بیان دل آویز ہے یہ اشعار اُن کے ہیں ؛

نحیف و زار گو ہو مثلِ مجنوں نام کر جانا
رہِ اُلفت سے مانندِ نگہ جویا- گزر جانا

حدودِ عشق تک دشوار تھی اپنی نظر جانا
پسند آتا نہ کیوں آغاز ہی میں ہمکو مر جانا

کسی کی تیغِ غم نے خوں کیا ہے جن کا مدت تک
بتا دے چارہ گر ممکن ہے اُن زخموں کا بھر جانا

ہر اک تارِ نفس سے رشتۂ اُلفت ہے وابستہ
دمِ آخر سر بالیں ذرا دم بھر ٹھہر جانا

پریشاں ہوگی کاکل غیظ آئینے پر آئے گا
دمِ زینت بُری ہے میرے مرنے کی خبر جانا

سوائے کم سنی کے اور اے قاتل سبب کیا ہے
کہ خود ہی ذبح کرنا خود ہی میرے خوں سے ڈر جانا

ابھی کم سن ہو موسوئے زلف جس طرح ہیں رہنے دو
جوانی خود بتا دیگی انھیں آکر سنور جانا

حیا پر ورہے قاتل کیوں نہ رکھوں ہاتھ سینے پر
نہیں اچھا کسی کے دیکھے زخموں پر نظر جانا

سختیاں کیا کیا اُٹھائی ہیں بتوں کے عشق میں
لیکن ایسے سخت جاں ہیں ہم قضا آتی نہیں

کرینگے جبہہ سائی آستانِ یار پر جا کر
ضرور اک دن مٹا دینگے لکھے کو ہم مقدر کے

ہے دمِ نزع نہ بالیں سے سرک او ظالم
اب گوارا نہیں دم بھر کی بھی فرقت تیری

زندگی میں بھلا نجات کہاں ؟
مر کے چھوٹیں گے ہجر کے غم سے

سمجھتے تھے کہ نیند آجاتی ہے ٹھنڈی ہوائیں
کسی کے ہجر میں دی جان آہِ سرد بھر بھر کے

لطف سے دکھلا رہا ہے نشۂ حسنِ شباب
سُرخ ہیں آنکھیں بھی اُنکی چال بھی مستانہ ہے

مے پرستی کر رہا ہوں کفر و ایماں چھوڑ کر	اُلفت اک ساقی سے ہو مذہب مرا رندانہ ہے

جہاندار

جہاندار۔ صاحب عالم و عالمیاں میرزا جہاندار شاہ عرف میرزا جواں بخت ولی عہد حضرت شاہ عالم ثانی۔ بڑے سخی۔ خلیق۔ اور بامروّت شاہزادے تھے۔ جملہ علوم و فنون کے سرپرست اور قدردان تھے۔ دلیری اور جوانمردی کا یہ عالم تھا کہ ایک روز شکارگاہ میں ہاتھی بگڑ گیا۔ چاہا کہ سونڈ سے پکڑ کر وار کرے۔ مگر شاہزادے نے مہلت نہ دی اور ایک ہی ضرب شمشیر خارا فگاف سے اُس کا کام تمام کر دیا۔ علو العزمی بھی حد سے زیادہ تھی۔ دہلی سے نکلے تو پندرہ ہی روز میں بیس تیس ہزار آدمیوں کی جمعیت لکھنؤ پہنچتے پہنچتے فراہم کر لی۔ جن دنوں میں کہ حضرت شاہ عالم صوبۂ بہار میں تھے۔ احمد شاہ ابدالی نے آپ کو دلّی میں تخت نشین کر دیا۔ آٹھ دس سال تک کاروبار سلطنت کو نہایت فراست اور دانائی سے انجام دیتے رہے۔ بعد مراجعت حضرت شاہ عالم مرہٹوں کا تسلط ہوا اور اُنکے نائب شاہ جی کے ظلموں سے تنگ آکر یہ دہلی چھوڑنے پر مجبور ہوئے اور لکھنؤ پہنچے۔ نواب آصف الدولہ نے آداب و خدمت گذاری کے تمام مراتب ادا کیئے۔ خواصے میں بیٹھنا۔ گھڑیوں ہاتھ باندھے سامنے کھڑے رہنا۔ اور ایک اِک الائچی یا گلوری کی بخشش پر دس دس مرتبہ مجرہ گاہ سے آداب بجا لانا۔ برس روز قیام لکھنؤ کے بعد آپنے بنارس میں سکونت اختیار کی اور سرکار اودھ سے پچیس ہزار روپیہ ماہوار بطور نذرانہ مقرر ہو گئے جسکے عوض میں انجام کار صوبۂ اودھ نے علاقہ سرکار انگریزی کے تفویض کر دیا۔ چنانچہ وارن ہیسٹنگز کے انتظام کے بموجب آپ کو خزانۂ انگریزی سے برابر پنشن ملتی رہی۔

فن شعر پر طبیعت اِس قدر مائل تھی کہ ہر ماہ میں دو مرتبہ اپنے دولتخانے پر بزم مشاعرہ منعقد فرماتے تھے اور شعرائے باکمال و باوقار کو اپنے چوبدار بھیج بھیج کر مشاعرے میں بلواتے تھے۔ پھر آنے والے مہمانوں کے ساتھ نہایت لطف اور گرمجوشی سے پیش آتے تھے۔ سنہ ۱۲۱۰ ہجری میں آپنے انتقال فرمایا۔ انڈیا آفس لندن میں آپ کا وہ دیوان مسمّٰی بہ

"بیاض عنایت مرشدزادہ" جو وارن ہیسٹنگز کو آپ نے مرحمت فرمایا تھا موجود ہے۔ ایک تذکرہ بھی تصنیف کیا تھا۔ آپ کی اولاد کا سلسلہ بنارس میں اب تک موجود ہے۔ تین صاحبزادے۔ میرزا خرم بخت۔ میرزا شگفتہ بخت اور میرزا عالیقدر۔ آپکی یادگار رہے۔ انتخاب آپکے کلام کا یہ ہے۔ ملاحظہ ہو +

مرکس کے انتظار میں یہ بے اجل گیا
آنکھیں جو یوں کھلی رہیں اور دم نکل گیا

رعنائی تیری دیکھ کے اے سرو باغ حسن
جوں لالہ دل پہ کھاتے ہیں سب گلعذار داغ

آتش پہ میرے دل کی جہاندار جوں سپند
چاہوں جو ٹھیرے کر نہیں سکتا قرار داغ

رہے اک شب جو اس ماتم کدے میں
بسانِ شمع رو رو کر چلے ہم

اکیلے تھے ہم اب اک فوج غم ہے
ترے در سے مع لشکر چلے ہم

رہے در پر بتاں کے ہم جہاندار
خدا حافظ تمہارا گھر چلے ہم

ٹھان لیتے ہیں وہ پہلے ہی سر اپنا دینا
تیرے کوچے میں جو اے شوخ قدم رکھتے ہیں

ترے عشق کے حب سے پالے پڑے ہیں
ہمیں اپنے جینے کے لالے پڑے ہیں

آخر گل اپنی صرفِ درِ میکدہ ہوئی
پہنچے وہاں ہی خاک جہاں کا خمیر ہو

کونسی بات تری ہم سے اٹھائی نہ گئی
پر جفا جو تری ناحق کی لڑائی نہ گئی

قصد ہر چند کیا سیکھنے کا بلبل نے
وضع نالے کی مرے اس سے اڑائی نہ گئی

چھوڑا ملاپ یار کا اغیار کے لیئے
ترکِ شمیم گل ہیں کیا خار کے لیئے

میرا دلِ فگار بھی کچھ گل سے کم نہیں
منظور ہو جو گوشۂ دستار کے لیئے

اس زلفِ عقدہ گیر کا اک تار اے صنم
بس ہے جہاں کے سبحہ و زنار کے لیئے

اس بت کا وصل غیروں کی قسمت میں تھا نصیب
تھا ہجر ایک آہ جہاندار کے لیئے

میں اور تری نصیحت مانوں یہ دخل کیا ہے
ناصح تو مجکو ناحق اب کیوں خفا کرے ہے

بیمارِ عشق جانبر اب تک کوئی ہوا ہے
تو اے طبیب ناحق میری دوا کرے ہے

پچتائے گا تو اکدن سنتا ہے ای جہاندار	دیتا تو ہے دل اُسکو لیکن بُرا کرے ہے

جہانگیر

جہانگیر۔ میر جہانگیر لکھنوی۔ اصل وطن ان کا دہلی تھا مگر اپنی عمر کا بڑا حصہ لکھنو میں گزارا اِسی لیئے لکھنوی کہے جاتے ہیں۔ مرد شجاع اور دلیر تھے۔ فارسی اُردو دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کرتے تھے۔ آرام و آسایش سے اپنی زندگی بسر کی۔ آخر عمر میں وطن پلٹے اور مرضِ مالیخولیا میں مبتلا ہو گئے۔ ایک روز مولانا شاہ عبد العزیز کے وعظ میں میر شاہ علی کو جن کا تخلص درویش تھا زخمی کرنے کے باعث قید کئے گئے اور محبس ہی میں انتقال کر گئے۔ ۱۲۳۸ھ ہجری میں موجود تھے۔ یہ اُن کا کلام ہے۔

وہ کافر مرا درد کیا جانتا ہے	جو گزرے ہے مجھپر خدا جانتا ہے
محبت جسے کہتے ہیں وہ ہے مشکل	سو وہ ایسی باتوں کو کیا جانتا ہے
غم و درد و ہجراں سے واقف نہیں کچھ	یہ ناصح فقط مغز کھا جانتا ہے
یہانتک ہے اُس پر دلِ زار مفتوں	جو گالی بھی دے تو دُعا جانتا ہے
ہنساتا ہے ہر اک کو وہ شوخ ظالم	جہانگیر کو ہی رُلا جانتا ہے

جہانگیر

جہانگیر۔ صاحب عالم و عالمیاں مرزا جہانگیر شاہ پسر دوئمی اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی۔ اِنکی والدہ نواب ممتاز محل ملکۂ دوران اور بادشاہ کی چہیتی بیگم تھیں اِسی لیئے اکبر شاہ اِنکو بہت چاہتے تھے۔ اِنکی ولیعہدی کے لیئے بھی بہت کوشش کی گئی مگر ناکامیاب رہے یہ مرشد زادے بہت آوارہ مزاج اور خودسر تھے جب اپنی حرکات ناشائستہ کی پاداش میں نظر بند ہو کر الہ آباد بھیجے گئے تھے تو اُنکی والدہ نواب ممتاز محل نے یہ منّت مانی تھی۔ کہ میرزا جہانگیر چھُٹ کر آئیں گے تو خواجہ بختیار کاکی کے مزار پر پھولوں کا چھپر کھٹ اور غلاف چڑھاؤنگی۔ جب مرزا جہانگیر چھٹ کر آئے تو اُنکی والدہ نے اپنی منّت پُوری کی بڑی دُھوم سے چھپر کھٹ اور چھپر کھٹ میں پھُول والوں نے اپنی ایجاد سے ایک پھُولوں کا پنکھا بھی لٹکا دیا تھا۔ حضرت خواجہ صاحب کے مزار پر چڑھایا۔ بادشاہ کی خوشی کے

سبب سے قلعہ کے لوگ اور شہر کی خلقت بھی جمع ہو گئی۔ گویا ایک بڑا بھاری میلا ہو گیا بادشاہ کو یہ میلا بہت پسند آیا۔ ہر برس ساون کے مہینے میں مقرر کر دیا۔ چنانچہ اب تک پھول والوں کا میلا دہلی میں ہر سال ہوتا ہے۔ میرزا جہانگیر تھوڑے دنوں کے بعد پھر اپنی بدکرداری کے باعث نظر بند ہو کر الہ آباد بھیجے گئے وہاں رات دن شراب میں مخمور رہتے تھے آخر کار ۱۸۳۲ء میں انتقال کیا۔ انکی والدہ نے نواب مختار الدولہ (سر سید احمد خان کے ماموں) کو الہ آباد بھیجکر لاش منگوائی اور حضرت نظام الدین اولیا کی درگاہ میں دفن کی۔ اُس پر ایک نہایت خوبصورت مجرّہ بنوا دیا۔ انھیں کے پہلو میں مرزا اسکندر انکے چچا اور مرزا بابر انکے بھائی دفن ہیں۔ مرزا جہانگیر کی صرف ایک بیٹی تھی۔ وہ مرزا فخرو ولیعہد بہادر شاہ سے منسوب ہوئی۔ مرزا ابوبکر اُسی کے بطن سے تھے۔ مندرجۂ ذیل غزل انکے نام سے مشہور ہے ؎

گر یار نہو ساقی پیمانہ ہوا تو کیا	معمور شرابوں سے میخانہ ہوا تو کیا
ہم عشق کے ہیں بندے مذہب سے نہیں واقف	گر کعبہ ہوا تو کیا بتخانہ ہوا تو کیا
جب درد نہو دل میں کیا عشق مزہ دیوے	کہنے کو بھلا کوئی دیوانہ ہوا تو کیا
اِس عشق کی آتش سے جلتے ہیں سبھی کوئی	گر شمع ہوئی تو کیا پروانہ ہوا تو کیا

جہانگیر

جہانگیر۔ سردار کیسر اسنگھ۔ آپکا وطن امرتسر اور ۱۱ دسمبر ۱۸۷۵ء تاریخ ولادت ہے آپکی ابتدائی تعلیم ایبٹ آباد ہزارہ میں ہوئی جہاں آپکے والد سردار بوٹا سنگھ ہیڈ ڈرافسمین تھے۔ کچھ عرصہ لاہور میں پڑھ کر آخر ۱۸۹۳ء میں آپنے رڑکی کالج سے امتحان سب انجینیری کی سند حاصل کی اور محکمۂ تعمیرات میں ملازمت اختیار کی۔ میرٹھ۔ دہلی۔ مراد آباد۔ علیگڈھ۔ رامپور۔ گورکھپور میں کئی کئی سال رہے۔ اثنائے قیام میرٹھ میں حضرت بیان و نیرنگی سے رامپور میں حضرت آمیر مینائی سے اور رڑکی میں پنڈت اُمراؤ سنگھ حباب شاگرد مرزا غالب سے خوب صحبتیں گرم رہیں۔ ۱۹۰۲ء میں سرکاری ملازمت ترک کر کے ریاستِ کشمیر

میں ملازم ہوئے۔ اب پھر پنجاب چلے آئے۔ اور ستلج سروے ڈویژن کے صیغۂ آبپاشی میں سپروائزر ہیں۔ ۳۷ یا ۳۸ برس کی عمر ہے۔ آزاد منش زندہ دل نوجوان ہیں راقمِ تذکرہ کے ملاقاتیوں میں ہیں۔ شعر کہنے کا سلیقہ اچھا ہے۔ بندش چست۔ تراکیب درست مذاقِ سخن نفیس۔ کلام سے مشاقی کا پتہ چلتا ہے۔ مزاج میں شوخی و ظرافت خلقی ہے۔ ابتدائے مشق میں حضرت آزاد دہلوی کو چند غزلیں دکھائی تھیں۔ اسی سلسلۂ تلمذ کے باعث حضرت ذوق مرحوم سے خاص عقیدت رکھتے ہیں۔ کلام کا انتخاب حسبِ ذیل ہے۔

شیخ کو کہتے تھے سب خشک مزاج
ہنسکے فرمایا جو کی وصل کی خواہش اُن سے
وحشت زدہ جہانگیر۔ اے شاہِ خوبرویاں
دیکھیں گے اُنکو داورِ محشر کے سامنے
یہ ناز یہ غرور لڑکپن میں تو نہ تھا۔
وہ مُنہ پھیر لیتے ہیں انجان ہوکر
جہانگیر اور رام رنگی۔ الٰہی
نہیں گر ترے کھینچ لانے کے قابل
جہانگیر اور مے سے پرہیز؟ بیشک
شیخ کو لیجا کے اِک دن اپنا ضامن کردیا
کہیں بھولے ہی سے وہ شوخ نشانہ باندھے
ملکِ دل لٹنے دیا کرنسکے کچھ افسوس
دیر و حرم میں شیخ و برہمن کے واسطے

اُس کا دامن تو بہت تر نکلا
ہم سے جو نکلا اسی بات کا سائل نکلا
ہوکر اسیرِ اُلفت تیرے حضور آیا
دینگے حساب جب ستم بے حساب کا
آفت ہے زندگی میں زمانہ شباب کا
یہ بیگانگی! جان پہچان ہوکر؟
بنی کیا یہ اُسپر مسلمان ہوکر
یہ دل پھر ہے کس کام آنے کے قابل
یہی بات ہے مان لینے کے قابل
عمر بھر پیتے رہے ساقی سے لیکر وام ہم
ہم اِس اُمید میں نخچیر بنے پھرتے ہیں
نام کو ہم بھی جہانگیر بنے پھرتے ہیں
ہم جن کو پوجتے ہیں وہ پتھر ہی اور ہیں

رازِ دل کر نہ فاش کہنا مان
چشمِ مشتاق کیا سمجھتی ہے

دیکھ چشمِ پُرآب! کہتے ہیں
آپ جسکو نقاب کہتے ہیں

آپ وہ کھل کھیلے ہیں خمار کے	کسکو شرم و حجاب کہتے ہیں
تو نے پی ہو کبھی تو بتلاؤں	شیخ اسکو شراب کہتے ہیں
حسن و شوخی میں غضب۔ مہر و وفا کا پتلا	آپ کے ڈھونڈ لیے وہ ولبر جسے کہتے ہیں
ساقی! مجھے بس تیری قسم اور نہ لوں گا	دو جام کی عادت تھی سو پلوا گئیں آنکھیں
کس طرح اے زمیں تجھے اکمل کہوں میں	کامل جہاں کے تجھ میں سمائے چلے گئے
میخانہ کوئی گھر تو جہانگیر کا نہیں	آئے دو جام اپنے اڑائے چلے گئے
میں تھکمنڈوں سے حسینوں کے خوب واقف ہوں	مجھے بھی ایسے ہی لوگوں سے کام رہتا ہے
سو یا پڑا ہے سبزۂ خودرو کے سایہ میں	اے لالہ رو یہ گور ہے تیرے شہید کی
بیکسی کو مری اللہ سلامت رکھے	یہ کسیکو مری تربت کا پتہ دیتی ہے
دیکھا کرو کسیکی طرف تم بھی پیار سے	گر چاہتے ہو تم کو نہ دیکھا کرے کوئی۔
حق بات پر بھی دار پہ منصور کھچ گیا	مقدور کیا ہے عشق میں لب وا کرے کوئی
کہتے ہیں جان دینی تو ادنی سی بات ہے	پھر اور کس طرح انھیں چاہا کرے کوئی
اس جوانی میں لڑکپن کی ادا باقی ہے	ابتک آنکھوں میں وہی شرم و حیا باقی ہے
دل گیا۔ جان گئی۔ دین گیا۔ دنیا بھی	اب بھی لیکن وہ محبت کا مزا باقی ہے
بہت الفت جتانیکا مزہ کچھ تجھنے دل چھکا	گئی آئی ہوئی اُن سے جو تھی صاحب سلامت بھی
رخ ہے رنگیں تو لب مسی آلود	تو تو سوسن بھی ہے گلاب بھی ہے
جہانگیر! گھبرا گئے ایسے جلدی	محبت ہے یہ کچھ حکومت نہیں ہے
وحشی بن بن کے گئے سوئے بیاباں کتنے	گھر محبت نے کیے آپ کی ویراں کتنے
یوں اگر ملنے میں اک طرح کی رسوائی ہے	خط کتابت کی بھی کیا تم نے قسم کھائی ہے
کوئی ایسا نہیں ملتا کہ ملائے اُس سے	یوں تو اپنی بھی زمانے سے شناسائی ہے
کبھی وہ بھولی بھولی اُنکی صورت یاد آتی ہے	کبھی پھر وہ نگاہِ مہر و الفت یاد آتی ہے

کبھی وہ چھیڑنا وہ مسکرانا یاد آتا ہے
کبھی شوخی کبھی انکی شرارت یاد آتی ہے

بتوں میں بے نیازی تھی ہم اپنے دم پہ نازاں تھے
اب انکو دیکھ کر اللہ کی قدرت یاد آتی ہے

نہ تم میں دلبری تھی اور نہ جانبازی پہ مائل
تمھاری سادگی۔ اپنی طبیعت یاد آتی ہے

طبیعت جوش پر تھی اور یہ عالم اپنا یاد رہتا
جہانگیر اب ہمیں وہ اپنی حالت یاد آتی ہے

جھمن

جھمن۔ جھمن ناتھ۔ قوم سے کایستھ اور دہلی کے قدیم باشندے تھے۔ انکے بزرگ ہمیشہ سرکار شاہی میں ملازم رہے۔ نواب امیر الامرا ضابطہ خان بہادر کی سرکار میں انکے بڑے بھائی عہدۂ منشی گری پر مامور تھے۔ فنِ سخن میں لالہ جھمن ناتھ کی طبیعت نہایت موزوں و مناسب واقع ہوئی تھی۔ فارسی۔ اردو دونوں زبانوں میں فکر سخن کیا کرتے تھے۔ اور اکثر صنائع و بدائع میں شعر کہا کرتے تھے۔ اکثر غزلیں اور قطعے مدح اُمرا میں ذو بحرین کہے ہیں۔ بعضوں کی مدح ایسی کی ہے کہ ہر مصرع سے اگر ایک ایک حرف لیے جاؤ تو نام ممدوح کا نکل آتا ہے۔ اور ہر مصرع سے تاریخ سال نکلتی ہے۔ اور کچھ غزلیں صنعت عاطلہ اور منقوطہ میں بھی کہی ہیں۔ بہار دانش کو بھی منظوم کیا ہے۔ افسوس ہے کہ باایں ہمہ کمالِ فن نازِ شبینہ سے بھی محتاج تھے۔ راجہ اجیت سنگھ بہادر ہر چند چاہتے تھے کہ ان کا افلاس مبدل بفلاح ہو۔ مگر ان کی وارستہ مزاجی اور بے پروا طبیعت نے قبول نکیا۔ خلقۃً نہایت مسکین اور غریب نہاد طبیعت پائی تھی۔ کبھی کبھی اپنے اشعار خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کو بغرض اصلاح دکھا لیتے تھے۔ سنہ ۱۱۹۰ ہجری میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے۔

قطعہ

دل جوں سپند عشق کی آتش سے جل گیا
اِک آہ کھینچتے ہیں مرا دم نکل گیا

اشک ہوتے ہی تو قدر اسقدر رسوا ہوا
یہ تو لڑکا حضرتِ مجنوں کا بھی باوا ہوا

یہاں مختار جو باجاہ آیا
برائے قتل خلق اللہ آیا

نہ تھے کچھ شاہ جی نے شاہ حاجی
وہ نادر شاہ تھے یہ شاہ آیا

ہے منتظر بمندر والا گلاب رائے | یہ گاؤ تکیہ رکھے ہے لالہ گلاب رائے
سب چیز بست و شد جو چڑھیں لوگ آسلے پہ گھر | بھر دیوے کف میں لولو لالا گلاب رائے
بلبل لڑیں ہیں محلہ اُسکی میں مُدام | کیا لال بیٹا ماں نے یہ پالا گلاب رائے
مانگے جو کوئی موتی کا دانہ تو اُسکو پھر | دیتے ہیں اپنی سونے کی مالا گلاب رائے
شاباش اُسکی ماں کو جو ایسا جنا ہے پُوت | جیوے وہ اُس کا کھیلنے والا گلاب رائے

جانکی

جانکی - جانکی پرشاد بلیخ آبادی - بختیار پوری - آپ کو فارسی - سنسکرت اور بھاشا میں اچھی خاصی مہارت ہے - شعر بھی فارسی اُردو اور ہندی تینوں زبانوں میں کہتے ہیں - اِس وقت آپکی عمر ۹۰ سال کی ہے - حواسِ خمسہ میں ابتک کوئی فرق نہیں - گھر کے آسودہ ہیں - قوم کے کھتری اور نہایت خلیق و بامروّت انسان ہیں - آپ کے تین شعر نمونتاً درج کیئے جاتے ہیں -

زاہد تو کس گھمنڈ پہ کہتا ہے دمبدم | معلوم ہوگا حشر میں پینا شراب کا
ہم بادہ نوش بحرِ محبت میں غرق ہیں | دارِ فنا کو سمجھے ہیں عالم ہے خواب کا
جب میں جاتا ہوں رقیبوں کو اُٹھا دیتے ہیں | بارِ منّت سے مرے سر کو جھکا دیتے ہیں

+ دہلی میں سراوگیوں کا خاندان معروف بہ گلاب رائے مہر چند مشہور و معروف ہے +

* آپ کا نام ترتیب کے خلاف درج ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے حالات اور کلام ہمارے پاس اُسوقت پہنچے کہ ردیف "ج با الف" چھپ چکی تھی - لہٰذا بے ترتیبی کو اِس سے بہتر سمجھا کہ آپ کا نام درج تذکرہ ہونے سے رہ جائے +

چ

چکبست پنڈت برج نراین صاحب وکیل ہائیکورٹ آپ قوم کے کاشمیری پنڈت ہیں لفظ چکبست آپکا عرف ہے تخلص شروع سے لکھا ہی نہیں تہذا حیران ہیں کہ آپکو شعر و شاعری کی انجمن میں کس خطاب سے مخاطب کریں اور یارانِ سخن سنج سے کیا کہکر متعارف کرائیں آپکی زندگی کے مختصر حالات بارہا دریافت کیے اکثر اوقات تو جواب ہی نہ دیا یا تو جواب آیا یا تو جواب صاف آیا۔ چونکہ اکثر رسالوں میں آپکا کلام عرف کو تخلص قرار دیکر درج ہوتا ہے ناچار ہم بھی ایسا ہی کرنے پر مجبور ہیں آپکے خط کا خلاصہ قابلِ تحریر ہے آپ لکھتے ہیں جناب والا! تسلیم آپ نیازمند کے سوانحی حالات دریافت کرتے ہیں حیران ہوں کہ کیا لکھوں۔ اوّل تو میں ضابطہ شاعر ہی نہیں ہوں تخلص کا بھی گنہگار نہیں ہوں چکبست میرا عرف ہے نہ کہ تخلص سولہ سترہ برس سے شعر و سخن کا مذاق ضرور ہے لیکن ایک دیوان بھی تیار نہیں ہے ایسی حالت میں مجھے باضابطہ شاعروں کے زمرے میں داخل کرنا ہی بیکار ہے مگر خیر مجبوری تو میرا نام آ ہی گیا۔ اب آپکو زندگی کے حالات کیا لکھوں لکھنؤ وطن ہے عمر تقریباً اٹھائیس سال ہے اپنے دوستوں کا دل بہلانے کو کبھی کبھی شعر کہہ لیتا ہوں پرانے رنگ کی شاعری یعنی غزل گوئی سے ناآشنا ہوں لیکن اسی کیساتھ میرا عقیدہ یہ ہے کہ محض نئے خیالات کو توڑ مروڑ کر نظم کر دینا شاعری نہیں ہے میرے خیال کے مطابق خیالات کی تازگی کے ساتھ زبان میں شاعرانہ لطافت اور الفاظ میں تاثیر کا جوہر ہونا ضرور ہے لیکن میں پھر آپکو لکھتا ہوں کہ میں قدر دانِ سخن ہوں سخنور نہیں ہوں جس کا نام شاعری ہے وہ اور چیز ہے جو بہرحال مجھے نصیب نہیں" چار ترکیب بند جو آپنے بھیجے اُنکے علاوہ اور کلام بھی مختلف رسائل میں نظر سے گزرا۔ اسمیں شک نہیں کہ اکثر بند حد درجہ مؤثر اور پُرصدمہ ہوتے ہیں جو صفائی اور سادگی سے خالی نہیں مگر خیال کی بلند پروازی اور شوکتِ الفاظ بہت زیادہ ہے آپکے ایوانِ سخن میں عصر نظر اٹھا کر دیکھئے قدرتی مناظر کے سین مختلف جذبات کے نوٹ۔ حبِ وطن۔ ادب و اخلاق کی تلمیحات بیشمار و بیشمار کثرت سے دکھائی دیتی ہیں محض حسن و عشق کے چرچے بہت کم۔ واقعات کے نظم کرنے میں پکی قابلیت اور مشاقی مسلم ہے ایک چھوٹا اور معمولی واقعہ بیان کرنیکے لیے پہلو بدل بدل کر کئی کئی بند مسلسل لکھ جاتے ہیں تشبیہات خوب برتتے ہیں بعض جگہ اسلوب بیان میں ایسی روانی اور دلکشی ہوتی ہے کہ اُستاذہ کے کلام کا دھوکا ہوتا ہے رامائن کے جو سین آپنے نظم کیے ہیں اُنکی دلچسپی و دلفریبی حد توصیف سے باہر ہے کالن بھی

یہ قوم ذرا عاقبت اندیش نہیں	رباعیات	سودا تو ہے نوش کا سر نیش نہیں
پہلے کی ترقی سے ہیں کتنے پیچھے		افسوس ہمیں کچھ بھی پس و پیش نہیں

چکبست

	بیکار تعلّی سے ہے نفرت مجھکو	دیگر	لوں دادِ سخن نہیں یہ عادت مجھکو
	کس واسطے جستجو کروں شہرت کی		اِک دن خود ڈھونڈ لیگی شہرت مجھکو
	بُوگل کے لیئے ہے گل ہے شبنم کے لیئے	دیگر	اِک ربط ہے انتظامِ عالم کے لیئے
	لیکن ہے مرا شباب ماتم کے لیئے		غم میرے لیئے ہے اور میں غم کے لیئے
	آبادی ہے اصل میں نہ ویرانہ ہے	دیگر	شادی کا یہ گھر ہے نہ عزا خانہ ہے
	واللہ نہ مبتدا ہے اِسکی نہ خبر		دُنیا اِک ناتمام افسانہ ہے
	فنا کا ہوش آنا زندگی کا دردِ سر جانا	قطعہ	اَجل کیا ہے؟ خمارِ بادۂ ہستی اُتر جانا
	مقام کوچ کیا ہے منزلِ مقصود تک بھولے		قیامت تھا سرائے دہر میں دو دن ٹھہر جانا
	بہت سودا رہا واعظ تجھے نارِ جہنّم کا		مزا سوزِ محبّت کا بھی کچھ اے بے خبر جانا
	مصیبت میں بشر کے جوہرِ مردانہ کھلتے ہیں		مبارک مُبتلا دلوں کو گردشِ قسمت سے ڈر جانا
	سدھاری منزلِ ہستی سے کس بے اعتنائی سے		تنِ خاکی کو شاید روح نے گردِ سفر جانا
	درد دل - پاسِ وفا - جذبۂ ایمان - ہونا		آدمیّت ہے یہی - اور یہی انساں ہونا
	زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہورِ ترتیب		موت کیا ہے؟ انھی اجزا کا پریشاں ہونا
	ہمکو منظور ہے اے دیدۂ وحدت آگیں		ایک غنچہ میں تماشائے گلستاں ہونا
	جس طرح خُم سے کسی جام کا ٹکڑا نکلے		یوں ہے گردوں سے مہِ نو کا نمایاں ہونا
	سر میں سودا نہ رہا - پاؤں میں بیڑی نہ رہی		میری تقدیر میں تھا بے سروساماں ہونا
	صفحۂ دہر پہ مُہرِ بیدِ قدرت سمجھو		پھُول کا خاک کے تودے سے نمایاں ہونا
	ہو بیاضِ سحرِ نُور پہ دل کیا مائل		یاد ہے دفترِ انجم کا پریشاں ہونا
	کل بھی وہ کل جو ہے فردائے قیامت زاہد		اور پھر اُسکے لیئے آج پریشاں ہونا
	پاؤں زنجیر کے مشتاق ہیں اے جوشِ جنوں		ہے مگر شرط ترا سلسلہ جُنباں ہونا
	گل کو پامال نہ کر لعل و گہر کے مالک!		ہے اِسے طرّۂ دستارِ غریباں ہونا

ہے مراضِ جنوں جوشِ جنوں سے بڑھکر
ننگ ہے میرے لیئے چاک گریباں ہونا

مری بیخودی ہے وہ بیخودی کہ خودی کا وہم و گماں نہیں
یہ سرورِ ساغر مے نہیں یہ خمار خواب گراں نہیں

جو ظہورِ عالمِ ذات ہے یہ فقط ہجومِ صفات ہے
ہے جہاں کا اور وجود کیا جو طلسم و ہم و گماں نہیں

یہ حیاتِ عالمِ خواب ہے۔ نہ عذاب ہے نہ ثواب ہے
وہی کفر و دیں میں خراب ہے جسے علمِ رازِ جہاں نہیں

نہ وہ خم میں بادہ کا جوش ہے نہ وہ حسنِ جلوہ فروش ہے
نہ کسی کو رات کا ہوش ہے وہ سحر کو شب کا سماں نہیں

یہ زمیں پہ جن کا تھا دبدبہ کہ بلند عرش پہ نام تھا
اُنھیں یوں فلک نے مٹا دیا کہ مزار تک کا نشاں نہیں

آب و دانے سے قفس کے کچھ ہمیں اُلفت نہیں
بے پر و بالی سے اپنی عاشقِ صیاد ہیں

کچھ اَور ہے وہ شاعرِ معجز بیاں نہیں
جسکے سخن سے رنگِ طبیعت عیاں نہیں

اظہارِ درد و غیر سے کرتے ہیں بوالہوس
ہمکو دماغِ نالہ و آہ و فغاں نہیں

کیا دیکھتے ہی دیکھتے دُنیا بدل گئی
واللہ وہ زمیں نہیں وہ آسماں نہیں

دل ہی کی بدولت رنج بھی ہے دل ہی کی بدولت راحت بھی
یہ دنیا جسکو کہتے ہیں دوزخ بھی ہے اور جنت بھی

ارمان بھرے دل خاک ہوئے اور سوت کے طالب جیتے ہیں
اندھیر ہے اس دنیا پہ ہمیں آتی ہے ہنسی اور رقت بھی

یا خوفِ خدا یا خوفِ مقرر ہیں وہی بیاں تیرے واعظ!
اللہ کے بندے دلمیں تیرے ہے سوز و گداز و محبت بھی

جب تک ہے جوانی کا عالم کیا عیش کی مستی رہتی ہے
جب پیری موت کی لائی خبر پھر زہد بھی ہے اور طاعت بھی

گرتے ہی زمیں کے دامن میں اے طفلِ پسر رونا دھونا کیا
دُنیا میں اگر تو آیا ہے یاں رنج بھی ہے اور راحت بھی

ہر دم ہے طبیعت کو اُلجھن اک یاس کا عالم طاری ہے
یہ سانس نہیں اک کانٹا ہے یہ زیست نہیں بیماری ہے

بارانِ دو عالم کا کہیں ہلکا ہو جائے
پھر بہار آئے الٰہی ہمیں سودا ہو جائے

عرش سے فرش تلک چھائی ہے تاریکی جہل
آگ دُنیا کو لگا دو تو اُجالا ہو جائے

ظاہر ہستی ناچیز بشر ہے کیا چیز
یہ وہ قطرہ ہے جو بڑھ جائے تو دریا ہو جائے

یوں نہ انسان کا برگشتہ مقدر ہو جائے
میں اگر پھول اُٹھاؤں تو وہ پتھر ہو جائے

دل کیئے تسخیر بخشا فیضِ روحانی مجھے
حبِ قومی ہو گیا نقشِ سلیمانی مجھے

منزلِ عبرت ہے دنیا اہلِ دنیا خار ہیں
ایسی دلجمعی سے ہوتی ہے پریشانی مجھے

جانچتا ہوں وسعتِ دل حملۂ غم کیلئے
امتحاں ہے رنج و حرماں کی فراوانی مجھے

قوم کا غم مول لیکر دل کا یہ عالم ہوا
یاد بھی آتی نہیں اپنی پریشانی مجھے

ذرہ ذرہ ہے میری کشمیر کا مہماں نواز
راہ میں پتھر کے ٹکڑوں نے دیا پانی مجھے

کس کو غم ہے جو کرے مرثیہ خوانی میری
رو رہی ہے مرے مرقد پہ جوانی میری

دولت

کہتے تھے بُرا نذر کو سخنِ سنجِ پُرانے
اُن لوگوں کے ہمراہ گئے اُنکے زمانے

وہ فلسفہ و علم و ادب اب ہیں فسانے
بدلا ہے نیا رنگ زمانے کی ہوا نے

دولت ہے یہ اب زینتِ کاشانۂ تہذیب
کہتے ہیں اسے شمع جلوخانۂ تہذیب

مٹ جانے پہ بھی نام و نشاں رہتا ہے اس سے
سرچشمۂ اُمید رواں رہتا ہے اس سے

تازہ چمنِ تاب و تواں رہتا ہے اس سے
پیری میں بھی انسان جواں رہتا ہے اس سے

ہر رنگ میں یہ تازگیِ قلب و جگر ہے
ہے صلح میں شمشیر لڑائی میں سپر ہے

کوشش کبھی زردار کی جاتی نہیں بے سود
رہتا ہے سدا سایہ فگن طالعِ مسعود

انسان کی نیت میں اگر شر نہو موجود
زر ہاتھ میں اُسکے ہے کلیدِ درِ مقصود

کب گوہرِ اُمید کو رولا نہیں اس نے
تھا کونسا در بند جو کھولا نہیں اس نے

ہوں طالبِ تحقیق کہ دلدادۂ تعلیم
خم سامنے دولت کے ہے سب کا سرِ تسلیم

سنتے ہیں اُنھیں کے لئے ہے کوثر و تسنیم
یاں جورہِ مولا میں لٹاتے ہیں زر و سیم

دنیا ہی میں کچھ ذکر نہیں تازہ ہے اسکا
دربار میں اللہ کے آوازہ ہے اسکا

لیکن وہ زر و مال نہیں قابلِ تحسیں
انساں کو بنا دے جو شکم پرور و خود بیں

زردار وہ ہے جس میں شرافت کے ہوں آئیں
ہو بزمِ محبت کے لیئے باعثِ تزئیں

سرسبز رہے قوم یہ انعام ہو اُس کا
باراں کی طرح فیض و کرم عام ہو اُسکا

مانا ہوسِ زر ہے بشر کے لیئے عادت
لیکن نہیں دنیا میں فقط اک یہی نعمت

کچھ اور بھی جوہر ہیں عطا کردۂ قدرت
غمخواری و دلجوئی و ہمدردی و اُلفت

زر آپ نہیں دشمنِ اخلاق و ادب ہے
جو حد سے گزر جاتی ہے وہ اسکی طلب ہے

جو لوگ ہے حرص سے دنیا میں ہیں سرشار
جینے کی لطافت سے نہیں انکو سروکار

مانندِ گدا زر کے ہیں ہر وقت طلبگار
آزاد کہاں دامِ طمع میں ہیں گرفتار

محروم مئے عیش سے یہ خستہ جگر ہیں
مالک نہیں زر کے ہیں فقط بندۂ زر ہیں

دولت وہ ہے مجبور کی جو عقدہ کشا ہو
اکسیر ہو دردِ دلِ بیکس کی دوا ہو

آئینۂ اخلاق و محبت کی جِلا ہو
ظلماتِ فلاکت کے لیئے آبِ بقا ہو

یوں فیض کے چشمے ہوں رواں باغِ وطن میں
جیسے کرم ابرِ گہربار چمن میں

ہر صبح گلستاں میں بصد شانِ فصاحت
بلبل گلِ رنگیں سے یہ کرتی ہے حکایت

دیکھو چمن آرائے دو عالم کی عنایت
گھٹتے کبھی دیکھی نہیں فیاض کی دولت

گو کم دُرِ خوش آب لٹانا نہیں ہوتا
خالی کبھی شبنم کا خزانہ نہیں ہوتا

مانا سببِ شوکت و اجلال ہے دولت
پر مفلس و بیکس بھی نہیں قابلِ نفرت

ادنی سے ملے جھک کے یہ اعلیٰ کی ہے عظمت
بس نشۂ زر سے نہ جھکے چشمِ مروّت

مغرور! اسے شانِ شرافت نہیں کہتے
کچھ کہتے اسے حسنِ شرافت نہیں کہتے

کس اوج پہ خورشید جہانتاب ہے معمور
دل تیرگی کہر سے کوسوں ہے مگر دُور

گو خاک نہیں ذرۂ ناچیز کا مقدور
دیتا ہے اسے جام سے اپنے یہ مئے نور

یا ماہ کا اس اوج پہ کیا فیض عیاں ہے
ہر خانۂ مفلس کے لیئے شمع مکاں ہے

یا باغ میں کھلتا ہے دمِ صبح گلِ تر
کیا کیا اسے ہوتے نہیں اعزاز میسّر

بنتا ہے عروسانِ جہاں کے لیئے زیور
دستار میں فوشہ کی رہا کرتا ہے اکثر

لیکن نہ کسی وضع پہ اس ڈھنگ سے دیکھا
بیکس کی لحد پر اسے جس رنگ سے دیکھا

خاکِ ہند

اے خاکِ ہند تیری عظمت میں کیا گماں ہے
دریائے فیضِ قدرت تیرے لیئے رواں ہے

تیری جبیں سے نورِ حسنِ ازل عیاں ہے
اللہ رے زیب و زینت کیا اوجِ عزو شاں ہے

ہر صبح ہو یہ خدمت خورشیدِ پُر ضیا کی
کرنوں سے گوندھتا ہو چوٹی ہمالیا کی

اِس خاکِ دلنشیں سے چشمے ہوئے وہ جاری
چین و عرب میں جن سے ہوتی تھی آبیاری

سارے جہاں پہ جب تھا وحشت کا ابر طاری
چشم و چراغِ عالم تھی سرزمین ہماری

شمعِ ادب نہ تھی جب یوناں کی انجمن میں
تاباں تھا مہرِ بینش اِس وادیِ کہن میں

گو تم نے آبرو دی اِس معبدِ کہن کو
سرمد نے اِس زمیں پر صدقے کیا وطن کو

اکبر نے جامِ اُلفت بخشا اِس انجمن کو
سینچا لہو سے اپنے رانا نے اِس چمن کو

سب سُورہیر اپنے اِس خاک میں نہاں ہیں
ٹوٹے ہوئے کھنڈر ہیں یا اُنکی ہڈیاں ہیں

دیوار و در سے اب تک اُن کا اثر عیاں ہے
اپنی رگوں میں اب تک اُنکا لہو رواں ہے

اب تک اثر میں ڈوبی ناقوس کی صدا ہے
فردوسِ گوش اب تک کیفیت اذاں ہے

کشمیر سے عیاں ہو جنت کا رنگ اب تک
شوکت سے بہ رہا ہو دریائے گنگ اب تک

اگلی سی تازگی ہے پھولوں میں اور پھلوں میں
کرتے ہیں رقص اب تک طاؤس جنگلوں میں

اب تک وہی کڑک ہے بجلی کی بادلوں میں
مستی سی آگئی ہے پر دل کے ولولوں میں

گل شمع انجمن ہے گو انجمن وہی ہے
خوبِ وطن نہیں ہے خاکِ وطن وہی ہے

برسوں سے ہو رہا ہے برہم سماں ہمارا
دُنیا سے مٹ رہا ہے نام و نشاں ہمارا

کچھ کم نہیں اجل سے خوابِ گراں ہمارا
اِک لاشِ بے کفن ہے ہندوستاں ہمارا

اِسکے بھرے خزانے برباد ہو رہے ہیں
ذلت نصیب وارث غفلت میں سو رہے ہیں

اے صورِ حبِ قومی اِس خواب سے جگا دے
بھولا ہوا فسانہ کانوں کو پھر سُنا دے

مُردہ طبیعتوں کی افسردگی مٹا دے
اُٹھتے ہوئے شرارے اِس راکھ سے دکھا دے

حُبِّ وطن سمائے آنکھوں میں نور ہو کر
سر میں خمار ہو کر دل میں سرور ہو کر

شیدائے بوستاں کو سرو و سمن مبارک
رنگیں طبیعتوں کو رنگِ سخن مبارک

بلبل کو گل مبارک گل کو چمن مبارک
ہم بیکسوں کو اپنا پیارا وطن مبارک

غنچے ہمارے دل کے اِس باغ میں کھلینگے
اِس خاک سے اُٹھے ہیں اِس خاک میں ملینگے

ہے جوئے شیر ہمکو نورِ سحر وطن کا
آنکھوں کی روشنی ہے جلوہ اِس انجمن کا

ہے رشکِ مہر ذرّہ اِس منزلِ کہن کا
تلتا ہے برگِ گل سے کانٹا بھی اِس چمن کا

گرد و غباریاں کا خلعت ہے اپنے تن کو
مر کر بھی چاہتے ہیں خاکِ وطن کفن کو

رامائن کا ایک سین

(راجہ رامچندر جی کا ماں سے رخصت ہونا)

رخصت ہوا وہ باپ سے لیکر خدا کا نام
راہِ وفا کی منزلِ اوّل ہوئی تمام

منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام
دامن سے اشک پوچھ کے دل سے کیا کلام

آخر ہے کچھ حدِ ستم و ظلم و جور بھی
ہم کو اُداس دیکھ کے غم ہوگا اور بھی

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ خوش خصال
خاموش ماں کے پاس گیا صورتِ خیال

دیکھا تو ایک در میں ہے بیٹھی وہ خستہ حال
سکتہ سا ہو گیا ہے یہ ہے شدتِ ملال

تن میں لہو کا نام نہیں زرد رنگ ہے
گویا بشر نہیں کوئی تصویرِ سنگ ہے

کیا جانے کس خیال میں گم تھی وہ بیگناہ
نورِ نظر پہ دیدۂ حسرت سے کی نگاہ

جنبش ہوئی لبوں کو بھری ایک سرد آہ
لی گوشہائے چشم سے اشکوں نے رُخ کی راہ

چہرہ کا رنگ حالتِ دل کھولنے لگا
ہر موئے تن زباں کی طرح بولنے لگا

آخر اسیرِ یاس کا قفلِ دہن کھلا
افسانۂ شدائدِ رنج و محن کھلا

اِک دفترِ مظالمِ چرخِ کہن کھلا
وا تھا دہانِ زخم کہ بابِ سخن کھلا

دردِ دلِ غریب جو صرفِ بیان ہوا
خونِ جگر کا رنگ سخن سے عیاں ہوا

رو کر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں
سب کی خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں

میں جانتی ہوں جس لیے آئے ہو تم یہاں
لیکن میں اپنے منہ سے نہ ہرگز کہونگی "ہاں"

کس طرح بن میں آنکھ کے تارے کو بھیجدوں
جوگی بنا کے راج دُلارے کو بھیجدوں

دنیا کا ہو گیا ہے یہ کیسا لہو سفید
اندھا کیے ہوئے ہے زر و مال کی اُمید

انجام کیا ہو کوئی نہیں جانتا یہ بھید
سوچے بشر تو جسم ہو لرزاں مثالِ بید

لکھی ہے کیا حیاتِ ابد انکے واسطے
پھیلا رہے ہیں جال یہ کسدن کیواسطے

لیتی کسی فقیر کے گھر میں اگر جنم
ہوتے نہ میری جان کو ساماں یہ بہم

ڈستا نہ سانپ بن کے مجھے شوکت و حشم
تم میرے لال تھے مجھے کس سلطنت سے کم

میں خوش ہوں پھونکدی کوئی اس تخت و تاج کو
تم ہی نہیں تو آگ لگا دونگی راج کو

کن کن ریاضتوں میں گزارے ہیں ماہ و سال
دیکھی تمھاری شکل جب اے میرے نونہال

لائے دُلہن جو بیاہ کے شادی ہوئی کمال
آفت یہ مجھپہ آئی ہوئے جب سفید بال

چھٹتی ہوں اُنسے جوگ لیا جنکے واسطے
کیا سب کیا تھا میں نے اِسی دن کیواسطے

ایسے بھی نامُراد بہت آئیں گے نظر
گھر جن کے بے چراغ رہے آہ عمر بھر

رہتا مرا بھی نخلِ تمنا جو بے ثمر
یہ جائے صبر تھی کہ دعا میں نہیں اثر

لیکن یہاں تو بَن کے مقدر بگڑ گیا
پھل پھول لا کے باغِ تمنا اُجڑ گیا

سرزد ہوئے تھے مجھ سے خدا جانے کیا گناہ
منجدھار میں جو یوں مری کشتی ہوئی تباہ

آتی نظر نہیں کوئی امن و اماں کی راہ
اب یاں سے کوچ ہو تو ملے منزلِ پناہ

تقصیر میری خالقِ عالم بحل کرے
آسان اس غریب کی مشکل اجل کرے

سنکر زبان سے ماں کی یہ فریادِ درد خیز
اِس خستہ جاں کے دل پہ چلی غم کی تیغ تیز

عالم یہ تھا قریب کہ آنکھیں ہوں اشک ریز
لیکن ہزار ضبط سے رونے سے کی گریز

سوچا یہی کہ جان سے بیکس گزر نجائے
ناشاد ہمکو دیکھ کے ماں اور مر نجائے

پھر عرض کی یہ مادرِ ناشاد کے حضور
مایوس کیوں ہیں آپ الم کا ہے کیوں وفور

صدمہ یہ شاق عالمِ پیری میں ہے ضرور
لیکن نہ دل سے کیجئے صبر و قرار دور

شاید خزاں سے شکل عیاں ہو بہار کی
کچھ مصلحت اسی میں ہو پروردگار کی

یہ جعل یہ فریب یہ سازش یہ شور و شر
ہوتا جو ہے یہ اُسکے بہانے ہیں سر بسر

اسباب ظاہری ہیں نہ ان پر کرو نظر
کیا جانے کیا ہے پردۂ قدرت میں جلوہ گر

خاص اسکی مصلحت کوئی پہچانتا نہیں
منظور کیا اُسے ہے کوئی جانتا نہیں

راحت ہو یا کہ رنج خوشی ہو کہ انتشار
واجب ہر ایک رنگ میں ہے شکرِ کردگار

تم ہی نہیں ہو کشتۂ نیرنگ روزگار
ماتم کدہ میں دہر کے لاکھوں ہیں سوگوار

سختی سہی نہیں کہ اُٹھائی کڑی نہیں
دنیا میں کیا کسی پہ مصیبت پڑی نہیں

دیکھے ہیں اِس سے بڑھکے زمانے نے انقلاب
جن سے کہ بیگناہوں کی عمریں ہوئیں خراب

سوزِ دروں سے قلبِ جگر ہو گئے خراب
پیری مٹی کسی کی کسی کا مٹا شباب

کچھ بن نہیں پڑا جو نصیبے بگڑ گئے
وہ بجلیاں گریں کہ بھرے گھر اُجڑ گئے

ماں باپ مُنہ ہی دیکھتے تھے جن کا ہر گھڑی
قائم تھیں جن کے دم سے اُمیدیں بڑی بڑی

دامن پہ جن کے گرد بھی اُڑ کر نہیں پڑی
ماری نہ جن کو خواب میں بھی پھول کی چھڑی

محروم جب وہ گل ہوئے رنگِ حیات سے
اُنکو جلا کے خاک کیا اپنے ہاتھ سے

کہتے تھے لوگ دیکھ کے ماں باپ کا ملال
اِن بیکسوں کی جان کا بچنا ہے اب محال

ہے کبریا کی شان گزرتے ہی ماہ و سال
خود دل سے درد ہجر کا مٹتا گیا خیال

ہاں کچھ دنوں تو نوحہ و ماتم ہوا کیا
آخر کو رو کے بیٹھ رہے اور کیا کیا

پڑتا ہے جس غریب پہ رنج و محن کا بار
کرتا ہے اُس کو صبر عطا آپ کردگار

مایوس ہو کے ہوتے ہیں انساں گناہگار
یہ جانتے نہیں وہ ہے دانائے روزگار

انسان اُسکی راہ میں ثابت قدم رہے
گردن وہی ہے امرِ رضا پر جو خم رہے

اور آپ کو تو کچھ بھی نہیں رنج کا مقام
بعدِ سفر وطن میں ہم آئیں گے شاد کام

ہوتے ہیں بات کرنے میں چودہ برس تمام
قائم اُمید سے ہی ہے دنیا جس کا نام

اور یوں کہیں بھی رنج و بلا سے مفر نہیں
کیا ہوگا دو گھڑی میں کسیکو خبر نہیں

اکثر ریاض کرتے ہیں پھولوں پہ باغباں
ہے دن کی دھوپ رات کی شبنم انھیں گراں

لیکن جو رنگِ باغ بدلتا ہے ناگہاں
وہ گل ہزار پردوں میں جلتے ہیں رائیگاں

رکھتے تھے جو عزیز انھیں اپنی جان کیطرح
ملتے ہیں دستِ یاس وہ برگِ خزاں کیطرح

لیکن جو پھول کھلتے ہیں صحرا میں بیشمار
موقوف کچھ ریاض پہ انکی نہیں بہار

دیکھو یہ قدرتِ چمن آرائے روزگار
وہ ابر و برف و باد میں رہتے ہیں برقرار

ہوتا ہے اُن پہ فضل جو ربِّ کریم کا
موجِ سموم بنتی ہے جھونکا نسیم کا

اپنی نگاہ ہے کرمِ کارساز پر
صحرا چمن بنے گا وہ ہے مہرباں اگر

جنگل ہو یا پہاڑ سفر ہو کہ ہو حضر
رہتا نہیں وہ حال سے بندے کے بیخبر

اُس کا کرم شریک اگر ہے تو غم نہیں
دامانِ دشت دامنِ مادر سے کم نہیں

برسات

یاد دلواتی ہے مینو شی فضا برسات کی
دل بڑھا جاتی ہے آ آ کر گھٹا برسات کی

بندھ گئی ہے رحمتِ حق سے ہوا برسات کی
نام کھلنے کا نہیں لیتی گھٹا برسات کی

اُگ رہا ہے ہر طرف سبزہ در و دیوار پر
انتہا گرمی کی ہے اور ابتدا برسات کی

دیکھنا سوکھی ہوئی شاخوں میں بھی جان آگئی
حق میں پودوں کے مسیحا ہے ہوا برسات کی

ہوں شریکِ بزمِ مے زاہد بھی توبہ توڑ کر
جھومتی قبلہ سے اُٹھی ہے گھٹا برسات کی

اصل تو یوں ہر کسی معشوق کا جب لطف ہے
چاندنی ہو رات کو دن کو گھٹا برسات کی

وہ پپیہوں کی صدائیں اور وہ مورونکا رقص
وہ ہوائے سرد اور کالی گھٹا برسات کی

پار اُتر جائینگے بحرِ غم سے رندِ بادہ نوش
لے اُڑیگی کشتیٔ مے کو ہوا برسات کی

خود بخود تازہ امنگیں جوش پر آنے لگیں
دل کو گرمانے لگی ٹھنڈی ہوا برسات کی

وہ دعائیں میکشوں کی اور وہ لطفِ انتظار
ہائے کن نازوں سے چلتی ہے ہوا برسات کی

میں یہ سمجھا ابر کے رنگین ٹکڑے دیکھ کر
تخت پریوں کے اڑا لائی ہوا برسات کی

نازہو جسکو بہارِ مصر و شام و روم پر
سرزمینِ ہند میں وہ دیکھے فضا برسات کی

چمن

چمن منشی رنجیت سنگھ خلفِ منشی سردار سنگھ قوم کے ماتھر کایستھ دلّی محلّہ چیرہ خانہ کے باشندے کوئی ۳۰ یا ۳۱ سالہ نوجوان ہیں۔ مولانا راسخ دہلوی سے آپ کو تلمذ ہے اور بہ سلسلۂ معاش دلّی کی میونسپل کمیٹی میں جمعداری پر مامور ہیں۔ تھوڑا بہت شعر گوئی کا شوق بھی ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے ؎

حسن پردے میں چھپے کیا کہ نکلجاتی ہے
روشنی مہر کی بادل سے برابر باہر

عاشقِ رخِ صبیح نہ چاہِ ذقن کے ہیں
ہم تو فریفتہ ترے اِک بانکپن کے ہیں

بعدِ فنا بھی جوشِ جنوں کا اثر یہ ہے
ٹکڑے تمام اُڑے ہوئے اپنے کفن کے ہیں

تمھارا کون ہے شیدا کہ حسن والوں کا
کوئی تو چاہنے والا ضرور ہوتا ہے

بلبل کو روئے یار پہ گل کا خیال ہے
پروانے کی نگاہ میں شمع جمال ہے

عشقِ مژہ میں سانس بھی لینا محال ہے
تنکا بھی ہو ادھر سے اُدھر کیا مجال ہے

ذکرِ وصالِ غیر سے چڑتے ہو کس لیئے
سچ ہو کہ جھوٹ ہو یہ ہمارا خیال ہے

حورانِ خلد کھیلینگی جنّت میں ہولیاں
تیرے شہیدِ ناز کی مٹّی گلال ہے

یہ چھیڑ ہی نئی ہے کہ سینے پہ دھر کے ہاتھ
کہتے ہیں اِس میں اَور کسی کا خیال ہے

حورانِ خلد پر جو مٹیں کیا غرض ہمیں
دلّی میں اے چمن کیا حسینوں کا کال ہے

یہ کہکر توڑ ڈالا اُس بُت خود سر نے آئینہ
ہمارے رُخ سے ملتا ہے تمھارے دل سے ملتا ہے

سمجھکر سوچکر دل کو مٹانا یاد رکھیئے گا
وہ دل جو دل سے ملجائے بڑی مشکل سے ملتا ہے

آپنے ایک قطعۂ تاریخ بھی حضور قیصرۂ ہند کی وفات حسرت آیات کے متعلق کہا ہے

جو نذرِ ناظرین کیا جاتا ہے ٭ قطعہ

سچ تو یوں ہے ملکۂ وکٹوریہ بھی اے چمن
غیرتِ جمشید و صدر شکِ سکندر ہو گئی

آ گئے حور و ملک بھی مرحبا کہتے ہوئے
بھیڑ سی دروازۂ خلدِ بریں پر ہو گئی

چُوم کر وکٹوریہ کے پاؤں ہاتف نے کہا
قیصرِ ہندوستاں جنت کی قیصر ہو گئی

۱۹۰۱ء

چمن

چمن - منشی شادی لال صاحب ۱۸۸۸ء میں ایک رسالہ مسمّٰی بہ گلدستہ شعرا شائع ہوتا تھا - اُس میں انکا کلام نظر سے گزرا - دیگر حالات ولدیت اور وطن مالوف کا پتہ باوجود تلاش ظاہر نہیں ہوا - کلام کا انتخاب درج ذیل ہے

مدت کے بعد مجھپہ جو فضلِ خدا ہوا
پھر آشنا وہی بتِ نا آشنا ہوا

جو دل کہ دامِ زلفِ صنم سے رہا ہوا
شاد اپنی مُخلصی سے نہ وہ غمزدا ہوا

گویا لحد پہ یار یہ بعد فنا ہوا
گھبرا کے جانِ عشق میں دیدی تو کیا ہوا

اُبھرا نہ بحرِ عشق کا ڈوبا کبھی چمن
یہ امتحاں تو بیشتر و بارہا ہوا

چناں

چناں - شیخ مزاح الدولہ خانصاحب لکھنوی - آپکے حالات باوجود کوشش کے کچھ معلوم نہیں ہوئے مگر کلام سے ظاہر ہے کہ ظرافت آپ کی طبیعت میں کوٹ کوٹکر بھری تھی صاحبِ دیوان ہیں آپکے دیوان کا انتخاب جو ۱۳۱۷ ہجری میں مطبع اعجاز محمدی لکھنؤ میں چھپا ہے ہماری نظر سے گزرا - اُسی انتخاب سے چند شعر اخذ کر کے بطور نمونہ ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں -

اکثر تھا بارِ غمِ ہجرِ یارِ پُرفن کا
مرے پلنگ کا کھٹمل تُلا کئی مَن کا

گلے میں ڈالدے میرے بھی عشق کا پٹّہ
کہ مَیں نے دیکھ لیا طوق تیری گردن کا

دُھواں نکلتا ہے ہر بار ساتھ نالے کے
نہ کیوں گماں ہو دلِ سوختہ پہ انجن کا

وہ آج قبر کو کھُدوا کے لے گیا تختے
نشاں مٹا گیا بے رحم میرے مدفن کا

ہوا لیلیٰ! یہ ناداری سے عالم تیرے عریاں کا
کہ آخر اُسنے باندھا پھاڑ کر دامن بیاباں کا

ٹپکتی ہے ثقالت بھی سخن سے سرگرانی بھی
کھٹمل ہوں باغِ جنّت کا دھتورا باغِ رضواں کا

دیکھنا پھر تو بکے گی دھیلے دھیلے عندلیب
اور انڈے مجھونج میں دو روز سیلے عندلیب

پہلے تھے آپ نہایت لاغر
ابتو مجھ سے کہیں طیار ہیں آپ

مجکو رکھ لیجئے دربانوں میں
حضرتِ عشق کی سرکار ہیں آپ

دیجئے ہاتھ سے اپنے نہ شراب
نہ کہے کوئی کہ کلوار ہیں آپ

خاک سُنتے نہیں فریاد میری
آجکل صورتِ دیوار ہیں آپ

چھیلا کیا میں ناخنِ غم سے دل وجگر
بجتی رہی وہاں پہ ستاری تمام رات

سُنتے ہیں بال کو کم کاٹتی ہے تیغ اصیل
اِس سے ہم پھرتے ہیں اوڑھے ہوئے کمبل قاتل

تھا زمانہ کہ کبھی تیغ بکف رہتا تھا
ہاتھ میں ابتو لیئے پھرتا ہے موسل قاتل

تھک گئے ہیں بیٹھتے ہیں یار اہم
کب سے بیٹھے ہیں پسِ دیوار ہم

قتل کا جو خوف تھا جاتا رہا
کل چُرا لائے تری تلوار ہم

یہ مجنوں پُوچھتا تھا ساربان سے
میاں یہ اُونٹ لائے تم کہاں سے

بڑھا یہ خوف رعب جانجاں سے
مریضِ عشق تک آہستہ کھانسے

اے چناں وہ ابھی سُن لیں تو نکالیں آنکھیں
گر کہوں آپکے بکرے سے غزال اچھا ہے

قتل کرکے بال نوچے اُسنے یہ کہکر مرے
وہ سزائے عاشقی تھی اور یہ جرمانہ ہے

یہ قولِ قیس تھا گر ہوگا حسن وعشق میں جھگڑا
اُسی جانب کو میں ہونگا مری لیلیٰ جدھر ہوگی



ح

حاتم

حاتم شیخ ظہور الدین خلف فتح الدین ۱۱۱۱ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ لفظ ظہور ہی تاریخ ولادت ہے۔ خاص دہلی کے رہنے والے سپاہی پیشہ آدمی تھے۔ نواب عمدۃ الملک امیر خان صوبۂ الہ آباد کی رفاقت میں چند سال گزارے۔ آخر عمر میں تعلقات ظاہری سے کنارہ کشی کر لی تھی۔ نہایت متین اور مہذب بزرگ اور شعرائے طبقۂ دوم میں سربرآوردہ تھے۔ مرزا رفیع سودا ان کے شاگرد تھے اور ایسے شاگرد تھے جن پر استاد کو فخر تھا۔ اور اکثر انکے ذکر پر یہ مصرع پڑھا کرتے تھے ع رتبۂ شاگردی من نیست استادِ مرا سعادت یار خان رنگین۔ محمد امان نثار۔ تاباں۔ مکند رائے فارغ بھی انکے شاگردوں میں تھے۔ شاہ صاحب کے مزاج میں ظرافت بہت تھی۔ قلعۂ دہلی کے نیچے شاہ تسلیم ایک آزاد منش فقیر کا تکیہ تھا۔ وہاں اکثر نشست رہتی تھی۔ شاہ حاتم اپنے آخر زمانے میں اردو زبان کی درستی کی طرف بھی متوجہ ہوئے تھے۔ اور بہت سے غیر مانوس اور غیر فصیح الفاظ ترک کر دیئے تھے۔ مگر افسوس ہے کہ انکے معاصرین نے اس طرف کافی توجہ نہیں کی ورنہ اسی زمانے میں اردو کی موجودہ فصاحت کی بنیاد قائم ہو جاتی۔ اگرچہ شاہ حاتم نے بہت سے الفاظ ترک کیئے۔ مگر دوسرے شعرا نے انکو نہ چھوڑا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک شخص کا محدود مگر مفید خیال زیادہ پھیلنے نہ پایا اور دوسرے لوگوں کی بے پروائی نے پرانے اور نئے محاوروں کی تفریق نہ کی۔ اور الفاظ کو یہ آزادی اور وسعت دی کہ ان کا اثر دوسری پشت تک قائم رہا۔ شاہ حاتم اپنے ترک کردہ الفاظ کی نسبت خود لکھتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے "خوشہ چینِ خرمنِ سخنورانِ عالم۔ بصورت محتاج و بمعنی حاتم۔ کہ از ۱۱۲۹ھ تا ۱۱۶۹ھ کہ چہل سال باشد۔ عمر دریں فن صرف کردہ۔ در شعر فارسی پیرو مرزا صائب و در ریختہ ولی را استاد میداند۔ اول کسیکہ درین فن دیوان ترتیب نمودہ او بود

فقیر دیوان پیش از ناورشاہی در بلاد ہند مشہور دارد۔ بعد ترتیب آن تا امروز کہ سنہ ۳ عزیز الدین عالمگیر ثانی باشد ہر طب و یابس کہ از زبان این بے زبان برآمدہ داخل دیوان قدیم نمودہ کلیات مرتب ساختہ۔ از ہر ردیف دو سہ غزلے و از ہر غزل دو سہ بیتے و رلے مناقب و مرثیہ۔ و چند مخمس و مثنوی از دیوان قدیم نیز داخل نمودہ بہ "دیوان زادہ" مخاطب ساختہ۔ و سرخی غزلیات بسہ قسم منقسم ساختہ۔ یکے طرحی۔ دوم فرمایشی۔ سوم جوابی۔ تا تفریق آن معلوم گردد۔ و معاصرین فقیر۔ شاہ مبارک آبرو۔ و شرف الدین مضمون۔ و میرزا جانجانان مظہر۔ و شیخ احسن اللہ احسن۔ و میرزا شاکر ناجی۔ و غلام مصطفیٰ یکرنگ ست و لفظ در و برو از و الفاظ و افعال و یگر کہ در دیوان قدیم خود تقید دارد۔ درین ولا از دہ دوازدہ سال اکثر الفاظ را از نظر انداختہ و الفاظ عربی و فارسی کہ قریب الفہم و کثیر الاستعمال باشند و روزمرہ دہلی کہ مرزایان ہند و فصیحان رند در محاورہ آرند منظور دارد۔ زبان ہندی بھاکا را موقوف کردہ محض روزمرہ کہ عام فہم و خاص پسند باشد اختیار نمود۔ و شمہ از ان الفاظ کہ تقید دارد و بیان می آرد چنانچہ عربی و فارسی مثلاً تسبیح را تسبی و صحیح را صحی و بیگانہ را بگانہ و دیوانہ را دوانہ و مانند آن۔ یا متحرک را ساکن و ساکن را متحرک۔ مرض را مرض۔ و نیز الفاظ ہندی مثل نین و جگ و نت وغیرہ یا ادھر را اودھر و کدھر را کیدھر کہ زیادتی حرف باشد۔ یا بجاے پر پہ یا یہاں را یاں و وہاں را واں کہ در مخرج تنگ بود یا قافیہ را باڑا ر ہندی مثل گھوڑا و بورا و دھڑ و سرو مانند آن۔ مگر ہاے ہوز را بدل کردن با الف کہ از عام تا خاص در محاورہ دارند بندہ درین امر بتابعت جمہور مجبور است۔ چنانچہ بندہ را بندا و پردہ را پردا و انچہ ازین قبیل باشد۔ و این قاعدہ را تا کے شرح دہد۔ مختصر کہ بقطعے غیر فصیح انشاء اللہ نخواہد بود۔" اس عبارت کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو خیال ناسخ و آتش یا ذوق و مومن کے وقت میں پیدا ہوا تھا اس کی ابتدا ایک صدی پیشتر ہو چکی تھی۔ فرق صرف اتنا ہی ہے کہ آخر خیال قائم ہونے کے بعد عام و خاص

سب میں اُسکی پابندی اور لحاظ کیا گیا۔ اور بے چارے شاہ حاتم کی بات اُن کے مُنہ اور زبانِ قلم سے نکل کر دیوانِ زادہ تک محدود رہی۔ بہرحال اصلاح زبان کے خیال کرنے والوں میں پہلا نمبر شاہ حاتم کا ہے۔ دو تین اُردو کے اور ایک فارسی دیوان اِن سے یادگار رہے۔ مضمون اِن کے صاف عاشقانہ عارفانہ ہیں۔ شعر آپس کی باتیں۔ زبان شستہ و رفتہ۔ البتہ زبان کی ابتدائی حالت ہونے کے سبب زائد الفاظ مثل اب اور یہاں کے اکثر آجاتے ہیں۔ شاہ حاتم نے اپنے دیوان کے دیباچے میں اپنے شاگردوں کی فہرست لکھی ہے ۴۵ ناموں میں سب کے سرتاج مرزا رفیع السودا ہیں۔ ۹۶ برس دنیا کی ہوا کھا کر ماہ رمضان ۱۲۰۷ ہجری کو دہلی میں انتقال کیا اور وہیں دلّی دروازے کے باہر دفن ہوئے۔ مگر مصحفی کا قول ہے کہ ۸۳ برس کی عمر پاکر ۱۱۹۶ ہجری میں فوت ہوئے۔ بہرحال اب اُن کے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے ؛

مثالِ حبر ہو میں مارتا ہے
تُو نہیں تو کنجِ تنہائی میں ہے

کیا ہے جسنے اِس جگہ سے کنارا
بوریہ کا نقش ہم پہلو مرا

شورِ دریا تک ملاحت کا تری پہنچا ہے شور
فیضِ صحبت کا تری حاتم عیاں ہے ہند میں

بے نمک آگے ترے لب کے نمکداں ہوگیا
طفلِ مکتب تھا سو عالم بیچ تابان ہوگیا

کعبہ و دیر میں حاتم نجز اغیرِ خدا
کوئی کافر نہ کوئی ہم نے مسلماں دیکھا

فقیروں سے سُنا ہے ہم نے حاتم
ہجر کی زندگی سے موت بھلی

مزا جینے کا مرجانے میں دیکھا
کہ جسے سب کہیں وصال ہوا

مسافر اُٹھ تجھے چلنا ہے منزل
بجے ہے کُوچ کا ہر دم نقارا

آبِ حیات جا کے کسی نے پیا تو کیا
مانندِ خضر جگ میں اکیلا جیا تو کیا

نے حسرتِ گلگشت نہ پرواز کی طاقت
صدقے میں ترے کیا مجھے آزاد کریگا

جسکو دیکھا سو یہاں دشمنِ جاں ہے اپنا
دل کو جانے تھے ہم اپنا سو کہاں ہے اپنا

حاتم بیکس کا تجھ بن کون ہے؟ / کون ہوئے جو نہ ہوئے تو مرا
قاصد کی زباں سے اُسکے آگے / پیغام و سلام کچھ نہ نکلا

اُسکے قدموں سے لگی رہتی ہے دن رات حنا / خوب دنیا میں بسر کرتی ہے اوقات حنا
حاتم عجیب رسم ہے اقلیم عشق کی / پاؤں کے ہاتھ لگتے گنہ گار ہو گیا
ہاتھ مت کھینچ جنوں تجکو مرے سر کی قسم / ایک جب تک بھی رہے تار گریبان کے بیچ
زلف و چشم و خال و خط چاروں ہیں دشمن جان کے / حق رکھے ایمان سلامت ایسے کفرستان کے بیچ
ایک دن ہاتھ لگایا تھا ترے دامن کو / ابتلک سر ہے خجالت سے گریبان کے بیچ
حاتم جہاں کو جان کے فانی خدا کو چاہ / اللہ بس ہے اور یہ باقی ہے سب ہوس
کسیکو آپ سے گر آشنا کرے معشوق / تو پہلے اُسکو سبھوں سے جُدا کرے معشوق
ہم سے ہو زر و سیم کی تدبیر سو کیا خاک / دنیا میں بڑی چیز ہے اکسیر سو کیا؟ خاک
اتنی بھی آسماں نے فرصت کبھی نہ دی ہائے / جو بیٹھ کر نکالیں دل کا غبار ہم تم

رباعی

اِن سیمبروں کے ساتھ سونا معلوم؟ / قسمت میں لکھی ہے خاک سونا معلوم؟
حاتم افسوس! دے وامروز گزشت / فردا کی رہی اُمید سونا معلوم؟

تو آفت پیشہ دشمن ہے بغل میں دل نہیں / دُور ہو بہلو سے صحبت کے مری قابل نہیں
تمھارے غنچہ لب کے شوق میں گلشن کی سب کلیاں / چمن میں سُن خبر آنے کی استقبال کو چلیاں
زلفوں کے بل بتانا آنکھیں چُرا کے چلنا / کیا کج ادائیاں ہیں کیا کم نگاہیاں ہیں

تم تو بیٹھے ہوئے یہ آفت ہو / اُٹھ کھڑے ہو تو کیا قیامت ہو
مفلسی اور مزاج اے حاتم / کیا قیامت کرے جو دولت ہو
آتا ہے اب نشے کیطرف جی کبھو کبھو / ساقی نگاہِ مست اِدھر بھی کبھو کبھو

کعبہ و دیر میں اے شیخ تفاوت کیا ہے / دونوں اِن گھر کا وہی ایک ہے صاحبخانہ
حسن اور عشق ترے فیضِ قدم کے صدقے / دونوں آباد ہیں ہم گلشن و ہم ویرانہ

دو چار اب تجھسے کیونکر ہوتی ہم چشمی کے دعوے سے
کہ نرگس کی چمن میں دیکھکر گردن ڈھلکتی ہے

کہتے ہیں سبھی مہر بتاں خوب نہیں ہے
سنتا ہی نہیں یہ دل گمراہ کسیکی

بیخود اس دور میں ہیں سب حاتم
ان دنوں کیا شراب سستی ہے

کیوں سب سے تجھے چھپا نہ رکھوں
جان ہے۔ دل ہے۔ دل کا انتر ہے

کاملوں کا یہ سخن مدت سوں مجکو یاد ہے
جگ موں بے محبوب جینا زندگی برباد ہے

بے مدد زلفوں کی اسکے حسن نے قیدی کیا
صید دل بے دام کرنا صنعت استاد ہے

ملک دل آباد کیوں کرتا ہے حاتم کا خراب
اے مری بستی خوش آتی ہے تجھے ویرانگی

ہر صبح اٹھ بتوں سے مجھے رام رام ہے
زاہد تری نماز کو میرا سلام ہے

اس آئینہ طلعت کی اب ہم سے یہ صورت ہے
ظاہر میں صفائی ہے باطن میں کدورت ہے

لام استعلیق کا ہے اس بت کافر کی زلف
ہم تو کافر ہوں اگر تابع نہوں اسلام کے

ہیں ناتوان ہوا اسقدر کہ مدت سے
نہ لب سے نالہ۔ نہ سینے سے آہ نکلے ہے

زبان خلق بھی حاتم عجب تماشا ہے
جدھر وہ نکلے ادھر واہ واہ نکلے ہے

کروں قربان جی کو اس گھڑی اسوقت اس پل کے
کہ جیدن جس گھڑی تو اور آوے میرے گھر چلکے

حاتم حاتم۔ نواب محمد حاتم علیخان انعام دار موضع آمیر و کن۔ فن سخن میں آپ کو مولنا نادر علی برتر سے تلمذ ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے ؎

بزم عدو میں مجھ سے ملاتے نہیں نظر
آنجاں یوں ہیں جیسے نہ تھا آشنا کبھی

کچھ بھی علاج وحشت خاطر نہ ہوسکا
آئی نسیم زلف نہ باد صبا کبھی

حاتم سے آج ہو گئے نا آشنا تو کیا
وہ بھی تمھارے چاہنے والوں میں تھا کبھی

حاذق حاذق۔ استاد الخاقان مقرب السلطان عالیجناب نواب آغا مرزا بیگ خان دہلوی الملقب بہ نواب سرور جنگ سرور الملک بہادر۔ آپ کو نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم سے قرابت قریبہ حاصل ہے۔ صغر سنی میں آپ حضرت غالب کے بھانجے ہوتے

مرزا عباس بیگ کے پاس لکھنؤ چلے گئے اور انھیں کی زیر نگرانی تعلیم و تربیت پائی۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نواب سر سالار جنگ بہادر اول کے عہد میں دکن پہنچے اور حضور نظام حال کے اردو اتالیق مقرر ہوئے اور اس تعلق سے آیندہ مدارج اعلیٰ اور کامیابی کی بنیاد پڑی ۱۸۸۴ء میں جب بندگان عالی با اختیار ہوئے آپ کو خطاب و مناصب سے سرفراز فرمایا اور عہدۂ پیشی (سکرٹری) یعنی مقرب ذاتی اعلیحضرت پر ممتاز ہوئے۔ چنانچہ تیرہ سال کامل خلوت و جلوت میں حضرت کے ہمراز و مساز رہے ۱۸۹۷ء میں مسٹر پلپوٹن رزیڈنٹ سے ناچاقی کے سبب مستعفی ہونا پڑا۔ کچھ دن دہلی۔ علیگڈھ اور شملہ میں رہے۔ اب چند سال سے اجمیر میں بود و باش رکھتے ہیں۔ انکے صاحبزادے نواب ذوالقدر جنگ بیرسٹر حیدرآباد میں ایک معزز عہدہ پر ممتاز ہیں۔ اس وقت آپکی عمر ۶۰ برس کے قریب ہے اردو شعر گوئی کا بھی شوق ہے کبھی کبھی تفننا اس طرف بھی توجہ ہو جاتی ہے۔ باایں ہمہ طبیعت میں روانی اس بلا کی ہے کہ دقیق مضامین پر بے تکلف عبور کرتے چلے جاتے ہیں۔ بندش نشست الفاظ۔ مصرعوں کی چستیدگی۔ ردیف کا اچھے پہلو کے ساتھ چمک جانا۔ یہ ساری باتیں انکے کلام میں موجود ہیں۔ راقم تذکرہ کو آپ کی خدمت میں ۱۸۹۷ء کو بمقام شملہ نیاز حاصل ہوا تھا۔ آپکی بھتیجی راجہ صاحب نانپارہ مرحوم کی اہلیہ ہیں اور صاحبزادی نواب سربلند جنگ جج ہائیکورٹ نظام سے منسوب ہیں۔ نواب سرور جنگ کو اب بھی مع لواحقین ۳ ہزار روپیہ ماہوار کے قریب ریاست و صیغۂ صرف خاص سے ملتا ہے۔ علاوہ ازیں مختلف مقامات میں بیش قیمت جائداد آپکی پیدا کردہ ہے ٭

رہا ہے رشکِ کعبہ یہ دلِ اندوہگیں برسوں	رہی ہے صورتِ زیبا کسی کی دلنشیں برسوں
یہ اپنے نام کی تاثیر ہے مجھسے شکایت کیا	چڑھی ہے جب سے غصے میں انوری آستیں برسوں
لگی جب آگ سینے میں تو ہم سمجھے خطا اپنی	کہ نکلا مہر وش سمجھے تھے جسکو مہ جبیں برسوں
ہوئیں مشہور اب شہباز اور آشوبِ عالم ہیں	وہ آنکھیں جو رہیں موسوم چشمِ سرمگیں برسوں

بہت ہے قدردان شاہِ دکن حاذق چلو جلدی
عبث بیٹھے رہے تم گھر میں مغموم و حزیں برسوں

نہیں حیدرآباد دہلی سے کچھ کم
یہاں بھی ہیں جادو بیان کیسے کیسے

ہمیں ملا کرو تھیں دلبر بتائینگے
غیروں سے مت ملو وہ ستمگر بنائینگے

سُرمے سے وہ بھوؤں کو ملاتے ہیں بعضب لو
دو نیچوں کا ایک وہ خنجر بنائینگے

دلکے پھپھولے پھوڑینگے یوں بیٹھ کر الگ
تصویر ہم رقیب کی بے سر بنائینگے

چڑھ چکا ہے زاہدا یاں نشۂ جامِ الست
چھیڑ مت ظالم ہمیں مستانہ خواب آنیکو ہے

اکتسابِ بیخودی از چشمِ مستِ نازنیں
محفلِ رنداں میں ساقی بیحجاب آنیکو ہے

پھر کیا ہے میرے ساقی نے درِ میخانہ باز
لو میاں گردش میں پھر جامِ شراب آنیکو ہے

پھر سُلگ اُٹھا جگر آہوں کی پھر چھائی گھٹا
بر سرِ طوفان پھر چشمِ پُرآب آنیکو ہے

یہ ستم برپا کیا تیری نگاہِ شوق نے
حاذقِ ہشیار پھر اُنکو حجاب آنیکو ہے

قطعہ

مگر تُو نے بھی اے بُت سامری فن
خدا کی قسم کیا ہی دُھوکا دیا ہے

وہ دل جسپہ تھے مجکو سو ناز ظالم
اُسے تو نے کیسا نکما کیا ہے

یہ دل ہے وہ دل لاڈلا اک جہاں کا
یہ دل ناز و نعمت کا پالا ہوا ہے

یہ دل نورِ چشمِ حسینانِ عالم
یہ دل جلوہ گاہِ بتِ خود نما ہے

یہ دل کاشفِ رازِ مطلوب و طالب
مرا مدعی ہے ترا مدعا ہے

یہ دل مایۂ فخرِ صاحبدلاں تھا
جسے تُو نے وقفِ کلیسا کیا ہے

کھلونا نہیں ہے جو کھیلو گے اِس سے
مریجان یہ دل ہے جو تُو نے لیا ہے

تجھے ہم تو سمجھے تھے ہشیار حاذق
ترے دل کا جانا اچنبھا ہوا ہے

حاذق

حاذق - غلام حضرت خانصاحب خلف الصدق جناب غلام حسین خانصاحب از اولاد اخوند بیاض خان افغان حنفی المذہب عمر تقریباً چالیس سال کی ہے - الموڑے کے رامپور کالج میں عربی و فارسی زبان کے پروفیسر ہیں - حاذق صاحب کی عمر تقریباً ۲۵ سال کی

تھی جب آپکے والد ماجد کا انتقال ہوا۔ کوئی ذریعۂ معاش نہ تھا اور بارِ علائق بہت تھا تحصیل وتکمیل علوم وفنون ضروریہ ریاست رامپور میں اپنے والد کی حیات میں کر چکے تھے۔ چونکہ فطرۃً علم دوست واقعہ ہوئے تھے شوق برابر افزونی پر تھا۔ فکرِ تحصیل معاش سے جو وقت بچ رہتا تھا اُس میں ہمیشہ باکمالوں کی خدمت میں حاضر رہتے تھے۔ سنِ طفلی سے موزوں طبع تھے اوائل میں مختلف اُستادوں کو اپنا کلام دکھایا۔ لیکن طبیعت کسی باکمال اُستاد کی جویا تھی۔ بالآخر عالیجناب منشی امیر اللہ صاحب بتسلیم لکھنوی مدظلہ مقیم رامپور سے استفادۂ سخن کرنے لگے۔ کلام نہایت پاکیزہ اور عیوبِ شاعری سے مبرّا ہے۔ فارسی اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے ہیں۔ جملہ اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ فارسی نثر میں ایک رسالہ موسوم بہ سحرِ حلال بصنعتِ غیر منقوطہ آپکی تصنیف سے شائع ہو چکا ہے۔ ایک مسدّس مسمّٰی بہ "لمعات الصواعق" مسلمانوں کے تنزل پر لکھ کر شائع کر چکے ہیں۔ کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے

درد کرتا تھا مرے پہلو میں رہ رہ کے خلش
ہاتھ رکھنے سے کسی کے آج کچھ کم ہو گیا

خامشی اُس کم سخن کی ذکرِ اعدا سے گئی
غیر کا شکوہ مجھے اکسیرِ اعظم ہو گیا

تذکرہ وصلِ عدو کا میرے آگے ہائے ہائے
اور بھی دردِ رقابت کے لیئے سم ہو گیا

تیری کیفیت ہے کیا۔ کیسا ہے دل کیا حال ہے
پوچھنا یہ اُن کا زخمِ دل کو مرہم ہو گیا

کس طرح ٹوٹیں۔ نہیں بلبل کے بس کی تیلیاں
آہنی صیّاد نے کی ہیں قفس کی تیلیاں

قیدِ ہستی میں کڑی سہتا ہوں اس اُمید پر
مرگ کھولیگی کبھی میرے قفس کی تیلیاں

اہلِ دانش جھیلتے ہیں دہر میں قیدِ شدید
آہنی ہوتی ہیں طوطی کے قفس کی تیلیاں

دیکھئے کب ہو رہا تن کے قفس سے مرغِ روح
ٹوٹیں کسدن دیکھئے تارِ نفس کی تیلیاں

نہا دھو کے بنانِ خوش ادا جسدم نکھرتے ہیں
بشر کیا حور و غلمان بانکپن پر اِنکے مرتے ہیں

غضب کے شوخ فقرے ہیں کہ نقشہ کھینچ دیتے ہیں
دمِ تقریر مقراضِ زباں سے گل کترتے ہیں

اُٹھا کر ہاتھ وہ میری طرف غیروں سے کہتے ہیں
خدا کی شان یہ بھی دم مری اُلفت کا بھرتے ہیں

وہ کمسن ہیں اُنھیں مشقِ جفا کو چاہیئے مدّت
ابھی تو نام سُنکر خنجر و پیکاں کا ڈرتے ہیں

کیا زندگی ہے عشق کا جب سلسلا نہو
عاشق نہ ہو کسی پہ کسی پہ فدا نہ ہو

دریا کی موج شرم سے کیوں آب آب ہے
ساحل پہ اُس نے آبی ڈوپٹہ چُنا نہو

رُک رُک کے دیکھتے ہیں وہ اپنا خرامِ ناز
پھر پھر کے دیکھتے ہیں کوئی دیکھتا نہو

وہ تخلیہ ہو جسمیں نہ آئے خیالِ غیر
اِک تم ہو ایک میں ہوں کوئی دوسرا نہو

حاذق سخن کا لطف ہی پیشِ سخن شناس
اُسکو سُنائیں کیا جو اُسے جانتا نہو

قدِ دلجو کہ چشمِ دل ستاں سے
پیا ہو دیکھئے محشر کہاں سے

تمھاری پیاری باتوں کا ہوں مشتاق
کہو کچھ تو لبِ معجز بیاں سے

دلِ مضطر کی بیتابی کا عالم
کہوں کس طرح میں اوکس زبان سے

خیالِ عارضِ گلرنگِ ساقی
نہیں کچھ کم شرابِ ارغواں سے

عدو کے سامنے کہتے ہیں مجھ سے
بس اب تشریف لیجاؤ یہاں سے

حاذق

حاذق- جناب منشی محمد فخر الدین برہانپوری تلمیذ حضرت بقا غازی پوری - زمانۂ حال کے شعرا میں ہیں اور اس طرح طبع آزمائی کرتے ہیں -

زاہد و تم کو ہے جس باغِ جناں کی خواہش
ہمکو دنیا میں ملا کوچۂ جاناں ہوکر

دیکھ پائیں جو ترے مصحفِ رُخ کو کافر
سب لگیں پڑھنے ترا کلمہ مسلمان ہوکر

ابر اُٹھا ہے بہار آئی ہے میخانوں میں
مئے گلرنگ بھری جاتی ہے پیمانوں میں

شیخ تسبیح نہیں ہاتھ سے چھوٹی دم بھر
کیا خدا تیرا ہے نادان انھیں دانوں میں

اے خدا تیرا ہی جلوہ ہے بتوں سے ظاہر
تیری ہی شان نظر آتی ہے بتخانوں میں

جان دینے کے لیئے لوٹتے ہیں ایک پہ ایک
شمع وہ آگ لگا دیتی ہے پروانوں میں

شیخ و واعظ کا بُرا حشر ہو اے داورِ حشر
کہیں چھپ چھپ کے نہ ملجائیں یہ میخوارنمیں

پلا دو حضرت حاذق کو اے رندو تو ہم جانیں
خدا والے ہیں میخانے سے بچ بچ کر نکلتے ہیں

ہے کہتا ہے کہ میری کمر ہے کہ نہیں ہے ۔ ہے کہ دونوں صورتیں ہیں ۔ ہے کہ ہوا ہے ۔ ہے کہ ہوا ہے ۔ ہے کہ دونوں صورتیں ہیں

حافظ

حافظ۔ کریم الدین صدیقی از نبیرۂ شاہ محمد اعظم قدس سرہ متوطن قصبۂ بچھراؤں۔

ہے صحبتِ ناقص سے زیاں اہلِ صفا کو		موتی کا سدا رشتے سے سوراخ جگر ہے
کیا پوچھو ہو احوال کو حافظ کے کہ یارو!		اُس کا تو کچھ احوال ہر ایک لحظہ بتر ہے

حافظ

حافظ۔ منشی سید ممتاز علی صاحب خلفِ میر اعجاز علی ۱۲۷۰ھ سالِ پیدائش ہے ذہنِ رسا کی اعانت سے اپنا سلسلۂ نسب مادری و پدری حضرت آدم تک نکالا ہے۔ پچیس روپیہ مشاہرہ پر عہدۂ روبکاری نائب دوم بھوپال پر مامور ہیں۔ منشی فدا علی فارغ و گرم تخلص کے شاگرد ہیں۔ تذکرۂ آثار الشعرا و تاریخ بھوپال انکی تصنیف سے ہیں۔ اِس تذکرہ میں اپنے اشعار کا انتخاب پچپن صفحوں پر درج کیا ہے۔ طبیعت کا رنگ اِن چند شعروں سے ظاہر ہے۔

چشمِ سرشار میں کیا سحر بھرا ہے تیری		لینا اے ساقیٔ گلرو مجھے چکر آیا
تصور اس میں رہتا ہے شب و روز		ہمارا قلب ہے مسکن کسیکا
کیوں ڈراتے ہو مجھے یارو کہ کرتی ہے ضرر	قطعہ	آبجیواں سے سمجھتا ہوں میں ادنیٰ تر شراب
کیونکہ ہے اِس کا نتیجہ رنج و فکر و ائی		اور ہے عیش و سرورِ تازہ کا جوہر شراب
اشکوں نے نکل کر کیا ابرازِ محبت		لڑکے تھے چھپایا نہ گیا رازِ محبت
الماس کی نہ دُر کی۔ نہ گوہر کی احتیاج		ہے خاکِ آستانۂ دلبر کی احتیاج
پہنچے ہم کوئے یار تک لیکن		کیا بتائیں کہاں کہاں ہو کر

حافظ

حافظ۔ حافظ خلیل الدین حسن ساکن پیلی بھیت خواہرزادہ حضرت قاضی محمد ممتاز حسن صاحب ممتاز۔ آپ کو تلمذ بھی غالباً اُنھیں سے رہا ہے۔ حال باوجود تلاش صرف اسقدر معلوم ہوا کہ ۱۸۷۲ء میں حیات تھے ✦

وہ مَیں۔ وہ ننگے پاؤں وہ چھالے وہ بن کہاں؟		چُبھتا ہوا وہ دل میں ہر اک خار کیا ہُوا!
حافظ ہے یاد کچھ تجھے روزِ الست کی		مَرے خدا وہ عہد و وہ اقرار کیا ہوا؟
مے سے خالی جو کبھی سامنے ساغر آیا		دل مرا شیشۂ صہبا کی طرح بھر آیا

رشتۂ الفت کا بلاسے میری ٹوٹے کر رہے
میں بھی کچھ اپنا ہوں جو کچھ نہ ہو وہ دلدار آیا

دفن ہونے دے نہیں میرا جنازہ واللہ ! تیرے کوچے تلک اے یار میں مر کر آیا
جان دینے میں وہ آرام ہے اللہ اللہ خواب اِک بات میں مجکو تہ خنجر آیا
پردہ پوشی کی صفت ہے یار کی تلوار میں جسم عریاں چھپ گیا سب زخم دامنداریں
نام پر دولت کے مرتے ہیں بخیلاں جہاں شیرۂ جاں ڈالتے ہیں شربت دینا میں
ملتے ہی تارِ نظر کے عمر کا رشتہ کٹا سچ تو یوں ہے تیغ کا ڈورا ہے چشم یار میں

حافظ

حافظ - تاجر نامور حافظ شیخ بخش الٰہی صاحب رئیس دہلی و تاجر کلکتہ - آپ شیخ احسان اللہ دہلوی تاجر کلکتہ و مالک "اخبار دار السلطنت" کے فرزند رشید ہیں - اپنی اولوالعزمی اور تاجرانہ قابلیت کیوجہ سے اپنے ہمعصر تاجروں میں ممتاز ہیں - یونتو ہر قسم کی سوداگری آپکے کارخانے میں ہوتی ہے مگر سگرٹ کی فروخت کا بہت اعلیٰ پیمانہ پر انتظام ہے - دہلی اور کلکتہ میں آپکا بڑا رسوخ اور اچھی شہرت حاصل ہے - کلکتہ میں آپنے اہل اسلام کی رہایش کے لیئے ایک عالیشان مسافر خانہ تعمیر کیا ہے - اب ۵۵ برس کے قریب عمر ہے - کچھ کلام نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے -

میں نمانوں کا کبھی تیری نصیحت ایسی زاہد اکرتا ہے تو مجھ سے یہ تقریر عبث
دیکھ تصویر مصوّر سے یہ بولا وہ شوخ نہ ملے جو مری صورت سے وہ تصویر عبث
از رہِ فخر یہ کہتے ہیں تجارت پیشہ کیمیا بھی ہے عبث اور ہے اکسیر عبث
قتلِ عاشق کو فقط ترچھی نظر ہے کافی تیر و پیکاں ہیں عبث خنجر و شمشیر عبث

حافظ

حافظ - حافظ عبد الصمد صاحب شاگرد خواجہ میر تقی خاں صاحب بہادر لقا لکھنوی -

خانۂ دل میں تصوّر غیر کا آنے نہ دے پاسباں کس واسطے ہے دیدۂ بیدار کا
کام کس دن آئیگی معجز نمائی تیری اے مسیحا دم ہے آنکھ نہیں ترے بیمار کا

حافظ

حافظ - شیخ حافظ عبد الرزاق دہلوی - نواب سعید الدین احمد خان صاحب طالب دہلوی کے شاگرد رشید ہیں - تاریخ گوئی میں آپ کو اچھا ملکہ حاصل ہے اور اس فن سے اچھے

ماہر ہیں۔ زبان اور نشستِ الفاظ خوب ہے۔ ابتدائے عشق کا کلام نظر سے گزرا اُسکا انتخاب حاضر ہے +

ضبطِ اسرارِ نہانِ عشق اور طرفِ بشر — بحرِ طوفان خیز اور کوزہ کے اندر رکھدیا
ہمنے کی لختِ جگر سے میہمانی عشق کی — آگے حضرت کے جو تھا ہمکو میسر رکھدیا
سجدہ گاہِ سرکشانِ دہر ہے یہ آستان — تیرے در پر آکے ہر مغرور نے سر رکھدیا
اُسکے آنے کی خبر تھی کہ اجل آپہنچی — شوقِ نظارہ کا ارمان نکلنے نہ دیا
بخت برگشتہ گر نہ ہو جائے — یاریوں بے خبر نہ ہو جائے

حافظ - حافظ میاں خورسند محمد خانصاحب از خوانین بھوپال۔ آپ میاں ارجمند محمد خان سلیم کے چھوٹے بھائی ہیں۔ اِس فن میں منشی عبدالعزیز اعجاز رقم کے شاگرد ہیں ۳۷، ۳۸ برس کی عمر ہے اور یہ کلام کا رنگ ہے۔ حافظ

دلا بے راہ ہم سے ہو نہ جانا — کہیں غیروں کی باتوں میں نہ آنا
نگاہِ ناز اُنکی کہہ رہی ہے — مرا خالی نہیں جاتا نشانا
گم گشتہ ز خود دل ہے مرا روزِ ازل سے — اے بیخبری مجکو ہوئی ہائے خبر آج

حافظ - حافظ فدا احمد مجددی۔ شاگرد حضرت داغ دہلوی۔ آپ رامپور کے رہنے والے اور موزوں طبع لوگوں میں ہیں زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ اُنکے اشعار ہیں + حافظ

وہ جھلک دور سے اپنی جو دکھا دیتے ہیں — ایک پُتلا مجھے حیرت کا بنا دیتے ہیں
کم ہو عشق ہمارا کبھی تیرے دل سے — کبھی دیتے ہیں تو یہ مجکو دعا دیتے ہیں
کیا اور کوئی روزِ جزا ہوگا اسکے بعد — کہتے ہو تم جو حشر میں شکوا یہاں نہیں
طوف کرتے ہیں سینکڑوں عاشق — کعبہ اُس بت کا گھر نہ ہو جائے

حافظ - منشی ظہور احمد نام۔ سنرا ول ضلع میرٹھ کے رہنے والے ہیں اور نواب ضیع الملک مرزا داغ مرحوم کے شاگرد۔ شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں۔ چند شعر حاضر کیئے جاتے ہیں + حافظ

تمھاری باتیں تو بیشک ہیں پیار کے قابل	تمھارے قول نہیں اعتبار کے قابل
بچایا کثرتِ عصیاں نے مجکو دوزخ سے	مرے گناہ نہ ٹھیرے شمار کے قابل
نہ پھول اے دلِ ناداں تو اُنکی باتوں پر	بتوں کی چاہ نہیں اعتبار کے قابل
اب جستجو ہے چرخ کو مٹ جائے نام تک	ہم مٹ گئے تو کیا ہوا جھگڑا مٹا نہیں
ہیں بیحساب جُرم الٰہی تو کیا ہُوا	اندازۂ کرم سے تو تیرے سوا نہیں
چاہیئے فرق نہ آجائے میرا	آپکے سامنے دم میرا الجھانے سے

حافظ

حافظ- محمد محب اللہ معروف بہ منشی حافظ عبدالرحمن باشندۂ مراد آباد- اوائل سنِ شعور سے مزاج میں آزادی زیادہ رہی اور اکثر سیر و سیاحت کا اتفاق رہا- شدہ شدہ قصبۂ راسین متعلق ریاستِ بھوپال میں حافظ محمد اسحاق خاں فرخ آبادی ناظم ضلع مشرقی کے پاس پہنچ گئے اور کچھ یوم اُنکے پاس رہے- اور اطمینانِ خاطر بہم پہنچا کر اپنا کلام مرتب کرکے ۷ جزو میں ۱۳۱۵ھ میں شائع کر دیا- اب دیوان کا لب لباب ملاحظہ ہو- کچھ قصائد بھی اپنے ممدوح کی تعریف میں لکھے ہیں- بظاہر کوئی بات قابلِ ذکر آپکے کلام میں نہیں پائی جاتی-

دل اہلِ دل کا کعبہ سے رتبہ میں کم نہیں	یہ خاص گھر خدا کا ہے وہ گھر خلیل کا
دنیا ہے روز رنج نئے گردشیں نئی	اے چرخ کج شعار ترا ہمنے کیا کیا
ہے جلوہ دیر و کعبہ میں اُسی محبوب کا حافظ	نزاعِ باہمی ناحق ہے یہ شیخ و برہمن میں
چرچے تمھارے حُسن کے نزدیک دور ہیں	شیدا ترے جمال کے انسان و حور ہیں
نہیں خوفِ محشر کی سختی کا ہمکو	محبت کے صدمے اُٹھائے ہوئے ہیں
آمدِ گل کی ہو رہی ہے دیوانے پھر اسیر	حلقہ دُور دور سے بُلوائے جاتے ہیں
خونِ دل ہے شرابِ سینہ کباب	حضرتِ غم کی میہمانی ہے
ایجاب یہی ہے شرطِ مروّت کہ تجھپہ ہم	جانِ حزیں فدا کریں اور تُو جفا کرے

حالی

حالی- اعجاز بیان سعدی ہندوستان- سخن سنج و سخن فہم- بعدیل و نظیر شمس العلماء

خواجہ الطاف حسین صاحب حالی سلمہ اللہ القدیر۔ آپکے والد خواجہ ایزد بخش پانی پت ضلع کرنال کے باشندے تھے۔ چنانچہ وہیں ۱۸۳۷ء کے قریب آپ کی ولادت ہوئی۔ مگر نوعمری کے زمانے سے اکثر دہلی میں رہے۔ اور عنفوانِ شباب ہی میں نواب مصطفےٰ خان شیفتہ رئیس جہانگیر آباد کے صاحبزادوں کی تعلیم آپکے سپرد ہوئی۔ اُس زمانے میں جو کچھ کہا اُس میں نواب صاحب مذکور الصدر سے اصلاح لی۔ اسی تعلق سے آپ کو مفتی صدرالدین خاں آزردہ۔ نواب ضیاءالدین خاں نیّر و رخشاں اور حضرت غالب مرحوم کی خدمت میں باریابی کے اکثر موقعے ملتے رہے۔ آپ دہلی کے اُن معرکۃ الآرا مشاعروں میں شریک ہوئے ہیں۔ جنکے دیکھنے والے بھی اب مفقود ہوئے جاتے ہیں۔ آپنے مرزا غالب کو دیوان عام دہلی کے شاہی مشاعروں میں فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں غزل پڑھتے سُنا ہے کچھ عرصہ حضرتِ شیفتہ سے اصلاح لینے کے بعد آپ حضرت غالب کے حلقۂ تلمذ میں داخل ہوئے۔ مہینوں نہیں بلکہ برسوں مرزائے مرحوم کے فیض صحبت سے مستفیض ہوئے ہیں۔ آپکی عالی دماغی اور سخن فہمی اُس زمانے میں بھی اپنے جوہر دکھاتی تھی۔ طبیعت میں شعر کا جیسا صحیح مذاق اب ہے اُس وقت بھی موجود تھا۔ شاہجہاں آباد میں اُس زمانے میں کیسے کیسے جیّد عالم اور قابل سخنور اور سخن گو موجود تھے مگر وہ سب مولٰنا کی قدر و منزلت کرتے تھے آپکی عربی استعداد عالمانہ ہے۔ فارسی تو عربی کے تابع ہی ہے اُس کا تو ذکر ہی کیا۔ عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں آپنے فکر سخن کیا ہے۔ آپ مرزا غالب کی آخری علالت اور وفات کے موقعے پر دہلی میں موجود بلکہ اُنکی تجہیز و تکفین میں شریک تھے۔ اُنکی وفات پر آپنے اور مرزا قربان علی بیگ سالک مرحوم۔ اور میر مہدی حسین مجروح مرحوم تینوں رشید شاگردوں نے ایک ساتھ مرثیے لکھے ہیں اور وفات کی تاریخیں کہی ہیں۔ مگر انصاف یہ ہے کہ جو رتبہ و مقبولیت مولانا حالی کے اِس مرثیے کو حاصل ہوئی ہے وہ کسیکو نصیب نہیں ہوئی۔ اور اس میں شک بھی نہیں کہ وہ مرثیہ ہر حیثیت سے آپکے تمام کلام میں ایک

عجب امتیازی فرق رکھتا ہے۔ ہر مصرع مؤثر۔ ہر شعر پُر درد۔ ہر بند لاجواب ہے۔ اسی طرح جو مرثیہ آپنے سلطان الحکما حکیم محمود خانصاحب مرحوم کی وفات پر لکھا آپکے تمام کلام میں ایک بلند وعالی رتبہ رکھتا ہے۔ یہ مرثیہ درد۔ اثر۔ اور واقعات زندگی کے خوش اسلوب بیان اور قدیم دہلی کی طرز معاشرت کا ایک دلکش پہلو اس صفائی اور خوشنمائی سے دکھاتا ہے کہ اُسکی توصیف حدِ بیان سے باہر ہے۔ مرزا غالب مرحوم علاوہ شاگردانہ خصوصیت اور عزیز رکھنے کے اِنکی سخن فہمی وسخن سنجی اور مدارج علمی کیوجہ سے کسی قدر ان کا لحاظ وادب بھی کیا کرتے تھے۔ اور انکو بھی مرزا سے کمال عقیدت ومحبت تھی۔ اور یہ دونوں باتیں مرزا اور اُنکے اُن فارسی قطعوں سے بخوبی ظاہر وہویدا ہوتی ہیں جو ایک خاص موقعے پر مرزا کی آزردگی کی وجہ سے لکھے گئے تھے جو یادگار غالب میں چھپ گئے ہیں۔ اور اِنھیں کے بعد صفائی ہوگئی تھی۔ مرزا کے بعد مولنا حالی کا پھر دلّی میں جی نہ لگا۔ رہنے کو اُنکے بعد عرصہ تک رہے مگر ہمیشہ دل برداشتہ اور برخاستہ خاطر۔

عرصے کے بعد لاہور میں بسبب تعلقاتِ ملازمت آگئے اور یہاں مدت تک باحسن الوجوہ اپنی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ عاشقانہ شعرگوئی کے ترک کرنے اور مسدّسِ مدّوجزر کے لکھنے کی بنیاد لاہور ہی آکر پڑی ہے۔ اِنکے آنیسے پیشتر نیچرل شاعری کی داغ بیل پنجاب کی سرزمین میں پڑچکی تھی۔ اُس پر مولانا حالی کاربند ہوئے۔ چنانچہ اسکے بعد کا جو کلام ہے وہ نیچرل اور دوسرے رنگ میں ہے۔ گویا شعر کی دنیا ہی بدل دی گئی ہے۔ لاہور سے چل کر پھر مولانا دلّی پہنچے اور عربی اسکول میں مدّتوں مدرس علوم مشرقی رہے۔ علاوہ مسدّس اور مناجاتِ بیوہ کے اور بھی متعدد مفید نظمیں لکھی ہیں علیگڈھ کالج کے سوا آپ اور بھی اسلامی انجمنوں میں شامل ہوکر اپنے نصائح وہدایات پُر کلام سے ناظرین کو محظوظ فرمایا کرتے ہیں۔ نثر میں بھی تعلیم نسواں کے متعلق آپ نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام مجالس النسار رکھا ہے۔ اِس میں بالکل عورتوں کی زبان

عورتوں کے محاورات برتتے ہیں۔ مجالس النسا عورتوں کی ضروری تعلیم و اصلاح کے لیے نہایت مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہے۔ اور اس کے اثر سے اکثر خاندانوں میں عورتوں کی تعلیم کا سلسلہ عموماً ہندوستان میں اور بالخصوص دلی میں شروع ہوا۔ آپ کو مسئلہ تعلیم نسواں کی طرف ہر وقت اور ہر زمانے میں خاص توجہ رہی اور اسی کوشش میں دلچسپی کے ساتھ مصروف رہے اور ہیں۔ حیات سعدی بھی آپ کی تالیف ہے جو عرصہ ہوا چھپ چکی ہے۔ اس میں شیخ سعدی شیرازی علیہ الرحمہ کی سوانح عمری اور سیر و سیاحت کے واقعات مفصل اور مشرح طور پر درج ہیں۔ اور انکے احوال کا تعلیم یافتہ جماعت پر جو اثر انکی زندگی اور وفات کے بعد سے آج تک ہوا اس پر بحث کی ہے۔ اور انکی نظم و نثر کے وہ شعر اور وہ فقرے بھی لکھے ہیں جو انھوں نے عربی زبان سے ترجمہ کیے ہیں۔ اور انکے شاعرانہ تبحر کی خوبی اور نظم و نثر کی عمدگی نہایت خوش اسلوبی اور لیاقت کے ساتھ ملک کے سامنے پیش کی ہے۔

اپنے مقدمۂ دیوان میں جو شعر و شاعری پر بحث لکھی ہے اور اساتذۂ عرب و یورپ کا موقع موقع سے مقابلہ حال و خیالات اور شعر کے اثر کی کیفیت لکھی ہے وہ دیکھنے سے متعلق ہے۔ کمی ہے تو صرف یہ کہ اقدم الالسنہ سنسکرت کے مشاہیر شعرا اور انکے یادگار کارنامہ کا ذکر نہیں کیا جس کا غالباً یہ سبب ہے کہ حضرت کو سنسکرت کی معلومات سے استفادہ کرنے کا موقع نہیں ملا۔

آپ سنہ ۱۸۷۹ء میں سرسید احمد خاں۔ مولنا شبلی نعمانی وغیرہ کے ساتھ حیدرآباد دکن بغرض فراہمی چندہ علی گڑھ کالج کی طرف سے گئے تھے اس وقت وہاں کے مدارالمہام نواب سر آسمان جاہ بہادر تھے۔ وہاں آپنے کئی نظمیں پڑھیں جو چھپ کر شائع ہو چکی ہیں اس کے تھوڑے عرصے بعد یا اسی زمانے میں آپ کا ماہوار وظیفہ بھی ریاست دکن سے مقرر ہو گیا۔ جسکے بعد آپ باہر ملازمت سے بالکل سبکدوش اور دست کش ہو گئے۔

سوانحعمری یادگار غالب یعنی اپنے استاد نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم کی سوانح عمری بھی آپنے لکھی ہے جس میں اُنکی لطیفہ گوئی بذلہ سنجی اور خصلت وطرز معاشرت وغیرہ کے علاوہ اُنکی اُردو و فارسی نظم ونثر کی خوبیاں اور نازکخیالیاں علیحدہ علیحدہ دکھائی ہیں اور ساتھ ہی اِس کے اُن کے کلام کا موازنہ اُساتذۂ ایران سے کیا ہے۔ اور اُنکے حل طلب اور دقیق اشعار کے معنے اور اُسکے ساتھ اُنکی ندرت وجدت بیان کرکے اُنکی فارسی قابلیت کا وہ بلند وبالا رتبہ جو عام نگاہوں سے پوشیدہ تھا اور جسکو اُس زمانے میں اُنکے ماننے والے بھی دیکھ اور سمجھ نہ سکتے تھے نہایت واضح معقول اور دلنشیں طور پر اُس کا منظر نظروں کے سامنے پیش کرنا۔ انصاف یہ ہے کہ یہ مولانا حالی جیسے قابل اور وقیع شخص کا کام تھا اور انھیں کو مبدء فیاض سے یہ دل ودماغ عطا ہوا ہے۔

سرسید احمد خاں مرحوم کی زندگی ہی سے اُنکی سوانح عمری لکھنی شروع کردی تھی۔ جو اُنکے انتقال کے بعد بڑی ضخامت میں شائع ہوئی۔ جس کا نام "حیاتِ جاوید" ہے۔ اور جس میں سرسید کے تمام حالات مشرح ومفصل تحریر کیئے ہیں ۱۹۱۴ء میں گورنمنٹ عالیہ نے مولنا کو خطاب شمس العلماء سے سرفراز کیا۔ جو انکی تعلیمی خدمات کے اعتبار سے ہر طرح موزوں اور مناسب ہے۔ مولنا حالی کچھ عرصے سے نواب فصیح الملک مرزا داغ مرحوم کے کلام کا انتخاب فرمارہے ہیں جسکے شائع ہونیکا ہر ایک مشتاق سخن کو نہایت اشتیاق سے انتظار ہے۔ دلی کا نام اب آپکے اور حضرت ظہیر کے دم سے روشن ہے۔ یہی دو کامل یادگار شعرائے اسلف کہلانے کے اہل ہیں۔ کئی سال سے زیادہ تر وطن میں قیام پذیر رہتے ہیں گو دہلی بھی اکثر آتے رہتے ہیں۔ راقم تذکرہ کو بچپن سے آپکی خدمت سراپا برکت میں نیاز حاصل ہے از بس خلوص ونوازش کا اظہار فرماتے رہتے ہیں۔ اب طرز کہن وجدید کے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو ✣

رخ جہاں نسوز میرا دیکھا نظارہ افروز جس چمن میں
نہ بلبل وگل میں وہ تعلق نہ سرو قمری میں پیار دیکھا

جو لاکھ میں ایک پر کہیں کچھ کھلا بھی قسمت سے بھید تیرا
ملا نہ کھوج اُس کا پھر کسی کو ہزار ڈھونڈا ہزار دیکھا

لگن میں تیری نکل گئے جو نہ جھپکے دریا پہ منظر سے
گئے وہ کو آنکھ بند کر کے نہ وار دیکھا نہ پار دیکھا

خبر نہیں یہ کہ کیا ہے کیسا ہے کون ہے اور تو کہاں ہے
یہ اپنے میں اور تجھ میں ہمنے علاقہ اک اُستوار دیکھا

سلوک ہیں تیرے سب سے یکساں وہ گبر و ترسا ہوں یا مسلماں
نہ اُن سے کچھ تیرا بیر پایا نہ اُنسے کچھ تیرا پیار دیکھا

اے عشق تو نے اکثر قوموں کو کھا کے چھوڑا
جس گھر سے سر اُٹھایا اُسکو بٹھا کے چھوڑا

رایوں کے راج چھینے شاہوں کے تاج چھینے
گردن کشوں کو اکثر نیچا دکھا کے چھوڑا

لاگ اور لگاؤ دونوں ہیں دلگداز تیرے
پتھر کے دل تھے جنکے اُنکو رُلا کے چھوڑا

افسانہ تیرا رنگیں رُوداد تیری دلکش
شعر و سخن کو تُو نے جادو بنا کے چھوڑا

دیکھ اے اُمید ہمسے کیجو نہ تو کنارہ
تیرا ہی رہ گیا ہے نے دیکھے اک سہارا

توفیق نے ہمیشہ لی تنت پر خبر یاں
جب ناؤ ڈگمگائی پاس آگیا کنارا

افسوس! اہلِ دیں بھی مانند اہلِ دنیا
خود کام و خود نما ہیں خود بیں ہیں اور خود آرا

اُلفت میں دمبدم کچھ لذت ہے بڑھتی جاتی
چھوڑے گا کھا کے شاید عاشق کو غم تمھارا

دِلّی سے نکلتے ہی ہُوا جینے سے دل سیر
گویا نہ رہا اب کہیں دنیا میں ٹھکانا

لی ہوش میں آنے کی جو ساقی سے اجازت
فرمایا خبردار کہ نازک ہے زمانا

جہاں میں حالی کسی پہ اپنے سوا بھروسا نہ کیجیے گا
یہ بھید ہے اپنی زندگی کا بس اسکا چرچا نہ کیجیے گا

اِسی میں ہے خیر حضرتِ دل کہ یار بھولا ہوا ہے ہمکو
کرے وہ یاد اسکی بھول کر بھی کبھی تمنا نہ کیجیے گا

لگاؤ تم میں نہ لاگ زاہد نہ درد اُلفت کی آگ زاہد
پھر اور کیا کیجیے گا آخر جو ترکِ دنیا نہ کیجیے گا

اے عشق دل کو رکھا دنیا کا اور نہ دیں کا
گھر ہی بگاڑ ڈالا تو نے بنا بنایا

چوریوں سے دیدہ و دلکی نہ شرمایا کبھی
چپکے چپکے نفسِ خائن کا کہا کرتا رہا

نفس میں جو ناروا خواہش ہوئی پیدا کبھی
اُسکو حیلے دِل سے گھڑ گھڑ کر روا کرتا رہا

ہوئے تم نہ سیدھے جوانی میں حالی
مگر اب مری جان ہونا پڑے گا

دل میں باقی ہے وہی حرصِ گناہ
پھر کیے سے اپنے ہم پچتائیں کیا؟
دلکو سب باتوں کی ہے ناصح خبر
سمجھے سمجھائے کو اب سمجھائیں کیا؟

راحت کا جہاں میں یونہی اک نام ہے گویا
راحت کی تلاش اک طمعِ خام ہے گویا
تھا کچھ نہ کچھ کہ پھانس سی اک دل میں چبھ گئی
مانا کہ اُسکے ہاتھ میں تیر و سناں نہ تھا
رونا یہ ہے کہ آپ بھی ہنستے تھے ورنہ یاں
طعنِ رقیب دل پہ کچھ ایسا گراں نہ تھا

کچھ تو ہے قدر تماشائی کی
ہے جو یہ شوق خود آرائی کا
مدد اے جذبۂ توفیق کہ یاں
ہو چکا کام توانائی کا
بزمِ دشمن میں نہ جی سے اُترا
پُوچھنا کیا تری زیبائی کا

اغماض چلتے وقت مروّت سے دور تھا
رو رو کے اور ہم کو رولانا ضرور تھا
تھی ہر نظر نہ محرمِ دیدار ورنہ یاں
ہر خار نخلِ ایمن و ہر سنگ طور تھا
روزِ وداع بھی شبِ ہجراں سے کم نہ تھا
کچھ صبح سے ہی شامِ بلا کا ظہور تھا
دُردی کشانِ بزمِ مغاں کا نہ پُوچھ حال
اک ایک رندِ نشۂ وحدت میں چور تھا
سنگِ گراں ہے راہ میں تکیہ یار کا
اب دیکھنا ہے زورِ دلِ بیقرار کا
آؤ مٹا بھی دو خلشِ آرزو سے قتل
کیا اعتبار زندگیِ مستعار کا

قلق اور دل میں سوا ہو گیا
دلا سا تمھارا بلا ہو گیا
وہ اُمید کیا جسکی ہو انتہا
وہ وعدہ نہیں جو وفا ہو گیا
ہوا رُکتے رُکتے دمِ آخر فنا
مرض بڑھتے بڑھتے دوا ہو گیا

دل سے خیالِ دوست بھلایا نہ جائیگا
سینے میں داغ ہے کہ مٹایا نہ جائیگا
مشکو ہزار شرم سہی تجکو لاکھ ضبط
اُلفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائیگا
اے دل رضائے غیر ہے شرطِ رضائے دوست
زنہار بارِ عشق اُٹھایا نہ جائیگا
مے تن بہ ظرفِ حوصلۂ اہلِ بزم تنگ
ساقی سے جام بھر کے پلایا نہ جائیگا

کیوں چھیڑتے ہو ذکر نہ ملنے کا رات کے
پوچھینگے ہم سبب تو بتایا نجائے گا

بگڑیں نہ بات بات پہ کیوں۔ جانتے ہیں وہ
ہم وہ نہیں کہ ہمکو منایا نجائے گا

مقصود اپنا کچھ نہ کھلا لیکن اسقدر
یعنی وہ ڈھونڈتے ہیں کہ پایا نجائے گا

جھگڑوں میں اہلِ دین کے حالی پڑیں نہ آپ
قصہ حضور سے یہ چکایا نجائے گا

کچھ اپنی حقیقت کی گر تجکو خبر ہوتی
میری ہی طرح تو بھی غیروں سے خفا ہوتا

یہ لطف بناوٹ میں دیکھا نہ سنا قاصد
آن پڑھ تو ہے تو یہ کچھ پڑھتا تو بلا ہوتا

گر صاحبِ دل ہوتے سن کر میری بیتابی
تمکو بھی قلق ہوتا اور مجھ سے سوا ہوتا

جو دل پہ گزرتی ہے کیا تجکو خبر ناصح!
کچھ ہمسے سنا ہوتا پھر تو نے کہا ہوتا

جو جان سے در گزرے وہ چاہے سو کر گزرے
گر آج نہ تم آتے کیا جانئے کیا ہوتا

کاش اک جام بھی سالک کو پلایا جاتا
اک چراغ اور سرِ راہ جلایا جاتا

چھپ چھپاتے اُسے دے آئے دل اک بات پہ ہم
مال مہنگا نظر آتا تو چکایا جاتا

شب کو زاہد سے نہ مٹ بھیڑ ہوئی خوب ہوئی
نشہ زوروں پہ تھا شاید نہ چھپایا جاتا

دل نہ طاعت میں لگا۔ تب تو لگایا غمِ عشق
کسی دھندے میں تو آخر یہ لگایا جاتا

اُسنے اچھا ہی کیا حال نہ پوچھا دل کا
بھڑک اٹھتا تو یہ شعلہ نہ دبایا جاتا

عشق سنتے تھے جسے ہم وہ یہی ہے شاید
خود بخود دل میں ہے اک شخص سمایا جاتا

اب تو کافر سے واعظ نہیں ہٹتا حالی
کہتے پہلے سے تو دے دیکے ہٹایا جاتا

جنکے معبود حور و غلماں ہیں
اُن کو زاہد خدا سے کیا مطلب

جس دل کو قیدِ ہستیٔ دنیا سے ننگ تھا
وہ دل اسیرِ حلقۂ زلفِ بتاں ہے اب

اک جرعۂ شراب نے سب کچھ بھلا دیا
ہم ہیں اور آستانۂ پیرِ مغاں ہے اب

یہ ہیں واعظ! سب پہ منہ آتے ہیں آپ
ناصح قوم اسپہ کہلاتے ہیں آپ

بس بہت طعن و ملامت کر چکے
کیوں زباں رندوں کی کھلواتے ہیں آپ

گو جوانی میں تھی کجرائی بہت
پر جوانی ہمکو یاد آئی بہت

زیرِ برقع تو نے کیا دکھلا دیا
جمع ہیں ہر سُو تماشائی بہت

جاں نثاری پر وہ بول اُٹھے مری
ہیں فدائی کم تماشائی بہت

ہم نہ کہتے تھے کہ حالی چُپ رہو
راست گوئی میں ہے رُسوائی بہت

کس سے پیماں وفا باندھ رہی ہے بُلبُل
کل نہ پہچان سکے گی گُلِ تر کی صورت

اپنی جیبوں سے رہیں سارے نمازی ہُشیار
اِک بُزرگ آتے ہیں مسجد میں خضر کی صُورت

شوق میں اُسکے مزا درد میں اُسکے لذّت
ناصحا اُس سے نہیں کوئی مفر کی صُورت

اُنکو حالی بھی بُلاتے ہیں گھر اپنے مہمان
دیکھنا آپ کی اور آپکے گھر کی صورت

یقیں ہے کہ ہم جسکو سمجھے ہیں مرنا
یہی ہو تو ہو زندگانی کی صورت

گو کہ حالی اگلے اُستادوں کے آگے ہیچ ہے
کاش ہوتے ملک میں ایسے ہی اَور چار ہیچ

گردِ دل سے پائی بھی اے چارہ گر شفا
آتی ہے دل کی موت نظر اس شفا کے بعد

کرتے رہے خطائیں ندامت کے بعد ہم
ہوتی رہی ہمیشہ ندامت خطا کے بعد

آخر کو ماننا پڑا اے نفسِ خیرہ سر
تیرا بھی حکم کم نہیں حکمِ قضا کے بعد

درگزر کرتا وہ گنہگاروں سے
تو ترا اور کوئی ہوگا خدا اے زاہد

ہم دکھا دینگے کہ زُہد اور ہے نیکی کچھ اَور
کچھ بہت دُور نہیں روزِ جزا اے زاہد

مَیں تو سو بار ملوں دل نہیں ملتا تجھ سے
تو ہی کہہ اس میں ہے کیا میری خطا اے زاہد

پیاس تیری بُوئے ساغر سے لذیذ
بلکہ جامِ آب کوثر سے لذیذ

جسکا تُو قاتل ہو پھر اُسکے لیئے
کونسی نعمت ہے خنجر سے لذیذ

دوست ایک عالم کے پر مطلب کے ہیں
ایسے یاروں سے خدا یارو حذر

گو ہو شفا سے یاس پہ مبتک ہے دم میں دم
بچ آئیگی نہ درد کا درماں کیئے بغیر

گو مئے ہے تُند و تلخ پہ ساقی ہے دلربا
اے شیخ! بن پڑیگی کچھ کیئے بغیر

دِل نہیں روشن تو ہیں کس کام کے
سو شبستاں میں اگر روشن ہیں جھاڑ

تم نے حالی کھول کر ناحق زباں
کر لیا ساری خدائی سے بگاڑ

یاں دیے کچھ جواب اُمیدِ جوابِ خط
واں نامہ بر نے یار بھی پایا نہیں ہنوز

جیتے جی موت کے تم مُنہ میں نجانا ہرگز
دوستو! دل نہ لگانا نہ لگانا ہرگز

کُوچ سب کر گئے دلّی سے ترے قدرشناس
قدر یاں رہ کے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز

تذکرہ دہلیٔ مرحوم کا اے دوست نہ چھیڑ
نہ سُنا جائیگا ہمسے یہ فسانا ہرگز

ڈھونڈتا ہے دلِ شوریدہ بہانے مطرب
درد انگیز غزل کوئی نہ گانا ہرگز

صحبتیں اگلی مُصوّر ہمیں یاد آئینگی
کوئی دلچسپ مُرقّع نہ دکھانا ہرگز

لیکے داغ آئیگا سینہ پہ بہت اے سیلاب
دیکھ اِس شہر کے کھنڈروں میں نجانا ہرگز

چپّے چپّے پہ ہیں یاں گوہرِ یکتا تہِ خاک
دفن ہوگا کہیں اتنا نہ خزانہ ہرگز

مٹ گئے تیرے مٹائے نشاں بھی اب تو
اے فلک اِس سے زیادہ نہ مٹانا ہرگز

جسکو زخموں سے حوادث کے اچھوتا سمجھیں
نظر آتا نہیں اک ایسا گھرانا ہرگز

ہمکو گر تو نے رُلایا تو رُلایا اے چرخ
ہمپہ غیروں کو تو ظالم نہ ہنسانا ہرگز

یاں سے رخصت ہو سویرے تو کہیں عیش و نشاط
نہیں اِس دور میں اب تیر ٹھکانا ہرگز

کبھی اے علم و ہُنر گھر تھا تمہارا دلّی
ہمکو بھولے ہو تو گھر بھول نجانا ہرگز

شاعری مر چکی اب زندہ نہ ہوگی یارو!
یاد کر کر کے اُسے جی نہ کڑھانا ہرگز

غالب و شیفتہ و نیّر و آزردہ و ذوق
اب دِکھائے گا یہ شکلیں نہ زمانا ہرگز

مومن و علوی و صہبائی و ممنون کے بعد
شعر کا نام نہ لے گا کوئی دانا ہرگز

کر دیا مر کے یگانوں نے یگانا ہمکو
ورنہ یاں کوئی نہ تھا ہم میں یگانا ہرگز

داغ و مجروح کو سُن لو کہ پھر اس گلشن میں
نہ سُنے گا کوئی بلبل کا ترانا ہرگز

رات آخر ہُوئی اور بزم ہوئی زیر و زبر
اب نہ دیکھو گے کبھی لطفِ شبانا ہرگز

بزمِ ماتم تو نہیں بزمِ سخن ہے حالی
یاں مناسب نہیں رو رو کے رُلانا ہرگز

درد اور درد کی ہو سب کے دوا ایک ہی شخص
یاں ہے جلّاد و مسیحا بخدا ایک ہی شخص

جمگھٹے دیکھے ہیں جن لوگوں کے اِن آنکھوں نے
آج ویسا کوئی دے ہمکو دکھا ایک ہی شخص

لینے دو چین کوئی دم اسے منکر و نکیر
آئے ہیں آج چھوٹ کے قیدِ گراں سے ہم

کہتے ہیں جسکو جنت وہ اک جھلک ہے تیری
سب واعظوں کی باقی رنگیں بیانیاں ہیں

بنتے ہیں غیر اپنے ہوتے ہیں رام وحشی
اُلفت کی بھی جہاں میں کیا حکمرانیاں ہیں

فضل و ہنر بڑوں کے گر تم میں ہوں تو جانیں
گر یہ نہیں تو بابا وہ سب کہانیاں ہیں

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھیرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

ہیں دورِ جامِ اوّلِ شب میں خودی سے دور
ہوتی ہے آج دیکھیے ہمکو سحر کہاں

اک عمر چاہیے کہ گوارا ہو نیشِ عشق
رکھی ہے آج لذّتِ زخمِ جگر کہاں

یارب اِس اختلاط کا انجام ہو بخیر
تھا اُسکو ہم سے ربط مگر اِس قدر کہاں

کون و مکاں سے ہے دلِ وحشی کنارہ گیر
اِس خانماں خراب نے ڈھونڈا ہے گھر کہاں

ہم جسپہ مر رہے ہیں وہ ہے بات ہی کچھ اور
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں

بس ہو چکا بیاں کسل و رنجِ راہ کا
خط کا مرے جواب ہے اے نامہ بر کہاں

ہوتی نہیں قبول دعا ترکِ عشق کی
دل چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں

حالی نشاطِ نغمہ و مے ڈھونڈتے ہو اب
آئے ہو وقتِ صبح رہے رات بھر کہاں

اگر چھوڑا کمندِ جذبۂ عشقِ زلیخا نے
نہ رہنے دیگا حسنِ خود نمایوسف کو کنعاں میں

تصوّر نے بھلایا تیرے حسنِ شادی و غم کو
نہ کچھ کلفت ہے زنداں میں نہ کچھ راحت شبستاں میں

زباں تقریر سے قاصر قلم تحریر سے عاجز
نہ پوچھو ہمسے کیا دیکھا ہے ہمنے بزمِ رنداں میں

مجکو تم سے پر اعتمادِ وفا
تمکو مجھ سے پر التفات نہیں

رنج کیا کیا ہیں ایک جان کے ساتھ
زندگی موت ہے حیات نہیں

یونہی گزرے تو سہل ہے لیکن
فرصتِ غم کو بھی ثبات نہیں

قیس ہو۔ کوہکن ہو۔ یا حالی
عاشقی کچھ کسیکی ذات نہیں

یاں بھی ہے کون و مکاں سے دلِ وحشی آزاد
جسکو ہم قید سمجھتے ہیں وہ زنداں میں نہیں

آدمی ہو تو کبھی پاسِ محبت کے نجائے
اب بھی کہتے ہیں کہ ہم غیر کے نقصاں میں نہیں

میں تو میں غیر کو مرنے سے اب انکار نہیں
اک قیامت ہے ترے ہاتھ میں تلوار نہیں

کل خرابات میں اک گوشے سے آتی تھی صدا
دل میں سب کچھ ہے مگر رخصتِ گفتار نہیں

دیکھتے ہیں کہ پہنچتی ہے وہاں کونسی راہ
کعبہ و دیر سے کچھ ہمکو سروکار نہیں

کچھ پتہ منزلِ مقصود کا پایا ہم نے
جب یہ جانا کہ ہمیں طاقتِ رفتار نہیں

بات جو دل میں چھپائے نہیں بنتی حالی
سخت مشکل ہے کہ وہ قابلِ اظہار نہیں

فصلِ خزاں کہیں میں ہے صیاد گھات میں
مرغِ چمن کو فرصتِ سیرِ چمن کہاں

میرے دل میں ہو گو مجھسے نہاں ہو
مجھے بھی ڈھونڈ لینا تم جہاں ہو

تقاضائے محبت ہے وگرنہ
مجھے اور جھوٹ کا تپر گماں ہو؟

مجھے ڈالا ہے سو وہم و گماں میں
بہت کیوں آج مجھپر مہرباں ہو

دل کو کس طرح سمجھئے کہ وہی ہے یہ دل
وہ امیدیں ہیں نہ ارماں۔ وہ امنگیں ہیں نہ چاؤ

یار کو یار سمجھتا ہے نہ تو غیر کو غیر
تو تو اچھا ہے مگر تیرے برے ہیں برتاؤ

دوست ہوں جسکے ہزاروں وہ کسیکا نہیں دوست
سچ بتا تجکو کسی سے بھی ہے دنیا میں لگاؤ

اے شرافت تجھے بکنا ہو اگر مفت تو بک
آجکل کیجئے کیا ہے یہی بازار کا بھاؤ

ایک ہی دوست اور اس سے ہمیں چھٹواتے ہو
ناصحو! اب تمھیں دشمن کہیں یا دوست بتاؤ

اسکے نالوں نے کیا بزم کو آخر بے لطف
ہم نہ کہتے تھے کہ حالی کو نہ محفل میں بلاؤ

درِ فیضِ حق تبھی جب تھا نہ اب کچھ
فقیروں کی جھولی میں اب بھی ہے سب کچھ

یہ طبل تہی ہیں جو بنکارتے ہیں
جنھیں کچھ خبر ہے وہ کہتے ہیں کب کچھ

یہ ہے مے اور مجلس کہ چینی کی مورت؟ ٹٹولو تو ہیچ اور جو دیکھو تو سب کچھ
حقیقت محرمِ اسرار سے پوچھ مزا انگور کا میخوار سے پوچھ
وفا اغیار کی - اغیار سے سن مری الفت در و دیوار سے پوچھ
دلوں میں ڈالنا ذوقِ اسیری کمندِ گیسوئے خمدار سے پوچھ
ہے انکی دوستی پر ہمکو تو بدگمانی وہ ہمکو دوست سمجھیں یہ انکی مہربانی
عاشق کے دلکو ٹھنڈک جو تیری آگ میں ہے دیتا نہیں وہ لذت پیاسے کو سرد پانی
امیدِ وصل سے ہے کچھ جی چھڑائے دیتا جو کچھ سنا ہے ہمنے مشاطہ کی زبانی
ہر حکم پر ہوں راضی ہر حال میں رہیں خوش کچھ ہے اگر تو یہ ہے دنیا میں شادمانی
صبر و سکوں سے ہمکو یہ بھی نہیں گوارا تھوڑی سی رہگئی ہے اے کاہشِ نہانی
پھر یہ بنائے ہستی ہے تیرے بعد ویراں ہے تو بھی اب غنیمت اے ضعف ناتوانی
دیکھا جمالِ جاناں آنکھوں نے اور دل نے کیا جانے کس ادا سے کی اسنے دستگیری
اک نکتہ کے بیاں سے سر پر نہو بگڑے حالی چلتا نہیں کسیکا یاں لاف و نکتہ دانی

کہدو کوئی ساقی سے کہ ہم مرتے ہیں پیاسے مگر مئے نہیں دے زہر ہی کا جام بلا سے
درگزرے دوا سے تو بھروسے پہ دعا کے درگزریں دعا سے بھی دعا ہے یہ خدا سے
کبک و قمری میں ہے جھگڑا کہ چمن کس کا ہے کل بتا دیگی خزاں یہ کہ وطن کس کا ہے
وصل کا اسکے دلِ زار تمنائی ہے نہ ملاقات ہے جس سے نہ شناسائی ہے
قطع امید نے دل کر دیا یکسو صد شکر شکل مدت میں یہ اللہ نے دکھلائی ہے
قوتِ دستِ خدائی ہے شکیبائی میں وقت جب آکے پڑا ہے یہی کام آئی ہے
بات سچی کہی اور انگلیاں اٹھیں سبکی سچ میں حالی کوئی رسوائی سے رسوائی ہے
جب یہ کہتا ہوں کہ بس دنیا پہ اب تف کیجئے نفس کہتا ہے ابھی چندے توقف کیجئے
بہت کام لینے تھے جس دل سے ہمکو وہ صرفِ تمنا ہوا چاہتا ہے

وفا شرطِ الفت ہے لیکن کہاں تک
دل اپنا بھی تجھسا ہوا چاہتا ہے

جسکو غصّے میں لگاوٹ کی ادا یاد رہے
آج دل لے گا اگر کل نہ لیا یاد رہے

یاد آؤ گے بہت لطف سمجھ کر کیجے
اِس بھلائی کا ہے انجام بُرا یاد رہے

شیخ! یاں شرمِ گنہ شوق بھلا دیتا ہے
توبہ اُنکی ہے جنھیں اپنی خطا یاد رہے

چارہ گر کار باندازۂ تدبیر نہیں
کیجیو تہمت اگر وقتِ دُعا یاد رہے

ابھی جانا نہیں حالی نے کہ کیا چیز ہیں وہ
حضرت اِس لطف کا پائینگے مزا یاد رہے

کر دیا خوگرِ جفا تُو نے
خُوب ڈالی بھی اِبتدا تُو نے

کر کے بیمار دی دوا تُو نے
جان سے پہلے دِل لیا تُو نے

اِبتدائے وفا ہے سر دینا
میری دیکھی نہ اِنتہا تُو نے

دِل سے قاصد بنا کے وعدۂ وصل
اَور کھویا رہا سہا تو نے

دُور ہوا اے دلِ مآلِ اندیش
کھو دیا عُمر کا مزا تو نے

اِیک بیگانہ وار کر کے نگاہ
کیا کیا چشمِ آشنا تو نے

دل وہیں کھو کے آئے تھے سو دیر
یاں بھی سب کچھ دیا خدا تو نے

وصلِ جاناں محالِ بھیڑ ایا
قتلِ عاشق رَوا کیا تو نے

تھا نہ جُز غم بساطِ عاشق میں
غم کو راحت فزا کیا تو نے

خُوش ہے اُمیدِ خلد پر حالی
کوئی پُوچھے کہ کیا کیا تُو نے

جیتے جی رکھ نہ فراغت کی توقع نادان
قیدِ ہستی میں میر یہ جان فراغت کیسی

حق وفا کے جو ہم جتانے لگے
آپ کچھ کہہ کے مُسکرانے لگے

حشر تک یاں دل شکیبا چاہیئے
کب ملیں دلبر سے دیکھا چاہیئے

ہے تجلّی بھی نقابِ روئے یار
اُسکو کن آنکھوں سے دیکھا چاہیئے

وہاں پُرسش نہ یاں تابِ سخن ہے
محبت ہے کہ دل میں موجزن ہے

بہت لگتا ہے دل صحبت میں اُس کی — وہ اپنی ذات سے اک انجمن ہے
دھوم تھی اپنی پارسائی کی — کی بھی اور کس سے آشنائی کی
منہ کہاں تک چھپاؤ گے ہم سے — تم کو عادت ہے خودنمائی کی
لاگ میں ہیں لگاؤ کی باتیں — صلح میں چھیڑ ہے لڑائی کی
ملتے غیروں سے ہو ملو لیکن — ہم سے باتیں کرو صفائی کی
نہ ملا کوئی غارتِ ایمان — رہ گئی شرم پارسائی کی
بختِ ہمداستانیٔ شیدا — تو نے آخر کو نارسائی کی
صحبتِ گاہ گاہیٔ رشکی — تو نے بھی ہم سے بیوفائی کی
موت کی طرح جس سے ڈرتے تھے — ساعت آپہنچی اُس جدائی کی

جدید

نہ عیشِ کیخسروی رہیگا نہ صولتِ بہمنی رہیگی — رہیگی اے منعموں تو باقی دیئے کی کچھ روشنی رہیگی
رہیگی کس طرح راہِ ایمن کہ رہنما بن گئے ہیں رہزن — خدا نگہباں ہو قافلوں کا اگر یہی رہزنی رہیگی
قبولیت کی کرو نہ پروا جو چاہو مقبولِ عام ہونا — جو ڈول ڈالو گے حسنِ ظن کا تو تم سے یاں مٹی نہ گی
بگاڑ مذہب نے جو ہیں ڈالے نہیں وہ تا حشر مٹنے والے — یہ جنگ وہ ہے جو صلح میں بھی یونہی ٹھنی کی ٹھنی رہیگی
صفائیاں ہو رہی ہیں جتنی دل اُتنے ہی ہو رہے ہیں میلے — اندھیرا چھا جائیگا جہاں میں اگر یہی روشنی رہیگی
جو چھوڑے میراث کچھ نہ حالی تو اس سے دل تنگ ہوں نہ وارث — رہینگے ہر حال میں غنی وہ جو نیت اُنکی غنی رہیگی

ایضاً

نفس کی فرماں روائی ہو چکی — خود پسندی خودنمائی ہو چکی
قطرہ آب دریا میں جا ملنے کو ہے — تیری میعاد اے جدائی ہو چکی
جلتے ہیں جبریل کے شہپر جہاں — بے پروں کی واں رسائی ہو چکی
دیکھنا ہے تجھکو اب اے جذبِ عشق — عقل کی زور آزمائی ہو چکی
دیر میں بھی لیجے قسمت آزما — مسجدوں میں جبہہ سائی ہو چکی
خود بڑا بن کر دکھاؤ آپ کو — باپ دادا کی بڑائی ہو چکی

ہے ضرورت زاہد اب تشہیر کی — شہرتِ زہد ریائی ہو چکی
ہے چڑھائی علم کی مذہب پہ اب — شرک و بدعت کی چڑھائی ہو چکی
فلسفے سے اسکی اب مٹھ بھیڑ ہے — سفسطے سے ہاتھا پائی ہو چکی
رہ گئی ہے مذہب و ملت کی جنگ — ملک و دولت کی لڑائی ہو چکی
ہو نہ مذہب کی صفائی جب تلک — اہلِ مذہب کی صفائی ہو چکی
اب نہیں سننے کا اے حالی دماغ — بس بہت مذیاں سرائی ہو چکی

ق

مستیٔ جہل میں غفلت کا نشا اور سہی — ایضاً — شبِ تاریک میں گھنگھور گھٹا اور سہی
دوستو! روگ بظاہر نہیں جانے والا — ہو چکیں ختم دوائیں تو دعا اور سہی
گر گنہ عفو کی امید پہ کرنا ہے خطا — ہیں جہاں لاکھ گنہ ایک خطا اور سہی
شہ کہے خوفِ عدو خوفِ اجل خوفِ زوال — کہدو اے بے خبر اک خوفِ خدا اور سہی
بے وفا کونسی خوبی ہے نہیں جو تجھ میں — وصف اتنے ہیں جہاں ایک وفا اور سہی
ترک دنیا کے علائق تو کیئے سب زاہد — گر مناسب ہو تو اک ترکِ ریا اور سہی
مدرسے میں نہ ملا کچھ تو نہ توڑا سر دل — رباعیات — اک درِ دولتِ ساقی پہ صدا اور سہی

غیروں کو اپنا بنانا

گر چاہتے ہو کہ جیتے جی بھلے کہلاؤ — اپنوں کو سلوکِ نیک سے پرچاؤ
پر مدِ نظر ہو گر حیاتِ ابدی — بیگانوں کو آشنا بناؤ! جاؤ!!

دامِ محبت

ہے جنکو کہ صیدِ دلِ انساں کا خیال — لازم ہے کہ پھیلائیں محبت کا جال
استاد کو یاد ہو اگر حبِ کا عمل — تعطیل میں بھی نہ چھوڑیں مکتبِ اطفال

شکوک بقدرِ ترقیِ علم بڑھتے ہیں

بڑھتا جاتا ہے جسقدر علمِ بشر — کرتے جاتے ہیں شک خیالات میں گھر

ہوتی جاتی ہے دُھندلی اُتنی فضا | جتنی کہ وسیع ہوتی جاتی ہے نظر

زندہ اور مُردہ قوموں میں فرق

اقوام میں زندگی کی ہے رُوح جہاں | چونک اُٹھتے ہیں رک ہاں پُہاں پُرجواں
کرتی نہیں وحی مردہ قوموں میں وہ کام | جو کام اک کارٹون کرتا ہے وہاں

غیروں کا سہارا تکنا

اُتر و دریا سے اپنے بل تیر کے پار | کبتک تیروگے ہو کے توبوں پہ سوار
تم ڈوبنے کے یہ کر رہے ہو ساماں | غیروں کا سہارا تکنے والو ہشیار!!

دولت مفید بھی ہے اور مضر بھی

دولت خرمن بھی برقِ خرمن بھی ہے | یہ تیر کی بھال بھی ہے جوشن بھی ہے
تھوڑا سا ہے اس میں شر تو ہی خیر بہت | گر سانپ ہے یہ تو سانپ کا منن بھی ہے

قلتِ احتیاج

دولت کی ہوس۔ اصل گدائی ہے یہ | ساماں کی حرص بے نوائی ہے یہ
حاجت کم ہے تو بادشائی ہے یہ | اور کچھ نہیں حاجت تو خدائی ہے یہ

احسان بے منت

احسان کے ہے گر صلہ کی خواہش تمکو | تو اس سے یہ بہتر ہے کہ احسان نہ کرو
کرتے ہو جو احسان تو کر دو اُسے عام | اتنا کہ جہاں میں کوئی ممنون نہ ہو

حامد

حامد۔ مرزا آغا جان نام۔ لکھنو کے رہنے والے اور صبا لکھنوی کے شاگرد تھے سنہ ۱۲۶۶ ہجری کے گلدستۂ شعرا میں اُنکی غزل چھپی تھی۔ اُسی سے یہ انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

لوٹے مزے وصال کے ہر دم تمام شب | سوئے نہ دیا نہ سوئے ذرا ہم تمام شب
فرقت میں کیا کہوں جو گزرتی ہے صبح تک | رہتا ہے دل کا اور ہی عالم تمام شب
بستر پہ منہ لپیٹ کے پڑتے ہیں ہجر میں | مُردے کی طرح رہتے ہیں بیدم تمام شب

رہتا ہے کیا تصورِ مژگاں سحر تلک
سُولی پہ دل کو دیکھتے ہیں ہم تمام شب

مصروفِ سیرِ ماہ رکھا اُس نگار کو
دیکھا کیا میں حُسن کا عالم تمام شب

حامد کسی طرح نہیں آتا ہے دل کو چین
رہتی ہے اُنکی یاد وجہِ ہر دم تمام شب

حامد

حامد۔ شیخ حامد حسن خانصاحب حامد کبوہ بریلوی شاگرد حضرت ہوش ۱۸۸۰ء میں جو بریلی میں مشاعرے ہوا کرتے تھے اُن میں شریک تھے۔ زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا چند غزلیں ہاتھ آئیں اُنکا انتخاب پیشِ کش ہے۔

ثابت ہے جذبِ دل سے کہ وہ یار آئیگا
کام آئیگا اگر تو دلِ زار آئے گا

بُلبُل کی قید کا اُسے اُسدم کھُلے کا حال
صیّاد جب بلا میں گرفتار آئے گا

مرے چھکّے نہ چھوٹیں ربع مسکوں میں بھلا کیونکر
وہ جائے غیر کے گھر سیکھنے جب کھیل چوسر کا

مُردے ہو جاتے ہیں زندہ سُنکے اے عیسیٰ نفس
نام کیا تُم ہے تری پازیب کی جھنکار کا

پار جو ہوتا ہے رہتا ہے وہ زندہ حشر تک
واہ کیا ہے گھاٹ اے قاتل تری تلوار کا

مرحبا دستِ جنوں اچھی دکھائیں تیزیاں
تار تک باقی نہ چھوڑا دامنِ کہسار کا

کس کماں ابرو نے مارا تیر بتلاؤ مجھے
زخمِ تن ہر دم جو دم بھرتا رہا سوفار کا

فصلِ گل میں بھی یہ صیّاد ونکے بلبل پہ ہیں ظلم
جب رہا کرتے ہیں وہ کاٹ کے پر کرتے ہیں

لطف حاصل تب ہمیں ملے قاتلِ بے پیر ہو
تیغ تو تُو تولے ہو سینہ میں ترا تُو تیر ہو

وقت لکھنے کے اگر اُس مصحفِ رُخ کی ہو یاد
پھر تو جو نامہ لکھوں قرآن کی تفسیر ہو

ہوا ہوں حسرتِ دیدار میں عجب کیا ہے
جو بعدِ مرگ بھی وا چشمِ انتظار رہے

جو اشک و آہ نے امداد کی تو چل نکلے
ہمیشہ نالے مرے ریل پر سوار رہے

پنجۂ مرگ میں صیّاد نے پھنسکر یہ کہا
ہائے تابِ نہ ہوا کیوں میں جفا سے پہلے

کسی طرح مٹتی نہیں دل سے یہ
محبت بھی داغِ جگر ہو گئی

عبادت کی اے شیخ یا پی شراب
یہ عُمرِ دو روزہ بسر ہو گئی

دہن سانپ کا موتیوں سے بھرا	پسینے میں کاکل جو تر ہو گئی

حامد

حامد۔ مولوی حامد علیخان حامد خلف حافظ غلام علیخاں باشندۂ شاہ آباد ضلع ہردوئی زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا کلام ملاحظہ ہو ؎

ہنگام ذبح بھی میری وحشت کا زور ہے	بڑھتے ہیں ہاتھ دامن جلاد کے لیئے
وہ صبر دوست ہوں کہ اسیری میں بھی کبھی	کی بد دعا زباں سے نہ صیاد کے لیئے
آزاد ہے دل و سوسۂ ہر دو جہاں سے	ہے ہمکو تعلق نہ یکیں سے نہ مکاں سے
کہتے ہیں مجھے اہل جہاں آپ کا عاشق	اے مشفق من آپ بھی کچھ کہیئے زباں سے
اس میکدۂ دہر میں بیہوش ہوں ایسا	معلوم نہیں کون ہوں آیا ہوں کہاں سے

حامد

حامد۔ نواب حامد حسین خاں بہادر رئیس لکھنؤ۔ آپ نواب امین الدولہ مغفور وزیر حضرت امجد علیشاہ کے پوتے اور نواب اشرف الدولہ احمد حسن خاں کے فرزند رشید تھے۔ بعد غدر کے سرکاری ملازمت اختیار کی اور ترقی پاکر سب ججی کے عہدے پر ممتاز ہوئے۔ دس گیارہ برس ہوئے انتقال فرمایا۔ ازل سے موزوں طبع لائے تھے۔ اور فن شعر میں تدبیر الدولہ منشی اسیر سے تلمذ تھا۔ معانی آفریں طبیعت پائی تھی۔ زبان۔ بندش۔ اور ترکیب سب وصف انکے کلام میں موجود ہیں۔ نتائج افکار سے چند شعر حاضر کئے جاتے ہیں ؎

چلا رہی ہے روح یہ لیلیٰ کی نجد میں	یارب یہیں تو تھا مرا مجنوں کہاں گیا
چمن کو چھوڑ کے مقتل میں آ رہے بلبل	جو دیکھ لے مرے گلہائے زخم تن کی بہار
سلام آج سے بس ہمارا ہی صاحب	تمہارا اگر رنگ محفل یہی ہے
وہ حسرت دلمیں پنہاں تھی جو جیتے جی نہیں نکلی	جو نکلی بھی تو مر مر کے بوقت واپسیں نکلی
چمک میں چاند سے وہ چند قاتل کی جبیں نکلی	ضیائے روئے انور غیرت ماہ مبیں نکلی
کہیں ہم جستجو کرتے پھرے اور یہ کہیں نکلی	جو تھی آسایش دنیا وہ سب زیر زمیں نکلی

پہ سے پاؤں رکھا ہو کہ چشم اہلِ عالم میں
بلندی میں فلک سے بھی کہیں بڑھکر زمیں نکلی

اِسے کہتے ہیں دلجوئی لگا کر تیغ وہ بولے
ابھی نکلی تمنا تیرے دل کی یا نہیں نکلی

فشارِ قبر نے جب ہڈیاں سیپیں ہُوا ثابت
فلک کی چکیوں سے بھی کہیں بڑھکر زمیں نکلی

نہ لائی سوزشِ فرقت کی جسدم تاب سینے میں
جلا کر دل جگر کو مُنہ سے آہِ آتشیں نکلی

سوالِ وصل میں کس دن برآیا مدعا دل کا
عوض ہاں کے نہائے سے منہ جب نکلی نہیں نکلی

حامد

حامد منشی حامد حسین قادری نام۔ حامد تخلص۔ والد کا نام مولوی احمد حسن صاحب وطن قصبہ پچھراؤں ضلع مُرادآباد۔ منشی امتیاز احمد خالص صاحب رازِ رامپوری سے تلمذ ہے۔ اُن کے والد عدالتہائے ریاستِ رامپور میں وکیل ہیں۔ عرصۂ دراز سے یہیں قیام ہے۔ کلام میں مزا اور طرزِ ادا مضمون میں اچھا سلیقہ ہے مذاقِ شعر شستہ اور زبان صاف ہے۔ آپکے کلام کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے۔

ہوتی رہتی ہے خلش درد کی اکثر دل میں
رہ گیا ہو نہ کہیں ٹوٹ کے نشتر دل میں

جو مزا تیری جفا میں ہے کسی شے میں نہیں
گھر بنا لیتے ہیں یہ خنجر و نشتر دل میں

میرا وعدہ جو اُسے کچھ بھی خبر ہو اسکی
آپ آئیں تو سہی غیر سے چھپکر دل میں

کبھی ہنستا ہوں تیری دُھن میں کبھی روتا ہوں
یاس رہتی ہے تمنا کے برابر دل میں

یہ بڑا حُسن ہے تصویر میں اُسکی حامد
گھر بنا لیتی ہے آنکھوں سے اُتر کر دل میں

نکالا آج اِسے تو کل اُسے شانِ تلوّن نے
بدلتے رہتے ہیں ہر روز نقشے اُنکی محفل کے

بہت بیزار ہوں جینے سے تُو ہی مہربانی کر
کہ اُٹھ سکتے نہیں اے موت مجھ سے ناز قاتل کے

الٰہی کیا کروں راہِ محبت کس طرح طے ہو
کھڑے ہو جاتے ہیں آگے پہاڑ آہ کے شکل کے

ترے تیروں نے اے ناوک فگن کیا اُنکو چھیڑا ہے
یہ آخر چھوٹ کر رونے لگے کیوں آبلے دل کے

کہیں تو بھی نہ تڑپے او تماشا دیکھنے والے
ارے ظالم نہ کھا چرکے نگاہِ یاس بسمل کے

نہ برما اُسکو تیروں سے ستمگر میں نہ کہتا تھا۔
کہ ساتھ اشکوں کے اب آنے لگے ٹکڑے میرے دل کے

تمھاری تیغ کا احساں نہ کیونکر میرے سر پر ہو
کہ حسرت قتل کی اُسنے نکالی ہے گلے مل کے

وہ تیری تیغ ہے آئیگا جس سے چین حامد کو
وہ تیر اتیرہی نکلینگے جس سے حوصلے دل کے

مقدر کے بل سب نکل جائیں گے
وہ بدلے تو ہم بھی بدل جائیں گے
شبِ وصل ہوگی تو اے آسمان
یہ انداز تیرے بدل جائیں گے
یہی سوزِ غم ہے تو ماشوق کہاں
غریب اک نہ اک روز جل جائیں گے

لحد سے اُٹھکے ظالم دیکھ لوں میں تیری صورت بھی
جو آیا ہی تو کر دے چال سے برپا قیامت بھی
ترا غصہ بھی مجکو یاد ہے تیری عنایت بھی
مری آنکھوں میں پھرتی ہی یہ صورت بھی وہ صورت بھی
جب آئے ہجر کے دن گھر مرے تو ساتھ ہی اُنکے
چلی آئی سمٹ کر ساری دُنیا کی مصیبت بھی
اُٹھا ہی درد اُٹھا جب کبھی نشتر لگانے کو
تو دلمیں پھانس بنکر چُبھ گئی ہی اُنکی حسرت بھی
اَب اُنسے سامنا ہوتا ہے تو مُنہ پھیر لیتے ہیں
کہاں کی رسم اُلفت چھوڑ دی صاحب سلامت بھی
تمھاری یاد جب چرکے لگاتی ہی مرے دلمیں
کھٹک کرتا ہے پیدا کس مزے کی خارِ حسرت بھی
جناب شیخ کیا کچھ آڑ میں تقوے کی کرتے ہیں
کوئی کیا اُنکو جانے ایک ہی حضرت ہیں حضرت بھی
پشیمانی ذریعہ ہوگئی بخشش کا اے واعظ
بہے جب اشک تو بہنے لگا دریائے رحمت بھی
تری محشر خرامی نے لگائیں ٹھوکریں کیا کیا
بڑے مشکل سے سنبھلے آج فتنے بھی قیامت بھی
کہا قاصد سے کہنا عمر بھر یونہی بسر ہوگی"
کہاں کا خط - ہمارا پڑھ چکے وہ خطِ قسمت بھی
یہ کون آتا ہی؟ وہ آتے ہیں شاید سیرِ گلشن کو
خبر کے ساتھ ساتھ اُڑنے لگی پھولونکی رنگت بھی
بسر ہوتی ہے اپنی زندگی کس لطف سے حامد
خدا رکھے مزے کی چیز ہے دردِ محبت بھی
نہ مانونگا تمھاری یاد ہی تڑپا گئی ہوگی
اِسی نے آکے چٹکی لی کلیجے میں یہی ہوگی
چلا یہ کون میرے پاس سے راہِ محبت میں
یہ کسنے ساتھ چھوڑا! بیمروّت زندگی ہوگی؟
پھرا کرتا ہے یہ کیوں مَیکدے کے گرد را تونکو
کہیں زاہد نے جھلکی دخت رز کی دیکھ لی ہوگی
بتونکو چھوڑ حامد نورِ ایماں دل میں پیدا کر
یہی وہ چیز ہے مرقد میں جس سے روشنی ہوگی

حامد — حامد محمد حامد علیخا صاحب نقلنویس عدالت سب ججی سلطان پور اودھ چند شعر درج ذیل ہیں

خود اپنے ظلم پہ ظالم تو منفعل ہوگا !	جو دیکھنے مرا حالِ خراب آئے گا
اثر کیا جو مرے جذبۂ محبت نے	اُسے جفاؤں سے خود اجتناب آئیگا
یہ دَور پھر بھی غنیمت ہے گو ہے پُر آشوب	اب آگے اور بھی اِس سے خراب آئیگا

حامد

حامد مشفقی و محبّی مسٹر حامد علیخاں صاحب بیرسٹرایٹ لا خلف حکیم امجد علیخاں صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر۔ آپ کے بزرگ عہدِ سلطنتِ مغلیہ میں اعزاز و احترام کے ساتھ مناصبِ جلیلہ پر معزز و ممتاز رہے ہیں۔ آپکا خاندان عرصۂ دراز سے قصبۂ امروہہ میں سکونت پذیر ہے اور اس خاندان میں طبابت کا سلسلہ کئی پشت سے نہایت نیکنامی اور شہرت کے ساتھ جاری ہے۔ آپکے مورثِ اعلیٰ مولانا شیخ سماء الدین سلطان بہلول لودھی کے زمانے میں دہلی میں رونق افروز تھے۔ سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی کے عہد میں آپکے مورث نصیر الدین شیخ الاسلام کے جلیل القدر عہدے پر ممتاز تھے۔ اسی طرح مفتی جمال خاں۔ مفتیٔ دولت اُستاد خواجہ میر درد مرحوم۔ نواب اعظم الدین خان حکیم فیروز علیخاں منصبدار پانصدی آپکے آجداد میں نامور ہوئے۔ حکیم قوام الدین خاں حکیم علیخاں کے شاگرد اور اُنکے بیٹے حکیم امام الدین خان عالمگیر ثانی کے عہد میں شاہی طبیب تھے اور حکیم الملک کے خطاب سے متفخر تھے۔ آپکے پردادا حکیم غلام علیخاں صاحب وطن چھوڑ کر امروہے جا بسے اور معالجات کی بدولت اچھی شہرت حاصل کی۔ اسیطرح آپکے دادا حکیم ابو علیخاں صاحب نے بھی خاندانی اعزاز کو قائم و برقرار رکھا۔ آپکے والد ماجد حکیم امجد علیخاں صاحب جو ایامِ غدر میں شاہجہاں پور میں تحصیلدار تھے اور بعدہٗ ڈپٹی کلکٹر بھی رہے صاحب اخلاق حسنہ تھے۔ جو ۱۹۰۰ء میں رہگرائے عالم باقی ہوئے۔ آپ ۱۶ دسمبر ۱۸۶۱ء میں بمقام بریلی (روہیلکھنڈ) پیدا ہوئے۔ فارسی عربی اور انگریزی تحصیل کی۔ اپریل ۱۸۸۰ء میں لندن جاکر سند بیرسٹری حاصل کی۔ انگریزی زبان میں کمال لیاقت رکھتے ہیں۔ اور اُس زبان میں بھی صاحبِ تصانیف نظم و نثر ہیں۔ ۲ نومبر ۱۸۸۵ء میں ہندوستان واپس آئے اور بیرسٹری شروع کی۔ آپکے مفصل حالات مختلف انگریزی

اور اُردو رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ لکھنو میں میر نفیس جیسے صاحب کمال سے آپکے مراسم تھے اور میر صاحب موصوف آپکے معترف رہتے تھے۔ شعر و سخن سے اُنکو ایسی دلبستگی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ حامد علیخاں صاحب کو فنِ شعر میں شیخ علی حزیں صاحب لکھنوی شاگرد مظفر علیخاں صاحب اسیر سے تلمذ ہے۔ راقم تذکرہ کے مخلص بے ریا ہیں ہمیشہ عنایت نامجات سے جنھیں خلوص و شرافت۔ مہر و محبت کے دفتر کہنا زیبا ہے۔ عزت افزائی فرماتے رہتے ہیں۔ آپ لکھنؤ کی علمی جماعت کے سربرآوردہ ممبر ہیں۔ اور اپنی ہر دلعزیزی۔ خوش اخلاقی۔ زندہ دلی کی وجہ سے تعلیم یافتہ سوسائٹی کی روحِ رواں ہیں۔ شیعہ جماعت کے بارسوخ اور باوقار رکن سمجھے جاتے ہیں۔ کلام ہدیہ اصحاب ذوی الاحترام ہے ٭

پیری میں کوچ حُسن جوانی کا کر گیا
آئی خزاں بہار کا موسم گزر گیا

اشکوں کے ساتھ بہنے لگا آرزو کا خوں
تیرِ نگاہِ یار جو دل سے گزر گیا

دُنیا مقامِ غم ہے خوشی نام کو نہیں
جو اس مکاں میں رہکے گیا فوحہ کر گیا

اُنکے مزاج میں بھی تلوّن غضب کا ہے
رنگِ زمانہ ہے اِدھر آیا اُدھر گیا

نہ کیئے نرم دلِ سخت بتوں کے تو نے
تجھسے کچھ کام نہ آہِ دلِ سوزاں نکلا

جب تک کہ تجھے یاد مرا نام نہ آیا
او بھولنے والے مجھے آرام نہ آیا

دولت کو نکر جمع کہ پہنچائیگا منعم
کس کام کا وہ زر جو ترے کام نہ آیا

جو دوست کی مرضی ہو وہ مرضی ہو ہماری
اچھا وہ نہ آیا جو لبِ بام نہ آیا

اے چرخ عوض ظلم کے گردش ہی تجھکو
مجکو جو ستایا تجھے آرام نہ آیا

ساقی کا یہ احسان نہ اُٹھتا کبھی ہمسے
اچھا ہوا ہم تک جو کوئی جام نہ آیا

اللہ ہی نگہبان ہو اُس دل کا کہ جسپر
تو نے بھی دھرا ہاتھ تو آرام نہ آیا

کیا خوب بسر عمر دو روزہ ہوئی حامد
صد شکر کسی کا کوئی الزام نہ آیا

حالت تھی نزع کی کہ یہ فرقت کا درد تھا
بیحس تھے ہاتھ پاؤں مرا جسم سرد تھا

بدلی ہزار شکل مگر شکل تھی وہی
اُلٹا جو لفظِ درد کو تب بھی وہ درد تھا

صیاد بھی تڑپنے لگا تھا قفس کے پاس
اِس درجہ نالۂ دلِ بلبل میں درد تھا

تُو بھی جگر کو تھام کے بیتاب ہو گیا
دل کا ہمارے درد ترے دل کا درد تھا

کیونکر نہ ہو یہ جذبِ محبت کا تھا اثر
بے چین بھی تھے جو مرے دل میں درد تھا

تیری نگاہ میں یہ کشش کس بلا کی تھی
ہمراہ دل کے جانے پہ بیتاب درد تھا

کس کس جگہ بتاؤں تمھیں پوچھتے ہو کیا
دل میں۔ جگر میں۔ سینے میں پہلو میں درد تھا

رگ رگ میں اِس نے بھر دیئے تھے عشق کے مزے
دل سے سوا عزیز مجھے دل کا درد تھا

یہ داغ رنج و غم دلِ بسمل میں رہ گیا
دھبہ لہو کا دامنِ قاتل میں رہ گیا

جو ساتھ ساتھ آئے تھے وہ سب چلے گئے
تنہا فقط میں گور کی منزل میں رہ گیا

آنکھوں کا حُسن خون سے بسمل کے بڑھ گیا
کیا رنگ تھا کہ دیدۂ قاتل میں رہ گیا

آنکھیں لڑا کے آنکھوں میں سب کچھ وہ کہہ گئے
جو دل کا مدعا تھا وہی دل میں رہ گیا

کھلتا ہے دل میں روز گلِ داغ اِک نیا
المختصر یہ ثمرہ ہے عُمرِ دراز کا

فکرِ رسا سے بات نکلتی ہے بات میں
کیونکر تمام وصف ہو زلفِ دراز کا

کرتا ہے قُدسیوں کے بھی دل پر عجب اثر
تیرا ادا و ناز سے پڑھنا نماز کا

کس مُنہ سے دوستوں کے بھلا راز داں ہو ہم
دشوار جب چھپانا ہو اپنے ہی راز کا

ممکن نہ ہو گا شربتِ دیدارِ یار کیا ؟
پیغامِ مرگ ہے مرضِ انتظار کیا ؟

منت سے بھی نمانے تو میں اس کو کیا کروں
اے دل کسی کے دل پہ مجھے اختیار کیا

باغِ جہاں میں سیر کی فُرصت کہاں ہمیں
آئے بہار کیا جو نہ آئے بہار کیا

دل کی شگفتگی سے عجب میرا حال ہے
کٹتی ہے اِک طرح سے خزاں کیا بہار کیا

کچھ نہ تھا ہمراہِ میت وہ فقط ہمراہ تھے
رو دیئے دشمن جنازے پر یہ ساماں دیکھکر

ابتدائے عشق ہی میں اُف مرا جوشِ جنوں
بھاگتا ہوں سوئے صحرا اِک انساں دیکھکر

کیا اجارہ اس میں حامدؔ وہ جسے جو چاہے دے
رشک کرتا ہے عبث انساں کو انساں دیکھکر

حریصِ دولتِ دنیا نہ اتنا ہو منعّم
غنی جو دل کے ہیں اُنکو گدا سمجھتے ہیں

وہ یاد کرتے ہیں لیکن کبھی بُلاتے نہیں
ہمارے ذکر کو ہم سے سوا سمجھتے ہیں

جواب دیتے ہیں وہ سیدھی بات کا ٹیڑھا
سمجھ میں کچھ نہیں آتا کہ کیا سمجھتے ہیں

کچھ احتیاج نہیں خط کے لکھنے کی قاصد
وہ خوب دل کا مرے مدّعا سمجھتے ہیں

جو میرے دل میں ہو اُنکی زبان پر ہو وہی
وہ بے کہے ہوئے مطلب مرا سمجھتے ہیں

تناسب ہے ترے اعضا میں سر سے پاؤں تک ایسا
نظر پڑتی ہے جن لوگوں کی اُن پر صاد کرتے ہیں

تری قدرت کا اے خالق یہ ادنیٰ سا نمونہ ہے
کہ ہم اس عالمِ ایجاد میں ایجاد کرتے ہیں

پڑھا کرتے ہیں تربت پر مری وہ فاتحہ آکر
خدا آباد رکھے روح کو جو شاد کرتے ہیں

جوانی ہے مئے اُلفت کے دو سرشار بیٹھے ہیں
نہ وہ ہشیار بیٹھے ہیں نہ ہم ہشیار بیٹھے ہیں

مری غم کی کہانی نے تغیر یہ کیا پیدا
یہی اغیار تھے پہلے جو اب غمخوار بیٹھے ہیں

تُو ہی واقف ہے بس یارب یہ مرتے دم ندامت ہے
ادائے حق سے میں تیرے بہت معذور جاتا ہوں

دمِ آخر تجھے دیکھا جہاں کے رنج سب بھولا
وہیں چھوڑے جہاں کے غم تھے اب مسرور جاتا ہوں

جنسِ اُلفت کی دُکاں کھولکے بیٹھے تو کوئی
جمع دم بھر میں خریدار ہوئے جاتے ہیں

یہی حالت تمھاری ہو جو دم بھر دیکھتے جاؤ
ذرا تم ہاتھ رکھکر قلبِ مضطر دیکھتے جاؤ

دفن ہیں کیا کیا شہیدِ داغِ اُلفت جا بہ جا
کوہ و صحرا و چمن میں لالہ پیدا کیوں نہو

کسی نرگس کا متوالا کوئی مستانہ آتا ہے
دکھاتا سیرِ عالم دیکھیے دیوانہ آتا ہے

کسی سے بُغض ہے رشک و کدورت ہی نہ کینہ ہے
دل اپنا صاف ہے سب سے ہمیں یارانہ آتا ہے

کرشما کو سُنا دیتے ہیں جو دل پر گزرتی ہے
ہمیں اپنی ہی بیتی کا فقط افسانہ آتا ہے

تمھارے حُسن کے چرچے ہمارے عشق کے قصّے
دو عالم کو جو آتا ہے یہی افسانہ آتا ہے

یہ سرخی آگئی چہرہ پہ کیسی مرنے والے کے
دمِ آخر نظر شاید رُخِ جانانہ آتا ہے

چمن کے پتے پتے پر عجب فرحت برستی ہے
اُڑاتا خاک صحرا کی کوئی دیوانہ آتا ہے

ریاضت عمر بھر وہ کی کہ جبریل نماز ہے حامد
اسی کمبخت دلکا کچھ ہمیں افسانہ آتا ہے

دیگر

آتشِ غم کا پتہ دیتی ہیں آہیں اپنی
آگ دیکھی ہے جہاں ہم نے دھواں دیکھا ہے

تیری قدرت کا تماشا کوئی ہمسے پوچھے
ایک ذرّے میں دو عالم کا سماں دیکھا ہے

تیرے دیدار کو مجموعۂ عالم سمجھے
تجکو دیکھا ہے تو سارا ہی جہاں دیکھا ہے

جبکا تکیہ ہے توکل پہ قناعت شیوہ
ایسے ہی لوگوں کو پیری میں جواں دیکھا ہے

رازِ سربستہ رہا سب یہ طلسمِ عالم
یونہی کہنے کو کہیں سارا جہاں دیکھا ہے

اپنے سودے کا سبب ہیں جو معنبر زلفیں
اُنھیں زلفوں میں علاجِ خفقاں دیکھا ہے

بات کے ہونگے دھنی اور بھی دُنیا میں بہت
ایک حامد کو مگر ہمنے بھی ہاں دیکھا ہے

کسی کی دید کے طالب ہوئے عبث موسیٰ
جو آرزو کہ نکلتی وہ آرزو کرتے

ہمیں تو عشق و حیاتِ ابد برابر ہیں
نہ مرتے تم تو جینے کی آرزو کرتے

آنکھیں فلک پہ جھپکی ہیں خورشید و ماہ کی
اللہ رے چمک تری برقِ نگاہ کی

اِک حرف بھی رہے گا نہ لے کا تب عمل
دُھوتا ہوں آب اشک سے فردِ گناہ کی

شمشیرِ غم کا خلق میں ہے ہر طرف عمل
ملتی نہیں خوشی کو کوئی جا پناہ کی

ہنگامِ فوج صورتِ قاتل تو دیکھئے
تصویر بن گئی مرے حالِ تباہ کی

حباب - جناب مولنا حافظ سید محمد اسمٰعیل صاحب مُراد آبادی - آپ رامپور میں ملازم ہیں ساٹھ روپے ماہوار پاتے ہیں، ستر سالہ ضعیف العمر شخص ہیں - نمونۂ کلام درج ذیل ہے ؎ حباب

ایک وہ ہیں کہ بسر کرتے ہیں کاشانوں میں
ایک ہم خاک اُڑاتے ہیں بیابانوں میں

نہ ملا تیرا نشاں ہمکو کہیں بھی اے دوست
ڈھونڈا جا جا کے بہت مسجد و بُت خانوں میں

دیکھ کر ہجر میں افسوس نقاہت میری
وہ خفا ہیں کہ اُڑائی ہے نزاکت میری

حباب

حباب - ناظمِ باکمال ناثرِ عدیم المثال پنڈت اُمراؤ سنگھ صاحب حباب خوشہ چینِ خرمنِ کمال نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم ومغفور۔ آپ رڑکی کالج میں بیس پچیس برس تک مدرس سیاق رہے۔ ملازمت کے ساتھ ہمیشہ شوق شاعری وانشا پردازی کو بھی نباہتے رہے۔ کئی برس ہوئے آپنے ایک اخبار بھی جاری کیا تھا جس میں زیادہ تر آپ ہی کی نظم ونثر کے اعلیٰ نمونے درج ہوتے تھے۔ مگر زمانے کی ناقدردانی سے وہ اخبار چند ہی ماہ جاری رہ کر بند ہوگیا۔ غزل گوئی میں آپ کو اچھا ملکہ حاصل ہے۔ تصوّف اخلاق اور وحدانیت کے کہنہ مضامین آپکے کلام میں پائے جاتے ہیں۔ بلندئ مضمون اور نزاکتِ خیال کے ساتھ آپکی طبیعت میں شوخی اور جدّت بھی بقدر مناسبت موجود ہے۔ آپ کا مذاق نہایت شُستہ اور قابلِ تقلید ہے۔ اب کئی برس سے پنشن پاتے ہیں۔ ۶۵ برس کی عمر پاکر ۱۹۰۹ء میں بمقام لاہور انتقال کیا

بہائے بحر جو ہے گوہرِ خوش آب سے ہے — دُرِ سرشک سے ہے آنکھ بے بہا دریا
گُلشن میں گدگدی سے نسیمِ سحر کی آج — گُل ہنس دیا تو غنچہ بھی کچھ مُسکرا دیا
نسیمِ صبحِ بہاراں سے نرم تھی مری نیند — خروشِ بلبلِ نالاں سے اُڑ گئی مری نیند

نگاہِ دیدۂ بیہوش ہیں ہم — صدائے نالۂ خاموش ہیں ہم

جنوں تعلیم تھی کیا نرم شب جو صبح ہوتے ہی — گریباں پھاڑتے گھر سے تمھارے ہنستیں نکلے

غُل کرتا ہوا مژدۂ آزادی کا — زنداں سے رہا ہو کے اسیر آتا ہے

ہے ساتھ جو توشۂ توکّل بخدا — آزاد غمِ جہاں فقیر آتا ہے
بیتابی و اضطراب کا نقش مِٹا — اے موجِ حباب دستگیر آتا ہے

جیب

جیب - مولوی سیّد کاظم کنتوری نواح لکھنؤ کے رہنے والے ہیں۔ اور اپنے آپ کو یادگارِ خاندانِ ناسخ مرحوم لکھتے ہیں۔ آپکے مرسلہ حالات سے پایا جاتا ہے کہ آپکے بزرگ ساتویں صدی ہجری میں نیشاپور اور خراسان سے فیض آباد اودھ میں آکر مقیم ہوئے اور پھر شاہ شدہ کنتور میں جو لکھنؤ اور فیض آباد کی راہ میں واقع ہے اقامت اختیار کی۔ آپکے مورث سید جمال الدین کو

تغلق بادشاہ کے عہد میں برولی اودوھ کا تعلقہ جاگیر میں ملا حبیب صاحب کے دادا سید حمایت حسین وزیر الممالک نواب سعادت علی خاں کے مصاحب رہے اور کرنل ہیلی رزیڈنٹ کے اُستاد تھے۔ نانا میر لطف اللہ قدر کنتوری شیخ ناسخ کے شاگرد تھے۔ میر خدا بخش جنکی کربلا نالکٹورہ لکھنؤ میں اَبتک موجود ہے آپکے نانا میر لطف اللہ کے حقیقی نانا تھے۔ الغرض آپ کا خاندان ہمیشہ علم وفضل کیوجہ سے ممتاز رہا ہے۔ آپ ۱۴ ذیقعدہ ۱۲۶۷ھ میں بمقام کنتور پیدا ہوئے ۱۵ برس کی عمر میں فارغ التحصیل ہو گئے۔ اُس زمانے میں شعر گوئی کا شوق ہوا۔ پہلے اپنے نانا قدر کنتوری سے اصلاح لی پھر ۲۱ برس کی عمر میں سید حسین صاحب عشق شاگرد ناسخ مرحوم کو سات برس اپنا کلام دکھایا۔ اسکے بعد اُنھوں نے فرمایا کہ اب تم کو اصلاح کی حاجت نہیں۔ آپ کی تصنیف سے دو دیوان مطبوعہ۔ مخمس حبیب بر ترکیب بند شکوۂ ہند حالی۔ مدح محبوب مدحیہ نظام۔ مکاتبات فارسی۔ ایمانِ حبیب۔ مجموعۂ مراثی۔ مطایبات حبیب غیر مطبوعہ موجود ہیں۔ آپ دس برس کی عمر میں اپنے والد کے ساتھ لکھنؤ گئے۔ چونکہ آپکے والد کی معاش کم تھی اس لیئے صغیر سنی ہی میں روزگار کی ضرورت محسوس ہوئی چودہویں سال مولوی غلام حسین کنتوری کی صاحبزادی سے جو انکے خالو تھے نکاح ہوا۔ اُنھیں کے ہمراہ آگرہ اور گوالیار کے سفر کا اتفاق ہوا۔ ۲۱ برس کی عمر میں بہ تلاش روزگار ریاست چرکھاری اور وہاں سے اندور گئے مگر جلد ہی واپس آگئے۔ ۲۵ برس کی عمر میں بنارس اور کلکتہ کا سفر کیا جب ہگلی پہنچے تو وزیر السلطان منشی امیر علیخاں کے صاحبزادے نواب اشرف الدین احمد خان متولی امام باڑہ نے اپنا مہمان کیا اور اُنکے والد وزیر السلطان بھی بڑی مہربانی سے پیش آئے اور راجہ امیر حسن خان رئیس محمود آباد سے سفارش کی۔ چنانچہ یہ وہاں تین سال ملازم رہے پھر ۲۸ برس کی عمر ۱۲۹۶ھ میں بحالتِ بیماری اپنے بھائی سید محمد عسکری عاقل کو ساتھ لیکر حیدر آباد کے عازم ہوئے۔ کچھ دن وہاں کے اُمرار کے ہاں ملازمت کی۔ انجام کار ۱۲۹۹ھ میں سردار عبد الحق ولیر جنگ نے قدر دانی فرما کر ساٹھ روپیہ ماہوار پر مصاحب رکھ لیا اُنکے

ولایت چلے جانے پر اُنھیں کے بھائی نواب امیر یار جنگ سیّد سراج الحسن صاحب تعلقہ دار بیدر نے اپنے پاس بُلا لیا اور سررشتہ دار مقرر کر دیا۔ وہاں سے ترقی پاکر آپ ۱۳۰۰ھ میں سررشتہ دار معتمد مدار المہام سرکار عالی محکمۂ کوتوالی پر مقرر ہوئے۔ وہاں سے دو سو روپیہ پر صوبہ داری بیدر کے سررشتہ دار مقرّر ہوئے۔ آخر عمر میں ہوم سکرٹری سرکار نظام کے میر منشی بھی مقرّر ہو گئے تھے۔ شعر و سخن سے طبیعت کو قدرتی لگاؤ تھا۔ معنی خیز طبیعت واقع ہوئی ہے اور اکثر استعارے و تشبیہ کی پابندی کرتے ہیں۔ علمی قابلیت خاصی ہے۔ علاوہ ورسی استعداد عام معلومات پر بھی حاوی ہیں جسکی اُنکے کلام میں جگہ جگہ جھلکیاں نظر آتی ہیں۔ علاوہ ازیں فکرِ رسا اور ذہن ذکی خداداد ہاتھ آیا ہے۔ اِن چیزوں کی امداد سے جسقدر بلند پایہ شعر کہیں تھوڑا ہے۔ کلام میں علاوہ عاشقانہ کے وہ رنگِ خاص بھی بھرا ہوا ہے جس سے گزشتہ زمانے کے شعراء نے دلوں کو تسخیر کر لیا تھا۔ اور صوفیہ کے کلام میں عموماً اور عوام الناس کے کلام میں بھی کہیں کہیں پایا جاتا ہے۔ یعنی تصوّف کا رنگ۔ علاوہ ازیں تمام اصناف سخن پر قدرت حاصل ہے۔ بالخصوص قصائد خوب خوب لکھے ہیں اور تغزّل میں بھی مسائل دقیق اور نکات غریب اچھے پیرایہ میں باندھ جاتے ہیں۔ زبان سلیس۔ بندش چُست ہے جس سے اُنکی کہنہ مشقی کا ثبوت ملتا ہے۔ بڑے خلیق ملنسار۔ نیک نہاد شخص تھے۔ حیدرآباد دکن میں اکثر لوگ انکے شاگرد تھے۔ اور وہاں کے شعراء میں نظرِ امتیاز سے دیکھے جاتے تھے۔ راقمِ تذکرہ سے اکثر خط و کتابت رہتی تھی۔ افسوس کہ تخمیناً پچاس برس کے سن ۱۹۰۹ء میں انتقال فرمایا۔ آپکے صاحبزادے جناب ضامن بھی شعر و سخن کا اچھا مذاق رکھتے ہیں۔ اب کلامِ مرسلہ کا انتخاب ملاحظہ ہو ؎

حُسن جب صورت گرِ ذوق خود آرائی ہوا	ہر بُتِ بیباک گرمِ لافِ یکتائی ہوا
اِک جہاں شیدا ہے صورت آشنا کوئی نہیں	سب کو اپنا کر لیا کس کا وہ ہرجائی ہوا
دستِ قدرت نے دکھائیں ایسی شکلیں کھینچکر	کوئی از خود رفتہ اور کوئی تماشائی ہوا
بڑھا رتبہ یہاں تک خود فراموشی میں عرفاں کا	کہ محرابِ حرم ہے عکس میرے طاقِ نسیاں کا

شکایت کیا ہی بیمہری کی اُس سے جسپہ دل آیا
کوئی اعزاز کرتا ہے بھلا ناخواندہ مہماں کا

نہیں جھکتا کوئی اُس سے مجھکے جبتک خود انساں
رکوع و سجدہ سکھلاتا ہے خم محراب طاعت کا

نہ پوچھو حال کچھ ناکامیوں سے ضعف ہمت کا
کرینگے امتحاں اکبار لیکن اور قسمت کا

دل پُرآرزو کا خوں نکرلے یاس تو ناحق
سمجھ اتنا کہ سرمایہ ہے یہ اک بے بضاعت کا

ہے خبر کس کو تلوّن آپ کا
آگے چلکر رنگ کیا کیا لائے گا

محبت میں تری خون دل ناشاد ہونا تھا
تاسّف کیا؟ ہوا جو لے ستم ایجاد ہونا تھا

ہو جب تن پہ سر حدّاد آکر بیڑکاں کاٹے
اسیروں کو تمھارے اِس طرح آزاد ہونا تھا

پیری میں جا نگسل ہیں جوانی کی حسرتیں
وہ وقتِ کیف تھا یہ ہے عالم خمار کا

تم رہو گھر میں پھریں ڈھونڈتے ہم غیروں میں
بدگماں ہوگا نہ ہمسا کوئی غافل ہوگا

پرتوِ عشق پڑا ہوگا مقرّر دیکھو!
داغ یاں سینہ پہ ہے چہرے پہ واں تل ہوگا

چلے رفتہ رفتہ ایسے کہ نہ خاک تھی نہ ہم تھے
کہ جو لوگ دفن کرتے کسی جا مزار ہوتا

کرے کیوں نہ بے چین وعدہ کسیکا
قیامت ہے امروز فردا کسیکا

کہتے ہیں شن سُن کے ہاں پھر کیا ہوا
حال میرا اک فسانہ ہوگیا

میری توبہ کیا تھی توبہ اے غفور
تیری رحمت کو بہانہ ہوگیا

ایک منزل ہے عدم کی ایکدم کا راستہ
آگے جانیوالے ہمسے آگے بڑھجائینگے کیا

پوچھو عاشق سے غم عشق میں لذت کیا ہے
تلخ ہوتا تو نہ اِس شوق سے کھایا جاتا

چلے آپ اللہ رے بے نیازی
نہ دیکھا کہ قدموں پہ ہے سر کسی کا

بھلا ہو جس کام میں کسی کا تو اُس میں وقفہ نہ کیجئیگا
خیالِ زحمت نہ کیجئے گا ملالِ ایذا نہ کیجئے گا

وہ مجھ سے فرماتے ہیں ہنسکر ہمیشہ ملنے کی آرزو پر
ملال ہوگا محال شے کی کبھی تمنّا نہ کیجئے گا

آگے اُنکے جب کبھی ہمنے کیا اظہارِ عشق
ہنسکے بولے خیر اک دن امتحاں ہوجائیگا

دریا ہی میں رہنا تھا قطرہ کی طرح شامل
غافل نہ حباب آسا یاں شیخو اُبھرنا تھا

اُلفت میں کوئی دل کے سوا راز داں نہ تھا
رُسوا کرے گا اُسپہ مجھے یہ گماں نہ تھا

گھٹینگی خواہشیں اے دل تو حاصل تدعا ہوگا
ذرا یہ بھیڑ چھٹ جائے تو پیدا راستہ ہوگا

خدا سے مانگ اے دل شرم کر بندوں کی ہمت سے
جو حاجتمند ہے ہر دم وہ کیا حاجت روا ہوگا

ہوس ہے رہنما ہر دم درِ ارباب دولت کی
قناعت کہتی ہے بیٹھو خدا ہے کارساز اپنا

تمام کامونکا راستی پر ہمیشہ دار و مدار دیکھا
فسادِ نیّت میں جنکی پایا ہر ایک صحبت میں خوار دیکھا

توبہ کی سزا دیتے ہیں یارانِ قدح نوش
بے مانگے ہمیں دَور میں ساغر نہیں ملتا

وہ جواں ہونگے تو ٹوٹینگے فرشتوں کے وضو
ایک دن چاہِ زنخداں چہ بابل ہوگا

دردو ایذا و غم و غصہ و بدنامی و رنج
کشورِ عشق میں ہوتے ہیں محاصل کیا کیا

سامنے رندوں کے ناصح بے اثر ہے وعظ و پند
آپنے کہنے کا جو حق تھا کہا کہنے سُنا

رات دن چین نہیں سوز محبت سے مجھے
شمع ہوتا تو فقط شب کو جلایا جاتا

نہ سر ہے کوئی تیرے سودے سے خالی
نہ دل تیرے قبضے سے باہر کسیکا

بادۂ ناب تو روشن گر دل ہے واعظ
اسکے پی لینے سے ایماں میں خلل کیا ہوگا

موسم گل دیکھکر ایسا خوشی کا جوش ہے
اَب نہیں پھولی سماتی پیرہن میں عندلیب

سُہانے وقت ہیں اے دل دم طلوع و غروب
سماں دکھاتی ہے قدرت کا دھیمی دھیمی دھوپ

تھا اشتیاقِ ابروئے دلبر تمام رات
دیکھا کیا میں خواب میں خنجر تمام رات

اپنے بندوں کو دیا ہے جسقدر اللہ نے
کچھ نہ کچھ اُسکے سوا ہے ہر بشر کی احتیاج

اِن بتوں میں آئے شانِ کبریائی ہو محال
ہو نہیں سکتا ہے ہرگز بندہ پرور جھوٹ سچ

سمجھو بنا رہا ہے خطا کار کو ولیسہ
راضی جو درگزر پہ نہ ہو التجا کے بعد

وہ کوشش کیجئے رہجائے نام نیک محشر تک
مزا یہ ہے کہ موت آئے حیاتِ جاوداں ہوکر

اثرِ نغمۂ دلکش کی کہوں کیا حالت
ہوش کھو دیتا ہے انسان کے جادو ہوکر

دل کو ہے رنج فراقِ رفتگاں شام و سحر
میرے یوسف کو ہے یادِ کارواں شام و سحر

ہے یہ زورِ آمدِ فصلِ بہار آ بجے برس
مست ہیں زاہد بھی مثلِ بادہ خوار آ بجے برس

داغ بھی زخمِ جگر کا نہ رہا
تھی یہ قاتل کی نشانی افسوس

کون زخمِ خنجرِ ابرو کا شاہد تھا حبیب
ہار جاتے تم کلیجہ پر اگر ہوتا نہ داغ

کھل گیا ناکامیوں سے ہے مسبب دوسرا
کوششیں سب اک طرف ہیں اور مقدر اک طرف

بے سبب کوئی اٹھائیگا بھلا کیا تکلیف
دلکو ہوتی ہے محبت میں گوارا تکلیف

غیر حاکم ہو تو اسکی جوتیاں سیدھی کریں
ننگ ہے قومی حکومت کی اطاعت آجکل

لہو تھمتا نہیں زخمِ جگر کا
نہ اچھے ہونگے اب آے چارہ ہم

اٹھائے ہیں وہ صدمے ہنسنے ملکر اجنبیوں سے
جو لیتا ہے کوئی نام محبت اب تو ڈرتے ہیں

ہر اک سوال کا دیتے ہو تم جواب "نہیں"
یہ ظلم وہ ہے کہ جس کا کوئی حساب نہیں

شگفتگی مرے دلکی ہے تیرے لطف کیساتھ
ہر ایک فصل میں پھولے یہ وہ گلاب نہیں

تنگ ظرفوں کو دولت سے تمتع ہو نہیں سکتا
سدا باوصف قربِ بحر خاک اڑتی ہے ساحل میں

خفا بھی ہیں وہ اور دل سے مری الفت کے قائل بھی
جفائیں کرتے جاتے ہیں پشیماں ہوتے جاتے ہیں

سازِ جمعیتِ دل کا سر و ساماں میں نہیں
بے نیازی جو ہے درویش میں سلطانیں نہیں

روشنی رہتی ہے کہتے ہیں دیئے کی تا حشر
ظلمتِ شب کا گزر خانۂ احساں میں نہیں

فطرت کو ناپسند ہے سختی بیان میں
پیدا ہوئی نہ اس لیئے ہڈی زبان میں

تجلی گاہِ انوارِ حقیقت دیکھنے والے
فروغِ ظاہری کو بھی کہیں خاطر میں لاتے ہیں

وہ لطفِ صحبت وہ پیاری باتیں بھلا نہ کسطرح یاد آئیں
ہمیشہ ڈھونڈینگی تمکو آنکھیں رہوگے اے دلفگاں نظر میں

تری یاد میں جب سے بیٹھے ہیں پیارے
دو عالم سے دل کو اٹھائے ہوئے ہیں

اپنے جس بندے کو چاہے دے چمن آرائے دہر
پھر اجارہ زاہدوں کا باغِ رضواں میں نہیں

نہ اٹھائے سختیِ ہجر گر تو وصال کا بھی مزا نہیں
نہ ہوا مرض میں جو مبتلا کبھی اسکو قدرِ دوا نہیں

وہ جفا زمانے نے ہمپہ کی کہ خیال جس کا تھا کبھی
یوں ہیں تھی مشیتِ ایزدی ہیں کچھ کسی سے گلا نہیں

جلی ہیں کتنے دلوں دلربا کے تو جوڑ جوڑ میں گرمیاں ہیں قیامت کی بجلیوں کے تو جوڑ جوڑ

کھینچے گی خاک ہوگا ٹھکانا جہاں کہیں
دُو گز زمین تو دیگا کبھی آسماں کہیں

دن رات ہے احباب کو کد بیخ کنی میں
بگڑی میں وہ بگڑے ہیں جو تھے ساتھ بنی میں

تقدیر میں جو تھا وہ ہوا۔ رنج سے حاصل
عقلِ بشری رہتی ہے عاجز شدنی میں

نگاہِ قہر سے تم نے لگائی حبِ بجلی
دل و جگر یہ پکارے جلا دیا ہمکو

دل جگر نے جانِ جان اہلِ دغا سے دیکھ لو
جتنا جی چاہے انھیں ہر دم ستا کے دیکھ لو

سچ کہو چاہنے والوں کا گلہ ہو کہ نہ ہو
وعدہ کر لیتے ہو تم سب سے وفا ہو کہ نہ ہو

نہ کی میری حاجت روائی بتوں نے
خدا سے بھی کی اِن کی طاعت زیادہ

انھیں خوں رُلاتا ہے اکثر زمانہ
جو ہیں خُوگرِ عیش و عشرت زیادہ

ہزاروں صورتیں پیدا ہیں اک آشفتہ حالی سے
نئی دنیا بسی ہے دل میں اشکالِ خیالی سے

پڑے تھے نقشِ پا بن کے رہِ سنگ راہ تھے ظالم
تجھے کیا مل گیا آخر ہماری پائمالی سے

لیجئے چھوڑ کے مرقد میں چلے یار و عزیز
آج کہتا نہیں "اللہ نگہباں" کوئی

گناہ لائے ہیں مجرم بنا کے تیرے حضور
جو راہزن تھے ہمارے وہ راہبر نکلے

ہمیشہ خلق میں گذری ہے ایسا ں کسکی
انھیں کا شکر ہے ارمان جسقدر نکلے

کہتی ہے اجل آمری آغوش کے پالے
سب کر چکا۔ دنیا سے بس اب دل کو اُٹھالے

گھر سے ہمیں یُوں گردشِ قسمت نے نکالا
تلوے سے کوئی کانٹے کو جس طرح نکالے

رحم آئیگا اِن سے نہ مرض کو نہ قضا کو
بیسُود ہیں آہیں مری بیکار ہیں نالے

سمجھے تھے ہم اک مشغلہ اُلفت کو بتوں کی
معلوم نہ تھا جان کے پڑ جائینگے لالے

عمر گزری کسکو روداد اسیری یاد ہے
اب قفس گھر ہے ہمارا ہمنشیں صیّاد ہے

رات دن کی دل لگی وہ ہر گھڑی کی چھیڑ چھاڑ
خیر تم بھولے تو بھولے مجکو اب تک یاد ہے

جو ولیں لے گئے بے مہر آرزو تیری
ہے اُنکی خاک کے ذرّوں کو جستجو تیری

عدم کو گئے نوجوان کیسے کیسے
نہ پوچھو چھٹے مہرباں کیسے کیسے

صبح وقتِ شام نکلے خارِ راہ تو ہو
صبح ہو رہے شرابِ وصل جاں فشاں سے

خضرِ بدرقے ساتھ آبِ حیات تو ہو
جب دل بیتاب تڑپا ساتھ ہی نکالا

فائدہ رونے سے چشمِ اشکبار اتنا تو ہو
اشک پونچھیں اپنے داماں سے وہ میرے مہرباں

کسیکا تو ایفا بھی کرنا تھا آخر
سکیے عہد اے جانِ جاں کیسے کیسے

نجانے دیا داغِ شیریں سخن کو
دکن میں بھی ہیں قدرداں کیسے کیسے

مٹے لاکھ پھر لکھنؤ لکھنؤ ہے
سخنداں ہیں اب بھی وہاں کیسے کیسے

غلط ہے گر کہوں کچھ غم نہ تھا آغازِ الفت میں
کہ اک تشویشِ انجامِ محبت دل کو کیا کم تھی

نکلتی کیوں نہ بتخانے سے زاہد شکلِ آمرزش
یہاں بھی دلمیں کیا تیری طرح یادِ خدا کم تھی

جانے میں جان آنے میں عاشق کا دل ہیں وہ
تیغِ قضا کبھی ہیں طلسمِ ادا کبھی

ہر آرزوئے مردہ ہو راحت فزائے حال
رلجائیں گر ترے لبِ معجز نما کبھی

یاں بندگی سے کام ہے اے شیخ و برہمن
دیر و حرم سے ہے نہ تعلق۔ نہ تھا کبھی

آفتِ جان ہجر میں وحشت کی سرتابی رہی
دل کو بیتابی رہی آنکھوں کو بے خوابی رہی

عمر بھر حالت دلِ مضطر کی سیمابی رہی
چشمِ دریا بار گردش تیری دولابی رہی

برقِ کشتِ آرزو ہے گرمیٔ بازارِ حسن
جنسِ الفت کی ہمیشہ اس میں نایابی رہی

سالہا یادِ لبِ رنگیں میں رویا اشک خوں
مدتوں رنگت میری آنکھوں کی عنابی رہی

کب چھٹا اشکِ ندامت سے سیہ کاری کا رنگ
صاف ہو کر بھی مری فردِ عمل آبی رہی

دیوان دوم

ہر داغِ دل بنا حجرِ الاسود حرم
جلنے سے مثلِ طور یہ گھر محترم ہوا

چینِ جبین دلیلِ کدورت ہو دیکھئے
خطِ غبار جوہرِ تیغِ ستم ہوا

گہ وصل کی دعا تھی۔ کبھی شکرِ التفات
اکثر خدا کے سامنے ذکر صنم ہوا

ابرو کا بوسہ لینے سے اخلاص بڑھ گیا
یہ سورہ آج خنجرِ قاتل پہ دم ہوا

کر کے آئے تھے یہ ساماں مرے تڑپانے کا
نام آتے ہی لیا آپنے گھر جانے کا

اے نقاہت دو گئے بزم سے اب کیا ہے یہاں
تو ہی کر دے کوئی ساماں مرے اٹھوانے کا

خو نہیں مہر و محبت کی عزیزوں میں حبیب
دل نہ کیوں بندۂ احساں رہے بیگانے کا

عقل کہتی ہے نہ رکھ وادیٔ الفت میں قدم
وحشتِ دل کا تقاضا ہے کہ چل کیا ہوگا

ہمنے مانا کہ یہ وعدہ نہیں جھوٹا لیکن
تم سے پہلے اگر آجائے اجل کیا ہوگا

ہوتی رہتی ہیں خطاؤں پہ خطائیں مالک
شکر میرا ترے احساں کا بدل کیا ہوگا

دوئی میں یکدلی کا رنگ پیدا ہو نہیں سکتا
شناسا غیر کا تیرا شناسا ہو نہیں سکتا

قسم کھا کر نوشتہ مجکو دو یہ دلکا سودا ہی
زبانی کہنے سننے پر بھروسا ہو نہیں سکتا

یہ ارمان خانہ زادِ دل ہیں تم گر محرمِ دل ہو
چھپاؤں کس طرح مالک سے پردا ہو نہیں سکتا

زمین و آسماں کا فرق ہے ادنیٰ و اعلیٰ میں
چمک سے ہمسرِ خورشید ذرہ ہو نہیں سکتا

رہی کچھ دن یونہی گر اپنی اپنی فکر یاروں کو
تو کوئی تا قیامت پھر کسیکا ہو نہیں سکتا

شبِ غم ہوگی روئے شاہدِ مقصد سے نورانی
قمر سے اِس اندھیرے میں اُجالا ہو نہیں سکتا

بیخودی سے انتشارِ دل بدلجاتا تو میں
گوہرِ مقصود ہر تارِ نفس میں کھینچتا

شاہد آزاری تھی آئینِ محبت کے خلاف
ورنہ بلبلِ گل کو بھی کنجِ قفس میں کھینچتا

خزانۂ اول سے بہتر کتنے ہیں یہاں کا سودا ہو نہیں سکتا

جچے نہ آنکھ میں جو شے وہ دلپسند نہیں
ہر ایک طرح مقدم ہے انتخابِ نظر

بڑے شکوہ سے نکلے گا شوقِ دید ترا
چلینگے مردمِ دیدہ بھی ہمرکابِ نظر

بنائے ذرّہ کو خورشید چشمِ مہر تری
خوشا نصیب جو ہو جائے فیضیابِ نظر

ہے محوِ صنعتِ صانع حبیبِ حسن پرست
ترے نصیب میں زاہد نہیں ثوابِ نظر

کریگا طائرِ مضمون تو کہاں پرواز
ہے شاہبازِ خیال اپنا آسماں پرواز

حبیب صید ہے تیرِ الم سے طائرِ فکر
مگر دکھاتے ہیں بازوئے خونچکاں پرواز

عدم کے جانیوالے درد کی منزل سے نکلے ہیں
رُکیں مژگاں پہ کیا گھبرا کے آنسو دل سے نکلے ہیں

چُننے کا لختِ دل کیا اب خیالِ یار کا دامن
یہی دو چار ٹکڑے تھے بڑی مشکل سے نکلے ہیں

اگر ہے عشق کامل مر کے بن خاکِ درِ جانان
طریقے منزلت کے سب اسی منزل سے نکلے ہیں

نہ کیوں مژگانِ جاناں پر گماں ہو خونِ ناحق کا
ہزاروں تیر ایسے سینۂ بسمل سے نکلے ہیں

ملی کچھ روز راحت ہمکو برسوں جھیل کر زحمت
بڑی کاہش میں قطرے شہد کے حنظل سے نکلے ہیں

چلے آتے ہیں وہ دیکھا بھی کچھ اے مُردمِ دیدہ
یہ رونا ہے محبت کا یہ آنسو دل سے نکلے ہیں

نہیں کہتا ہو کچھ کوئی کہے کیا کسنے کیا دیکھا
ہزاروں رو کے تیرے دیار کی محفل سے نکلے ہیں

آہی کون آتا ہے کہ استقبال کو جس کے
نظر آنکھوں سے نکلی اور ارماں دل سے نکلے ہیں

مرے مضموں خذف ریزے نہیں ہیں جوہرِ کانی
دلونیں گھر کرینگے یہ مقرر دل سے نکلے ہیں

ہمیں معلوم ہیں الفت کے کوچے خضر کیا جانیں
یہ گلیاں دلکو آتی ہیں یہ رستے دلسے نکلے ہیں

نہ آئیگی کسیکو تا قیامت شوخیاں اُنکی
نظر سے آنکھ کے پردونیں چھپکر دلسے نکلے ہیں

حبیب اس درد کے پہلو کو اہلِ درد سمجھیں گے
نہیں اشعار پر کالے ہمارے دلسے نکلے ہیں

دیگر

غم فزا کیوں ہو نہ یادِ رفتگاں میرے لیئے
منزلوں روتا گیا ہے کارواں میرے لیئے

چارہ گر اچھا ہے دردِ بے نشاں میرے لیئے
گھر کا بھیدی چور ہے زخمِ نہاں میرے لیئے

ہر ورق دیواں کا ہے سرچشمۂ آبِ حیات
جمع ہیں اسبابِ عمرِ جاوداں میرے لیئے

سُرمہ کا دنبالہ ابروئے کشیدہ سے ملا
میری خاطر ہیں یہ ناوک یہ کماں میرے لیئے

دیکھنا شوخی اُڑا کر کہتے ہیں وہ مشتِ خاک
اِس طرح تم ہو سکو گے بے نشاں میرے لیئے

خاک برسر ماتمِ گیتی رہے گی حشر تک
اشکِ خوں روئیگا برسوں آسماں میرے لیئے

لُطفِ فکرِ نکتہ سنجانِ فرنگ آیا حبیب
خوب لایا میرا ضامن ارمغاں میرے لیئے

حبیب

حبیب - محمد حبیب الرحمٰن نام - ولد محمد نیاز حسین حضرت شیخ مجدد الف ثانی کی اولاد میں ہیں - اُردو فارسی دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے ہیں اور مرزا حسین علیخاں شاداں سے مستفید ہیں - حسن طبیعت کی بدولت اپنے اُستاد کے شاگرد رشید ہیں - تذکرۂ انتخاب یادگار کی ترتیب کیوقت انکی عمر چوبیس برس کی تھی اِس حساب سے اِس وقت ان کی عمر چھتیس ستاون سال کی ہونی چاہیئے - یہ اُنکے اشعار ہیں ؎

وصل کی شب کہتے ہیں مجھسے کہ دیکھا تمنے کچھ
شمع کے آغوش میں پروانہ جل کر رہ گیا

جوشِ وحشت سے وصال اپنے مقدر میں نہیں
کہ وہ مہماں ہو اگر گھر میں تو ہم گھر میں نہیں

بے حجابانہ چلے آؤ عیادت کو مری	کہ شبِ غم کے سوا کوئی مرے گھر میں نہیں
ہو گئے کیا جو رسب ختم آسماں کے اے جبیب	آج کیوں سر پر مرے کوئی بلا آئی نہیں

جبیب

جبیب منشی حبیب الرحمٰن - ابھی آپ رامپور میں تحصیلِ علوم میں مصروف ہیں۔ فن سخن میں آپ کو حضرت امیر اللہ صاحب تسلیم سے تلمذ ہے۔ ۲۲-۲۳ سال کی عمر ہے اور یہ آپکا کلام ہے

کہتے ہیں تیر لگا کر دلِ پُرخوں ہے یہی	ہمنے تو ایک بھی قطرہ نہ لہو کا دیکھا
کسکو چاہوں میں کلیجے سے لگاؤں کس کو	کہ ترے تیر کو بھی خوں کا پیاسا دیکھا
لطفِ دیدار کہاں پردۂ بیہوشی میں	تم نے دیکھا بھی تو کیا حضرتِ موسیٰ دیکھا

حجام

حجّام - عنایۃ اللہ عرف کلو - اصل وطن تو سہارنپور رتھا مگر ساری عمر دتی میں ہی رہے - اور پیشۂ موتراشی سے بسر اوقات کرتے رہے شعر وسخن کا شوق تھا - اور اس فن میں میر ارفیع السّودا کے شاگرد تھے - مولانا فخر الدین سے ارادتِ باطن رکھتے تھے مصحفی کا قول ہے کہ اچھا شعر کہتا تھا تو اُسکے خیالات بال سے زیادہ باریک ہوتے تھے اور تمام دتی کے شعرا اُسے پسند کرتے تھے اکثر اُسکے اشعار پر شاباش ہوا کرتی تھی - مقطع میں وہ اپنے پیشے کا فخر بطور ظرافت اِس طرح بیان کرتا تھا کہ سامعین کو فریفتگی پیدا ہوتی تھی - خاص وعام اُس کو پسند کرتے تھے - مولنا فخر الدین کی ڈاڑھی میں منگل اور جمعہ کو خضاب لگاتا تھا - مولنا نے جو اُس کے پیرومرشد تھے اُسکو دستار اور پوشاک دی تھی وہی پہنتا تھا - اِس واسطے اُسکے ہم محلّہ اُسکو شاہجی کہتے تھے" بہرحال تمام پُرانے تذکرہ نویسوں نے شیخ عنایت اللہ کی تعریف لکھی ہے اور حقیقت میں اپنے کلام کی حیثیت سے وہ اسی قابل تھے - بقول مسٹر الیف فیلن صاحب ۱۷۹۳ء میں اُنکی عمر پینتیس ۳۵ برس کی تھی اور اُنکے تذکرے کی ترتیب سے بہت پہلے اُن کا انتقال ہو چکا تھا - یہ اشعار کا انتخاب ہے +

روز رخسار کے لیتا ہوں مزے خوبوں کے	بہتر اس شغل سے حجام ہنر کیا ہوگا
جینا نظر اپنا تو ستمگر نہیں آتا	بے وصل ترے - سو یہ میسّر نہیں آتا

آجکل کے خوبرو دیکھے تو ہیں یہ سکھ بچے — اِن تلک حجّام ہی پہنچے نہ یہ حجام تک
خط آئینے سے بھی اپنی رسائی نہیں ہے واں — حجّام کس طرح سے ملیں کیا ہنر کریں

دیکھ عاشق کی ترے رسوائیاں — عشق کی لوگوں نے قسمیں کھائیاں

رقیبوں پر میاں پڑتا ہی تب سو سو گھڑے پانی — بُلا حجّام کو جس روز تم حمّام کرتے ہو
ہے جی میں کہ اک روز میں اُن آنکھوں سے پوچھوں — بچتے نہیں کس واسطے بیمار تمھارے
اُس کاوشِ مژگان کا گلہ مجھ سے عبث ہے — یہ آنکھوں پہ بوئے ہوئے ہیں خار تمھارے
اُس شوخ کے کوچے میں نجایا کرو حجّام — چھن جائینگے اِک روز یہ اوزار تمھارے
آنکھوں کو اُس کی شاعرِ عبدم غزال باندھے — پھر ایسے وحشیوں کو کسکی مجال باندھے
کل میاں حجّام سب کا مونڈتے پھرتے تھے سر — آج اُس کوچے میں اُنکی بھی حجامت ہوگئی

حرق - میر حسن مرزا نام - میر اشرف علی مرحوم رئیس ڈھاکہ کے نواسہ اور میر علی آشنا وغلام حیدر رجیب کے شاگرد تھے سنہ ۱۸۰۸ء میں نساخ کے "سخن شعراء" کی ترتیب کیوقت جوان تھے - یہ اُنکے اشعار کا انتخاب ہے ✣ حرق

بخدا ترکِ آرزو کے سوا — دل میں گر کوئی آرزو بھی ہو
تمھیں صورت کا غرّہ ہے تو یاں دلکی محبت ہے — تمھارا حُسن مہنگا ہے تو کسکی جان سستی ہے
ایک بندے کی بھی جاں بخشی نہ کی — اے بتو تم سے خدائی ہو چکی

حرمان - محمد میاں برادرِ کلاں علی محمد خان فرحت مُراد آبادی - اِس سے زیادہ حالات آپکے معلوم نہیں ہوئے - نمونۂ کلام میں تین شعر درج ذیل ہیں ✣ حرمان

داغِ فرقت دلپہ میرے یارِ جانی دے گیا — حیف وہ دلسوز اپنی یہ نشانی دے گیا
دیکھ میری اُلفتوں کو دوست دشمن یہ کہیں — نامِ اُلفت کاش یارب اِس جہاں سے دُور ہو
لے عزیز و حال پر اُسکے ہی ہر دم جائے رحم — جو جُدا یاروں سے ہو اور دُور ہو دلدار سے

حریف - جناب سیّد محمد عبد اللہ صاحب حسینی چشتی وکیل درجۂ دوم تلمیذ حضرت داغ حریف

دہلوی۔ زیادہ حالات معلوم نہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

فرزوں سمجھتے ہیں فردوس کی بہار سے ہم
کہیں نجا ئینگے زنہار کوئے یار سے ہم

خطا نہیں ہے اگر کچھ قصور ہو جائے
بغل میں تم ہو تو باہر ہیں اختیار سے ہم

بہار آتے ہی لطفِ خلش گیا گزرا
مزے خزاں ہی میں لیتے تھے نوکِ خار سے ہم

آئی ہے اسکے سال نئے رنگ سے بہار
ہے شوقِ میکشی دلِ پرہیزگار میں

حزیں

حزیں۔ میر محمد باقر صاحب دہلوی۔ محمد شاہی عہد کے شاعر۔ میرزا جانجانان مظہر کے مرید اور شاگرد تھے۔ چنانچہ اُنکے دیوان میں جہاں کہیں اُستاد کا ذکر آتا ہے اُس سے کمال اخلاص وعقیدت کا پتہ لگتا ہے۔ لطف اور شوق کے تذکروں میں اِن کا بہت سا کلام نظر سے گزرا۔ طبیعت معنی یاب اور فکر رنگیں رکھتے تھے۔ مصائب روزگار سے تنگ آکر برہنائے افسردہ خاطری ترک وطن کرکے عظیم آباد جا رہے تھے۔ ایک دیوان معہ قصاید یادگار موجود ہے جس میں سے چند غزلوں کے منتخب شعر ذیل میں درج کیے جاتے ہیں ؛

خوب سُوجھا ہے مزا عشق میں رسوائی کا
معتقد دل سے ہوں اِس دلکی میں دانائی کا

دلبروں میں سے لیا ڈھونڈ سجن تجھسے کوں
میں دوانا ہوں اِن آنکھونکی شناسائی کا

جس طرح جی چاہتا ہے ہو نہیں سکتی حزیں
حضرتِ استاد یعنی شاہِ مظہرؒ کی ثنا

شیریں نے دی تھی دلیں کچھ اک کوہکن کو جا
اُسنے بھی جی کو دیکے حق اُس کا ادا کیا

نالاں نہیں ہے جور و جفا سے تری حزیں
جو تو نے اُسکے حق میں کیا سو بجا کیا

اے حزیں شکر کہ ہے مصحفِ ارباب جنوں
فیض سے حضرتِ استاد کے دیوان میرا

یہ کہہ کے باغ سے رخصت ہوئی بلبل کہ یا قسمت
لکھا تھا یوں کہ فصلِ گل میں چھوٹے آشیانا اپنا

جو ہیں آنکھوں کے مخمور اُنکو میخانے سے کیا نسبت
نگہ کے ہیں جو تشنہ اُنکو پیمانے سے کیا نسبت

یہ آہو رام تھے مجنوں کے سب لیلی کی خاطر سے
وگرنہ اِن پریزادوں کو دیوانے سے کیا نسبت

خبر لے یا نہ لے صیاد اُنکو دام میں مرنا
گرفتاروں کو تیرے آب اور دانے سے کیا نسبت

ہُوا ہے تُو حزیں دیوانہ اِن شہری غزالوں کا
تجھے صحرا سے اَب کیا کام ویرانے سے کیا نسبت

ہم کمر یار کی سُنتے ہی رہے ہیں لیکن
ہرگز اِس بات کا ہم پر نہیں ہوتا اثبات

حزیں اِن شعلہ رُخساروں سے مت جی کو لگا ہرگز
ہوئی آخر کو پروانے کے جلنے کی لگن باعث

اُسپر نہیں ہوا ہے یہ دل مُبتلا عبث
ناصح ملک اُسکو دیکھ مجھے مت ستا عبث

وہ نگاہِ مست ہے اِس چشمِ گریاں کا علاج
مے سے ہوتا ہے خمارِ پرشناں کا علاج

دیکھنے میں اُسکے کب آتی ہیں ایسی صورتیں
دیکھ کر تجکو نہ ہو آئینہ حیراں کس طرح

نہیں رہنے کے خوباں تجھ سے آخر آشنا ہرگز
اِنھوں پر بھولکر اے دل نہو مجھسے جُدا ہرگز

نہو اے باغباں بلبل کو مانع گُل کے ملنے سے
نہیں رہنے کی گلشن میں بہار آخر سدا ہرگز

سزا پائی نا آخر چاہنے کی ہم نہ کہتے تھے
کہ ان خُوباں سے اے دل جی کو اپنے مت لگا ہرگز

خوبرو شاید مزا پاتے ہیں اپنے جور سے
اسقدر جو انکو ہوتی ہے ستانے کی ہوس

بیخبر ہوتے ہیں جو کہ عشق کی لذت سیتی
وہ نہیں رکھتے مزے سے زندگی کے اِطلاع

کیونکہ مجکو ہو تسلّی جان! وعدے سے ترے
خوب رکھتا ہے مرا دل دل سے تیرے اطلاع

بُجھ گیا تھا مرگ سے مجنوں کے اُلفت کا چراغ
داغ نے میرے کیا روشن محبت کا چراغ

خجل رکھتی ہے ہمکو ناتوانی جور کے منہ سے
یہ تھوڑا سا لہو اُس تیر مژگاں کے نہیں لائق

دل دیکر اپنا کیوں عبث افسوس اب کھاتا ہے دل
جاتا رہا جب ہاتھ سے پھر ہاتھ کب آتا ہے دل

آتے ہی نوبہار دھڑکتا ہے جی کہ ہائے
پھر شور و شر کرے گا یہ خانہ خراب دل

غم نے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب
دیتا ہے ساتھ دینے سے مجکو جواب دل

ملنے کے دن جو اشک نکلتے ہیں کچھ نہ پوچھ
نکلے ہے دیکھنے کو ترے ہو کے آب دل

ستنے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب
دیتا ہے ساتھ دینے سے مجکو جواب دل

ہاتھ اُس کا بسکہ نازک ہے نہیں لاتا ہے تاب
توڑنے میں گل کے جاتا ہے لچک جوں شاخِ گل

فصلِ گل آخر ہوئی کیا دیکھ ہونگے شاد ہم
کچھ کرے اے صبا داب ہونگے نہیں آزاد ہم

زندگانی تلخ ہو جاتی ہے ہم پر کیا کریں
حسرتوں کو اپنی جب کرتے ہیں جی میں یاد ہم

کیوں نہ ہووے شاد ہم سے حضرتِ مجنوں کی روح
عشق کے صحرا کو رکھتے ہیں حزیں آباد ہم

کچھ نہ آخر چل سکا بس اِن زبردستوں سے تیرے
لیگئے یہ دل کو اور کرتے رہے فریاد ہم

اُس بے وفا کے عشق سے کچھ مجھکو جس نہیں
پاؤں تلک بھی ہائے مجھے دسترس نہیں

ویراں ہوا خزاں سے چمن یاں تلک کہ اب
چاہیں کہ جل مریں تو کہیں خار و خس نہیں

کچھ کہا شاید اُس نے قاصد سے
دل پہ میرے وہ اضطراب نہیں

اِن بتوں کے دیکھنے کا جو کوئی مائل نہیں
زندگانی سے اُسے واللہ کچھ حاصل نہیں

لطف سے سرسبز کر اپنی محبت کا چمن
خشک رہتا ہے وفا بن جان اُلفت کا چمن

قرض لیوینگی صبا تیرے شہیدوں سے لہو
تب کریگی حشر میں رنگیں قیامت کا چمن

لوگ کہتے ہیں ہمیں اِس دل کے سمجھانے تئیں
کیونکہ سمجھاویں کہو ہم ایسے دیوانے کے تئیں

بے طرح کرتا ہے دست اندازیاں زلفوں سے یہ
اِس طرح کیوں سر چڑھاتا ہے سجن شانے کے تئیں

نام لے اوروں کا اُس سے حال دل کا جا کہوں
اِس طرح شاید سُنے وہ میرے افسانے کے تئیں

حساب ہم سے وفا کا ہمیشہ لیتے ہو
اور اپنے جور و تعدی کا کچھ شمار نہیں

بے طرح دیوانگی پر عشق میں آیا ہے دل
دیکھئے اب زندگی کا کیا مری اسلوب ہو

بے طرح ہم مبتلا پاتے ہیں خوباں کا اسے
دیکھئے اب اِس دوانے دل کی کیا تدبیر ہو

کچھ محبت میں نہیں عاشق بیچاروں کا گناہ
دلکی گردن پر ہے سب اِن دلکے ماروں کا گناہ

میں چاہتا ہوں عشق چھپاؤں پہ کیا کروں
رُسوا کرے ہے خلق میں یہ چشم تر مجھے

دائم اُلفت کی رہائی خوش نہیں آتی مجھے
ایک دم اُس سے جُدائی خوش نہیں آتی مجھے

روز باراں کیوں نہ لے زاہد کہوں مے کو حلال
اسقدر بھی پارسائی خوش نہیں آتی مجھے

راحت نہ دلکے ہاتھ میں پاؤں گا ایک دم
جب تک کہ میرے ساتھ یہ خانہ خراب ہے

وفا میری اگر جور و جفا تجکو نہ سکھلاتی
تو کیا آرام سے یہ زندگانی ہائے کٹ جاتی

مجھے کہتا ہے تیرا دل کہاں ہے؟		قیامت شوخ میرا بدگماں ہے	
آئینہ خوباں کے منہ پر خودستائی کیا کرے		حسب ضیا عارض کی دیکھے خودنمائی کیا کرے	
بے طرح دل پر گراں آنے لگے ہیں جور و ظلم		دیکھئے مجھ سے تری یہ بیوفائی کیا کرے	

حزیں

حزیں۔ فخر المتاخرین شیخ علی حزیں اصفہانی فارسی فارسی کے اُن اساتذہ میں سے تھے جن کو مرزا غالب جیسے نازکخیال بھی مانتے تھے۔ ناظرین کو حیرت ہوگی کہ ان بزرگ کا تذکرہ اُردو شعراء میں کیسا۔ مگر نہیں گزشتہ زمانے میں اہل فن و کمال کسی وادی میں بند نہ رہتے تھے۔ اور ہر قسم کا مذاق رکھتے تھے۔ آپکی ولادت اصفہان کے ایک صاحب ثروت وجاہ خاندان میں ۱۱۹۲ھ میں ہوئی آپنے اپنے والد کی وفات کے بعد زر خطیر جو بزرگوں کا اندوختہ تھا لہو و لعب میں ناعاقبت اندیشی سے برباد کردیا۔ ذاکر شعراء اور نامی مرثیہ گویوں کو دُور دُور سے بلاکر ملازم رکھا اور ہر فن میں اُن سے استفادہ کیا۔ چونکہ خود جوہر قابل تھے کچھ عرصہ میں ملکہ راسخ ہر فن میں حاصل کرلیا۔ جب تمام سرمایہ ختم ہوگیا تو فکر معاش سے تنگ آکر وطن کو خیرباد کہہ کر ہندوستان کا رخ کیا۔ ایران اور افغانستان کے مختلف مقامات کی سیر کرتے ہوئے اوّل سندھ آئے پھر وہاں سے ملتان اور لاہور کے راستے سے دہلی وارد ہوئے۔ نادرشاہ انھیں ایام میں دارالخلافہ کو لوٹ کر گیا تھا۔ عام بدنظمی اور بے اطمینانی کیوجہ سے اُنکی لیاقت اور قدر و منزلت کے مطابق اُنکی مدارات نہ ہوئی قومیت کیوجہ سے لوگ بدظن رہے تاہم اتنا ہوا کہ نواب عمدۃ الملک امیر خان نے بادشاہ کے حضور میں پیش کرکے کچھ جاگیر دلادی یہ واقعہ ۱۱۴۷ھ کا ہے۔ دلی میں ۱۴ سال قیام کے بعد آصف الدولہ کے وقت میں بنارس چلے گئے اور بقیہ عمر عیش و عشرت و کمال فارغ البالی سے بسر کی۔ مشہور ہے کہ دو جن اُنکے تابع فرمان تھے اور جملہ ضروریات مہیا کردیتے تھے۔ مزاج میں نفاست اور دماغ میں بوئے امارت حد درجے کی تھی۔ علم موسیقی کے بڑے قدردان تھے۔ شاعری میں اپنے وقت کے صائب سمجھے جاتے تھے مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی میں درجۂ کمال حاصل تھا۔ سودا اور

خان آرزو وغیرہ اِنکے ہمعصر تھے۔ سودا سے جب ملاقات ہوئی اور شیخ نے مرزا سے شعر پڑھنے کی فرمایش کی اُس وقت مرزا نے اپنا یہ شعر سنایا تھا۔ ؎

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں	تڑپے ہے مُرغ قبلہ نُما آشیانے میں

یہ شعر سُن کر شیخ نے بہت تعریف کی تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ فقرہ کہا تھا "در بوچ گویانِ ہند بدنیستی"۔ شیخ نہایت بذلہ سنج اور ظریف تھے۔ اکثر ایک چھوٹی سی پلنگڑی پر بیٹھے رہتے تھے۔ اِتفاق سے ایک مرتبہ کوئی معمّر سفید ریش شخص اِنکے پاس آیا۔ شیخ نے بزرگ صورت دیکھکر اپنے پاؤں جو پلنگڑی پر پھیلے ہوئے تھے سمیٹ لیے اور اُن بزرگ سے نام پُوچھا۔ وہ بیچارے اُمّی محض قوم کے جُلاہے تھے اپنے عامیانہ اور اُمیانہ لہجے میں بولے "اِحی سَفْ" (یُوسف) شیخ اِس لہجے میں نام سُنکر مسکرائے اور پاؤں پھیلاتے ہوئے یہ کہا "اگر تو اِحی سَفْ ہستی من پائے خود چرا کشیدم"۔ شیخ کی تصانیف سے ایک ضخیم کلّیات موجود ہے جس میں کئی دیوان اور مثنویاں وغیرہ مع اپنی سوانح عمری کے درج ہیں۔ ایک اِن کا لکھا ہوا فارسی تذکرہ انگریزی میں بھی ترجمہ ہوا ہے سنہ ۱۷۶۶ء میں انتقال کیا اور اپنے بنائے ہوئے حجرے محلّہ فاطمان میں دفن ہوئے جو آجتک زیارت گاہِ انام ہے۔ چند اشعار رنختہ درج کیے جاتے ہیں ناظرین اِنکی زبان کا خیال نکریں کیونکہ وہ زمانہ آج کل کا زمانہ نہ تھا یہ دیکھئے کہ خیالات کس قسم کے ہیں۔ وھو ہذا +

آوے نہ رشک کیونکہ مجھے برگ پاس رتی		لیتا ہے کیا مزے وہ سمن کی زباں ستی
یوں آپڑے قفس میں نہ پُہنچے گلوں تلک		نکلے تھے کس اُمید پہ ہم آشیاں ستی
بیتابیوں کو عشق کی کیونکر کروں میں ضبط		ہوتا نہیں ہے صبر دلِ ناتواں ستی
ہم جانتے ہیں عشق کے درد و الم کی قید	دیگر	رہتے ہیں شاد اپنے ہم آہ و فغاں ستی
شبِ فرقت میں سچ ہے نیند عاشق کی اُچٹتی ہے		غضب کی رات ہوتی ہے بڑی مشکل سے کٹتی ہے
ہمارا حال سُنکر اور بھی غصّہ میں وہ آئے		بنی باتیں بگڑ جاتی جب قسمت اُلٹتی ہے

لہو روتا ہوں پہروں تیغ ابرو کے تصور میں
نئی صورت سے اپنی آجکل اوقات کٹتی ہے

دکھائے مجمع خوباں میں دلکو کیا کوئی عاشق
یہ وہ بازار ہے قیمت جہاں ہر شے کی گھٹتی ہے

فقیرانہ صدا سنکر مری درباں سے کہتے ہیں
یہ کیوں آتا ہے در پر کچھ یہاں خیرات بٹتی ہے

خدا کاٹے یہ دن فرقت کا ہے روز قیامت ہے
میں کب سے دیکھتا ہوں رات بڑھتی ہے نہ گھٹتی ہے

زمیں کو نقش پائے یار سے رتبہ ملا ایسا
تبرک کی طرح اب خاک اُس کوچہ کی بٹتی ہے

حزیں جب میں صفائی کو گیا اُن پاس یوں بولے
نہیں ملتے ہیں ہم برسوں طبیعت جس سے ہٹتی ہے

حزیں دہلوی۔ میر بہادر علی حزیں خلف میر نجف علی نبیرۂ مستقیم الدولہ میر علی بخش خاں خوشنویس شاہی ملازم سرکار میرزا فخرو ولیعہد شاگرد نواب زین العابدین خان عارف۔ عالی خاندان اور عمائد شہر سے تھے۔ وادئ شاعری کے عمدہ شہسوار تھے۔ زبان میں روانی بیان میں سلاست فکر میں رسائی اور بندش میں چستی جیسی ہونی چاہیئے موجود ہے۔ غدر کے بعد ۱۲۸۵ھ میں انتقال کیا۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے ؎ حزیں

میرا احوال زبوں اُن پہ کھلے گا کیونکر
سامنے آئینگے جب وہ تو سنبھل جاؤں گا

ہے یہی رونا تو خط کا ہے کو لکھا جائے گا
جو کہ لکھتے جائینگے اشکوں سے مٹتا جائیگا

اِک تماشا جان کر قاتل اگر ٹھیرا رہا
ہم بھی تڑپے جائینگے جتنا کہ تڑپا جائیگا

نہ مرے ہجر میں تیرے تو مرینگے کس دن
سخت جاں دہر میں ہمسا کوئی کمتر ہوگا

سب ناز سہے میں نے بیجا و بجا اُن کے
بہتیرا نہ حزیں اُن سے گریں بھی بُرا ہوتا

جل جل کے آخر تپش غم کے ہاتھ سے
اک داغ رہیگا مرے پہلو میں جائے دل

دنیا کی حسرتیں ترے گوشہ میں آگئیں۔
اللہ رے وسعتیں تری لے تنگنائے دل

سبو منہ سے لگائینگے اب اتنا صبر ہے کسکو
کہ بھریئے خم سے مے شیشے میں اور شیشے سے ساغر میں

شعاع و سبل و سیماب کو ہم دیکھ چکے
تیرے دل سا تو حزیں ایک بھی بیتاب نہیں

رنج پہنچے جو حزیں اُن سے تو راحت سمجھو
ہے غنیمت کہ تمھیں یاد تو کر لیتے ہیں

یوں کہکے رخنہ ڈالیئے اُنکے حجاب میں — آ چھپے بُرے کا حال کُھلے کیا نقاب میں

حزیں کس سے توقع ہو وفا کی — نہو اُمید جب اپنی ہی جان کی

اے سوزِ عشق روز نیا داغ تا بکے — اِس سے تو آگ تن میں لگا ایکبار دے
بیخودی کھو کے لیئے سر پہ ہزاروں جھگڑے — توبۂ مئے سے ہوئے ہم تو یشیماں اُلٹے
مرتے مرتے جو اُنھیں دیکھ لیا ایک نظر — پھر جو دیکھا تو نہ دل میں کوئی حسرت پائی
اثر جو آہ میں پایا تو ہو گئی تسکیں ✣ — وہ بیقرار ہوئے آگیا قرار مجھے
بلا سے گرنگا ہوں میں ہیں سہکے — سُبک ہو کر تو ہم اُٹھے جہاں سے
دلِ گم گشتہ ہاں وقتِ مدد ہے — خجل کرنا نہ چشمِ خوں چکاں سے

حزیں — صاحب عالم میرزا خجستہ بخت بہادر دہلوی ۱۸۴۸ء میں موجود تھے۔ نہایت نرم دل شیریں گفتار اور ستودہ اطوار شخص تھے۔ کبھی کبھی فکر سخن بھی کیا کرتے تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں

کروں کیا وصف میں اُس شعلہ رو کے قدِ قامت کا — بھبوکا ہے دُھواں ہو اور ٹکڑا ہے قیامت کا
چُھپا مکھڑے کو میری شوق کی آتش کو بھڑکایا — کروں میں کیا بیاں اُس شوخ کی اپنی شرارت کا
ہر اک بال اُسکی زلفوں کا ترا دشمن ہوا ہے اب — سزا ہے اے دلِ محزوں مزا ہے یہ محبت کا
حزیں کو قتل کر تو شوق سے قاتل یہ راضی ہے — نہ لے پر اپنے منہ سے ہر گھڑی تو نام خجلت کا

حزیں — نواب محمد علیخاں بہادر حزیں ابن آغا زین العابدین خان رئیس لکھنؤ شاگرد آتش مرحوم ✣ یہ چند شعر حاضر ہیں۔

کوئی اُس بُت کی خبر لاتا نہیں — اے خدا دم بھی نکل جاتا نہیں
کسقدر دلچسپ ہے ملکِ عدم — جو وہاں جاتا ہے پھر آتا نہیں
پھر لبوں پر آرہی ہے جانِ زار — جذبۂ دل پھر اُنھیں لاتا نہیں
اُف رے ضعف و صدمۂ دردِ جگر — طائرِ جاں سے اُڑا جاتا نہیں

حزیں — میر علی حسین لکھنوی۔ صرف اتنا حال معلوم ہے کہ آتش کے شاگرد تھے اور ۱۲۸۴ھ

میں لکھنؤ میں زندہ و سلامت موجود تھے۔ اُس زمانے کی مطروحہ غزلوں کا انتخاب درج ذیل ہے

جو بن ڈھلا غرور وہ اے مہربان گیا
خود منتہی ہوئے تو مرا امتحان گیا۔

گردش میں جائے امن نہ ممکن ہوئی مجھے
سر پہ یہ آسمان رہا میں جہاں گیا

پہنچایا بھیجنے کھانچ کے یاروں نے گور تک
منزل پہ کس عذاب سے میں ناتواں گیا

آتش مرے تو بولے گل اندام اے حزیں!
آب بوستاں سے بلبلِ ہندوستاں گیا

یہ بوالہوس کا کام ہے سونا فراق میں
جھپکے نہ آنکھ اور دلِ پُرغم تمام شب

منزل گور کا کچھ دھیان نہ تھا اے منعم
آکے دنیا میں مکاں تو نے جو بنوائے بہت

ملتا ہے روز اسپہ بھی کہتا ہے آدمی
کل کا بھی رزق دے مجھے پروردگار آج

دستِ وحشت سے جو الجھا دامنِ صحرا کوئی
دھجیاں اُڑ جائینگی میرے گریباں کیطرح

رخِ مہتاب نہ ہے مہر کی تنویر پسند
دل کے آئینے کو ہے یار کی تصویر پسند

اللہ رے لاغری کہ میں بیٹھا ہوں سامنے
مقتل میں ہو رہی ہے گنہگار کی تلاش

دل کو ہمارے ظلم اُٹھانے کا ہے مزہ
رہتی ہے اک نہ ایک ستمگار کی تلاش

حزیں - صاحبزادہ غلام محی الدین خان حزیں خلف نواب احمد یار خان مرحوم - نواب رامپور کے عزیزوں میں تھے حضرت امیر مینائی لکھنوی نے تذکرۂ انتخاب یادگار میں جوان کا حال و کلام لکھا ہے وہ درج کیا جاتا ہے۔ شاعر خوش مذاق ہیں مضامین عاشقانہ پیدا کرنے میں طاق ہیں۔ پینسٹھ برس کی عمر ہے۔ اخوندزادے احمد خان مرحوم غفلت کے شاگرد نامور۔ کلام انکا مقبول اہل ہنر۔ یہ چند شعر انکے درج تذکرہ ہوتے ہیں۔ جب کہ ۱۲۹۰ھ ہجری میں انکی عمر ۶۵ برس کی تھی تو اس وقت انکی زندگی کی کیا اُمید کی جا سکتی ہے۔ تحقیق کرنے پر بھی کوئی حال معلوم نہیں ہوا۔ یہ اُن کا کلام ہے ؎ حزیں

دیا جو یار نے بوسہ تو اشتیاق بڑھا
دوا سے اور بھی بیمار دردمند ہوا

ایک عالم کو میسر ہے شبِ روزِ وصال
میرا جس دن سے شبِ ہجر نے گھر دیکھ لیا

شبنم کے اشک دیکھ کے رقت ہوئی ہمیں — چٹکا جو کوئی غنچہ کہا ہم نے ہائے دل
بہار آئی چمن میں نہ آپ آئے یہاں — پھرا زمانہ نہ لیکن پھرے ہمارے دن
گنگ بہتر ہے زباں اس نالۂ شبگیر سے — ناک میں دم آگیا ہے آہِ بے تاثیر سے

حزین — حزین ۔ مولوی صفدر علی بیگ صاحب حزین باشندۂ الور شاگرد میرزا قادر بخش صاحب گورگانی ۔ آپ ریاست الور میں مہاراجہ شیو دان سنگھ کے وقت میں مدرس فارسی تھے شعر گوئی کا بھی شوق تھا ۔ یہ آپ کا کلام ہے ؎

کہا جو میں نے کہ تم شمع بزمِ خوبی ہو — تو میرے حال پہ شب بھر وہ اشکبار رہے
نہ دی ادب نے ہمیں رخصتِ پیام وصال — ہزار بار گئے وہ ہزار بار رہے
گلہ کی جائے نہیں اپنی اپنی قسمت ہے — کہ ہم نے رنج رہے اور عدو سے پیار رہے
حزین خاک سر کو کہن سے اسکو بنائیں — شکستہ اپنا چراغِ سرِ مزار رہے

گئی نقد بوسے کے بدلے میں جان — ہوس فائدے کی ضرر ہوگئی
خراماں ہوئے تم جدھر ناز سے — قیامت بپا اک ادھر ہوگئی
ہوا دل سا مونس جو غم میں حزیں — شکستہ ہماری کمر ہوگئی

حزین — حزین ۔ شیخ علی حزیں لکھنوی ۔ شاگرد جناب اسیر لکھنوی ۔ آپکے اس مشہور و معروف نام سے نامزد ہونے کی جو وجہ آپ ہی کی نگارش سے معلوم ہوئی وہ یہ ہے کہ آپ کی ولدیت سے پیشتر بعض وجوہ سے آپکے والدین چند سال کے لیئے بنارس میں رہنے پر مجبور ہوئے شیخ علی حزین اصفہانی کا مزار بھی وہیں فاطمان بنارس میں واقع ہے ۔ جب آپکی والدہ حاملہ ہوئیں تو عالمِ رویا میں کسی بزرگ نے انھیں ہدایت فرمائی کہ جو بچہ تیرے شکم میں ہے اسکا وہی نام رکھیو جو فاطمان میں دفن ہے ۔ چنانچہ بعد پیدائش آپ کا وہی نام رکھا گیا ۔ آپکے والد مرحوم و مغفور کا نام دراصل شیخ حیدر تھا ۔ لیکن نواب روشن آرا بیگم نے جو خاندانِ شاہی سے تھیں بوجہ اپنا داماد ہونے کے آپکے والد صاحب کو بجائے شیخ کے نواب کے خطاب

سے مفتخر کیا تھا۔ آپکے بزرگوں نے دلی سے نکل کر فیض آباد میں سکونت اختیار کی اور اٹھارہ سال وہاں رہکر پھر لکھنو چلے گئے۔ اُس وقت سے تا حال وہیں بود و باش ہے۔ آپکی علم عربی کی تحصیل سدرہ تک ہے۔ جب آپ فیض آباد میں تھے تو پندرہ سال کی عمر تک آپنے میزان اور فصولِ اکبری جناب مولنا قاری سیّدی امیر علیخاں صاحب اور مولنا حکیم محمد مرزا صاحب سے پڑھیں اسکے بعد جب لکھنؤ پہنچے تو علم نحو عربی کتب درسی شرح جامی تک جناب مرحمت الدولہ سیّد غضنفر علیخاں صاحب حکیم سے پڑھیں۔ اور فارسی حضرت تدبیر الدولہ مدبر الملک سیّد مظفر علیخاں صاحب امیر سے پڑھی۔ اور فنِ شعر بھی اُنھیں سے حاصل کیا۔ اُستاد موصوف کی خدمت میں آپ ۳۵ سال تک رہے بلکہ تا زیست جُدا نہ ہوئے۔ منجملہ کلام ایک دیوان غزلوں کا اور ایک سلاموں کا مرتب ہے جو ابھی تک طبع نہیں ہوئے ہیں۔ سفر بھی آپنے ہندوستان کے اضلاع مشرقی و مغربی میں بہت کچھ کیا ہے۔ ملک کے عجائبات اچھی طرح دیکھے بھالے ہیں۔ اِس وقت آپکی عمر تقریباً ساٹھ سال کی ہے۔ شعر گوئی میں اچھی مہارت حاصل ہے کلام میں متانت اور صفائی دونوں چیزیں موجود ہیں۔ جو دو تین غزلیں ہمیں شفیقی مسٹر حامد علیخاں بیرسٹر کی معرفت ملیں اُن کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے ؎

تمھارے بام پہ چڑھ جاتے ناتوانی میں
ہماری آہ اگر ہوتی نردباں کی طرح

اُس تیغ سے بچے کوئی کیا قتل گاہ میں
رکھتے ہیں سب کو دیدۂ جوہر نگاہ میں

کیونکر نظر پڑے تنِ خاکی میں شکلِ روح
صورت سوار کی ہے نہاں گردِ راہ میں

آنکھوں سے دیکھو آئینے میں خطِ سبز کو
چھوڑو کبھی تو آہوؤں کو اِس گیاہ میں

رہیں پردے میں بھی نیچی نگاہیں
حیا کہتی ہے چشمِ شرمگیں سے

نگاہ یار سے بچنے کی راہ مشکل ہے
یہ تیغ وہ ہے کہ جس سے پناہ مشکل ہے

ہجومِ غم ہے یہاں تک کہ آہ مشکل ہے
یہ بھیڑ چار طرف ہے کہ راہ مشکل ہے

حیا نے اُن کو بٹھایا ہے ایسے پردے میں
کہ دیکھنا ہمیں اب اک نگاہ مشکل ہے

یہ حال ابتو ہے شوخی و بدمزاجی کا
کہ چار دن بھی اب اُن سے نباہ مشکل ہے

نہ جائیگا مرے دل سے خیالِ خطِ اُن کا
کہ کہربا سے چھٹے بل کے کاہ مشکل ہے

یہی ہے نالۂ ناقوس کا جہاں میں شور
فروغِ اشہدان لا الٰہ مشکل ہے

دکھاؤ غیر کو دنداں نہ تم ہنسی میں کر
اُسے تمیزِ سفید و سیاہ مشکل ہے

صراطِ حشر سے باریک تر ہے کوچۂ عشق
سمجھ سمجھ کے قدم رکھ یہ راہ مشکل ہے

بلا سکے کوئی کیا آفتاب سے آنکھیں
تمہارے چہرے پہ ٹھیرے نگاہ مشکل ہے

کہاں اُمید کہ وہ خود مجھے سلام کریں
مجھکے گدا سے سرِ بادشاہ مشکل ہے

سرِ مزار یہ مصرع ہو اے حزیں کندہ
کسی سے اُنس ہے آساں نباہ مشکل ہے

دیگر

نہیں معلوم یہ کیسی ہنسی تھی زخمِ بسمل کی
لہو ہر دیدۂ جوہر سے روئی تیغ قاتل کی

سفر میں راہ کٹ جاتی ہے آسانی سے منزل کی
مسافر کو جو راحت یاد آجاتی ہے منزل کی

ترے در پر چراغِ داغِ دل کس نے جلایا ہے
ہوئی ہے روشنی پروانہ اُس پر اوکامل کی

خیالِ یار جانے پر جو ہو جاتا ہے آمادہ
لپٹ کر روک لیتی ہیں تمنائیں مری دل کی

زمیں پر ذکر کیا ہے آسماں پر ہر جگہ پھیلی
ترے آنے سے رونق بڑھ گئی اسدرجۂ محفل کی

سمجھتا ہے وہ رشکِ عید گہ میدانِ مقتل کو
گلے جھک جھک کے جس سے ملتی ہو شمشیر قاتل کی

ہوا بے نور خط سے حسنِ رخ شامِ جوانی میں
سحر ہونے نہائی ہو گئی گل شمع محفل کی

اُٹھے دنیا سے رفتہ رفتہ کیا کیا ہمنشیں میرے
پریشانی بڑھی گھٹنے سے جمعیت کے محفل کی

چھلکے گا جس گھڑی ہوگی قیامت کیا قیامت پر
بھری ہے صور میں آواز میرے نالۂ دل کی

نظیر اُس کا نہیں ہے بعد احمد کے خدائی میں
کہ جسنے ہر لبِ شد کی اے حزیں آسان مشکل کی

دیگر

مری زباں سے بھی پھول جھڑتے ہیں شمع محفل بھی گلفشاں ہے
روش روش پر جو پھول ہنستے ہیں انہیں کیا شائع زعفراں ہے

تمام ذرّے بنے ہیں انجم جو جادہ ہی رشکِ کہکشاں ہے
زمیں پہ رکھا ہی پاؤں کسنے کہ سربلندی سے آسماں ہے

صفِ نعال اپنی جاہ لیکن ذلیل بھی ہیں جلیل بھی ہیں
اُدھر سے دیکھو تو صدر سمجھو اِدھر سے دیکھو تو آستاں ہے

جو کیں تصور میں بند آنکھیں تو سیر ساتوں فلک کی دیکھی
اگرچہ زانو پہ سر ہے لیکن نظر ہماری کہاں کہاں ہے

ہوئی نہ کثرت کی ایک صورت نہیں ہے مجکو نگاہ وحدت
کہاں نہیں ہے وہ ماہ طلعت پوچھ مجھسے کہ وہ کہاں ہے

حزیں ہو تائید رب قادر کہ ہو نہیں شاہ نجف کا زائر
ہوا یہ پیری میں مجکو ظاہر کہ بخت میرا ابھی جواں ہے

حسام

حسام - چودھری حسام الدین ولد چودھری سعادت علی باشندۂ سلیم پور پرگنہ گوسائیں گنج توابع لکھنؤ۔ کرامت علیخاں فتح کے شاگرد اور صاحب دیوان فارسی و ریختہ تھے ۱۲۷۵ھ سے قبل کربلا جاتے ہوئے راہی عالم بقا ہوئے یہ چند اشعار انکے ہیں +

وہ لال لال ہیں عناب لب ترے اے گل
کہ جنکو دیکھ کے کھٹے ہوئے ہمارے دانت

بشکل آئینہ دیکھے تو منہ اسمیں نظر آئے
صفا رکھتا ہے وہ یہ غیرت مہتاب ناخن پر

شب کو دریا میں جو عکس اسکے کف پا کا پڑے
ہوں حباب بحر جوں فانوس روشن آب میں

حسام

حسام - نواب حسام الدولہ حافظ الملک محمد تقی علیخان بہادر شمشیر جنگ مرحوم ملقب بہ نواب مہدی علیخان متخلص بہ حسام شاگرد شیخ امان علی سحر آپ حضرت محمد علیشاہ بادشاہ اودھ کے خویش اور حضرت واجد علیشاہ کے خاص مقرب و معتمد تھے۔ بعد انتزاع سلطنت جب واجد علیشاہ کلکتے جانے لگے تو محلات شاہی جواہر خانہ اور دیگر کارخانجات سلطانی کا آپ ہی کو منتظم کر گئے تھے۔ موزونی طبع سے کبھی کبھی شعر و سخن کی طرف بھی متوجہ ہو جاتے تھے۔ کلام یہ ہے۔

رات بھر تارے گئے چاند بھی عاشق ہو کر
تم دکھا دو جو تہ زلف پریشان عارض

عارضی حسن پر اتنا نہیں لازم ہے غرور
ہوں اگر چاند سے اے ماہ دو چنداں عارض

بیحجابی میں بھی پردہ ہی رہا عاشق سے
رقص میں بھی نظر آئے تہ واماں عارض

رنگ عذار یار کبھی ہے کبھی نہیں
دو دن کی ہے بہار کبھی ہے کبھی نہیں

دنیا دو رنگ ہے کبھی غم ہے کبھی خوشی
اس باغ کی بہار کبھی ہے کبھی نہیں

اتنا گھمنڈ دولت حسن دو روزہ پہ
کیا زر کا اعتبار کبھی ہے کبھی نہیں

ہر دم نہ آزمایا کرو تیغ ناز کو
محفل میں جاں نثار کبھی ہے کبھی نہیں

شب کو ہمیشہ وصل ہے دن کو سدا فراق		پہلو میں اپنے یار کبھی ہے کبھی نہیں

حسام **حسام**۔ خواجہ حسام الدین حسام لکھنوی کاتب اخبار دار السلطنت کلکتہ فضل احمد کیف اور سید محمد سجاد کے شاگرد ہیں۔ کلام اُن کا یہ ہے۔

اللہ رے اضطراب کہ کوسوں پتا نہیں		ہوش و حواس و صبر و شکیب و قرار کا
اے حسام اب آپکا وہ زہد و تقوی کیا ہوا		ایک کلمے میں وہ بُت بندہ بنا کرلے چلا
تم لاکھ چاہو دل سے بھلا دو مجھے مگر		جاتا ہے میرے دل سے تمہارا خیال کب
تُو بھی کسی معشوق کی صحبت میں رہا ہے		اے چرخ جو یہ ظلم کی عادت نہیں جاتی
بعد مُردن بھی نہ کی ترکِ رفاقت میری		میری تربت سے لگی بیٹھی ہے حسرت میری

حسام **حسام** منشی حسام الدین باشندۂ کاکوری۔ صرف یہ معلوم ہوا ہے کہ جناب امیر مینائی سے تلمذ تھا۔ یہ چند شعر انکے ہیں ✣

کچھ کچھ تو کمی در دِ جگر میں ہے دمِ نزع		آتا ہے نظر دستِ شفا دست قضا میں

کسی شمع تجلی کے اثر سے		لگی ہے آگ اِک دل تک جگر سے
مرے دل کو لیئے جاتا ہے کوئی		بچالے درد ہی اُٹھ کر جگر سے
الٰہی خیر ہو یہ درد کم بخت		بڑھا اب دل کی جانب بھی جگر سے
دمِ آخر حسام اُن کا یہ کہنا		کہو پلٹو گے کبتک اِس سفر سے

حسامی۔ مرزا حسام الدین حیدر دہلوی خلفِ مرزا خانی۔ اِنکے بزرگ کسی زمانے میں صاحبِ اقتدار تھے مگر یہ خود گردشِ زمانہ کے باعث بے علم رہے۔ بچپن سے فکرِ معیشت نے سر اُٹھانے نہ دیا داستان گوئی اور چالاکاری کو وسیلۂ معاش ٹھیرایا تھا۔ موزونی طبع کے باعث کبھی کبھی شعر گوئی کا اتفاق ہو جاتا تھا۔ خدا بخش خان تنویر سے اصلاح لیتے تھے۔ علمِ موسیقی میں بھی کچھ دخل تھا چونکہ اکثر اپنا ہی کلام گایا کرتے تھے اکثر غزلیں اُنکی زبان زدِ خاص و عام ہو گئیں۔ سنہ ۱۳۰۰ھ ہجری میں حیات تھے اور اُسوقت ۵۲ برس کی عمر تھی یہ اُنکا کلام ہے ✣

یارب ہمارے کام تو سارے سنوار دے
تیرے سوا ہے کون جو دلکو قرار دے

ظالم نے ایسے۔ تخت کو برباد کر دیا
یاں موسم خزاں ہے تو جلدی بہار دے

لوٹی گئی ہے اِس طرح مخلوق ہند کی
دھمکا کے تیغ سے کہا سب تار تار دے

دیگر

کیا تم سے کہوں لطف ہے جو عشقِ یار میں
پر اتنی بُرائی ہے کہ آرام نہیں ہے

مر جائینگے گھٹ گھٹ کے یونہیں ہجر میں تیرے
رُسوائے جہاں کرنا مرا کام نہیں ہے

کر ذبح مجھے شوق سے اے کافر بدکیش
ٹپڑوں تہ خنجر یہ مرا کام نہیں ہے

دیگر

اک لحظہ چین دل کو نہ اک دم قرار ہے
کیا جانے تیغ کسکی لگی کس کا وار ہے

نکلجائے کہیں یہ جان تن سے
چھٹوں فرقت کے میں رنج و محن سے

گئی یک بیک جو ہوا پلٹ نہیں دلکو اپنے قرار ہے
کروں غم ستم کا میں کیا بیاں مرا غم سے سینہ فگار ہے

وے شہرِ دہلی یہ تھا چمن کہ تھا سب طرح کا یہاں امن
وہ خطاب اِسکا تو مٹ گیا فقط اب تو اُجڑا دیار ہے

یہ رعایا ہند تباہ ہوئی کہوں کیا کیا اُنپہ جفا ہوئی
جسے دیکھا حاکمِ وقت نے کہا یہ تو قابلِ دار ہے

شب و روز پھولونمیں جو تُلیں وہ خارِ غم سے فگار ہوں
مے طوق قید میں جب بنھیں کہیں بے گل کے یہ ہار ہے

جو سلوک اوروں سے کرتے تھے وہی اب ہیں کتنے ذلیل و خوار
وہ ہیں تنگ چرخ کے جور سے رہائی پہ اُنکے نہ تار ہے

یہ زمانہ ہے وہ بُرا فلک چلونیچ کے سب سے الگ الگ
نہ رفیق کوئی کسی کا یاں نہ کسی کا کوئی بھی یار ہے

کیا حسامی ڈر تجھے حشر کا جو ضرار کہے تجھے برملا
تجھے ہے وسیلہ رسول کا وہی تیرا حامی کار ہے

حسان حکیم عبدالحق حسان۔ اسحٰق پٹن صوبۂ مدراس کے رہنے والے اور منشی احمد حسین شوکت کے معتقد ہیں۔ حالات باوجود کوشش دستیاب نہ ہو سکے اِنکے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔ حسان

ہمکو پلادے وہ مئے وحدت تو ساقیا
غم دو جہاں کا خاتم دل کا نگین ہو

پیشہ دغا کا کرتا ہے کیوں واعظ اختیار
خائن بہ باطن اور بظاہر امین ہو

خدائی کے نظر آتے ہیں جلوے دیکھ لے آکر
تماشا خانۂ دل تیرے نظارے کے قابل ہے

اے دل تمام رات تڑپتا ہے درد میں
پہلی ہی شب ہے اور تجھے اضطراب ہے

ظلم آنِ حُسن ہے اور دردِ شانِ عشق ہے
حُسن کی یہ جان ہے اور وہ روانِ عشق ہے

جگر کے داغ ہرے ہوں جو موسمِ گل میں
مَیں ارمغاں انھیں لیجاؤں باغباں کے لیئے

حسرت

حسرت ۔میر محمد حیات حسرت ملقب بہ ہیبت قلیخان۔ انکے والد نواب شوکت جنگ خلف نواب صولت جنگ صوبہ دار پورنیہ بنگال کی رفاقت میں کچھ دن رہے۔ پھر نواب سراج الدولہ کی سرکار میں داروغگی کی خدمت پر مقرر ہوئے۔ خود حسرت سنہ ۱۱۹۰ھ میں نواب مبارک الدولہ میر مبارک علیخان صوبہ بنگال کے ہاں افسروں میں تھے عظیم آباد کے رہنے والے۔ اور میرزا جانجاناں مظہر کے شاگرد تھے۔ انکی بدیہہ گوئی۔ حاضر جوابی۔ ظرافت اور دقیقہ رسی کا افسانہ فقط تذکروں ہی کے ذریعے سے اب تک باقی ہے شعر صاف اور پاکیزہ کہتے تھے لطف محاورہ کا بہت خیال رکھتے تھے۔ معاملہ بندی میں روزمرہ کا برتاؤ اُنکے مذاقِ سلیم کا شاہد ہے اُنکے بعض اشعار ایسے بھی ہیں کہ جو زبانوں پر چڑھے ہوئے ہیں مگر یہ کوئی نہیں جانتا کہ کس شاعر کے ہیں سنہ ۱۲۱۰ھ میں انتقال ہوا۔ فلین صاحب لکھتے ہیں کہ دیوان اُردو کے علاوہ ایک قصہ طوطی نامہ بھی انکی تصنیف سے تھا۔ ذیل کی چند غزلوں کے منتخب اشعار اُن کے دیوان سے نقل کیئے جاتے ہیں ؎

سیر رکھتا ہے ہمارا شیوۂ دیوانگی
عشق نے داغِ جنوں سے ہمکو گلدستہ کیا

کس ساعتِ بدقیدِ قفس میں وہ پڑی تھی
بلبل کو نہ پھر ہم نے گلستان میں دیکھا

حسرت اُسے بے برگ میں کن آنکھوں سے دیکھوں
جس باغ کو جوشِ گل و ریحان میں دیکھا

نجانوں کرے کیا حنا کا لگانا
لہو پانی کرتا ہے یہ پان کھانا

چھپاؤں اشکِ گلگوں کس طرح ہائے
گریباں ہو رہا ہے جا بجا سُرخ

ہم سے وحشت اِسے کیا کہتے ہیں
سب سے اُلفت اِسے کیا کہتے ہیں

لی اُٹھا چشمِ مروت ہم سے
بے مروت اِسے کیا کہتے ہیں

اُسکے دل میں کبھی تاثیر نکی
اے محبت اِسے کیا کہتے ہیں

بے سبب صاف دلوں سے صاحب
اِتنی کلفت اِسے کیا کہتے ہیں

اِتنا بھی عشق میں رُسوا ہونا
کہہ تو حسرت اِسے کیا کہتے ہیں

زلف و رخِ یار دیکھتا ہوں
کیا لیل و نہار دیکھتا ہوں

ہم نہوں تُو ہو تو سب چرچا کریں
شمع ہے محفل میں پروانہ نہیں

مر گئے اِنتظار کے ہاتھوں
کیا کہیں اپنے یار کے ہاتھوں

سدا بارش میں رہتی ہے ہماری چشمِ تر ساون
تو اِک دو دن برس کر ہے سے آسکتا ہو برساون

سُنا ہے آج میخانہ میں جامِ مے پرستوں نے
لُٹایا دین و دنیا دونوں ہمت اِسکو کہتے ہیں

ہم دوانوں کے نہیں عشق میں گھر جلتے ہیں
اِس محبت میں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں

اُڑا دے اے دوانے شورشِ سودا سے سب کو
بہار آئی تو کیدھر دیکھتا ہے پھونکدے گھر کو

زاہد جو نہیں ہے مرے دل سے آگاہ
ق
کہتا ہو کہ کافر ہے تو اے روئے سیاہ
ہوں جسکی پرستش میں کہوں کیا یارو
آتا ہے وہ بُت دیکھیو اللہ اللہ

میخانے میں کیا پھرے ہے مٹکی مٹکی
ق
زاہد و واعظ سے دُور بھٹکی بھٹکی
قاضی سے ڈرے نہ محتسب سے ہرگز
یہ دخترِ رز ہے جس سے اٹکی اٹکی

ترا غرور مرے عجز کے مقابل ہے
اُدھر پہاڑ اِدھر ایک شیشۂ دل ہے
یہ گل ہزار اپنے جامے میں پھول بیٹھے
ویسے کھلے نہ دیکھے بندِ قبا کسو کے

جُدائی کی ہوا دہکا گئی ہے آگ سینے کی
لگے اُڑنے بھبوکے آہ کے کیا طرح جینے کی

عشق میں یار گر وفا نہ کرے
کیا کرے کوئی اور کیا نہ کرے

کیسو دشمن کا آشنا بھی خدا
تجھسا بیگانہ آشنا نہ کرے

چاہے سو ہیں کرتو گنہگار ہیں تیرے
تقدیر تھی اپنی کہ گرفتار ہیں تیرے

عشق میں خواب کا خیال کسے
نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی

جتنے خوش چشم ہیں زمانے میں
رہتی ہے سب سے میری آنکھ لگی

ہے خبر آنیکی یاں کون سے دیوانے کی	کچھ ہوا آج جنوں خیز ہے ویرانے کی
تُو ہی اے ذوقِ ستم سلسلہ جُنباں ہو کبھی	یُوں تو ظالم کو مری یاد نہیں آنے کی

حسرت

حسرت ۔ میرزا جعفر علی نام حسرت تخلص باشندہ دہلی۔ والد انکے میرزا ابو الخیر دہلی میں عطاری کا پیشہ کرتے تھے۔ اور میرزا حسرت کا بھی اوائل شباب میں یہی پیشہ تھا۔ دوکان انکی دلّی میں اکبری دروازے کے قریب تھی۔ تعلیم و تربیت بھی انکی یہی ہوئی۔ مگر پھر دلّی سے نکلکر لکھنؤ میں مستقل قیام اختیار کیا تھا۔ اور عطاری کا پیشہ ترک کرکے مرزا جہاندار شاہ کی رفاقت میں رہنے لگے تھے۔ آخر عمر میں یہ سلسلہ بھی چھوڑ دیا اور گوشہ نشینی اختیار کرلی۔ چنانچہ اسی عُزلت گزینی اور اطمینان کی حالت میں ۱۲۱۷ھ ہجری میں انتقال کیا ✣

اِلکا سلسلہ شاعری رائے سرب سنگھ دیوانہ سے شروع ہوتا ہے۔ یہ بزرگوار اگرچہ ہندی نژاد تھے لیکن اپنی فطری مناسبت اور خداداد قابلیت کی وجہ سے فارسی زبان پر بہت اچھی طرح قادر تھے اور مذاقِ سلیم رکھتے تھے۔ اِن کے زمانے میں اکثر شعرائے لکھنو انھیں سے فنِ شاعری میں فیضیاب سخن ہوئے۔ چنانچہ حسرت بھی اِنھیں کے شاگرد تھے اور ایسے شاگرد تھے کہ خود بھی اُستاد مانے گئے اور انکے بھی بیسیوں شاگرد تھے جن میں شیخ قلندر بخش جرأت انکے شاگرد ایسے مشہور نامور اور صاحبِ دیوان شاعر گزرے ہیں کہ جن پر اُستاد کو بھی فخر تھا۔ حسرت کے تذکرے میں یہ بات نہایت دلچسپ اور عجیب ہے کہ انکے فیضانِ سخن کی ابتدا تو مغرب یعنی دلّی سے ہوئی اور انتہا مشرق یعنی بنگال و بہار میں۔ جسکو بالتفصیل یوں کہنا چاہیئے کہ انکے شاگرد رشید جرأت کے رنگ نے تو دلّی کی آب و ہوا میں پختہ ہو کر لکھنؤ پر اپنا اثر ڈالا اور شاگردانِ جرأت میں سے میاں ہجر صاحبِ نورتن نے اُسکو پوری آب و تاب کے ساتھ چمکایا۔ رافت کے کلام میں بھی دلّی اور لکھنؤ کے ساتھ ساتھ بہار و بنگال کا کچھ اثر پایا جاتا ہے۔ اِنکے بعد ضیغم وحشت۔ نساخ۔ اور شاگردانِ نساخ اِن سب کی نشو و نما بھی مشرق ہی میں ہوئی۔ اور ان کی شاعری بھی وہیں کی شاعری قرار پائی ✣

حسرت کے شاگردوں میں شہرت اور قابلیت کے لحاظ سے سب سے اوّل نمبر تو حضرت جوابت کا ہے اُن کے بعد شاہ قدرت اللہ قدرت۔ نواب محبت خان محبت۔ شہباز جنگ اور خواجہ حسن حسن لکھنوی وغیرہ کا نمبر ہے۔ یہ لوگ صاحب دیوان اور مسلّم الثبوت اُستاد گزرے ہیں۔ حسرت کی تصنیفات میں اُردو کلّیات کے سوائے اور کوئی کتاب یا تذکرہ مشہور نہیں ہے۔ اِس کلّیات میں۔ ساقی نامہ مثنوی۔ واسوخت۔ ترجیع بند۔ ترکیب بند مُسدّس۔ مخمسات۔ قصائد۔ اور رباعیات غرض اصنافِ سخن کے جملہ نمونے پائے جاتے ہیں۔ اِن کے علاوہ اُسی میں دو دیوان غزلوں کے بھی موجود ہیں۔ اُن کا قلمی دیوان راقم کے کتبخانے میں موجود ہے۔ اب کچھ عرصہ ہوا حسرت موہانی نے اُن کا انتخاب کلام بھی شائع کیا ہے۔ شمس العلماء مولوی محمد حسین صاحب آزاد صاحب آبحیات نے دیوان حسرت کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ "اُس میں پھیکے شربت کا مزہ آتا ہے" مگر راقم الحروف کے نزدیک مولانا کا یہ قول قابلِ تسلیم نہیں ہے۔ غالباً اُنکی نظر سے صرف اُن کا دیوان دوم گزرا ہے۔ اور اُسی پر اُنھوں نے مذکور القصدر رائے قائم کی ہے جو ایک حد تک صحیح ہے۔ اگر پورا کلّیات اُنکے سامنے ہوتا تو یقیناً وہ حسرت کے لیئے اس سے بہتر رائے قائم کرتے کیونکہ فی الواقع اُس میں اکثر جگہ بہت کچھ نمکینی اور چاشنی موجود ہے۔ یہ امر مُسلّم ہے کہ کسی عمدہ سے عمدہ کہنے والے کا بھی تمام کلام یکرنگ ہونا بہت مشکل بلکہ ناممکن ہے۔

حسرت کا کلام اکثر شعرائے متقدمین کی مانند تصنّع اور ناگوار رعایتِ لفظی سے پاک ہے درد اور سادگیٔ خیال کی بنیاد پر فی الجملہ میر کے کلام سے مشابہ ہے۔ اگرچہ نزاکتوں کی موزونیت اور الفاظ کی برجستگی میں میر تقی کا رتبہ بہت بلند ہے۔

میرزا حسرت کا خاص انداز یہ ہے کہ غزل کو اکثر قطعہ پر ختم کرتے ہیں اور مضمون مسلسل کے اسقدر گرویدہ معلوم ہوتے ہیں کہ بعض غزلوں میں مطلع سے مقطع تک ایک ہی مضمون ہوتا ہے یہ خصوصیت اِن سے گزر کر جرأت اور شاگردانِ جرأت میں بھی پائی جاتی ہے۔ جو بلاشبہہ

قابلِ تقلید ہے۔ حسرت اُردو شاعری کے علاوہ فارسی زبان میں بھی کامل دستگاہ رکھتے تھے اور مرزا فاخر مکین سے فارسی میں اصلاح لیا کرتے تھے۔ اب اُنکے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو

زیست میں بادہ کشی حُسن پرستی ہے مزا
اِس سوا جس نے کیا کام سو بیہودہ کیا

دل تو میرا ہو گیا آشفتۂ اُسکی زُلف کا
تیرے کیوں مُوہیں پریشاں تجکو سُنبل کیا ہوا

لا یا نہ کوئی چراغ و گُل یاں
بیکس ہی رہا مزار اپنا

کی دل نے بھی آہ بے وفائی
کوئی نہیں غمگسار اپنا

کیا مے تھی وہ چشمِ مستِ ساقی
ٹوٹا نہ کبھی خمار اپنا

تُو آئے کو یاں کے دن گنے ہے
ہم کرتے ہیں دم شمار اپنا

تیرا تو تب اعتبار کیجے
جب ہووے کچھ اعتبار اپنا

صبحدم نالے سحر کے جتنے تھے خالی گئے
اے دعاے نیم شب تیرے اثر کو کیا ہُوا

ایک سے اک اِس زمانیمیں ہے اُس سے خُوب تر
کوئی خوش آتا نہیں میری نظر کو کیا ہُوا

مجھے تک سانس بھی یہ درد و غم لینے نہیں دیتا
عجب کچھ درد ہے دل میں کہ دم لینے نہیں دیتا

اَجل سو بار آئی رنج میرا دُور کرنے کو
وَلے اِحساں مجھے تیرا کرم لینے نہیں دیتا

تمنا خاک کو میری قدمبوسی کی ہے لیکن
چلے ہے بچکے وہ ظالم قدم لینے نہیں دیتا

پھر اُدھر قتل کو آنکھوں سے اشارہ نہ کیا
نیم بسمل ہی رکھا کام ہمارا نہ کیا

بوسۂ لب دلِ بیمار کی قسمت نہ ہوا
درد کا میرے مسیحا نے بھی چارہ نہ کیا

دیکھ لیتا کوئی دم مَیں بھی تجھے بھر کے نگاہ
سامنے ہونیکا پر دل ہی نے یارا نہ کیا

اَے دل اگر تڑپنا تیرا یہی رہے گا
کاہے کو تو جیئے گا کاہے کو جی رہیگا

رہنے دے مے کو ساقی ہم تو چلے یہاں سے
قسمت میں جسکی ہوگا سو جام پی رہیگا

ایک نے بھی نہ کی وفا ہم سے
ہم نے کِنتوں سے دل لگا دیکھا

یار رہے دُکھ میں یار رہے غم میں
ہمنے دُنیا میں آکے کیا دیکھا

بھولتا ہی نہیں وہ دل سے اُسے
ہم نے سو سو طرح بھلا دیکھا

بہاریں ہمکو بھولیں یاد ہے اتنا کہ گلشن میں
گریباں چاک کرنے کا بھی اک ہنگام آیا تھا

نہیں معلوم کیا تھا جو سحر تک شمع رویا کی
کچھ اپنا حال پروانہ سنانے شام آیا تھا

اجل منت تری کیا ہے وہ ابرو جب سے دیکھے تھے
اُسی دم سے ہمیں تو مرگ کا پیغام آیا تھا

وفا سمجھا تھا میں پر دل کو لیتے ہی نہ وہ ٹھیرا
جو دیکھا تو غرض کو اپنی وہ خود کام آیا تھا

مطلب نہیں ہے شکوہ۔ ان بیمروتوں کا
حسرت مجھے ہے رونا اِس دل کی حسرتوں کا

ہر اشک ہو وہ قاصد ہے جسکے پاس دفتر
تیری شکایتوں کا میری حکایتوں کا

گیا دل سو گیا رونے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
اگر رو رو کے جی کھوویں تو پیدا دل نہیں ہوتا

کسکی نگہ کا تیر لگا آہ کیا ہوا
تڑپے ہے دل مرا اسے اللہ کیا ہوا

جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا
جو میں پوچھا کہا دل دیکھتا تھا

جوں لالہ بہار کر رہا ہے
یہ سینۂ داغدار اپنا

کا شکے عشق جتاتا نہ میں اُسکو حسرت
میری صورت سے وہ بیزار ہوا کچھ نہ ہوا

بچا تجکو مریضِ عشق سے ملنا حذر آیا
کہ آئینے میں شکل اپنی جو دیکھی مجکو ڈر آیا

رقیبوں کے حوالے کر کے خط کو نامہ بر آیا
عزیزوں کیا کہوں قاصد تو میرا کام کر آیا

نامہ بر دل سے نہیں بہتر کوئی پر تجھ کنے
اُسکو بھی بھیجا نہ میں نے بدگمانی کے سبب

کیا مجال اسکی کہاں تو اور کہاں میرا غبار
لگ چلا دامن سے تیری مہربانی کے سبب

اپنے لب تو وا نہ کر اے خندۂ زخمِ جگر
چرخ دیگا لاکھ غم اِس شادمانی کے سبب

پتنگے شمع کے صدقے ہوں بلبلیں گل پر
کوئی کسی کے فدا ہوئیں ہوں فدائے حبیب

بہشت کی مجھے ترغیب تو نہ دے واعظ
کسیکی مجکو تمنا نہیں سوائے حبیب

کسی دشمن کو بھی نصیب نہ ہو
جیسی تجھ بن کٹی ہماری رات

بے خبر یار مری لینے خبر آیا ہے
دین و دنیا کی نہیں مجکو خبر آجکی رات

گر بے وفا ہے قتل ہی کرنے کو آ یہاں
گر مجھ سے کچھ غرض ہے تو مطلب کو اپنے آ
گر بے خطا ہوں میں تو مجھے آ کے وصل دے
القصہ اب نہیں ہے ذرا تاب انتظار
دیکھی نہ ایسی جنگ نہ میں نے بہار صلح
کہتا ہے تو ملوں گا نہ اس سے پر آج کل
فانوس میں شمع ہے کہاں ایسی خوشنما
مجنوں ترے ہی پانو کے ٹوٹے ہیں آبلے
روز ازل سے حسن کی جلوہ گری ہے تا ہنوز
میکدے میں نگاہ نے تیری عجب فسوں کیا
بوئے یوسف مگر آئی نہیں کنعاں میں ہنوز
قتل کا تو نے جو حسرت کے کیا ہے ساماں
اپنی خاطر نہیں منظور رہائی مجھ کو
لبسکہ تھا انس بہم بعد رہائی صیاد
روئے گل دور ہی سے دیکھ لیں ہم اے صیاد
مانند گل کروں میں گریباں کو چاک چاک
حسرت مجھے ہے ڈر کہیں آنسو ابل نہ جائیں
دیکھتے ہی شمع کو جاتا ہے پروانے کا ہوش
مست میں تو ہو گیا تیری نگہ سے ساقیا
ہو گئی بلبل قفس کو دیکھتے ہی بیہوش
جونہی ذکر عشق چھیڑا بس ہوا بیہوش میں

قطعہ

اور باوفا جو ہو تو برائے خدا پہنچ
اور کچھ نہ کام ہووے تو بے مدعا پہنچ
اور ہو گناہ میرا تو دینے سزا پہنچ
جس طور جانے پاس تو حسرت کے آ پہنچ
سو بار دن میں لڑتے ہو اور سو ہی بار صلح
حسرت کرے گا آپ سے بے اختیار صلح
جو پیرہن میں دیتا ہے اس کا بدن بہار
ہر نوک خار سرخ ہے دیتا ہے بن بہار
ہم بھی تبھی سے محو ہیں بیخبری ہے تا ہنوز
شیشوں میں مے کے ہر طرف قرص بھی ہوتا ہے نور
کہ صبا ڈھونڈتے ہے اس کو گلستاں میں ہنوز
کچھ رہا ہے مگر اس بے سر و ساماں میں ہنوز
میں ہوں آزاد تو ہو رنج سے آزاد قفس
ہم قفس یاد کریں ہم کو کرے یاد قفس
ٹک تو لیجا کے تو لگا سینہ شمشاد قفس
آتا ہے میرے دل میں یہی بار بار جوش
رکھتا ہوں جی کا جی ہی میں مار مار جوش
آہ پھر رہتا ہے کیونکر اسکو جلانے کا ہوش
اب نہیں مجھ میں رہا ہے اور پیمانے کا ہوش
کچھ نہیں اسکو رہا ہے آب اور دانے کا ہوش
آگے حسرت کچھ رہا مجھکو نہ افسانے کا ہوش

کل کب تھے ہم سے خوش کہ نہیں ہو تم آج خوش
سنتے تو ایک دن بھی نہ پایا مزاج خوش

کوڑیوں کے مول بیچا مصر میں تو نے فلک
ہائے اُس یوسف کو جو تھا سارے کنعاں کی بساط

تو نے اے غم اُنکو بھی کھویا رُلا کر ہے غضب
تجھ سے کئی ٹکڑے جگر کے چشمِ گریاں کی بساط

ایک بوسہ دیتے اُنکا حوصلہ ہوتا ہے تنگ
خوب حسرت دیکھ لی ہمنے بھی خوباں کی بساط

اِتنی مجھے نہیں ہے دل و جاں کی احتیاط
منظور جتنی ہے ترے پیکاں کی احتیاط

کچھ اس سے میرے پاؤں کے ہے آبلوں کو کام
اے برق کیجو خارِ بیاباں کی احتیاط

اے فلک باقی نہیں ہے میرے دل میں جائے داغ
اور کیوں دیتا ہے مجکو دل پہ بالائے داغ

تجھسا مہرو داغِ ہجراں دیکے یوں جاتا ہے
حیف غم افسوس حسرت ہائے حرماں ہائے داغ

سخت بیدردی ہے بیدردوں سے کہنا دردِ دل
منتِ مرہم نہ لیجے کھینچئے ایذائے داغ

قطعہ

حسرت ہزار رنگ سے بولا میں جھوٹ سچ
یعنی کہ تو بت آئے سخن کی قسم تلک

لیکن سمجھ کے۔ بات کو اُس نے اُڑا دیا
پہنچا تے ورنہ ہاتھ ہم اُسکے قدم تلک

تیری فرقت میں ہے شام و سحر مجکو عجب مشکل
جو شب کاٹی تو دن مشکل جو دن کاٹا تو شب مشکل

کرم سے کھول جو عقدے پڑے ہیں کام میں میرے
ترے آگے ہیں سب آساں مرے نزدیک سب مشکل

ظلم کر اور نہ رکھ عاشقِ بدنام سے کام
اپنے تو کام میں رہ کیا ہے مرے کام سے کام

گردشِ چشم نے ساقی کی چھکایا ہے ہمیں
کچھ نہیں ہمکو رہا گردشِ ایام سے کام

شیخ کو اُس کی بہشتیں ہوں مبارک ہمکو
شیشہ و ساقی و گل یار و مے و جام سے کام

قطعہ

کل روتے ہوئے جو اتفاقاً
حسرت کے مزار پر گئے ہم

پڑھتا تھا یہ شعر رو تہِ خاک
پھر سنتے ہی جسکے مر گئے ہم

تو ماندوں پہ دیکھتے یہ کیا ہو؟
آپنا تو نباہ کر گئے ہم

نہ ہووے درد کیونکر آہ صبح و شام پہلو میں
کہ دل لیتا نہیں اک آن بھی آرام پہلو میں

ہوئے ہم بت کے بندے برہمن سے راہ کرتے ہیں
حرم کے رہنے والو! تم سے عشق اللہ کرتے ہیں

نہ دیکھ اے شیخ تو اُنکی طرف چشمِ حقارت سے
گدایانِ خرابات اِک نگہ میں شاہ کرتے ہیں

نکلجائے کسی دن جی بھی شاید ساتھ واکے
ہزاروں رات دن میں نالۂ جانکاہ کرتے ہیں

ہوا سے بال زلفوں کے جو رُخساروں پہ ہلتے ہیں
دلِ بیمار اُٹھ بیٹھو کہ دونوں وقت ملتے ہیں

ساقی مے دے کہ اہلِ مجلس
پانی پانی پکارتے ہیں

بسایا ہم نے تو اے ہمصفیر و کنجِ زنداں کو
اَب آتش دو چمن کو آہ اور پھونکو گلستاں کو

آنکلے اگر ایدھر کیا کیجے نثار اُن پر
اِک جان ہے سو والہ اِک سر ہے سو شوریدہ

تجھ سے کیا کہتے دردِ دل لیکن
نہیں رہتی زبان کیا کیجے

آشیاں ہی اُجڑ گیا اپنا
رہ کے اے باغبان کیا کیجے

مُفت مرتا ہے غم سے حسرت نام
ایک بیکس جوان کیا کیجے

بہار ہو چکی اور شورِ بلبلوں کا گیا
مرے دماغ سے اُس گل کی ہائے بُو نہ گئی

مثالِ نقشِ قدم یاں سے اُٹھ نہیں سکتے
تری گلی میں نجانا بھلا تھا جانے سے

اُڑ گئی پر سے طاقتِ پرواز
کہیں صیاد اب رہا نہ کرے

تم جو کہتے ہو کہہ دو حسرت سے
ق آہ و فریاد یاں کیا نہ کرے

آپ کا اِس میں کیا بگڑتا ہے
دردِ دل کی کوئی دوا نہ کرے

تمھیں غیروں سے کب فرصت ہم اپنے غم سے کم خالی
چلو بس ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی

کہہ بیٹھے بُرا منہ سے بھلا اور بھی کچھ ہے
دشنام ہی دے جائے ہے یا اور بھی کچھ ہے

فسانہ وصل کا جس سے دلِ بیتاب کہتا ہے
وہ کہتا ہے کہ افسانہ نہیں یہ خواب کہتا ہے

تاراج کیا صبر و دل و جان پھر اب آگے
کیا خاک بچی ہے جسے برباد کرو گے

کس کا ہے جگر جسپہ یہ بیداد کرو گے
لو دل تمھیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کرو گے

گر کہیے تو رات تو دن کو کہوں میں رات ہے
کفر کچھ اس میں نہیں یہ دل لگی کی بات ہے

جگر سوزاں ہے۔ دل بیتاب ہے۔ اور چشم گریاں ہے
الٰہی دن ہے میرے مرگ کا یا شامِ ہجراں ہے

یہ کسکی نعش جاتی ہے کہ جسکے ساتھ اے گردوں		غم و درد و الم فریاد و افغاں مرثیہ خواں ہے
یہ بھی اک ستم تھا کہ خواب میں مجھے مشکل آکے دکھا گئے		کبھی نیند برسوں میں آئی تھی سو اسطرح سے بھگا گئے
ہمارے کام پہ ہر چند آسمان پھرے		تجھے قسم ہے جو تو اِس طرف کو آن پھرے
دل درد نہاں آہ سے کیونکر نہ کرے	ق	پر آہ تو تب کرے جو اُس سے نہ ڈرے
وہ مشکل ہے جیسے دشمنوں میں گھائل		دم لیوے تو سر کٹے نہ دم لے تو مرے
اہ تو یہ دل اِک بُتِ نا آشنا کے ہاتھ ہے		اُسکے ہاتھوں چھوٹنا اِسکا خدا کے ہاتھ ہے
بزم میں بیٹھے تھے کل جتنے پریرو حور سے		دیکھکر اُسکو لگے لینے بلائیں دُور سے

حسرت

حسرت — منشی ذوقی رام حسرت۔ اگروال ویش۔ قدیم رئیس شاہ جہاں آباد۔ زیادہ تر فارسی شعر کہتے تھے اور صاحب دیوان تھے۔ فارسی زبان پر بہت اچھی قدرت حاصل تھی شعر میں متانت کے علاوہ محاورہ اس خوبی سے نظم کرتے تھے کہ ایرانیوں کو ان پر اہل زبان ہونیکا دھوکا ہوتا تھا۔ نہایت خلیق متواضع اور نیک نہاد بزرگ تھے۔ مدتوں ریاست رامپور اور فرخ آباد میں رہے۔ اُساتذہ کا کلام انھیں بہت یاد تھا۔ کبھی کبھی اُردو میں بھی فکر سخن کیا کرتے تھے۔ مندرجۂ ذیل اشعار اُنھی کی طبع نازک کا نتیجہ ہیں۔ ملاحظہ ہوں۔

یار کرتا ہے سفر گلشن میں آتی ہے بہار		دیکھیں اَبکے سال کیا کیا گل کھلاتی ہے بہار
سر اُٹھا سکتی نہیں شاخ گلوں کی مطلق		بس کہ ہے حُسن سے اُس شوخ کے محجوب بہار
حسرت میں کس کس آفتِ جاں سے بچاؤں دل		عشوہ۔ ادا۔ نگاہ۔ تبسم۔ خرام ناز
قبا پہنے اگر وہ سیم بر سبز		نہو سرو چمن زنہار سرسبز
عیب معشوق کا کب اہل وفا کہتے ہیں		خوب نہیں کرتے جو خوبوں کو بُرا کہتے ہیں
گر کوئی لیتا ہے میرا نام اُسکے رُو برو		دے ہے مجکو سینکڑوں دشنام اُسکے روبرو
روز و شب چلتا رہے ہے یاں تو حسرت دورِ جام		یاد کیا ہے گردش ایام اُس کے روبرو
ہائے کس سے کہوں کہ او بدعہد		کیا کہا اور کیا کیا تو نے

ہوشیاری میں جو آرام نہ پایا تیں نے
جان کر آپ کو دیوانہ بنایا تیں نے

آنکھ تو روکے چھوٹ جاتی ہے
دل بچارے پہ آفت آتی ہے

شمع کے طور آتشِ الفت
سر سے پاؤں تلک جلاتی ہے

دردِ دل کس سے میں کروں اظہار
سن سکے کون کسکی چھاتی ہے

دن تو گزرا پہاڑ سا جوں توں
دیکھئے رات کیسی آتی ہے

غیر کے پاس روز جاتے ہو
اپنے حسرت سے عار آتی ہے

برنگِ آبلہ اے وائے کیا یہ زندگانی ہے
کہ جسکے پاؤں پڑتا ہوں اُسیکو سرگرانی ہے

حسرت منشی آتمارام صاحب باشندۂ دہلی خلف رائے دولت رام صاحب نبیرۂ راجہ کنول نین بہادر بیشتر بہت مرفہ الحال تھے مگر دلی کی تباہی کے بعد وہ صورت نہ رہی۔ ۱۹۰۳ء میں ۶۶-۶۷ برس کی عمر میں قضا کی۔ آخر عمر میں شعر گوئی بالکل ترک کر دی تھی کامل ۳۰ برس راقم تذکرہ کے والدِ مرحوم کے پاس ملازم رہے کلام درج ذیل ہے ✦

وہ دن گئے جو راحت و عشرت نصیب تھی
حسرت تو مبتلائے غم و فکرِ نان ہے اب

دیکھا جدھر اُٹھا کے نگہ خاک کر دیا
دل کیا بچے کہ تیرے اشارے بلا کے ہیں

گردوں پہ سب شفق جو بتاتے ہیں ہے غلط
بادل رنگے ہوئے ترے رنگِ حنا کے ہیں

غمزے ہیں چھیڑ آنکھوں میں شوخی نگہ میں ناز
ہر ہر ادا میں تیری چھلاوے بلا کے ہیں

تجھ بن شبِ جدائی میں ہائے صنم مرا چین گیا مری نیند گئی
کہوں کس سے جو دلپہ ہے میرے الم مرا چین گیا مری نیند گئی

یہی کہتا ہے حسرتِ خستہ جگر ترے ہجر میں ہو کے بدیدۂ تر
تپ ہجر سے آگیا لب پہ دم مرا چین گیا مری نیند گئی

تری محفل میں آوے کیوں نہ حسرت شمع رو ہر دم
کہ جس جا شمع ہوتی ہے وہاں پروانہ آتا ہے

اک دل وہی کے جرم پہ جو ہو سزا قبول
یہ ہی سزا تھی مجھ سے گنہگار کے لیئے

ہمارا دل ہی یہ جانے ہے کیا کہیں حسرت
خراب جیسے ہوئے شوخ پُر جفا کے لیئے

حسرت ۔ حافظ عبدالرحمن حسرت ساکن پانی پت شاگرد معارف دستگاہ قاضی

محمد ثناء اللہ صاحب مرحوم پانی پتی۔ عرصہ ہوا انتقال کر گئے۔ یہ کلام ہے۔

کس لیئے چاک قفس بند کیئے آئے صیاد	کیا ہوا میں نے اگر سوئے گلستاں دیکھا
تم بھی بیٹھو گے دل کو ہمیں سنتے کیا ہو!	اگر آئینہ کبھی تم نے میرے بیجاں دیکھا
اُسنے حسرت کو کیا قتل کہیں ہائے کہ آج	میں نے اُس شوخ سے ظالم کو پشیماں دیکھا
ہمتو حسرت کو سمجھتے تھے کہ اک عارف ہے	یہ تو اے وائے نہ کافر نہ مسلماں نکلا
گر نہیں دوست خدایا میری جاں کے دشمن	کیوں شب غم مرے جینے کی دعا کرتے ہیں
ہائے کیا جور کشی کی ہمیں عادت ہے کہ آپ	اُس ستمگار کو تحریک جفا کرتے ہیں
کیا ہوا دیکھ تو ناصح کہ ہمارے منہ سے	یا صنم نکلے ہے جب یاد خدا کرتے ہیں
کیونکر کہوں کہ ہجر میں مطلق نہیں خبر	اِتنی خبر تو ہے کہ مجھے کچھ خبر نہیں

حسرت

حسرت۔ جناب حکیم غلام رسول صاحب عظیم آبادی شاگرد جناب خان بہادر شاد صاحب حالات باوجود کوشش کچھ معلوم نہیں ہوئے۔ کلام کا نمونہ ذیل کے دونوں شعر ہیں۔ ملاحظہ ہوں

جس جگہ شام ہوئی اپنا بسیرا ہے وہیں	ہم سے آواروں کا صیاد نشیمن کیسا؟
آفتاب اُسکو کہوں یا گل جنت حسرت	کیا بتاؤں کہ ہے اُس کا رخ روشن کیسا؟

حسرت

حسرت۔ کنور اعتماد علیخاں بہادر حسرت رئیس اعظم سعد آباد ضلع متھرا آپ کنور ارشاد علیخاں کے بیٹے اور فن سخن میں حضرت فصیح الملک مرزا داغ کے قدیم شاگردوں میں ہیں۔ اُنکی زندگی ہی میں صاحب دیوان بھی ہو گئے تھے۔ چنانچہ آپ کا مطبوعہ دیوان موجود ہے۔ شعر خاصہ کہتے ہیں۔ زبان۔ بندش۔ صفائی۔ اور روزمرہ کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ ۴۰۔ ۵۰ سال کے درمیان عمر ہے مانجربہ کاری اور غفلت کیوجہ سے آپکی زمینداری کا کسیقدر حصہ تلف ہو گیا۔ اب صرف کچھ معاش باقی ہے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔ ملاحظہ ہو۔

سہل میں دل کے لگانے کو میری جاں سمجھا	ہائے جو کام تھا دشوار وہ آساں سمجھا
بیخودی کا ہو برا ہائے کیا کیا میں نے	دامن یار کو بھی اپنا گریباں سمجھا

پائے انکار کو لذت ہوئی حاصل کیا کیا
مسکراتے ہوئے قاتل کو جو دیکھا دمِ قتل
مژگاں سے چشمِ شبدہ گر دل کو لے گئی

سرِ ہر خار کو میں تیر کا پیکاں سمجھا
زخمِ دل شورِ تبسم کو نمکداں سمجھا
ہے کسقدر یہ ہاتھ کی چالاک دیکھنا

ہے وہ نقشہ تری یکتائی کا
ہوگیا دلکی تمناؤں سے
پاسباں سے ہمیں وحشت کیا تھی
روزِ محشر بھی نہ نکلے وہ ہے
اِک نظر دیکھ لیں اُسکی صورت

اُڑ گیا رنگ تماشائی کا
ایک شہرہ مری رسوائی کا
پاس تھا آپ کی رسوائی کا
حوصلہ تیرے تمنائی کا
جنکو دعویٰ ہے شکیبائی کا

خیالِ کینہ و بے رحمیٔ صیاد بے جا ہے
اثرِ جذبِ محبت نے خلش ہی رکھی

ہمارے نالۂ دل نے ہمارا آشیاں پھونکا
تیر نکلا مرے پہلو سے نہ پیکاں نکلا

دوست دشمن کا آشنا نہ ہوا
مجکو چاہت کی داد ملجاتی
غیر پر بھی اگر ستم ہوتا

مدعی کا بھی مدعا نہ ہوا
تو کسی پر بھی مبتلا نہ ہوا
شکوہ ہوتا نہ مجکو غم ہوتا

افسوس وقفِ حسرت و اندوہ ہوگیا
خدا اک دم خیالِ یار جی سے ہو نہیں سکتا
ہمیں کو چاہیئے کرنا ہمیں جو کام کرنا ہے
یہی وہ جنس ہے انسان جو مشکل سے دنیا ہے
مقدر جب بُرا ہو کچھ کسی سے ہو نہیں سکتا
تمھارے ہاتھ مرنا ہے تمھارے ہاتھ جینا ہے
خاکساری کا داغ آب آسماں پر ہو گیا
چبھے جاتے ہیں پھر دلمیں مرے کچھ آج خنجر سے

دلِ قابلِ تصورِ جاناں نہیں رہا
یہ غم سے ہو نہیں سکتا خوشی سے ہو نہیں سکتا
کسی کا کام یہ سچ ہے کسی سے ہو نہیں سکتا
متاعِ دلکا سودا دلّگی سے ہو نہیں سکتا
مثل سچ ہے کہ کچھ بھی آدمی سے ہو نہیں سکتا
جو میرا کام ہے میری خوشی سے ہو نہیں سکتا
کسکے دامن پر لگا دَھبا ہماری خاک کا
میری آنکھوں میں نقش پھر رہا ہے اُسکی ابرو کا

یہی کمبخت مجکو رات دن بے چین رکھتا ہے
کہ دلمیں ہوگیا ہے درد اب تو میرے پہلو کا

چیز اچھی ہو تو ہوتے ہیں خریدار بہت
تم سے بڑھجائیں گے لاکھوں جو مراول ہوگا

اِس بہانے سے موت آنی تھی
ٹال دی بات گالیاں دے کر

نہوا وصل تو وصال ہوا
عرضِ مطلب کا یہ جواب ہوا

ہوش آئے تو کرے خون کا دعویٰ کوئی
کشتۂ تیغ ادا حشر میں بے ہوش رہا

لذّتِ وصل ملی وصل کی شب بھی نہ مجھے
رات بھر جلوۂ دیدار سے بے ہوش رہا

اِس کا مبنی پنہاں سے تو خوں ہو کے مرا دل
ہمراہ جو اشکوں کے نکلجائے تو اچھا

اُٹھتے نہیں وہ بزمِ عدو سے فغاں فغاں
آتی نہیں ہے ہائے قیامت کو کیا ہوا

دشمنوں کا نہیں شکوہ کہ تری اُلفت میں
دوستوں کو انھیں آنکھوں سے بدلتے دیکھا

سیکڑوں یونہی مسیحا نے جلائے مُردے
کوئی بیمارِ محبت نہ سنبھلتے دیکھا

کعبہ و دیر ہوئے شیخ و برہمن کے سپرد
ہم بھی دیکھہ آئیں ٹھکانا کہیں چلکر اپنا

شکر لازم ہے اِس عنایت کا
وصل میں کام کیا شکایت کا

کوئی اُمید اب نہیں باقی
ولولہ مٹ گیا محبت کا

داد ملنے کی نہیں کوئی تمنا ہمکو
داورِ حشر ڈھکا رہنے دے پردا اُنکا

قیامت وصل کی شب میں مجھے یہ اُنکا کہنا تھا
کہ تم تو مُنہ لگانے ہی ہوئے بیباک کیا کہنا

تم کو جانا ہے گھر چلے جانا
شب کی شب ٹھہر کر چلے جانا

آ تو جاؤ میری عیادت کو
اِک ذرا دیکھہ کر چلے جانا

جب گزرنا ہماری تربت پر
مُنکو مُنہ پھیر کر چلے جانا

جاتے ہیں جان سے ذرا ٹھیرو
ہم اُدھر تم اِدھر چلے جانا

آرزوئے دلِ بیتاب کا بر آنا تھا
تیر کا سینۂ بسمل میں پر افشان ہونا

آنکھہ نیچی نہیں ہوتی تھی تمھاری کل تک
آج کیا ہے جو چُراتے ہو نظر آپ سے آپ

نہ تم اپنے نہ دل اپنا نہ قسمت آشنا اپنی
یہ میرا طالع واژوں یہ میری نارسا قسمت

عدو کے ساتھہ گزاری ہے تم نے ساری رات
خبر ہے کیا تمھیں کیسی کٹی ہماری رات

قاصد سے کہہ رہے ہیں مرا حال سُنکے وہ
اُسکی طرح سے تجکو بھی آتی ہے جھوٹ سچ

اَب یہاں تک تو بڑھا اُنکے ستم کا انداز
میرے دشمن مجھے جینے کی دُعا دیتے ہیں

توبہ کرتا ہوں مگر پھر بھی مرے ہم مشرب
منّتیں کرکے مجھے روز پلا دیتے ہیں

وہ نا اُمید کہ ہو موت سے ہی کچھ لشکیں
جہاں میں جس کا نہ ہو آسرا وہ کوں کہ میں

شبِ فراق بلاؤں بھی تو نہیں آتی
جسے کہ بھول گئی ہو قضا وہ کون کہ میں

نہ موت آتی ہو جسکو نہ رزق ملتا ہو
جسے کہ بھول گیا ہو خدا وہ کون کہ میں

شوخی نہیں شامل جو تری شرم و حیا میں
چُبھتی ہوئی کچھ بات نہیں ناز و ادا میں

کیا قہر ہے مجکو لبِ جاں بخش نے مارا
تُو زہر کی تاثیر ہوئی آبِ بقا میں

اِس ظلم و ستم پر بھی کروں مہر و محبت
دُنیا سے نیا چاہنے والا تو نہیں میں

وہ پاس بھی ہیں تو بھی سمجھتا ہوں دُور میں
فرقت کا بندھ رہا ہے تصوّر نگاہ میں

ایسے گنہ کیئے ہیں کہ اللہ کی پناہ
لکھنے سے جسکے کاتبِ اعمال تنگ ہیں

ہر چند اُسنے خاک میں مجکو ملا دیا
دل پھر بھی کہہ رہا ہے کہ وہ ہو فا نہیں

دم کچھ ارمان نہیں ہے کہ نکل ہی نہ سکے
موت کچھ تم تو نہیں ہو کہ بُھلا بھی نہ سکوں

حضرتِ ناصح یہ مانا بیوفا وہ شوخ ہے
جب نہ ہو بس میں طبیعت پھر کروں تو کیا کروں

عرصۂ حشر میں اے واعظ کچھ ہو کہ نہ ہو
جیتے جی تم تو جہنم میں جلا دو مجکو

کسی صورت سے تو ارمان تمہارا نکلے
گالیاں اَور بھی دو چار سُنا دو مجکو

اور کیا چاہیئے گر اسکو قرار آ جائے
موت سے دل جو بہلتا ہے بہلجانے دو

سوئے گورِ غریباں گر وہ جائیں تو یہ حالت ہو
نکل آئیں تڑپ کر قبر سے مُردے قیامت ہو

ہوئی ہائے نامنصفی کیسی کیسی
مجھے حشر پر تھے گماں کیسے کیسے

دل کو غم آشنا کرے کوئی
آپ سے جب وفا کرے کوئی

دل بھی کرنے لگا دغا ہم سے
کِس کا آب آسرا کرے کوئی

خوشی گناہ میں اتنی ہے کردگار مجھے	کہ لوگ کہتے ہیں تیرا گناہگار مجھے
اثر یہ جذبۂ دل کا نہیں تو پھر کیا ہے	وہ اور بیٹھ کے روئیں سرِ مزار مجھے
خراب کرکے دلِ بیقرار چھوڑے گا	اُبھارتا ہے یہ کمبخت بار بار مجھے
دبی زباں سے کہوں حرفِ مدعا اُن سے	سنبھلنے دے جو ذرا آج اختیار مجھے
وہ خوش نصیب ہوں آخر پلا ہی دیتے ہیں	چھپا چرا کے حریفانِ بادہ خوار مجھے
وعدہ ہے اُنکے آنیکا اور موت آگئی	مرنا ہوا ہے آج تو دشوار اور بھی
بوسہ لیا تو خوبیٔ تقدیر دیکھیے	کملا گئے وہ پھول سے رخسار اور بھی
جسے نادان کہتے ہیں قیامت	وہی تو تیرے ملنے کی گھڑی ہے

حسرت

حسرت - منشی احمد علی حسرت برادر صغیر حکیم محمد کبیر صاحب - زیادہ حالات معلوم نہیں ہوئے نمونۂ کلام میں ذیل کے دو شعر ملاحظہ ہوں -

تمھاری قدر لوگ کم جانتے ہیں	جو تم ہو پیارے سو ہم جانتے ہیں
شاید وہ شوخ آج پھر اغیار پاس ہے	جو دل پر اضطراب ہے اور جی اُداس ہے

حسرت

حسرت - مولنا حبیب الرحمن خان شروانی رئیس بھیکم پور ضلع علیگڈھ - آپ نواب عبدالشکور خان صاحب کے بھتیجے اور محمد تقی خاں کے فرزند رشید ہیں - اپنے ضلع کے عمائدین میں گنے جاتے ہیں - ۳۸-۱۸۴۰ کے درمیان آپ کی عمر ہے - عربی فارسی کی استعداد عالمانہ اور اخباری دُنیا میں آپکی شہرت معقول ہے - علی گڑھ کالج اور دیگر اسلامی مجالس کے رُکن ہیں - ندوۃ العلماء کا رسالہ کچھ عرصے سے آپ ہی کی زیرنگرانی شائع ہوتا ہے قصبہ بھیکم پور کے متصل آپنے آپنے نام سے ایک موضع حبیب گنج آباد کیا ہے اور وہیں زیادہ تر قیام رہتا ہے - فارسی میں اکثر طبع آزمائی کرتے ہیں - اُردو میں گاہے ماہے - لفظ شروانی جو آپکے نام یا تخلص کے ساتھ لکھا جاتا ہے یہ آپ کا خاندانی اور قومی نام ہے - آپکی نگارش سے معلوم ہوا کہ آپکے مورثِ اعلیٰ سلطنت لودیہ کے عہد میں قندھار کے نواح سے وارد

ہندوستان ہوئے تھے۔ غلزئی۔ لودی۔ اور شروانی۔ تینوں حقیقی بھائی تھے۔ عمر خان شروانی جن کا ذکر سکندر لودی کے حالات میں صاحب تاریخ فرشتہ نے کیا ہے آپکے مورث خاندان تھے۔ اکبری اور شاہجہانی عہد میں اس خاندان کے لوگ دلی سے نکل کر علیگڈھ کے ضلع میں آباد ہوئے۔ یہاں اپنی قوت بازو سے ریاستیں پیدا کیں اور گورنمنٹ کے زیر سایہ انھیں اور وسیع کیا۔ حسرت شروانی کی ولادت ۱۲۸۵ھ میں ہوئی۔ آپکی فارسی تعلیم ابوالفضل مینا بازار اور رسہ نثر ظہوری تک ہے۔ عربی میں تمام درس نظامی باستثنائے چند کتب ختم کیا ہے۔ اکثر درسی اور مذہبی کتب عربی مولنا مفتی لطف اللہ صاحب۔ قاری عبدالغنی صاحب اور شیخ حسین صاحب عرب محدث بھوپال وغیرہ علمائے عصر سے پڑھیں اور حضرت مولینا فضل الرحمن صاحب قدس سرہ سے آپ کو شرف بیعت حاصل ہے۔ انگریزی تعلیم پرائیوٹ استادوں سے اور آگرے کے سکول میں انٹرینس تک حاصل کی۔ لغات امیر کے سلسلے میں جناب منشی امیر احمد مینائی سے مراسلت کا آغاز ہوا اور یہی سلسلہ آخر میں تلمذ کا ذریعہ بنا۔ فارسی میں آپ جو کچھ فرماتے ہیں وہ ایک خاص اثر کا نتیجہ ہے۔ آپ نے عربی فارسی اور اردو کا ایک کتبخانہ بھی وسیع پیمانہ پر جمع کیا ہے جس میں پرشین لٹریچر کا قلمی ذخیرہ بہت کچھ ہے۔ اور عمدہ ہے۔ اساتذہ میں خواجہ حالی۔ خواجہ عزیز لکھنوی۔ اور علامہ شبلی سے آپکے گہرے تعلقات ہیں۔ اپنے ضلع کے درباریوں میں ہیں۔ ایکٹ اسلحہ سے مستثنیٰ ہیں اور اسپیشل مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل ہیں۔ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔ (ایک نامے کے چند متفرق اشعار)

صبح وصل

صبح کے وقت کا عالم ہی نرالا سماں — حسن کا سب لٹا ہوا سامان

آنکھوں میں سرمے کا یونہی سا اثر — بال بکھرے ہوئے وہ ماتھے پر

خواب نوشیں کی آنکھوں میں سرخی — کچھ کھلی کچھ بند بھی ہوئی چوٹی

باسی پھولوں پہ کچھ اداسی سی — اور بو ان کی بگڑی بگڑی سی

صُبحِ رخصت

کیسی دلگیر صُبحِ رخصت تھی
صُبحِ رخصت کہ شامِ غربت تھی

گلے ملتی تھیں آرزوئیں بہم
دل کو تاراج کر رہا تھا غم

غم کی آمد خوشی کی رخصت تھی
اِک تمنا ہزار حسرت تھی

ہر طرف بے کسی برستی تھی
بے کسی پر بھی بیکسی سی تھی

تیرا جانا بلا کا آنا تھا
کیا قیامت کا تیرا جانا تھا

دل پہ اِک بے خودی سی تھی طاری
تھیں جنُوں کی علامتیں ساری

ایک سکتے کا مجھ پہ تھا عالم
آرزوؤں کا دل میں تھا ماتم

غزل

پھر بُتِ بے حجاب یاد آیا
مایۂ اضطراب یاد آیا

دل سے رخصت ہوں سب تمنائیں
وہ سراپا حجاب یاد آیا

دل میں کچھ گُدگُدی سے ہوتی ہے
ہائے کس کا شباب یاد آیا

خود فراموش سے ہو کچھ حسرت
کوئی آج اے جناب یاد آیا

وله

حسرت و یاس کا اَنبوہ فغاں کی کثرت
مَیں تری بزم سے کیا بے سر و سامان نکلا

بدگمانی اُس کی کم ہوتی نہیں
کس پہ یارب مجھکو شیدا کر دیا

متاعِ نُور سے لبریز اک عالم کی جھولی ہے
گرہ چینِ جبیں کی کس بُتِ مَہوش نے کھولی ہے

شرابِ ناز کے جلوے نگاہِ ناز پر صدقے
ابھی سوتے سے آنکھ اُس فتنۂ دوراں نے کھولی ہے

اشارہ صاف کرتی ہے ترے سینہ کی موزونی
کہ جنسِ حُسن قدرت نے اِسی کانٹے میں تولی ہے

حصولِ مُدعا اب کوئی دن کی بات ہے حسرت
نگاہیں مِل چکی ہیں گفتگو مطلب کی ہوتی ہے

دل لگی کو ہنسی سمجھتے ہو!
ابھی بچپن کا ہے اَثر باقی

چال مستانہ آنکھ متوالی
یہی ساقی یہی پیالہ ہے

حُسن پر ناز ہے اگر تم کو
اپنے دل پر مجھے بھی دعویٰ ہے

حسرت

حسرت مُنشی دلیل الدین احمد آپکے والد مولوی محمد فیض بخش صاحب تعلیم کی ضرورت سے اپنے وطن جہانگیر نگر ڈھاکہ کو چھوڑکر عنفوان شباب ہی میں کلکتے چلے آئے تھے چنانچہ کچھ دن ہُگلی کالج میں پروفیسر رہنے کے بعد مدرسۂ کلکتہ میں مدرس رہے۔ آپ ۱۸۷۵ء میں کلکتے میں پیدا ہوئے اور وہیں تعلیم پائی۔ بعدہٗ ۱۸۹۵ء میں مولنا ابوالقاسم محمد شمس صاحب مرحوم کو کچھ غزلیں بغرضِ اصلاح دکھائیں وہ چونکہ آپکے والد کے شاگرد بھی تھے اِس لیئے اُنکی آپ پر خاص توجّہ رہی۔ اطرافِ دکن۔ مدراس شمالی ہند کی سیر بھی کر چُکے ہیں اَب انگریزوں کو اُردو پڑھانے کا مشغلہ ہے۔ طبیعت کا اندازہ مندرجۂ ذیل اشعار سے ظاہر ہوگا

کہیں تھے باوبہ پیما۔ کہیں تھے سلسلہ جُنباں
جہاں پُہنچے ہمارے پاؤں نہیں چکّر ہی چکّر تھا

تری رنگیں اَدائی کا وہ عالمگیر نقشہ ہے
کہ ہر ذرّے سے کثرت کے عیاں ہو نُورِ وحدت کا

نگاہِ ناز کی خاطر ہوئی ہے خانہ بربادی
سدا لُٹتے ہوئے دیکھا ہے گھر اہلِ مروّت کا

قتلِ عاشق پہ ازدحام ہوا
خاص اِک راز تھا سو عام ہوا

بے نیازی کا ہے دعویٰ بیکار
ایک کا ایک ہے انسان محتاج

اُٹھائیں ناز دشمن آپ ہے کیا قیامت ہے
مری جاں آپ کو زیبا نہیں ہے ناز نیں ہو کر

اَب جفا سے بھی اُسے ہوگئی نفرت ہے ہے
کوئی بھی طرزِ وفا میرے ستمگر میں نہیں

مری تقدیر کی گردش کی شکلیں ہیں جُداگانہ
بہنور ہوں بحرِ اُلفت میں بگولہ دشتِ غربت میں

چشمِ بلبل میں انتظار ہوں میں
آمدِ موسمِ بہار ہوں میں

کیوں میں نکلوں تمھاری محفل سے
دلِ دشمن کا کیا بخار ہوں میں

چکھائے ہیں جنوں نے وہ مزے فصلِ بہار کے
گل و غنچہ سمجھکر چُن رہا ہوں سنگِ طفلاں کو

خوشا مدسے ہوئیں جنت میں بھی رُسوائیاں کیا کیا
بڑا دھوکا ہُوا ہم پاسباں سمجھے تھے رضواں کو

ہزار رنج اُٹھائے ہیں عیش کی خاطر
خیالِ نفع نہ ہو گر تو پھر زیاں کیوں ہو

خدا کرے دردِ جاناں ہو اور جبینِ نیاز
بلند دستِ دُعا سوئے آسماں کیوں ہو

برسنا سیکھ لے ابرِ بہاری دیدۂ تر سے
فلک مثلِ حبابِ بحر تیرے گر کبھی برسے

نزاکت سے ہو تم مجبور ہم اپنے مقدر سے
نہ خنجر میان سے نکلا نہ دم اس جسمِ لاغر سے

کہاں صحرا سے جاؤں اب کہ خارِ دشت پلٹے ہیں
مدد لے جوشِ وحشت یہاں بھی اپنے آشنا نکلے

عبث گلشن میں گلکاری ہے رشکِ خوشخرامی سے
گلِ و غنچہ کا منہ دیکھو حریفِ نقشِ پا نکلے

حسرت

حسرت ۔ جناب سید آل حسین صاحب تلمیذ حضرت احسان رامپوری ۔ اِنکے حالات و واقعات بھی باوجود تحقیقات بلیغ ہم سے پوشیدہ ہی رہے لہذا مجبوری ہے ۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے ۔

اِس بانکپن پہ کوئی نہ مرتا ہو تو مرے
خنجر کا کام لیتے ہیں ترچھی نظر سے آپ

دل چرایا ہے بھری محفل میں میرا آپ ہی
اور کہتے ہیں وہ مجھ سے ہم بتا سکتے نہیں

حالِ دل اُنکو سناؤں تو سناؤں کیونکر
بات تک بھی نہیں کرنے کی اجازت مجکو

یہ ستم غیر شبِ روز ترے پاس رہے
یہ قیامت نہ ہو آنے کی اجازت مجکو

مجھپہ تا حشر میری جان یہ احسان رہے
نزع کے وقت دکھا جاؤ جو صورت مجکو

یار کا وصل ہو کب ہمکو میسّر دیکھو
کیونکر اِس غم سے چھٹے یہ دلِ مضطر دیکھو

وصل کے ذکر پہ وہ ہمسے بگڑ کر بولے
پھر نہ لانا یہ کبھی حرف زباں پر دیکھو

دل لیا تھا مرا جس ناز و ادا سے تمنے
اُسی انداز سے پھر آنکھ ملا کر دیکھو

حالِ دل کہنے کو جاتے تو ہیں آپنا حسرت
کیا غضب ڈھاتا ہے مجھپر وہ ستمگر دیکھو

حسرت

حسرت ۔ شمس العلماء حاجی مولانا محمد سعید صاحب عظیم آبادی ۔ آپ ۲۷ ذیقعدہ ۱۲۳۱ھ میں بمقام عظیم آباد پیدا ہوئے ۔ آپکے والدِ ماجد حاجی مولوی واعظ علی صاحب مرحوم عظیم آباد کے ایک باوقعت رئیس تھے ۔ عربی فارسی کے عالم اور فنِ خوشنویسی کے اچھے اُستاد تھے ۔ مولانا حسرت کی ابتدائی تعلیم تو گھر ہی میں ہوئی مگر پھر کانپور میں مولانا شاہ محمد سلامت اللہ قدس سرہ کی خدمت میں ایک عرصے تک رہکر دستارِ فضیلت حاصل کی ۔ اور تھوڑے ہی عرصے میں اپنی عالمانہ تصنیفات اور صوفیانہ برکات کی بدولت اسقدر مقبول و مشہور ہوئے کہ لوگ اطراف و جوانب

زانوئے یار اور سر پہ کہاں نصیب
جب سے خدا نے اسکو فراموش کر دیا

آکر شاگرد و مرید ہونے لگے بسنہ ۱۳۰۳ھ میں گورنمنٹ عالیہ نے شمس العلماء کا خطاب دیا۔ شاعری کی طرف آپ کا میلانِ خاطر اوائل عمر ہی سے تھا۔ مگر عربی فارسی جانتے تھے اور عربی فارسی ہی کہتے تھے۔ اُردو سے کچھ شوق نہ تھا۔ کبھی کبھی بتقاضائے احباب کچھ کہہ لیتے تھے۔ چنانچہ باوجود کوشش بلیغ ہمیں اُردو کے صرف چار شعر دستیاب ہوئے وہی ہدیۂ ناظرین کیئے جاتے ہیں۔ آپ فارسی میں حسرت اور عربی میں سعید تخلص فرماتے تھے ؛

دل ترا جو رہ مائل نہ ہُوا تھا سو ہُوا	تجھ سے آزردہ مرا دل نہ ہوا تھا سو ہُوا
زخمِ دل پر مرے ہنس ہنس کے چھڑکتے ہو نمک	یہ مزا عشق کا حاصل نہ ہوا تھا سو ہُوا
کیا تڑپکر دلِ مجروح نے کی بے لطفی	خوں سے تر دامنِ قاتل نہ ہوا تھا سو ہُوا
پا گیا عشقِ مجازی سے حقیقت کو سعید	للہ الحمد کہ کامل نہ ہوا تھا سو ہُوا

حسرتی

حسرتی منشی عبداللہ حسرتی۔ وقائع نگار واٹر ریاض الاخبار و دیگر اخبارات۔ شعر کا بھی شوق ہے اور اوسط درجے کے شاعروں میں بُرے نہیں۔ کچھ عرصے لاہور کے مشہور رئیس پنڈت جنار دھن صاحب کی سرکار میں وظیفہ خوار رہے۔ کیفر کردار اور دو تین ناول اِن کی تصنیف سے شائع ہو چکے ہیں۔ کلام کا نمونہ درج ذیل ہے ؛

تم نہ چاہو ہمیں پھر ہم تمھیں چاہیں کیونکر	ایسے بے مہر سے بتلاؤ نباہیں کیونکر
حالِ دل کہنے سے اُلٹا جو خفا ہوتا ہو	ماجرائے غمِ دل اُسکو سنائیں کیونکر
جو ہنسا کرتا ہو خود کرکے دلوں کو گھائل	زخمِ دل اُسکو کہو اپنے دکھائیں کیونکر
کیا نئی چھیڑ نکالی ہے یہ اُس نے مجھ سے	کہتے ہیں روز بتا تجکو ستائیں کیونکر
حسرتی تیری خطا تھی دیا بیدرد کو دل	اَب کسی کو غلط الزام لگائیں کیونکر

حسن

حسنؔ - نواب اقتدار الدولہ محتشم الملک نواب مہدی علیخان نصیم جنگ خلف میرزا امام الدین حیدر بن شجاع الدولہ بہادر دام اقبالہ داماد حضرت فردوس منزل متخلص بہ حسن شاگرد وسعاد تخان ناصر صاحب دیوان تھے۔ اکثر چھوٹی بحروں میں فصاحت کی داد دیتے تھے۔ عاشقانہ مضامین

پُر اثر زبان میں باندھ جاتے تھے۔ کلام ذیل کی سطروں میں ملاحظہ کیجئے۔

جُدا تن سے پہلے یہ سر کیجئے — تو پھر آپ یاں سے سفر کیجئے

پریشاں کر دیا زلفیں دکھا کے — کیا عاشق کا خوں مہندی لگا کے
دیا سو منتوں سے ایک بوسہ — یہ غمزے ہیں نئے اُس دلربا کے
کیا مثلِ کتاں سینہ مرا شق — وہ نکھڑا چاند سا مجکو دکھا کے

ہیں باتیں سخت تیری اُو بُت بے پیر پتھر کی — کہاں تک رو کے چوٹیں یہ دلِ دلگیر پتھر کی

جو تو رات دن مجھپہ کرتا جفا ہے — یہی کیا زمانے میں رسم وفا ہے
اگر زندہ ہو تو ارسطو سے پوچھوں — کہیں دردِ دل کی بھی پیدا دوا ہے
نہیں یاں کے رہنے کا اِکدم بھروسا — یہ دُنیا نہیں ہے عزیزو سَرا ہے
لپٹ جاؤ آکر گلے سے ہمارے — یہی ہے تمنّا یہی مُدّعا ہے
نہیں دیکھتا جس میں اُڑنیکی طاقت — اُسے آج صیّاد کرتا رہا ہے
پریشاں ہو کیوں حالِ مرغِ چمن کا — کسی پھول کو کیا صبا نے چھوا ہے
ہم سے صحبت جو یار نے کم کی — ندی جاری ہے چشمِ پُر نم کی
تیری خاطر سے او ستم ایجاد — باتیں سُنتے ہیں ایک عالم کی
مسی مَلکر جو خندہ زن وہ ہوا — برق ابرِ سیاہ میں چمکی
آپنے بیمار کا نہ پُوچھو حال — زندگی اُسکی ہے کوئی دم کی
کر دیا غم میں مبتلا تو نے — جس کا ڈر تھا وہی کیا تُو نے
خوں سے آلودہ جوئے شیر ہوئی — ہائے فرہاد کیا کیا تُو نے
بات کا ہو وَھنی تو ایسا ہو — جو کہا مجھ سے وہ کیا تو نے
آیا کس روز اپنے وعدے پر — عہد کس دن وفا کیا تو نے
بے وفا تجھ کو باوفا سمجھے — ہم جو سمجھے تھے وہ بُرا سمجھے

حسن

حسن - خواجہ حسن خلفِ خواجہ ابراہیم از فرزندانِ میر بھکاری متوطنِ دہلی - جوانِ وجیہ عالی حوصلہ بڑے لطیفہ گو اور بذلہ سنج تھے - علومِ موسیقی ہندی سے بخوبی ماہر اور استعداد اس فن کی انکی تصانیف سے ظاہر ہے - فنِ شعر میں جعفر علی حسرت کے شاگرد تھے - انکی نسبت شوق اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ علمِ نجوم میں بھی بھلا چنگا دخل رکھتے ہیں - علمِ تصوف کے بادشاہ ہیں - حسن پرست بھی تھے اکثر مقطعوں میں اپنے معشوق کا نام لایا کرتے تھے - اُمورات دنیا میں مرزا حسن رضا خان نواب سرفراز الدولہ سے تعلق تھا تاریخہ میں صاحب دیوان تھے - آخر اوقات بسر کرتے تھے - قلندر بخش جرأت نے جو انکے بڑے دوست تھے - خواجہ حسن اور نجبتی طوائف کی داستانِ عشق ایک مثنوی میں نظم کی ہے ؎

آ کا مُحال ہوش میں ہے مجھ سے مست کا
مدہوش ہو چکا ہوں میں روزِ الست کا

کیسی صحبت اُٹھ گئے کیوں یار کیا تھا کیا ہوا
مٹ گیا نقشہ وہ سب یکبار کیا تھا کیا ہوا

جسکے جوہر دوستی کے خوب آتے تھے نظر
چل گئی اُن سے چھری تلوار کیا تھا کیا ہوا

وہ جب تک کہ زلفیں سنوارا کیا
کھڑا اُسپہ میں جان وارا کیا

دیکھنے سے مرے کاہے کو غضب ہوتے ہو
کیا غضب ہو گیا - گر میں نے بھی دیکھا دیکھا

رہی بیقراری اسیروں کی یوں ہی
تو صیاد ٹکڑے ترا دام ہوگا

جو بندہ خانہ میں آیئے گا فقیر تمکو دعا کرے گا
کسی کے دل کو جو خوش کرو گے خدا تمہارا بھلا کریگا

میں تو سب طرح سے تیرا ہوں میاں
پر جو تو بھی کہیں میرا ہوتا

مانوں میں وعدۂ فردا اے یار
جب ترے وعدے کا فردا ہوتا

اُمنڈ کے آنکھوں سے اِکبارگی چلے آنسو
ہنسی ہنسی میں جو ذکرِ وداعِ یار ہوا

وقتِ وداعِ یار دلِ بیقرار نے
یہ آہ کی کہ عرش معلّی ہلا دیا

دل دلاسوں سے کرے ہے آہ و زاری بیشتر
خانۂ ماتم میں ہو پُرسے سے زاری بیشتر

جان نجبتی کو بھی آیا نہ دم نزع حسن
اُسنے اِسوقت میں بھی ہمسے چھپائیں آنکھیں

کیفیتِ جوانی نجبتی کی ؎ حسن اُسنے احسان دوبارہ کیا ؎

بھلا میں دوانہ سہی پر یہ ناصح !		میرے ساتھ بجتا ہے عاقل کو دیکھو
فقط نقشہ نہیں خوب اُس کا عالم سے نرالا ہے		خدا نے اُسکو سر سے پاؤں تک سانچے میں ڈھالا ہے
خیال آتا ہے جب تیرا تو ہم جانے نہیں دیتے		ترے ملنے کا ہمنے یار اور ہی ڈھب نکالا ہے
نہ نکلو گے بھلا تم گھر سے کبتک یہ بھی دیکھیں گے		بہانہ کرکے تم نے آج تو بندے کو ٹالا ہے
کس طرح سے زیست ہوویگی بھلا اے دوستو		اب تو قاصد بھی اِدھر کو آنے جانے سے رہے
کب میں کہتا ہوں کہ میری جان جانے سے رہے		پر تک ایسا ہو کہ یہ دل تلملانے سے رہے
ہمنے ایسی بھی تو کچھ چوری نکی تھی آپ کی		بے سبب اب آپ جو اِدھر کے آنے سے رہے
اُسنے کس کس طرح ٹالا ہمکو اپنے در سے پر		دیکھ تو ہم بھی حسن کس کس بہانے سے رہے
آکر بلا سے قتل ہی کر جائیے مجھے		صورت اِسی بہانے سے دکھلائیے مجھے
غم نے ایذا جو اے صنم بخشی		یہ بھی سرکار کی کرم بخشی

حسن

حسن سخنور کامل فن میر غلام حسن نام۔ حسن تخلص خلفِ میر غلام حسین ضاحک آبا و اجداد اِنکے ہرات کے رہنے والے تھے۔ اِمامی ہروی نے کہ میر حسن کے جد تھے انقلاب زمانہ کے ہاتھوں وطن اصلی کو چھوڑ کر پرانی دہلی میں سکونت اختیار کی۔ چنانچہ میر ضاحک دہلی میں پیدا ہوئے اور میر حسن کا بھی اِبتدائی زمانہ وہیں بسر ہوا۔ اِنکی وضع اور عادات کے متعلق کارسنڈی تیسی کا قول ہے کہ میر حسن برخلاف اپنی باپ کی وضع کے ڈاڑھی صفاچٹ کرواتے۔ پگڑی اگلے وقت کے لوگوں کی سی باندھتے اور پوشاک اپنے باپ کی سی پہنتے تھے یعنی سبز عمامہ اور بڑا جُبّہ۔ قد لمبا تھا۔ رنگ بھورا۔ ظریف۔ خوش خلق۔ بیہودہ اور کلام معیوب کبھی زبان سے نہ نکالتے تھے۔ شیریں گفتار اور پسندیدہ تعلیم یافتہ تھے۔ لیکن بعض کتابوں میں جو اُنکی تصویر دیکھنے میں آئی ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ بقول صاحب آبحیات اُنکے سر پر بانکی ٹوپی۔ تن میں تنزیب کا انگرکھا پھنسی ہوئی آستینیں۔ کمر سے دوپٹہ بندھا ہوتا تھا۔ گمان غالب یہ ہے کہ دہلی میں اُنکا طرز لباس وہی ہوگا جو اُنکے والد کا تھا۔ لیکن قیام لکھنؤ کے زمانے میں اُس میں کچھ تبدیلی ہوگئی

ہوگی میر حسن کو لڑکپن ہی سے شعر و شاعری کا بدرجۂ کمال شوق تھا۔ چنانچہ بزمانۂ نوعمری شاہجہاں آباد میں مصلح غزلوں کے خواجہ میر درد صاحب تھے۔ عالم شباب میں مع والد بزرگوار فیض آباد میں آکر آباد ہوئے۔ ضیاء الدین ضیا اصلاح دیتے رہے۔ کبھی کبھی مرزا رفیع السودا سے بھی کہ ضیاء اُن کے ہم مشق تھے مشورہ کا اتفاق ہوا۔

اِس سے معلوم ہوا کہ میر حسن کی اُستادی کا فخر ایک سے زیادہ لوگوں کو حاصل ہے لیکن دردؔ اور سوداؔ کی شاگردی کو عارضی سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ دردؔ نے ابتدا میں اور سوداؔ نے آخر میں صرف چند روز اُنھیں اصلاح دی تھی۔ درحقیقت میر حسن مستقل شاگرد میر ضیاء الدین ضیا کے ہیں جن کی نسبت مصحفی اپنے تذکرۂ شعراء میں لکھتے ہیں کہ "میر ضیاء الدین ضیا اُستاد میر حسن شاگرد میر تقی میر۔ میر حسن بسیار شناخوان و معتقد او بودہ" آزاد نے اُساتذۂ میر حسن کے زُمرے میں اُنکے والد میر ضاحک کو بھی شامل کیا ہے جو بالکل قرینِ قیاس ہے۔ میر حسن کی علمی لیاقت فارسی دانی میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ علاوہ متفرق فارسی اشعار کے اُن کی اُردو شاعری میں بھی فارسی ترکیبوں یا اُنکے ترجموں اور عام فارسی انداز بیان کی ایسی لطیف مثالیں کثرت کے ساتھ موجود ہیں جن کا کسی فارسی نہ جاننے والے شاعر کے کلام میں موجود ہونا ناممکنات سے ہے۔

حسن نے باوجود کامل اُستاد ہونے کے کسیکو اپنا مستقل شاگرد بنانا پسند نہ کیا۔ حتّٰی کہ آپنے صاحبزادے میر مُستحسن خلیق کو بھی خود اصلاح نہ دی بلکہ مصحفی کے سپرد کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ دُنیائے غزل گوئی میں اُن کا سلسلۂ شاعری بہت جلد ناپید ہوگیا۔ لیکن جو کچھ اُن سے نہ ہوا وہ بامرِ الٰہی اُنکی اولاد سے ظاہر ہوا۔ اور اِس شان سے ظاہر ہوا کہ اُن کے پوتے انیسؔ و مونسؔ و اُنس اُردو زبان کی ایک صنف کے موجد قرار پائے اور فن مرثیہ گوئی کا ایک ایسا نمونہ چھوڑ گئے جسکے اِسوقت ہزاروں پیرو موجود ہیں۔

میر حسن کے چار بیٹوں میں سے تین شاعر تھے۔ میر مستحسن خلیق۔ میر احسن خلق اور میر

محسن محسن۔ اِن سب کا قیام فیض آباد میں رہتا تھا۔ چنانچہ خلیق و محسن بہو بیگم صاحبہ والدہ نواب آصف الدولہ کے داماد و میرزا تقی کی سرکار سے متعلق تھے۔ اور میر خلق نواب ناظر داراب علیخان کی خدمت میں رہتے تھے۔ خلیق اور خلق سے ایک ایک دیوان بھی یادگار موجود ہے۔

اِنکی تصانیف سے دیوانِ حسن مشتمل بر جملہ اقسام سخن اور مثنوی بدر منیر و گلزار ارم اِس وقت تک موجود و مشہور ہیں۔ دیوان چونکہ چھپا نہیں اِس لیئے کمیاب ہے۔ راقم تذکرہ کے کتبخانے میں اُس کا ایک صحیح نسخہ موجود ہے۔ یہی حال دو اور مثنویوں کا بھی ہے۔ جن میں سے ایک کا قصہ اِس طرح پر ہے کہ ایک موقعہ پر میر حسن مرحوم کا سفر شاہ مدار کی چھڑیوں کے ساتھ مطابق پڑا۔ چنانچہ سفر مذکور کا حال ایک مثنوی کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اِس میں فیض آباد کی تعریف اور لکھنؤ کی ہجو کی ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت عورتوں کی پوشاک وہاں کیا تھی اور چھڑیوں میں جانے والوں کے جزئیات رسوم کیا کیا تھے۔ شعرائے ریختہ کا بھی تذکرہ مرتب کیا تھا۔ مگر اب نہیں ملتا۔

دہلی چھوڑنے کے بعد میر حسن فیض آباد اور بعد ازاں لکھنؤ میں جا کر مقیم ہوئے جہاں اُنھوں نے بڑی شہرت پائی اور نواب سالار جنگ برادر بہو بیگم صاحبہ نیز اُنکے بیٹے نواب مرزا نوازش علی خان سرفراز جنگ کی مصاحبت میں عزت کے ساتھ زندگی بسر کی اور آخر کار وہیں عشرۂ اول ماہ محرم سنہ ۱۲۰۱ھ میں بعہد نواب آصف الدولہ وفات پائی اور عقب باغ نواب قاسم علیخان واقعہ محلہ مفتی گنج میں مدفون ہوئے۔ انتقال کے وقت آپکی عمر ۵۰ سال سے زیادہ تھی شیخ مصحفی نے تاریخ کہکر حق آشنائی ادا کیا۔

چوں حسن آن بلبل خوش داستاں	رُو ازیں گلزارِ رنگ و بُو بتافت		
بسکہ شیریں بود نطقش مصحفی	شاعرِ شیریں زبان۔ تاریخ یافت		

حسن کا طرز کلام زیادہ تر میر اور کمتر سودا کے انداز شاعری سے ملتا جلتا نظر آتا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہیئے تھا کیونکہ سودا سے بلا واسطہ اور میر سے رضیا کے واسطے سے اُنکی شاگردی مسلّم

ہے۔ بیان سے گزر کر زبان کو دیکھیے تو وہ بھی اِن ہی بزرگوں کی سی ثابت ہوتی ہے۔ وہی "میں دیکھا" "میں کیا"، جو میر اور سودا کے کلام میں پایا جاتا ہے اِن کے ہاں بھی موجود ہے جسکی سادگی اور شیرینیِ حسن کے دیوان میں بھی وہی کیفیت پیدا کرتی ہے جسکی بہار میر کے کلام کی جان ہے

اصنافِ سخن میں سے میر حسن قصیدے کے مرد میدان نہ تھے۔ البتہ غزل سرائی میں اُن کا صاحبِ امتیاز اور مثنوی میں یکتائے زمانہ ہونا قطعی طور پر ثابت ہے جس سے کسی شخص کو انکار نہیں ہو سکتا حقیقت میں بقول حضرتِ آزاد "بے نظیر و بدر منیر کا قصہ" لاجواب لکھا۔ زمانے نے اُس کی سحر البیانی پر تمام شعرا اور تذکرہ نویسوں سے محضرِ شہادت لکھوایا۔ اسکی صفائی بیان اور لطفِ محاورہ اور شوخیِ مضمون اور طرزِ ادا کی نزاکت اور جواب و سوال کی نوک جھوک۔ حدِ توصیف سے باہر ہے۔ باوجود اِسکے کہ سحر البیان کی تصنیف کے زمانے کو ۱۲۵ برس سے زیادہ گزر گئے لیکن اسکی زبان قریب قریب وہی ہے جو آجکل مروج ہے "یہی ایک امر اسبات کا کافی ثبوت ہے کہ میر حسن مغفور صدر درجے سلیم الذاق شاعر تھے۔ اُردو زبان میں صرف ایک ہی اور مثنوی لکھی گئی جسکو اِس مثنوی کا ہم پلہ کہا جا سکتا ہے اور جو فی الواقع منصف مزاج مبصروں کے نزدیک اُسی تعریف کی مستحق ہے۔ فی الواقع قبولِ عام کی جو سند سحر البیان اور یادگارِ نسیم کو ملی وہ آجتک کسی تیسری مثنوی کو نصیب نہیں ہوئی۔

میر حسن کی غزلوں کا رُتبہ انکی مثنوی کی برابر بلند نہیں ہے۔ پھر بھی بقول صاحب بحیات اُنکے اشعار غزل کے اُصول میں گلاب کے پھول ہیں اور محاورات کی خوش بیانی مضامینِ عاشقانہ کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ میر حسن کی نسبت لکھتے ہیں "مثنوی سحر البیان شہرتِ تمام دارد قطع نظر از پا لغزہائے شاعری محاورہ عام بدر نہ گفتہ بلکہ داد بلاغت داد" اِنکے کلام کا اِنتخاب درج ذیل ہے ؎

طرفہ تر ہے کہ اپنا بھی نہ جانا اور یونہیں	اپنا اپنا کہہ کے مجکو سب سے بیگانہ کیا
رو رو کے کیا اُبتر سب کام مرے دل کا	کھویا مری آنکھوں نے آرام مرے دل کا

آغازِ محبت میں دیکھا تو یہ کچھ دیکھا
کیا جانیئے کیا ہوگا انجام مرے دل کا

جب تک میں جیا مجکو قاصد نہ ملا آخر
اب جی ہی چلا لے کر پیغام مرے دل کا

کوئی دن کے ہیں مہماں اِس چمن میں ایکدن آخر
مثالِ نکہتِ گل شام جانا یا سحر جانا

کیا جانے اُسکے جی پر کیا کچھ خیال گزرا
کچھ آپ ہی آپ اپنے دل پر ملال گزرا

ایسی ہی آہ باتیں اُس بیوفا سے چھیڑیں
روتے ہی روتے جس میں روزِ وصال گزرا

غیروں میں دیکھ تجکو بیٹھے ہوئے کہیں کیا
جو کچھ کہ اپنے دل پر گزرا خیال گزرا

پر منصفی سے اتنا فرمایئے کہ بارے
خدمت میں آپ کی بھی کچھ انفعال گزرا

گر کیجے رقم کچھ تری وحدت کے بیاں کا
تو چاہیئے خامہ بھی اُسے ایک زباں کا

سربستہ رہا یوں ہی یہ رازِ حرم و دیر
معلوم ہوا بھید یہاں کا نہ وہاں کا

جس عالمِ ہستی کو سمجھتے تھے بہار آہ
آخر کو جو دیکھا تو وہ موسم ہے خزاں کا

سر دیوے گا جبدم تو حسن تیغ کو اُسکی
اسرار کھلے گا تبھی اِس سرِّ نہاں کا

جانا تو ہم نے چھوڑ اپر کیا کریں حسن ہائے
چھٹتا نہیں ہے دل سے ہرگز خیال جاں کا

تیرے ہی غم کا گھر ہے یہ دل جلا نہ اِسکو
ظالم تو پھر کسیکا کاہے کو گھر رہے گا

بتخانہ ہی میں چل بیٹھ یا کعبہ میں حسن اب
یوں کب تلک دوانے تُو دربدر رہے گا

کروں شکوہ تو بے وسواس اُس سے میں نہ آنیکا
نہو دھڑکا مرے دلمیں گر اُسکے روٹھ جانیکا

مجھے آتا ہے رونا دیکھ کر زار نو کو اب اپنے
کہ تھا اِک وقت میں تکیہ کسی کے یہ سرہانے کا

عشق کبتک آگ سینے میں مرے بھڑکائیگا
راکھ تو میں ہو چکا کیا خاک اب لگائے گا

کر چکے صحرا میں وحشت پھر چکے گلیوں میں ہم
دیکھئے اب کام ہمکو عشق کیا فرمائے گا

نو گرفتاری کے باعث مضطرب صیاد ہوں
لگتے لگتے جی قفس میں بھی مرا لگ جائیگا

جب سے جُدا ہوا ہے وہ شوخ تب سے مجکو
نت آہ آہ کرنا اور زار زار رونا

خدا جانے کہ آخر رفتہ رفتہ حال کیا ہووے
ہُوا ہے بے طرح آنکھوں کو کچھ آزار رونیکا

مت سہم دل مبادا یہ خون سوکھ جاوے
آتا ہے تیر اُس کا پیاسا ترے لہو کا

غنچہ ہوں میں نہ گل کا نے گل ہوں میں چمن کا
حسرت کا زخم ہوں میں اور داغ آرزو کا

لایا غرور پر یہ عجز و نیاز تجھ کو
تیرا گنہ نہیں کچھ اول سے میں ہی چوکا

آہ! کیا جانیے محفل میں یہ کس کی خاطر
شمع روتی ہے جدی جلتا ہے پروانہ جدا

سیر گلشن کریں ہم اُس بن کیا
اب نہ وہ دل نہ وہ دماغ رہا

شاد ہوں میں کہ دیکھ میرا حال
غیر کرنے سے التماس رہا

خار سے پھوٹے پھپھولے پاؤں کے
درد ہی آخر مرا درماں ہوا

کیسی وفا۔ کہاں کی محبت۔ کدھر کی مہر؟
واقف ہی تو نہیں ہے کہ ہوتا ہی پیار کیا

نہیں مجکو دشمن سے شکوہ حسن
مرا دوست مجکو ستانے لگا

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

بہنے لگا لہو پھر آنکھوں سے کچھ حسن کی
زخم جگر کا شاید سر کا ہے اس کے چھالا

آ کے وہ بیٹھتا ہے تب ہم پاس
آپ میں جب ہمیں نہیں پاتا

زندگی نے وفا نہ کی ورنہ
میں تماشا وفا کا دکھلاتا

مر گئے کہتے کہتے اپنا حال
کچھ تو تو بھی زباں سے فرماتا

میں تو جاتا ہی آپ سے لیکن
تیرے کہنے سے اب نہیں جاتا

ق
ہے عجب ماجرا کہ اپنا تو
تجھکو مطلق کہا نہیں بھاتا

اور ترا اختلاط ہر اک سے
کیا کریں ہمکو خوش نہیں آتا

ظاہر میں گو لکھا نہ لکھا خط تو کیا ہوا
ہوتے ہیں کوئی دل سے فراموش آشنا

مہر و وفا کا میری جور و جفا کا اپنی
میری طرف سے اپنے دل میں حساب رکھنا

بھر بھر کے آہ و نالے غش کر چلی ہے بلبل
پیالی میں گل کی شبنم تھوڑا گلاب رکھنا

خط کا جواب دے گا تو دیگا یہی وہ شوخ
نامہ کو پرزے کر کے ہوا پر اڑائے گا

تیرا ساول یہ میرا نہیں اسکو جان رکھ
کسکو کرے گا یاد جو تجھکو بھلائے گا

اظہار خموشی میں ہے سو طرح کی فریاد
ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ ہیں کچھ نہیں کہتا

کیا پوچھے ہے مجھسے میری خاموشی کا باعث
کچھ تو سبب ایسا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

دور سے باغ جہاں دکھلا کے پروانہ کیا
متصل جانے نہ پایا میں کہ ویرانہ کیا

جی اگر اس سے لگا یار رشک سے دل جل گیا
دل اگر اس کو دیا جی ہاتھ سے جاتا رہا

شاہ ہووے غلام کا بندہ
کون پوچھے ہے عاشقی میں ذات

وعدہ آنے کا ہے حسن مت رو
ہو نہ اسکو بہانہ برسات

اس گنجفے کا یہاں کے ہے کھیل اور ہی کچھ
دیتے ہیں جان ناحق نادان مورتوں پر

ماتھے پہ دلبروں کے افشاں نہیں چنی یہ
تحریر ہے طلائی قرآں کی سورتوں پر

جس طرح ہو کوئی حیراں روئے حیراں دیکھکر
دل پریشاں ہو گیا زلف پریشاں دیکھکر

وصل کی شب کے مزے کو ہنسیں پوچھیگا وہ
جو کوئی جیتا بچے گا روز ہجراں دیکھکر

پا برہنہ ساتھ فاتے کے چلا آیا ہے قیس
اک طرف کر دے صبا غار میلاں دیکھکر

دامن صحرا سے اٹھنے کو حسن کا جی نہیں
پانو دیوانے نے پھیلائے بیاباں دیکھکر

اب جو چھوٹے بھی قفس سے تو کیا
ہو چکی واں بہار ہی آخر

میں حشر میں کیا رووں کہ اٹھ جاتے ہی تیرے
برپا ہوئی اک مجھپہ قیامت تو یہیں اور

گرچہ دلکو ہے یقیں خط کو نہیں پڑھنے کا وہ
پر تقاضا شوق کا لکھنے سے کب رہتا ہے باز

جوں چراغ صبح گاہی اے نسیم
عازم ملک فنا بیٹھے ہیں ہم

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

کہیے میں نہ کافر ہو نہ یوں دیر میں دیندار
جس طرح کہ میں در پہ ترے خوار ہوا ہوں

صیاد کی مرضی ہے کہ اب گل کی ہوس میں
نالے نہ کریں مرغ گرفتار قفس میں

پھر کل کے تو وعدے پہ لگا کھانے قسم آج
کیا بھول گئیں اپنی وہ کل کی تجھے قسمیں

وصل ہوتا ہے جن کو دُنیا میں
یارب ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں

ناز سے غمزے سے عشوے سے لگا لیتے ہیں
جسکو وہ چاہتے ہیں اپنا بنا لیتے ہیں

چل دل اُسکے گلی میں روآویں
کچھ تو دل کا غبار دھوآویں

گو ابھی آئے ہیں پہ ہے جی میں
پھر بھی ٹک اُسکے پاس ہوآویں

دل کو کھویا ہے کل جہاں جاکر
جی میں ہے آج جی بھی کھوآویں

گو خفا سب ہوا کریں پر ہم
اِک ذرا اُسکو دیکھ تو آویں

عدم عین ہستی اُنھیں کو ہوا ہے
جو ہستی کو اپنی عدم دیکھتے ہیں

اگر زندگی ہے تو چل کر حسن ہم
اِن آنکھوں سے اُنکے قدم دیکھتے ہیں

نہ لیٹ اِس طرح مُنہ پر زلف کو بکھرا کر اے ظالم
ذرا اُٹھ بیٹھ تو اسدم کہ دونوں وقت ملتے ہیں

تھا ہجر ہی بھلا کہ ہمیں تھی اُمید وصل
پھر ہجر کا خیال بندھا وصل یار میں

دیوانے گاہ رُخ کے رہے گاہ زلف کے
یہ عمر کٹ گئی اِسی لیل و نہار میں

مُوئے سفید نے نمک اُس میں مِلا دیا
کیفیت اب رہی نہیں جام شراب میں

وہ اور زمانہ تھا کہ خوباں میں تھی اُلفت
ایسا نظر آتا نہیں اَب ایک بھی دس میں

غیروں کی بات کیا کہوں اُسکی تو یاد میں
اپنا بھی مجکو دھیان کبھی ہے کبھی نہیں

اُسکی جب بزم سے ہم ہو کے بتنگ آتے ہیں
اپنے ساتھ آپ ہی کرتے ہوئے جنگ آتے ہیں

رُوٹھا کرے وہ کیوں نہ کسی اور سے حسن
یہ سب بگاڑ چاہ کا ہے اور کچھ نہیں

کل عہد کچھ کیا تھا دیا قول آج کچھ
پھر کہیو تو کہ میری بدلتی نہیں زبان

دروازہ گو کھلا ہے اجابت کا پر حسن
ہم کس کس آرزو کو خدا سے طلب کریں

کہتا ہے تو کہ میں ہی تجھے چاہتا ہوں
تو ہی کہیں ہو سچا میں یہ ہی چاہتا ہوں

مجھ کو باور ہی نہ آتا تھا بہت دُور ہے تو
میں نے دیکھا تجھے اللہ بہت دور ہے تو

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو
کیا غضب کرتے ہو اِدھر دیکھو!

دیکھنا زلف و رُخ تمھیں ہر وقت
شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو!
گُل ہوئے جاتے ہیں چراغ کی طرح
ہم کو ٹک جلد آن کر دیکھو!

کمی جس جا کرے بارش تو یہ کہدیجو دہقاں کو
کہ اپنی کِشت پر لیجائے میری چشمِ گریاں کو
کھلے ہے وہ صبا سے اور یہ تیری تیغ کے دم سے
مقابل گُل سے کیونکر کیجے اپنے زخمِ خنداں کو
نہیں تقصیر کانٹوں کی مرا چھالا ہی پاؤں کا
برنگِ کہربا کھینچے ہے خود خارِ مغیلاں کو
مری ہے زیست وابستہ اسی سے اِسکو رہنے دے
نکل جاویگا میرا جی ہی گر کھینچوگے پیکاں کو
گُل کہا اُس سے کسی نے کہ حسن مرتا ہے
ہنس کے کہنے لگا میں کیا کروں مرجا نیدو
عمارتِ جہاں کی پائداری پر تو اے منعم
نظر سے مت گرا دینا کسی کے دلکے کونے کو
حسن بھی آدمی ہے کچھ خدا ہوتے ہو تم جس سے
خراباتی - جنونی - باؤلا - سودائی - آوارہ
جو ہوا ہم پہ ستم ایجاد تیرے ہاتھ سے
کیا کریں اب آہ ہم فریاد تیرے ہاتھ سے
دردِ دل بھی ہے تجھی سے اور تو ہی درماں بھی ہے
داد تیرے ہاتھ سے بیداد تیرے ہاتھ سے
غیر سے شکوہ شکایت کچھ نہیں دل کو کہے
شاد تیرے ہاتھ سے ناشاد تیرے ہاتھ سے
اِک جان کے درپے ہیں مری اتنے ستمگر
غمزہ ہے - کرشمہ ہے - اشارہ ہے ادا ہے
گر بخت اپنا جاگے تو اک کام کیجئے
سایہ میں اُسکی زلف کے آرام کیجئے
وہ دن گئے کہ دل میں رہتا تھا درد اپنے
اَب دل نہیں سراپا اِک درد ہو گیا ہے

حسن دیتا ہے تو کیوں جی بتوں پر
بلا دیگے تجھے یہ کیا خدا سے

تیری یہ چھیڑ چھاڑ مرے جی کو بھا گئی
لی چٹکی اِس ادا سے کہ بس جان آگئی
لگاتے ہی لب لب سے بس جی دیا
حسن اور لینے کے دینے پڑے
تعجیل نہ کر اے دل آنے تو لگا ہے وہ
ملجائے گا بوسہ بھی کیا منہ کا نوالہ ہے
دی تھی یہ دُعا کس نے مرے دل کو الٰہی
اُجڑے یہ گھر ایسا کہ پھر آباد نہ ہووے
کہنے کی ہیں یہ باتیں کس بن نہیں گزرتی
پر ایک جان تو ہے جس بن نہیں گزرتی

جو چاہے آپکو تو اُسے کیا نچاہیئے
عیش و وصال صحبتِ یاراں فراغدل
اِنصاف کر تو چاہیئے یہ یا نچاہیئے
اِس ایک جان کے لیئے کیا کیا نچاہیئے

رات غیروں کا بیانِ آہ و زاری کر گئے
آپ اچھی آکے میری غم گساری کر گئے

کیا ہنسے اَب کوئی اور کیا رو سکے
آبکے بچھڑے ملو گے پھر کہ نہیں
دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے
کچھ تو وعدہ و عید کر لیجے

ہیں تنہا نہیں اُس شوخ کے کوچے میں کتنے ہی
بزنگِ نقشِ پا بیخود پڑے ہیں جا بجا ہمسے
پھر روئیو حسن تو نامہ تو رکھ لے ظالم!
تُو نے تو یہ کتابت رو رو کے ساری تر کی

یہ جو کھٹکے ہے دل میں کانٹا سا
مژہ ہے تو کہ خار ہے کیا ہے؟
چشمِ بدُور تیری آنکھوں میں
نشہ ہے یا خمار ہے کیا ہے؟
کیوں گریبان تیرا آج حسنؔ
اِس طرح تار تار ہے کیا ہے؟

جو دیکھ کے آئینے کو مُنہ اپنا چُھپا لے
اُسکو تو نہ مُجھسا ہو نہ باتوں میں لگا لے

جب تک جیئے مصیبتِ غم کی نہ سر سے سر کی
سر سے گزر کے آخر ہنسنے مہم یہ سر کی
اِک داغ ہو گیا اور اک ٹکڑے ہو کے نکلا
یہ کچھ تو ہنسنے دیکھی صورت دل و جگر کی
بے سبب رونا نہیں آتا کسیکو ہمنشیں
شمع کے دل میں بھی شاید کچھ غمِ پروانہ ہو
قمارِ عشق میں پانسہ پڑا برعکس ہی اپنا
کچھ اپنی قسمتِ بد نے عزیزو ہار ایسی کی
بلا سے اپنے گھر میں گالیاں دیتا تو بہتر تھا
خرابی تو نے کیوں میری سرِ بازار ایسی کی
قیس و فرہاد کے رونے کی جب آتی ہے لہر
کوہ و صحرا پہ گھٹا جا کے برس آتی ہے
زندگی ہے تو خزاں کے بھی گزر جائینگے دن
فصلِ گُل جیتوں کو پھر اگلے برس آتی ہے
جب قفس میں تھے تو تھی یادِ چمن ہمکو حسنؔ
اَب چمن میں ہیں تو پھر یادِ قفس آتی ہے
ابرو سے اور مژہ سے عالم کی جان لی ہے
پہلے پہل یہ اُس نے تیر و کمان لی ہے
جان و دل ہیں اُداس سے میرے
اُٹھ گیا کون پاس سے میرے

تم اُدھر دھوتے رہے مُنہ ہم اِدھر روتے رہے
روتے دھوتے دو گھڑی باہم فریسے کٹ گئی

جی اُدانے زلف نے دل ہوش غمزے لے لیا
جنس ہستی اپنی سب غارت میں آکر لٹ گئی

حسن

حسن - حاجی سید احمد حسن صاحب لکھنوی - شاگرد نواب معظم الدولہ عرف خواجہ صاحب دہلوی زیادہ حالات و واقعات کا پتہ نہیں چلا - نمونۂ کلام درج ذیل ہے - ملاحظہ ہو -

کسی حجاب سے اِن اَبروؤں کو کام نہیں
یہ تیغے وہ ہیں جن کا کوئی نیام نہیں

پھری نگہ نہ کبھی اُسکے طاقِ اَبرو سے
یہ وہ نماز ہے جس کے لیئے سلام نہیں

ہوا ہوں بادۂ وحدت سے اے حسن سرمست
جو مے خمار سے ہو پاک وہ حرام نہیں

حسن

حسن - دہلوی - میرزا کاظم حسین حسن عرف میرزا حسنو ولد مرزا عطا بیگ دہلوی نواب محمد سعید خان والئی رامپور کی سرکار میں ملازم تھے - مدتِ دراز تک وہیں رہے - عمر برس کی عمر پاکر ۱۲۸۲ھ میں انتقال کیا - علم تاریخ میں اچھی مہارت رکھتے تھے - صاحب دیوان گزرے ہیں - یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے -

نہ مان کہنے کو واعظوں کے نہ مسلمان حرم میں جاکر
نماز روزہ گلے پڑے گا خدا خدا کر خدا خدا کر

جب آپہ دعوی خون کا تھا لائے تھے فریاد کو
حشر میں بھی حکمراں دیکھا اُسی جلاد کو

وفورِ شوق میں کسکو خبر ہے
وفا کی اُسنے یا ہم پر جفا کی

یہی اک رند باقی تھا صد افسوس
خدا بخشے حسن نے بھی قضا کی

رہا ہے کون اگلوں میں حسن یا میرزا نوشہ
یہ دو باقی تھے رندوں میں سو بنکر پارسا بیٹھے

صبح ہوتی ہے شبِ غم نہ قضا آتی ہے
چارہ گر کچھ تجھے مرنے کی دوا آتی ہے

حسن

حسن - منشی سید محمد حسن ولد میر حسن لکھنوی تلمیذ خواجہ وزیر لکھنوی - خود بھی نامور اور صاحب دیوان تھے - جس کا قلمی نسخہ راقم تذکرہ کے کتب خانے میں موجود ہے - امجد علی شاہ اور واجد علی شاہ کے زمانے میں لشو و نما پائی تھی - مگر اکثر شعر دیوان میں ایسے ہیں کہ جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ انھیں شاعری کا مذاقِ سلیم نہ تھا - یا غالباً اُنکے عہد کی سوسائٹی کا اثر ہے

بہرکیف ہم نے اس قسم کے اشعار انتخاب میں نظرانداز کر دیئے ہیں۔ عمدہ کلام درج ذیل ہے

ہم بھول گئے جس کے لیئے یاد خدا کی
وہ بُت بھی ہوا رام نہ اے برہمن اپنا

کہتی ہے یہ ہمت پس مُردن بھی ہماری
کام آئے کسی اور کے دو گز کفن اپنا

رہائی ہو مجھے کیونکر بلائے تیرہ بختی سے
تعشق ہے مجھے زلف خط و خال و زنخدان کا

اُس مستِ ناز کو گر شوقِ شراب ہوگا
خم آسماں بنے گا جام آفتاب ہوگا

جی کے بہلانے کو اُلفت کی تھی سوجی ہی جلا
نفع جس میں سمجھے تھے اُس میں ضرر ہونے لگا

محوِ خود بینی ہے وہ آئینہ رُو
حال کیا پوچھے کسی غمناک کا

ہم سے بھی یونہی چھوٹ گیا کوچۂ صنم
جنت کو جیسے ہاتھ سے آدم نے کھو دیا

نہ تو رنگِ زلف سیاہ تھا نہ وہ چہرہ غیرتِ ماہ تھا
کہیں آپ صورتِ لیل تھا کہیں آپ شکلِ نہار تھا

شبِ ہجر سوؤں تو زیرِ سر رہے ہاتھ کس کا جو چین سے
جو سحر کو اُٹھوں تو دیکھوں کیا مرا آئینہ رُخِ یار تھا

پڑا جھپکا تیر جو یار کا تو برآئی دونوں کی آرزو
مجھے صید ہونیکا شوق تھا اُسے اشتیاقِ شکار تھا

دِن تو نالوں میں کٹا رات تڑپ کر گزری
عشقبازی کا مزا اے دلِ شیدا دیکھا

مر جاؤں ہیں تو خاک رہے کوئے یار میں
مٹی نہ کیجیو مری اے آسماں خراب

خونِ دل عاشقوں کا حاضر ہے
کیوں حنا ہاتھ میں لگائیں آپ

ترے لعلِ لب لیں یمن سے خراج
تری زلف چاہے ختن سے خراج

وہ سفاک ہے وہ کہ لے مُرغِ روح
لیا تیغ نے جس کی تن سے خراج

نقلِ مکان کے واسطے تیرے مریض کو
جز قبر اور کوئی نہیں ہے مکان پسند

بلبل کو اب تو چھوڑ دے صیاد قید سے
سُنتے ہیں ان دنوں میں ہے گلشن بہار پر

جل ہی گیا نہ شعلۂ عارض سے اے حسن
پروانہ سے ہوئی جو کبھی ہمکنار شمع

بے سبب کب ہو عرق آلودہ رُخ پر یار زلف
چاٹتی ہے آرسی اس گلشن کی بنکر مار زلف

آنکھیں ہوئے فتن ہیں نافۂ مشکیں ہے خال
ہے رد آئینۂ رخ لب یمن۔ تاتار زلف

سرگشتہ ہوں ایسا کہ پسِ مرگ بھی اکثر
بنتا ہے مری خاک سے اے چرخِ کہن چاک

ہنستے ہیں وہ جو روکے کہوں ماجرائے دل
بیدرد پر کسیکا الٰہی نہ آئے دل

پہلو میں دل جو ہو تو وہ لیجائے دستاں
رکھتا ہوں میں تو پارۂ آتش بجائے دل

عارض پہ حسن اُسکے نہیں زلفِ پریشاں
ہے صبحِ وطن شامِ غریباں کے مقابل

واہ رے خوبیٔ قسمت کہ بگڑنے کے سوا
کوئی بنتا نہیں اپنا کسی تدبیر سے کام

تجھ سے اِک بوسے کے طالب ہیں فقط اے شہ حسن
نہ غرض مال سے رکھتے ہیں نہ جاگیر سے کام

وصل ممکن نہ ہوا ہو گیا اے جان وصال
رہی آخر یہ مرے دل کی تمنا دل میں

اِک دم ٹھہر کہ جان نکلتی ہے جسم سے
جاتا ہے اُٹھ کے اوبتِ نامہرباں کہاں

تکتا ہوں ہر طرف نہیں ملتی وطن کی راہ
مجھ ناتواں کو چھوڑ گیا کارواں کہاں

جائے کیونکر تری محفل سے یہ دیوانہ کہیں
شمع کو چھوڑ کے جاتا نہیں پروانہ کہیں

دل ہے کاکل میں پھنسا کیجو نہ تو شانہ کہیں
قید سے چھوٹ کے نکلے جائے نہ دیوانہ کہیں

ساغرِ وصل کا طالب جو ہوا میں تو کہا
ہو لبالب نہ تری عمر کا پیمانہ کہیں

دیکھا اُس بُت کو جو زاہد نے تو یہ حال ہوا
پھینکا عمامہ کہیں سبحۂ صد دانہ کہیں

جو پوچھتا ہوں کہ کیوں تاکتے ہو دل کو مرے
تو کہتے ہیں کہ ہم اپنا شکار دیکھتے ہیں

دکھا دی دور سے مثلِ ہلال شکل تو کیا
جو آپ پاس بُلا لیں تو ہاں کمال کریں

شعلۂ عارض پہ تیرے خط عیاں ہوتا نہیں
شمع روشن ہے وہی جس میں دھواں ہوتا نہیں

بدزبانی کے عوض خنجر لگانا خوب ہے
اندمالِ زخمِ شمشیرِ زباں ہوتا نہیں

جیتے جی اے جانِ جاں ہم تم جدا ہوں ہے عجب
بے موئے ہرگز فراقِ جسم و جاں ہوتا نہیں

بخدا تجھ سا حسیں اوبتِ مغرور نہیں
ہمسری تجھ سے کرے حور یہ مقدور نہیں

تیری رسوائی کسی شکل سے منظور نہیں
ورنہ عاشق نہ کرے آہ یہ دستور نہیں

مثل سچ ہے کہ ہوتی ہے بلا ناجنس کی صحبت
الٰہی آدمی کوئی نہ ان پہ یوں مائل ہو

کام کیا ہے درودرباں سے سُبکساروں کو | بوئے گُل پھاندتی ہے باغ کی دیواروں کو
فدائیوں میں ہمارا شمار ہونے دو | تم اپنے چاند سے رُخ پر نثار ہونے دو
اَب تجھ سے کیا کہوں میں کہ یہ کھیتو نامہ بَر | آنکھوں سے تُو تو دیکھ چکا میرے حال کو
وہ باتیں کیں کہ اَور بھی آزردہ کر گئے | آئے جو میرے پاس وہ رفعِ ملال کو
بوسۂ دستِ صنم لے لیتا آرائش کے وقت | کاش مَیں ہوتا حسنؔ تصویرِ پشتِ آئینہ
جس بزم میں وہ آئینہ رو یک بیک گیا | حیراں وہ بزم صورتِ تصویر ہو گئی
رِہا ہوئے ہیں ہزاروں اسیر اے صیاد | اِدھر بھی اِک نظر بندہ پروری ہو جائے
مرے سوا نہ کسی اَور پر کرو بیداد | مجھی پہ ختم تمہاری ستمگری ہو جائے
زلف کو دیکھے تو ہو جائے مسلماں کافر | رُخ ترا دیکھے جو کافر وہ مسلماں ہو جائے

حسن — حسنؔ مفتی محمد حسن صاحب حسنؔ باشندۂ گوپامئو وکیل عدالت جونپور شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر مغفور۔ انتقال کیے عرصہ ہوا۔ چند شعر یادگار ہیں ؎

ہزار بار اُٹھائے گئے مگر نہ اُٹھے | مثالِ نقشِ کفِ پا پڑے رہے در پر
مسافرانِ عدم پاؤں کس طرح سے اُٹھائیں | درازراہ ہے بارِ گناہ ہے سر پر
ہمارے کاٹے تو کٹتی نظر نہیں آتی | شبِ بہار نہیں ہے پہاڑ ہے سر پر
صورت نظر پڑی ہے فلک پر سحاب کی | ساقی خدا کے واسطے بھر دے شراب کی

حسن — حسنؔ شیخ حسن بخش ولد مخدوم شاہ محمود ساکن ملتان۔ زیادہ حال معلوم نہ ہوا۔

زلف رُخ سے اِدھر نہیں ہوتی | کیسی شب ہے سحر نہیں ہوتی
تیرے دنداں کے رُوبرو ہرگز | قدر لعل و گُہر نہیں ہوتی
بے کیے عشق زلف اور کاکل | عمر اپنی بسر نہیں ہوتی

حسن — حسنؔ مولوی سیّد امیر حسن صاحب مرحوم تخلص حسن ابن حاجی سیّد اکبر علی صاحب مرحوم ساکن سہارنپور سادات موسوی اثنا عشری تھے۔ اِنکے جدِّ اعلیٰ سیّد عبد الہادی صاحب

عرف شاہِ چراغ کاشان سے سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ ہندوستان میں آئے تھے۔ مولنا حسن نے تقریباً ۵۰ سال تک سرکار انگریزی کی عدالتہائے ضلع میں وکالت کی جائداد آبائی بھی بہت کچھ تھی۔ نہایت متقی و پرہیزگار۔ عربی و فارسی میں استعداد کامل رکھتے تھے۔ اِس لیئے اوقات فرصت میں شغلِ درس بھی جاری رہتا تھا۔ اور علمی مباحثات اور اہلِ علم و فن سے اِنکی صحبت ہمیشہ گرم رہتی تھی۔ لکھنؤ و دہلی کے باکمال سہارنپور میں وارد ہوتے تو اِنہی کے مہمان ہوتے۔ خوشنویس بھی اعلیٰ درجے کے تھے۔ عربی۔ فارسی۔ اُردو تینوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ ملک الشعرا مولوی مہدی علی خان صاحب مُراد آبادی اکثر انکے یہاں آکر مقیم ہوتے تھے۔ چنانچہ اُنھیں سے تلمذ اختیار کیا تھا۔ سہارنپور کے متقدر شرفا اور عمائد میں گنے جاتے تھے۔ دہلی و لکھنؤ بھی گئے اور وہاں کے اہلِ کمال سے ملکر داد سخن دینے اور لینے کا موقع ملا۔ آخر میں بوجہ پیرانہ سالی اور داغ مرگ فرزند جوان کیوجہ سے حواس میں اختلال آگیا تھا۔ ۱۸۸۹ء میں ۸۰ برس کی عمر میں انتقال کیا۔ اور سہارنپور میں دفن ہوئے۔ افسوس کہ کلام مصنف کے امراض دماغ اور ورثا کی کم التفاتی سے تلف ہوگیا۔ اس لیئے جو کچھ دستیاب ہوا حاضر کیا جاتا ہے ؎

جب آسیا کی طرح رات دن رہی گردش	بزیرِ چرخ میسر تب ایک دانہ ہُوا
غیر نے روک لیا مجکو جتانا کیا تھا	عذر بدتر ز گنہ بات بنانا کیا تھا
زلف و رخ انتخاب ہیں دونوں	روز و شب کے جواب ہیں دونوں
سوزِ فرقت سے جل رہا ہوں میں	جگر و دل کباب ہیں دونوں
وصل میں چین ہے نہ فرقت میں	جان کو اِک عذاب ہیں دونوں
شرم اِدھر ہے نہ کچھ لحاظ اُدھر	نشہ میں بے حجاب ہیں دونوں
کام کے آدمی تھے قیس و حسن	عشق میں پر خراب ہیں دونوں
جہاں کی ہوتی ہے وہیں لیجا کے رہتی ہے	حسن پاؤں میں ہے ہر شخص کے زنجیر مٹی کی

واہ ریغا عجیب ہستی ہے	موت ہستی پہ اپنی ہنستی ہے
خیال آنکھوں کا اُنکی یاں تاکہ دلمیں سمایا ہے	مجھے سب لوگ کہتے ہیں اِسے پریو نکا سایا ہے
حسن سوتا تھا کُنج قبر میں آرام و راحت سے	اِسے اے شورِ محشر کس لیئے تُو نے جگایا ہے

حسن

حسن۔ شاہ محمد حسن صابری خلف حکیم حافظ عبداللہ حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ کی اولاد میں تھے عموماً کسبِ کمالات کا شوق رہا خصوصاً فنِ ڈاکٹری کا بہت ذوق تھا۔ کبھی کبھی شعر گوئی کی طرف بھی توجہ کرتے تھے۔ نواب خلد آشیاں کے عہد میں ریاستِ رامپور کے متوسل تھے۔ پہلے حکیم محمد حنیف رضا اپنے ماموں سے پھر اپنے پیر و مرشد سے اصلاح سخن لیتے تھے۔ آخر میں حضرت امیر مینائی مرحوم کو بھی اپنا کلام دکھایا۔ تذکرۂ انتخاب یادگار کے وقت ستر برس کی عمر تھی۔ یہ اُن کے اشعار ہیں ؎

مٹی نظر میں اُسکی ہے اکسیر و کیمیا	ہاتھ آئی جسکو روضۂ احمد کی خاک پا
وادیٔ غربت میں جانکلا جو تیرے کیطرف	دیکھ کر گورِ غریباں کو وطن یاد آگیا
بوستاں میں مہک رہے ہیں جو پھول	یہ حبیبِ خدا کی خوشبو ہے

نواب خلد آشیاں کی مدح میں یہ قصیدے کے چند اشعار ہیں۔

کس کے اوصاف کا کاغذ پہ کھلا ہے گلشن	کہ ہر اک مصرعِ برجستہ ہے شمشادِ چمن
نقطے حرفوں پہ دکھاتے ہیں لطافت کی بہار	گلِ فردوس سے گلچیں کا بھرا ہے دامن
دیکھا یہ رنگ تو خوش ہو کے یہ دل نے پوچھا	کس گلِ تر کی صفت میں یہ کھلا ہے گلشن
ہنس کے تب بلبلِ دل کو یہ دیا میں نے جواب	میرے ممدوح کا تو نام ہے سب پر روشن
نامور کلبِ علیخان بہادر ہے لقب	معدن جود و عطا فیض و سخا کا مخزن
فیض ایسا ہے کہ ادنیٰ کو بنا دے اعلیٰ	خُلق ایسا ہے کہ دشمن بھی جھکا لے گردن

حسن

حسن۔ سید علی حسن شاہجہاں آبادی۔ آپ شجاع۔ تیر انداز۔ خوشنویس۔ دستکار۔ فن بانک و پٹہ میں مہارتِ کامل رکھتے تھے اور باہمہ صفت موصوف تھے۔ صاحبِ غیرت ایسے

تھے کہ اگرچہ عدم مساعدتِ روزگار سے پریشان رہے مگر کسی سے اپنی حاجت کا اظہار نہ کیا۔ طبع موزوں تھی یہ چند اشعار اُنکی یادگار ہیں۔

ناز آئینے پہ اتنا یہ سکندر مت کر	کیا تماشا ہو جو سینے سے دل آوے باہر
یہ تم جانو ہو بجلی کو سکھائیں کس نے اچپلیاں	ہمارے دل ستی تعلیم لے سیکھی ہے بے کلیاں

حسن

حسن۔ مولوی حاجی سید مجتبیٰ حسن ولد سید محمد حسن ساکن ماہریرہ ضلع اٹیہ ۱۲۶۷ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی کی تعلیم کے بعد کچھ دنوں تک محکمۂ پرمٹ میں ملازمت کی۔ نہایت ذہین اور طبّاع شخص تھے۔ طبیعت اِس فن سے مناسبت رکھتی تھی۔ اور اسی شوق کی وجہ سے ہر دوسرے مہینے اپنے ہاں مشاعرہ کیا کرتے تھے۔ سید علی احسن مارہروی انھیں کے بیٹے ہیں علاوہ شعر گوئی کے تاریخ گوئی میں بھی دخل تھا۔ چنانچہ اُنکی تاریخوں کا پورا دیوان موجود ہے۔ طبیعت نہایت دقیق اور سخن سنج پائی تھی۔ جب اپنے والد ماجد کی وفات کے بعد سجادہ نشین ہوئے تو شاعری سے تائب ہو گئے اور اپنے فرائضِ منصبی میں مصروف رہنے لگے حتیٰ کہ ۱۳۱۱ھ ہجری میں معہ اہل و عیال سفرِ حجاز اختیار کیا۔ وہاں سے واپسی کیوقت طبیعت زیادہ ناساز ہوئی۔ اِنکے بیٹے احسن ہمراہ تھے۔ جوں توں ہندوستان پہنچے اور بمبئی پہنچ کر ۹ ربیع الاول ۱۳۱۱ھ ہجری کو انتقال کیا۔ اُن کا اُردو کلام جمع نہ ہو سکا۔ کچھ اشعار اُنکے احسن مارہروی سے ملے وہ درج ذیل کیے جاتے ہیں +

مقتل میں جو تلوار لیے فتنہ گر آیا	لے عاشقِ جانباز بھی ہاتھوں پہ سر آیا
تقسیم ہوئی رزق کی تو حصے میں میرے	غم کھانے کو اور پینے کو خونِ جگر آیا
دیکھی نہ جگہ کوئی ترے جلوے سے خالی	جس سمت نظر اُٹھ گئی بس تو نظر آیا
یہ عقدہ خالِ لب سے کھل گیا خوب	دہانِ تنگ کا رہبر ملا خوب
مدیے میں اگر مکّہ ہوا اپنا	حسن اوقات گزرے اپنی کیا خوب

حسن

حسن۔ میر محمد حسن ابن میر قلندر علی متوطن سکندرآباد مقیم دہلی منشی ہرگوپال تفتہ

وحکیم آغا جان عیش کے شاگرد تھے۔ روزگار پیشہ تھے اور ۱۸۵۷ء میں دلی میں رہتے تھے یہ اُن کا کلام ہے ؎

ناحق اُس بُت کی دوستی میں حسنؔ — لگ گیا داغ پارسائی میں

حسنؔ۔ کل آبلہ پا وحشیانہ سر کو ٹکراتا — اُٹھائے مُنہ گریباں چاک جاتا تھا بیاباں میں

مجھسے بُنیاد ہے محبت کی — عشق کا خاندان ہے مجھ سے
بُرا ہو یا الٰہی دل لگی کا — گھٹا کی عمر اور اُلفت بڑھا کی

رونے سے ایک پل نہیں مُہلت فراق میں — یہ آنکھ کیا لگی مرے پیچھے بلا لگی

حسنؔ

حسنؔ۔ سیّد محمد ابوالحسن خان مرحوم خلف جناب رضی الدولہ میر نورالحسن خاں صاحب نظام جنگ نبیرۂ امیر الملک الاجاہ مولوی سید محمد صدیق حسن خاں صاحب مرحوم اِس ناکام تمنّا اور جوانا مرگ کی ولادت ۱۳۰۰ھ ہجری میں بمقام بھوپال ظہور میں آئی۔ ابھی نہ پُورا سا ہوش سنبھالا تھا۔ نہ درس و تدریس سے فرصت پائی تھی۔ درسیہ عربیہ قریب الاختتام تھیں اور آخری صحاح ستّہ کا سبق ہوتا تھا کہ ۱۳۱۸ھ ہجری میں عین آغاز شباب کیوقت ماں باپ اور دوستوں کو داغ مفارقت دیکر عالم ہستی سے کوچ کیا۔ کُل ۱۸ برس دُنیا کی ہوا کھائی۔ مرنے سے ڈھائی تین برس پہلے شعروشاعری کا شوق ہوا جو بڑھتے بڑھتے اِتنا بڑھا کہ بالکل اُسی میں منہمک ہوگئے۔ فارسی میں زیادہ محویت تھی۔ حضرت میرزا غالب دہلوی کی روش کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ چنانچہ اُردو و فارسی دونوں زبانوں اُنھیں کا تتبع کیا۔ عرشی اور حسنؔ دو تخلص اختیار کیے تھے۔ اِس میں شک نہیں کہ ہونہار طبیعت پائی تھی۔ مگر افسوس عمر نے وفا نہ کی۔ کُل دو ڈھائی سال کی مشق پر یہ عالم ہے کہ وہی فارسی ترکیبوں کے ساتھ میرزا کی طرح لفظوں کو جمع کرتے ہیں اور گویا پَر لگا کر اُڑنا چاہتے ہیں۔ مگر اکثر تو گر پڑتے ہیں اور کہیں کہیں سنبھل بھی جاتے ہیں پھر دونوں مصرعوں میں یکساں زور قائم نہیں رہتا تاہم ایک آدھ مصرعہ یا کوئی کوئی پُورا شعر بھی خاصہ بلکہ اچھا کہہ جاتے ہیں۔ حافظ خان محمد خاں صاحب شہیرؔ سے تلمذ تھا۔ اگر کچھ دن مشق

جاری رہتی تو فی الحقیقت اچھا کہتے۔ اِنکے بھائی نے اِنکی بیاض راقم تذکرہ کے پاس بھیجدی تھی بطور یادگار چند شعر درج کیئے جاتے ہیں ✤

نمایاں کاکلِ مشکیں سے ہونا روئے جاناں کا
چمکنا ہے شبِ تاریک میں مہرِ درخشاں کا

پہلے کسی کے وعدے کا ہوتا نہ تھا یقین
از بسکہ دل شکستۂ پیمانِ یار تھا

چشمِ پروانہ سے خوبانِ جہاں کو دیکھا
شمع رویوں میں کوئی تجھسا طرحدار نہ تھا

تھا فقط پاسِ نزاکت ترا مجکو ورنہ
کھینچ لانا کششِ آہ سے دشوار نہ تھا

دیکھے دل تو یہ معلوم ہوا ہمکو حسن
جسکو دلدار سمجھتے تھے وہ دلدار نہ تھا

واصلِ بحقیقت ہوں جو میں عشقِ بتاں سے
دل زندۂ جاوید ہوا ہے حسن اپنا

ہیولائے متاعِ عیش تھی آشفتگیٔ دل
جسے سمجھے تھے ہم خطِ اُسی کو انگبیں پایا

آہِ دل سے جو شرر نکلا وہ خالص زر ہوا
آنکھ سے ٹپکا جو قطرہ میری وہ گوہر ہوا

لبِ زاہد ہم آغوشِ شرابِ تند ہے عرشی
ہوا ہے نذرِ آتش آج خرقہ پارسائی کا

اندوہ کا وشِ غمِ ہجراں عیاں ہے اب
دل محوِ ذوقِ پردہ سازِ بیاں ہے اب

دل سرد مہریوں سے حسینانِ دہر کی
سرگرمِ جوشِ نالۂ آتش فشاں ہے اب

ہوا ہے شادیٔ دل کا سبب رنج و الم مجھپر
وہ مجھپر رشک کرتے ہیں جو کرتے ہیں ستم مجھپر

بتوں سے رنجشِ بے التفاتی کی کوئی حد ہے
ہوئی ہے بے تکلف فرض آبِ سیرِ حرم مجھپر

یونہی ہر بات پر کھنچتی رہی گر تیغ اے عرشی
تو پھر آسان ہے دشواریٔ راہِ عدم مجھپر

ہے زخمِ تیر سینہ میں سرمایۂ طرب
پیکانِ یار دل میں ہوا رہنمائے عیش

آلودۂ سرشکِ ندامت ہے چشمِ یار
یہ بھی اُداستم کی ہے عذرِ ستم نہیں

جاں بازِ شوق و طالبِ دیدار یار ہیں
سنے دیر سے غرض نہ تعلق حرم کے ساتھ

سبو ہے اور نہ مینا ہے نہ ساقی ہے نہ پیمانہ
کسیکی نرگسِ میگوں سے اِک عالم ہے مستانہ

مستی فشاں مگر نگہِ میفروش ہے
پادر رکاب جلوۂ نیرنگِ ہوش ہے

وفورِ کشتگانِ شوق سے گردوں بھی حیراں ہے
شفق آئینہ دارِ برقِ شمشیرِ درخشاں ہے

ہے آخر کس لیے یہ التہابِ آتشِ دوزخ
نہیں غم گر مرا تر عرصۂ محشر میں داماں ہے

نہیں ذوقِ سخن مجکو مگر مجبور ہوں عرشی
کہ منظورِ دلِ غمگیں رضائے مرتضیٰ خاں ہے[1]

سخن میں بھی مرے رنگِ دلِ خونابہ افشاں ہے
مرا ہر حرف دیواں دانۂ تسبیحِ مرجاں ہے

گدازِ دردِ الفت کیجئے کیونکر بیاں عرشی
مرا دل شمع ہے اور خامشی گویا مرا جاں ہے

یہی بس آرزوئے دل تھی ہمنے بھر پایا
کسیکا ہائے یہ کہنا کہ آرزو کیا ہے؟

یہ رنگ لائی ہے نیرنگ سازیٔ الفت
وگرنہ اشک کی جا آنکھ میں لہو کیا ہے؟

سُود سَودائے محبت میں کہاں ہوتا ہے
دین و ایمان و دل و جاں کا زیاں ہوتا ہے

دل میں پوشیدہ کہیں عشقِ بتاں ہوتا ہے
آگ جس گھر میں لگتی ہے دھواں ہوتا ہے

باغباں باغ میں بلبل کو چہک لینے دے
دو ہی دن میں تو یہ تاراجِ خزاں ہوتا ہے

سُن کے احوال مرا ہنس کے یہ ظالم نے کہا
اچھا بیمارِ محبت کا کہاں ہوتا ہے

ہم جستجوئے جلوۂ جانانہ کرینگے
طوفِ حرم و کعبہ و بتخانہ کرینگے

طاقِ ابرو کو جب سے دیکھا ہے
ہمنے ڈالی ہے خو عبادت کی

نہ غرض دین سے ہے انکو نہ دنیا کی طلب
سب سے فارغ ہیں ترے عشق کی ملت والے

سینہ حریفِ کاوشِ مژگاں نہیں رہا
کسکی دل و جگر کو الٰہی نظر ہوئی

آئے تھے آج پرسشِ زخمِ جگر کو لیک
دل کو بھی ہائے سیلِ مژگاں بنا گئے

حسن — حسن۔ جناب سید حسن عسکری صاحب متخلص بہ حسن۔ ولدیت اور تلمذ کا حال معلوم نہیں۔ لکھنؤ وطن ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

خطا دیوانگانِ عشق کی کوئی نہیں نکلی
غلط محشر میں تحریر کرامًا کاتبیں نکلی

بلا آئی جو کچھ بھی جائے آسائش کہیں نکلی
فلک نے سر پہ وہ ڈالی کہ پاؤں سے زمیں نکلی

جلایا دل تپانِ عورش کی سرد مہری نے
مری دوزخ سے بھی کیفیتِ خلدِ بریں نکلی

[1] آپکے بھائی کا نام ہے۔

کیا قاتل نے جب کشتہ مجھے شیریں دہائی سے
بجائے موجِ خوں شہ رگ میں جوئے انگبیں نکلی

نہ دی جب اُس بتِ نامہرباں نے دادِ دلسوزی
حسن نکلی تو کس مصرف کی آہِ آتشیں نکلی

حسن

حسن۔ حسن تخلص حسن جان خلف شیخ غلام مرتضیٰ مصور ساکن قدیم شہر لکھنو محلہ نادان محل شاگرد خواجہ محمد عبدالرؤف عشرت لکھنوی عمر ۲۵ سال سلسلۂ شاگردی خاندانِ میر سے ملتا ہے ابتدائے سن سے شاعری کا شوق ہے۔ دیوان ناتمام ہے۔

جس جرم کا حقیقہ کو خود اعتراف ہو
رحمت تری پکار کے کہدے معاف ہو

ہرگز خیالِ گیسوئے جاناں نہ چھوڑیئے
صدمے ہوں لاکھ عشق کا داماں نہ چھوڑیئے

تھک جائیں پاؤں دشت کا داماں نہ چھوڑیئے
مرجایئے پہ ہاتھ سے میداں نہ چھوڑیئے

ہر شب یہ میری قبر پہ کہتی ہے بیکسی
یوں بے چراغ گورِ غریباں نہ چھوڑیئے

آزمانے کے لیئے تیغ جو قاتل آئے
کون پھر میرے سوا ہے جو مقابل آئے

حسن

حسن۔ کرنل صاحبزادہ محمد حسن رضا خاں صاحب بہادر کمانڈنگ افواج ریاستِ رامپور آپکے والد احمد رضا خان عرف پیارے صاحب مرحوم نواب خلد آشیاں کے بھانجے تھے۔ آپکی عمر اب ۳۵-۳۶ برس کے قریب ہے مضطر خیرآبادی سے فن سخن میں استفادہ کرتے ہیں اور ریاست میں ۵۰۰ روپیہ ماہوار کے منصبدار ہیں۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

پھوٹکتا ہے دل چراغِ روئے جانانہ مرا
رات کیسی دن کو بھی جلتا ہے پروانہ مرا

تو نے پھیری آنکھ چشمِ تر سے آنسو گر پڑے
یاس نے چھلکا دیا لبریز پیمانہ مرا

میں لیئے پھرتا ہوں دل میں اک بتِ بیدرد کو
اب تو میرے ساتھ ہی رہتا ہے بتخانہ مرا

دلکی برہادی کا بھی اک روز پھل ملجائے گا
رنگ کچھ لائیگا مل کر خاک میں دانہ مرا

جب تعلق ہے تو اظہارِ تعلق چاہیئے
جب پری تم ہو تو رکھو نام دیوانہ مرا

رکھتے ہیں لاگ ایک نہ اک خو بروسے ہم
لاچار ہیں مزاج سے۔ مجبور خو سے ہم

اک حیلہ چاہیئے مجھے لڑنے کے واسطے
امید صلح رکھتے ہیں اُس جنگجو سے ہم

کبھی دل سے نہ نکلی ناصح خلش سودائے مژگانی ۔ یہ وہ پیکاں ہے جو تجھ سے جگر تک ہیں نکلی

بیتاب کر نہ اے دلِ ایذا طلب ہمیں
باز آئے تجھ سے اور تری آرزو سے ہم

ایسے ہی تو وہ ہیں کہ چھپا لینگے عشقِ غیر
سو بار تاڑ لینگے حسن گفتگو سے ہم

وہ خوب جانتے ہیں مرے دل کا مدعا
حالانکہ کچھ زباں سے کہتا نہیں ہوں میں

کوئی عدم کا بھلا کیا معاملا سمجھے
جو مبتدا کو نہ سمجھا خبر کو کیا سمجھے

کہا جو اُس سے کہ تم میرا مدعا سمجھے
تو مسکرا کے وہ بولے مری بلا سمجھے

جو بیخبر تھے وہ گھر جانتے رہے غافل
جو ہوشیار تھے دنیا کو وہ سرا سمجھے

دیا جو رنج کسی نے تو خوش ہوا دلِ زار
اٹھا جو درد کلیجے میں ہم دوا سمجھے

حسن

حسن سخنور خوش بیان ناظمِ شیریں زبان مولٰنا حاجی محمد حسن رضا خان صاحب حسن بریلوی خلف مولٰنا مولوی نقی علیخاں صاحب مرحوم و برادر مولٰنا مولوی احمد رضا خاں صاحب عالمِ اہلِ سُنّت و شاگرد رشید حضرت نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی آپکے صاحبزادے نے جو حالات ارسال کیے اُنکا خلاصہ یہ ہے۔

آپ ۴ ربیع الاوّل ۱۲۷۶ھ کو پیدا ہوئے۔ آپکے آباو اجداد دلّی کے رہنے والے تھے آپکے جدِ امجد محمد سعادت علیخاں صاحب کی وفات تک تو آپکے خاندان کا مسکن اسی شہر میں رہا مگر اسکے بعد مستقل سکونت بریلی میں قرار پائی۔ چنانچہ اب وہی وطن ہے۔ آپکے بزرگوں میں حضرت محمد اعظم علیشاہ صاحب بہت بڑی دولت و ثروت چھوڑکر تارک الدنیا ہو گئے تھے اور صاحبِ کشف و کرامات گزرے ہیں۔ علم و فضل آپ کا خاندانی ہے۔ لغت گوئی میں اپنے برادرِ بزرگ مولوی احمد رضا خاں صاحب سے مستفیض ہیں اور عاشقانہ رنگ میں بلبلِ ہندوستان سے تلمذ تھا۔ جس زمانے میں حضرتِ داغ رامپور میں تھے آپ اُنکے شاگرد ہوئے اور ہر سال ایک دو مہینے اُنکی خدمت میں رہکر فیضِ صحبت سے مستفیض ہوتے رہے۔ داغ صاحب کو اِن سے خاص اُنس تھا اور اکثر پیارے شاگرد انھیں کہا کرتے تھے ۱۳۲۵ھ میں معہ عیال حج کیا اور واپسی پر غزل گوئی ترک کردی۔ محض نعت اور منقبت کو

ہی اپنا مشغلہ ٹھیرایا۔ چنانچہ نعت میں ایک پورا دیوان مرتب کیا اور ہنگام طبع جبکہ صرف دو یا تین ورق آخر کے چھپنے باقی تھے ۲۲ ماہِ رمضان ۱۳۲۶ھ کو ۵۰ سال چھ ماہ کی عمر میں بعارضۂ تپ اِس جہانِ فانی سے رحلت کی۔

آپ کا عاشقانہ کلام آپکے بعد طبع ہوا ہے۔ جو فی الحقیقت بہت اچھا ہے۔ صفائی۔ سادگی۔ بندش۔ اور شوکتِ الفاظ کے علاوہ پُر درد اور مؤثر بھی ہے۔ طرزِ بیان میں سادگی کے ساتھ تیکھا پن غضب کا ہے۔ تعقید اور آورد کا شروع سے اخیر تک نام و نشان بھی نہیں ہے۔ اکثر مصرعۂ ثانی کی نسبت مصرعۂ اولیٰ تو آپ غضب ہی کا لکھ جاتے ہیں۔ بعض اشعار میں مصرعۂ اولیٰ کے الفاظ کو اُلٹ پلٹ کر اس خوبی سے مصرعِ ثانی کا مضمون پیدا کر لیتے ہیں کہ تعریف نہیں ہو سکتی۔ بول چال اور محاورات میں بھی حرف گیری کی کم گنجایش ہے الغرض آپ کا مذاقِ شعر پاکیزہ اور اسلوبِ بیان قابلِ تعریف ہے۔ اِس میں شک نہیں کہ نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے تلامذہ میں آپ ایک امتیازی درجہ رکھتے تھے اور کچھ عجب نہیں کہ اگر زندگی مستعار وفا کرتی اور یہ مشغلہ قائم رہتا تو اُنکے نام کو جِلا دیتے۔ دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیوں دلِ زار محبت کا نتیجہ دیکھا
درد و فرقت کا کوئی پوچھنے والا دیکھا

بس رُخِ یار سے اُٹھتے ہوئے پردہ دیکھا
پھر خبر ہی نہ رہی کیا کہیں پھر کیا دیکھا

کان وہ کان ہے جسنے تری آواز سنی
آنکھ وہ آنکھ ہے جسنے ترا جلوہ دیکھا

آپ کہتے ہیں کہ جا دیکھ لیا دل تیرا
کہتے تو اپنے سوا دل میں مرے کیا دیکھا

شربتِ دید میں کیا جانے مرے ہیں کیسے
جتنا سیراب ہُوا اُتنا پیاسا دیکھا

حُسن جب مقتل کیجانب تیغِ بُرّاں لیچلا
عشق اپنے مجرموں کو پا بجولاں لے چلا

آرزوئے دیدِ جاناں بزم میں لائی مجھے
بزم سے میں آرزوئے دیدِ جاناں لیچلا

میرے گھر تک پاؤں پڑ کر اُنکو لایا تھا نیاز
مانعِ دامن کھینچتا سوئے رقیباں لیچلا

بیمروّت ناوکِ افگن آفریں صد آفریں
دل کا دل زخمی کیا پیکاں کا پیکاں لیچلا

اِس سے بڑھکر آرزو کیا تُو ہو قاتل ہم شہید
پُوچھتا کیا ہے ستمگر تیغِ بُراں لے چلا

دل کو جاناں سے حسن سمجھا بُجھا کر لائے تھے
دل ہمیں سمجھا بُجھا کر سُوئے جاناں لیچلا

بسملوں کو زخم زخموں کو مبارک لذّتیں
سُوئے مقتل پھر کوئی تیغ و نمکداں لیچلا

مَیں کیا پوچھوں کہ ہے میری خطا کیا
عتابِ بے سبب کا پُوچھنا کیا؟

داغِ اُلفت جگر میں دیکھ لیئے
بدگماں! تو اعتبار ہوا

کیا قیامت ہیں پیار کی نظریں
میٹھی چھریوں سے دل فگار ہوا

دیکھو! نہ دیکھو اُسکی طرف چشمِ مست سے
چکرا کے گر پڑے گا پیالہ شراب کا

لکھا ہوا ہے پیرِ مغاں کی دوکان پر
کمظرف کو حرام ہے پینا شراب کا

بیخبر ہو۔ بے خبر کو کیا خبر اِس درد کی
سنگدل ہو سنگدل پر کیا اثر فریاد کا

خاک میں ملجائیگی قدر شہادت تیرے ساتھ
خونِ ناحق! بچ رہا دامن اگر جلّاد کا

خونِ حسرت! ہاں دکھا رنگیں مزاجی کی بہار
دامنِ گلچیں بنے دامن مرے جلّاد کا

جس طرح مُنہ تکتے ہیں ظالم ترا ہم تو سہی
مُنہ تکے تُو حشر میں ہر شاکیٔ بیداد کا

کیوں نہ ہو میرے سخن میں لذّتِ سوز و گداز
اے حسن شاگرد ہوں میں داغ سے اُستاد کا

ذرا آہِ پُر درد سے بچتے رہنا
نہیں دل لگی دل دُکھانا کسیکا

اُس شوخ کے انکار سے دل ٹکڑے ہُوا کیوں
یارب کوئی خنجر تو نہ تھا لفظِ "نہیں" کا

جس میں ہے تمہارے رُخِ رنگیں کا تصوّر
اُس دل کو لقب دیجئے فردوسِ بریں کا

اُس گل کی بُو سمائی ہے میرے دماغ میں
پھُولوں کی ہے چنگیر مرقّع خیال کا

سنگِ غمِ فراق سے دل پر لگا نہ چوٹ
آئینہ ٹوٹ جائے گا تیرے جمال کا

جلوے کی روک تھام کرے گا حجاب کیا
دریا کے آگے آبِ رواں کی نقاب کیا؟

کہتا ہے برق سے یہ مرا بیقرار دل
تڑپے ٹھہر ٹھہر کے تو پھر اضطراب کیا؟

آنکھوں کو روئیں دیکھنے والے جھلک کیساتھ
جلوہ حجابِ جلوہ ہے پھر یہ حجاب کیا ؟

خوش ہوئے تھے ہم کہ خنجر تو گلے سے مِل گیا
کیا خبر تھی یہ بھی دم دیکر جُدا ہو جائے گا

آج بیمارِ الم کے طَور کچھ بیطور ہیں
تم نظر بھر دیکھ آؤ گے تو کیا ہو جائے گا

گھبرا کے آئے وہ جو سُنا جان بلب مجھے
لو مرتے مرتے زیست کا سامان ہو گیا

اِس بات پر خفا ہیں قتیلِ جفا سے وہ
یہ کیوں کہا کہ میں ترے قربان ہو گیا

مرے دُکھ دینے والے کیوں وہ قسمیں یاد ہیں تجھ کو
تری تکلیف تیرا دُکھ گوارا ہو نہیں سکتا

ایسے سے دل کا حال کہیں بھی تو کیا کہیں
جو بے کہے کہے کہ چلو بس سُنا سُنا

آخر حسن وہ روٹھ گئے اُٹھ کے چل دیئے
کمبخت اور حالِ دلِ مُبتلا سُنا

در دِ الفت میں زندگی کیسی ؟
موت کا کون چارہ گر ہو گا

خودی سے جُدا ہو کہ وصلِ خدا ہو
نہ ہو کر جو ہو گا وہ ہو کر نہ ہو گا

قتل کرنے کی وہ جلدی تھی تمھیں
اَب تڑپنا نہیں دیکھا جاتا

پائے قاتل دامنِ قاتل سے بچ بچکر تڑپ
قتلگہ میں آئے ہیں بے سر نہ اِتنا سر اُٹھا

وقتِ جلوہ شرم و شوخی کی کشاکش کیا کہوں
پردہ روئے صنم اُٹھکر گرا گر کر اُٹھا

ایسی تری صورت مری آنکھوں میں بسی ہے
جب آئینہ دیکھا تو مجھے تو نظر آیا

سُن لیا ہمنے سوالِ وصل دلبر کا جواب
تا اُمید ی کہہ گئی دل سے مقدر کا جواب

خنجر گلے پہ سرتہ زانوئے دِل رُبا
اے مجرمانِ عشق تمھارے خوشا نصیب

حیرت آنکھوں پہ برستی ہو زبانیں خاموش
خود تماشا بنے بیٹھے ہیں تماشائی دوست

بزمِ محشر۔ مجمعِ عشاق۔ جوشِ اشتیاق
تُو بھی پردے سے نکل اے جلوہ جانانہ آج

بیقراری کل بھی تھی کل سے زیادہ آج ہے
صبر کا یارا دلِ بیتاب کو کل تھا نہ آج

آپ پر جادو بھری آنکھوں کا افسوں چل گیا
اے حسن سب کی زباں پر ہے یہی افسانہ آج

چاہا اگر تمھیں بہت اچھا۔ بُرا کیا
بخشو گے بھی خطائے محبت کسی طرح

کہتے ہیں رنجش بھی ہے تو خاص تیری ذات سے
وہ عداوت بھی جتاتے ہیں محبت کس طرح

چپ چاپ دشت و نجد سے ناقہ نکل چلے
ق
شورِ جرس نہو مرے محمل نشیں بلند

مجنوں کی روح خوابِ عدم سے نہ چونک اٹھے
مرقد سے ہو نہ شورِ قیامت کہیں بلند

آئے میری قضا ادا ہو کر
دم نکلجائے مدعا ہو کر

چھپ گیا یار خود نما ہو کر
رہ گئی چشمِ شوق وا ہو کر

ہجر کے انقلاب کس سے کہوں
کھائے جاتا ہے غم غذا ہو کر

شورِ محشر جگانے آئے ہیں
تیری رفتار کی صدا ہو کر

ناتواں زندۂ جاوید ہوئے
ضعف میں جان سے جائیں کیونکر

سر دشمن ہے اور اُن کا زانو
وہ مرے خواب میں آئیں کیونکر

کوچۂ دوست میں کیوں آئے حسنؔ
زندگی ہو جسے اے یار عزیز

نہ پوچھ اب حال اے بیدرد مجھسے
بلا سے تیری ہیں غمگین یا خوش

مجھے کیوں خوش نہ کئے پھر مرا غم
مرے غم سے ہے میرا دلربا خوش

آتا ہے خالی ہاتھ حسن نامہ بر ترا
قسمت جواب دے تو کہو کون لائے حظ

موت بھی کیا جانے کچھ بیمار ہے
کیوں نہیں آتی ترے بیمار تک

یار تجکو رحم کس دن آئے گا
اب ترس کھانے لگے اغیار تک

ہم ہیں وہ برگشتہ قسمت جانِ من
تم تو کیا منہ پھیر لے تلوار تک

واہ وا اے نگہ یاس ترا کیا کہنا!
آج جلاد ہے بسمل تو ہی بسمل قاتل

آستیں اٹھے ہوئے ہاتھ میں تلوار لئے
آج خونریزیٔ بسمل پہ ہے مائل قاتل

زہر ہی سے میں کروں چارۂ بیماریٔ دل
لاؤں اب انکو کہاں سے پئے غمخواریٔ دل

آپ کے لطف نے تو قہر کیا
خوب تھے جورِ آسماں تک ہم

آئے تھے کیا جانے کیا حسرت لئے
پھر چلے محروم تیرے در سے ہم

ہوائے وصلِ لیلیٰ خاکِ مجنوں کی گرہ میں ہے
بگولے ڈھونڈتے پھرتے ہیں محمل کو بیاباں میں

زباہیں رُک گئیں سر جھک گئے خیرہ ہوئیں آنکھیں
نقاب اُلٹے ہوئے کون آگیا محشر کے میداں میں

چمک ہے درد کی یا دل سے آہِ آتشیں نکلی
یہ کیسی روشنی ہے کوچۂ چاکِ گریباں میں

بُتانِ حیلہ جو قابو سے جب باہر نکلتے ہیں
یہ دم دیکر نکلنے والے دم لیکر نکلتے ہیں

ترے آتے ہی تصویرِ قیامت بنتی ہے محفل
فدا ہونے کو عکسِ آئینوں سے باہر نکلتے ہیں

حسن اِس آہ کے اِس آہ کی تاثیر کے صدقے
مجھے گھر سے اُٹھانے گھر سے وہ باہر نکلتے ہیں

وہ اگر یاد کریں ہم کو تو بھولیں کسکو
ہم اگر اُنکو بھلائیں تو کسے یاد کریں

اَدبِ عشق اگر ہاتھ نہ رکھدے مُنہ پر
چٹکیاں لے جو کلیجے میں وہ فریاد کریں

اے تری شان ستاکر بھی وہ اچھے کہلائیں
ہم بُرے ٹھیریں اگر نالہ و فریاد کریں

پیچکے دل ہی تو پھر گالیوں کا شکوہ کیا
اُنکی بن آئی ہے اَب چاہیں جو ارشاد کریں

حسرت اُس پر ہے جو کم بخت اُنھیں یاد نہ آئے
مَیں تو مرتا ہوں اگر جور وہ کم کرتے ہیں

اِک عندلیب کیا ہے مَیں کہدوں ہزار میں
بس ایک ہی تو پھول ہے ساری بہار میں

وہ حُسن ہے کہ قبضہ کرے دو جہان پر
وہ عشق ہے کہ کچھ نہ رہے اختیار میں

دل میں خیالِ عارضِ پُر نورِ یار ہے
ہم شمع لیکر آئے ہیں اپنے مزار میں

ہے ستمگر کی بات بات میں چھیڑ
مجھ سے کہتا ہے تم پہ مرتے ہیں

تیغِ جلاد مشکل آسان کر
دَم ترا تو توں سے بھرتے ہیں

لو خدا کے واسطے اپنا بنا لو اب مجھے
دونوں عالم چھوڑ بیٹھا مَیں تمھاری یاد میں

بتخانہ و کعبہ میں پتا اُس کا نہ پایا
اب جائیں کدھر آہ کہاں یار کو ڈھونڈیں

پھر کوچۂ دلدار میں ہم خاک کریں جمع
پھر آؤ حسنؔ اپنے دلِ زار کو ڈھونڈیں

مشہور ہے جو دوست کا ہی دوست وہ ہی دوست
جی میں ہے کہ مَیں اب کسی دشمن ہی کو چاہوں

سیکڑوں ارمان ہیں کچھ فکرِ تنہائی نہیں
یادِ جاناں میں یہاں کب محفل آرائی نہیں

اے خدا تقدیر نے پھر اُن سے سنوائی "نہیں"
اب ترے در کے سوا عالم میں شنوائی نہیں

ہے تمہارے قول پر محبت جمال دلفریب
سچ کہا تم نے کہ ہیں مشتاق و شیدائی نہیں

دستِ وحشت چاک کرنا جیبِ داماں سوچکر
کیا مری رسوائیوں میں اُنکی رسوائی نہیں

جان لینی ہے تو حاضر ہے مگر یہ جان لو
جانستانی لائقِ شانِ مسیحائی نہیں

بہاریں سے بہاریں ہیں گلِ چاکِ گریباں میں
گلستاں کے مزے ہمکو میسر ہیں بیاباں میں

ہمارے ہاتھ میں ہوگا گریباں دستِ وحشت کا
اگر اک تار بھی باقی رہے گا جیبِ داماں میں

مرے مذہب میں یہ رسوائی اُلفت ہے اے مجنوں
کہ دل ٹکڑے نہ ہو اور چاک ہوں جیبِ گریباں میں

جو دشمن کو کرے خوش وہ نظر جب اس طرف آئے
جگر میں تیرِ ناوک دلمیں ہو نشترِ رگِ جان میں

ہمارا آشیاں کُنجِ قفس قسمت نے ٹھیرایا
بہار اب قیدِ تنہائی کے دن کاٹے گلستاں میں

یہاں ہر ذرہ میں محمل ہے اور محمل میں لیلیٰ ہے
جنابِ قیس آئے ہی نہیں دلکے بیاباں میں

مرگِ عاشق کی جو مانیں منتیں
وہ مرے مرنے کا ماتم کیا کریں
دیدیا ہے سب اطبا نے جواب
تم نہ کہدینا کہیں ہم کیا کریں

ہمیں بھی چاہ کے ارمان تھے کبھی کیا کیا
پر اب تو ذکرِ محبت سے ہوش جاتے ہیں

وہ مسکراتے ہیں مُنہ پھیر کر حسن! کیا کیا
کبھی جو ہم اُنھیں زخمِ جگر دکھاتے ہیں

اِس نہیں پر تو یہ حالت ہے جو ہاں ہو کیا ہو
سیکڑوں طالبِ دیدار ہیں دو چار نہیں

دلِ بیدرد نہ کیجے تو اسے کیا کیجے
قیس! جس چھاتے کے اندر خلشِ خار نہیں

کیوں پریشاں ہیں مرے قتل کی تدبیر سے آپ
سُن کے حسرت مری کہدیجئے اکبار "نہیں"

خود معالج کی ضرورت ہے معالج کو مرے
میرے نسخے میں کہیں شربتِ دیدار نہیں

دادِ شوریدہ سری کس سے ملیگی یارب!
جس جگہ میں ہوں وہاں دَر نہیں دیوار نہیں

ارمغاں بھیجتے مجنوں کے لئے ہم بھی کچھ
پر حسن جیب و گریباں میں کہیں تار نہیں

یہ ہدایت مجھے نقشِ کفِ پا کرتے ہیں
راہِ محبوب میں اِس طرح مٹا کرتے ہیں

عاشقی گردشِ قسمت کو کہا کرتے ہیں
دن کہیں چاہنے والوں کے پھرا کرتے ہیں

سب حسیں ایک ہی عادت کے ہوا کرتے ہیں
پھول بھی نالۂ بلبل پہ ہنسا کرتے ہیں

آپ تو راضی ہو کہ ہم جینے سے بیٹھے ہیں خفا
ابتو خوش ہو کہ تمھارا ہی کہا کرتے ہیں

اپنے دشمن کو بُرا کون نہیں کہتا ہے؟
آپ ہر بات میں کیوں بول اُٹھا کرتے ہیں

جن پہ ہیں لطف وہی ظلم و ستم سہلیں گے
آپ اب کیوں میرے جینے کی دعا کرتے ہیں

جئے کس تمنا پہ بیمارِ غم
حسینوں میں رسمِ عیادت نہیں

ہم آئے تھے کہنے کچھ احوالِ دل
یہاں بولنے کی اجازت نہیں

تمکو شوخی ہمکو بیتابی کی خُو
سچ تو ہے تم کیا کرو ہم کیا کریں

بن سنور کر نعش پر آئے تو ہیں
اِس سے بڑھکر وہ مرا غم کیا کریں

مرے لاشے پہ وہ کسواسطے بیٹھے ہیں مُنہ ڈھانکے
کوئی پُوچھے تو اب بھی کیا مجھے زندہ سمجھتے ہیں

قیامت تک دلِ مضطر کو اپنے کل نہ آئیگی
اِسے بھی ہم تمھارا وعدۂ فردا سمجھتے ہیں

لگایا پار بیڑا سیکڑوں کشتوں کا دم بھر میں
تمھاری تیغ کو ہم فیض کا دریا سمجھتے ہیں

مرا سر اُنکے قدموں پر ہے وہ دامن کھینچتے ہیں
الٰہی کس طرح دنیا میں رُوٹھوں کو مناتے ہیں

مثالِ نقشِ پا بستر جما بیٹھے ہیں اُس در پر
ہمیں بھی دیکھنا ہے آج کیونکر وہ اُٹھاتے ہیں

مُسافر سے دمِ رخصت کوئی رُوٹھا نہیں کرتا
خدارا ابتو من جاؤ کہ ہم دُنیا سے جاتے ہیں

مرے رونے پہ رحم آیا اُنھیں جب بھی ستم ڈھایا
گلے میں باہیں بھی ڈالی ہیں اور ہنستے بھی جاتے ہیں

نہ رحم آئے حسنؔ مجکو اگر اُن کی نزاکت پر
ابھی وہ ایک نالہ میں کلیجہ تھامے آتے ہیں

نظارۂ رخِ جاناں کی ہمکو تاب نہیں
وہ بیحجاب ہوئے جب بھی بیحجاب نہیں

چھکا دیا نگہ مست نے زمانے کو
تمھارے دَور میں کچھ حاجتِ شراب نہیں

بہارِ حسن کو شانِ غضب نے چمکایا
رُخِ جمال کا غازہ ہے یہ عتاب نہیں

لوگ کہتے ہیں عدو سے دوستی اچھی نہیں
کیا یہ عادت آپکے نزدیک بھی اچھی نہیں

تم حسیں ہو نہیں زیبا نہیں چہرہ پہ نقاب ۔ خوبصورت کہیں پردے میں ہوا کرتے ہیں ۔

موت اچھی ہے جو دم نکلے تمہارے سامنے
آنکھ سے اوجھل ہو تم تو زندگی اچھی نہیں

زلف ٹیڑھی ہو مگر عاشق سے تم ٹیڑھے نہ ہو
زلف میں اچھی طبیعت میں کجی اچھی نہیں

کیا مزے کی بات ہو دل چھین لو بوسہ نہ دو
دل تو اچھا ہو مگر دل کی خوشی اچھی نہیں

آہ اُس عیّار کا انجان بن کر پوچھنا
لے حسنؔ کب سے طبیعت آپ کی اچھی نہیں

بیکسی آکہ گلے ملکے بھی سے روئیں
عید کا روز ہے ہمسے کوئی ملتا ہی نہیں

مانع دید نہ ہو چشمِ تصوّر کو حجاب
دیکھنے والوں کو تم نے ابھی دیکھا ہی نہیں

چشمِ بسمل کو خدا جانے تمنّا کیا تھی
آہ جلّاد نے مُنہ پھیر کے دیکھا ہی نہیں

ہمیں تو اپنی کہانی اُنھیں سُنانی تھی
وہ اعتبار کریں یا نہ اعتبار کریں

ہنسی کی بات تھی وہ ایک دل بھی کچھ شے ہے
ہزار دل ہوں تو ہم آپ پر نثار کریں

ہمارے نالۂ و فریاد پر یہ شکوے ہیں
وہ اپنے ظلم و ستم تو ذرا شمار کریں

یہ چاہتی ہیں عفو و شفاعت کی لذتیں
سب کے گناہ کاش ہوں میرے حساب میں

سچ کہو تسکین دوں میں اپنی جانِ زار کو
سچ کہو سچّا ہی سمجھوں وعدۂ دیدار کو

صبح ہونے آئی چین اسکو کسی پہلو نہیں
کروٹیں کبتک بدلواؤں دلِ بیمار کو

دیکھنا ہو گر نگاہِ مستِ ساقی کا کمال
شیخ لے آئیں کسی ہشیار سے ہشیار کو

وہ چلے ہم پس گئے کیسا جنازہ کس کی گور
ان بکھیڑوں سے غرض کیا پائمال یار کو

دونوں ہاتھوں سے کلیجا تھامے بیٹھا ہو حسنؔ
یا خدا اب کون پکڑے دامنِ دلدار کو

جو دم جھر دیکھ لوں میں عارضِ رنگین کے جوبن کو
تو دامانِ نظر پر رشک ہو گلچیں کے دامن کو

دمِ گلگشت رنگِ تازہ بخشا تو نے گلشن کو
ترے جلوے نے پھولوں سے بھرا پھولوں کے دامن کو

عشق میں بیتابیاں ہوتی ہیں لیکن اے حسنؔ
جسقدر بے چین تم ہو اس قدر کوئی نہ ہو

نہ دیتا دل کبھی خوش ہوتے مجھسے یا خفا رہتے
اگر معلوم ہو جاتا کہ ایسے بے وفا تم ہو

نرالی خودنمائی ہے کہ اک عالم سے پردہ ہے
نئی پردہ نشینی ہے کہ عالم آشنا تم ہو

بیقراری ہجر میں بے اختیاری وصل میں ۔ ہاسے نکالو کی عبارت ایسی بھی اچھی نہیں ۔

شکیبِ جاں ہو قرارِ دلِ حزیں تم ہو
ہمارے درد کی دارو تو بس تمھیں تم ہو

خدا خودی کو مٹائے دوئی اسی کی ہے
جو یہ نہو تو تمھیں ہم ہیں۔ ہم تمھیں تم ہو

نشانہ تیرِ نظر کا بناؤ دل کو مگر
اُٹھا کے پردہ ذرا دیکھ لو یہیں تم ہو

کہتے نہ تھے کہ کوئی بُرا مان جائیگا
لے اور بیقرارِ دلِ بیقرار ہو

جب اپنی جان آپ کو سارا جہاں کہے
کہیئے پھر آپ کا ہمیں کیا اعتبار ہو

اللہ ابتو داد کو پہنچیں یہ حسرتیں
وہ پُوچھتے ہیں کسکے لیئے بیقرار ہو

پہلو میں ایک دم نہیں رہتے قرار سے
میرے لیئے تو تم بھی دلِ بیقرار ہو

ہیں شوخیاں وہاں تو یہاں اضطراب ہو
اب اُنکی بات بات کا ایدل جواب ہو

عاشق کے قلب و چشم میں رہتی ہیں حسرتیں
تم کسکے دل کے چین کن آنکھوں کے خواب ہو

فرقت میں کچھ تو لطف دکھائیں مصیبتیں
دم کھینچکے نے ہو چلکے مرا دل کباب ہو

ہنگامہ گرم کُن ہوں جو محشر میں حسنِ عشق
تیرا جواب ہو نہ ہمارا جواب ہو

اُنکی گلی سے دشتِ مصیبت میں لاؤ ھرا
اے وحشتِ جنوں ترا خانہ خراب ہو

کہتے ہیں نذرِ خاک نشینوں کی خاک کے
پھیرو ہمارے دن بھی اگر آفتاب ہو

تم جسکے دل کے چین ہو وہ مضطرب رہے
تم جسکی جان ہو اُسے جینا عذاب ہو

کچھ بھی نہ ہو تو دل کو تسلی ہو کس طرح
خوئے کرم نہیں نہ سہی کچھ عتاب ہو

میں تمھیں یاد کروں تم کو مری یاد نہو
اور پھر کہتے ہو مضطر نہ ہونا شاد نہو

ایک دم چین سے بیٹھا ہو جو دل ہجر کی شب
آپکے وصل سے کم بخت کبھی شاد نہ ہو

پوچھتے کیا ہو کہ داں میں کون ہے
لو یہ آئینہ اُٹھا کر دیکھ لو

اِس نزاکت پر یہ دعوے قتل کے
پہلے خنجر تو اُٹھا کر دیکھ لو

بیخودِ دیدار کی تربت پہ میلا کیوں نہو
اُنکے جلوے کا تماشائی تماشا کیوں نہو

دلبر آنکھیں ہوں تو دل کیونکر ٹھکانے سے رہے
دلنشیں صورت ہو تو دل میں ٹھکانا کیوں نہ ہو

خواہشیں اپنی فدا کردے رضائے دوست پر
جو وہ چاہیں گے وہ ہوگا اب وہ جو چاہیں کریں
جب کرم ہو حسن کا جب مہربانی عشق کی
جب ترے جلوے کو طرز خود نمائی ہے پسند

پھر میں دیکھوں چاہنے والا کا چاہا کیوں نہو
دل ہی جب چاہے انھیں پھر انکا چاہا کیوں نہو
پھر وہ میری کیوں سنیں پھر انکا کہنا کیوں نہو
سیکڑوں پردوں میں چھپکر عالم آرا کیوں نہو

عندلیبانِ چمن بندۂ بے دام بنے
کس سے ملتے ہو حسن خیر ہے کیا کرتے ہو
مے سے میں نے کب کی توبہ
شیشہ اٹھا کر طاق سے ہم نے
حسن مسیح چارہ مجروح غم ہوا
ہر ولفگار لائق تیغ ادا نہیں
ان بیقراریوں میں وہ کیا چین پائینگے
میں جانتا تھا میری ہی الفت کی خاطر نہیں
اس بدگمان نے یہ کہا میری لاش پر
میں جانتا ہوں دل پہ جو گزری شب فراق

ہوئیے چھوڑ کے گلشن مرے صیاد کیساتھ
کچھ صداوت ہی تمھیں کیا دل ناشاد کیساتھ
توبہ توبہ کیسی توبہ
طاق پہ رکھدی ساقی توبہ
زخموں میں بھر دیا وہ نمک زخم بھر گئے
مژدہ انھیں جو عشق کے مجرم ٹھہر گئے
ارمان کس امید پہ دل میں ٹھہر گئے
لیکن تمھارے ظلم بھی حد سے گزر گئے
اللہ رے فریب کوئی جانے مر گئے
دل جانتا ہی مجھپہ جو صدمے گزر گئے

ناصح نادان عبث تو کر رہا ہے دق مجھے
رات دن کی آہ وزاری ہر گھڑی کا اضطراب
دل تمنے لیا۔ ہجر نے دم۔ عشق نے راحت
موت سے درد جدائی کی دوا ہوتی ہے
دلکے سو ٹکڑے کئے ٹکڑے سے ٹکڑا ہو جدا
رات کو آئینگے وہ صبح سے بے چین ہونمیں
دست نازک سے کشاکش میں ہی تلوار کا دم

دلکے قابو میں ہوں میں دل پر نہیں قابو مجھے
کیا دل بیتاب اب جینے نہ دیگا تو مجھے
برباد نہ اس طرح ہو دولت بھی کسیکی
یوں ہی بیمار محبت کو شفا ہوتی ہے
پر کہیں تیغ ادا دل سے جدا ہوتی ہے
شام تک دیکھئے حالت مری کیا ہوتی ہے
نہ جدا کرتی ہے سر کو نہ جدا ہوتی ہے

ایک تم ہو کہ وفا پر بھی جفا کرتے ہو
ایک ہم ہیں کہ جفا پر بھی وفا ہوتی ہے

دل میں تم۔ آنکھوں میں تم۔ چھپتے ہو پھر کس واسطے
ہمکو شرم آتی نہیں عاشق سے شرماتے ہوئے

جاں بلب ہوں اک نظر کیواسطے آنکھیں نہ پھیر
جانے والے اک نظر پھر دیکھ لے جاتے ہوئے

سوئے درِ حبیب جو ہم ناتواں چلے
بولی یہ نارسائی قسمت کہاں چلے

تیغ لیجے قتل کیجے۔ کام چلنے دیجئے
بیگناہی کو سفارش پہ مچلنے دیجئے

حضرتِ زاہد نویں جنت دکھالاویں گے تم
پھول کھلنے دیجئے چشمے اُبلنے دیجئے

ذبح کرنے کے لیئے منہ پھیر کر بیٹھیں نہ آپ
دم نکلتے وقت تو حسرت نکلنے دیجئے

قابلِ تعزیر میکش ہیں جنابِ محتسب!
دَور کی تقصیر کیا ہے دَور چلنے دیجئے

دعویٰ ہمارا کیا ہے۔ بگڑتا ہے کس لیئے
لے دشمنِ وفا ترے محفل سے ہم چلے

چیر کر تم دلِ بسمل کو نہ دیکھو دیکھو!
جن سے نفرت تھی تمھیں اُنمیں وہ اراں ہونگے

تھوڑی تکلیف اُٹھائی ہے حسن فرقت میں
اَب نہ دل دینگے بتوں کو جو مسلماں ہونگے

دیکھ آؤ مریضِ فرقت کو
رسمِ دُنیا بھی ہے ثواب بھی ہے

شکایت کو گئے تھے شکر کر آئے
یہ کیا تھا کچھ کا کچھ نکلا زباں سے

جو خاص جلوے تھے عشاق کی نظر کیلئے
وہ عام کر دیئے تم نے جہان بھر کے لیئے

ہمیں تو دیکھئے دل دینے سے نہ منہ پھیرا
نگاہ پھیر گئے آپ اک نظر کے لیئے

ہماری وصل کی رات اُنکی ہجر کی شب ہے
وہ آج شام سے بیچین ہیں سحر کے لیئے

دعائے وصل جو کی چرخ سے صدا آئی
یہ التجا تو بنی ہی نہیں اثر کے لیئے

تمھارے جلوے میں ہر جانبی ہے کیفیت
سُرور دلکے لیئے نور ہے نظر کے لیئے

کیا ہے طولِ شبِ ہجر نے عجب اندھیر
گرا ہے سجدے میں خورشید بھی سحر کے لیئے

کہو تو ہم سے بھی خط کا جواب کیا آیا
حسن جو آج قدم تم نے نامہ بر کے لیئے

کیسے ہوش کھو دینا کسیکو خاک کر دینا
تجھے کچھ اور بھی اے جلوہ جانا نہ آتا ہے

بہاروں میں ہوں یہ رنگینیاں پھولوں میں یہ جوبن
مگر پردے میں چھپکر جلوہ جانا نہ آتا ہے

آئی کیا جی میں تیغ قاتل کے
کہ جُدا ہو گئی گلے مِل کے

اب کوئی دم میں نہ ہم ہونگے نہ حسرت ہوگی
آج پُوری تری مانی ہوئی منت ہوگی

حشر کو رویتِ دیدار مسلّم لیکن
ہمپہ تو ہجر کی راتوں میں قیامت ہوگی

دل گرفتارِ بلا۔ جان اسیرِ آفت
آپکے عشق میں ہوگی جسے راحت ہوگی

نقشِ پا بن کے مٹینگے ترے پامالِ خرام
لاش اُٹھیگی نہ اُنکی کہیں تربت ہوگی

اللہ رے بیکسی کہ نہ دل ہے نہ یار ہے
اِک جانِ زار ہے بھی تو وہ جانِ نہار ہے

کس درجہ گلفشانِ دہنِ تنگِ یار ہے
اِس غنچے میں ہزار چمن کی بہار ہے

دل بیچ کے لیں ہم تری آنکھوں کے لیئے مول
دُنیا میں کہیں جنسِ مروّت نہیں ملتی

ہر ایک سے سائل نہیں ہوتا ہے زمانہ
ہر ایک کو یہ حُسن کی دولت نہیں ملتی

اے عاشقو نوید کہ سُنتے ہیں آج وہ
آغاز نہ دل جلوں کا زبانِ چراغ سے

بَل کھا رہے ہیں چہرے پہ گیسوئے پُرشکن
مارِ سیاہ کھیل رہے ہیں چراغ سے

یہ گلفشانیاں تو نہ ہوتیں کبھی حسن
تم نے چُنے ہیں پھول یہ گلزارِ داغ سے

بیوفا خواب میں بھی تُو نے تو آنا چھوڑا
یونہی ہوتی ہے دوا ہجر کے بیماروں کی

نہ رہا کیجیو پر کُنجِ قفس تک آکر
کچھ تو سُن لے مرے صیاد گرفتاروں کی

جسے دیکھا پھر اُس کا دل نہیں رہتا ٹھکانے
تری ترچھی نگاہوں میں شرارت ہی کچھ ایسی ہے

میں آؤں وعظ میں سو بار جب یہ دل بھی آنے دے
کروں کیا واعظ رندوں کی صحبت ہی کچھ ایسی ہے

مَیں کس گنتی میں ہوں اور اک مرے دل کی حقیقت کیا
ہزاروں جان دیتے ہیں وہ صورت ہی کچھ ایسی ہے

کوئی آئے یہ آتی ہے۔ کوئی جائے یہ جاتا ہے
مرا دل ہی کچھ ایسا ہے طبیعت ہی کچھ ایسی ہے

ہمارا کیا بگڑ جاتا حسن تیری سفارش میں
ہماری اُنکی اب صاحب سلامت ہی کچھ ایسی ہے

اے حسن شکر کر و زندہ وہاں سے آئے
دل کو جانا تھا گیا جان سلامت آئی

مریضِ غم کی نہ پوچھو حالت جو تم کو ملنا ہو جلد مل لو
پھریں ہیں آنکھیں چُھٹی ہیں نبضیں بتاؤں کیا تم کو حال کیا ہے

نہ ہٹ کرو آؤ مل بھی جاؤ۔ نہ مرنے والوں سے منہ چھپاؤ
یہ نیچا نوں سے رنج کیوں ہے۔ مسافروں سے ملال کیا ہے

نہ باغِ جنت کی آرزو کر۔ نہ جامِ کوثر کی جستجو کر
شرابِ لعنت حرام ٹھیری۔ پھر اور زاہد حلال کیا ہے

یہ ناز و انداز ہیں قیامت اور اُسپہ یہ شوخیاں بلا ہیں
زمانہ پامال ہو رہا ہے غضب ہے آفت ہے چال کیا ہے

جو عالم آشنا ہو وہ تو پردے کی آڑ کیوں ہے
اگر منظور ہے پردہ تو عالم آشنا کیوں ہے

جو آنکھوں میں بسا ہے آنکھیں اُسکی منتظر کیوں ہیں
جو دل میں جلوہ فرما ہے دل اُسکو ڈھونڈتا کیوں ہے

نہ آئیں وہ شبِ وعدہ تو اُنکی یاد بھی جائے
مرے سوئے ہوئے طالع کے گھر یہ رتجگا کیوں ہے

اگر ہم دیکھ سکتے تھے تو اُسنے کیوں کیا پردہ
اگر دیدار کی طاقت نہیں تو خود نما کیوں ہے

تعلق عکس و پرتو سے نہیں جب حسن یکتا کو
دلوں کو۔ آئنوں کو تم و تا کیا جلا کیوں ہے

کسیکی آنکھ کی پُتلی بنے یا دل کا ٹکڑا ہو
ہماری طرح خاک افتادہ انکا نقشِ پا کیوں ہے

ہمارا عشق دلمیں ہے تمھارا حُسن پردے میں
خدا جانے پھر ان دونوں کا چرچا جا بجا کیوں ہے

اُنھیں ہم جان سمجھیں اُنکو اپنی زندگی جانیں
خدا جانے پھر ایسوں سے تمنائے وفا کیوں ہے

مرے خوں گشتہ ارمانکی سفارش گر نہیں کرتا
تو اُنکے پاؤں پر مچلا ہوا رنگِ حنا کیوں ہے

حسن جب دیکھے دل ہی پھر ان باتوں کی کیا پروا
خیالِ غیر کیوں ہے۔ فکرِ طعنِ اقربا کیوں ہے

ہم رنج و الم سہتے ہیں کیا اپنی خوشی سے
دُنیا میں غرض اٹکے کسی کی نہ کسی سے

دل چھین کے لیجائے جو ظالم خفگی سے
کیا قہر ہو ناصح وہ اگر خوش ہو کسی سے

فرقت میں مجھے رو کے تھے ہو نالہ کشی سے
ناصح! ابھی واقف نہیں تم دلکی لگی سے

تم چپکے سے اِک بوسۂ عارض ہمیں دیدو
کہتے ہیں قسم کھا کے کہیں گے نہ کسی سے

لاکھ سمجھا یا تصور تجھے اے دل ہے وہی
تُو نے سمجھا ہے مسیحا جسے قاتل ہے وہی

رہے جس دل میں تجلّی جمالِ لیلیٰ
حضرتِ قیس! اگر سمجھو تو محمل ہے وہی

صبا! کرم! دلِ بلبل میں شوق باقی ہے
ابھی تو پردۂ رُخسارِ گُل اُٹھا ہی رہے

قیس کے حال کو سُن سُنکے جگر پھٹتا ہے
ساتھ کھیلے کی محبت بھی بُری ہوتی ہے

کون کہتا ہے کہ آپ آئیں مسیحا بن کر
کیا مریضوں کی عیادت بھی بُری ہوتی ہے

آپ کی ضد نے مجھے اور پلائی حضرت
شیخ جی اتنی نصیحت بھی بُری ہوتی ہے

حشر بھی انجمن حسن خود آرائی ہے
عام دربار ہے مخلوق تماشائی ہے

کیا کریں ہم جو لبوں پر تری جان آئی ہے
دلِ بیتاب ہماری کہیں شنوائی ہے

دلِ وحشت زدہ مجنوں ہے کہ سودائی ہے
خیر وہ کچھ بھی سہی آپ کا شیدائی ہے

اِک جھلک دیکھ لے کیا خاک بتاؤں ناصح
کس پر آئی ہے طبیعت مری کیوں آئی ہے

اچھے ہوتے ہیں نہ مرتے ہیں تمھارے بیمار
یہ نئے رنگ نئے ڈھب کی مسیحائی ہے

اپنے در پر بھی وہ آنے نہیں دیتا مجکو
جسنے رہنے کو مرے دل میں جگہ پائی ہے

حسین

حسین۔ شاعر فصیح البیان نواب غلام حسین خان حسین مرحوم اِن کے والد نواب شیر دار خان رئیس شاہجہانپور نواب دلیر خان منصبدار دربار شاہجہانی و بانی قصبۂ شاہجہانپور کی اولاد میں تھے تمام عمر بڑی عزت و توقیر سے بسر اوقات کرتے رہے زیادہ تر توجہ فارسی نظم کی طرف تھی۔ اُردو بہت کم کہتے تھے ۱۲۹۶ھ تک حیات تھے۔ یہ اِنکا کلام ہے۔

میں تو تدبیر میں تھا زخم جگر کی مصروف
دل بھی پہلو میں طپاں تھا مجھے معلوم نہ تھا

آگے ملنے کی کوئی راہ نکل آئے گی
بیقراری تو مجھے اُسکے تو در تک پہنچا

تشنۂ آبِ دمِ خنجر ہے بسمل اور بھی
دستِ نازک کو ذرا تکلیف قاتل اور بھی

مرے اعمال ہیں رونے کے قابل
خدائی سالہا مجھ پہ ہنسا کی

ناصح مشفق نصیحت کچھ اگر آکر کرے
اِس میں کیا نقصاں ہے اپنا سُن کے ہاں ہاں کیجیے

آگ سے موسیٰ کے ہاتھ آیا چراغ مدعا
آشکارا فہم ہے الطافِ پنہاں کیجیے

رشک سے ایکدن کلیجے پر کٹاری مار دیئے
حوصلہ کہتا ہے یوں دشمن پہ احسان کیجیے

حسین

حسین۔ صاحبزادۂ غلام حسین خان حسین متوطن رامپور شاگرد خواجہ آتش لکھنوی۔ کئی

کئی برس ہوئے ۸۰ برس کی عمر پاکر انتقال فرمایا۔

یہی تقدیر میں یارب لکھا ہو — کہ سر اپنا ہو اُس کا نقشِ پا ہو
چھڑکنے پر تو ہوں اُسکا شاخواں — خدا جانے تسلی دے تو کیا ہو
پھری تقدیر تو بھی یہ نہ دیکھا — کہ قاصد کوئے جاناں سے پھرا ہو

حسین

حسین - جناب منشی حسین الدین احمد صاحب سب انسپکٹر کوتوالی ہردوئی زیادہ حالات باوجود تلاش و کوشش معلوم نہیں ہوئے - کلام کا نمونہ اشعار ذیل ہیں۔

دستِ رنگیں جو دکھایا تم نے — رنگ مہندی کا اُڑایا تم نے
دیکھو ہم جی سے گزر جائیں گے — تیر پھر دل پہ لگایا تم نے
یہی اقرار یہی وعدہ تھا — چار ہی دن میں بھلایا تم نے

حسینی

حسینی - محمد ماہ ساکن ماہرہ جوان خوبصورت درویش سیرت - جہاں دیدہ - قید مذہب سے آزاد - اگرچہ شاہ برکت اللہ بلگرامی کے مرید تھے مگر اکثر اُنکے مُنہ سے کلام موحدانہ سُننے میں آتے تھے طبیعت موزوں پائی تھی اور دیوان ضخیم مرتب کیا تھا - یہ اُنکا کلام ہے۔

کبھی آنکھوں سے دور نم نہ ہوا — اشکِ خونی جگر سے کم نہ ہوا
تیرے پاؤں تلک بھی اے ظالم — سرِ حسینی کا ہائے خم نہ ہوا

جب سے دیکھی ہے تری بالی ترکان کے بیچ — تب سے ایجان مری جان نہیں جان کے بیچ

حشر

حشر - جناب محمد مجتبیٰ حسین صاحب از تحصیل سوار مفصل حالات معلوم نہیں - نمونۂ کلام میں تین شعر درج کیے جاتے ہیں۔

خاکساروں کو سدا پھوٹتے پھلتے دیکھا — دانہ سرسبز ہوا خاک میں پنہاں ہوکر
قصۂ وصلِ عدو میں نہ لکھوں گا ہرگز — نیچی گردن نہ کریں آپ پشیماں ہوکر
کیا ہوا خیر تو ہے دیکھ لی صورت کس کی — آئینہ دیکھ کے کیوں رہ گئے حیراں ہوکر

حشر

حشر - جناب سلطان علیخان صاحب لکھنوی - شاگرد جناب جلال - آپکے حالات بھی پوشیدہ

ہی ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

تھے بہت خار راہِ الفت میں ٭ چٹکیاں لیکے دستِ نازک سے	پاؤں ہمکو سنبھل کے دھرنا تھا دلِ غمگیں کو شاد کرنا تھا
روز اک چال نئی آکے وہ چل جاتے ہیں شوخیٔ یار کے آتے ہیں تصور جو کبھی	وصل کے دن شبِ فرقت سے بدلجاتے ہیں چٹکیاں لیکے کلیجے میں نکل جاتے ہیں

حشر

حشر۔ آغا محمد شاہ نام معروف بہ آغا حشر کاشمیری۔ آپکا آبائی وطن تو خطۂ کشمیر ہے۔ مگر اب ایک عرصہ سے اُنکے خاندان کا مسکن شہر بنارس ہے۔ جہاں شال کی تجارت کرتے ہیں آپکا مقامِ ولادت امرتسر ہے۔ فنِ شعر میں جہانتک ہمیں معلوم ہیں آپ کسی کے شاگرد نہیں ہیں۔ عمر تقریباً ۳۴-۳۵ سال کی ہے۔ اک وضعدار۔ خلیق اور بامروّت انسان ہیں طبیعت میں روانی اور آزادی انتہا کی ہے۔ عربی۔ فارسی۔ انگریزی۔ گجراتی۔ اور اُردو کم و بیش پانچ زبانیں جانتے ہیں۔ مذہبی بحث و مباحثے اور وعظ و نصائح کا بیحد شوق ہے۔ شعر و سخن کی قابلیت خداداد ہے۔ نظم و نثر دونوں اصناف میں بہت اچھی دستگاہ رکھتے ہیں۔

فنِ ڈراما نویسی جس کا اصل ماخذ تو سنسکرت زبان ہے۔ مگر ایک عرصہ ہوا کہ زمانے کی دست بُردنے اُسے ہمارے ہاتھوں سے قریب قریب بالکل چھین لیا اور ایسا چھینا کہ آج ہم سمجھتے ہیں کہ انگلستان کا شکسپیر ہی اس فن کا موجد ہے۔ اگر دیکھا جائے تو ایک حد تک یہ بات درست بھی ہے کیونکہ ہمیں دوبارہ یہ فن فی الحقیقت انگلش لٹریچر ہی کے مطالعہ کی بدولت نصیب ہوا ہے۔ اگرچہ اسکے کچھ پہلے مٹے مٹائے نشانات۔ سوانگ راس اور بھگت کی صورت میں ابتک باقی تھے۔ بلکہ ہیں مگر کچھ ایسے بیہودہ اور ذلیل اسلوب سے کہ جنھوں نے اِس فن کو اُسکے اعلیٰ رُتبہ سے گرا کر ہماری نظر میں بالکل واہیات اور خرافات بنا رکھا تھا گو واجد علی شاہ والیٔ لکھنؤ کے زمانے میں اندر سبھا امانت اور مداریلال اور چند اور مثنویاں خود شاہ اختر کی تصنیف مرتب ہوئیں اور اچھی تصنیف ہوئیں۔ مگر صرف شاعری

کے لحاظ سے۔ فن ڈراما سے اُن کا کوئی تعلق نہ تھا۔ اِسکے بعد جب پارسیوں نے کمپنیاں قائم کرکے انگریزی اُصول پر سین سینری کے ساتھ اندر سبھا کے تماشے کرنے شروع کیئے تو لوگوں کو اِس کھیل سے ایک قسم کی دلچسپی پیدا ہوئی اور الف لیلیٰ گل بکاؤلی۔ بدر منیر۔ فسانۂ عجائب وغیرہ دیگر قصص کے اُسی ڈھنگ پر تماشے تصنیف ہو گئے جنھیں کمپنیاں اسٹیج پر ایکٹ کرنے لگیں۔ مگر وہ تماشے محض تماشے ہی تھے۔ سوائے تک بندی کے اِن میں زبان اور لٹریچر سے کچھ لگاؤ نہ تھا۔ رفتہ رفتہ۔ رونق۔ ظریف۔ آغا شاعر۔ بیتاب۔ طالب بنارسی۔ احسن لکھنوی مُراد اور بہت سے ڈرامائسٹ پیدا ہو گئے۔ جنھوں نے اِس فن میں انگریزی اُصول کی تقلید پر ناٹک لکھے۔ دلفروش۔ بزم فانی۔ ظلم اظلم۔ سفید خون۔ نگاہِ غفلت وغیرہ متعدد تماشے مُرتب ہوئے مگر لٹریری مذاق کے اعتبار سے چند ہی ڈرامائسٹ کامیاب ہوئے۔ آغا حشر کشمیری نے بھی اِس صنف میں درجۂ کمال حاصل کیا۔ چنانچہ شکسپیر کے چند ناٹک اُردو کے قالب میں اس خوش اسلوبی سے ڈھالے کہ اُنھیں دیکھکر کہا جا سکتا ہے کہ ہندوستانی ڈراما نگاری میں گویا دوبارہ اسکی روح کو تازہ کر دیا۔ طالب۔ احسن اور حشر کی تصنیفات نے اسٹیج پر آکر سچ مچ حشر برپا کر دیا۔ تماشائی گویا اُسکی مٹھی میں ہوتے ہیں۔ مصنف جہاں چاہتا ہے رُلا دیتا ہے اور جہاں چاہتا ہے ہنسا دیتا ہے۔ رُلاتا ہے تو روتے روتے لوگوں کے رومال تر ہو جاتے ہیں۔ ہنساتا ہے تو تمام اسٹیج میں تماشائیوں کے قہقہے کی آواز گونجنے لگتی ہے گویا سب کچھ اُسی کے اختیار میں ہوتا ہے۔ اب نمونۂ کلام میں ہم آپکی مشہور تصنیف "اسیر حرص" کا ایک سین یہاں نقل کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو کس ترکیب کی نثر ہے اور کس شان کی نظم۔ اور دونوں کو کس لطف سے دست و گریبان کیا ہے کہ اُسکی تعریف نہیں ہو سکتی۔

دیکھئے ظالم چنگیز کے سامنے اُس کا چچازاد بھائی ناصر پابزنجیر کھڑا ہوا ہے۔ چنگیز بے شرمی اور قہر کی سے اُسکو ذلیل کرنا چاہتا ہے مگر بہادر ناصر اپنی جان کا خوف نکر کے برابر انصاف کی طرفداری کیئے جاتا ہے۔

چنگیز۔ کہیئے اے شہباز زمانہ! آپنے اِس ناچیز کو پہچانا؟۔

ناصر- پہچانا! پہچانا!! شیطان کو کون نہیں جانتا ہے۔ بلکہ ہر شخص پہچانتا ہے۔

شکل وصورت دیکھ لی کبر و رعونت دیکھ لی	نام پہلے بھی سُنا تھا آج صورت دیکھ لی

چنگیز- مغرور تو زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے۔ مگر ابھی تک یوں اکڑا ہوا ہے۔

سر سے غرور مسند مخمل نہیں گیا	رسّی تمام جل گئی پر بل نہیں گیا

ناصر- عزت والے مصیبت سے کب ڈرتے ہیں۔ تارے اکثر رات کے عوض دن کو نکلتے ہیں بصری برسات میں جن ندی نالوں میں روانی ہے۔ انھیں گرمی میں دیکھو نہ موجیں ہیں نہ پانی ہے ؎

مگر دریا کو اس تابش کا ہرگز غم نہیں ہوتا	لگا دو آگ بھی اس میں تو پانی کم نہیں ہوتا
عطر کی مٹی میں بھی مل کر مہک جاتی نہیں	توڑ بھی ڈالو تو ہیرے کی چمک جاتی نہیں
سختیاں ہوں لاکھ پر جوہر نہ جائیں گے کبھی	قید میں کچھ شیر کی شیرانہ خو جاتی نہیں

چنگیز- تو تو نے بادشاہی اس لیے چاہی۔ کہ مجھ سے کرے برائی! میں تیرا کون تھا؟

ناصر- کون تھا؟

چنگیز- چچازاد بھائی۔

ناصر- بھائی؟؟ اُف بھائی کا نام لیکر تو نے میرے مرحوم چچا کی روح کو تڑپا دیا۔ قبر میں سوتے ہوئے کو خواب راحت سے جگا دیا۔ مجھکو تو کہتا ہے بھائی۔ اور بھائی کے ساتھ یہ کج ادائی۔ لعنت ہے اونا سزائی۔ ؎

جبکی گودوں میں پلا دشمن انھیں کا ہوگیا	تو نہیں پیدا ہوا اک سانپ پیدا ہوگیا

چنگیز- خیر اگر تم جانتے ہو کہ عیش کا نتیجہ دلگیری ہے۔ اور شاہی کا انجام فقیری ہے ؎

تو ناحق رنج اٹھایا بن کے تاج و تخت کا والی	مجھے ہی تنے ایسی سلطنت پھر کیوں نہ ڈالی

چونکہ چنگیز خود غرض ہے ظالم ہے ناصر کے لفظوں سے دل میں تھبیتا ہے۔ مگر ناحق کی زبان درازی سے ناصر کو دبانا چاہتا ہے اس لیئے مصنف دکھانا چاہتا ہے کہ اسکی باتوں میں سلسلہ نہیں ہے۔ یہی کمال فن ہے۔

ناصر- او! تم کو؟

چنگیز- ہاں ہاں مجکو-

ناصر- تمکو سلطنت کا دیدینا ایسا ہے- جیسا انصاف کو ظلم کے ہاتھ میں دیدینا ہے یا شیر سے بکریوں کی حفاظت کا کام لینا ہے- ؎

کرسکو نگا جب میں اس ظلم وجفا کا سامنا	جب نکرنا ہو قیامت میں خدا کا سامنا

چنگیز- جب رعیت ہی کی تقدیر میں خراب ہونا ہے تو پھر تمکو کس بات کا رونا ہے- میں تو یہ سمجھتا ہوں

رنج ہو سبکو جو ہمکو غم نہیں تو کچھ نہیں-	اور روئیں اپنے گھر ماتم نہیں تو کچھ نہیں
آدمی دنیا میں خوش ہر دم نہیں تو کچھ نہیں	دم کے ہیں سب دم دے جب دم نہیں تو کچھ نہیں
ساری دنیا ہیچ ہے جب ہم نہیں تو کچھ نہیں-	

ناصر- بیشک! اگر تمکو جس راحت و آرام کی امید ہے- اس کا اس دنیا میں پورا ہونا بعید ہے البتہ اگر خدا کے ہاں جاؤگے تو پورا آرام پاؤگے-

چنگیز- تو تُو نے میری موت چاہی- اس لیئے کہ تیری قید ٹوٹ جائے اور تو اس عذاب سے چھوٹ جائے

ناصر- نہیں نہیں میں کیا تیرے عذاب سے چھوٹوں گا بلکہ دنیا تیرے عذابوں سے چھوٹ جائیگی- اور تو دنیا کے عذابوں سے چھوٹ جائیگا- او! خونریز! چنگیز- ؎

کونسا سوچا ہے تُو نے دشمنی سے فائدہ	کیا اُٹھانا چاہتا ہے رہزنی سے فائدہ!

چنگیز- فائدہ؟ سلطنت حاصل کرنے کا قاعدہ جس طرح ایک میان میں دو خنجر آبدار نہیں رہ سکتے اسی طرح ایک ملک میں دو شہریار نہیں رہ سکتے- ؎

بھوک میں ہرگز طبیعت صبر کرسکتی نہیں	ایک روٹی دو بشر کا پیٹ بھر سکتی نہیں

ناصر- یہ تو انسانی خصلت کے خلاف ہے- ایک انسان ایک روٹی دس آدمیوں کو بانٹ کر کھا سکتا ہے- مگر ایک کتّا ایک ہڈی کو اکیلا ہی چچوڑتا ہے- ؎

جہاں میں رہ کے جن لوگوں میں ایسی کج ادائی ہے	وہ اَل سکتے ہیں گرچہ شکل انسانوں کی پائی ہے

چنگیز۔ دیکھ! اب بھی تو اگر اپنی ہیہودگی سے باز نہ آئیگا۔ تو صبح آفتاب نکلنے سے پہلے تیرا دم نکلجائیگا

ناصر۔ اُف! جہاں تجھ سا کور باطن ہے وہاں آفتاب کا نکلنا ناممکن ہے۔

چنگیز۔ کیوں۔؟ کس لیئے؟

ناصر۔ اِس لیئے کہ تیرے گناہوں کی تاریکی نے تمام دُنیا میں اندھیرا پھیلا دیا ہے۔ اور آفتاب کی روشنی کو اپنی سیاہی میں چھپا لیا ہے۔ ؎

پردۂ گور میں جب جسم یہ تیرا ہوگا		اب اِسی روز زمانے میں سویرا ہوگا

چنگیز۔ خیر میں نے مانا کہ میں تیری نظر میں خار ہوں۔ مکار ہوں۔ بدکار ہوں۔ عیار ہوں

مگر یہ دیکھ تو کیسا اسیرِ رنج و آفت ہے		خلاف اِسکے یہاں عشرت ہے راحت ہے مسرت ہے

ناصر۔ او مغرور! یہ کیا بڑی بات ہے۔ عزت اور ذلت دینا تو خدا کے ہاتھ ہے۔ ایک شاخ میں دو پھول ہوتے ہیں۔ ایک کو شادی کے وقت سہرے میں لگاتے ہیں۔ دوسرے کو قبر پر چڑھاتے ہیں۔ ایک صدف میں دو موتی ہوتے ہیں۔ ایک سے تاجِ شاہی کو زینت دیتے ہیں اور دوسرے کو کھرل میں پیسکر خاک سیاہ بناتے ہیں۔

چنگیز۔ تو وہ شرافت کس کام کی جو وقت پر کام نہ آئے۔ ؎

جوہر اگر دکھاتے مشکل پڑی نہ ہوتی		ہاتھوں میں آجکے دن یوں ہتکڑی نہ ہوتی

ناصر۔ ہتکڑی۔؟

چنگیز۔ ہاں ہتکڑی؟

ناصر۔ جن بہادروں کو اپنی عزت عزیز ہوتی ہے اُنکے ہاتھوں میں ہمیشہ دو چیز ہوتی ہیں۔

چنگیز۔ دو چیز؟

ناصر۔ ہاں دو چیز

چنگیز۔ کیا؟

ناصر۔ تیغ و شمشیر۔ یا ہتکڑی و زنجیر۔ البتہ جو طبیعت کا عورت ہو اُسکے ہاتھوں کے لیئے چوڑیاں

کی ضرورت ہے۔

چنگیز ؎ بزبان کم نہیں ہوتی ہے حماقت تیری ۔ خیر معلوم ہوا۔ آگئی شامت تیری

ارے کوئی حاضر ہے؟ ؎

آکے لیجاؤ اِسے قید رکھو آج کی رات	خون پی کو لگا صبح۔ ناشتۂ صبح کے ساتھ

حشم

حشم۔ جناب نواب محمد مرزا خان صاحب شاگرد جناب جلال لکھنوی آپکا کلام بہت صاف اور پاکیزہ ہے۔ دل میں درد معلوم ہوتا ہے۔ مضمون میں بھی شوخی پائی جاتی ہے لیکن افسوس کل ۶ ہی شعر دستیاب ہو سکے۔

غیر ہی کو تم بناؤ قصہ خوانِ اہلِ درد	کچھ کہیں سے سُن تو لوگے داستانِ اہلِ درد
رحم اُس ظالم کے دل میں ڈالدے تو یا کریم	یا مٹا ہی دے زمانے سے نشانِ اہلِ درد
دل دیا ہے جس طرح وہ جان بھی دیگے یونہی	او ستمگر کبھی تو امتحانِ اہلِ درد
خوش جو ہوتے ہیں تو مجھپر وہ جفا کرتے ہیں	غیر سے ہو کے خفا دیکھئے کیا کرتے ہیں
آپ اچھے رہے خواہاں ہیں یہ کہتا ہی وہ بُت	کبھی بھولے سے جو ہم یادِ خدا کرتے ہیں
نیاز آیا ہمیں تیری بدولت	بتا دے تجکو ناز آیا کہاں سے

حشم

حشم۔ ڈاکٹر کرپا شنکر صاحب حشم۔ مرزا قربان علی بیگ سالک مرحوم سے تلمذ رکھتے تھے۔ کلام بھی اچھا ہے۔

رہتی ہے تیری زلف پریشان اتدن	کیا صبر پڑ گیا مرے حالِ تباہ کا
پیرِ مغاں کے بجے قدم چلکے میکدے	زاہد جو آج بند ہے در خانقاہ کا
مجکو حکمت میں بہت دخل ہے لیکن اپنے	درد دل کا نہیں پاتا کوئی درماں اب تک
تیرے قدموں کو نچھوڑا مرے ہاتھوں نے کبھی	نہ گیا ہاتھ سے میرے مرا ایماں اب تک
ہاتھ سے تیغ سے دامن سے ترے او قاتل	ہائے چھوٹا ہی نہیں خونِ شہیدان اب تک
زندہ جاوید گشتوں کو کیا	ہیں خجل عیسیٰ ترے اعجاز سے

حشم

حشم- جناب شیر محمد خاں صاحب خلف اکبر نواب سید محمد خان صاحب رئیس دولت پور ضلع بلند شہر صاحب دیوان تھے- آپکے دیوان کے دیباچے میں کچھ حالاتِ زندگی بھی درج ہیں اُس میں سے چند سطریں انتخاب کیجاتی ہیں- آپ کو ابتدے عمر سے شعر گوئی کا شوق تھا- باوجود کثرتِ کاروبار مشقِ سخن مدت العمر جاری رہی- دیوان کے طبع کرانے کا ارادہ تھا کہ ۱۸۹۵ء میں بقضائے الٰہی اِس دارِ فانی سے رحلت کی اور یہ حسرت پوری نہوئی آپکے بعد آپکے صاحبزادوں نے ۱۹۰۰ء میں آپ کا دیوان بلند شہر میں طبع کرایا- مگر تمام حالات میں آپکے اُستاد کا کہیں ذکر تک نہیں ہے- البتہ اِس شعر سے کچھ پتہ چلتا ہے

فیضِ طپش سے اپنا وہ لہجہ درست ہے	اہلِ حسد کو بند ہیں تقریر سے کروں

کلام فاصحہ ہے بندش صاف ہے- انتخاب ملاحظہ ہو-

بے نقاب اُن کا رُخِ روشن اگر ہو جائیگا	ماہ کا مشکل کتاں ٹکڑے جگر ہو جائے گا
تمھاری زلف کے خم میں جو پیچ و تاب آیا	بلائیں لینے مرے دل کی اضطراب آیا
قصۂ فرہاد و مجنوں کو بتاتے ہیں وہ جھوٹ	اضطرابِ دل پہ میرے پھر یقین لائینگے کیا
آج پھر کھجلاتے ہیں تلوے مرے وحشت سے،	آبلے پھر روئے خارِ دشت دکھلائینگے کیا
اُنکی باتوں ہی سے آزردہ دلی ہے آشکار	مجھسے ملنے کی حشم اب وہ قسم کھائینگے کیا
بال کب زلفوں کے ابروئے عرقناک پہ ہیں	پانی پیتے ہیں یہ آبِ دمِ شمشیر میں سانپ
ہمسری کرتے ہیں اکثر جو تری کاکل سے	سیکڑوں مارے گئے ہیں اسی تقصیر میں سانپ
چشمِ پُرخوں ہجر میں ہے غمگسارِ آستین	دید کے قابل ہے اے گُل اب بہارِ آستین
نہیں ابروئے یار زلف و تا میں	مہِ نو چمکتا ہے کالی گھٹا میں
لحد میں برابر ہے اعلیٰ و ادنیٰ	پسِ مرگ کیا فرق شاہ و گدا میں
تمھارے عارضِ پرنور پر نہیں زلفیں	متاعِ حسن پہ دو مار آکے بیٹھے ہیں
وفورِ رنج سے چہرہ اُتر گیا میرا	حضور آپ جو تیوری چڑھا کے بیٹھے ہیں

ناتوانی نے بچا رکھی ہے ابتک جانِ زار
لاغری سے ہم اجل کو بھی نظر آتے نہیں

گل کی طرح خوشی سے دلِ تنگ کھل گیا
لائی صبا جو اُس بُتِ غنچہ دہن کی بُو

مصروف جو وصفِ دُرِ دندانِ زباں ہو
مچھلی بنے پھر آبِ گہر میں وہ روان ہو

وصفِ غزالِ چشم تو لکھ جلد اے قلم
آنکھوں کے آگے سے کوئی مضمون ہرن نہو

پوشاکِ فاخرہ جو پہنتے تھے رات دن
عبرت کی جا ہے اُن کو میسر کفن نہو

منتظر ہیں نگاہِ مہر کے ہم
تم خدا کے لیئے اِدھر دیکھو!

پاس عارض کے زلفِ مشکیں ہے
متصل شام اور سحر دیکھو!

حور و غلماں شیفتہ جن و ملک مشتاقِ دید
حق نے وہ رُتبہ دیا ہے حسنِ آدم زاد کو

تیرہ دل کیا خاک سمجھے عزّتِ اہلِ صفا
قدر آئینہ ہو کیونکر کورِ مادرزاد کو

دل لگی خوش آئے کیا ہجرِ بُتِ عیار میں
ہمدمو سارے تعلّق ہیں سرورِ دل کیساتھ

ہے جی میں چوسیئے بتِ شیریں ادا کے ہاتھ
کیا غم جو اِس خطا پہ کٹیں مُبتلا کے ہاتھ

مانگیں تمام رات دُعائیں اُٹھا کے ہاتھ
سر کے مگر نہ چہرے سے اُس مہ لقا کے ہاتھ

تیرے سوزِ عشق سے اے گل جو ہاتھ آیا ہے داغ
عندلیبِ دل یہ کہتا ہے کہ باغ آیا ہے ہاتھ

پہلو سے جُدا وہ بتِ عیّار نہو جائے
یارب کہیں جینا مجھے دشوار نہو جائے

ابر کہتا ہے کوئی - دریا کوئی - کوثر مجھے
دیکھئے کیا کیا بنائے گی یہ چشمِ تر مجھے

اب نہ ترساؤ خدا کے واسطے
شکل دکھلاؤ خدا کے واسطے

رُخ میں ضُو آفتاب کی سی ہے
جسم میں بُو گلاب کی سی ہے

خیال تھا ہمیں تیرے جو آتشیں رُخ کا
فنا کے بعد ہمارے کفن میں آگ لگی

جو آ کر باغ میں دم بھر مرا گلگوں قبا ٹھیرے
تو روئے گل پہ رنگ اصلا نہ اے بادِ صبا ٹھیرے

حشمت - میر حشمت علی خلف میر حیدر علی - حیدر آباد دکن کے رہنے والے اور حیدر حسین خان حیدر کے شاگرد ہیں - اُردو و فارسی دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کرتے ہیں - کلام خاصہ حشمت

ہے اِنکے اُستاد بھی نامی شعرائے دکن میں شمار ہوتے تھے۔ خود میر حشمت علی فی الحال محکمۂ نظامت پٹہ خانجات میں ملازم ہیں۔ یہ اُن کا کلام ہے۔

کر کے آبرو کا اشارہ غیر کو وہ رُک گئے	خنجرِ بُرّاں میری گردن پہ چلکر رُک گیا
مرگِ عاشق پر اجی اِس طرح غم کھاتے نہیں	صبر کی جا ہے مرے کے ساتھ مر جاتے نہیں
ہو گئے ہیں جا کے شاید کوئے جانا میں مقیم	حضرتِ دل آج پہلو میں نظر آتے نہیں
یادِ مژۂ یار ہے ایسی کہ نہ پوچھو	دل میں خلشِ خار ہے ایسی کہ نہ پوچھو
ہے جان و دل پہ ہمارے تو آپ کا قبضہ	ہمار آپ پہ کچھ اختیار رہو کہ نہ ہو
ہجر میں ہم اسی اُمید پہ جیتے ہیں فقط	یار باقی ہے تو دنیا میں ہے صحبت باقی

حشمت

حشمت - محمد علیخان حشمت - شاہجہاں آباد کے خوشحال لوگوں میں تھے - اور میرزا مظہر میر تقی میر - اور سودا کے ہمعصر عبدالحی تاباں اِنکے شاگرد تھے - اِنکے دو بھائی عابد یار خان اور مُراد علیخان شاہ عالم ثانی کی سرکار میں داروغۂ جواہر خانۂ شاہی تھے - جناب حشمت بڑے جری اور بہادر اور قوی ہیکل شخص تھے - اور فنونِ سپہ گری میں طاق - پہلوانی پھینکیتی میں شہرۂ آفاق تھے ۱۸۰۸ء میں رہیلوں کی لڑائی میں نواب قطب الدین خان نبیرۂ نواب نعمت اللہ خان رئیس مراد آباد کے ہمراہ شریک ہوئے اور داد شجاعت اور مردانگی دیکر اُسی معرکے میں کام آئے - میر تاباں اُس وقت حیات تھے اُنھیں بہت صدمہ ہوا اور اُنکے غمِ مہاجرت میں اُنھوں نے ایک دردانگیز مخمس بھی لکھا جو اُنکے دیوان میں موجود ہے جناب حشمت فضیلت علمی کے ساتھ شعر بھی خوب کہتے تھے مگر اِس فن میں اپنی شہرت نہیں چاہتے تھے - غنی بیگ کشمیری سے تلمذ تھا - کلام میں سے ذیل کے دو شعر ہمیں ملے - درج کیے جاتے ہیں -

خط نے ترا حُسن سب اُڑایا	یہ سبز قدم کہاں سے آیا
غم نے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب	دیتا ہے ساتھ دینے سے مجکو جواب دل

حشمت

حشمت - میر غلام فخرالدین حشمت مرحوم نبیرۂ حضرت شاہ عالم ثانی - حافظ عبدالرحمن خان

احسان مغفور کے شاگرد رشید تھے اور اپنے اُستاد سے ایسی محبت کرتے تھے کہ اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے کہ میرا سینہ اُستاد کے داغ کا گنجینہ ہو۔ چونکہ یہ دعا صدق دل سے تھی مقبولِ بارگاہِ خدا ہوئی اور اتفاق سے حضرتِ احسان کے انتقال سے ایک ہی روز پیشتر ۴۷ سال کی عمر میں قضا کی۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

زلفوں کے بنانے کا پردہ تھا بہانا تھا	مُنہ پردہ نشیں ہم سے پردے میں چھپانا تھا
گھر دو ہی قدم پر تو ہے اِن قدموں کے میں صدقے	بڑھیئے کوئی دو چار قدم اور زیادہ
مجھے روتے جو دیکھا ہنس کے بولے	تری حشمت بتا کیوں چشم تر ہے
پلا آبِ دمِ شمشیرِ قاتل	ترا سبزل تڑپتا خاک پر ہے

حشمت

حشمت۔ عالیجناب فضیلت مآب کمالات انتساب مسٹر حشمت اللہ صاحب ایم اے ممبر سول سروس صوبۂ متحدہ آگرہ و اودھ۔ آپ علیگڈھ کالج کے تعلیم یافتہ ہیں۔ سن شریف اب ۴۴ و ۴۵ برس کے قریب ہے۔ جب دہلی میں اول مرتبہ ۱۸۹۳ء میں محمڈن کانفرنس کا اجلاس ہوا تو آپ ہی اُسکی صدر نشینی کے لیئے منتخب ہوئے تھے۔ تکمیل علوم مغربی کے ساتھ ساتھ شعر و سخن کا مذاق بھی اعلیٰ درجے کا موجود ہے اور خود بھی خوب کہتے ہیں۔ راقم تذکرہ کو بھی ایّام میں شرفِ نیاز حاصل ہوا تھا اور جناب نے چند غزلیں بھی سُنائی تھیں۔ بیان میں شوخی صفائی اور خیالات میں جدّت اور بلندی سارے وصف باحسن وجوہ موجود ہیں۔ عرصۂ دراز سے کلکٹری کے عہدے پر فائز ہیں۔ تازہ کلام باوجود کوشش دستیاب نہو سکا۔ لہذا وہی چند شعر جو عرصہ ہوا سُنے تھے درج کر دیئے گئے۔

تیرا دیوانہ جو انبوہِ اسیراں میں نہیں	آج ہی شور و فغاں گوشۂ زنداں میں نہیں
جلوہ دیکھا ہے جہاں آنکھ وہیں پڑتی ہے	گو یہ معلوم ہے نظّارہ اب امکاں میں نہیں
آپ سے وعدہ نہ ایفا ہو تو جانے دیجے	ہم کو شکوہ نہیں گر آپکے امکاں میں نہیں
شکوۂ رنج و غمِ عبث۔ حجتِ کشمکش دروغ	خانہ نشیں عاقبت بزمِ جہاں ہو آئے کیوں

حشمت خستہ غیر سے۔ چشم کرم بجا نہیں
گریۂ غم کو کیا غرض آتش دل بجھائے کیوں

دل و دین و دولت لٹائے ہوئے ہیں
سزا جرم الفت کی پائے ہوئے ہیں

تمھیں کیا بتائیں کہ ارمان والے
تصور میں کیا لطف پائے ہوئے ہیں

نسیم چمن میں کہاں قابلیت
یہ سب گل تمھارے کھلائے ہوئے ہیں

قدم رنجہ فرمایئے بے تکلف
سر رہ ہم آنکھیں بچھائے ہوئے ہیں

فلک کی یہ نیرنگیاں کب ہیں حشمت
پس پردہ وہ آپ آئے ہوئے ہیں

حیات ابد کی تمنا نہیں ہے
مرا جیتے رہنے میں تنہا نہیں ہے

مریض محبت کو پروا نہیں ہے
ترے ہوتے کیا غم جو عیسیٰ نہیں ہے

بنو لاکھ بیگانے صحبت میں لیکن
تعلق نگاہوں سے چھٹتا نہیں ہے

مریض محبت کو ہم نے بھی دیکھا
نصیب عدو حال اچھا نہیں ہے

خیال خط و خال جانے دو حشمت
طبیعت میں وہ جوش سودا نہیں ہے

حوصلے بڑھ بڑھ کے آخر آفت جان ہو گئے
کچھ دنوں ارماں رہے پھر دل میں پیکان ہو گئے

پردہ و درباں رہے رکھے کے رکھے طاق پر
آنکھیں ملنا تھیں کہ مشتاقوں کے پیماں ہو گئے

جلوہ بینان حقیقت ہی رہے اک بت پرست
باقی امید قیامت پر مسلماں ہو گئے

مہربانوں کو چھڑایا ایک رشک وصل نے
کچھ مرے ناصح بنے کچھ اسکے دربان ہو گئے

حشمت ۔ محتشم علیخان حشمت سید صحیح النسب متواضع خلیق۔ ہر شخص کے دل میں انکی جگہ تھی۔ مغلپورہ کے رہنے والے۔ فارسی و ریختہ کے زبردست شاعر ہیں۔ یہ دو شعر انکے حسن فکر کا نتیجہ ہیں۔

نکہت گل نے جگایا کسی زندان کے بیچ
سر زنجیر کی جھنکار پڑی کان کے بیچ

بہار آئی دیوانے کی خبر لو
اگر زنجیر کرنا ہے تو کر لو

حسین ۔ احسن الدولہ محسن الملک محمد حسین علیخاں بہادر خواجہ سرا تخلص حسین و امجد علیشاہ

والئی لکھنؤ کے زمانے میں حضور رس اور مقرب بارگاہ تھے۔ عرصہ ہوا کہ اس عالم فانی سے بعالم جاودانی رحلت فرما گئے۔ یہ چار شعر انکی یادگار باقی ہیں جو تذکرہ سراپا سخن سے نقل کیے جاتے ہیں

تو ہی کر انصاف ظالم غیر جب سلجھائے زلف
کیوں نہ پیچ و تاب میں الجھا رہے شیدائے زلف

یک بیک پھر اٹھ گیا دل سے مرے صبر و قرار
ہو گیا بیٹھے بٹھائے پھر مجھے سودائے زلف

حشر تک مجموعۂ خاطر رہے گا منتشر
اے صنم یونہی رہا گر منہ تو بکھرائے زلف

نور رخ چمکا جو اسنے بال باندھے اے حصیں
بڑھ گیا دن گھٹ گئی جب سے شب یلدائے زلف

حضور

حضور۔ لالہ بالمکند۔ قوم کے کھتری دلی کے رہنے والے۔ حضور تخلص اور خواجہ میر درد کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ عربی اچھی جانتے تھے۔ آخر عمر میں گجرات چلے گئے تھے۔ غدر سے پیشتر ہی انتقال فرمایا۔ یہ انکے کلام کا نمونہ ہے۔

نہ پاؤں میں جنبش نہ ہاتھوں میں طاقت
جو اٹھ کھینچوں میں دامن اس دل ربا کا

سر راہ بیٹھے صدا ہے یہ اپنی
کہ اللہ یار ہے بیدست و پا کا

واں رشتۂ محبت معشوق توڑتے ہیں
یاں ٹکڑے ٹکڑے دل کے ہم بیٹھے جوڑتے ہیں

چلے ہیں آپ جو اس بت سے ساز کرنے کو
حضور! پاس بھی ہے کچھ نیاز کرنے کو؟

یاں مجھ میں نہیں ہے جان باقی
واں اب بھی ہے امتحان باقی

جفا کو ہم وفا سمجھے۔ ستم کو ہم کرم سمجھے
ادھر کچھ دل میں تم سمجھے ادھر کچھ دل میں ہم سمجھے

حضور

حضور۔ محسن مرزا معروف بہ اچھے مرزا مولد و مسکن لکھنؤ منشی مظفر علیخاں اسیر مغفور کے شاگرد اور اچھا کہنے والوں میں تھے ۱۲۷۶ھ کے گلدستۂ شعرا وغیرہ سے ذیل کے اشعار انتخاب کیے گئے ہیں جس سے پایا جاتا ہے کہ اس وقت زندہ تھے اور مشاعروں میں شرکت کرتے تھے۔

میں ہوں وہ عندلیب گلستان دہر میں
صیاد لیکے دام گیا میں جہاں گیا

تار نظر کی طرح نہ آیا کہیں نظر
سو بار بزم یار میں میں ناتواں گیا

کیونکر رہے نہ تازہ گل زخم دل مرا
ٹپکے ہیں اشک صورت شبنم تمام شب

کوچۂ زلف میں ہم دن کو جو گھبرائے بہت
رات بھر خوابِ پریشان نظر آئے بہت

نقل کرتے تھے مرے رونے کی خوش ہو ہو کر
آئینہ میں نے دکھایا تو وہ شرمائے بہت

پسِ از زیست میں ایجاد ہیں نو مرگ کے بعد
بشکلِ نقشِ کفِ پا ہو قبر پر تعویذ

حضور! ہجرِ صنم میں نہ کوئی کام آیا
پئے وصال لکھے ہم نے عمر بھر تعویذ

حضور! از زیست میں مصروفِ سیرِ باغ رہے
ہماری قبر کے بھی گرد ہو چمن کی بہار

باتیں سنتا ہوں تو جلتا ہے مرا خرمنِ صبر
برق بن جاتی ہے اُس رشکِ قمر کی آواز

دیکھوں گا فال بوسہ ملے گا کبھی مجھے
اِس واسطے ہے مصحفِ رخسار کی تلاش

کیوں سنتے ہیں پھر وامق و مجنوں کا فسانہ
عشاق کی باتوں سے جو گھبراتے ہیں معشوق

بل کی لینے لگے عاشق سے سراسر گیسو
ٹھنڈی آہوں سے ہوئے اور ہوا پر گیسو

درجِ اخبار ہوا حال پریشانوں کا
چڑھ گئے مشقِ جفا میں سر و فتر گیسو

حضور

حضور مولوی منشی سیّد محمد عبد البصیر خلفِ مولوی عبد الغنی صاحب ۱۲۴۹ھ ہجری میں بمقام بلگرام پیدا ہوئے۔ آپکا بیان ہے کہ آپ کا شجرۂ نسب نواب امیر الحسام مجاہد بغدادی سے ملتا ہے جو افواجِ محمود غزنوی کے سپہ سالار تھے۔ اُسی زمانے میں آپکے بزرگ اشاعتِ اسلام کی غرض سے ہندوستان میں آکر فروکش ہوئے تھے۔ منشی صاحب موصوف عالمِ کمسنی میں شفقتِ پدری سے محروم ہو گئے تھے اور یہ وہ زمانہ تھا جبکہ بلگرام میں علم کا آفتاب غروب ہو چکا تھا۔ درس و تدریس کی راہیں تقریباً مسدود تھیں منشی صاحب نے اُس پُر آشوب زمانے میں ابتدائی تعلیم اس طرح حاصل کی کہ صبح ہوئی اور یہ اپنی کتاب لیکر گھر سے نکل آئے۔ آیند و روند میں سے جس شخص کو اپنے قیافے سے ذی علم سمجھا اُسی سے اپنا سبق پوچھنا شروع کر دیا اور اُس وقت تک برابر پوچھتے چلے گئے جب تک کہ اُسکی تیوری پر بل نہ آیا۔ اسیطرح شوق کی تائید اور ذوق کی رہبری سے برسوں کی کدّو کاوش میں عربی فارسی کی اچھی خاصی لیاقت حاصل کر لی۔ جب سنِ بلوغ کو پہنچے تو تحصیلِ علم کے لیئے بلگرام چھوڑ کر لکھنؤ چلے آئے۔ طبّاعی اور ذہانت تو

فطرتی تھی طبیعت شعر گوئی کیطرف راغب ہوئی۔ اُس وقت خواجہ حیدر علی آتش کی سحر بیانی کے گیت لکھنؤ کے ہر گلی کوچے میں گائے جاتے تھے۔ چنانچہ منشی صاحب بھی اُنھیں کے حلقہ بگوش ہوگئے۔ مگر وہ حضرتِ آتش کی عمر کا آخری زمانہ تھا۔ اِس لیئے منشی صاحب اُن سے بہت ہی کم استفادہ کرسکے۔ اُنکی وفات کے بعد میر وزیر علی صبا سے مشورۂ سخن کرنے لگے چونکہ اُردو کی نسبت فارسی کی طرف زیادہ توجہ رہی اِس لیئے فارسی شعر خوب کہتے ہیں بولتے بھی بیساختہ ہیں۔ اخباری دُنیا میں بھی آپکے مضامین کی خاصی شہرت ہے۔ غزل کے سوا اور بھی جملہ اصنافِ شاعری میں آپ کو یکساں ملکہ حاصِل ہے۔ تاریخ گوئی میں بھی بڑے مشّاق ہیں عرصۂ دراز تک نامہ نگاری کرتے رہے۔ اخبار روزنامچہ کے اڈیٹر بھی رہے۔ انجمن رفاہِ عام کے جوائنٹ سکرٹری رہے۔ آجکل گوالیار کالج میں عربی فارسی کے پروفیسر ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ آپکا کلام بہت ہی کم نظر سے گزرا۔ اِنکے بیٹے محمد سعید ناطق بھی مشہور نامہ نگار اور ناولسٹ ہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

زندہ چمن میں ایک بھی بلبل نہ چھوڑنا	گلچیں تجھے قسم ہے کوئی گل نہ چھوڑنا
رُخ سے نقاب آج وہ اُلٹے گا زاہدو	گر مرد ہو تو صبر و تحمّل نہ چھوڑنا
سات پردوں میں کیا حبِ امن یوسف کو چھپا	کیا زلیخا کی سرِ بازار رُسوائی ہوئی
حُسن کو بدنام دُنیا بھر میں اُلفت نے کیا	قیس کو سودا ہوا لیلیٰ کی رُسوائی ہوئی

حضور

حضور۔ حافظ شیخ حضور احمد صدیقی مُرادآبادی۔ حضور تخلص کرتے ہیں۔ زمانۂ حال کے شاعروں میں خاصے ہیں۔ چند غزلیں جو نظر سے گزریں اُن کا انتخاب درج ذیل ہے۔

گرمیٔ سوزِ محبت قتل میں ایسی بڑھی	پڑ گئے چھالے مرے خوں سے لبِ شمشیر پر
اُس نے کہا تھا شام کو آئیں گے گھر ترے	بیٹھا سحر سے ہوں میں اِسی انتظار میں
نہ وہ پہلی سی محبت نہ وہ پہلا سا کرم	غیر نے پھونکدیا آپکے کیا کانوں میں
حشر تک گزرے گی مرقد میں تڑپنے ہی مجھے	ہوگی کوچے میں اُس بُت کے جو تربت میری

حضیہ

حضیر - حافظ عبدالرحیم صاحب عظیم آبادی - باوجود تلاش صرف یہ بات معلوم ہے کہ زمانہ حال کے شعراء میں ہیں - کلام کا رنگ مندرجۂ ذیل اشعار سے معلوم ہو سکتا ہے - طبیعت میں تلاش اور بات پیدا کرنے کا شوق صاف جھلکتا ہے - ملاحظہ ہو

بتا دیں ہم تمھارے کاکل و عارض کو کیا سمجھے	اسے ہم سانپ سمجھے اور اُسے من سانپ کا سمجھے
یہ کیا تشبیہ بیہودہ ہے کیوں موذی سے نسبت دیں	ہُما عارض کو اور کاکل کو ہم ظلِّ ہما سمجھے
غلط یہ ہو گئی تشبیہ بھی کیا ایک طائر سے	اسے برق اور اُسے ساون کی ہم کالی گھٹا سمجھے
گھٹا اور برق کیسی کیوں گھٹا کر ان کو نسبت دیں	اسے برگِ سمن اور اُسکو سُنبل کی جٹا سمجھے
نباتاتِ زمیں سے اُنکو کیا نسبت معاذ اللہ	اسے ظلمات اُسکو چشمۂ آبِ بقا سمجھے
اگر کہتے یہی مقصود تھے خضر و سکندر کے	یدِ بیضا اُسے اور اُسکو موسیٰ کا عصا سمجھے
گر اس تشبیہ سے بھی حرف اُن دونوں پہ آتا ہو	اسے قندیلِ کعبہ اُسکو کعبے کی ردا سمجھے
اگر یہ بھی پسندِ خاطرِ والا نہ ہو تو پھر	اسے وقتِ نمازِ صبح اور اسکو عشا سمجھے
حضیر - اب ساری تشبیہوں کو یوں رد کر کے کہتے ہیں	سُوید! اسکو سمجھے اور اُسے نورِ خدا سمجھے

حفیظ

حفیظ - محمد حفیظ - حفیظ دہلوی مرثیہ گو - اِنکے بزرگ تو کشمیر کے رہنے والے تھے - مگر یہ خود دلّی میں پیدا ہوئے اور یہیں پرورش پائی - مرثیہ گو اچھے تھے - جس مجلسِ عزا میں شریک ہوتے تھے - اپنی خوش بیانی اور مضمون آفرینی کیوجہ سے خاطر خواہ داد پاتے تھے - اِنکے مرثیوں میں روایات دیگر مرثیہ گویوں کی طرح جھوٹی اور بناوٹی نہیں ہوتی تھیں اور واقعات کو صفائی کے ساتھ بیان کرتے تھے - دلّی میں درگاہ شاہ مردان کے راستے میں اِنکا مزار ہے اور اس پر یہ شعر کندہ تھا - ؎

شاہِ مرداں جو کوئی اس راہ سے جایا کرے	فاتحہ اس قبر پر للہ پڑھ جایا کرے

فنِ شعر میں حکیم قدرت اللہ خاں قاسم اور ثناء اللہ خان فراق سے تلمذ تھا - خود بھی صاحبِ دیوان تھے - ۱۲۵۰ھ میں راہی عدم ہوئے - روشِ کلام یہ ہے -

میں تو بدنام ہوا عشق میں اللہ کرے
وہ بھی بدنام ہو جس نے مجھے بدنام کیا

محبت آہ کیا کیا رنگ عاشق کو دکھاتی ہے
اگر اک دم ہنساتی ہے تو پھر پہروں رُلاتی ہے

جو بیوفا ہیں اُن سے وفا ڈھونڈتا ہے تُو
حیراں ہوں میں حفیظ تری عقل کیا ہوئی

حضرت دل میرے حق میں دیکھئے کرتی ہے کیا
بیقراری آپ کی بے اختیاری آپکی

رُوبرو غیروں کے کیا شکوہ کریں ہم آپکا
ہو رہینگی پھر کبھی باتیں ہماری آپکی

حفیظ

حفیظ- حافظ محمد علی جونپوری- آپنے اپنے مطبوعہ دیوان میں کچھ اپنے حالات درج کیئے ہیں اُن کا خلاصہ یہ ہے- میں ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوا- ۱۴ برس کی عمر تک معمولی تعلیم پائی اور فارسی شیخ محمد تقی صاحب سے پڑھی- وہ شاعر بھی تھے- اِس طرح بچپن سے مجھے شعر و سخن کا مذاق ہو گیا اور صدہا شعر اُساتذہ کے میرے حافظہ میں محفوظ ہو گئے- ۱۸۸۳ء میں بسلسلۂ تجارت پٹنہ کا سفر کیا اُن ایام میں وہاں شعر و سخن کا بڑا چرچا تھا میرے دل میں جو اس مذاق کی آگ دبی ہوئی تھی اُسکے نشو و نما کا وہاں خوب موقعہ ہاتھ آگیا- چنانچہ وہاں میں نے غزل کہنی شروع کی- ۱۸۸۹ء میں جناب وسیم کا شاگرد ہوا- وہ مجھ پر خاص نظرِ عنایت رکھتے تھے- کامل ۶ برس میرا اُنکا ساتھ رہا- پھر اُنھیں کے ارشاد کے بموجب میں امیر مینائی مرحوم کے زمرۂ شاگردان میں داخل ہوا" جناب حفیظ دورِ موجودہ کے شعرا میں متوسط درجے میں امتیازی پایہ رکھتے ہیں- آپکا کلام بحیثیت زبان بندش- درد اور صفائی روز مرّہ قابلِ تحسین ہوتا ہے- اگرچہ علمی استعداد زیادہ نہیں مگر کثرتِ مشق اور خداداد ذہانت سے اِس فن میں اچھی قابلیت حاصل کرلی ہے- اور آپکے کلام کا اُن نواح میں اچھا شہرہ ہے- کلام میں مزا اور بندش کا اسلوب قابلِ داد ہے آپکی طبیعت روز افزوں ترقی پر ہے اور اُمید ہے کہ اسی طرح مشق جاری رہی تو اپنے استاد کا نام روشن کریں گے- پہلے سید ظفر حسن خاں صاحب ظفر رئیس رسولپور کے یہاں کچھ مدت مصاحب رہے اب کئی برس سے راجہ سعادت علیخاں رئیس ہمیرپور کی سرکار میں

ملازم ہیں۔ دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کلیم غش میں گھڑی دو گھڑی رہے ہونگے
یہاں تو جا کے نہ پھر ہوش عمر بھر آیا

مصوری مرے صورتگرِ خیال کی ہے
جدھر نگاہ کی نقشہ ترا اُتر آیا

کیا ہے دستِ تسلی نے کام مرہم کا
دھرا جو ہاتھ مٹا دردِ زخم بھر آیا

کام چھوٹوں سے نکلتا ہے بڑا
یہ سبق بھی آنکھ کے تل سے ملا

چھوڑ کر سب کچھ ادھر ہو جا رجوع
باب عرفاں ہے در دل سے ملا

عصیاں کے داغ مٹ گئے دل پاک ہو گیا
ٹپکے جو اشک نامۂ اعمال دھو گیا

دل بن گیا تڑپ کے ترے آگے آئینہ
جس پر نگاہ پڑ گئی بیتاب ہو گیا

دشمن نہ تھا شباب تو نادان دوست تھا
بدنام کر گیا مجھے بدنام ہو گیا

مصروف کب ہوئے ہیں وہ فکرِ علاج میں
سب داغِ دل کلیجہ کا ناسور ہو گیا

دل بجھ گیا جو رات جوانی کی ڈھل گئی
جاگا تمام شب کا سحر ہوتے سو گیا

دمِ رخصت تو مل لیتے گلے آپ
تڑپتا چھوڑ کر مجھکو چلے آپ

فروغِ حسن کیا ایسا بھی اے شمع
کہ اپنی آگ میں کوئی جلے آپ

ایسا ادا شناس تو ہوا شنائے دوست
دل ہے کہ ہو رہا ہے سراپا ادائے دوست

کہتے ہیں یہ بت ستاستا کر
جا اپنے خدا سے التجا کر

دل ہی میں وہ ہو گا دیکھ زاہد
کعبے میں خدا سے خدا کر

رہتے ہیں جو یہاں انھیں دنیا کا غم نہیں
اے شیخ میکدہ بھی تو جنت سے کم نہیں

وہ ہے عدوئے عین تو تو ہے عدوئے جاں
تیرا ستم فلک سے زیادہ ہے کم نہیں

ستم کی آنکھ یہ ہے لطف کی نگاہ یہ ہے
نظر شناس تری ہر ادا سمجھتے ہیں

یہ سچ کہا ہے زمانے کو اعتدال نہیں
کہ ایک حال پہ رہتا کسی کا حال نہیں

قضا کے ہاتھ میں کنجی متاعِ عمر کی ہے
جو ساتھ لائے ہیں قبضے میں وہ بھی مال نہیں

یہ کہہ رہا ہے اُمیدوں کا گھر کے رہجانا
کوئی طلسم تو یہ عالمِ خیال نہیں
چھپائے سے کبھی چھپتا نہیں ہے رنجِ دلی
ہزار منہ سے کہے جائیں وہ ملال نہیں

آجی سچ سچ تو یہ ہے سُنکے گو ہم سے خفا تم ہو
بڑے ہی بیمروت خود غرض نا آشنا تم ہو
گلے پہ اُنکے چھری جا پھیر دے صیاد
ترس رہے ہیں اسیرِ قفس رہائی کو
آدمی کے لیئے اُمید ہے اِک باغِ طلسم
دم میں کر دیتی ہے سامان ہم کیا کیا کچھ

اللہ رے شانِ کبریائی
مٹھی میں بتوں کی ہو خدائی
باطن میں ہیں ایک جان دو قالب
ظاہر کی فقط ہے یہ جدائی
برساتی ہے آگ حشر کی دھوپ
اے ابرِ کرم تری دوہائی
دیکھا ہمیں دیکھ کر عدو کو
آنکھوں کو بھی کچھ حیا نہ آئی
دل صاف نہ ہو تو کیا صفائی
اِس میل سے خوب تھی لڑائی
انصاف کی اب کہاں توقع
برہم تم سخرفِ خدائی
ساقی ہی کے ہاتھ سے پئیں گے
بگڑا نہیں اب بھی کچھ ہے ملجاؤ
نبھ جائیگی ضد میں پارسائی
ہے بات ابھی بنی بنائی

ابھی سے صاف تم کہدو وہ کہنا ہم نمانیگے
کیا جو وقت پہ کچھ عذرِ بیجا ہم نمانیں گے
محبت ہے۔ یہ فعلِ اختیاری تو نہیں ناصح
کوئی خود روگ پالے اپنے جی کا ہم نمانیگے
ابھی جس طرح چاہو تم دکھا لو دیکھ لو دلکو
نکالوگے جو پھر کوئی بکھیڑا ہم نمانیگے
زمانے بھر کی باتیں مان لینگے وہ یہ کہتے ہیں
مگر کہنا فقط اِک آپ ہی کا ہم نمانیگے

قابلِ دید ہے یہ رُسوائی
ہم تماشا ہیں وہ تماشائی
اسکے یہ جوشِ گل کا عالم ہے
ہو رہی ہے بہار رسوائی
تم کو مژدہ ہو میکدے والو
اُودی اُودی ہے پھر گھٹا چھائی
ہے یہ فیضِ بہار جوشِ نمو
جم گئی سطحِ آب پر کائی

ہیں کسی کے خیال سے باتیں قابلِ داد شعرا اپنے حفیظ	یوں پسند آگئی ہے تنہائی لوگ کرتے ہیں عزت افزائی
کل مکر جائیں گے تیور یہ کہے دیتے ہیں	آج کھا کھا کے قسم عہدِ وفا ہوتا ہے
یوں ہی غفلت میں جو گزرنی تھی	عمر میخانے میں بسر ہوتی
دردِ دل کی دوا نہ تھی ممکن	ایک دنیا جو چارہ گر ہوتی
یہاں تو بیکر گھر جشنِ جمشیدی مناتے ہیں	بہار آتے ہی دستاویزاک مرقوم ہوتی ہے
وفا کا ذکر جب آتا ہے پہروں ہاتھ ملتے ہیں	وہاں اب یاد تیری اے دلِ مرحوم ہوتی ہے
حالِ زندگی کو سوچکر دھنتا ہوں سر پہروں	وہ کیسے لوگ ہیں یارب جنھیں جینے کا ارمان ہے
دے جگہ خلد میں یا بھیجدے وہ دوزخ میں	اپنا مشرب تو ہے راضی برضا کیا کہیے
لامکاں تک ہو رسائی جو بشر کی تو کیا	پھر اُسے خاک میں ملنا ہے کہ وہ خاکی ہے
بعد توبہ بھی وہی یاد ہے میخانے کی	گردش آنکھوں میں پھرا کرتی ہے پیمانے کی
اسلیئے وعدہ پہ وعدہ ہیں کہ بیچین رہوں	ایک ترکیب ہے یہ بھی مرے تڑپانے کی
ہائے رے موت جوانی کی کوئی میت پر	روکے کہتا ہے کہ یہ عمر تھی مرجانے کی
آدمی سے جو محبت میں نہ ہو تھوڑا ہے	اتنی سی جان پہ ہمت ہے یہ پروانے کی
شام ہوتے ہی تری یاد نے بیچیں کیا	رات بھر آج ہمیں نیند نہیں آنے کی
شمع سر دھنتی ہے روتی ہے کھڑی بالیں پر	زندگی سے کہیں موت اچھی ہے پروانے کی
آبرو ہاتھ سے جائے نہ محبت میں حفیظ	آدمی کے لیئے یہ بات ہے مرجانے کی
کسی کا ہائے کہنا تنگ آکر میرے نالوں سے	غضب میں جان ہے اللہ سمجھے مرنیوالوں سے
میری حیرت سے اُسکے حُسن کا اندازہ کرتے ہیں	کہاں پہنچے کہاں سے میری حالت دیکھنے والے
جو آبرو رہی تر دامنوں کی حشر میں شیخ	تو پانی پانی تری پاک دامنی ہوگی
جدائی میں بھی ہر دم مجکو وصلِ یار حاصل ہے	تصور میں وہ صورت میری آنکھوں کے مقابل ہے

نہ اڑدل جا حسینوں کی تو میٹھی میٹھی باتوں پر
کہ یہ شیریں زبانی تیرے حق میں سم قاتل ہے

محتسب چھن لینے دے اِک اک سب مجھے
دل کے ٹکڑے ہیں یہ ٹکڑے جام کے

حشر ہے وعدۂ دیدار وفا ہوتا ہے
بے نقاب آج وہ ہیں دیکھئے کیا ہوتا ہے

کچھ بنائے نہیں بنتی جو بگڑتا ہے نصیب
چارہ گر ہو جو مسیحا بھی تو کیا ہوتا ہے

ادا پریوں کی جوبن حور کا شوخی غزالوں کی
غرض مانگے کی ہر اک چیز ہے ان حسن والوں کی

ترے ہوتے یہ کیسی بات غیرت کی ہے او ظالم
اُڑائے آسماں یوں خاک تیرے پائمالوں کی

حاجت نہیں ہے چاند سے منہ کو نقاب کی
چھوڑی ہے رُخ پہ نور نے چادر حجاب کی

اِن لوگوں کے مشرب ہیں نرالے سے نرالے
دُنیا میں ہیں دنیا سے الگ میکدے والے

وہ یادِ وطن کی ہے یہ غربت کی نشانی
کچھ داغ کلیجے میں ہیں کچھ پاؤں میں چھالے

چارہ فرما جو مرے دردِ نہاں کے آئے
دل پکارا کہ یہ دشمن مری جاں کے آئے

تین دن خوب رہا فاقہ کشی کا پردہ
ہو گئی عید جو روزے رمضاں کے آئے

اور مجھ بے کس کی بالیں پر اب آتا کون ہے
جب ہوا غش سے افاقہ یاد آئی آپ کی

غیروں سے بھی رسم و راہ دیکھی
دیکھی دو دن کی چاہ دیکھی

دونوں جہاں میں حُسن و محبت کی دھوم ہے
جلوہ جہاں جہاں ہے ترا اک ہجوم ہے

تمھیں سے دیدہ و دل ہیں منور
تمھیں سے شان ہے دیر و حرم کی

مزہ ہے جوشِ جوانی میں پارسائی کا
وہ ناخدا ہے جو کشتی بچائے طوفان سے

حفیظ مولوی حاجی حافظ شاہ سید نذر الرحمٰن رئیس عظیم آباد پٹنہ۔ نبیرہ و سجادہ نشین حضرت مولانا محمد سعید متخلص بہ حسرت المخاطب بہ شمس العلماء مغفور۔ فضیلت و شہرت خاندانی کے سوا دولتِ علم سے مالا مال ہیں۔ فنِ سخن میں دستگاہِ کامل رکھتے ہیں۔ حکیم آغا حسن ازل لکھنوی شاگرد میر وزیر علی صبا مرحوم سے تلمذ حاصل ہے۔ ۴۰-۵۰ سال کے درمیان آپکی عمر ہے۔ فنِ شعر کا شوق ابتدا ہی سے ہے۔ عظیم آباد کے سربرآوردہ شعراء میں آپ کا

شمار ہے ۱۹۰۴ء میں آپنے عظیم آباد میں انجمن اُردوے معلّٰی کی بناڈالی اور ایک ماہوار رسالہ موسوم بہ "بہار" اپنی زیرنگرانی شائع کرنا شروع کیا ہے ۱۳۱۸ھ ہجری میں آپ کا ایک مبسوط دیوان بھی طبع ہوکر شائع ہوا ہے جو اپنے رنگ میں ہر طرح قابلِ تعریف ہے۔ جدّت پسندی۔ مضمون آفرینی۔ پرواز صوفیانہ۔ کہنہ مشقی۔ سلاستِ زبان۔ غرض اُسکے دیکھنے سے ہر ایک بات کا پتا چلتا ہے۔ راقم تذکرہ کے عنایت فرما ہیں۔ وہ دیوان آپ ہی کا عطیہ ہمارے کتبخانے میں بھی موجود ہے۔ اب کچھ کلام کا انتخاب لکھا جاتا ہے۔

خوشا وہ سر کہ جس سر میں ازل سے ہے ترا سودا
خوشا وہ دل جو مخزن ہے ترے اسرارِ یکجا کا

یاں تو قابو نہ ہوا اپنے بھی دل پر اپنا
یہ حسیں غیر کو کر لیتے ہیں کیونکر اپنا

رات بھر غیر کے ہمراہ بسر کی اُس نے
تجھ سے بھی اے فلکِ شعبدہ گر کچھ ہنوا

ایک بیمارِ محبت کی دوا ہو نہ سکی
آپکے لب میں ہے اعجازِ مسیحا کیسا

ہائے یہ کیا حشر بپا ہو گیا
آج وہ پھر مجھ سے خفا ہو گیا

ایک دم کے لیے آجایئے گا
نزع کے وقت نہ ترسایئے گا

دیکھ کر لاشِ مری کہتے ہیں
یہ نہ سمجھے تھے کہ مر جایئے گا

موت کب آئی کہ جب وصل کے دن آئے قریب
شبِ فرقت میں تو کم بخت سے آیا نہ گیا

ہم بھی ہیں مستحق تری رحمت کے ہو گئے
اچھا ہوا لقب جو گنہگار ہو گیا

مجھپر جو مہربان نہیں ہے نہو مگر
یہ تو نہیں کہ غیر کا وہ یار ہو گیا

وہ کون دن تھا کہ گردش میں آسماں نہ رہا
مجھے ستا کے یہ ظالم بھی شادماں نہ رہا

لحد میں بعدِ فنا بھی یہ شادماں نہ رہا
زمین پیس ہی ہے جو آسماں نہ رہا

آجتک لا یا نہ نامے کا جواب
نامہ بر ہمکو ملا کیا لاجواب

ہم مصحفِ رُخ آپکا کس طرح نہ چومیں
کافر ہے وہ جسکو نہیں قرآن کی محبت

کیوں زلف رہا کرتی ہے رُخ پر ترے ہر دم
کیا ہو گئی کافر کو بھی قرآن کی محبت

یہ اشارے ابروؤں کے غیر سے
دیکھیئے چلجائے گی تلوار آج

وہ سُن کے دعا وصل کی فرماتے ہیں ہنسکر
کیا ہو اگر آجائے اگر اسمیں اثر آج

دونوں یکساں ہیں تلوّن ہو کہ بیتابیٔ دل
میری وحشت کی طرح اُنکی طبیعت کیطرح

دے رہا ہے شبِ فرقت میں مجھے کیوں نیدا
شام سے چاند بھی خورشید قیامت کیطرح

مِنّتوں سے جو ہو بیزار خوشامد سے خفا
ہائے اُس رُوٹھنے والے کو منائیں کیونکر

جذبۂ دل فزوں ہوا کوچۂ یار دیکھ کر
بک گئے ہم جنوں کے ہاتھ جوشِ بہار دیکھکر

بادہ پرست ہیں وے دل پہ بھی اختیار ہے
توبہ کریں گے ہم مگر اب کی بہار دیکھکر

ہجر کی شب کی سبھی آفتیں دل کی سب بیتیں
بھول گئیں وہ حالتیں روئے نگار دیکھکر

لینگے ہم بوسۂ ابرو وہ لگائے تلوار
مردِ میداں ہے وہی مُنہ پہ جو کھائے تلوار

جُھک کے ملتے ہیں گلا کاٹنے والے سب سے
کیوں نہ ہر وقت رہے سر کو جُھکائے تلوار

المدد جوشِ جنوں پھر آگئی فصلِ بہار
دستِ وحشت پھر بڑھا جیب و گریباں کی طرف

بیوفائی کی جب شکایت کی
ہنسکے بولے کہ آزماتے ہیں
اسلیئے اب تو گنہ روز کیا کرتا ہوں
دیکھنا ہی تیری قدرت کا تماشا ہمکو

نہ دل میں آکے رہتے ہو نہ آنکھوں میں ٹھہرتے ہو
وہ بے پروا ہو رکھتے ہو خبر گھر کی نہ باہر کی

دیکھکر خلوت میں اُن کو بیحجاب
شرم پاس آتے ہوئے شرمائیگی
رہا کرے بھی جو صیاد تو کہاں جائیں
اسیر وہ ہیں کہ ہم بال و پر نہیں رکھتے

وہ سوزاں ہیں تپِ فرقت سے ہم گر فصد کیجائے
بجائے خوں ہماری ہر رگ سے دھواں نکلے
جب مَیں کہتا ہوں لقب کیوں آپکا لیلیٰ ہوا
ہنسکے کہتے ہیں تمھیں مجنوں بنانیکے لیئے

بوسۂ رخسار پر تکرار رہنے دیجئے
لیجئے یا دیجئے انکار رہنے دیجئے
جھوٹی شیخی تو مجھے باور نہیں بندہ نواز
آپ او ہونگے مرے غمخوار رہنے دیجئے
یہ چھیڑ دیکھئے کر کے عدو سے عہد وصل
ہمیں سے پوچھ رہے ہیں کہ کیا کہا سمجھے

تم وہ ہو پس مرگ بھی بیداد کرو گے	تم وہ ہو کہ مٹی مری برباد کرو گے

حفیظ حفیظ۔منشی عبدالحفیظ حفیظ باپ کا نام محمد سمیع ہے قصبۂ نارہ پرگنۂ کڑا ضلع الہ آباد کے رہنے والے ہیں انکی عمر تخمیناً ۳۵ برس کی ہوگی۔طبیعت خاصی پائی ہے ابھی شاعری کی ابتدا ہے منشی محمد نوح ناروی سے اصلاح لیتے ہیں پہلے پولیس میں بمقام آگرہ ملازم تھے اب آجکل خانہ نشین ہیں۔معمولی استعداد معلوم ہوتی ہے یہ اُنکا کلام ہے۔

شکایت کچھ نہیں اُنکی جفا کی	اگر ہے بھی تو نخوتِ نارسا کی
محبت ہے مجھے اُس دلربا کی	قیامت جسکے قامت نے بپا کی
بہت کچھ سیر کی باغِ جہاں میں	کسی گُل میں نہ پائی بُو وفا کی
نقاب اُس شوخ نے رُخ سے اُٹھاکر	کہا لو دیکھ لو قدرت خدا کی
یا خدا ملجائیں کچھ دن کے لیئے	چھاتے ہیں خاک ہم جسکے لیئے
کیا اُجاڑا آشیاں صیاد نے	بلبلیں پھرتی ہیں کیوں تنکے لیئے
میرے پہلو سے جنابِ دل گئے	ہائے یہ بھی اُن سے جاکر مل گئے
فاتحہ کو وہ نہ آئے قبر پر	خاک میں ملنا تھا ہمکو مل گئے

حفیظ حفیظ۔حفیظ الدین نام ملیح آباد کے رہنے والے شیخ منتظم الدین تحصیلدار کے فرزند ابھی طالب علمی کی حالت میں ہیں۔طب پڑھتے ہیں۔اُردو میں اکثر اور فارسی میں کبھی کبھی شعر کہتے ہیں۔ذیل کے چاروں شعر اُنھیں کے نتیجۂ فکر سے ہیں۔

میں مدتوں تری اُلفت میں یوں خراب رہا	کہ گاہ شورشِ دل گاہ اضطراب رہا
وہ مجکو صفحۂ ہستی پہ مثلِ حرف غلط	بنا کے ہاتھ سے اپنے مٹائے جاتے ہیں
خاک تن اپنا کر دیا لیکن	ہائے کوئی وفا شعار نہیں
میری تُربت کا مت پتہ پوچھو	عاشقوں کا کہیں مزار نہیں۔

حقانی حقانی۔سیّد عبدالعلی حقانی باشندۂ حیدرآباد و منصب دار سرکار نظام۔دورِ

موجودہ کے شاعر ہیں رسالۂ محبوب الکلام میں چند غزلیں نظر سے گزریں اُن کا انتخاب ضبط تحریر میں آیا۔ ملاحظہ ہو۔

روتا کبھی نہ نعش پہ دشمن کی میں مگر	رونا یہ ہے کہ آپکو کیوں اتنا غم ہوا
جبتک ہو شاہِ گل کو تختِ چمن مبارک	آصف تمھیں تمھارا ملکِ دکن مبارک
یومِ سعید ہے یہ مولود بادشہ کا	کہتے ہیں ملکے باہم اہل دکن مبارک
جو لوگ اِس خوشی سے ہوتے ہیں چین ابرو	اُنکی جبیں کو دائم غم کی شکن مبارک

حقیر

حقیر۔ میر امام الدین معروف بہ کلّو۔ مرد متین حلیم الطبع سرد و گرم سے واقف صاف دل پاک باطن خلیق اور بہت مسکین بزرگ تھے۔ ملک الشعرا رخا قانی ہند ذوق کے عالمِ مشیخی میں ہمیشہ ممد و معاون رہتے تھے اور اُنکے کمال کے باوجود مشاقی و پیرانہ سالی متقدم تھے۔ مکتب پڑھا کر اوقات بسر کرتے تھے۔ اور درگاہ قدم شریف دہلی کے خادموں میں منسلک تھے۔ غدر سے بیس بائیس سال پیشتر انتقال فرمایا۔ ایک دیوان اُنکی یادگار ہے یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے۔

پڑھی جو شیخ کو افیوں تو دانۂ تسبیح	سمجھے الائچی دانہ تمام ٹھونگ گیا
ہوں ہست و نیست عالمِ تصویر کیطرح	گویا ہوں اور خموش ہوں نخچیر کیطرح
دل میں ہے بیٹھ رہیں در پہ صنم کے ہی حقیر	راہ کعبہ کی تو آتی ہے نظر دور ہمیں
یاد میں اُس بُتِ کافر کی ہوں ایسا مصروف	کہ خودی بھول گئی اور خدائی مجکو
دل شورشِ اشکوں نے تو ہر چند بجھایا	پر شعلۂ دل آہ مرے اور بھی بھڑکے
پہنچا نہ کوئی منزلِ مقصود کو کوئی	بیہات یوہیں مرگئے سب پاؤں رگڑکے
پامال ہوئے تم تو حقیر آہ جہاں میں	جوں نقشِ قدم یار کے قدموں سے بچھڑکے
دل کو لپیٹ گیسوئے خمدار لے چلے	قرآن چھین گبرِ سیہ کار لے چلے
سب سے گلے لگی تیری شمشیر کس لیئے	پر ہم سے وہ کھنچی رہی بے پیر کس لیئے

حقیر

حقیر۔ اکبرآبادی۔ منشی نبی بخش ولدِ منشی حسین بخش شحنۂ دار عدالتِ فوجداری علیگڈھ۔ فنِ سخن میں خلیفہ گلزار علی سے استفادہ کرتے تھے۔ فارسی میں معقول دستگاہ رکھتے تھے۔ کبھی کبھی اُردو میں بھی کہہ لیتے تھے انکے نتائجِ افکار سے چند اشعار نقل کیے جاتے ہیں۔

سایۂ قصرِ ترا یاد آیا	پھر ہمیں ظلِّ ہما یاد آیا
زخم کے مُنہ میں بھر آیا پانی	جبکہ پیکان کا مزا یاد آیا
بسکہ مصنوعے ہے صانع کی صفت	بُت کو دیکھا تو خدا یاد آیا
پھر گریباں کے اُڑے جیب کے ٹکڑے	پھر وہی چاکِ قبا یاد آیا
سنتے ہیں گئے مانی و بہزاد عدم کو	اب کھینچیں تو کھینچیں کمرِ یار کی تصویر
ہاتھ دوڑائے جنوں نے پھر گریباں دیکھ کر	پاؤں پھر وحشت نے پھیلائے بیاباں دیکھکر
وہ نگاہیں جن سے تھی مجکو تسلّی کی اُمید	تشنہ خوں آفتِ دل دشمنِ جاں ہوگئیں
قتل تم ہنس کے کروگے تو مرینگے لاکھوں	کُشتۂ ہر کشتہ کے ہمراہ صد ارماں ہونگے

حقیر

حقیر منشی سیّد ولایت حسین صاحب باشندۂ رودلی۔ طبیعت کا مذاق خاصہ معلوم ہوتا ہے زبان اور بندش بھی صاف ہے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے۔

لبِ رنگیں سے دل خوں ہوگیا ہے	کرے دیکھیں وہ چشمِ سرمہ سا کیا
شرارت یہ تو دیکھو مُن کے سب کچھ	وہ بولے ہے تھا را مدّعا کیا
اب کچھ اُمیدِ وصل ہوئی ہے فراق میں	گھِسکر جبین نوشتۂ قسمت مٹا دیا
چھیڑنا اُس پری شمائل کا	اور دیوانہ پن بڑھا دل کا
ہم بھی انساں ہیں نہیں اب ضبط کا یارا ہمیں	ظلم ہم پر آپ کے بے انتہا ہونے لگے

حقیقت

حقیقت سیّد حسین شاہ مرحوم حقیقت تخلص خلف سیّد عرب شاہ متوطن خوست نواحِ غور سیّد امیر بُرہان حسب الطلب فرخ سیر بادشاہ مع تبرّکات خوست سے لاہور آئے

اور سیّد میر کشاہ حقیقت کے دادا شاہ عالم کے عہد میں دلّی میں وارد ہوئے یہیں پیدا ہوئے اور تربیت بھی یہیں پائی۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنے نانا کے ہمراہ لکھنو چلے گئے اور وہاں جاکر شیخ قلندر بخش جرأت کے تلامذہ میں داخل ہوئے پھر کارکٹ صاحب کے ہمراہ میر منشی ہوکر چنا پٹن احاطۂ مدراس کو چلے گئے اور وہیں وفات پائی۔ دیوان ریختہ وتحفۃ العجم۔ خزینۃ الامثال۔ صنم کدۂ چین۔ مثنوی ہشت گلزار۔ جذبۂ عشق وغیرہ آٹھ کتابیں اپنی یادگار چھوڑیں سنہ ۱۲۰۴ھ میں حیات تھے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔

کیا ترے عشق میں اے عربدہ جو ہاتھ لگا
زیست سے ہاتھ بھی دھویا پہ نہ تو ہاتھ لگا

جنس دل بیچنے میں نفع جو کچھ ہو ہمکو
ہاتھ اپنے کوئی ایسا نہ خریدار لگا

سب حقیقت مجھے کہتے ہیں بقول جرأت
ہائے کیا اسکو جوانی میں یہ آزار لگا

کیونکر نہ قفس میں وہ پڑا تڑپے گرفتار
جس صید کو دل سے کرے صیاد فراموش

ہر لحظہ حقیقت تو تری یاد میں ہے آہ
کیوں تو نے کیا اے ستم ایجاد فراموش

باہر ہے گفتگو سے جو اپنا بیانِ عشق
کس طرح پھر بیاں کریں داستانِ عشق

ٹک آکے دیکھ سینے کے ہر داغ کو مرے
پھولا ہزار رنگ سے ہے گلستانِ عشق

پہنچے نہ واں ہزار اڑے طائرِ خیال
عرشِ بریں سے بھی ہے بلند آشیانِ عشق

دلا اب دونوں مل کائیں گے اوقات آہ و زاری میں
ہوئے بیمار سے ہم بھی تری بیمار داری میں

ہو گئی ایک نگہ میں مجھے صحت حاصل
گرچہ بیمار رہیں لیکن ہیں مسیحا آنکھیں

سب یہاں جبہہ سائی کرتے ہیں
یہ بتاں بھی خدائی کرتے ہیں

بدگمانی کیا کہوں وہ مجکو وقتِ نزع بھی
آکے یوں کہنے لگے یہ سخت مکّار و نمیں ہے

بات کرنی جو ترک کی ہم سے
کہیے تقصیر کیا ہماری ہے

اور کچھ ذکر خوشش نہیں آتا
نام تیرا زباں پہ جاری ہے

جو عدو ہیں مرے تم انکے ہو دوست
واہ کیا اچھی دوستداری ہے

جان گر تن سے نکلجائے تو ہی مجکو قبول
آہ پر دل سے نہ اُس تیر کا پیکان نکلے

روز و شب رہتی ہے سوزش سی جگر میں میرے
دل ہے یا پارۂ آتش ہے یہ تن میں میرے

شمع ساں آگ لگائی ہے یہ غم نے کہ مدام
شعلے اُٹھتے ہیں پڑے دیدۂ تر سے میرے

حکم

حکم۔ نواب عباد اللہ خاں خلف الرشید نواب عظیم جاہ بہادر مغفور پرنس آف ارکاٹ شیخ فاروقی و رئیس مدراس ہیں فن سخن میں شریف مدراسی سے مستفید ہوئے ہیں سنہ ۱۳۰۲ میں ۴۰ برس کا سن تھا۔ یہ دو شعر آپکے نتائج افکار سے ہیں۔

اُنکی زبان چلتی ہے تلوار کی طرح
اور ہم ادب سے چُپ ہیں گنہگار کیطرح

تنہائی میں غم اُسکا ہے غمخوار کی طرح
پہلو میں درد و رنج ہے دلدار کی طرح

حکیم

حکیم۔ مسیح الزمان حکیم محمد اشرف خان حکیم دہلوی ابن حاذق الزمان حکیم محمد شریف خان مغفور شاہجہاں آبادی اپنے عہد کے اطبا میں بے نظیر تھے اور اکبر شاہ ثانی کے دربار میں شاہی طبیب تھے اُنھیں کے حسب الحکم مرزا جہانگیر کے ہمراہ الہ آباد گئے اور جبتک شاہزادۂ موصوف زندہ رہے اُنکے پاس رہے بعد اُنکی وفات کے وطن کو معاودت کی۔ اکبر شاہ ثانی کے عہد میں قضا کی۔ آپ حکیم محمود خاں صاحب مرحوم کے حقیقی چچا تھے حکیم اسد علیخاں صاحب مضطر اُنکے پوتے بڑے نازکخیال اور مشاق شاعر ہیں۔

مرے رونے اسکو مجھ سے کھویا
مجھے اِس دیدۂ تر نے ڈبویا

کہوں میں کیا بزنگ زخم ناسور
ہنسا یکبار گر سو بار رویا

کہے ہے لختِ جگر اشک سے کہ ای ہمدم
ذرا تو ٹھیر کہیں لیویں بیٹھکر ہم دم

نہ تاگے سے سیا جائے نہ ریشم کا لگے ٹانکا
کہاں سے لائیں سینے کو دلِ صد چاک کے جوڑے

حکیم

حکیم۔ حکیم محمد پناہ خاں حکیم دہلوی فرزند سید محمد شریف خان المشہور بزرگ بخش۔ خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے شاگرد تھے۔ پہلے نثار تخلص کرتے تھے پھر فن طب کی رعایت سے حکیم تخلص اختیار کیا حکمت۔ تاریخ موسیقی اور دیگر علوم شریفہ میں رتبۂ کمال حاصل

تھا۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو ؎

پوچھتے کیا ہو حکیم جگر افگار کا گھر
ایک تکیہ سا ہے اس شوخ کی دیوار کے پاس

کہتے ہیں حکیم آیا میخانے سے مسجد میں
ہمکو تو تعجب ہے وہ گبر مسلماں ہو

تیرے سیے خلق در بدر رہے
اے خانہ خراب تو کدھر رہے

ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایمان سے گئے
کتنے ہی بندگان خدا جان سے گئے

ہمتو کیونکر کہیں کہ بوسہ دو
گر عنایت کرو عنایت ہے

جی کے جانے کی یہ علامت ہے
دل کا آنا نہیں قیامت ہے

حکیم

حکیم میر محمد علی ابن میر احمد علی۔ باشندۂ لکھنؤ فتح الدولہ محمد رضا خان برق کے شاگرد تھے۔ یہ چند شعر اُن سے یادگار ہیں۔

زندگانی کا بھروسا نہیں نیکی کرلے
ہے بُری بات جو لیجائے بُرائی سر پر

آئی پیری گئی ہنگام جوانی بیہات
اب تو ہشیار ہو غافل اجل آئی سر پر

روتے جب دیکھتے ہیں کہتے ہیں ہنسکر وہ حکیم
تو نے نالوں سے اُٹھائی ہے خدائی سر پر

حکیم

حکیم۔ مرحمت الدولہ بہادر الملک منشی سید غضنفر علی خان صولت جنگ بہادر مرحوم۔ اونریری مجسٹریٹ و رئیس لکھنؤ خلف اکبر و شاگرد رشید تدبیر الدولہ حضرت اسیر مغفور اِن کا عرف بڑے بھیّا تھا۔ اُصولِ شاعری سے بخوبی واقف اور بڑے مشہور عروضی مینونسپل کمشنری اور اونریری مجسٹریٹی کے عہدے پر ممتاز تھے۔ چھوٹی سی عمر میں فنِ سخن میں اچھی دستگاہ اور معلومات و شہرت حاصل کی تھی۔ اپنے باپ کے نام نامی کو خوب چمکایا۔ انتزاعِ سلطنتِ اودھ سے پیشتر واجد علیشاہ کی سرکار سے مخاطب بخطاب مذکور الصدر ہوئے تھے۔ انکے شاگردوں میں پنڈت بشن نراین صاحب ایڈوکیٹ اور ڈپٹی تجمل حسین خان صاحب تجمّل مشہور شاعر ہوئے۔ آپنے ۱۹۱۳ء میں انتقال کیا۔ دیوان مرتب ہوگیا تھا مگر شائع نہیں ہوا ؎ مذاقِ طبیعت

درست - الفاظ پاکیزہ - زبان نہایت شستہ - صاف اور ٹکسالی - مضامین عمدہ - خیالات بلند - اور مشاقی اعلیٰ درجے کی پائی جاتی ہے - متروکاتِ زبان قدیمہ کا بہت خیال کرتے تھے کلام سنجیدگی اور متانت سے مملو اور عیوبِ شاعری سے پاک و مبرا ہے افسوس کہ باوجود ہم کوششوں کے چند ہی غزلیں مل سکیں

مے پی بپاسِ خاطرِ ساقی تو کیا ہوا — دل توڑنا کسی کا مروت سے دور تھا
گیسو کو پیچ چشم کو جادو کمر کو بل — بخشا وہی خدا نے جسے جو ضرور تھا
کوچہ میں اس کے دفن ہوئی لاش غیر کی — شدادِ مر کے داخلِ باغِ ارم ہوا
حسرت حکیم زخمِ مکرر کی رہ گئی — قاتل ہوا ستم سے پشیماں ستم ہوا
صاف اس درجے دل کا آئینہ — اور بے عکسِ روئے یار افسوس

آپ کو دھیان مرے وعدہ کا رہتا تو بہ — یہ بھی کیا غیر کا وعدہ تھا کہ ٹلتا ہی نہیں
ہے آخر فصلِ گل کرے رہا صیاد بلبل کو — ہوئی ہے سوکھ کر کانٹا یہ پھولونکی جدائی میں
تیرا کیا کام ہے میخواروں میں — دیکھ اے توبہ نہ شاملِ ہو گنہ گاروں میں

دل ہے مرا سیاہ جرم گناہ میں — یا کعبۂ خلیل لباسِ سیاہ میں
بانگ درا کی طرح ہو نہیں قافلے کیساتھ — جتنا ہوں آگے پیچھے ہوں اتنا ہی راہ میں
چھڑکا نمک اسی جامے سفینے نے بھی — زخمِ غمِ جوانی جس جس جگہ تھے تن میں
دیکھئے کیا رہِ اقلیمِ عدم میں گزرے — دور منزل ہے بہت زادِ سفر کچھ بھی نہیں

ہو کے بیتاب چلے آتے ہو کیوں میرے پاس — تم تو کہتے تھے کہ نالوں میں اثر کچھ بھی نہیں
صورتِ آئینہ اس بزم گہِ حیرت میں — محوِ نظارہ ہوں پر تابِ نظر کچھ بھی نہیں
موت نے آکے زمانے کے چکائے قصے — اقربا روتے ہیں مُردے کو خبر کچھ بھی نہیں
باغ میں دیکھ کے لالے کو یہ آیا ہمیں دھیان — حاصلِ عمر بجز داغِ جگر کچھ بھی نہیں
وصل میں ہجر کا کیونکر نہ کھٹکا ہر دم — موت کب آئیگی انساں کو خبر کچھ بھی نہیں
شکلِ ہستی و عدم آئینہ دکھلاتا ہے — کر ادھر سب نظر آتا ہے اُدھر کچھ بھی نہیں

چشمِ ظاہر کو مبارک رہے دیدارِ خ و زلف — میں وہاں ہوں کہ جہاں شام و سحر کچھ بھی نہیں

شکوۂ بیدادِ ہر دم کیا کریں — دس میں شرمندہ اُسے ہم کیا کریں
صبر پر مجبور ہم۔ تم جبر پر — حق یہ ہے تم کیا کرو ہم کیا کریں
روئیں کیا اَوروں کو جب فانی ہیں خود — اپنے ہوتے غیر کا غم کیا کریں
ہم بتائیں وصل میں تم کیا کرو — تم بتاؤ ہجر میں ہم کیا کریں

سمجھے ہم برہمن و شیخ کی سُنکر تقریر — حشر تک ختم یہ جھگڑے نہیں ہونیوالے
زاہد عبث نمازِ ریائی پہ ناز ہے — سجدے کے داغ میں ہے سیاہی گناہ کی
زاہد کا نجل صاف ہے تسبیح سے عیاں — رکھا ہے کیا بخیل نے دانوں کو جوڑ کے
قہر حیراں کہ مجرم کو کدھر لے جائے — سارے دوزخ کو ہے گھیرے ہوئے رحمت تیری
غیر کو بہرِ طلب کیوں آپنے تکلیف دی — بھیجتے موت کو میرے بلانے کے لیئے
ہے دوراہہ نیستی و ہستی عالم ضرور — ایک آنے کے لیئے ایک جانے کے لیئے
نکرے بھول کے دولت کی تمنّا کوئی — ہو بشر ہو کے نہ یارب سگِ دنیا کوئی
دل سے وہ ناوکِ بیداد نہ نکلے یارب — کہ نہیں درد کے اُٹھنے کا سہارا کوئی
وہاں لطف و غضب دونوں یہاں ہے قہر تنہا — خدا سے عشق آساں ہے بتوں سے سخت مشکل ہے
روزِ محشر بہرِ عفوِ جرم کافی ہے یہ شرم — پھرتی ہے آنکھوں میں صورت اُسکی شرمائی ہوئی
ہر بلا کے گھر میں آنے کا یہ ہے مجکو یقین — جو نہیں آئی ہے سمجھا ہوں اُسے آئی ہوئی
وعدۂ وصلت کو جھوٹا کس طرح سمجھیں نہ ہم — وہ قسم کھائی ہے اسبکے بھی جو ہر کھائی ہوئی
آئینہ رُو ہیں وہ مشاطہ نہ آئینہ دکھا — فائدہ آئینے کو آئینہ دکھلانے سے
یہی فرہاد و یہی نل۔ یہی مجنوں کا ہے حال — لاکھ افسانے ہیں پیدا مرے افسانے سے
ڈھونڈے نہیں ملتا ملک الموت کو رستہ — کیا بھیڑ عدم تک درِ قاتل سے لگی ہے

حکیم۔ سیّد جعفر حسین نام حکیم تخلّص لکھنو کے رہنے والے اور حضرت ہوش کے شاگرد حکیم

ہیں ۱۸۷۰ء میں زندہ تھے۔ اسکے سوا کچھ حال باوجود تلاش معلوم نہیں ہوا۔ کلام خاصہ ہے چند شعر اُنکے یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔

بنا قاتل جو اپنا دھیان اُس ترکِ ستمگر کا
خیالِ ابروئے قاتل میں تھا کیا کاٹ خنجر کا

دلِ عاشق جو نہ جلتا تو نہ ہوتا مشہور
شمع کا نام ہوا بزم میں روشن ہو کر

دیکھے پہلے ہی صبر و خرد و ہوش جواب
اب فقط جان ہے لیلےٰ نہیں انکار صنم

سلسلہ اُنکو رہائی کا نہ ہاتھ آئیگا
دامِ گیسو میں ہیں جو لوگ گرفتارِ صنم

تُو وہ یوسف ہے کہ تجھ سے نکریں عار ذرا
بیچ لے ہمکو اگر تو سرِ بازارِ صنم

صبا پنہاتی ہے زنجیرِ موجِ نکہتِ گل
عجب بہار کی وحشت مجھے بہار میں ہے

جو دیکھ لے تو ابھی سحر سامری بھولے
بھرا یہ کُوٹ کے جادونگاہِ یار میں ہے

خدا ہی خیر کرے کس بلا میں اُلجھا ہوں
کہ پیچ و تاب عجب یا زلفِ یار میں ہے

حکیم حکیم سیّد تہوّر علیصاحب خلفِ سیّد محرّم علی صاحب ضلع بجنور میں دھام پور کے قریب ایک قریہ رسولپور کے نام سے مشہور ہے۔ ساداتِ رضویہ کی کچھ باقیات اِس میں آباد ہے حکیم صاحب بھی اسی قریہ کے رہنے والے ہیں ۱۸۵۸ء میں پیدا ہوئے بارہ سال کی عمر میں بغرضِ تعلیم نگینے گئے اور قاضی احسن الدین صاحب کی خدمت میں کچھ عرصے رہکر عربی فارسی میں کافی دسترس بہم پہنچائی۔ پھر دلی۔ لکھنؤ اور مُراد آباد وغیرہ کا سفر کیا اور دیگر علماء و کملاء کی صحبت میں رہکر اپنے علم و کمال کو ترقی دی۔ اب متصرا ہیں طبابت کے ذریعے سے بسر اوقات کرتے ہیں۔ کبھی کبھی شعر بھی کہہ لیتے ہیں۔ مگر نہ مذہب میں کسی امام کے معتقد ہیں نہ فنِ شعر میں کسی شاعر کے شاگرد ہیں ذیل کے اشعار اُنھیں کے نتیجہ فکر سے ہیں۔ ملاحظہ ہوں ؎

شمع مدفن ہے نہ ہے پھولوں کی چادر دیکھنا
قبرِ دارا دیکھنا۔ گورِ سکندر دیکھنا

تیرے دیوانوں سے صحرائے قیامت تنگ ہے
سو جگہ سے چل دیا دامانِ محشر دیکھنا

مرے دلکی دورنگی بھی کسیکا رازِ پنہاں تھا
اِسی میں کفر تھا واعظ اسی میں نورِ ایمان تھا

پی لے اے شیخ اسے نام خدا کا سے کر
مے پلاتے ہیں تجھے رند کہ سم دیتے ہیں

معلوم ہے ہمکو جو بتائیں گے مسیحا
وہ اور علاجِ دلِ دیوانہ کرینگے

حکیم اُس لبِ نازکے سامنے پھر
جلانے کا دعویٰ مسیحا کریں گے

جوشِ گریہ سے زمین باغ ارم بنکر رہے
کوبکو مارے پھریں تسنیم و کوثر تو سہی

حکیم

حکیم۔ سید محمد عبدالحکیم۔ اردلی حضور نواب صاحب والیٔ رامپور۔ شعر گوئی کا بھی شوق ہے زیادہ حالات معلوم نہیں ہوئے۔ یہ تین شعر اُنکے کلام کا نمونہ ہیں۔

جب کہا میں نے تڑپ دیکھ لی دلکی دم قتل
بولے جھنجلا کے کہ ہاں شیر اکلیجا دیکھا

جلوہ فرما ہے بصد ناز وہ گلرو دل میں
بند کی آنکھ تو میں نے یہ تماشا دیکھا

جاں فروشوں میں دم قتل عجب شورش تھی
تجھنے مقتل میں نہ آکر یہ تماشا دیکھا

حلم

حلم۔ شاہزادۂ مرزا سعید الدین عرف مرزا فیاض الدین حلم خلف الرشید مرزا محمد ریاض الدین بن مرزا خرم بخت بہادر بن مرزا جہاندار شاہ ولیعہد مقیم بنارس صاحب دیوان تھے۔ میر نواب سے تلمذ تھا۔ ڈپٹی عبدالغفور خان نے اپنے تذکرہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور حلم تخلص لکھا ہے۔ مرزا قادر بخش صاحب صابر گورگانی کے سمدھی تھے۔ اور غزل گوئی میں اُن سے مشورہ بھی کر لیتے تھے مگر کوئی خاص بات کلام میں نہیں ہے عرصہ ہوا انتقال کر گئے۔

گرچہ ہے سیرِ چمن میں گل کا مدفن زیرِ پا
گاہ جھولے سے ہی لا عاشق کا مدفن زیرِ پا

نازکی کہتے ہیں اسکو وہ چبھے مانندِ خار
آئے اُس گل کے جو فرش کارِ سوزن زیرِ پا

دیکھ مستی کی اُداہٹ لعلِ لب پر یار کے
بلبلیں ملنے لگیں گلہائے سوسن زیرِ پا

کب حنا کے رنگ سے اُسکی کفِ پا سرخ ہے
لعل کی رکھتا ہے اپنے یار معدن زیرِ پا

جائیں کیوں ہم گلستاں کو نازِ گلچیں کیوں سہیں
زخم سے تلووں کے خود رکھتے ہیں گلشن زیرِ پا

کس طرح کوئے صنم کو حلم جائے دشت سے | آبلہ پڑ کر کرے گا کارِ ہرن زیرِ پا

حلم

حلم منشی دوارکا پرشاد حلم خلف اکبر منشی منگلی لال صاحب۔ آپ قوم کے کایستھ اور اک شریف معزز خاندان معروف بہ خاندانِ اخبار نویسان سے ہیں ۱۸۸۳ء میں آپ پیدا ہوئے۔ مولد و مسکن شہر بریلی ہے۔ سات سال کی عمر میں اردو فارسی کی تعلیم شروع ہوئی۔ دس سال کی عمر میں معمولی اردو لکھنا پڑھنا آگیا۔ پندرہ سال کی عمر میں انگریزی کی تعلیم کا آغاز ہوا جس کا انٹرنس تک پہنچ کر خاتمہ ہوگیا۔ اسی اثنا میں ناول خوانی کا شوق پیدا ہوا اور پھر پڑھتے پڑھتے تصنیف کو جی چاہا تو ایک ناول مسمّیٰ بہ "حسن و عشق" لکھا مگر چھپا نہیں بعدہ یہی شوق و ذوق شعر گوئی کا محرک ہوا اور حضرت داغ کے مشہور شاگرد مولنا حسن رضا خاں صاحب بریلوی کے شاگرد ہوئے۔ استاد کی مہربانی سے چند ہی روز میں اچھا خاصہ کہنے لگے۔ نمونہ کلام درج ذیل ہے ؎

بسمل کی یہ حالت ہے کہ تڑپا نہیں جاتا | قاتل کا ابھی شوقِ تماشا نہیں جاتا
وہ خاک سنبھالینگے دلِ زار کو میرے | جب اپنا ڈوپٹہ بھی سنبھالا نہیں جاتا
کس عجز سے وہ وصل کی شب کہتے ہیں مجھسے | اس طرح تو دشمن بھی ستایا نہیں جاتا
وہ وعدہ خلافی کریں دشمن پہ فدا ہوں | ہمسے تو کسی اور کو چاہا نہیں جاتا
وہ لطف ملا ہمکو تہِ خنجرِ قاتل | ہم دفن ہوئے پھر بھی تڑپنا نہیں جاتا
ناکامیٔ قسمت پہ ہنسی آئے نہ کیونکر | رونا تو اسی کا ہے کہ رونا نہیں جاتا
بالیں سے مری اٹھ گئے وہ کہکے دمِ نزع | اب حال کچھ ایسا ہے کہ دیکھا نہیں جاتا
عشق نے معشوق و عاشق میں لگا دی ایک آگ | شمع بجھ کر مٹ گئی پروانہ جل کر رہ گیا
سنائیں عرضِ تمنا پہ لاکھوں صلواتیں | مرا سوال تھا کیا اس جواب کے قابل
نبھے گا ساتھ نہ زاہد سے دخترِ رز کا | یہ نوجوان وہ بوڑھا خضاب کے قابل

نکیلا ہو گیا ہے ہوش کیا اُسنے سنبھالے ہیں
اَدائیں برچھیاں شوخی چھری انداز بھالے ہیں

ڈراتے کیا ہو کہہ کہہ کر یہ خنجر ہیں یہ بھالے ہیں
یہ خنجر اور یہ بھالے سب ہمارے دیکھے بھالے ہیں

کسی کے پاس رسوائی میں کیا جی کھول کر روئیں
جو چار آنسو بہائے بھی تو فوراً پونچھ ڈالے ہیں

کمی ہو میری قسمت کی کہ بلبل تیری زلفوں کے
نہ یہ کچھ جانیوالے ہیں نہ وہ کچھ جانیوالے ہیں

خدا سمجھے تجھے صیاد چھوڑا بھی تو کب چھوڑا
اسیرانِ قفس نے بال و پر جب نوچ ڈالے ہیں

تمھارے اُٹھتے جوبن کو دوپٹہ کیا چھپائیگا
یہ وہ سرکش ہلا کے ایک سے کیا چھپنے والے ہیں

اُلٹ اپنا تمھارا کیوں نہ ہنسی کرنا ہو اے قاتل
دہانِ زخمِ دل کیا چٹکیوں میں بھر نیوالے ہیں

خیالِ پائے جاناں ہوشیاری سے قدم رکھنا
کہیں ٹھوکر نہ لگجائے ہمارے دل میں چھالے ہیں

جنابِ حلیم جیسے فطرتی ہیں کوئی کیا جانے
تخلص جو سنے گا کہہ اُٹھیگا بھولے بھالے ہیں

وہ کہتے ہیں غضب میں جان کر بھی ہیں نہ والوں سے
خدا ہی سمجھے اِن ظالم محبت کرنیوالوں سے

بھرے بیٹھے ہیں جب پھوٹے غضب کا سامنا ہوگا
خدنگِ ناز چھیڑا جی نہیں سینے کے چھالوں سے

طریقِ حق پرستی عشق والوں کا نرالا ہے
نہ پروا مسجدوں کی ہے نہ مطلب شیوالوں سے

شبِ وعدہ خوشا مد پر وہ آمادہ ہوئے آخر
جو دیکھا کام اب چلتا نہیں حیلے حوالوں سے

بھلا تم اور بوسے دوگے دل لیکر معاذاللہ
یہ فقرہ اسکو دینا جو نہو آگاہ چالوں سے

یہی ہے آنکھ کی خواہش کہ رہیئے نازنینوں میں
یہی دل کا تقاضا ہے کہ ملیئے خوش جمالوں سے

حلیم حضرت عبدالحلیم شاہ صاحب متخلص بہ حلیم امروہے کے شیوخ عباسی سے ہیں۔ مظہر الہادی صاحب سہیل نے جو اُنکے حالات بھیجے اُنکا خلاصہ یہ ہے کہ بچپن ہی سے طبیعت میں سلامتی اور اطوار میں سنجیدگی تھی۔ آغازِ جوانی میں وطن سے نکلکر جیپور پہنچے اور بعہدۂ منصبی محکمۂ فوج ملازمت اختیار کی۔ چونکہ اوراد و وظائف کی طرف شروع سے میلانِ خاطر تھا وقتاً فوقتاً تلاشِ مرشدِ کامل میں سفرہائے دور دراز کیئے۔ آخر کار گھر بیٹھے جیپور ہی میں خاندانِ نقشبندیہ میں مُرید ہوئے مگر سماع کے بہت ہی

شائق ہیں مُرید ہونے کے بعد طبیعت کا رنگ بالکل ہی بدل گیا شہرت اور ناموری سے گریز۔ اہلِ دنیا سے بے تعلقی اور ملازمت کی پابندیوں سے نفرت ہونے لگی۔ ترکِ تجرید نے غلبہ کیا لیکن ایک عرصہ تک ضبط سے کام لیتے رہے۔ جب وفورِ شوق و غلبۂ ذوق اتنا بڑھا کہ بیخود ہو گئے تو قیودِ ملازمت سے قطعاً دست بردار ہونا پڑا چونکہ شادی کی نہیں تھی اہل و عیال کا کچھ غم نہ تھا۔ اب آپ سراپا توکّل ہیں۔ محض صبر و قناعت ہی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا ہے۔ ابتدائے عمر سے نظم اور فنِّ شعر سے دلچسپی ہے ضخیم دیوان تیار ہے۔ پیسہ اخبار پریس لاہور میں چھپنے کے لیئے گیا ہوا ہے۔ اکثر جے پور و کوٹے میں قیام رہتا ہے۔ کلام صاف ہے بندش و اسلوب بیان بھی خوب ہے اکثر شعر توحید اور تصوّف میں کہتے ہیں کھُلا ہوا رنگ ہے۔ انتخاب ملاحظہ ہو ؎

کیا پُوچھنا ہے چشمِ حقیقت طراز کا
جمتا نہیں نگاہ میں نقشہ مجاز کا

نہ جفاؤں کی شکایت نہ وفا سے مطلب
اُسکے طالب کو ہے تسلیم و رضا سے مطلب

صد شکر کہ فرماتے ہیں وہ ناز و ادا سے
ہم پاتے ہیں اِس شخص میں آثارِ محبت

یاں ہو چکا ہے خونِ جگر آرزو کے ساتھ
اب تک سمجھ رہے ہیں مرے غمگسار جھوٹ

بیکسی تربتِ عاشق کا پتہ دیتی ہے
نہ ضرورت اسے کتبے کی نہ زیبا تعویذ

بوالہوس کے لیئے درکار ہے نقشِ تسخیر
جذبِ صادق کے لیئے چاہیئے کسکا تعویذ

مرے دل میں مری آنکھو نہیں آکر
رہو تم بے تکلف گھر بنا کر

مدّعی کیوں ہو مُدّعا ہو کر
غیر بنتے ہو آشنا ہو کر

اللہ رے خود رفتگی اتنا بھی نہیں ہوش
خُم مُنہ سے لگا لیتے ہیں پیمانہ سمجھکر

انجمن ہو یا نہ ہو اُسکی بلا سے کچھ بھی ہو
زندگی کا کر چکی لبریز جب پیمانہ شمع

یہ ہوا ہے اور نہ ہوگا تم سے روشن صبح تک
یہ نہیں ہے بزمِ جاناں ہے مرا غمخانہ شمع

مصیبت جھیل صبر و شکر کے ساتھ
مرے مجنوں مرے درد آشنا دل

وہ اپنی جفاؤں پہ شرما رہے ہیں
تسلّی مجھے دیکے تڑپا رہے ہیں

الٰہی وہ دلِ مضطر عطا ہو
کہ جس میں درد سرتا پا بھرا ہو
اگر دل محو تسلیم و رضا ہو
تو ہر درد و الم راحت فزا ہو

ہاں تو نہیں تو لذتِ زخمِ جگر نہیں
اے درد دلنواز عجب دل ربا ہے تو
دل بے چشمِ حقیقت تو کہیں دیکھے اُسے
آنکھ کیا دیکھے تجلّی جمالِ یار کو

خاک کو تو نے منوّر کر دیا
اے محبّت کیمیا دیکھا تجھے

وفا پرست شکایت کیا نہیں کرتے
جفا اُٹھاتے ہیں لیکن گلہ نہیں کرتے
عجب مزا انھیں ملتا ہے درد و کلفت میں
مریضِ دردِ محبت دوا نہیں کرتے
اشک دامن تک نہ پہنچا تھا کہ دامن پاک تھا
ننگِ عصیاں کے لیئے آنکھوں کا دریا چاہیئے
لذتِ ناز و نیازِ عشق تو مجھ سے نہ پوچھ
دامن یوسف گریبانِ زلیخا چاہیئے
کیا کھیئے میکدہ تو مسجد بنا ہوا ہے
ہر مست بیخودی میں گردن جھکا رہا ہے

رنگ لائی یہ عاشقی دل کی
مٹ گئی سب تمنا ہی دل کی
دل کے ہمراہ آرزو بھی گئی
آج حسرت نکل گئی دل کی
اُنکے کوچے میں جا کے خاک ہوئی
آبرو سب رہی سہی دل کی
میری آنکھیں تو ہیں اُنھیں کیطرف
اُنکی مجھ پر نظر نہیں نہ سہی
موت تو ہے علاجِ دردِ فراق
اُنکے در تک گزر نہیں نہ سہی

حمد

حمد۔ حضرت حمد لکھنوی کا نام نامی محمد محمود ہے اور رفیق الدولہ دبیر الانشا منشی محمد ظہیر الدین خان بہادر میر منشی واجد علیشاہ کے خلف الصدق ہیں۔ قوم کے شیخ اور حنفی المذہب ہیں نسب کا سلسلہ حضرت عثمانِ غنی سے ملتا ہے آپکے آبا و اجداد کا قدیمی وطن شہر قنوج تھا وہاں سے عہد نواب سعادت علیخاں بہادر میں لکھنو آئے اور دربار نواب میں باریاب ہو کر عہدہ ہائے جلیلہ پر ممتاز ہو گئے۔ آپکی پیدائش ۲۴ ماہ جمادی الاول

۱۲۷۴ھ میں بمقام لکھنؤ ہوئی اور وہیں زیر سایہ اپنے والد بزرگوار کے تعلیم و تربیت پائی۔ آپ کی طبیعت بچپن ہی سے اشعار موزوں واقع ہوئی تھی کہ کبھی دھوکے سے بھی کوئی شعر ناموزوں نہیں پڑھا۔ دس برس کی عمر میں اچھی خاصی غزل کہنے لگے تھے آپکے والد صاحب کو اُردو شاعری اور خصوصاً طرز عاشقانہ سے بالکل رغبت نہ تھی لیکن جب اِنکی طبیعت کا میلان خاطر ادھر دیکھا تو ممانعت بھی نہ کی۔ آخر اُنھیں کے ایما سے جناب شیخ امداد علی صاحب بحر لکھنوی کے شاگرد ہوئے اُنکے انتقال کے بعد حضرت قدر بلگرامی کی خدمت میں آکر اُن سے استفادہ کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ آپ کا کلام عیوب شاعری سے پاک ہونے لگا۔ اور جب آپکی مشق سخن اِس حد کو پہنچ گئی تو قدر مرحوم نے اپنے بعض تلامذہ کی اصلاح آپ ہی کے متعلق کردی۔ چنانچہ قدر مرحوم کے بعض شاگرد ابتک شعر و سخن میں آپ ہی سے مشورہ کرتے ہیں۔ آپ ایک مستغنی المزاج کم سخن اور آزاد منش آدمی ہیں۔ عزلت گزینی پسند ہے۔ سلسلۂ تصنیف و تالیف برابر جاری ہے اور شعر و سخن کی طرف طبیعت کچھ ایسی محو ہے کہ اُسکے سوا دوسری فکر ہی نہیں ہے۔ علاوہ دیگر تصانیف کے دیوان موسوم باسم تاریخی "ارمغان جاوید" و رسالۂ متروکات موسوم بہ مخزن التحقیق بھی لکھا ہے۔ جس میں تمام اپنے اور دیگر فصحا کے متروکات و غیر فصیح الفاظ مع عیوب شعر و غلطی املا و قواعد نہایت تحقیق کے ساتھ درج کیے ہیں۔ آپکے کلام سے شوخی اور فصاحت ٹپکتی ہے۔ زبان کی صفائی اور روزمرہ بھی قابلِ داد ہے۔ آجکل لکھنؤ کے نامور کہنے والوں میں شمار ہوتے ہیں۔ آپکے کلام کا رنگ اپنے اُستاد حضرت بحر مرحوم لکھنوی سے بہت ملتا ہے۔ ملاحظۂ شائقین کے لیئے اُنکے کلام کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے ؎

عکسِ ساقی شراب میں دیکھا	ماہتاب آفتاب میں دیکھا
تم نے ڈھا دینا کعبۂ دل کا	اے بتو کس کتاب میں دیکھا

رہ گیا طائرِ جاں بلبلِ شیدا بن کر
جوہرِ تیغ میں قاتل کے گلستاں نکلا

کچھ اعتبار نہیں تہمۂ مرنے والوں کا
سنبھلنے میں بھی ہے شک موت کے سنبھالنوں کا

بڑا کھمنڈ تھا بس دیکھ لی مسیحائی
کبھی پکڑا نہ لیا ہاتھ مرنے والوں کا

تمھارے کوچے میں چھکّے قضا کے چھٹتے ہیں
ہجوم دیکھ کے بے موت مرنے والوں کا

کھڑے ہیں سہرا چڑھانیکو شہر کے گلرو
مرے مزار پہ میلا ہے پھول والوں کا

کھلا اگر کہیں جوڑا تمھارے بالوں کا
چلیگا ایک بھی منتر نہ سانپ والوں کا

ہجوم یاس ہے وہ فاتحہ کہاں پہ پڑھیں
کہیں نظر بھی تو آئے مزار کی صورت

غیروں سے بگڑے ہم تو ہمارے عدو تھے وہ
اِس پر حضورِ بزم سے اُٹھکر چلے عبث

چلا نہ زور وہ دندان شکن جواب مِلا
اُلجھ کے زلف سے شانے نے مُنہ کی کھائی آج

ہنس دیتے ہیں وہ سوزِ جگر کے بیان پر
بجلی چمک کے گرتی ہے دیپک کی تان پر

دخترِ رز پر لوٹے ہیں پرہیزگار اب کے برس
زُہد میں بٹّا لگائے گی بہار اب کے برس

ایسے یہاں ہیں غنچۂ دل میں ہزار داغ
لالہ مقابلے کو چلا لیکے چار داغ

فرحت دلوں کو دیتے ہیں اشعار جب کے پھول
کیا کیا مہک رہے ہیں ریاضِ سخن کے پھول

یہ جو سُنا کہ ہار تھے گوندھے ہوئے مرے
سب پھینکے نوحِ نوح کے مارے جلن کے پھول

اللہ آپ سیر کو نکلیں پہن کے پھول
تقدیر اُس چمن کی یہ ہیں جس چمن کے پھول

ہے روزِ حشر اور شبِ غم کا طول ایک
اُسکی نہیں ہے شام تو اُسکی سحر نہیں

اللہ رے بیخودی کہ وہ پہلو میں بیٹھکر
دل لیگئے نکال کے ہمکو خبر نہیں

آگئی فصلِ جنوں میلے ہیں ویرانوں میں
تھالی پھرتی ہے وہ بھیڑیں ہیں بیابانوں میں

یہ ہیموغ تمھاری ہر گھڑی کی دل لگی کیسی
طبیعت آدمی کی ہے کبھی کیسی کبھی کیسی

دکھا دوں ایک دن اُنکو تو پھر ہو دل لگی کیسی
جو کہتے ہیں کہ دیکھیں ہوتی ہے دل کی لگی کیسی

نہیں اک رنگ پر رہتی طبیعت ہے تری کیسی
کبھی ایسی کبھی ویسی کبھی کیسی کبھی کیسی

بیانِ سوزِ دل رو رو کے کرتا ہوں تو کہتے ہیں
لگی ہے آگ جب دل میں تو آنکھوں میں تری کیسی

یہ قدرت قاف والوں کی کریں جو حسن کا دعوی
مقابل اُنکے پہلے حور تو ہووے پری کیسی

بیوجہ کب یہ دلکی مرے دیکھ بھال ہے
کہتے نہ کہتے آپ کی صورت سوال ہے

رونے لگے سُن سن کے تمام اپنے پرائے
اِس درد سے نالے کیے دل سب کے بھر آئے

اِس بات پہ تاثیر دکھا دینگے فغاں کی
کہتے ہو نہیں آئیں گے؟ اچھا اگر آئے

ناصح اثر ان کو نہیں کرنے کی نصیحت
یہ حضرتِ دل ہیں جدھر آئے اُدھر آئے

شیخ جی لائے تھے تشریف نصیحت کرنے
کیا بُری طرح نکالے گئے میخانے سے

مست کر دیتی ہے میخواروں کو اِسکی جھنکار
شیشہ جب بزم میں لڑ جاتا ہے پیمانے سے

آنے جانے کی یہاں آڑ تو اچھی ہوتی
کاش مسجد ملی ہوتی کوئی میخانے سے

عشق بازی میں لڑائی بھی تو ہے عین ملاپ
صاف ملجاتا ہے دل آنکھ کے لڑ جانے سے

کہا جو آپ پہ مرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں
سُنا کیئے یونہیں دیکھا کبھی نہ مرجاتے

کیا ناوکِ مژگاں نے اُڑائے ہیں نشانے
دل اور جگر دونوں لگائے ہیں ٹھکانے

ساقی سفید ریش پہ ہلکا سا ہو خضاب
زاہد کے مُنہ پہ پھینکدے ساغر کھنگال کے

حمد حمد منشی احمد حسین حمد سودا گر ساکن لال کرتی بازار چھاؤنی میرٹھ مولنا شوکت سے ارادت رکھتے ہیں اور زمانۂ حال کے خوشگو شعرا میں ہیں۔ چند شعر حاضر ہیں ؎

سوزِ پنہانی میں ہے کیا چشمِ حیواں کا اثر
آگ میں جلکے بھی عاشق ترا ٹھنڈا ہوا

یہ حسرت تھی کہ رہتا کاش احسان تیغ قاتل کا
رہا کیوں سخت جانی تیرا احساں میری گردن پر

نہ سنبھلا دامنِ عصمت ہی اپنا تجھسے خانداں
زلیخا خاک بس چلتا ترا یوسف کے داماں پر

حلقۂ گیسو کا ہے اب گھیرے ہوئے ہر سو ہمیں
جسطرف دیکھیں نظر آتا ہے تو ہی تو ہمیں

دردِ دل تیرا بُرا ہو دیکھ بزمِ یار سے
کیوں اُٹھاتا ہے بھلا بیٹھے بٹھائے تو ہمیں

حمید حمید۔ خواجہ حمید جان عرف پیارے نواب صاحب رئیس گیا حکیم سید عابد علی کوثر

خیرآبادی کے تلامذہ میں ایک خوش گو شاعر ہیں۔ مذاق ستھرا اور زبان صاف ہے شعر اچھا کہتے ہیں نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

بلائیں جسبقدر تھیں آسمان پر — وہ سب نازل ہوئیں مجھ خستہ جاں پر
میرے نالوں نے برپا کی قیامت — زمیں سے بھی زیادہ آسماں پر
وہ روٹھ کر چلے بھی گئے ہیں تو کیا ہوا — حاصل ہمیشہ وصل ہے ہمکو خیال میں
لاکھوں شکار تھے مگر آمد رے نصیب — میرا ہی دل پھنسا تری زلفوں کے جال میں
جھگڑا مٹا رقیب مُوا جانے دیجئے — بیکار آپ بیٹھے ہیں رنج و ملال میں
لیکے دل بھول گئے ہمکو یہ حال انکا ہے — ہمکو یہ خبط کہ ہر وقت خیال انکا ہے
آخر اس پنجۂ غم سے کہیں کے نہ رہے — اب ہوش اپنا ہے ہمکو نہ خیال انکا ہے

حمید تخلص محمد اللہ نام قوم پٹھان متوطن قصبہ اورنگ آباد ضلع گیا پیشہ زمینداری داروغگی پولیس فارسی کی لیاقت اچھی اور جناب حکیم عابد علی کوثر کے شاگرد تھے۔ کئی برس ہوئے کہ آپنے انتقال کیا۔ زیادہ حال باوجود تلاش نہ مل سکا۔ چند شعر گلدستہ فصاحت سے منتخب ہوکر درج ہوئے ✣

حمید

عبث عاشقوں کو اُمیدِ وفا ہے — ہوا ہے نہ ہوگا ستمگر کسیکا
لئے تیغ ہاتھوں میں نکلا ہے قاتل — لڑا چاہتا ہے مقدر کسیکا
خلش نوکِ مژگاں کی جاتی نہیں ہے — رگِ جان میں چبھتا ہے نشتر کسیکا
کسیکا نہو فاش پردہ خدایا — نہو سامنا روزِ محشر کسیکا
بلا دیکھئے کسکے سر پر ہو نازل — حمید آج بدلا ہے تیور کسیکا

صفائی آئینہ کی سی ہے آبِ تیغ قاتل میں — نئے جوہر نکالے ہیں نہا کر خون بسمل میں
شبِ ہجراں سکون و صبر و طاقت ہوگئے رخصت — رفیق و مونس و ہمدم خیال یار ہے دلمیں
رکھی رہتی ہے گو۔ پھر بھی گلے سے آلپٹتی ہے — ادا و نازِ معشوقانہ ہے شمشیرِ قاتل میں

دوسرے مصرع میں شکل سے سیدھا ہوا ہے ✣ بگڑکر بنا ہے مقدر کسیکا ✣

سرِ مقتل کسیکی تیغ عریاں آج کہتی ہے — کہ جوڑا سرخ پہنوگی نہا کر خون بسمل میں
پسیجے دل بتوں کا رحم کھا کر موم ہو جائیں — اثر ہو لحن داؤدی کا بارِ نالۂ دل میں
اِدھر آباد گھر میرا - اُدھر آباد گھر تیرا — تو میرے دل میں ہے اور غیر بستا ہے ترے دل میں
خزاں کے دن گئے گلشن میں گل پھولے بہار آئی — نوید جانفزا پہنچا صبا گوشِ عنادل میں

وہ آئے بھی تو غیر کے ساتھ آئے — بھلا ایسی حالت میں کیا بات ہوتی
شبِ وصل دل کی تمنا یہی تھی — ترے گیسوؤں سے بڑی رات ہوتی
غمِ ہجر میں جان پر بن گئی ہے — نہ اے کاش اُس سے ملاقات ہوتی

حمید — سیّد باقر مرزا حمید برادر زادہ و شاگرد حضرت تعشق مرحوم لکھنوی - اِنکی زبان کی تعریف فضول ہے کیونکہ ان کا خاندان لکھنو میں باعتبارِ زبان مستند مانا جاتا ہے اور شاعری انکے خاندان میں موروثی ہے - یہ خود بھی اِس فن میں اچھا دخل رکھتے ہیں - حالات اور کلام کے لیئے بارہا لکھا گیا - مگر کسرِ نفسی نے جواب کی اجازت ہی نہیں دی - جو کلام گلدستوں میں نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے ✣

شوقِ دیدار اسکو کہتے ہیں تصور نے مرے — ہر در و دیوار پر کھینچا ہے نقشہ یار کا
حشر کا روز ہے اے یار دکھا دے صورت — چاہیئے آج تو وعدہ کا وفا ہو جانا
نہیں ہے خوف ہمیں تیرگیٔ مدفن کا — کہ دل کے داغ میں عالم ہے شمع روشن کا
عجب مزاج ہے کچھ میرے یار پُر فن کا — کہ اپنے دوست کا دشمن ہے دوست دشمن کا
کرو نہ جھاڑ کے برباد عاشقوں کی خاک — خیال چاہیئے وابستگانِ دامن کا
سوا ہو عمر خدا اُنکے نام کو رکھے — نشاں مٹا تو گئے آکے میرے مدفن کا
کریں تدبیر کچھ آیا ہے دل گیسوئے جاناں پر — عبث احباب روتے ہیں مرے حال پریشاں پر
طالب نہ ہوتے تم تو انھیں کون پوچھتا — کچھ اصل تھی جگر کی نہ تھا کچھ وقارِ دل
کیوں پھر رہے ہو بال پریشاں کیئے ہوئے — کیا چاہتے ہو اور بڑھے انتشارِ دل

تمہاری چال سے ہوتا ہے حشر عالم میں
کہ محوِ خوابِ اجل ہوشیار ہوتے ہیں

لحد ہے کون سے محبوب کے مکان کی راہ
پیادہ ہوتے ہیں وہ جو سوار ہوتے ہیں

ہوئے عشق سے تفریح کیوں نہو دلکو
کہ جھوٹکے اِسکے عجب خوشگوار ہوتے ہیں

جینے کی کچھ خوشی نہیں مرنے کا غم نہیں
مدت ہوئی کہ آپ میں اے یار ہم نہیں

اے خفتگانِ خاک یہ کس وقت غم نہیں
تم سب کے سب ہو ایک جگہ اور ہم نہیں

بند وہ آنکھیں ہوئیں پردہ تھا جنکی وجہ سے
شرم کیوں کرتے ہو میری لاش پر کھلتے ہوئے

مرکے خواہش ہے اسے سفاک زخمِ ترکی
کہہ رہی ہے صاف حسرت دیدۂ نخچیر کی

مجکو اے سفاک ایسا زخم کھانیکا ہے شوق
دل مرا ٹوٹے جو تو ٹے نوک تیرے تیر کی

ہمارا صبر ذرا دیکھ جاں نثاری دیکھ
گلا ہے تیغ کے نیچے گلا نہیں کرتے

حمید ۔ حاجی حافظ مولوی عبدالحمید صاحب متخلص بہ حمید خلف سید محمد عثمان ڈرافسمین دفتر چیف انجینیر ایسٹ انڈین ریلوے باشندۂ کلکتہ نساخ مرحوم کے تلامذہ میں آپ یگانہ ہیں کچھ دنوں انشخ سے بھی مشورہ سخن کیا ہے ۔ زود گوئی میں اچھی مہارت حاصل ہے شعر اسقدر جلد لکھتے ہیں جیسے کوئی نثر لکھتا ہے ۔ کلام میں متانت اور پختگی ہے ۔ ملاحظہ ہو ۔

درد سے چارۂ دردِ دلِ شیدا ہوگا
جوشِ حرماں سببِ ترکِ تمنا ہوگا

پاس میرے بھی کبھی آیئے گا ؟
تا بکے دُور سے ترسایئے گا ؟

ہوگیا ہے عشق دلکو اُس بتِ طنّاز کا
یا الٰہی ہو بخیر انجام اِس آغاز کا

ہجر میں آساں ہے مرنا گر کوئی اُمّید ہو
تم سے رکھا بھی نجائیگا سرِ مدفن چراغ

ممکن ہے ہوں وہ رونقِ کاشانۂ خواب میں
لُوں وام بختِ خفتہ سے اک رات خواب کو

اُمید تیری دید کی پیر و جواں کو ہے
ارمان تیرے وصل کا ہے شیخ و شاب کو

واقف ہوں اسقدر کہ تری ذات ہے کریم
کچھ جانتا نہیں میں عذاب و ثواب کو

جسکی اُمید میں مئے و معشوق ہو حرام
دوزخ میں لیکے ڈال دو ایسے ثواب کو

ترکِ خیالِ یار کا دل کو خیال ہے	ایسا خیال ہے مگر امرِ محال ہے
گزرے برسوں لیکن اُس کا سوگ ہے تازہ ابھی	دیکھئے کب تک وفاتِ غیر کا ماتم رہے
ہم وہ قطرے ہیں کہ پہلے قلزمِ ذخّار تھے	ہم وہ ذرّے ہیں کہ پہلے نیّرِ اعظم رہے

حمید **حمید** منشی عبدالحمید۔ حمید و عطار دو ولد منشی عبدالرشید آپ منشی محمد نوح متخلص بہ نوح کے چچازاد بھائی اور شاگرد ہیں۔ قصبۂ نارہ پرگنہ کڑا ضلع الہ آباد وغیرہ میں مکان ہے طبیعت بہت موزوں واقع ہوئی ہے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

اُڑا لائی ہے بُو زلفِ دوتا کی	بلائیں کیوں نہ لوں بادِ صبا کی
چُھپایا مُنہ جو عاشق سے مریجان	ادا کی۔ یا حیا کی۔ یا جفا کی
ہوئی وہ سُرخرو پامال ہو کر	عجب تقدیر ہے اُلٹی حنا کی
نہ تسکیں دی کسی نے ہجر کی شب	مگر کچھ شمع دل سوزی کیا کی
بُتوں کی کیا نظر ہم سے پھری ہے	خدائی پھر گئی قدرت خدا کی
جو گزرے گی گزر جائیگی ہمپر	تمھیں حسرت نہ رہجائے جفا کی
خدا کے رُوبرو انصاف ہوگا	وفا کی کس نے اور کس نے جفا کی
کسی دن تجکو لے ڈوبے گی اے دل	محبت اُس بتِ نا آشنا کی
حسیں پھیلائیں اُسکے سامنے ہاتھ	زہے طالع زہے قسمت خدا کی

حمید **حمید** منشی رمضان علی خاں لکھنوی اوائلِ مشقِ سخن میں چند غزلیں جناب تدبیرالدولہ اسیر مرحوم کو دکھائی تھیں۔ پھر جناب اُنس مرحوم سے تلمّذ اختیار کیا۔ یہ اُنکے اشعار ہیں

روز ہم آن کے تقدیر کو رو جاتے ہیں	وہ کہانی میری سُنتے ہیں تو سو جاتے ہیں
عمل نیک ہے وہ تخم کہ پھلتا ہے سدا	اِسی دانے کو جو دانا ہیں وہ بو جاتے ہیں
ہو کے ناراض بُرا مجکو کہو گا لیکن دو	سب کہو پر نہ یہ تم منہ سے کہو جاتے ہیں
بے رُخی کی بھی کوئی حد ہے تمھیں منصف ہو	منتیں ہم تو کریں تم یہ کہو جاتے ہیں

رہا بستہ سدا کوئے بتاں میں — لگے گا خاک دل باغِ جناں میں
ہم اور ظلم کا اُنکے شکوہ کرینگے — وہ جو کچھ کرینگے سو اچھا کرینگے

حمید

حمید قاضی حمید الدین پروفیسر باشندۂ علی پور نواحِ کلکتہ۔ نہ زیادہ حالات کا پتہ ملا نہ کچھ کلام ہی دستیاب ہوا صرف تین شعر ہاتھ لگے جو زیبِ تذکرہ کیے جاتے ہیں۔

غمزہ یہ کہہ رہا ہے کسیکی نگاہ سے — بچکر نجانے پائے کوئی جلوہ گاہ سے
آنکھوں میں ہے خمار پریشاں ہیں موئے سر — نکلا ہے کس ادا سے کوئی خوابگاہ سے
پیرِ مغاں کے وصف سُنائینگے بادہ خوار — کیا پُوچھتے ہو زاہدِ گمراہ سے

حمید

حمید عبد الحمید خان نام بلیح آباد کے رہنے والے۔ غزل نہیں کہتے مگر فارسی مثنویات کے اکثر تراجم اُردو اور پشتو زبان میں آپنے کیے ہیں۔ فارسی اور پشتو کی مہارت خوب ہے مثنوی معنوی کا ترجمہ بھی مُرتب کیا ہے مگر چھپا نہیں ہے۔ مثنوی بوعلی قلندر کا ترجمہ چھپ گیا ہے اسی کے چند شعر نمونۃً لکھے جاتے ہیں۔

آفریں اے بلبلِ باغِ سخن — مجکو باور ہے سبھی تیرا سخن
اے مرے بلبل کرم کی کر نظر — اُس گلِ رعنا کی دے مجکو خبر
آفریں اے میرے قاصد آفریں — تجھسے پہنچا مجکو عالِ نازنیں
ہُدہُدِ فرخ نشاں صد آفریں — طوطیِ شیریں بیاں صد آفریں
دم میں تو ہفت آسماں کو طے کرے — مرکبِ حرص و ہوا کو پے کرے
دم بدم روشن کرے دل میں چراغ — عشق کا تو ہی لگائے دلمیں باغ

حنا

حنا منشی عبد الکریم خان خلفِ سرور خان لکھنوی شاگرد میر وزیر صبا واجد علیشاہ کے زمانے میں تھے سُنا ہے کہ دیوان بھی مُرتب ہوگیا تھا۔ بہرحال یہ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے ؎

یہاں تلک عدہ فردا پس فردا ٹھیرا — حشر پر وصلِ بُتِ حور لقا کا ٹھیرا

لیگئی کھینچ کے وحشت مجھے اُس وادی میں	آدمی کیا نہ جہاں خوف سے سایہ ٹھیرا
اللہ رے صعوبتِ طولِ شبِ فراق	کھچتا رہا رگوں سے مری دم تمام شب
سیر کیجے تو ذرا خانۂ دل کی میرے	کیا عجب ہے تمھیں آجائے تعمیر پسند
جب سے اُس یوسف لقا کو دل دیا ہے اے حنا	سورۂ یوسف زباں پر ہے زلیخا ہاتھ میں
ہو کبھی دشمن کو بھی یارب دشمن سے نصیب	رنج جو پہنچے ہیں مجکو دلربا کے ہاتھ سے

حنیف حنیف - صاحبزادۂ محمد حنیف خان خلف ارشد صاحبزادۂ محمد محمود خاں صاحب تہور جنگ عزیز والئی ٹونک تلمیذ حضرت مضطر - ان کے والد ناظمِ سائرات ریاست ہیں اور یہ خود بھی حاکمِ عدالتِ دیوانی ہیں ۳۵-۳۶ برس کی عمر ہے - خوش وضع زندہ دل شخص ہیں - نمونۂ کلام یہ ہے -

بلبل کے جذبِ عشق نے کچھ تو اثر کیا	صیاد نے قفس پہ چڑھائے چمن کے پھول
بیٹھے ہیں بزمِ یار میں اغیار اے حنیف	قدرت خدا کی خار بنے ہیں چمن کے پھول
عجب کیا ہے وفا کا نام ہی اٹھ جائے دنیا سے	اگر دو چار بھی ایسے ہوں جیسے بیوفا تم ہو
حقیقت میں تمھیں سے لذتیں ہیں عشق کی ورنہ	محبت میں دھرا کیا ہے محبت کا مزا تم ہو
وفائے وعدۂ دیدار کا وہ کون موقع ہے	قیامت میں تو لاکھوں ہونگے صورت دیکھنے والے

حیا حیا - طوطیٔ شکرستانِ خوش مقالی - بلبلِ بوستانِ نازکخیالی - فروغِ دودۂ شاہی و جہانبانی حیا خانوادۂ گورگانی - صاحبِ عالم و عالمیان میرزا رحیم الدین حیا دہلوی مرحوم و مغفور - دلی کا قلعۂ معلّی جہاں اُردو نے جنم لیا تھا وہیں آپ ۱۲۱۲ھ ہجری میں پیدا ہوئے میرزا کریم الدین رسا نبیرۂ شاہ عالم ثانی آپکے والد ماجد تھے - جو خود بھی ایک نہایت کہنہ مشق اور خوش گو شاعر گزرے ہیں - چنانچہ آپ کو بھی اوائل عمری سے شعر و سخن کا ذوق پیدا ہوا اور حضرت شاہ نصیر رحمت اللہ علیہ کے سلسلۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے -

خاندان تیموریہ میں آپ بہت اچھا کہنے والے شاعر تھے - طبیعت کی شوخی اور مضمون

آفرینی کے ساتھ زود گوئی اور فکر رسا بھی رکھتے تھے۔ اِسکے علاوہ نہایت نیک طینت خلیق اور بامروت انسان تھے۔ کلام میں عالم ضعیفی تک جوانی کا سا زور طبع دکھاتے رہے اِنکے جوش میں دریا کی سی روانی تھی۔ اور کسی وقت فکرِ سخن سے خالی نہ رہتے تھے۔ بلند پروازی کے علاوہ کلام میں ایک خاص بات قابلِ ذکر یہ تھی کہ شعر میں قافیے اور ردیف کی چسپیدگی کے ساتھ اکثر ردیف کا کوئی نہ کوئی ایسا نیا پہلو چمکاتے تھے جس سے سامعین داد دینے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ طبیعت کچھ ایسی جدت خیز اور معانی آفرین پائی تھی کہ جس میں شوخی اور سادگی دونو متضاد صفتیں جمع ہو گئی تھیں۔ شطرنج بمثیل کھیلتے تھے ولایت سے جسقدر مشکل نقشے آئے آپنے اُنکو حل کیا۔ اس فن میں حکیم شرافت علیخاں سے آپ مستفیض ہوئے تھے۔ ستار نوازی میں بھی کمال حاصل تھا۔ غدر سے کچھ پیشتر بنارس کا سفر کیا۔ راستے میں کچھ روز نواب یوسف علیخان والیٔ رامپور کے ہاں بھی مہمان رہے اور نواب نے بڑے تکلف سے میزبانی کی۔ پہلا دیوان جسپر میرزا غالب اور صہبائی مغفور نے تقریظیں لکھی ہیں غدر سے پہلے دلّی میں چھپا تھا۔ جو راقم السطور کے کتبخانے میں موجود ہے۔ غدر کے بعد جب قلعہ کا نقشہ ہی بگڑ گیا تو صاحب عالم مستقل طور سے رامپور چلے گئے۔ نواب کلب علیخاں نے بھی بڑی تواضع کا برتاؤ کیا اور اپنا مصاحب خاص بنا لیا آپ مدۃ العمر وہیں رہے۔ چنانچہ دوسرا دیوان نواب محمود علیخاں نے مرتب کرایا۔ اب دو دیوان اور ایک واسوخت آپکی یادگار سے موجود ہیں۔ نواب کلب علیخاں کی وفات کے آٹھ یوم بعد ۱۳۰۴ھ میں ۹۴ سال کی عمر پاکر اس جہانِ فانی سے رحلت کی۔ میرزا مرحوم کثیر العیال تھے۔ میرزا منیر الدین ضیاء اور میرزا ولی الدین فدا وغیرہ ۵ و ۶ صاحبزادے ابتک حیات ہیں جن میں سے اکثر کو اب بھی سرکارِ رامپور سے وظیفہ ملتا ہے۔ آپکے خاندان میں شعر گوئی اور شطرنج بازی کا شوق ابتک جاری ہے اور خوب ہے۔ سُنا ہے کہ میرزا حیا کا ایک تیسرا دیوان راجپوتانے کے سفر میں تلف ہو گیا تھا۔ اور آخر عمر میں انھوں نے

جو کچھ لکھا ہے وہ بھی ایک دیوان سے کم نہیں ہے۔ مگر اُسکے چھپنے کی اب کوئی ظاہر امید نہیں ہے۔ راقم تذکرہ نے بے انتہا کوشش اور تلاش کے بعد دیوانِ دوم کی کچھ غزلیں دستیاب کیں۔ چنانچہ دونوں دیوانوں کا انتخاب ضیافتِ طبع شائقین نکتہ سنج کے لیئے درج ذیل کیا جاتا ہے ✣ (از دیوان اوّل مطبوعہ ۱۲۷۰ھ)

خالق نے اپنا جلوۂ قدرت دکھا دیا
سینہ سے داغِ عشق مجازی مٹا دیا

اللہ رے دستگیریِ مے پیدا کیئے کی شرم
بخشا اُسی کو جس نے سر اپنا جھکا دیا

نہ پوچھو ہمدمو کٹنا شبِ تاریک ہجراں کا
دمِ شمشیر تھا گردن پہ ہر دم غم گریباں کا

جنوں یہ کشمکش ہمسے عبث ہے تجکو زنداں میں
چھڑا دے قید سے ہمکو تو رستہ لیں بیاباں کا

عدو کیا جانے کیا کہتے ہیں اِسکو اور وہ کیا ہے
ہمارے دل سے پوچھو لطف کا وسواسۂ پنہاں کا

دیکھنے پائے نہ دل بھر کے قیامت میں اُسے
روزِ محشر وصل کی شب کے برابر ہو گیا

التجائے غیر بھی کی ظلم بھی اُنکے سہے
اُس پہ کہتے ہیں کہ تو کہنے سے باہر ہو گیا

کون کہتا ہے کہ لیلیٰ سے محبت تھی اُسے
قیس دیوانہ مرا افسانہ سُن کر ہو گیا

اب نہیں کوئی کسیکے الفت جانے والے انساں میں
اے فلک یہ جُرم ہمسے ہو گیا کر گیا

اک نہ اک دن جان جان جاتی آخر یونہی جیا
مر گئے اُس پر تو اُسکے دل ہی میں گھر ہو گیا

بن ترے کل قتل کا گلشن میں سامان ہو گیا
شاخِ گل ناوک بنی ہر غنچہ پیکان ہو گیا

دن میں سَو سَو مرتبہ ہوتا ہے ٹکڑے چارہ گر
کیا بلا چاکِ جگر چاکِ گریبان ہو گیا

جی کو تسکیں دیں جگر پر ہاتھ رکھیں کیا کریں
دل کے ہاتھوں غم پہ غم ارماں پہ ارماں ہو گیا

مِل گیا تو غیر سے یاں دل کی حسرت مٹ گئی
اَب ترا ملنا نہ ملنا ہمکو یکساں ہو گیا

سایہ در و دیوار کا دشمن ہے ہمارا
اُس پر بھی گلی میں تری مسکن ہے ہمارا

رلا کے خاک میں کہتے ہیں مجکو۔ تھا یہ کون؟
جو رہگذر میں مرے آ کے پائمال ہوا

عدو کے ہاتھ سے پینے لگے وہ مے ابتو
حرام موت بھی مرنا ہمیں حلال ہوا

حسرت رہی دل و شوق ہوا خاک ہوئی باقی ہوس خاک تھی سو خاک ہو گیا ✣

دمِ موت ہجر میں آئی نہ مجکو خواب آیا
یہ کس عذاب میں ہوں میں یہ کیا عذاب آیا

پس از فنا مرے لاشہ کو پائمال کیا
یہ دل میں کیا ترے اے غافلاں خراب آیا

تصویر رات بھر تری دل پر دھری رہی
سینہ پہ بھی لٹانے کا ارمان نکل گیا

یاں پیکِ قضا کا ہے تقاضا مرے سر پر
قاصد ابھی واں سے نظر آتا نہیں آتا

نہیں ہیں قابلِ لطف و کرم تو اے ظالم
ستم بھی مجھ پہ نکر رحم گر نہیں آتا

مریضِ دردِ محبت کا دل نہ توڑ اپنے
نہیں تو منہ سے نہ کر تو اگر نہیں آتا

سچ ہے پہ جلانا مرا نہیں منظور
مرے جنازے پہ وہ جان کر نہیں آتا

بوسۂ لب بھی لیا جان پھر اسپہ بچی
آبجیواں کے بھی پینے سے ہیں زندا رہا

حاصلِ دلِ بیتاب تڑپنے سے نہیں کچھ
معشوق کے آنے پہ اجارا نہیں ہوتا

کیوں محوِ تماشا ہے مری لاش پہ عالم
کہدو کوئی مرتا ہے تماشا نہیں ہوتا

لاشِ عدو کے کل اٹھیں ہمراہ دیکھکر
کیا کیا نہ ہمکو مرنے کا ارمان آگیا

کھلی نہ آنکھ ترے کشتۂ تغافل کی
ہزار شورِ قیامت اسے پکار آیا

بھریں ہیں آن کے سینہ میں حسرتیں ایسی
کہ اب ٹھکانا نہیں دم کے بھی سمانے کا

قرار آہی گیا غم میں دل سنبھل ہی گیا
گئے وہ دن کہ جو تھا فکر جان جانے کا

خدا ہی ہے کہ رہے تو بہ کعبے جانے تک
قدم قدم ہے تصور شرابخانے کا

سزا یہی تھی کہ چھڑکا بتوں نے اور نمک
مزا یہی تھا مرے زخمِ دل دکھانے کا

وہ بات ہی نہ رہی فکر غیر آتے ہی
وہ وقت ہی نہ رہا الفت آزمانے کا

یہانتک میں دل کے ہاتھ سے مجبور ہوگیا
جو جس نے کہدیا مجھے منظور ہوگیا

ہاتھوں سے تیرے کاوشِ مژگانِ خونگر
جس جس جگہ پہ داغ تھا ناسور ہوگیا

آہ جانی ہے مگر عقدہ وا بستہ دل
جز صبا کس پہ کھلے رنج و محن غنچہ کا

حکم گویائی نہیں اسکو نسیم سحری
ورنہ لبریز شکایت ہے دہن غنچہ کا

جوابِ نامۂ فرشتوں سے گور میں مانگا
پس از فنا بھی مراد صیانِ نامہ بر میں رہا

بدلہ عدو سے لوں ستمِ بے شمار کا
گر آسماں بنے مرے مشتِ غبار کا

بُت پرستی میں میسّر ہے خدا کا دیدار
کچھ نہیں ہے مرے نزدیک مسلماں ہونا

ناصحا عشق نہ ہوتا مجھے سودا ہوتا
ہر طرح گھر سے نکلنا مری تقدیر میں تھا

لاغری سے ابتو یہ عالم ہے جسمِ زار کا
اپنے سایہ میں چھپالے مجکو سایہ خار کا

جرمِ بیجا اور بھی ہیں اک گنہ یہ بھی سہی
میری ہی گردن پہ ہوا ہے کاش خونِ غیر کا

چین کا ہیکو پڑیگا بعد مردن گور میں
یاد آئیگا تڑپنا دن میں سو سو بار کا

ہوئی لبوں کو یہ جنبش کہ بس عتاب ہوا
تمھارا نام نہ لینا ہوا عذاب ہوا

وہ پوچھتے ہیں کہ ہوتی ہے آشنائی کیا؟
بتا! وفا کسے کہتے ہیں بیوفائی کیا؟

چراغ تربتِ مجنوں پہ آج روشن ہے
جنوں! بتا تو کسی کی مراد آئی کیا؟

کہے سُنے سے بِلا لے حیا وہ آئینہ رو
ہوئی صفائی نہ دل سے تو پھر صفائی کیا؟

الاماں کی در و دیوار سے آتی ہے صدا
کس نے زخمِ جگرِ عاشقِ بیدل کھولا

ہوسِ عشق نہ تھی دلمیں تو کیوں لیلیٰ نے
قیس کے دیکھنے کو پردۂ محمل کھولا

عجب نہیں ہے جو وقت مرون ہماری موت آئے حور بنکر
کہ ہم بھی رکھتے ہیں عشق در پردہ دلمیں اک شوخ نازنیں کا

خدا کی اسوقت ہو محبت نہیں ہے یہ مقتضائے اُلفت
کہ اپنی آنکھوں میں وقتِ رحلت جمال پھرتا ہی اک حسیں کا

جب تک مریضِ غم کی تری زندگی رہی
خونِ جگر کا چشم سے ٹپکا لگا رہا

سفرِ ملکِ عدم راس تو لے دل آیا
کہ وہ پہنچانے مجھے اوّلِ منزل آیا

ابتدائے صدمۂ فرقت میں یعنی تھی خبر
بنگئی جب جان پر اب پوچھتے ہو کیا ہوا

پھانس سا دل میں کھٹکتا ہی ہر اک تارِ نفس
سانس بھی سینے میں تجھ بن نوکِ سوزن ہنگیا

سوز دل ہی کام آیا کنجِ تنہائی میں رات
نالۂ سوزاں ہمارا شمع روشن بنگیا

کیا خدا لگتی کہے کوئی کہ ہے انصاف شرط
یک نگاہِ ناز و صد عالم برہمن بنگیا

کر کے توبہ تو ابھی اسلام لایا تھا دلا
اور ابھی کیا اسمیں دیکھا جو برہمن بنگیا

طائرِ فکرِ سخن کی نغمہ سنجی کو حیا
مصرعۂ موزوں مرا شاخِ نشیمن بنگیا

رہ چکی اب شبِ غم جان کہ اس ظالم نے
وعدۂ وصل قیامت کی سحر پر رکھا

دلِ بیتاب نے تجھ بن نہ دیا چین مجھے
رات بھر شورِ قیامت مرے سر پر رکھا

اور بھی ڈھنگ نکالا کوئی ملنے کا حیا
یا فقط جذبۂ الفت کے اثر پر رکھا

ہم بھی دیکھیں گے کہ آنا ترا کیونکر نہ ہوا
یہ بھی اک کھیل ہوا فتنۂ محشر نہ ہوا

خدا کے نام پہ کیا کیا اُسے گماں ہوتا
قیامت آتی دمِ نزع گر وہ یہاں ہوتا

زاہدا! تجکو مبارک ہو طوافِ کعبہ
پھر ناکامی ہی ہمیں پیش و پسِ جامِ شراب

مر مر کے ہمنے رشکِ مسیحا کیا تمھیں
ہم سے رکھیں دماغ سرِ آسمان آپ

کبھی مجکو بھی یارب چین ہوگا
یہ جائیگی مری بے تابیاں کب

پسِ وصال میسر مجھے وصال ہوا
مرے جنازے پہ بیٹھے رہے وہ ساری رات

جگر کو تھام کے دلکو دیا جو صبر تو کیا
تڑپ تڑپ کے گزاری تو کیا گزاری رات

وہ ناتواں ہوں کہ آیا نظر نہ موت کو میں
قضا پھری مرے بستر کے گرد ساری رات

سچ بتا کیا تجھے آیا غمِ دلدار پسند
جانِ ناشاد خوش آئی کہ دلِ زار پسند

کھلیگی حشر کو بلبل کی جب زبان صیاد
تو اپنی جان چھپائیگا تو کہاں صیاد

اسیرِ دامِ محبت ہے سو بلا میں اسیر
قفس سے کم نہیں بلبل کو آشیاں صیاد

کیا اعتبارِ دین کا عاشق کے زاہدا
یاد آئے ہے خدا بھی تو کافر کو دیکھکر

نظارہ ہمیں کرنے دے دم بھر تہِ خنجر
آنکھوں پہ نہ رکھ ہاتھ ستمگر تہِ خنجر

رسوا نہ کیا خون میں بھر کر تجھے قاتل
تڑپا نہ مرا لاشۂ بے سر تہِ خنجر

انتقامِ ظلم کا محشر کو دعویٰ ہے مگر
پچکے ہی رہجائینگے صورت تمھاری دیکھکر

وائے حالِ اُسکا کہ جسکو مدتیں یونہی ہوئیں
تم ابھی گھبرائے دل کی بیقراری دیکھکر

پاسِ ناموسِ محبت ہی تو غیرت کی ہے جا
اور کو چاہے ترا چاہنے والا ہوکر

ترے نزدیک اے زاہد بتانِ ہند کافر ہیں
مرے آگے خدا کا سجدہ ہو تو لیکے دامن پر

الفت کا امتحاں ہے اگر انتظار پر
سو جاں نثار وعدۂ دیدارِ یار پر

آئی تھی دل میں لائے تو جانے نہ دیجئے
یہ بھی پہنچ گئی خبر اُس بیخبر کے پاس

اب بجز یاس نہیں کوئی دل زار کے پاس
آنا باقی ہے قضا کا ترے بیمار کے پاس

کس گھڑی سے تجھے چاہا تھا ستمگر میں نے
کہ کبھی چین نہ آیا دلِ غمخوار کے پاس

کوئی اتنا نہیں کہنے کو اُلفت کسکو کہتے ہیں
یہ چرچا ہے محبت کا ترے بیمارِ ہجر تک

کہو کہ الفت نبھے یہ کیونکر کہ ضد ہے دونوں طرف برابر

وہاں قرارِ وصال آخر یہاں قرارِ وصال اوّل

ملے جو ٹھوکر سے خاک میں ہم تو اُس کا باعث ہوا یہ عالم
وگرنہ کب دیکھتے تھے ہردم تم اپنی مُڑمُڑکے چال اوّل

اِک گفتۂ رقیب اور اک آپ کی سمجھ
دشمن سے جاکے شکوہ تمھارا کرینگے ہم

قتل کر جلد کہ پُرحسرت و ارماں ہو نہیں
اے مری جان کے خواہاں ترا خواہاں ہو نہیں

ہائے کیا محوِ جمالِ رخِ جاناں ہو نہیں
آپھی آئینہ ہوں آپ ہی حیراں ہو نہیں

ناز اُٹھائے نہ ترے کیا جو یہ تو کہتا ہی
چاہنے والوں کے مُنہ اور ہوا کرتے ہیں

خوش اپنی آہِ سرد سے کیا کیا نہیں ہو نہیں
دو رخ ملا تو اُس میں بھی جلتا نہیں ہو نہیں

نفس کی آمد و شد سے کشاکش تھی دل و جاں میں
قیامت تھی مرے سر پر شبِ تاریکِ ہجراں میں

میں وہاں جاؤں وہ یاں آئیں میں یا وہ وہ واں
شوق دونوں کو ملاقات مقدر میں نہیں

تم جو کہتے ہو کہ غیر آپکو کیا کہتے ہیں؟
اپنی عادت سے ہیں لاچار بجا کہتے ہیں

قتل ہونے کو سمجھتے ہیں حیاتِ جاوید
آبِ شمشیر کو ہم آبِ بقا کہتے ہیں

ہم پئیں خونِ جگر غیر پئے ساغر مے
اِسے کیا کہتے ہیں ظالم اسے کیا کہتے ہیں

کن کے پالے مجھے ڈالا ہے خدایا تو نے
گھولکر زہر پلاتے ہیں دوا کہتے ہیں

پھر کہو گے کہ مرا وعدہ یاں نہیں اور طرف
آپ کیا سنتے ہیں ہم آپ سے کیا کہتے ہیں

اے جذبِ عشق جان میں تجھپر فدا کروں
گر اُنکے دلمیں آئے کہ وعدہ وفا کروں

جستجو ہے مجھے اُسکی جسے پا بھی نسکوں
وہ تمنا ہے کہ جو دل سے مٹا بھی نسکوں

آدمی ہوں نہیں پتھر کا کلیجہ میرا
اسقدر تو نہ ستم کر کہ اُٹھا بھی نسکوں

زندہ ہوں مُردہ سے بدتر کہ بجز دوشِ صبا
میں دیارِ تلک آپ سے جا بھی نسکوں

دی ہے کس بت کی محبت یہ خدایا تو نے
وہ مجھے دل سے بھلا دے میں بھلا بھی نسکوں

حلقہ ہائے خمِ زنجیرِ محبت تیرے
پاؤں پڑ کر ہمیں لائے ہیں تو ہم آئے ہیں

ہمکو تو صبر جبھی آئیگا اے جذبۂ دل
وہ کہیں آئیں ہم اور ہم کہیں منظور نہیں

بزمِ شب عیش نہیں چارۂ دردِ ہجران
جز وصال اور علاجِ دلِ رنجور نہیں

وعدۂ وصل کرے کیوں وہ ستمگر کہ اُسے
دل کسی طرح سے رکھنا مرا منظور نہیں

دل مرا اُلفت میں سرتا پا تمنا بن گیا
رخنہیں غم کی بھریں جتنی سب ارماں ہوگئیں

جو جفائیں غیر پر کرنی اُنھیں منظور تھیں
وہ بھی قسمت سے ہمیں پر روزِ ہجراں ہوگئیں

چارہ گر نے جو مرے سینہ سے کھینچا پیکان
لختِ دل ساتھ نکل آئے لپٹ کر لاکھوں

ہنگامہ نہ کیوں ہو تری رفتار سے برپا
محشر جو خدا کو یونہی منظورِ نظر ہو

مرنے کی جو ٹھانو نگا تو میں اُسپہ مرونگا
اے موت تجھے کیا نہ تو اتنا مرے سر ہو

بادہ نوشوں کو نہ رُسوا میکدے کو توڑ کر
کوئی دن رہنے دے زاہد کعبہ کی بنیاد کو

ہزار توبہ کروں اس کا کیا علاج کروں
جھکاؤں سجدے میں سر دل خمِ شراب میں ہو

روزِ محشر کی درازی اسقدر رہتی مختصر
دیکھنے پائے نظر بھر کر نہ ہم دلدار کو

ہمسے بیتاب تمنا حشر میں گر جائینگے
ایک کی سُننے نہ دینگے داور داد ار کو

نہ ملائے اُس سے مجھے خدا یہی آپکا تو کلام تھا
وہی اب ہیں آپ ہی حیا متعین ہاں کہ نہ یاد ہو

یاں نالے میں اثر ہے تو ہونیکا کچھ نہیں
واں اُنکے دلمیں غیر کی اُلفت ہوئی تو ہو

رہنے بھی دو یونہی مرے حالِ خراب کو
جینے دو کوئی دن کسی حسرت مآب کو

جیتا نہ پائے گر تو مجھے آکے نامہ بر
پڑھیو بجائے فاتحہ خط کے جواب کو

لبوں تک آئے ہیں نالے وہ آنہیں سکتے
اُنھیں کو راز کا پردہ نہو تو کیوں کر ہو

کہاں وہ شوخ ستمگر کہاں مرا پہلو
سمجھ سے بات ہے باہر یہ ہو تو کیونکر ہو

تمھارے وعدے سے تسکین ہے گو وہ جھوٹے ہی
اگر نہ اتنا بھی تم دل رکھو تو کیونکر ہو

محبت اِسکو کہتے ہیں تری خاطر سے اے ظالم
اُٹھا لیتے ہیں ہم احسان سمجھکر ظلم دشمن کو

بتوں سے اب رہ و رسم پیام کیونکر ہو
خدا جو کام بگاڑے وہ کام کیونکر ہو

زمیں سے اُگتا وہاں لالہ زار کیوں نہ ہے
جہاں گڑیں ترے کشتے بہار کیوں نہ ہے

رہے جو یاس تو چشم اشکبار کیوں نہ ہے
بنے جو دلپہ تو جاں بیقرار کیوں نہ ہے

جفا سہی تھی تو دشمن کے کیوں بنے دشمن
وہ چاہتے تھے تو تم دوستدار کیوں نہ ہے

مل گئے گر خاک میں تو کیا ہوا
بے نشانوں کی نشانی اور ہے

ستم یہ ہے کہ وہ ہمپر تمام ہوتے ہیں
ستم جو چاہئیں دشمن کے امتحان کے لیئے

آئینہ دیکھتے ہو تم مجھے ڈر رہتا ہے
اسکے پرتو سے کہیں رنگ نہ میلا ہو جائے

دامن اُس شوخ ستمگر کا نہ چھوڑونگا میں
آج جو ہو مری تقدیر کا ہونا ہو جائے

اے صبا خاک ہماری بھی وہاں تک پہنچا
بے ٹھکانے ہیں ہمارا بھی ٹھکانا ہو جائے

دل ترا غیر پہ اے کاش کہ شیدا ہو جائے
میرا سا حال ہو میری سی تمنا ہو جائے

عشق وہ شے ہے کہ تاثیر کے ہوتے ہوتے
ہوں میں ناپید تو اُلفت مری پیدا ہو جائے

جا چکے جان شبِ غم میں کہیں جائے عذاب
کام تیرا دلِ ناکام تمنا ہو جائے

دل جگر سینے میں بے آگ جلے جاتے ہیں
پھونکے دیتی ہے مری آہ شرر بار مجھے

شوقِ نظارہ دمِ نزع بھی ہے یار مجھے
مرنے دیتی ہی نہیں حسرتِ دیدار مجھے

خاک ہو کر ترے کوچہ میں اڑا پھرتا ہوں
اب بھی پھرتی ہے لیئے حسرتِ دیدار مجھے

گر یہی دل کی طپش ہے تو خدا خیر کرے
رات کٹتی نظر آتی نہیں زنہار مجھے

نازبردارِ محبت کا نہ دل توڑنا تھا
ترک کرنا تھا جفا کو نہ کہ لے یار مجھے

کھوٹے داموں کوئی لیوے تو میں دیدوں تجکو
کہ بہت تو نے ستایا ہے دلِ زار مجھے

پوچھے گر حال مرا داورِ محشر سو بار
تو بھی شکوہ نہ ترا مجھسے ستمگر ہووے

دشمنِ جان تو اپنے تھے نہ بیگانے تھے
دلِ بیتاب کو ٹکڑے مرے اڑوانے تھے

دستِ گل خوردہ خدا کو ہمیں دکھلانے تھے
ہاتھ خالی بھی تو دنیا سے نہ لیجانے تھے

ہائے اُسکی در و دیوار سے باتیں کرنی
ہمتو اپنے دلِ بیتاب کے دیوانے تھے

شعلۂ آتش فشاں ہے برق ہی سیماب ہے
دیکھو تم لیلو کہ یہ بھی چیز اک نایاب ہے

آئینہ دشمن کو دکھلاؤ کہ ہو غیرت سے غرق
تم نہ دیکھو اسکو اس میں قتلِ آدم آب ہے

آدیدۂ تر سر سے گزرنے کو ہی پانی
میرا ہی ڈبونا تجھے منظور نظر ہے

پہنچانے چلے وہ تو ہوا ساتھ زمانہ
ہنگامۂ محشر مرے ہنگامِ سفر ہے

گو آپ یہ کہوں کہ نہیں کچھ مجھے منظور
وہ میری نظر میں ہے جو منظورِ نظر ہے

قرارِ وصل پہ منہ سے نہیں تو کی تو نے
ہزار شکر کہ لائق تری نہیں کے ہوئے

دم تو لیا جو ملکِ عدم کو پہنچ گئے
چکر سے تیرے گردشِ دوراں نکل گئے

ہنستے ہوئے ہستی کے چمن سے نکل آئے
اچھا ہوا ہم رنج و محن سے نکل آئے

وحشت اسے کہتے ہیں پسِ از مرگ بھی میں
تار اپنے گریبانِ کفن سے نکل آئے

لختِ جگرِ اشک کی سنکر مرے تعریف
معدن سے گہر لعل یمن سے نکل آئے

دیکھا نہ گیا چشمِ عدو پر تیرا دامن
مُنہ ڈھانک کے ہم اپنا کفن سے نکل آئے

آتے ہی آتے موت کے یہاں عمر ہو چکی
جو ہے سو میری جان کو غفلت شعار ہے

دل میرا دیکھنا کہ ترے رنج کے لیئے
مرنا رقیب کا بھی مجھے ناگوار ہے

پہنچا دیا مراد کو حسرت نے فید کی
آنکھوں کی راہ جانِ پُر ارمان نکل گئی

انساں کو لاکھ طرح کا ہو عیش اے حیا
پر دیکھیئے تو شاکیٔ تقدیر دیکھیئے

یہاں رنجِ ہجر تھا تو لحد میں ہے خوفِ حشر
ہم تو کسی طرح سے نہ چھوٹے عذاب سے

دیا فراق سدا وصلِ یار کے بدلے
لیئے فلک نے یہ کس روزگار کے بدلے

مر جائینگے پر عشق ہم اصلا نہ کرینگے
جیتے ہیں تو دلکا کبھی کہنا نہ کرینگے

لب تر کیا نہ آبلۂ پائے خار کا
شرمندگی ہوئی مجھے صحرا کے سامنے

کافر ہوں گرچہ دل میں ہو جینے کی آرزو
ہم کیا کرینگے جا کے مسیحا کے سامنے

نگہ غور سے گر سینے میں دیکھے دل کو
کبھی لیلیٰ کے نہ مجنوں پس محمل آئے

ناتوانی کے سبب بیٹھتے اُٹھتے ہر بار
ہم ترے کوچہ میں اے یار بمشکل آئے

مژدہ اے ولولۂ جوشِ جنوں آئی مراد
کہ وہ میرے لیئے خود لیکے سلاسل آئے

شعلہ رُو گھر سے نکلتے نہیں از خود انکو
ہوس گرمیٔ بازار لیئے پھرتی ہے

پڑے اِس میں جو مشتِ خاکِ عاشق
تو دریا بوند بھر پانی کو ترسے

دیا آگے رقیبوں کے خط اُسکو
خدا سمجھے ہمارے نامہ بر سے

موت ہی چارہ سازِ فرقت ہے
رنج مرنے کا مجکو راحت ہے

ہدفِ تیر لوحِ تربت ہے
بعد مُردن بھی یہ عداوت ہے

ہو چکا وصل و وقتِ رخصت ہے
اے اجل جلد آ کہ فرصت ہے

روز کی داد کون دیوے گا
ظلم کرنا تمھاری عادت ہے

کارواں عمر کا ہے رخت بدوش
ہر نفس بانگِ کوسِ رحلت ہے

سانس اک پھانس سی کھٹکتی ہے
دم نکلتا نہیں مصیبت ہے

تم بھی اپنے حیا کو دیکھ آؤ	آج اِسکی کچھ اور حالت ہے
ہزار جان سے صد تحفے ہزار دل سے فدا	ہم اپنے شوخ بتِ شرمگیں کے اوپر سے
یارب وہ دن دکھا کہ بمنت بُلائیں وہ	اور ہم کہیں کہ شوخِ سمن بر پھر آئیں گے
عیسیٰ نے پہلے کشتے ترے کون سے جِلائے	ناحق اب آسماں سے اُتر کر پھر آئینگے
جانیدے جاتے ہیں جو گھر اپنے وہ جذبِ دل	تاثیر تجھ میں ہے تو پلٹ کر پھر آئینگے
یونہیں مٹانا ہے خوب شر کا وگرنہ دیکھے گا واں زمانہ	چلیگی جو کچھ کہ روزِ محشر ہماری تم سے تمھاری ہم سے
حیا کہو اب بتانِ چین سے تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش	کہ دوستی ابتلک بھی بے شر ہماری تم سے تمھاری ہم سے
تجھے غرض پند کر نیسے کیا مگر یہ مطلب اِس بہانے	اُڑانے آہ ناصحا تو بھی سمِ الفت کے ڈھنگ ہم سے
مصیبتیں بھی سہی ہیں سب نے ہوئی ہے الفت میں سبکو راحت	الٰہی میں کس غد اب میں ہوں کہ فرصت اکدم نہیں ہے تم سے
حیا کی جان جگر پہ کسنے نہ ظلم توڑا تری گلی میں	کسی سے بولا نہ مرتے مرتے وہ تھا ہی کچھ خوب دم نہ دم سے
چشمِ حسرت سے عدو کیا سر بسر دیکھا کیئے	دیر تک زخمِ جگر کو چارہ گر دیکھا کیئے
اک سہارا وعدۂ امروز و فردا کا رہا	ہم تو یوں ہی جذبۂ دل کا اثر دیکھا کیئے
غیر و نیہ لطف کر کے نہ ہر دم دِکھا مجھے	کھوتا ہے اپنے ہاتھ سے کیوں دلربا مجھے
دیتا ہے امتحانِ محبت مزا مجھے	جی چاہے جب تلک ترا تو آزما مجھے
شوقِ وصالِ یار نہ ہر دم دلا مجھے	جینے دے کوئی دن فلکِ فتنہ زا مجھے
مَیں جانتا تھا یہ کہ مرے ساتھ ہے یہ وضع	حالِ رقیب دیکھ کے صبر آگیا مجھے
لوٹا کروں میں بستر ہجراں پہ تا بکے	اے چرخ اس سے خاک ہی میں دے ملا مجھے
دل حیرت زدہ جھپکائے ہمارا کیا آنکھ	چشمِ آئینہ میں خواب آئے یہ کیا ممکن ہے
آتے اُسے دیکھا تو اک آفت نظر آئی	مرنے بھی نہ پائے کہ قیامت نظر آئی
وہ بت نمک افشاں جو ہوا سینہ پہ میرے	زخموں کی جراحت مجھے راحت نظر آئی
اس بت کی تہ تیغ جو میں سر کو جھکایا	جنت مجھے ہنگامِ شہادت نظر آئی

کون یہ ساتھ تمھارے ہے کہاں جاتے ہو پھر کہنا کہیں سنتے کہیں دیکھا ہے

واہ کیا مرزا تفتہ کے غم میں ہے بیٹھا رونا

رہتے ہو کہاں ہمکو تو بتلاؤ حیا تم
مدت میں ہے آج آپکی صورت نظر آئی

سنوائی ہمدموں نے تو تسکین وقتِ نزع
اور ہم یہ دل میں سمجھے کہ خط کا جواب ہے

اے چرخ اور بھی تو ہیں عاشق جہان میں
یا کچھ ہمارے جی کا جلانا ثواب ہے

دکھلاتے پھرتے ہیں وہ زمانہ کو میری لاش
کیسا گلی گلی مرا مُردہ خراب ہے

اب جانِ پر ملال کے لالے ہیں اے حیا
کہتے نہ تھے کہ دل کا لگانا عذاب ہے

قسم کھاتا ہوں میں تمکو محبت ہی رقیبوں سے
نگاہِ شرمگیں رمزیں کہے دیتی ہے چاہت کی

ہنگامِ نزع دیتے ہیں تسکیں عبث رفیق
اب وہ کب آئے کب مرے عقدہ کشا ہوئے

مڑ مڑکے دیکھتے ہیں وہ حسرت سے اپنی چال
اپنے خرامِ ناز پہ آپ ہی فدا ہوئے

اُلٹی چھری سے ایک تو کاٹا گلا مرا
تڑپا جو میں تو اور وہ اُلٹے خفا ہوئے

توبہ دھری رہے جو وہ آ بیٹھے اے حیا
ہے کسکو اعتبار کہ تم پارسا ہوئے

حالت نہ کیوں ہو غیر دلِ بے قرار کی
آنکھوں کے آگے پھرتی ہے تصویر یار کی

اب کیا دھرا ہے دینے کو تیغ نگاہِ یار
اِک جان تھی سو پہلے ہی تجھ پر نثار کی

اللہ رے سوزشیں نفسِ شعلہ بار کی
پھونکیں ہیں ہڈیاں مرے جسمِ نزار کی

اے چرخ ابھی ملا نہ مری خاک خاک میں
کھا لینے دے ہوا کوئی دن کوئے یار کی

رہ رہ کے دشت گردی کی آتی ہے جی میں لہر
بے چین کرتی ہیں مجھے موجیں بہار کی

کس کس سے روزِ حشر کو دامن چھٹاؤ گے
لی ہیں تمہارے ناز نے جانیں ہزار کی

ناکامِ تمنا ہوں مری آس نہ توڑو
ٹھیرو کہ کوئی دم کے دم اور آہ و فغان ہے

اُلفت اِسے کہتے ہیں کہ آپے میں نہیں تم
بیٹھے مرے پہلو میں ہو دشمن کا بیاں ہے

وعدہ کیا ہے ایکدن آنیکا یار نے
دو بھر نہیں ہیں اب ہمیں برسوں گزارنے

کیا جانے روزِ حشر کو کھلتی نہ کھلتی آنکھ
اچھا ہوا اُڑا دی جو نیند انتظار نے

رہا نہ داغ سے خالی کبھی ہمارا جگر
چراغ عشق کا جلتا رہا سدا ہم سے

لبوں پہ جان ہے اسپر یہ کہہ نہیں سکتے
کہ اب سہا نہیں جاتا ستم ترا ہمسے

جیئے تو ہم شبِ فرقت میں پر بُرے احوال
بنی یہ شکل کہ ڈرنے لگی قضا ہم سے

محبت اب نہیں کرنیکے جرخ جانے دے
کہ آدمی ہی تو تھے ہوگئی خطا ہم سے

حیا بتوں کو ہم ایمان تک تو دے بیٹھے
رہا وہ کیا کہ جو راضی رہے خدا ہمسے

دُنیا نہیں کہ جامے سے باہر نکل پڑے
مشکل پڑے گی حشر میں گر ہم مچل پڑے

یوں سہنے کو ستم ترے سہتے ہیں غیر پر
میری طرح سہیں تو کلیجہ نکل پڑے

وہ آنکھ کیا جو روئے ہر اک بُت کیواسطے
کس کام کا وہ دل کہ ہر اک جا پھسل پڑے

انتخاب از دیوانِ دوم مرزا حیا دہلوی غیر مطبوعہ

یہ جمال گر نہ ہوتا تو یہ بات بھی نہ ہوتی
کہ پرائے دل پہ ظالم تجھے اختیار ہوتا

حشر کچھ دنیا نہیں جو ظلم وہاں ہو جائیگا
ہم بھی ہونگے تم بھی ہوگے سب عیاں ہو جائیگا

سُنتے ہیں موقوف ہوتے کو ہے کعبہ کا سفر
سنگِ اسود اُس کا سنگِ آستاں ہو جائیگا

یہاں تو یہ بھی تھا جفا کی چلیا گھر چھپ رہا
عرصۂ محشر میں ظالم گم کہاں ہو جائیگا

ہم بتا دیں غیر کے ملنے کی تدبیر آپ کو
گر پڑو پاؤں پہ جا کر مہرباں ہو جائیگا

دیکھے ارمان جان کے ہمراہ لیجا اے اجل
یہ اگر رہ جائینگے مُردہ گراں ہو جائیگا

جسنے کاٹا ہے گلا محشر میں کہدیگا وہی
یہ جو خنجر ہے ترا تیری زباں ہو جائیگا

آنکھوں آنکھوں میں شاے حشر ہو جائینگے
دل ہی دلمیں سب حساب دوستاں ہو جائیگا

دل تو اندھا ہو گیا ہے اُسکی اُلفت میں حیا
اِسکی باتوں میں نہ آجی کا زیاں ہو جائیگا

مجھے بھی قیس جانا ہے جنونِ عشق نے شاید
زباں پر نام تو لائے مرے چاکِ گریباں کا

ہماری سخت جانی نے یہ صورت کی دمِ گشتن
کہ دانتے پڑ گئے مُنہ پھر گیا شمشیر بُراں کا

اسیرانِ محبت کی الٰہی خیر تو کیجو
کہ بیوقت آج اُس ظالم نے کھولا قفل زنداں کا

وہ اپنی جنبش ابرو پہ اب افسوس کرتے ہیں
سمجھنے والا ٹکڑے ہو گیا اس رمز پنہاں کا

طرز دل جو بھی کبھی تھی کوئی تسکین ہوتی ہے اب تک ہو نہیں دل سے نکلتی ہے نہ جاتی ہے

محبت میں عدو کی کچھ نہیں ہوش اے حیا انکو
بیان کرتے ہیں وہ ہے شبِ غربت کے سامان کا

دل میں ہے کاٹکر میں زباں اپنی بھیجدوں
پیغامبر سے حال سنایا نہ جائے گا

کیا مانگتے ہو سینے میں کیا ہے دھرا ہوا
اک داغ ہے سو وہ بھی تمہارا دیا ہوا

اُنس کہتے ہیں اسے ساتھ اسے کہتے ہیں
دم ہمارا ترے پیکاں کے برابر نکلا

جب نالہ کھینچا آگ سی سینہ میں لگ گئی
جب آہ کی دھواں سا دہن سے نکل گیا

اپنے شکستِ عہد کا کچھ بھی نہیں خیال
ہمپر ستم جو شکوہ دہن سے نکل گیا

سینہ میں آج از سرِ نو پھر خراش ہے
شاید کہ تیر زخم کہن سے نکل گیا

اقرار وصل کیسا وہ انکار کر چکے
جو دل میں تھا وہ اُنکے دہن سے نکل گیا

برچھیاں دل میں لگاتی ہیں نگاہیں نیچی
دیکھئے اُٹھے چا اندازِ نظر کیا ہوگا

لاگ وہ آگ نہیں ہے کہ بجھا نے مجھے
عشق وہ شعلہ نہیں ہے کہ جو پنہاں ہوگا

وہ جفاکیش خبر بھی نہ ہوا اور ہم نے
جان دی تھی یہ سمجھکر کہ پشیمان ہوگا

شیطان کو پیر جان کے بیعت کی شیخ نے
مرشد وہ تھے کہ لیگئے ایمان مرید کا

اب کوئی دم کی ہے مہمان مری ناکامی
مژدہ اے شوقِ شہادت کہ وہ جلاد آیا

اے حیا ہم تو نہ محشر میں بھی منہ سے بولے
پاسِ رسوائی قاتل دمِ فریاد آیا

کیا ہوا گر وصالِ یار ہوا
زیست کی طرح مستعار ہوا

وصل سے اور بڑھ گئی حسرت
صبر آیا تو بے قرار ہوا

ملتے ہیں وہ کیا کیا کفِ افسوس مرے بعد
ناپید بھی ایسا ہوں کہ پیدا نہیں ہوتا

دل وصل کا جویا ہے تو نظارہ کی آنکھیں
کس کس کا حیا مجھپہ تقاضا نہیں ہوتا

جب وصل کا خیال کیا ہوگیا وصال
جب آنکھ ہمنے بند کی دیدار ہوگیا

تھے اک نگاہ میں مرے عقدے تمام حل
اتنا سا کام آپ کو دشوار ہوگیا

اللہ رے درازیٔ افسانہائے غم
محشر بھی ہو چکا مرا قصہ نہ ہو چکا

ہاتھ سینے پر رہا بعد فنا بھی تا حشر
گور میں بھی دل بیتاب سے ہشیار رہا

کرلیا وعدۂ وصل اور ملائی نہ نگاہ
دل سے اقرار رہا آنکھ سے انکار رہا

یہ بات کیا ہے! جو ہر بات پر بگڑتے ہو
یہ شیوہ کیا ہے کہ جو تم نے اختیار کیا

نہ ہو قتل کا حشر میں کوئی شاہد
مگر ہم نہ چھوڑینگے دامن کسیکا

کہاں تھی سر طور برق تجلی
وہ تھا سایۂ روئے روشن کسیکا

آج تو خامہ ہے کیوں مجھے دم دیتے ہو
ہو چکا حشر تو پھر وعدۂ فردا کیسا

ہم بھی ہنگامۂ محشر میں دہائی دینگے
تم بھی دیکھوگے کہ ہوتا ہے تماشا کیسا

نہ موت ہجر میں آئی نہ مجکو خواب آیا
یہ کس عذاب میں ہوں میں کیا عذاب آیا

آنسو نہ پوچھنے کوئی غمخوار آئے گا
پھر کام آئے گا تو دل زار آئیگا

کس کس کے منہ پہ حشر میں رکھتے پھروگے ہاتھ
ہر شخص واسکے لب اظہار آئیگا

دیکھینگے کیا تو حشر میں اور کیا کہینگے ہم
اس دن کی کیا خوشی کہ جو اک بار آئیگا

جاگے ہوئے فراق کے چوکینگے حشر کو
جو آئیگا وہ نیند میں سرشار آئیگا

اتنے پڑینگے ہاتھ گریباں میں حشر کو
ہر عمر دہ کے حصہ میں اک تار آئیگا

بتخانہ وہ مقام عبادت ہے زاہدا
تو بھی گلے میں ڈالکے زنار آئیگا

روز جزا ہے آج تو ظالم نہ چوکیو
ہاتھ آئے حیا نہ وقت یہ زنہار آئیگا

شام شب فراق مجھے موت آگئی
اچھا ہوا کہ ہونے نہ پائی تمام رات

خاک آسمان کی آنکھوں میں ڈالی غضب کیا
پہنچا گلی میں اسکی ہمارا غبار آج

ساتھ ہی دل کے جگر بھی کر ہدف
اور اک ترکش سے ظالم تیر کھینچ

ہے یہ عصائے سبز جو واعظ کے ہاتھ میں
اک یہ بھی ہے حیا شجر مکر و فن کی شاخ

خواب میں رات وہ لگیسو نظر آئے تھے حیا
صبح اٹھتے ہی مرے سامنے آئی زنجیر

کہاں یہ انظار حسن نے ہمدا لگی بھی کہا کر
کہاں خدا اور کہاں وہ کافر خدا خدا کر

ملے ہم جو دوزخ میں جا کر بتوں سے
تو زاہد ہُوا خاک جنت میں جل کر

کون کہتا ہے کہ تم گھر سے نہ نکلو باہر
ہم تو کہتے ہیں کہیں جاؤ مگر یاں ہو کر

یہ میدانِ محشر ہے دُنیا نہیں ہے
کہ ٹکڑے اُڑا دو گے گھر سے نکل کر

اَدا سے جان لیتے ہیں اجل کا کام کرتے ہیں
وہ اپنے سر کی یہ تہمت پرائے سر پہ دھرتے ہیں

وحشت کے ہاتھ ٹوٹیں جب دل کو چین آئے
سو چاک ہیں جگر میں سو چاک پیرہن میں

دریائے غم کی لہریں اے دل بُری بلا ہیں
رکھنا قدم سنبھل کر اس بحرِ موجزن میں

ہم سے زنداں میں عدو کو نہیں دیکھا جاتا
اُسکو گر قید کیا ہے ہمیں آزاد کریں

جان و دل کر چکے پہلے ہی فدا اُسپہ حیا
اب دھرا کیا ہے جو ہم خاطرِ صیاد کریں

یارب مرے لیئے تو قیامت ہو چند بار
یعنی مرا بیانِ ستم مختصر نہیں

شبِ غم کچھ تو یہ حالت ہے کہ سب گریاں ہیں
منہ مراد مبدم ارباب وطن دیکھتے ہیں

بولتے منہ سے نہ کچھ یار کے مُنہ کو تکتے
آئینہ بھی تو خدا نے نہ بنایا ہمکو

اک بات پُوچھتا ہوں اگر تم خفا نہ ہو
انسان کیا جو وعدہ کرے اور وفا نہو

سو بار حشر ہو مرا جھگڑا ادا نہو
سو بار فیصلہ ہو مگر فیصلہ نہ ہو

تم آؤ تو سہی مجھے صبر آ ہی جائیگا
ممکن نہیں مرض کی دوا ہو شفا نہو

ضرب المثل ہے ہوتے ہیں معشوق بیوفا
یہ کچھ تمھارا ذکر نہیں ہے خفا نہو

حُور بنکر مرے لینے کو قضا آتی ہے
نفسِ سرد سے جنت کی ہوا آتی ہے

آج ہی دل کی نکالو حسرت
کل تو سُنتے ہیں قیامت ہوگی

بالیں سے ساری رات نجانے دیا اُسے
صد آفریں ہے اے نفسِ واپسیں تجھے

کیجئے کہ باز پُرس قیامت میں کس سے ہے
اَب کون آنکھ نیچے کیئے شرمسار ہے

ٹھنڈے سانسوں نے بھی نہ کی تاثیر
کم مری سوزشِ جگر نہ ہوئی

کون رویا نہ میری میت پر
لیکن اُس بُت کی چشم تر نہ ہوئی

علاج اس کا نہ ہوگا چارہ گر سے
ملا ہے چاکِ دل چاکِ جگر سے

نہ سینہ چاک ہے میرا نہ پہلو
نگاہیں لیگئیں دلکو کدھر سے

اُسکے کوچے میں سمانا مری تقدیر میں تھا
ورنہ کیا بوجھ تھا مجھ میں کہ زمین بیٹھ گئی

صدمۂ ہجر سے گو جانِ حزیں بیٹھ گئی
دل سلامت رہے ہمت تو نہیں بیٹھ گئی

آج کل موت کو جانا کہیں پڑتا ہی نہیں
آئی اور کوچۂ قاتل کے قریں بیٹھ گئی

جان پر کھیل کے ارمان نکالا دل کا
آج ہم خنجرِ قاتل کے گلے سے مل آئے

ابھی وہ کہتے ہیں دلکو قلق ابھی سے ہے
ابھی گئے بھی نہیں رنگ فق ابھی سے ہے

داغ سینے کے آبلے دل کے
پکتے پھوڑے ہوئے ہیں چھل چھل کے

ایسے ہوتے ہیں ولولے دل کے
کیسے ٹکڑے کیئے سلاسل کے

داغ سینے کے دل کے سوکھ گئے
پھول پژمردہ ہوگئے کھل کے

رفتہ رفتہ عدم کو پہنچیں گے
سب مسافر ہیں ایک منزل کے

دوست کیسے قضا دہ آکے پھری
کوئی آیا نہ وقت مشکل کے

ہولیا ساتھ اُس ستمگر کے
دل نے مارا مجھے حیا ہل کے

جگر پر کبھی ہاتھ دل پر کبھی
یونہی پیٹیئے عمر بھر ہو گئی

نگاہِ وفا کا کسے اعتبار
جدھر تم نے دیکھا اُدھر ہوگئی

دمِ قتل دیکھی جو حسرت مری
تو قاتل کی بھی چشم تر ہوگئی

محبت میں وعدے سے پھرتے نہیں
ہوئی بات جو فتنہ گر ہوگئی

محبت بلاجی کی ہو جائے گی
حیا گر فلک کو خبر ہوگئی

حیات - مولوی محمد حیات خان ولدِ سید احمد خان رامپور کے رہنے والے پڑھے لکھے آدمی تھے - فن سخن میں ملک الشعرا رخا قانی ہند ذوق دہلوی کے شاگرد تھے - اکثر نعتیہ کہتے تھے - فارسی میں بھی شعر کہنے کا شوق تھا ۱۲۸۷ھ میں انتقال

کیا۔ تین شعر درج ذیل ہیں۔

دیا ہے خلعتِ نور اُسکو حق نے — چھوڑا جس نے دامانِ محمدؐ
مجھکو اُس چاند کے نضوز نے — شبِ دیجور میں دکھایا چاند
جو لکھت اُس گلِ رعنا کے پیرہن میں ہے — نہ نسترن میں نہ گل میں نہ یاسمن میں ہے

حیدر۔ نواب علی حیدر خان صاحب حیدر بریلوی شاگرد حضرت عبدالقادر خان صاحب وحشی رامپوری۔ زیادہ حالات معلوم نہیں۔ دو شعر بطور نمونۂ کلام درج ذیل ہیں ؎

کثرتِ عشاق کا احوال کیا کیجے بیان — کوئے جاناں پر گماں ہے مصر کے بازار کا
محتسب بھی مست ہو کر توڑتا ہے جام سے — شیخ جی! دیکھا اثر یہ خانۂ خمار کا

حیدر۔ میر حیدر علی خان لاہوری حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد میں تھے۔ عیش و آرام سے زندگی بسر کرتے تھے۔ بسا اوقات دہلی میں بھی رہا کرتے تھے۔ ایک مدت شاہزادۂ شگفتہ بخت کے ساتھ بنارس میں مقیم رہے۔ زیادہ حال معلوم نہیں طبقہ دوم کے آخر شعرا میں تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں۔

یہ رُتبہ رفتہ رفتہ عشق نے پہنچا دیا اپنا — کہ رونے پر مرے اب چاک ہنستا ہے گریباں کا
ارادہ ہے بیڈھب کچھ اس چشمِ تر کا — خدا حافظ آج اپنے دیوار و در کا
لے سنگِ وحشت مجھپر ہر خاص و عام نکلا — بارے جنوں کی دولت اپنا تو کام نکلا
دل سلامت رہے پھر ہمکو ہیں دلدار بہت — جب ہوئی جنس بکاؤ تو خریدار بہت

حیدر۔ دلیر الدولہ محمد علیخاں فیروز جنگ بہادر نیشاپوری۔ معروف بہ مرزا حیدر خلف نواب رستم الملک مرزا محمد تقی خان ترقی۔ باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنؤ۔ محمد رضا برق کے شاگرد تھے۔ بڑے ذی علم۔ ذکی فہیم۔ اور نکتہ نواز فیاض رئیس تھے۔ شعرا اور دیگر باکمالوں کے بڑے قدردان تھے۔ لطف النسا بیگم جنھیں نواب بہو بیگم

صاحبہ مادر آصف الدولہ نے بیٹی بنا لیا تھا ان سے منسوب تھیں۔ انکی اولاد لکھنو میں تا حال موجود ہے اور بیش قرار وثیقہ پاتی ہے سنہ ۱۲۷۶ھ میں انتقال کیا۔ شعر و شاعری کا بہت شوق تھا۔ مرزا اعلیٰ جاہ اور مرزا والا جاہ انکے صاحبزادے تھے نواب مہدی حسین خاں خانوادہ صاحب مرزا اعلیٰ جاہ کے لڑکے ہیں۔ چند اشعار انکے انتخاباً درج ذیل کیے ہیں ✤

اُسے بچپن میں ہی کہتے تھے یوں ہم شادماں ہو کر
کہ یہ اک آفتِ جانِ جہاں ہو گا جوان ہو کر

جگہ دی چشم و دل میں آپ کو ہمنے نہ یہ سمجھے
کہ مالک آپ بن بیٹھیں گے گھر میں میہماں ہو کر

سخاوت دشت گردی میں قدم کے ساتھ ہے اپنے
ہوا خاروں کو خلعت اپنا دامن دھجیاں ہو کر

نہ ہوتا تو کبھی گر برق کا شاگرد اے حیدر
جلاتا دشمنوں کو کس طرح آتش زباں ہو کر

کبھی میخانے میں جاتے ہیں کبھی کعبے ہیں
مل ہی جائیگا ترے گھر کا پتہ ایک نہ ایک

وہ یہ کہتا ہے کہ ہے پاس تمھارے دل دیں
دو تم ان دو میں سے ہمکو بھی بھلا ایک نہ ایک

ایک سے اشک گرے دوسری میں بھر آئے
چشم کا جام رہا اپنے بھرا ایک نہ ایک

لاکھوں بسمل ترے کوچے میں تڑپتے ہیں مگر
سر بکف اسپہ بھی آتا ہے نیا ایک نہ ایک

قیس و فرہاد پہ کیا عشق ہوا اور دنیا ہو
اب بھی کر جاتا ہے یاں نام وفا ایک نہ ایک

حیدر — میرزا حیدر شکوہ حیدر گورگانی نبیرۂ مرزا سلیمان شکوہ خلف شاہ عالم ثانی حیدر
غدر سے آٹھ دس سال پیشتر اپنے بھائی مرزا نور الدین شاہی کے ہمراہ لکھنؤ سے دہلی آئے تھے۔ حضرت بہادر شاہ کے مزاج میں بہت دخل کر لیا تھا۔ انھیں کی تحریک و صحبت سے بادشاہ کے خیالات شیعہ مذہب کی طرف رجوع ہو گئے تھے کچھ عرصہ قیام کے بعد لکھنو چلے گئے۔ فنِ سخن سے رغبت تھی۔ چند شعر نظر سے گزرے اُن میں سے ایک شعر انتخاب کر کے درج کیا جاتا ہے ✤

ناز سے جب وہ چلتے ہیں پازیب سے آتی ہے یہ صدا
کافر کہیے انکو جو انکار قیامت رکھتے ہیں

حیدر — آغا سید برہان الدین حیدر خان حیدر نبیرۂ صمصام الدولہ سید علی نقی خان حیدر

نیشاپوری۔ بعد انتزاع سلطنت اودھ نواب کلب علیخان والی رامپور کی مصاحبت میں داخل ہو گئے تھے۔ منیر شکوہ آبادی سے تلمذ تھا۔ سنہ ۱۲۹۰ھ میں ۵۲ برس کی عمر تھی انکے بیٹے ننھے آغا جمیل تخلص کرتے تھے۔ یہ اُنکا کلام ہے ؎

اب سمجھے ہم کہ ہجر ہی کا نام تھا اجل	تجھ سے چھٹے تو تفرقۂ جان و تن ہوا
شکر ہے ظاہر و باطن میں نہ کچھ فرق پا	ہو گیا چاک گریباں بھی جگر کی صورت
ہم بھی تو ہیں سر ہاتھ پہ رکھے ہوئے حیدؔ	کیا ڈر ہے جو سیدھی نہیں قاتل کی نظر آج
گریاں رہے کل تک دلِ گم گشتہ کی خاطر	کیا چاک کو روئیں گے مرے دیدۂ تر آج
کس طرح رہا یاد تمھیں خانۂ عاشق	اے جانِ جہاں بھول کے آئے ہو کدھر آج
دوستی داغ سے جگر کو ہے	درد سے دل نے آشنائی کی

حیدر

حیدر۔ عالیجناب نواب حیدر علیخاں بہادر خلف اصغر نواب یوسف علیخان بہادر والی رامپور۔ آپ سنہ ۱۲۶۳ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ نواب فردوس مکان نے نہایت توجہ سے جملہ علوم و فنون انھیں تعلیم کرائے بیس برس کی عمر تھی کہ سایۂ پدری سر سے اُٹھ گیا اور انکے بڑے بھائی نواب کلب علیخاں مسند نشین ہوئے۔ تھوڑی ہی دنوں میں اُنسے ناچاقی ہو گئی اور مخاصمت اس حد کو پہنچی کہ انھیں ریاست چھوڑنی پڑی۔ مدتوں کلکتے مرشد آباد دکن مختلف مقامات میں پھرتے رہے۔ بالآخر بعض اعلیٰ حکام کی وساطت سے نواب کلب علیخاں سے مصالحت ہو گئی اور ریاست میں چلے آئے۔ پھر چند سال بعد ضلع بدایوں میں ایک وسیع قطعۂ اراضی خرید کر (جسکا بلسی نام ہے) اُسے اپنا دیا لگا بنایا اور تا دمِ آخر وہیں رہے۔ علمی استعداد نہایت معقول تھی۔ نظم و نثر دونوں میں اچھا ملکہ حاصل تھا۔ جادۂ تسخیر نام افسانہ آپ ہی کی تصنیف سے ہے۔ فنِ سخن میں آپ ذکی کے شاگرد تھے اور فی الجملہ نہایت طبیعت دار و ہمیں رئیس تھے۔ انکی تصانیف میں زرخیالی بندش کی نفاست۔ اور زبان کی صفائی کے علاوہ بیان کا طریقہ نہایت دلکش اور موثر

ہے۔ آپنے ۱۹۰۲ء میں بعمر ۶۰ سال انتقال فرمایا۔ ۴ و ۵ صاحبزادے یادگار چھوڑے خلف اکبر جھبن صاحب راقم کے ملاقاتی ہیں۔ افسوس کہ صرف چند شعر ملے حاضر کیے جاتے ہیں

بامزہ زیست کا قسمت میں جو ساماں ہوتا
دردِ ہی ہر رگ و پے میں عوضِ جاں ہوتا

سادے انداز پہ قاتل کے ہیں کتنے مرتے
کیسی ٹھیرگی اگر ہاتھ میں خنجر آیا

یہ نزاکت آنکھ سے دیکھی نہ کانوں سے سُنی
دل میں آسکتے نہیں آنکھوں میں پھر سکتے ہیں

ذرا انصاف کر یہ شرم ہے او بیوفا کیسی
پھر آنکھوں میں جب تو بے تکلف پھر جا کیسی

ظلم سہنا سقدر اچھا نہ تھا
ہمنے خود عادت بگاڑی آپکی

تھی مقدر میں اگر گردشِ افلاک ہی تو
اُسکے کوچے میں بھی اک روز رسائی ہوتی

قصیدہ در تعلی خود

اللہ نے بخشی ہے زباں کو مری تاثیر
الہام کے مضمون ہیں اعجاز کی تقریر

میں طوطیِ شکر شکن ہندہوں گویا
ہے بلبلِ شیراز کو واجب مری توقیر

سلطانِ فصاحت ہوں شہنشاہِ بلاغت
باتیں مری جوہر ہیں زباں ہے مری شمشیر

ہمنام ہوں اُس کا جو ہے اثر در کا درندہ
گردوں کو ہلاتی ہے مرے نام کی تاثیر

حیدر منشی حیدر علی مرحوم خلفِ منشی غلام نبی مرحوم بن مسند خان مرحوم جو دلنداز یوں کے عہد میں دہلی سے ہو گلی آئے تھے اور پھر وہیں سکونت اختیار کر لی تھی۔ بڑے ظریف آدمی تھے۔ فن سخن سے طبیعت کو لگاؤ تھا ۱۲۷۵ھ سے پیشتر انتقال کر چکے تھے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں +

کھڑا ہو کر مری بالیں پہ وہ رخصت جو ہوتا ہے
نظر آتا ہے حیدر نزع میں جلوہ قیامت کا

حالِ دل گر کہوں تو کہتا ہے
شوق مجکو نہیں کہانی کا

سست پیری میں کیوں ہوا ای حیدر
کیا ہوا ولولہ جوانی کا

سنگ ہاتھوں میں لیے ہیں ساتھ طفلانِ حزیں
میں وہ دیوانہ ہوں پریوں کا اکھاڑا ساتھ ہے

ایک بوسے کے لیے اتنا بگڑتا ہے کوئی
تو ہی منصف ہو بھلا انصاف تیرے ہاتھ ہے

حیدر

حیدر۔ جناب نواب حیدر علیخان صاحب بہادر رئیس قلعہ شاہجہانپور۔ آپکو حضرت جلال لکھنوی سے تلمذ رہا ہے۔ زیادہ حالات معلوم نہیں نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

یہ در پردہ ہے چشمت محرم کی خواہش
کہ ساغر میں ڈھلجائے جوبن کسیکا
ارادہ ہے یہ خونِ ناحق کا اپنے
نہ چھوڑوں گا تا حشر دامن کسیکا

کوئی چپکی ہی سے کلیجے میں
اُسے کیونکر میں دیکھوں بے تکلف
یونہی پھوٹیں کچھ آبلے دل کے
نظر کا ڈر ہے اپنی بھی نظر سے

راہ کب دیکھتے ہیں جان سے جانیوالے
یار تو چلدیئے آتے رہیں آنے والے
امتحاں اور کا لو ہم نہیں ڈرنے والے
تم نے شاید ابھی دیکھے نہیں مرنیوالے
ہوش گم کرکے نہ گھبرائے ذرا جاؤ یا۔
آہی جاوینگے کبھی آپ میں آنیوالے
دل کو ہم تھام لیں مضبوط جگر کو کرلیں
ہاتھ روکے ہوئے اوپر وہ اُٹھانیوالے
ایک الزام مجسم ہیں تمھارے بیمار
لیئے مرتے ہیں مسیحا کو بھی مرنے والے

حیدر

حیدر۔ جناب شیخ حیدر فیر صاحب سالن پارولہ۔ آپکے حالات کچھ معلوم نہیں نمونہ کلام ملاحظہ کیجئے

عطا و فیض کا یارب ترے حساب نہیں
وہ کون ہے جو زمانے میں فیضیاب نہیں
یہاں تو وصل کا یہ شوق ہے کہ تاب نہیں
سوا "نہیں" کے وہاں اور کچھ جواب نہیں
نہ توڑ سخت کلامی سے محتسب اِس کو
یہ میکشوں کا ہے دل شیشۂ شراب نہیں
ہزاروں پھرتے ہیں دیر و حرم میں آوارہ
ہمیں کچھ ایک رہِ عشق میں خراب نہیں
خوش آگیا ہے جو بلبل کو رحم کر صیاد
چھڑک دے پانی میسر اگر گلاب نہیں
عبث نہ خوفِ عقوبت دلا مجھے ناصح
فراقِ یار سے بڑھکر کوئی عذاب نہیں
یہ دل میں فکر ہے تشبیہ دیں تو کس سے دیں
کمر کا مثل دہن کا ترے جواب نہیں
بہار میں سرِ توبہ کو میکشو! توڑو!!
کہ اس سے بڑھکے کسی کام میں ثواب نہیں

خدا کے واسطے منہ سے کبھی تو کہیئے ہاں	ہر اک سوال کا میرے ہے کیوں جواب نہیں
نہیں شمار ہے جس طرح تیری رحمت کا	یونہیں ہمارے گناہوں کا بھی حساب نہیں

حیدر

حیدر۔ حیدر نواب نام۔ نواب مرزا ثریا قدر خلف شاہزادۂ سلیمانقدر برادر واجد علیشاہ کے ہاں ملازم تھے ۱۳۱۴ھ میں شاید حیات تھے۔ یہ تین شعر اُنکے کلام کا نمونہ ہیں

نکی کچھ قدر جیتے جی سُنا جب مر گیا مجنوں	گریباں چاک کر کے لیلیٰ پردہ نشیں نکلی
پسِ مُردن خدا سے کس طرح چھپتے گنہ میرے	سند لکھی ہوئی پیشِ کراماً کاتبیں نکلی
پسِ مردن مری تربت پہ پڑھنے فاتحہ آئے	یہ دلکی آرزو بعدِ فنا زیر زمیں نکلی

حیدر

حیدر۔ منشی مصطفےٰ حیدر۔ حیدر خلف مولوی غلام حیدر مدرّس مدرسۂ عالیہ کلکتہ و سررشتہ دار کالج فورٹ ولیم وطن اُنکا چاٹگام تھا اور مولوی عبد الغفور نساخ کے شاگرد تھے ۱۲۷۵ھ میں کلکتہ میں ملازم تھے نمونۂ کلام ہے

دل لیکے مرا صاف مکر جاتے ہیں کیسا	جب مانگوں تو جھنجلا کے یہ فرماتے ہیں کیسا
ذرا سینے پہ میرے ہاتھ دھر کر دیکھتے جاؤ	دھڑکتا ہے کلیجہ دل ہے مضطر دیکھتے جاؤ
غنچوں نے کان بھی نہ رکھا آہ و نالہ پر	بلبل کو چٹکیوں میں اُڑا لے چلے گئے
اِدھر تو دیکھو نہ بولو ذرا سنو تو سہی	شبِ وصال میں کیسی حیا سنو تو سہی
بس قتلِ عاشقاں پہ نہ بیڑا اُٹھائیے	لاکھوں کا خون ہو گا نہ لاکھا جمائیے

حیران۔ میر حیدر علی حیران شاہجہاں آبادی۔ آپ راجہ بکمت رائے رئیس لکھنو کی سرکار میں ملازم اور منشی سروپ سنگھ دیوانہ کے شاگرد تھے۔ صوبۂ بہار میں آصف الدولہ کے زمانے میں قتل ہوئے اور اپنے قاتل کو بھی اپنے ہمراہ لیگئے۔ شوق ۱۲۱۰ھ میں لکھتے ہیں کہ آصف الدولہ کی سرکار کے واصلباقی نویس رائے میگولال سے توسّل رکھتے تھے۔ رائے مذکور کی وفات کے بعد برس چھ مہینے روزگار کی طرف سے پریشان رہے لیکن حسنِ اتفاق سے نواب آصف الدولہ ان پر اسقدر مہربان ہوئے کہ بجائے ۳۰ کے ۱۰۰ روپیہ مشاہرہ کر دیا اور تنوا سوار انکے تحت میں کر دیئے جس سے اُنکی بسر اوقات بخوبی ہونے لگی۔ کلام اُنکا یہ ہے

ہم لبِ گور ہوئے خوں بہ جگر اس غم سے
کرنی اُس غنچہ دہن سے نہ ہوئی بات نصیب

صبح ہر روز اسی غم میں ہمیں ہوتی ہے شام
آہ جاگیں گے مرے کون سے اب رات نصیب

دُکھ اُس سے کون کہے تابِ التماس کہاں
کہاں ہیں ہوش بجا۔ دل کدھر حواس کہاں

ہوا ہے ابتو نئے دوستوں سے ربط دلی
تمھیں اب آنے کو فرصت ہماری پاس کہاں

یہ کب کہتا ہوں میں تمکو نہ لے آرام جان جاؤ
مرا جی ٹک نکل لے پھر جہاں چاہے تہاں جاؤ

ترے کوچے کی ہیرا پھیری میں دن اپنا کٹتا ہے
وہاں جاؤ یہاں آؤ۔ یہاں آؤ وہاں جاؤ

لگا جو حال کہنے اُس سے میں منھ سے وہ یوں بولا
مجھے آتی ہے نیند اب کہہ چکے تم داستان جاؤ

کل کہا میں نے میرے گھر چلئے
اس میں کچھ کم نہ ہوگی محبوبی

سُن کے تیوری بدل لگا کہنے
رسم و راہِ ادب تو سب ڈوبی

مجھ سے کہتا ہے میرے گھر چلئے
دیکھنا اختلاط کی خوبی

حیران - حافظ بقاراللہ خلف حافظ ابراہیم - یہ دونوں باپ بیٹے خط نسخ و نستعلیق خوب لکھتے تھے۔ شعر و سخن کا بھی مذاق تھا۔ ۱۲۸۵ھ میں زندہ تھے۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے

جان بلب ہوں جی جلا جاتا ہے غش طاری ہے آہ
جلد آ ظالم نہیں ہے وقت یہ تاخیر کا

تا فلک پہنچی وے کچھ دل میں نہ سکے جانکی
آہ یہ دیکھا اثر اس آہِ بے تاثیر کا

بعد مرنے کے یہ خواہش ہے مری اے دوستو
کچھ نہ خواہش مند ہوں عزت کا نے توقیر کا

گرد تربت کے ہو اک آئینہ اور طوطی ہو ایک
تاکہ جانے ڈھیر ہے حیرانِ خوش تقریر کا

کہدو مرے مزار پہ کوئی نہ لائے گل
چھاتی پہ میری داغ ہیں کافی بجائے گل

حیراں کو بعد مرگ تکلف نہیں ضرور
اک مشت استخواں ہے کہیں لیکے داب دو

حیران - قاضی محمد خلیل خلف خان بہادر مولوی قاضی عبدالجلیل صاحب مرحوم متخلص بہ جنوں رئیس اعظم بریلی ۲۷ صفر ۱۲۸۷ھ کو پیدا ہوئے ۲۱ سال کی عمر تک علوم درسیہ کی تحصیل کی اُسکے بعد ریاست کے انتظام میں مصروف ہوگئے۔ گورنمنٹ اور پبلک کے

بھی اکثر انتظام آپکے سپرد ہیں۔ شہر میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ فارسی اور عربی میں کافی دستگاہ ہے۔ معقول و منقول پر اچھی طرح عبور ہے۔ شاعری کا ابتدائی عمر سے شوق ہے۔ قاضی خلیل الدین حسن صاحب حافظ۔ حافظ آبادی کے تلمیذ رشید ہیں۔ نثر لکھنے میں خاص کمال حاصل ہے۔ نامہ نگاری کا بھی شوق رہا ہے۔ نثر میں شوخ بیچین بریلوی کے شاگرد ہیں۔ صنعت و حرفت میں خاص مذاق ہے۔ اکثر فنون میں دخل ہے۔ ۱۸۹۸ء میں حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے طلب و تقاضے پر بغرض علاج و سیر دہلی تشریف لائے تھے اور آنکے علمی جلسوں اور بے تکلف صحبتوں میں ہر وقت شریک رہتے تھے ایک روز چند شاعر جمع تھے جن میں سید مہدی حسین صاحب مجروح قابل ذکر ہیں۔ شاعری کا تذکرہ ہوا۔ سب صاحبوں نے کچھ نہ کچھ نظم کیا قاضی صاحب نے بھی چند رباعیات فی البدیہہ لکھیں جن میں سے ایک ہدیہ ناظرین ہے ؎

اے بوسعید حاذق ملک و وحید خلق	یکتا توئی۔ وحید زمان و فرید خلق
محمود دہر و صادق عہد و شریف وقت	عبدالمجید۔ عبد مجید و مجید خلق

اسی طرح پھر ایک مرتبہ چند شعرا کا مجمع تھا منشی اسمٰعیل حسین میرٹھ کے قصیدۂ فریاد زندانی کا تذکرہ تھا۔ احباب نے قاضی صاحب سے بھی فکر فرمانے کا اصرار کیا۔ چنانچہ آپنے ایک بہت طویل قصیدہ اسی زمین میں رقم فرمایا۔ راقم تذکرہ سے دوبار ہنگام قیام دہلی ملاقات ہوئی۔ بڑے تعلیق۔ ملنسار۔ نیک طینت شخص ہیں۔ قاضی صاحب نے اپنے کلام کا جو انتخاب عنایت کیا تھا درج ذیل کیا جاتا ہے۔

جہاں دیکھا نئے انداز سے وہ شوخ مہماں تھا	نگہ میں نور تھا۔ پہلو میں دل تھا دلمیں ارماں تھا
نرکھا پردہ دستِ شوق نے ٹکڑے اڑا ڈالے	حجابِ روئے روشن دم میں عاشق کا گریباں تھا
ہوا ترکِ تعلق اب کہاں وہ لطف بے لطفی	مزہ عالم کا اے ظالم تری کاوش میں پنہاں تھا

نہ دیکھا آنکھ اُٹھا کر بھی کسی نے وائے ناکامی
کوئی ہمچین تھا۔ بیتاب تھا مضطر تھا حیران تھا

ہمارا دستِ وحشت بھی کہیں بیکار رہتا ہے
نہ جب باقی رہا اپنا۔ تو ناصح کا گریباں تھا

ہماری کشتیٔ عمرِ رواں بچتی تو کیا بچتی
شبِ فرقت کا رونا تھا کہ اک سیلِ مچ کا طوفاں تھا

ہمارے سامنے اے قیس کیوں لیتا ہے وحشت کی
گریباں ہم بھی رکھتے تھے کبھی اپنا بھی داماں تھا

اُڑائیں دھجیاں ایسی جنوں نے دستِ وحشت سے
گماں تک بھی نہیں ہوتا گریباں تھا کہ داماں تھا

بجز خارِ تمنا کچھ نہ پایا باغِ عالم میں
گلوں کا ذکر کیا کانٹوں سے بھی محرومِ داماں تھا

کیا رازِ حقیقت نے مجھے حیراں اے حیراں
جو ہر ذرہ میں ظاہر تھا وہی آنکھوں سے پنہاں تھا

پردۂ عارضِ محبوب تو اُٹھتا دیکھا
اب کسے ہوش رہے جو یہ کہے کیا دیکھا

کیا خطا مجھ سے ہوئی کس لیے اتنا بگڑے
کیا کہا کس نے کہا کس نے سنا کیا دیکھا

یہ عیادت بھی زمانے سے نرالی پائی
بگڑے بیٹھے ہیں کہ ہنسے تجھے اچھا دیکھا

بند کی آنکھ تصور میں تو پردے اُٹھے
چشمِ مشتاق سے چھپکر ترا جلوہ دیکھا

برقِ دیدار کی شوخی کو کہوں کیا حیراں
بن گئے آپ تماشا وہ تماشا دیکھا

بادِ صرصر لے چلی میرا جنازہ دوش پر
خاک ہو کر جب میں بیٹھا خاک ہی ہو کر اُٹھا

خود جھکا دی میں نے گردن جب کبھی تیغِ ادا
خود گلے لپٹا لیا جب ناز سے خنجر اُٹھا

رو دیئے ناسور جب سینے سے نکلا تیر یار
ہنس دیئے زخمِ جگر جب چھیڑ کر نشتر اُٹھا

ہیں قیامت ہجر کی اُفتاد کی بے تابیاں
اشکِ غم پیکر گرا میں درد دل پیکر اُٹھا

جلوۂ دیدار سے اپنی تو آنکھیں کھل گئیں
کیا یہی تھی حضرتِ موسیٰ کے غش آنے کی بات

دامنِ صحرائے وحشت کی اُڑیں دھجیاں
رہ گئی خوش قسمتی سے تیرے دیوانے کی بات

اور بڑھ جائیں کسی زلفِ گرہ گیر کے پیچ
کام آجائیں الٰہی مری تقدیر کے پیچ

اُنھیں ٹھیرنے نہیں دیتیں شوخیاں اُنکی
جو گئے دل کی طرح پھر گئے نظر کی طرح

بنا دیا ہے زمانے کو وا دیئے امین
نہ برقِ طور بھی چمکی تری نظر کی طرح

نصیب سے وہ دلِ درد آشنا پایا
جو بات بات میں بھر آئے چشمِ تر کی طرح

تم وہ تمھارے ہاتھ میں عالم کی جان ہے
ہم وہ کہ اپنا دل بھی نہیں اختیار میں

گر یہ ہمارا مانعِ دیدار ہو گیا
تارِ نگاہ اُلجھے ہیں اشکوں کے تار میں

نالہ و آہ سے چھائی وہ دُھواں دھار گھٹا
سحرِ غم پہ یہ دھوکا ہے کہیں شام نہ ہو

دیکھ پردہ نہ اُٹھا۔ جلوۂ تاباں نہ دکھا
پرتوِ رُخ سے کہیں طورِ ترا بام نہ ہو

اُنکی باتیں سخت اپنا قلبِ مضطر آئینہ
ٹکڑے ٹکڑے کیوں نہ ہو تا چوٹ کھا کر آئینہ

سامنے سے جو بلا آئی وہ گویا اس میں تھی
کس بلا میں ہوں صفائے دل سے بنکر آئینہ

لاکھ اُلفت کو چھپاؤ پھر بھی صورت شکل سے
دل کی باتیں ہو ہی جاتی ہیں عیاں ہر آئینہ

جس طرف دیکھا اُسی کا عکس ہے جلوہ فگن
دو جہاں جلووں سے اُسکے ہے سراسر آئینہ

ہو گیا آخر وہ خود بیں حسن کے نشہ میں مست
کر گیا ہاتھوں میں اُسکے کارِ ساغر آئینہ

طُور ٹکڑے ہو گیا موسیٰ کو غش آ گیا
تاب لایا اُنکے نظارہ کی کیونکر آئینہ

یہ اگر سچ ہے کہ دل کی دل کو ہوتی ہے خبر
کیوں نہیں ہے تہ بہ حالِ قلبِ مضطر آئینہ

ہم جلائے دل پہ نازاں تم صفائے رخ پہ غش
ہے تمھیں پر منصفی کس کا ہے بہتر آئینہ

اور کیا آئینہ بندی ہو در و دیوار کی
اُنکی محفل آئینہ۔ وہ آئینہ۔ گھر آئینہ

رازِ اُلفت کیا چھپے جب اشکِ حسرت ہو رواں
دیدۂ تر آئینہ ہے۔ دامنِ تر آئینہ

موت کی صورت نظر آنے لگی تلوار میں
بنگیا لو ہا کفِ قاتل میں آکر آئینہ

تمھارے مرنیوالوں کی تمنا بھی کہیں نکلی
اگر نکلا تو دم نکلا مگر حسرت نہیں نکلی

مسخر کر لیا تیری محبت نے ارادوں کو
ہوئے جب شکوہ کرنیکو زباں سے آفریں نکلی

گئے تم غیر کے گھر یہ نہ آئی دل سے تا لب بھی
تمھاری آرزو سے زیادہ شرمگیں نکلی

نہ ہو مجھسا بھی بدقسمت کہ مرتے دم تک اے حیراں
نہیں نکلی نہیں نکلی مری حسرت نہیں نکلی

دیوانے ہیں جو جیتے نہیں جنسِ محبت
سودا ہے جو اس سودے کا سودا نہیں کرتے

بوسے کا سوال اُن سے میں کرتا تو ہوں حیرانؔ
اب دیکھئے ہاں کرتے ہیں وہ یا نہیں کرتے

سچ ہے مثل کہ سو کو ہرائی ہے ایک چپ
کیا بات ہے ترے دہنِ لاجواب کی

پردہ اُٹھا تو اور بڑھا رعب حسن کا
ہے بیحجابیوں میں بھی صورت حجاب کی

اِس پرگمانِ جور ہو یا رحم کا یقین
انداز مہر کے ہیں۔ نگاہیں عتاب کی

میرے خمیر میں جو ملایا خمیرِ عشق
مٹی پکار اُٹھی مری مٹی خراب کی

شوخ کچھ ایسی نگاہِ یار سے ہے
پیار میں بھی لڑنے کو تیار سے ہے

التجا منت۔ سماجت۔ عاجزی
سامنے اُس بُت کے سب بیکار ہے

دادخواہی کے لیئے آیا ہے کون
حشر میں بھی خواہشِ دیدار ہے

سجدہ کیا ہو وہ قدم ملتے نہیں
نقشِ پا میں شوخیٔ رفتار ہے

حشر میں بے پردہ آنا ہی پڑا
انتقامِ حسرتِ دیدار ہے

اُسکے چہرہ کی تجلّی ہے غضب
پردہ دارِ جلوۂ دیدار ہے

حیران

حیران۔ شاعر فصیح البیان منشی رام نراین صاحب حیرانؔ دہلوی۔ آپ قوم کے کھتری اور منشی میگو سنگھ کے فرزند ہیں۔ شعر خوب کہتے ہیں اور اس فن میں نواب فصیح الملک بہادر سے ارادت رکھتے ہیں۔ علمی استعداد بہت معقول ہے۔ فنِ طب میں بھی اعلیٰ درجے کی دستگاہ حاصل ہے حکیم بہاء الدین خان سے اِس فن میں استفادہ کیا ہے اجمیر میں مطب کرتے ہیں۔ راقم السطور سے دہلی اور اجمیر میں بارہا ملاقات ہوئی۔ مذاق سلیم اور فکر رسا کے ساتھ خلیق بھی انتہا کے ہیں۔ ۴۵-۴۶ برس کی عمر ہوگی۔ طبابت کے علاوہ ریلوے کے دفتر میں ملازمت کا سلسلہ بھی ہے۔ کلام سے معاملہ بندی کے دلدادہ معلوم ہوتے ہیں۔ زبان پاکیزہ اور ٹکسالی ہے۔ اسلوب بیان بھی اچھا ہے کہیں کہیں مضمون کی طرف بھی میلان طبع پایا جاتا ہے غرض ایک حد تک تمام خوبیاں آپکے کلام میں موجود ہیں اشعار موصولہ کا انتخاب ملاحظہ ہو ✤

یوں تو ہونے کو کیا نہیں ہوتا
ایک میرا کہا نہیں ہوتا

اپنی عادت نہیں شکایت کی
اپنے مُنہ سے گِلہ نہیں ہوتا

یار سے خوب ہے تصوّرِ یار
مجھ سے دَم بھر جُدا نہیں ہوتا

غیر تو غیر ہیں مصیبت میں
آشنا آشنا نہیں ہوتا

شکلِ تصویر چُپ ہو کیوں حیران
کوئی فقرہ نیا نہیں ہوتا

ہرگز نہ بات طنز کی لانا زبان پر
جانباز کھیل جاتے ہیں ہاتوں میں جان پر

للہ کان دیکے اسے آپ سُن تو لیں
اِک حرفِ آرزو ہے کسیکی زبان پر

حیراں ہے فکر کیا تجھے کچھ مُنہ سے پھوٹ تو
کیوں آج مُہر لگ گئی تیری زبان پر

کبھی لائے نہ خاطر میں نہ اب خاطر میں لاتے ہیں
مجھے تو چٹکیوں میں آپ ہنس ہنس کر اڑاتے ہیں

شبِ وعدہ بھی دیکھیں وہ نہیں آتے کہ آتے ہیں
تجھے اے جذبِ اُلفت آج ہم اور آزماتے ہیں

مضامیں صاف ہوں مُستعری زباں ہو حضرتِ حیراں
غزل بزمِ سخن میں آئینہ رُو سُننے آتے ہیں

مجھ سے اقرار نہیں غیر سے وعدہ بھی نہیں
پھر سرِ شام یہ کیوں تنے بکھرا جوبن

دیکھ کر آئینہ کہتے ہیں مرے دیکھنے پر
ڈھل گیا دیکھتے ہی دیکھتے سارا جوبن

مال و دولت کا تو ہوتا ہے بھروسا سب کو
اِن حسینوں کا ہے اے دیکے سہارا جوبن

سمجھنے والے دل ہی دل میں اپنے خود سمجھ لینگے
زباں سے کچھ نہیں کہتے تو کہدے بے اشارونمیں

کلامِ حضرتِ حیراں کی جب تعریف کی اُسنے
تو فرمایا وہی حیراں! ہمارے جانثارونمیں

گلرخوں کے ہیں عجب ڈھنگ نرالے انداز
جس سے ملتے ہیں اُسے رنج سوا دیتے ہیں

وہ دل ہی کیا جو عشق کی چٹک لگی نہ ہو
وہ زندگی ہی کیا ہے جو دلبستگی نہ ہو

پہلو میں بیٹھکر مرے لیتے ہیں چٹکیاں
وہ بات کر رہے ہیں کسی نے جو کی نہ ہو

کوئی کسی سے اوپری دل سے ملا تو کیا
ملنے کا لطف جب ہے کہ دلمیں دوئی نہ ہو

کہنا کسیکا ہائے وہ عرضِ وصال پر
ہمسے تو آج تک کبھی ایسی ہوئی نہ ہو

بیداد ایسی کیجئے وہ کیجئے جفا
دیکھی نہو جو آنکھ سے کانوں سُنی نہو
حیراں یہی شعار ہوا اپنا تو خوب ہو
نیکی نہو سکے تو کسی سے بدی نہو

مر گئے تو مٹیں تمنّائیں
نکلے ارمان خاک میں مِل کے

اِک بتِ کافر کو دل دیکر پشیمانی ہوئی
ہم نشیں اِتنو جو ہونی تھی وہ نادانی ہوئی
ہوگئی عشقِ بتاں میں اسقدر حالت زبوں
دیکھکر حیراں کی صورت سخت حیرانی ہوئی

وہ مرے پہلو میں ہنستے آئے ہیں
رات دن روتا تھا میں جنکے لیئے
آ گئے نا۔ چال میں اغیار کی
ہمتو روتے تھے اسی دن کے لیئے

کیوں نہ دلکو رنج ہو کیونکر نہ دل پر غم رہے
آپ صاحب مہرباں یوں بے سبب برہم رہے
ایسی کیا خوبی ہے دنیا ایسی تجھ میں کیا ہے بات
چھوڑ کر جنّت کو آخر حضرتِ آدم رہے
جس طرح تیس دانتوں میں یہ رہتی ہے زبان
آپکی خاطر سے بزمِ غیر میں یوں ہم رہے
مِنّتوں پر بھی نمانے تم دلِ ناشاد کی
پھر وہی تم نے جفا کی پھر وہی بیداد کی
مر گئے تو جان سے اپنی گئے پر واہ نہیں
ہوگئی تعمیل لیکن آپ کے ارشاد کی

مری آہ کیوں بے اثر ہوگئی
اسے بھی کسیکی نظر ہوگئی
بہت دلکو حیراں بچایا مگر
وہ ترچھی نظر کارگر ہوگئی
برچھیاں جب نگہ کی چلتی ہیں
دل پہ رہتا ہے اختیار کسے
دل ہی جب اپنا جا ملا اُن سے
غیر کا پاس و اعتبار کسے
وہ چمن ہی نہیں رہا حیران
دے صبا مژدۂ بہار کسے
ایک سر سینکڑوں ستم کے لیئے
ایک جاں ہے ہزار غم کے لیئے
رنجِ فرقت بھی رشکِ دشمن بھی
کیا مصیبت ہے ایک دم کے لیئے

مُنہ اُٹھائے دلِ بیتاب کدھر جاتا ہے
کوئے قاتل ہے یہاں بات پہ مر جاتا ہے
سر کھپانیسے تجھے ناصحِ ناداں حاصل
اِس سے سودائے محبت کا اثر جاتا ہے!

درد اُٹھتا ہے مرے پہلو میں کیوں تھم تھم کر
آج مہمان کوئی غیر کے گھر جاتا ہے

تم نہ آئے شبِ وعدہ تو کوئی مر نہ گیا
بات رہجاتی ہے اور وقت گزر جاتا ہے

غیر اور آپکے حیراں کو دکھائیں آنکھیں
آپکا منہ ہے جو کچھ پاس وہ کر جاتا ہے

قرینہ کا مذاق اچھا سلیقہ کی ہنسی اچھی
پسندِ خاطرِ احباب ہو وہ دل لگی اچھی

نگہ شرمیلی اچھی ہے طبیعت چلبلی اچھی
رگِ گلہ در پردہ اچھا اور زیرِ لب ہنسی اچھی

کھٹک ہو درد الفت کی وہ غم اے ہمنشیں اچھا
خوشی جسمیں کسیکی مہرباں وہ ہی خوشی اچھی

وہ آئیں یا نہ آئیں مشغلہ اچھا ہے رہنے دو
تصوّر ہی سے اُنکے ہو رہی ہے دل لگی اچھی

جُدا شہرِ خموشاں ہو گیا آباد قدرت سے
خدا کی شان ویرانے میں یہ بستی بسی اچھی

یہ ہیں دونوں کے دونوں عاشقِ ناشاد دشمن دیں
نہ صبحِ وصل اچھی ہے نہ شامِ بیکسی اچھی

ہمیشہ خوف کھانا چاہیئے ابرو و مژگاں سے
کماں کی راستی اچھی نہ تیروں کی کجی اچھی

کہے مغرور اک عالم ہوا اپنی کسر شاں جسمیں
نہ اتنی سرکشی اچھی نہ اتنی عاجزی اچھی

جہاں اک جامِ مے بھر کر پیا جلوے نظر آئے
یہ شغل اچھا مرا زاہد کہ تیری بندگی اچھی

یہ جو کچھ ہے جنابِ داغ کا ہے فیض سب حیران
سخنور سُنکے کہتے ہیں غزل تُو نے لکھی اچھی

کچھ اچھی میری پھر برگشتہ قسمت ہونیوالی ہے
کسی اچھے سے پھر صاحب سلامت ہونیوالی ہے

کبھی تو دو قدم تم ناز سے چلکر دکھا دیتے
بہت مدت سے سُنتا ہوں قیامت ہونیوالی ہے

عدو کی ذلتیں سنکر نہ حیراں دلمیں خوش ہونا
تمہارے حال پر بھی کچھ عنایت ہونیوالی ہے

حیران منشی محمد حسین خانصاحب شکوہ آبادی ملازم ریلوے گورنمنٹ پولیس اندور خلف منشی محمد اعظم خانصاحب داروغۂ آبکاری شاگرد نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی۔ آپ ناولسٹ بھی ہیں "شاہدِ رعنا" اور "کرشمۂ شباب" وغیرہ کئی ناول شائع کر چکے ہیں۔ رسالہ "جلوۂ حیران" کے اڈیٹر ہیں۔ عنفوانِ شباب سے آپ کو شعر و شاعری کا شوق ہے۔ صاحبِ دیوان ہیں مگر دیوان ہنوز غیر مطبوعہ ہے کلام سادہ ہے اور خاصہ کہہ لیتے ہیں۔ نمونۂ کلام ہنگام

ترتیب وصول ہوا اُس کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

آئینہ پر غبار جو دیکھا ہے خواب میں
دشمن کا سر نہو کہیں زانوئے یار پر

نہ وہ اگلی سی ہے صحبت نہ وہ اگلا سا مزاج
کچھ سے کچھ ہو گیا ابتو ترے دربار کا رنگ

خونِ ناحق بھی چھپائے سے کہیں چھپتا ہے
حشر کو دیگا شہادت تری تلوار کا رنگ

تصور سے ہماری بن پڑی ہے
زیارت اُنکی دلکو ہر گھڑی ہے

ہزاروں رہتے ہیں ارماں دلمیں
جگہ تھوڑیسی گنجایش بڑی ہے

چین دن کو نہ شب کو راحت ہے
عاشقی کیا ہے اک مصیبت ہے

ہم اُسکے جلوے کو ڈھونڈتے ہیں وہ اپنے رخ کو چھپا رہا ہے

صدا ہماری ہے رب ارنی وہ لن ترانی سُنا رہا ہے

ہوا ہے جو جلکے طور سر۔ گرے ہیں بیہوش ہو کے موسیٰ

یہ کس کے رُخ سے نقاب سرکی۔ یہ کون جلوہ دکھا رہا ہے

خبر نگیں آنکھوں سے ہوتا ہے کسیکی ظاہر
ہو نہ ہو آج تو دشمن کا کہا مان گئے

تمھاری دید کی خواہش وہاں بھی ظاہر کی
فرشتے لیگئے جب سامنے خدا کے مجھے

کیا کرونگا حور کا میں اے خدا
دل تو اُس کا طالبِ دیدار ہے

مسجد و مندر سے کیا حیراں کو کام
نشۂ الفت میں وہ سرشار ہے

حیرت

حیرت۔ پنڈت اجودھیا پرشاد کاشمیری حضرت جرأت کے شاگرد تھے۔ شیفتہ انکی بابت لکھتے ہیں کہ پنڈت صاحب نے چند مثنویاں بھی کہی تھیں اور ایک مختصر سا دیوان بھی مُرتب کر لیا تھا۔ فنِ موسیقی میں اپنے زمانے میں لاجواب تھے۔ اکثر لکھنو اور گاہ گاہ دلّی میں رہا کرتے تھے سنہ ۱۲۳۴ھ میں ۳۵ سال کی عمر پاکر انتقال ایک شعر اُنکا بطور یادگار اور نمونۂ کلام درج کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو

برنگِ نقشِ پا اُسکی گلی سے اُٹھ نہیں سکتا
ہوا ممنونِ احسان خوب اپنی ناتوانی کا

حیرت

حیرت میرزا مراد علی تاجر مراد آبادی۔ شاہ عالم بادشاہ کے عہد میں تھے۔ اور تذکرہ مصحفی سے پیشتر انتقال کر چکے تھے۔ کوہستان کی طرف بغرض تجارت گئے تھے اُسی سفر میں قضا کی۔ فن سخن سے طبیعت کو لگاؤ تھا اور اچھا کہتے تھے یہ چند اشعار اُنکے لکھے جاتے ہیں ✣

سمجھ کے دیکھا تو بیجا تھا سب گلہ دل کا
یہ چشمِ تر نے ڈبویا معاملہ دل کا

شریکِ آہ ہے شورِ جنوں ہے۔ وحشت ہے
عجب جلوس سے جاتا ہے قافلہ دل کا

کہاں ہے شیشۂ مے محتسب خدا سے تو ڈر
مری بغل میں چھلکتا ہے آبلہ دل کا

کیا کہیے ترے حسنِ خداداد کی خوبی
حیرت ہے نہ مقدور قلم کا نہ زباں کا

نظر آیا یہ جہاں نقشِ پُر آب آخر کار
تاج سر پر سے گرا مثلِ حباب آخر کار

سادہ رویوں کی دلا مہر و محبت پہ نہ بھول
منہ پہ دیوینگے تجھے صاف جواب آخر کار

رخسار کیا جھلکتے ہیں حلقہ میں زلف کے
آپس میں ہو رہے ہیں بہم کفر و دیں گرہ

حیرت کے دل میں ہائے کوئی آرزو رہی
لکنت سی ہے زباں پہ دمِ واپسیں گرہ

اب چھوڑ کر کنشت جو کعبہ کو جایئے
وہاں بھی یہی صنم ہو تو کیا منہ دکھایئے

کیا پوچھتے ہو زلفِ سیہ من میں ڈسے ہے
یاں جان چلی جاتی ہے واں انکی ہنسی ہے

ہمتو اک شیشۂ ساعت کی طرح سے حیرت
خاک چھانا کیئے دنیا میں اور آزاد رہے

حیرت

حیرت دہلوی۔ میرزا رمضانی۔ پسر مرزا صمصام الدین اولاد امجاد حضرت شاہجہاں بادشاہ نیک مزاج اور خوش خلق شخص تھے۔ مرزا رحیم الدین حیا کے شاگرد تھے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں

کیوں خفا غیر کے کہے سے ہوئے
کیا سُنا تھا نے اور کیا دیکھا

وہ خار ہوں کسی سے اُلجھتا نہیں ہوں میں
دشمن کی آنکھ میں بھی کھٹکتا نہیں ہوں میں

دل لگتے ہی یاں جان کے لالے پڑے حیرت
آویگا ابھی دیکھیئے کیا کیا مرے آگے

حیرت اب یار سے کیوں ترکِ وفا کرتے ہو
پہلے ہی تم نے محبت نہ بڑھائی ہوتی

ابکے گر جی بچے تو اے ناصح
ہاتھ اُٹھائیں گے دل لگانے سے

حیرت

حیرت۔ میر غلام فخر الدین صاحب حیرت دہلوی۔ اعتماد الدولہ قمر الدین خان شہید کے بیٹے اور میر منّو کے پوتے تھے فارسی شعر بیشتر کہتے تھے بسا اوقات کالپی میں رہائش رکھتے تھے شاہ عالم ثانی کے زمانے میں انتقال کیا۔ چند شعر ملے ہدیۂ ناظرین ہیں۔

اوّلِ عشق ہے اور تازہ بہار آئی ہے
اب مرا ہاتھ ہے اور دامنِ رسوائی ہے

یہ ستم دیکھوں میں کن آنکھوں سے اے غیرتِ عشق
ایک عالم اُسی کوچے کا تماشائی ہے

ہم اُس بزم سے یوں پُر ارمان نکلے
جوانی میں جس طرح سے جان نکلے

مَیں ڈھونڈا جو سینے میں دل اُسکے بدلے
کئی اُسکے تیروں کے پیکان نکلے

حیرت

حیرت۔ حافظ عبد الرحمٰن حیرت ساکن جنجھانہ ضلع مظفر نگر۔ آپنے مولوی امام بخش صہبائی سے فنِ شعر میں استفادہ کیا اور فن طب کی تکمیل حکیم احسن اللہ خان دہلوی کے مطب میں رہکر کی۔ محکمۂ دیوانی میں ملازم ہوئے اور عرصے تک دہلی میرٹھ اور مراد آباد میں متعیّن رہے۔ سر سیّد احمد خان مغفور آپ کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ چنانچہ ملازمت سے استعفا دلوا کر اپنے پاس رکھکر علیگڈھ سوسائٹی کے مطبع کا کام انکے سپرد کر دیا۔ مشہور رسالہ تہذیب الاخلاق کی بنیاد بھی آپ ہی کے ہاتھوں قائم ہوئی تھی۔ آپ کا سر سیّد سے نہایت ارتباط بڑھا ہوا تھا۔ اور سید محمود کے بچپن کے یہی اُستاد تھے الغرض ۴۵ برس تک سر سیّد مرحوم کے پاس رہے اور تا دمِ مرگ اِن سے جُدا نہ ہوئے۔ اُردو میں چند مثنویاں اور ایک ساقی نامہ موسوم بہ "ساقی نامہ حیرت" آپکی یادگار ہے۔ آپکی استعداد علمی بہت معقول تھی اور فنِ شعر کے اُصولوں سے خوب واقف تھے۔ صفائی اور سادگی کے ساتھ انکے کلام میں مزہ بھی ہے۔ اعلیٰ درجے کے مشاق تھے اور کیوں نہو بڑے بڑے اُستادوں کی آنکھیں دیکھیں تھیں۔ چند شعر جو دستیاب ہوئے ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔

کچھ دلمیں بیکلی ہے کچھ ہے جگر میں سوزش
ہیں عشق کی بدولت مجھ پر عذاب کیا کیا

پہلو میں اک کسک سے چلی جاتی ہے مدام
یہ دل ہے یا چھپا ہے کوئی خار دیکھنا

گر شربتِ وصال نہیں موت ہی سہی — کوئی تو نکلے اِس دلِ بیمار کی ہوس
دیں کو زلف و خط و خال و مژہ نے چھینا — دل بھی غالب ہے کہ ہوگا انہی دو چار کے پاس
نہ کھلا ہائے مرا غنچۂ امید کبھی — حسرتیں دل کی رہیں دل ہی میں کیا کیا باقی
اِس زرد یئے چہرہ کا کہو حال تو حیرت — کیا دل کو لگا بیٹھے کسی رشک قمر سے

حیرت

حیرت منشی محمد جان خان خلف بایزید خان۔ آپ الہ آباد کے رہنے والے اور خواجہ آتش کے مشہور شاگرد مرزا اعظم علی اعظم سے ارادت رکھتے تھے۔ آپکا مطبوعہ دیوان موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصنافِ سخن میں اچھی دستگاہ حاصل تھی اور ضروریات شاعری کے موافق استعداد علمی بھی معقول تھی۔ زبان کی طرف الیتہ توجہ کم تھی۔ چنانچہ اکثر متروک الفاظ اور محاورات نظم کر جاتے تھے مگر انکے مشاق سخن سنج ہونے میں شبہہ نہیں بعض بعض شعر تو بے مثل کہہ جاتے تھے ۱۸۵۵ء کے قریب انتقال فرمایا۔ اب دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیوں قالبِ خاکی میں ہوا روح کا مسکن — عقدہ نہیں کھلتا ترے اسرار نہاں کا
بیوجہ میرا دل نہیں مجھ سے بدل گیا — افسوں تمہاری چشمِ فسونگر کا چل گیا
اللہ رے شعلہ رخِ روشن ترا فروغ — نظارہ جا کے صورتِ پروانہ جل گیا
دل کیحالت ہے جو کچھ تم کو دکھاؤں کیونکر — داغ دیکھا ہے کبھی لالہ صحرائی کا
نہ تو بلبل کا ٹھکانا نہ کہیں گل کا پتا — اے خزاں تو نے اجاڑے ہیں گلستاں کیا کیا
شریک روح ہے قالب میں آپکی الفت — یہ جب تلک ہے مرا دم نکل نہیں سکتا
خود بخود آج رگِ جان کا لہو جوش میں ہے — یاد آیا ہے اسے نشترِ مژگاں کسکا
دکھلائے خدا اُس بتِ گلفام کی صورت — دنیا میں یہی ہے مری آرام کی صورت
پڑی کشتیٔ عمر رواں بحرِ طلاطم میں — یہ عشق آیا ہے جسدن سے بلائے ناگہاں ہو کر
مجال کیا جو کریں عذر حکمِ یار میں ہم — دل اُسکی قید میں ہے دل کے اختیار میں ہم

اُن کو تم اپنا فتنۂ قامت دکھا نہ دو
جن جن کو گفتگو ہے قیامت کے باب میں

بلا کی حسن میں آرایش و ایجاد کرتے ہیں
پرستاروں کو دیوانہ یہ آدم زاد کرتے ہیں

وہ خود کیسا ہے جس نے اِن حسینوں کو بنایا ہے
انھیں جب دیکھتے ہیں ہم تو اُسکو یاد کرتے ہیں

تم بھی رہو جو پاس تو ہو لطف ورنہ یار
ہم رہ کے کیا کرینگے اکیلے بہشت میں

حسینانِ جہاں جسکو نگاہِ ناز کہتے ہیں
جو عاشق ہیں اُسی کو تیرِ بے آواز کہتے ہیں

نگاہِ قہر نے مارا جلایا مسکراہٹ نے
کرامت اِسکو کہتے ہیں اُسے اِعجاز کہتے ہیں

کچھ سوئے مردمِ بیمار نظر ہے کہ نہیں
پھر بھی رونا تجھے اے دیدۂ تر ہے کہ نہیں

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں
سامان سو برس کے ہیں کل کی خبر نہیں

نہ چین پائے کسی طرح سے دلِ عاشق
یہی تو ایک وہ کارِ ثواب سمجھے ہیں

چلتے ہیں عبث چال قیامت کی یہ گلرو
پامال کیئے دیتے ہیں ہستی کے چمن کو

اُٹھاؤ خونِ ناحق سے مرے ہاتھ
یہ ہو جائے گا دامنگیر دیکھو

دیکھتے دیکھتے مر جائینگے ہم یار کی راہ
دم بھی نکلیگا تو اس دیدۂ بیدار کی راہ

بیدرد ہیں وہ پھینک نہ دیں پاؤں سے مل کر
پچتائیگا اے دل مرے پہلو سے نکل کر

جاتی تو ہے یہ عمر رواں راہِ طلب میں
دیکھیں اسے کب عشق کی منزل نظر آئے

دیدۂ بیدار جو کچھ دیکھنا ہے دیکھ لے
حشر تک جس سے نہ پھر بنگے گا وہ خواب آئیگا

سُنتا ہے زخمیٔ تیغِ ادا کا دم نکلتا ہے
ترا ارمان لے اے قاتلِ عالم نکلتا ہے

مرقد سے میرے اُٹھ کے بگولا جو رہ گیا
کہنے لگے یہ خاک کسی ناتواں کی ہے

وہی دل اپنے قابو میں نہیں ہے
جسے پالا کیئے خونِ جگر سے

نہالِ دل ابھی سرسبز ہو جائے
جو تیرا ابر رحمت آکے برسے

پڑا ہے بسترِ غم پر نہ دانہ ہے نہ پانی ہے
تمہارے عاشقِ شیدا کی طرفہ زندگانی ہے

تری آنکھوں کی سُرخی دیکھکر میخوار کہتے ہیں
بلوریں جام میں شاید شرابِ ارغوانی ہے

جو اُن کو پکاری کہے اُن سے کہتے ہیں یہ بتاں ہے کیا ہے ہے ہے ہے

اُس جگہ دل کو لیگئی تقدیر	کہ تصور جہاں گذر نہ کرے
دن کو خیالِ رخ ہے تو شب کو ہے یادِ زلف	بس ہمتو ہو گئے اسی لیل و نہار کے
باز آؤ ظلم سے کہ یہ ظلم دو روزہ ہے	اُڑ جائینگے ہوا کی طرح دن بہار کے
نرگس کے پھول قبر پہ دیکھے تو بول اُٹھے	مَرنے پہ گل کھلے تھے مگر انتظار کے
اُس کا تو نور جلوہ نما ہر بشر میں ہے	اَے غافلو! فتور تمھاری نظر میں ہے
نلخی اگرچہ صبر کی شاخ و شجر میں ہے	شیرینی انتہا کی پر اُسکے ثمر میں ہے
تب حال کھلے گا مری بیتابیٔ دل کا	پڑ جاؤ گے جسدن کسی بیرحم کے پالے
اے گل صدائے نالۂ مرے ہر نفس میں ہے	سینہ میں دل ہے یا کوئی بلبل قفس میں ہے
درپیش ہیں جو رنج و الم کہہ نہیں سکتے	ہم پر جو گزرتی ہے وہ ہم کہہ نہیں سکتے
دسترس یار پہ کیونکر مجھے حاصل ہو جائے	اُس سے کیا زور چلے جسکی طرف دل ہو جائے
دعوئ حُسن بہت چودھویں کے چاند کو ہے	زلف اُلٹو تو جوابِ مہِ کامل ہو جائے
مُرغِ دل ہی نہیں کچھ تیرِ نگہ سے بسمل	طائرِ جاں بھی تو صیاد ترے دام میں ہے
چشمِ میگوں کے اشارے سے یہ فرماتے ہیں	بیخودی نام ہے جس کا وہ اسی جام میں ہے
مذہبِ عشق میں عاشق کو عجب لطف ملا	کہ نہ وہ کفر میں حاصل ہے نہ اسلام میں ہے
جیتے جی عشق سے راحت نہ پسِ مرگ نجات	اسکے آغاز میں جو ہے وہی انجام میں ہے

حیرت

حیرت۔ جناب ابو عبد القدیر خان صاحب پانی پتی۔ آپکو کوثر خیرآبادی سے تلمذ حاصل ہے بھٹنڈے میں زیادہ تر سکونت رہتی ہے حالات باوجود تلاش نہیں ملے کچھ کلام نظر سے گزرا۔ اس میں سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔

رُک گئی چلکے ذرا تیغ جو گردن پہ مری	زخم کو خوبیٔ تقدیر پہ خنداں دیکھا
وہ دل ہے کیا جو شیفتۂ مہ وشاں نہیں	وہ جان کیا جو وقفِ نثارِ بتاں نہیں
نقشِ قدم قدم پہ اُٹھاتا ہے لاکھ لاکھ	انداز اُسکی چال کے محشر سے پوچھ لو

حیرت کو آج قسمتِ جمشید مل گئی	جامِ شراب ہاتھ میں و لبِ بغل میں ہے
دل کے داغوں سے ہے یاں سرو چراغاں روشن	شمع تربت پہ ہماری نہ جلائے کوئی
ضد تو جب ہے کہ ابھی میری بغل میں آ جاؤ	کہہ رہا ہوں کہ میرے پاس نہ آئے کوئی

حیرت

حیرت ۔ محمد اسحٰق نام مراد آباد کے رہنے والے اور حضرت قمر مراد آبادی کے شاگرد صرف یہ معلوم ہے کہ ۱۸۷۰ء میں زندہ تھے نمونۂ کلام میں صرف دو شعر درج ذیل کیے جاتے ہیں

یاد آتی ہے تری جنبشِ مژگاں جو مجھے	تیر سا اک مرے پہلو میں کھٹک جاتا ہے
غل یہ ہوتا ہے کہ خورشید قیامت نکلا	داغِ دل سے مرے پھایا جو سرک جاتا ہے

حیرت

حیرت ۔ مولوی احمد کبیر وکیل عدالت پٹنہ ۔ صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ آپ ۱۸۷۰ء کے قریب زندہ سلامت موجود تھے اور پٹنہ کے مشاعروں میں شریک ہوتے تھے چند شعر اُنکے نتائجِ افکار سے ہیں ۔

منصب ملا نہ فقر کا تمغہ نہ جاہ کا	یا رب بُرا ہو اخترِ نخبتِ سیاہ کا
خرقہ وہی ہے خوب جو بھٹی میں رہن ہو	مشرب بدل دو زاہدو اب خانقاہ کا
تارے ہوئے غروب حسینانِ دہر کے	کوکب ہوا طلوع جو اُس رشکِ ماہ کا
کیا راہِ پُرخطر سے گیا بے خطر وہ شخص	جو شخص معترف ہوا اپنے گناہ کا
کیوں تلخیٔ گناہ کو شیریں کرے نہ عفو	ہے عفو حق خاص دلِ عذر خواہ کا

حیرت

حیرت ۔ مولوی سید عنایت احمد صاحب ابن مولوی سید مطیع احمد صاحب مرحوم بدایوں کے رہنے والے ہیں ۔ آپکی تحریر سے معلوم ہوا کہ آپ کا سلسلۂ نسب حضرت سید شرف الدین محمد علی نقوی قبائی سے ملتا ہے جو ساتویں صدی ہجری کے اوائل میں مسجدِ قبا سے قبۃ الاسلام بغداد سے بدایوں میں آکر آباد ہوئے اور ۶۵۶ھ ہجری میں انتقال کرکے خاک چندوسی میں مدفون ہوئے اُنکے بعد سید علاؤ الدین علی رضوی حضرت سلطان المشائخ سید نظام الدین بدایونی کے پیر تھے اُنکے جانشین ہوئے ۔ اسیطرح یکے بعد دیگرے

سید حمزہ دانشمند بدایونی مصنف میزان الصرف وغیرہ بہت سے بزرگ اِس سلسلہ میں جانشین ہوتے رہے جو دانشمند کے خطاب سے ممتاز کیئے جاتے تھے (لفظ دانشمند شاہی زمانے میں آجکل کے ایم اے کا ہم معنی سمجھا جاتا تھا) چنانچہ آخر میں آپکے والدِ ماجد اسی سلسلہ میں اپنے اسلاف کے جانشین ہوئے۔

آپکا مقام ولادت لشکر گوالیار ہے، ۲۷ رجب ۱۲۷۹ھ ہجری کو آپ پیدا ہوئے۔ چودہ سال کی عمر تک پرلنے اصولوں پر فارسی پڑھتے رہے اسکے بعد عربی شروع کی اور میزان سے لیکر تمام علوم عقلی ونقلی درسِ نظامی کے مطابق اُن سے حاصل کیئے۔ اِسکے بعد آپکے والد ماجد صاحب نے آپکو انگریزی پڑھانی چاہی مگر اُسوقت آپکے نزدیک انگریزی پڑھنا گویا کفر تھا۔ لہٰذا ایک سال ضائع بھی کیا مگر بجز پرائمری کے اور کچھ نہ پڑھا۔ لیکن اب اُس ضائع شدہ وقت اور اپنے خام خیال کا آپ کو نہایت افسوس ہے۔

اسکے بعد آپ کو شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا اور اپنے عم بزرگ مولانا مولوی دلدار علیصاحب مذاق کو کلام دکھانا شروع کیا جو خاقانی ہند اُستاد ذوق کے ارشد تلامذہ میں سے تھے مگر آخر عمر میں اُن کا دل و دماغ چونکہ ضعیف ہوگیا اُنکو اصلاح کی تکلیف دینا مناسب نہ سمجھکر آپ حضرت فانع دہلوی کے حلقہ بگوش ہوگئے۔ مگر آپکے کلام کا بدقسمتی سے بہت سا حصہ ضائع ہوگیا۔ اب چند غزلیں اور دو ایک قصیدے باقی ہیں جو آپنے بطور سندِ تفاخر اپنے پاس رکھ چھوڑے ہیں اور جن پر اُستاد نے کہیں کہیں اصلاح فرمانے کے بعد آپکے کلام کی تحریری داد بھی دی ہے۔ آپنے اُن قصائد اور غزلوں کی نقلیں درج تذکرہ ہونے کی غرض سے قاضی مقصود حسن صاحب حیرت کی معرفت بھیجی بھی تھیں مگر افسوس قاضی صاحب کے دفعتہً انتقال ہوجانے کی وجہ سے راقم تک نہ پہنچیں۔ سُنا ہے کہ آپنے چند ایسی کتابوں پر حواشی اور شرحیں بھی لکھی ہیں جو اُردو کے لیئے نہایت مفید ہیں مگر افسوس وہ ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہیں۔ آپ سابق میں پانچوڑہ کے مجسٹریٹ بھی رہ چکے ہیں اب پولیس کمشنری کے

معزز عہدے پر ممتاز ہیں۔ شعر خوب کہتے ہیں۔ شوخی مضمون اور معاملہ بندی میں اپنے اُستاد کی تقلید خوب کرتے ہیں۔ اب کوئی ۵۲ سال کی عمر ہوگی خلیق اور بامروت انسان ہیں جو کلام ہنگام ترتیب ہمیں موصول ہوا ہے اُس کا انتخاب ملاحظہ فرمایئے۔

تاک میں ہے آنکھ چوکی مال یاروں کا ہوا
ورنہ کیوں اکثر اُٹھایا دل کو اکثر رکھ دیا

یوں تسلی دیکے تڑپایا ہے اُف رے شوخیاں
اور مضطر کر دیا جب ہاتھ دل پر رکھ دیا

یہ کوئی مٹھی چھری تھی یا نگاہِ ناز تھی
مَیں ترے قربان یہ کیا دل کے اندر رکھ دیا

ایسے افسانے ہیں اغظ سینکڑوں حیرت کو یاد
ساغرِ مے تیرے کہنے سے مقرر رکھ دیا

عبث دستِ جنوں ہے مبتلا سودائے ساماں میں
کفن کو بھی نہیں ہے تار باقی اب گریباں میں

چھپائے سے چھپیں گے ہیں جو رخنے جیبِ داماں میں
ذرا منہ ڈالکر دیکھو تو تم اپنے گریباں میں

ٹھہرنے کیوں لگے وہ پردہ ہائے چشمِ گریاں میں
رہے پاپوش اُنکی ایسے پُر آشوب نداں میں

طرائے بھر رہی ہیں حسرتیں آوارہ گردی کی
بیاباں ہے مرے دلمیں مرا دل ہے بیاباں میں

کشش کا لطف کاوش کا مزہ پایا کہ رہتا ہے
ترا پیکاں مرے دلمیں مرا دل تیرے پیکاں میں

بڑا ہی تیر مارا آنکھ اُٹھاکر مجکو کیا دیکھا
یہ کچھ منت ہے منت میں یہ کچھ احساں ہے احساں میں

عبث ہذیاں سرائی کی سفر میں تم نے اے حیرت
نہایت خوب تھا خاموش رہتے بزمِ یاراں میں

کھلیں آنکھیں تو آنکھیں بند ہو جانیکا وقت آیا
مجھے زندہ جبھی تک جانیو جبتک کہ غافل ہوں

ہوا کرتے ہیں نازانداز یونتو سب حسینوں میں
کہاں سے لائے کوئی آپکے بیساختہ پن کو

اُمنگیں حُسن کی اُسپر تقاضا خود نمائی کا
چھپا رکھیں چھپا سکتے ہیں گر وہ اپنے جوبن کو

خلش نوکِ مژہ کی زخمِ دل کو یاد آئی ہے
ذرا قابو میں رکھنا نیچہ گر تو نوکِ سوزن کو

یہی شادی ہوای جوشِ جنوں جی کچھ تو ٹھنڈا ہو
مرے دامن کا آنچل ہو مرے اشکوں کا ساتھی ہو

خیال اسکا عبث ہے مجکو کیوں غیروں سے شکوہ ہو
اُسے دشمن کی کیا حاجت ہے جسکا دوست ایسا ہو

یہ مانا آپ اچھے آپکی آنکھیں بہت اچھی
کوئی بیمار اچھا ہو تو ہم سمجھیں مسیحا ہو

سنا جائے باتیں دکھائے جائیے آنکھیں — قسم ہے میں نے گر کچھ بھی سنا ہو کچھ بھی دیکھا ہو
نہ ٹھکراؤ مرا سر بخت خفتہ جاگ اٹھے گا — جگانا منع ہے اسکا جو بیٹھی نیند سوتا ہو
ہوئے جاتے ہیں باہر آپ تو جامے سے غصے میں — اگر اس طرح کوئی دیکھ لے فرمائیے کیا ہو
مریجاں اسقدر پر ہیز کیوں کرتے ہو حیرت سے — مرے دلمیں رہو تم تو مرے دلکی تمنا ہو
دیکھکر شائستۂ طوق گراں جانی مجھے — کر دیا پابند قید ہستی فانی مجھے
کیوں دکھاتے ہو عرق آلودہ پیشانی مجھے — اس پشیمانی سے ہوتی ہو پشیمانی مجھے
غیر کو آنے نہ دوں تمکو کہیں جانے نہ دوں — کاش ملجائے تمہارے گھر کی دربانی مجھے
میری تنہائی ہوئی یا اُنکی یکتائی ہوئی — ایک دونوں کا نظر آتا نہیں ثانی مجھے
دوستی نادان سے کی ہو گیا جی کا زیاں — اب مراد یتی ہے کیا کیا میری نادانی مجھے
ہو اگر گھر در تو کچھ اندیشہ وحشت نہیں — میں بیاباں گرد ہوں کیا فکر ویرانی مجھے
عقل سے کیا واسطہ سرشار جام عشق کو — کوئی دیوانہ سمجھتی ہے یہ دیوانی مجھے
مل گیا جو کچھ کہ ملنا تھا ہمیں روز ازل — پاک دامانی تجھے اور چاک دامانی مجھے
دیکھئے حیرت کی صورت کیا خدا کی شان ہے — جی رہا ہے کیونکر اب تک ہی یہ حیرانی مجھے

دوست ہو میرے مگر کس کام کے — غیر کے دشمن ہو لیکن نام کے
یہ قدم سر پر ہوں یا قدموں پہ سر — ہیں یہی دو ڈھب مرے آرام کے
ساقی سرمست میخانے کی خیر — دیر سے سائل ہیں ہم بھی جام کے
دوست دشمن کا نہیں کچھ امتیاز — خاصے ہیں انکے لطف عام کے
کر گئی آخر کو رسوا تاک جھانک — ہیں نتیجے ہی بُرے بدکام کے
رات دن ہے کام تمکو غیر سے — دن پھریں کیونکر کسی ناکام کے
رنج گمنامی میں حیرت چپ رہو — مرحلے طے کر کے ننگ و نام کے
کیا اب نہ ہوگی میری طرف کو نگاہ بھی — آخر کوئی خطا بھی ہے کوئی گناہ بھی

مُنہ تاکتی ہی رہ گئی عاشق کی آہ بھی	نکلا نہ مُنہ سے آپکے جھوٹوں کو واہ بھی
حیرت بُری بلا ہے حقیقت میں جاہ بھی	ابتو نباہتے ہی نبیگی نباہ بھی
یہ بھیڑ بھاڑ اور یہ قیامت کی آب و تاب	محشر سے کم نہیں ہے تری جلوہ گاہ بھی
چاہا تمھیں خطا ہوئی فرمائیے معاف	ہوتا ہے آدمی ہی سے آخر گناہ بھی
اُنکی طرف ہے آنکھ اُنھیں کیطرف ہے دل	ساتھی نہیں ہمارے ہمارے گواہ بھی
ہے بلا خیز کوچۂ قاتل	جسکو پروائے سر نہو جائے
بیطرح گھات میں ہے دزدِ نگہ	کچھ اِدھر کا اُدھر نہو جائے
ہے قیامت کی دھوپ محشر میں	خشک دامانِ تر نہو جائے

حیرت

حیرت ۔سخنور خوش فکر و ماہر فن قاضی مقصود حسن خلف حاجی ارشاد علی صاحب آپکی مرسلہ تحریر سے معلوم ہوا کہ آپکے آبا و اجداد کا اصلی وطن یمن تھا۔ پھر دلّی ہوا۔ اب شاہجہانپور رہیلکھنڈ ہے۔ جس وقت ہندوستان میں اسلامی حکومت زوروں پر تھی اور دلّی دارالخلافہ ہونیکی وجہ سے ہنرمندوں کا مرجع و مستم رسیدوں کا ملجا و ماوی تھا آپکے بزرگ قاضی سیّد مہدی صاحب دلّی میں تشریف لائے اور بتائید اقبال حکم شاہی سے خدمتِ قضا پر مامور ہو گئے۔ زمانہ جبتک موافق رہا آپکے بزرگ دہلوی ہونے پر فخر کرتے رہے مگر انقلاب زمانہ اور اتفاقات وقت نے ہمیشہ دلّی میں رہنے نہ دیا چنانچہ حکم شاہی سے شاہجہانپور گئے اور عہدۂ قضا کا فرمان بھی ساتھ لیتے گئے۔ اُسوقت سے وہیں ہیں اور یہ عہدہ بھی ابتک آپکے خاندان میں چلا آتا ہے۔

آپ ۱۸۶۹ء میں پیدا ہوئے چودہ برس کی عمر تک اپنے چچازاد بھائی سید محمد حسن میاں سے فارسی اور عربی کی صرف و نحو پڑھتے رہے۔ موزونی طبع اور شاعرانہ مذاق ازل سے اپنے ساتھ لائے تھے اِس لیئے تعلیم و مطالعہ میں اکثر نظم اور فنِ نظم ہی کی کتابیں رہیں۔ مولنا جامی حضرت نظامی۔ امیر خسرو۔ اور علامہ فیضی کے علاوہ دیگر باکمال

اساتذہ اور مشاہیر شعرائے اُردو کی تصنیفات سے بھی استفادہ کرتے رہے۔ اِس اثنا میں جب کبھی آپکا فطری جوش اُبھارتا تھا تو فارسی یا اُردو کچھ کہہ بھی لیتے تھے۔ مگر بزرگوں کے خوف اور لوگوں کی ہنسی کی شرم سے جو کچھ کہتے تھے اُسکو مخفی رکھتے تھے۔ رفتہ رفتہ بزرگوں کی چشم پوشی اور ہمنشینوں کی تحریک سے وطن کے مشاعروں میں جانے لگے۔ مگر کیفیت یہ رہی کہ اپنی غزل جو بڑے ذوق و شوق سے لکھتے تھے وہ یونکی یُونہی بغیر پڑھے واپس لے آتے تھے تاہم اِن جلسوں کے اثر سے روز بروز اِس شوق کو ترقی ہوتی گئی۔ طبیعت قدرتی طور سے تشبیہ و استعارہ سے بے لگاؤ تھی اور زبان کی سادگی۔ بندش کی چستی اور محاورات کی چسپیدگی پر مٹی ہوئی تھی۔ لہٰذا جو کچھ کہتے تھے اپنے رنگ میں کہتے تھے اور خود ہی کہکر اپنا دل خوش کر لیتے تھے یہ طریقے بہت دن تک جاری رہا۔ پھر بعض شفیق دوستوں کے اُبھارنے سے مشاعروں میں غزل پڑھنی شروع کر دی۔ کچھ عرصہ بعد آپ بہ تلاشِ روزگار عازمِ گوالیار ہوئے اور منشی سوہن لال صاحب چیف جسٹس کی عنایت سے صدر عدالت گوالیار میں ملازم ہو گئے انھیں ایام میں آپکے دوست مولوی غلام غوث صاحب وجاہ و منشی کفایت علیخاں صاحب رُسوا نے انھیں ایک باقاعدہ اور بالالتزام شاعر بننے کی صلاح دی اور نواب فصیح الملک بہادر حضرت داغ دہلوی کا کلام بھی اکثر سُنایا۔ آپ اِس طرز و ادا کے دلدادہ تھے ہی بلا تامل حضرت ممدوح کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ ۱۸۹۳ء میں اصلاح کے لیئے غزل بھیجی اور تلامذہ کی فہرست میں نام درج ہونے کا فخر حاصل کیا۔ دربار تاجپوشی ۱۹۰۳ء کے موقع پر آپ دلّی بھی تشریف لائے تھے۔ اور منشی رام پرشاد صاحب ظاہر دہلوی کے ہمراہ راقم سے ملاقی بھی ہوئے تھے۔ اُن ایام میں حضرت داغ بھی دلّی میں تشریف فرما تھے۔ چنانچہ آپ روزانہ حضرت داغ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور بڑی عقیدت و ارادت مندی سے پیش آتے تھے۔ آپنے ۲۰ سال کامل مشقِ سخن کی اور فطری ذہانت

کیوجہ سے بہت اچھا ملکہ پیدا کرلیا تھا۔ مشہور زمینوں میں ایسے ایسے شعر نکال لیجاتے تھے کہ مستند اُستادوں کے کلام میں ملا دیتے تھے۔ تقریباً ۵۰ غزلیں اور متفرق قطعات رباعیات۔ مسدسات اور مخمسات حضرتِ اُستاد کی نظر سے گزرے ہوئے اور اصلاح شدہ آپکے پاس موجود تھے۔ روزمرہ کی صفائی۔ مذاق اور خیال دونوں پاکیزہ۔ مضمون کیطرف بھی میلانِ خاطر تھا اور بندش کی ندرت اور چستی آپکے کلام کا خاص جوہر تھی۔ مگر افسوس صد افسوس بعالمِ شباب ۳۷ یا ۳۸ سال کی عمر پاکر ۱۹۰۶ء میں انتقال کیا۔ دس بارہ برس ہوئے آپنے اپنے دیوان کا انتخاب راقم تذکرہ کو بھیجا تھا اُس میں سے مفصلۂ ذیل شعر انتخاب کرکے پیشِ کشِ ناظرین کیے جاتے ہیں ✦

ہم سے تو شکر بھی ہے ہونا محال تیرا
وہ لطف وہ کرم ہے اے ذوالجلال تیرا

تُو جان کا بھی مالک ایمان کا بھی مالک
یہ بھی ہے مال تیرا وہ بھی ہے مال تیرا

آنکھوں کو نور بخشے دل کو سرور بخشے
کیا جلوہ جانفزا ہے اے ذوالجلال تیرا

کیفیتیں طلب کی اس دل سے کوئی پُوچھے
جس دل میں بس رہا ہے شوقِ وصال تیرا

ہر شے میں دیکھتے ہیں تیری تجلیاں ہم
آنکھوں کے سامنے ہے ہر دم خیال تیرا

حیرت کی یہ دعا ہے جبتک جیوں الٰہی
ہر وقت وِرد ہو تیری ہر دم خیال تیرا

خانۂ دلمیں نہ ڈھونڈا یونہیں بھٹکے گھر گھر
لگ چکا تم کو پتہ شیخ و برہمن اُنکا

کیا قیامت تھا وعدۂ دیدار
مدت العمر میں وفا نہ ہوا

غمِ عشق راحت فزا ہو گیا
مرا درد میری دوا ہو گیا

ستم کرکے اب دلمیں نادم نہو
مریجان جو کچھ ہوا۔ ہو گیا

ہُوا غیر جب سے شریکِ ستم
تمھارا ستم بے مزا ہو گیا

وہ جادو بھری ہے کسیکی نگاہ
جدھر پھر گئی فیصلہ ہو گیا

حسیں آشنا اپنے مطلب کے ہیں
ہمیں خوب یہ تجربا ہو گیا

کیوں کیا تم نے نہ آکر پائمال
میرا لاشہ خاک پر لوٹا کیا

ذبح تو کر ڈالا تیغِ ناز سے
اور پھر کہتے ہو میں نے کیا کیا

آہ ہیکار ہی گئی آخر
دلِ ناکامیاب دیکھ لیا

آپ نے پی کے حضرتِ واعظ
لطفِ جامِ شراب دیکھ لیا

بیخودی کیوں ہے اے دلِ نادان
کسکو خانہ خراب دیکھ لیا

آرزوؤں سے جو ٹھیرے وہی مہماں اچھا
ڈھیٹ بنکر نہیں رہنا شبِ ہجراں اچھا

دشمنِ جان بھی غارت گرِ ایماں بھی ہیں
ان بتوں سے جو رہے دور وہ انساں اچھا

وہ اگر تیز کیئے بیٹھے ہیں خنجر اپنا
ہم بھی پھرتے ہیں ہتیلی پہ لیئے سر اپنا

مژدۂ قتل مبارک ہو مرے دشمن کو
آپ احسان نہ کیجیئے مرے سر پر اپنا

قتل نامہ مرا یوں تو نہ مکمل ہوگا
پہلے تم نام تو لکھو سرِ محضر اپنا

ابھی ٹھیرو کہ مٹی جاتی ہے بیتابیٔ دل
ابھی رہنے دو ذرا ہاتھ جگر پر اپنا

تم سمجھتے ہو کہ محشر میں رعایت ہوگی
گر طرفدار ہوا اور محشر اپنا

ہوگئی حشر میں سب خلقِ خدا انکی طرف
ہائے کوئی بھی نہیں ہے سرِ محشر اپنا

اور دم بھر رہے مصروفِ تماشا قاتل
دو گھڑی اور بھی تڑپے دلِ مضطر اپنا

اُسنے پہچان لیا بزم میں ہمکو حیرت
کیا پشیمان ہوئے بھیس بدلکر اپنا

ستم کر گیا اور بھی وقتِ رخصت
وہ مڑ مڑ کے انکا ادھر دیکھ لینا

میرے مرنیکا یقیں جب انکو پورا ہوگیا
ہاتھ ململ کر کہا افسوس یہ کیا ہوگیا

سرگزشتِ ہجر میں بھی تو مزا آنے لگا
ہم مصیبت کہنے بیٹھے انکو قصہ ہوگیا

شوق کے پہلو بچا کر انسے کی تھی گفتگو
چھپ سکا لیکن نہ اظہارِ تمنا ہوگیا

کیا کہیں کس سے کہیں غمخوار اپنا کون ہے
ایک دل اپنوں میں تھا وہ بھی پرایا ہوگیا

کیوں بگڑتے ہو نہیں تھے غیر کے ہمراہ تم!
میری ہی تقصیر ہے مجکو ہی دھوکا ہوگیا

مال ہی کیا تھا جو تم دل کو اُڑا کر لیگئے
امتحاں ہمکو اسی میں بس تمھارا ہو گیا

اب تو جانا تم نے حیرت کو وفادار نہیں فرد
امتحاں کا تھا ارادہ وہ بھی پورا ہو گیا

حالِ دلِ مہجور کا نقشا نہیں دیکھا
دیکھو تو ادھر پھر تو کہو کیا نہیں دیکھا

کیا لاکھوں حسیں اپنی نظر سے نہیں گزرے
اس وضع کا اس طرز کا ایسا نہیں دیکھا

دشمن کی مدح اور ہماری مذمتیں
اسکے سوا ہے اور تمھارے ہیں ہیں کیا

ظالم کی جو ادا ہے غرض دلفریب ہے
شوخی میں کیا ہے ناز میں کیا سادہ پن میں کیا

جھونکے غضب کے تھے مجھے بیچین کر گئے
یارب بھرا ہوا تھا ہوائے وطن میں کیا

مجھ میں ہے بہت ہی دم ترے خنجر کیواسطے
اتنی بھی جان اب نہیں مجھ خستہ تن میں کیا

یہ کہکے وہ تو داورِ محشر سے چل دیئے
کیا جانے بک رہا ہے یہ دیوانہ پن میں کیا

آپس میں کے پوچھتے ہیں مجھ سے اہل منہ
حیرت جناب داغ ہے اب دکن میں کیا

تقصیر وار کون ہے انصاف سے کہو
مجھ پر عتاب ہے کہ دلِ بیقرار پر

نہ قبضہ دل پہ ہے اپنا نہ قابو جانِ مضطر پر
آہی کیا کروں دل لوٹ کر آیا ہے دلبر پر

ترے بیمارِ غم کے واسطے آبِ بقا سم ہے
کہ اسکی زندگی تو منحصر ہے آبِ خنجر پر

یہ جھگڑا تو یہیں کا تھا یہیں اسکو مٹا دیتے
ہمارا فیصلہ کیوں منحصر رکھا ہے محشر پر

خیالِ چشمِ میگوں میں یہ کیفیت ہے حیرت کی
کبھی گرتا ہے شیشہ پر کبھی گرتا ہے ساغر پر

بجود یارِ عجب شان سے ہم دیکھتے ہیں
صورتِ آئینہ حیران سے ہم دیکھتے ہیں

ترکِ الفت تو کرے سیر سے ممکن ہی نہیں
یہ تو باہر ترے امکان سے ہم دیکھتے ہیں

سینہ و دل کبھی آباد تھے ارمانوں سے
اب وہی گھر ہیں کہ ویراں سے ہم دیکھتے ہیں

غیر مقتل سے کوئی دم میں ہوا ہوتا ہے
پاؤں اکھڑے ہوئے میداں سے ہم دیکھتے ہیں

اے اجل ابتو یہیں ڈھیر ہمارا ہو گا
پاؤں اٹھتا نہیں میدان سے ہم دیکھتے ہیں

دیکھنے دو ہمیں چہرے کو چھپاتے کیوں ہو
کیا خبر تمکو کس ارمان سے ہم دیکھتے ہیں

وہ ترے شعر سنا کرتے ہیں اکثر حیرت
ذوق ہے کچھ ترے دیوان سے ہم دیکھتے ہیں

وصل کے وعدے پہ وہ اچھی طرح جمتے نہیں
عہد کچھ یونہی سے ہیں پیمان کچھ یونہی سے ہیں

ذاتِ والا میں تو ہیں سارے فرشتوں کے صفات
شیخ صاحب آپ تو انسان کچھ یونہی سے ہیں

اپنا یہ حال جان چلی اضطراب میں
اُنکا یہ قول ٹالیے برسوں جواب میں

بے التفاتیوں کا گلہ اُن سے کیا کروں
کیا کم عنایتیں ہوئیں مجھ پر عتاب میں

عاشق بھی کہتے مجکو کہا ہے جو نامراد
اتنا اضافہ اور ہو میرے خطاب میں

ہر روز ایک کشمکشِ تازہ پیش ہے
حیرت کی جان عشق نے ڈالی عذاب میں

نکلنا دلسے تیروں کا ترے مشکل سمجھتے ہیں
بُتِ ناوک فگن ہم انکو جزوِ دل سمجھتے ہیں

دمِ تقریر سو پہلو بچاؤں میں تو مطلب کے
غضب یہ ہے وہ میرا مدعائے دل سمجھتے ہیں

بڑے لیلوٹ ہیں ہتے چڑھا جو اُنکے اُنکا ہے
پرایا دل سمجھتے ہیں نہ اپنا دل سمجھتے ہیں

تمھاری طرح یہ بھی خون ارمانوں کے کرتا ہے
تمھیں قاتل نہیں ہم دلکو بھی قاتل سمجھتے ہیں

تجھی کو مانگتے ہیں تجھسے تیرے مانگنے والے
حقیقت دو جہاں کی کیا ترے سائل سمجھتے ہیں

بڑی بیڈھب جگہ اٹکے ہوا کی مار لے حیرت
تمھارے داؤں میں وہ آئے ہم مشکل سمجھتے ہیں

سینہ و دل میں چلا کرتی ہیں چھریاں کیا کیا
جسدم آتا ہے خیالِ خمِ ابرو دل میں

ناوک انداز میں قربان تری آنکھوں کے
تیر تیرے ہوئے سب آکے ترازو دل میں

نہ وعدوں ہی سے ملتے ہیں نہ اقراروں سے ملتے ہیں
خدا جانے یہ بُت کیونکر طلبگاروں سے ملتے ہیں

جناب شیخ اب چھپ چھپکے میخواروں سے ملتے ہیں
یہ اپنی وضع کے پابند ہیں یاروں سے ملتے ہیں

ملاقاتوں سے نیت کوئی مشتاقوں کی بھرتی ہے
تمنا اور بڑھتی ہے جو دلداروں سے ملتے ہیں

مزا ملتا ہی اسمیں دے کسیکو بے طلب کوئی
یہ کیا ملنا ہے دو بوسے جو تکراروں سے ملتے ہیں

یہ حسن و عشق کی دولت ہی جتنے داغ ہیں دلپر
یہی انعام اِن فیاض سرکاروں سے ملتے ہیں

نہ جلوہ دلربا تجھسا نہ بُوئے جانفزا تجھ سی
یہ گل رنگت میں کچھ کچھ تیرے رخساروں سے ملتے ہیں

مزے کی چھیڑ ہوتی جاتی ہے صحرا نوردی میں
قدم کے آبلے سب پھوٹکر خاروں سے ملتے ہیں

مری حالت پہ وقتِ واپسیں کیا اُنکو رحم آیا
اجی خیر وہ کیوں میرے غمخواروں سے ملتے ہیں

اے چارہ گر نہ پوچھ کہاں ہے کہاں نہیں
قابل علاج ہی کے یہ دردِ نہاں نہیں

تھا اُن شرارتوں کا مزہ کم سنی کے ساتھ
پہلے جو شوخیاں تھیں وہ اب شوخیاں نہیں

بدلی ہوئی نگاہ کو پہچانتے ہیں ہم
یوں آپ لاکھ کہیے کہ ہم بدگماں نہیں

اُمیدِ لطف تم سے نہ ہو تو کسی سے کیا
کون اپنا مہرباں جو تمھیں مہرباں نہیں

حیرت کسی نے یاد کیا ہے تمھیں ضرور
بیوجہ ہچکیاں بہ ہجر یار میں یہ ہچکیاں نہیں

مری تصویر کا سر کاٹنے بیٹھے ہیں خنجر سے
اُنھیں ہر دم یہی دُھن ہے ستم ہو اور زالا ہو

جفائے غیر کا شکوہ کیا میں نے تو وہ بولے
ہمارے چاہنے والے کا پتھر کا کلیجا ہو

مرے نالے وہ سنکر حشر میں کہنے لگے چپ
یہ کیا کہتا ہے ظالم داورِ محشر نہ سنتا ہو

نگہ یاس بھی قیامت تھی
کچھ نہ پوچھو جو اُنکی حالت تھی

آج دیکھا تھا بے حجاب اُنھیں
ہائے کیا دلفریب صورت تھی

دردِ الفت کی سختیاں اُف اُف
رات بھر نزع کی سی حالت تھی

ہوش جاتے رہے خدا کی قسم
اُنکا جلوہ تھا یا قیامت تھی

کون کرتا ہے گلہ تم سے شکایت کیسی
مہرباں خوب کرو ظلم رعایت کیسی

بات میں بات نئی فقرہ پہ فقرہ تازہ
چلبلی پائی ہے ظالم نے طبیعت کیسی

اُن سے پوچھا کہ تمھیں رسم وفا آتی ہے
ہنسکے فرمایا نہیں ہمکو جفا آتی ہے

جلوۂ روئے بتاں ہے وہ جناب زاہد
جسکے نظارے سے آنکھوں میں ضیا آتی ہے

شبِ غم نالہ ہو۔ فریاد ہو۔ یا آہ و فغاں
شغل ہو کوئی غرض دل کے بہلنے کے لیئے

شکوۂ رشکِ عدو پر یہ ملا ہمکو جواب
تجھے اللہ نے پیدا کیا جلنے کے لیئے

ہمارے حق میں جہاں تک ہو آپ سے ہرگز
اُٹھا نہ رکھنا کوئی بات مہرباں باقی

جلوۂ ہوش رُبا دیکھ کے اوسان گئے
کلمہ پڑھتے ہوئے اُس بُت کا مسلمان گئے

ہائے کیا بزم تھی کیا لوگ تھے کیا چلسے تھے
یا الٰہی وہ کدھر عیش کے سامان گئے

منصف ہو تو دشمن کے طرف دار ہو نا
انصاف وہ کیا جس میں رعایت ہو کسیکی

ظالم تری تصویر میں جادو کا اثر ہے
جچتی ہی نہیں آنکھ میں صورت ہو کسیکی

گھبرا کے وہ کہنے لگے فریادِ ستم پر
اچھا جو ستانے ہی کی عادت ہو کسیکی

تغافل کی ادا ظالم کی دنیا سے نرالی ہے
قیامت توڑ دی ہے جب نظر چل پھر کے ڈالی ہے

الٰہی خیر یہ ہل چل مچی ہے کسکے آنے کی
سرِ گورِ غریباں کیا قیامت اُٹھنے والی ہے

کیا اپنے فن میں ذوقِ حنا کو کمال ہے
چُوکی ذرا نگاہ کہ یاروں کا مال ہے

افسانۂ عدو میں یہ دلچسپیاں کہاں؟
آپ اسکو سُنیئے۔ سننے کے قابل آج حال ہے

کسکی ادائی طرزِ روش تو نے فتنہ گر
یہ تو نہ چرخ کی نہ قیامت کی چال ہے

کچھ بھی پلّے نہ پڑا داغِ تمنا کے سوا
ایسی کمبخت تھی پھوٹی ہوئی قسمت دلکی

مہرباں بوسۂ لب کوئی بڑی بات نہیں
آپ گھبرا گئے کیوں سُنتے ہی قیمت دلکی

مختصر حلے ہیں وہ شوق کی تحریروں کے
شکریہ آپ کا ہے اور شکایت دلکی

کیا کہیں آپسے حیرت کا بُرا حال ہو کیوں
کچھ کرم آپکا ہے کچھ ہے عنایت دلکی

ہزاروں میں نکلتا ہے کوئی شخص
نہ خواہاں وفا کے ہر بشر سے

مزے دیتا ہے کیا کیا خارِ اُلفت
کھٹک اسکی کوئی پوچھے جگر سے

میرے جھگڑوں کے لیئے کافی نہیں روزِ جزا
یا الٰہی دوسرا اک اور محشر چاہیئے

غیر ہے تجھ سے زیادہ باوفا یہ کیا کہا
دل میں کچھ انصاف بھی اے بندہ پرور چاہیئے

حیرت اُسکے چاہنے والے ہزاروں ہوتو ہوں
اپنی قسمت چاہیئے اپنا مقدر چاہیئے

یہ شبابِ حُسن یہ حسنِ شباب
حشر تک تجھ پر یہی عالم رہے

ایک دن دو دن نہایت تین دن
عمر بھر کیوں غیر کا ماتم رہے

حیرت **حیرت** منشی نور احمد خان دہلوی محرر سارجنٹ پولیس زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ چند شعر ملے درج کیے جاتے ہیں ؎

منظور اگر ترکِ ملاقات ہے بہتر — حاصل تمھیں کیا روز کے بیفائدہ شر میں
چھائی ہے گھٹا سر پہ غم و رنج و الم کی — ہر روز برستی ہیں بلائیں مرے گھر میں
عاشق ہو کہ معشوق اسے مان لو حیرت — ہے جلوۂ ذات ایک جو آتا ہے نظر میں

حیرتی **حیرتی** منشی محمد علیخان باشندۂ عظیم آباد پٹنہ۔ راجہ پیارے لال المفتی دہلوی مقیم پٹنہ اور میر وزیر علی حیرتی سے فن سخن میں فیض پایا تھا۔ عرصہ ہوا انتقال کیا یہ انکا کلام ہے

نہ پوچھو ہمدمو انام و نشاں میرا بتاؤں کیا — میں اک لیلیٰ کا مجنوں ہوں بیاباں ہے وطن میرا
ہمارے نختِ دل ہیں اسطرح اشکِ مسلسل میں — پڑے ہوں دانۂ یاقوت جیسے سلکِ گوہر میں
آے ماہ جب آنکھوں میں تو ہی جلوہ نما ہو — پھر مردمِ دیدہ کی کہاں آنکھوں میں جا ہو
اِس طرح مری پیاس بجھا ای مرے قاتل — آبِ دمِ شمشیر ہو اور میرا گلا ہو
کس طرح دکھلائے وہ کسی غیر کو صورت — آئینہ نہ دیکھا کبھی جسنے یہ حیا ہو
اِدھر تو کشورِ دل لوٹتا ہے ترکِ نگاہ — اِدھر ہے لشکرِ مژگاں پڑا جائے ہوئے

حیف **حیف**۔ میر چراغ علی حیف لکھنوی شاگرد میر شیر علی افسوس۔ آخر اٹھارھویں صدی کے شعراء میں تھے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو ؎

جسکی ہر اک اُمید مبدّل بہ یاس ہو — کیا اُس مریضِ عشق کے جینے کی آس ہو

ق

ملنے بھی نہ پائی اُس جواں سے — حسرت زدہ ہم چلے جہاں سے
کافی ہے ترا ہی دید مجکو — کیا کام بہار و بوستاں سے
کیا پوچھے ہے حیف کی حقیقت — ناشاد گیا وہ اس جہاں سے
وہ مہر جہانتاب اگر بام پر آوے — تابندگی نیّرِ اعظم نظر آوے
ہے اپنے تو نزدیک و فا خوب و لیکن — ہو لطف جو تیری بھی طبیعت اوھر آوے

کہتا ہے کوئی بال اُسے کوئی رگِ گُل
کچھ میں بھی کہوں تیری کمر جو نظر آوے
کانوں میں بنیں ہیں اُسکے بالے
اِک چاند کے دو ہوتے ہیں ہالے

حیف

حیف شیخ محمد حاجی متوطنِ شاہجہاں آباد متخلص بہ حیف۔ آخر اٹھارہ صدی میں حیات تھے شوق نے اپنے تذکرہ میں اِنکا ذکر کیا ہے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے ٭

نظر آیا جو سکھڑ ارات کو اُس مہرتاباں کا
خجل ہو ماہ نے منہ چادرِ مہتاب میں ڈھانکا
اکیلا بیٹھکر روتا ہوں سرِ زانو پہ رکھ ہمدم
اُٹھانا یاد جب آتا ہے مجھکو اُسکے داماں کا
اُسنے چھپکر مجھے لکھی تھی حقیقت جس میں
وائے قسمت وہ کتابت لگی اغیار کے ہاتھ
حیف کا قتل ترے ہاتھ سے ہوگا ظالم
یہ کہا دیکھ برہمن نے مرے یار کے ہاتھ
آتا نظر نہیں کوئی ہمدرد یاں سے مجھے
اے گردشِ سپہر لے آئی کہاں مجھے

حیف

حیف منشی عبدالمجید حیف باشندۂ خان پورہ شاگرد شوکت۔ کلام صاف ستھرا ہے استعداد بھی خاصی معلوم ہوتی ہے۔ طبیعت میں جدت ہے اور مضمون پیدا کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔ چند شعر حاضر ہیں ٭

کیوں بارِ عشق تو نے رقیبوں کے سر دھرا
اِتنا تو ناتواں یہ ترا ناتواں نہ تھا
شبکِ کرباِ احساں سے بہت بھاری ہے مرتے پر
وگرنہ بوجھ محشر تک رہیگا تیری گردن پر
ہو تسلی دلکو اے وعدہ شکن اقرار میں
فرق جب معلوم ہوا قرار اور انکار میں
اللہ اللہ کیا ہے لذت آب پیکانیں ترے
تیر کی جا اُڑکے دل خود جا لگا سو فار میں
نوکِ مژگاں گھات میں ہے تیغِ ابرو تاک میں
دلکی کچھ بحث آپڑی ہے تیر اور تلوار میں
اسمیں سود و تو دلیں ہے خدا جلوہ گر یں
تو نے اس کعبہ کا باندھا کبھی احرام نہیں
کیا کروں گر نہ ہیں گردشِ قسمت اِسکو
جوش پر ابر ہے گردش میں مگر جام نہیں
مری آنکھوں میں اِس انداز سے آکر سما جاؤ
تمہیں تم ہو جدھر دیکھوں حرم ہو یا کلیسا ہو
وہ کہتے ہیں قیامت پہلے آئے تو ہم آئینگے
وفائے وعدہ کے حق میں جو فقرہ ہو تو ایسا ہو

ہماری تشنہ کامی کو ہے کافی تیغِ قاتل
دکھا خنجر اُسے جو آبِ خنجر کا پیاسا ہو

تماشائے جمالِ یار پر غش ہیں تماشائی
تماشا اُسکا خود محوِ تماشا ہو تو پھر کیا ہو

کہاں سے بھر گئیں نوکِ سناں میں لذتیں ایسی
کہ ابتک ہر لبِ زخمِ جگر کو کاٹتا دل ہے

مَیں کیوں مجنوں صفت وحشت میں صحرا کو نکل جاؤں
کہ میرے خلوتِ دل لیلیٰ عرفاں کا محمل ہے

حیف

حیف - وجیہ الدین احمد خان ولد سعید الدین احمد خان - ریاست رامپور کے رہنے والے ایک خوشخوا اور خوش رو نوجوان ہیں - آبائی پیشہ مالگذاری تھا - مگر آپنے اُسے ترک کرکے چندوسی ضلع مُراد آباد میں شکر کا کارخانہ جاری کیا - گردشِ زمانہ سے وہ بھی نہ چلا پھر ۱۸۹۸ء سے ۱۹۰۱ء تک جھالاوار کی ریاست میں اُمیدوار ملازمت رہے - محض غزل گوئی اور مدح سرائی سے شغل رہا - پھر ریاست کوٹہ میں ملازمت اختیار کی اب وہاں سب انسپکٹر ہیں - شروع مشق میں مولوی عبد النبی خانصاحب جاوید تلمیذ منیر سے اصلاح لیتے رہے اُنکے انتقال کے بعد امیر مینائی کے سلسلۂ تلامذہ میں داخل ہوگئے - کلام اچھا ہے صفائی سادگی بندش ہر ایک صنعت ایک حد تک موجود ہے - انتخاب ملاحظہ ہو ؎

ہر ادا یار کی ہے دل کی اُڑانے والی
چور ہیں گھات میں مشکل ہے بچانا دل کا

کیا بُرا حال ہوا عشق بتا نہیں اے حیف
ہم نہ کہتے تھے کہ اچھا نہیں آنا دل کا

اور کس سے ہو اُمیدِ دوستی
دل جو اپنا تھا پرایا ہوگیا

واں شامِ شب وعدہ لگی پاؤں میں مہندی
یاں رنگ اُڑا روئے دعائے سحری کا

لاتے ہیں مجھے ہوش میں یہ کہکے "وہ آئے"
ممنوں ہوں احباب کی اس چارہ گری کا

وہ آکے گئے بھی تجھے کچھ ہوش نہ آیا
اے حیف ٹھکانا ہے تری بے خبری کا

ہماری چال ہم سے چلگئے وہ
ہمیں کو دیگئے فقرہ ہمارا

کچھ اشارہ میں بتایا کچھ نگاہوں میں کہا
کہدیا سب کچھ مگر مُنہ سے کہا کچھ بھی نہیں

غیر کی جان ہے؟ یوں ہجر کے صدمے جھیلے
میری ہمت - مرا دل - میرا کلیجا دیکھو

آپنے اپنے ہی خنجر کی روانی دیکھی — ٹھیرو ٹھیرو تنِ بے سر کا تماشا دیکھو

پرتو فگن جو سبزۂ رخسارِ یار ہو — لوحِ زمرّدیں مری لوحِ مزار ہو
پہنے آیا لباسِ خاکساری — مجھے ریگِ رواں آبِ رواں ہے
نگوں بختِ ازل سے کیا ملے گا — بہت اونچا مزاجِ آسمان ہے

ہر سعادت کا مری چہرہ سیہ ہو جائیگا — تیرہ بختی یہ ترا کاجل سلامت چاہیئے
لڑکھڑاتے ہیں رہِ شوق میں جب پاؤں طلب — تھامنے مجکو مری لغزشِ پا آتی ہے
شوخی کی چھیڑ چھاڑ ہے شرم و حجاب سے — اُلجھا ہوا ہے اُنکا لڑکپن شباب سے

حیفی

حیفی منشی محب الدین احمد دہلوی خلف منشی چندن لال کا یستھ تھے۔ تخلص حیفی تلمیذ منشی ہرگوپال تفتہ۔ سابق میں نواب کلب علیخان والی رامپور کے ملازم تھے۔ اور وہیں مذہب آبائی کو چھوڑ کر مسلمان ہوئے اب خانہ نشین ہیں۔ فارسی میں بھی سخن طرازی کرتے ہیں اور اُردو میں بھی۔ دونوں میں صاحب دیوان ہیں۔ قصیدہ و تاریخ گوئی میں بھی مہارتِ تامّہ حاصل ہے اب ۷۰ برس کی عمر ہے یہ چند شعر اُنکے ہیں ؎

مثلِ نکہت جب وہ گلرو زیبِ گلشن ہو گیا — خندۂ شادی ہر اک بلبل کا شیون ہو گیا
غیر اُس بزم سے ہو کر جو پشیمان نکلا — حسرتِ دل یہ پکاری مرا ارماں نکلا
کُشتہ سمجھ کے گردشِ چشمِ نگار کا — آ ہو طواف کرتے ہیں میرے مزار کا
افسردہ دل کو وہ ہی جلن بعد مرگ ہے — گل بھی ہوا نصیب تو شمعِ مزار کا
دجلہ بار آج ہے پھر دیدۂ حیفی افسوس — ساتھ غیروں کے وہ شاید لبِ دریا پہنچے

ما نگیئے گر شوقِ جفا مانگیئے — چاہیئے گر دردِ جگر چاہیئے
پوچھتا قسّامِ ازل ہم سے گر — کیا تجھے اے خاک بسر چاہیئے
ہم یہی کہتے بدم سردِ آہ — داغِ دل و داغِ جگر چاہیئے
مَیں اک عیسیٰ نفس پر مر گیا ہوں — مرے حصے میں عمرِ جاوداں ہے

دیکھئے خاک میں کس کس کو ملائے تقدیر | آج اک آئینہ رو محو خود آرائی ہے

مندرجہ ذیل شاعر کا کلام بعد ترتیب ہم پہنچا اسلیئے آخر میں درج کیا گیا

حیا

حیا منشی عبد الغفور باشندہ علیگڑھ حال مقیم اجمیر۔ آپکی عمر ۳۰ برس کے قریب ہے اور کئی برس سے منشی امیر مرزا زاہد اکبر آبادی کے شاگرد ہیں۔ عین ہنگام کتابت میں چند غزلیں ملیں اُن میں سے اشعار ذیل منتخب ہوئے۔

اب کیا وعدہ وفا تم نے تو کیا | جب نہ کچھ باقی رہا بیمار میں

میں رہ جاتا ہوں اُسدم کو سکر اپنے مقدر کو | آداسے جب وہ کہتے ہیں پرے ہو دور ہو سر کو
کبھی منا کبھی بنکر بگڑ جانا تماشا ہے | پھر اسپر کہتے جاتے ہیں بڑھاتے ہو تمھیں شر کو
حالِ دل اُسکو سنانے کی بنے کیا صورت | جب وہ صورت ہی دکھا نیکا روادار نہو
دلِ بیتاب کو کیونکر ہو تسلی ظالم | خواب میں بھی جو میسر ترا دیدار نہو

آج بیڈھب وہ بگڑے بیٹھے ہیں | دل میں کیا جانے کیا سمائی ہے
چھپکے پینا شراب کا زاہد | واہ کیا خوب پارسائی ہے

تقاریظ

خمخانۂ جاوید جلد دوم

تقریظ از نتائج افکار گہربار فخر شعرائے زمان سعدی ہندوستان سلطان قلمرو فصاحت موجد طرز نوی شمس العلماء مولنا الطاف حسین حالی مدظلہ از ارشد تلامذہ حضرت غالب مرحوم

خمخانۂ جاوید یعنی تذکرہ شعرائے اردو زبان مرتبہ جناب لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی خلف الصدق جناب آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب سرگباشی اس تذکرے کی جو اہمیت میرے دل میں ہے اور جو خصوصیت مجکو صاحب تذکرہ اور انکے معزز خاندان سے حاصل ہے اسکے لحاظ سے مجکو اسکی پہلی جلد پر سب سے پہلے اپنے خیالات ظاہر کرنے چاہئیں تھے۔ مگر بدقسمتی سے ایسے مکروہات پیش آتے رہے کہ میں اطمینان کے ساتھ اسکی نسبت کچھ نہ لکھ سکا۔ اگرچہ کافی اطمینان اب بھی میسر نہیں ہے لیکن چونکہ تذکرے کی دوسری جلد بھی عنقریب چھپکر شائع ہونے والی ہے اسلیئے میں نے خیال کیا کہ مبادا اس اہم تالیف کی نسبت پھر مجکو اپنے دلی خیالات ظاہر کرنے کا موقع نہ ملے لہذا میں نے نہایت ضروری سمجھا کہ اپنی ناچیز رائے اسکے متعلق ظاہر کرنے میں اب دیر نکروں ٭

اس تذکرے کی پہلی جلد کو چھپے ہوئے تین برس گزر چکے ہیں۔ دہلی و لکھنؤ اور اطراف

ہندوستان کے بڑے بڑے نامور شعرا اور اہلِ کمال نے اُس پر نہایت عمدہ رائیں ظاہر کی ہیں جس صفائی اور سلاست سے اُس میں شعرا کے تراجم لکھے گئے ہیں اور جس سلیقہ سے اُن کا کلام انتخاب کیا گیا ہے اور جس کوشش و جانفشانی سے اُنکے حالات اور اُن کا کلام بہم پہنچایا گیا ہے اور جس ادب و احترام کے ساتھ قدما سے لیکر معاصرین تک سب کا نام لیا گیا ہے اِن سب باتوں کو تقریباً تمام تقریظ نگاروں نے تسلیم کیا ہے اور سب سے بڑھکر میں نہایت صدق دل سے تسلیم کرتا ہوں۔ پس تذکرہ یا تذکرہ نویس کو پبلک سے روشناس کرانے کی اب زیادہ ضرورت نہیں ہے میں اس موقع پر صرف تذکرے کی جامعیت کی نسبت چند الفاظ لکھنے چاہتا ہوں ؎

اب تک اِس تذکرے کی صرف پہلے جلد راقم کی نظر سے گزری ہے جو ۸۹۶ صفحوں پر ختم ہوئی ہے۔ اُسکے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس جلد میں صرف اُن شاعروں کا کلام اور اُنکے حالات درج ہوئے ہیں جن کا تخلص الف یا بے سے شروع ہوتا ہے۔ اِس سے ظاہر ہے کہ منجملہ تیس ۳۰ کے صرف دو ردیفیں اِس جلد میں قلم بند ہوئی ہیں اور کم سے کم ۲۸ ردیفیں باقی ہیں۔ اِس سے بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ اگر سب ردیفیں اِسی شرح و بسط کے ساتھ لکھی گئیں جیسی کہ الف اور بے کی ردیفیں لکھی گئی ہیں تو یہ تذکرہ جامعیت کے لحاظ سے بلا مبالغہ شعرائے اُردو زبان کی ایک ایسی سائیکلو پیڈیا ہوگی جسکی نظیر اُردو تذکروں میں نایاب سمجھی جائیگی۔ اور اُردو زبان میں یہ ایک ایسا اضافہ ہے جس کا تمام اہلِ ملک کو ممنون ہونا چاہیئے۔ آجکل اہلِ ملک کی بدقسمتی سے جو اختلاف ہندو مسلمانوں میں اُردو زبان کی مخالفت یا اُسکی حمایت کی وجہ سے برپا ہے اُسکی رفعدا گر ہوسکتی ہے تو اِسی طریقے سے ہوسکتی ہے کہ ہندو تعلیم یافتہ اصحاب کشادہ دلی اور فیاضی کے ساتھ اُردو زبان میں جو درحقیقت برج بھاشا کی ایک ترقی یافتہ صورت اور اُسکی ایک پروان چڑھی ہوئی اولاد ہے اِسی طرح تصنیف و تالیف کریں جس طرح ہمارے ہر دل عزیز ہیرو نے اِس

طرفانی تذکرے کو ختم کرنے کا ارادہ کیا ہے اور مسلمان مصنفین بے ضرورت اُردو میں عربی فارسی کے غیر مانوس الفاظ استعمال کرنے سے جہانتک ہوسکے پرہیز کریں اور اُنکی جگہ برج بھاشا کے مانوس اور عام فہم الفاظ سے اُردو کو مالا مال کرنے میں کوشش کریں۔ اور اس طرح دونوں قوموں میں آشتی اور صلح کی بنیاد ڈالیں اور ایک متنازع فیہ زبان کو مقبولۂ فریقین بنائیں۔ جیسی کہ لکھنؤ جانے سے پہلے تقریباً اہل دہلی کی زبان تھی۔ مذکورۂ بالا اختلاف کے متعلق جو تعصب اور ناگواری کا الزام ہندوؤں پر لگایا جاتا ہے اسی قسم کا بلکہ اس سے زیادہ سخت الزام مسلمانوں پر لگایا جاسکتا ہے کون نہیں جانتا کہ مسلمان باوجودیکہ تقریباً ایک ہزار برس سے ہندوستان میں آباد ہیں مگر اس طول طویل مدت میں اُنھوں نے چند مستثنیات کو چھوڑ کر کبھی سنسکرت یا برج بھاشا کی طرف باوجود سخت ضرورت کے آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھا۔ جس سنسکرت کو یورپ کے محقق لاطینی و یونانی سے زیادہ فصیح زیادہ وسیع اور زیادہ باقاعدہ بتاتے ہیں اور جسکی تحقیقات میں عمریں بسر کر دیتے ہیں۔ مسلمانوں نے عام طور پر کبھی اسکو قابل التفات نہیں سمجھا۔ اگر یہ کہا جائے کہ سنسکرت کا سیکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے تو برج بھاشا جو بمقابلۂ سنسکرت کے نہایت سہل الوصول ہے اور جسکی شاعری نہایت لطیف شگفتہ اور فصاحت و بلاغت سے لبریز ہے اُسکو بھی عموماً وہ ہمیشہ بیگانہ وار نظروں سے دیکھتے رہے حالانکہ جو اُردو اُن کو اسقدر عزیز ہے اُسکی گرمیر کا دارومدار بالکل برج بھاشا یا سنسکرت کی گرمیر پر ہے عربی۔ فارسی سے اُس کو صرف اسقدر تعلق ہے کہ دونوں زبانوں کے اسمار اُس میں کثرت سے شامل ہوگئے ہیں۔ باقی تمام اجزائے کلام جنکے بغیر کسی زبان کی نظم یا نثر مفید معنی نہیں ہوسکتی۔ برج بھاشا یا سنسکرت کی گرمیر سے ماخوذ ہیں۔ سچ یہ ہے کہ مسلمانوں کا ہندوستان میں رہنا اور سنسکرت یا کم سے کم برج بھاشا سے بے پروا یا متنفر ہونا بالکل اپنے تئیں اس مثل کا مصداق بنانا ہے کہ "دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر"

قصہ مختصر جس ذوق وشوق سے معزز مؤلف نے اِس تذکرے کے لکھنے پر کمر باندھی ہے اور جس استقلال کے ساتھ وہ طالب علمی کے زمانے سے لیکر آجتک اُن تمام مشکلات پر غالب آتے رہے ہیں جو اس مفید کام کے انجام دینے میں اُن کو پیش آئیں اُس سے اِس عام خیال کی بوجہ احسن تردید ہوتی ہے کہ انگریزی تعلیم بجائے اِسکے کہ قومی تعصبات سے دلوں کو پاک کرے اور الٹی تعصب و ناگواری کی آگ ملک میں مشتعل کرنے والی ہے۔

بہرحال ہم دل سے دُعا کرتے ہیں کہ جو مفید کام ہمارے دلی دوست مسٹر سر یرام صاحب نے شروع کیا ہے اللہ تعالیٰ اُسے بخیر و خوبی انجام کو پہنچائے اور اس تصنیف کو قبولِ عام کے زیور سے آراستہ فرمائے۔

آخر میں ہم معزز مصنّف کی خدمت میں اِس بات کے عرض کرنے کی معافی چاہتے ہیں کہ صفحہ ۳۰۸ پر جہاں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ کا حال لکھا گیا ہے اُس میں چند فروگزاشتیں ہوگئیں ہیں۔ اول تو شاہ صاحب ممدوح کا اُردو زبان میں شعر کہنا اور اشتیاق تخلص کرنا ثابت نہیں ہوا۔ دوسرے اُن کا وطن سرہند اور مجدد الف ثانی کی نسل سے ہونا اور فیروز شاہ کے کوٹلہ میں سکونت پذیر ہونا غلط معلوم ہوتا ہے۔ کسی طریقہ سے اِس غلطی کی اصلاح فرما دیجائے +

راقم۔ خاکسار **الطاف حسین** حالی۔ از پانی پت

تقریظ دلپذیر از فکر ارجمند آسمان پیوند نخلبند گلستان معانی واقف رموز شیرین بیانی سخن طراز جادو نگار افسر الشعرا حضرت آغا شاعر دہلوی از ارشد تلامذہ حضرت فصیح الملک مرزا داغ مغفور

یَا مَالِکَ کُلِّ حِ چیز پر میں اسوقت قلم اُٹھاہوں وہ مخزنہ جاوید کی ایک تقریظ

ہے گو اسکی بابت ایک عرصے سے مجھپر تشدد ہو رہا تھا مگر افسوس میں ایسا بدنصیب تھا کہ کسی طرح بھی اپنی بقاعدہ زندگی میں سے کوئی وقت اس لاثانی کتاب کے لیئے نہ نکال سکا۔ آج اتفاق سے میں نے برسوں کے بعد پھر اس جلد کو اُٹھا لیا اور اب جو کچھ میں دیکھتا جاتا ہوں حوالۂ قلم کرتا ہوں۔

"خمخانۂ جاوید یا تذکرۂ ہزار داستان کی یہ پہلی اشاعت ہے جو تقریباً ۷۰۰ صفحوں پر ختم ہوتی ہے۔ لکھائی چھپائی سب قابل تعریف۔ مگر سرورق کے بعد جو صفحہ ہے اُسے دیکھ کر تو بے اختیار کاغذ پر باغ و بہار کا دھوکا ہوتا ہے۔ واقعی یا تو میری نگاہوں نے آجتک اس سے بہتر نقاشی لیتھو پریس پر نہیں دیکھی۔ یا خمخانۂ جاوید کا حجاب ہی ایک نرالا سین ہے جو اُردو کی کسی کتاب پر اس شان سے نہیں کھینچا گیا۔ آگے چلکر اس تذکرہ کا ڈیڈیکیشن بھی خاص نوعیت رکھتا ہے۔ کیونکہ اس بیش بہا تالیف کو ہز ہائنس بندگانِ عالی حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہٗ فرماں روائے دکن کے نام نامی سے معنون کیا گیا ہے۔ یہ صفحے جہاں اُلٹے پھر ایک دریائے ذخار موجزن تھا اور اُس میں غوطہ لگانا مجھ جیسے ناآشنائے شناوری کا کام نہیں مگر پھر بھی اتنا ضرور کہونگا کہ اُردو دان پبلک کے لیئے یہ کتاب یقیناً غیر معمولی نعمت ہے۔ جسے دلی کے ایک لبسا قابل۔ بیدار مغز سخن فہم بلکہ فنافی الشعر شخص نے اپنے ۷ سال کی محنت۔ کاوشِ دل و دماغ اور صرف زر کثیر سے ترتیب دیکر ملک میں مفت تقسیم کر دیا ہے رہا انتخابِ کلام اور شعرا کی تعداد۔ اسکے لیئے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میں محاسب نہیں اور بقول لارڈ ٹینسن ایک شاعر کو حساب سے کچھ تعلق بھی نہیں ہو سکتا بدیں وجہ یہ لکھدینا کافی ہوگا کہ میری رائے میں خمخانۂ جاوید ایک ایسی جامع فرہنگ ہے جو فرہنگ آصفیہ سے پہلو مارتی ہے۔ مولوی سید احمد صاحب دہلوی نے اگر ۵ دماغوں کے برابر ایک دماغ سے کام لیا ہے تو میرے معزز دوست لالہ سریرام صاحب ایم اے

نے بھی اِس تذکرے کی تالیف سے اپنے آپ کو غیر معمولی انسان ثابت کر دینے میں
ذرہ برابر کمی نہیں کی ؛

آخر میں اقسامِ شعرا اور ہر شاعر کی قدرتِ دستگاہ پر بحث کرنا یا مؤلف کے ذاتی
ریمارکس پر روشنی ڈالنا یہ ملکی نظر بازوں پر موقوف ہے کیونکہ ؎

نظر کا کھیل ہے ہنتو نظر بازوں پہ مرتے ہیں	پر رکھنا شعر کا ہیرا پرکھنے سے زیادہ ہے

با ایں ہمہ "مخزنہ جاوید" زمانہ حال کی ایک بہترین ایجاد ہے۔ اُردو علمِ ادب کا
ایک گنگا جمنی زیور ہے۔ اور شعرا جیسے معدوم فرقے کے لیئے اِس سے بہتر
بقائے دوام کا اور کوئی ذریعہ بھی نہیں ہو سکتا۔

کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجا نکال کے	سچ یہ ہے آنکھ ہو تو ہیں جوہر کمال کے

آثم۔ افسر الشعرا۔ آغا شاعر۔ قزلباش دہلوی

از رشحۂ قلم جادو رقم ماہر کامل فن محقق والا نظر سخن گستر منشی سید احمد صاحب دہلوی مؤلف فرہنگ آصفیہ و دیگر کتب متعدد وظیفہ خوار سرکار نظام

اِس تذکرہ کی اول جلد کو بھی ہمنے پڑھا اور ریویو لکھا تھا۔ اب دوسری جلد پر بھی سرسری
نظر ڈال کر دونوں کے فرق و امتیاز کو ظاہر کرتے ہیں

یہ ایک مشہور کہاوت چلی آتی ہے کہ "نقاش نقشِ ثانی بہتر کشد ز اول" یہ
مثل سُنا کرتے تھے مگر پُوری پوری تصدیق جلد ثانی کو دیکھکر ہوئی۔ لالہ سری رام
صاحب جیسے معدوم الفرصت کا ہر ایک شاعر کے کلام پر اسقدر نظر غائر ڈالنا۔ کلام
کا ایسا لاجواب انتخاب کرنا کہ جس سے شاعر کی عظمت۔ وقعت اور طبیعت بڑھے معترضوں
کے اعتراض کا مان گھٹے۔ اِس پر پروف نیز کاپیوں کی صحت کا خود ہی ذمہ دار ہونا
کچھ آسان کام نہیں ہے بلکہ "کارے دارد" کہنا چاہیئے ؛

اکثر ڈوبے ہوئے ناموں کو اچھال دیا۔ اور دبے ہوئے کلاموں کو ابھار دیا۔ شوخیاں کیں مگر مشاطۂ حسن افزائے دلبر بن کر۔ نکتہ چینیاں فرمائیں مگر نکتہ داں۔ نکتہ رس نکتہ شناس۔ نکتہ پرور بن کر۔ اگر کسی کو وہ کاماہِ تاباں یعنی گوڈر کا لال ہے تو کیا مجال کہ اُسکے کلام پر صاد نہو۔ اور جو کسی نامی شہر کا آفتاب جہانتاب پُر از جاہ وجلال ہے تو کیا ممکن کہ تذکرہ میں اُسکی داد نہ ہو۔ نہ اہلِ دہلی کی طرفداری ہے۔ نہ اہلِ لکھنؤ کی غمگساری۔ اُنکے نزدیک ایک باپ کے دو بیٹے ہیں۔ جن میں سے ایک تو باپ کے ساتھ سیاحت وسفر میں شریک و دلیر ہے دوسرا ماں کی خدمت میں اپنے ہی گھر پر شیر ہے ٭

جس ذکر کو لیا تنقید یا محاکمانہ نظر سے لیا۔ جس تذکرہ کو چھیڑا منصفانہ دلائل سے فیصلہ کیا۔ آخر تھے بھی تو منصف ہا وہ فیصلہ کیا جو آگے جا کر نہ ٹوٹ جائے اور وہ انصاف فرمایا جس کا کوئی پہلو نہ چھوٹ جائے۔ یہ صرف تذکرۂ شعرائے ہند ہی نہیں بلکہ ایک قسم کی شاہانہ تاریخ بھی ہے۔ **نصیر الدین** حیدر بادشاہِ اودھ متخلص بہ بادشاہ کے ذکر کو پڑھو۔ **جہاندار شاہ**۔ جہاندار۔ مرزا جہانگیر متخلص بہ جہانگیر وغیرہ کے حالات ملاحظہ فرماؤ۔ کیسا تاریخی لطف دکھا رہے ہیں ٭

دیگر نامی شعرا میں سے کس کس کا حوالہ دوں۔ اِن پانسو صفحوں میں کئی سو شعرائے ذوی القدر موجود ہیں اوروں کی تو گنتی ہی نہیں۔ بائے فارسی سے لیکر حا حطی تک مجلس ہزار داستاں جمع ہے۔ مشاعرہ ہو رہا ہے۔ شہر خموشاں کے سخن سنج اِس میں گونج رہے ہیں۔ اور شہر گویا کے خوشنوا اِس میں چہک رہے ہیں۔ شمع ہزار داستان شعدان ہزار فتیلہ بن کر انھیں روشنی دکھا رہی ہے۔ واہ واہ کی صدا پر صدا آرہی ہے سخن فہم اُچھل اُچھل کر داد دے رہے ہیں نیچرل شاعری کے دل دادہ اُس میں جلوس فرما ہیں اور خیالی ذہن رسا کے روشن دماغ۔ روشن خیال

بلند پرواز۔ زمزمہ پرداز اس میں کرسی نشیں ہیں۔ حضرت حالی مدظلہ العالی کی نیچری و ایشیائی شاعری کا لطف اس میں ہے۔ عبدالحی تاباں کا دلربا جمال اس میں ہے۔ جرأت کی عاشقانہ جرأت و دردانگیز اظہارِ حال اس میں ہے۔ مرزا اسمٰعیل تپش۔ غلام محمد خاں تپش بادلِ تپیدہ اپنا اپنا ذاتی جوہر لیئے ہوئے اس میں حاضر ہیں۔ الغرض شاہ تراب کی منکسرانہ خاکساری۔ میر حسین تسکین کی تسلی بخش شیرین بیانی۔ امیر اللہ تسلیم کی سلامت روی۔ محمد علی تشنہ کے کلام پر العطش کی پکار نواب شہاب الدین احمد خان ثاقب کے حسنِ بیان پر نورانی بہار حسبِ موقع عجیب عجیب لطف دکھا رہی ہے۔ ہمارا شاہد ہمارا گواہ اگر درکار ہے تو یہی تذکرہ ہزار داستان ہمارا سچا اور بلا تصنع اظہار ہے۔ فقط ✣

سید احمد دہلوی۔ مؤلف فرہنگ آصفیہ۔ ۲۱ مارچ ۱۹۱۱ء

قطعات تاریخ اشاعت خمخانۂ جاوید از نتائج افکار ماہر باکمال مشاق عدیم المثال مولوی حامد حسین صاحب قادری بچھرایونی مقیم رامپور

کیا خوب یہ تذکرہ ہے سبحان اللہ
تاریخ کی فکر ہے تو حامد لکھو
روشن ہوا سب میں اس سے نام شعراء
بے مثل خزانۂ کلام شعراء

دیگر

تذکرہ لکھا ہے بے مثل و نظیر
اک نظر جس نے اسے دیکھ لیا
سب میں مشہور یہ افسانہ ہوا
عاشق و والہ و دیوانہ ہوا
تذکرے طبع ہوئے بہتیرے
سچ تو یہ ہے کوئی ایسا نہ ہوا
تذکرہ کیا ہوا یہ اے حامد
بادۂ شعر کا خمخانہ ہوا

۱۹۱۱ء

دیگر

خوش سلیقہ ہیں بڑے لالہ سریرام ایم اے
یہ کتاب آپ نے لکھی ہے بہت ہی اچھی
یوں تو لکھے ہیں بہت تذکرے لوگوں نے مگر
ہمنے تالیف نہ دیکھی کوئی ایسی اچھی

اِس میں حالات کیے جمع سب عمدہ عمدہ
ایسی ہی طبع ہوئی جیسی کتاب اچھی ہے
چاہتے ہو تم اگر سالِ اشاعت حامد
اور غزلیں بھی لکھیں چھانٹ کے اچھی اچھی
کاغذ اچھا ہے قلم اچھا چھپائی اچھی
کہہ دو تاریخ لکھی ہے شعرا کی اچھی

دیگر

تاریخ شاعروں کی ہے یہ یا مشاعرہ
ہر نقطہ اس کتاب کا ہے رشکِ آفتاب
پھیلی ہوئی کہیں ہے بلاغت کی چاندنی
کیوں آفتاب بن کے نہ چمکے جہاں میں
ترتیبِ جلد دوم کا حامد یہ سال لکھ
یہ تذکرہ ہے یا شعرا کی ہے انجمن
ہر لفظ اس کتاب کا ہے غیرتِ چمن
دریا کہیں ہے اس میں بلاغت کا موجزن
ہیں قدر دانِ تذکرہ شاہنشۂ دکن
چھاپا گیا ہے خوب یہ گلدستۂ سخن

دیگر

ہیں جلوہ گر قرینہ سے سب شاعرانِ دہر
حامد نے جلد دوم کی تاریخ یہ لکھی
ہے یہ نمونہ انجمن اہلِ ہند کا
یہ انتخاب ہے سخن اہلِ ہند کا

دیگر

سچ تو یہ ہے حق میں اُردو شاعری کے یہ کتاب
سالِ ہجری کی اگر ہے فکر اے حامد حسن
رحمتِ پروردگار خالق مطلق ہوئی
کہہ دو اُردو شاعری کو اس سے اب رونق ہوئی

قطعۂ تاریخ نوشتۂ مولینا مولوی حاجی محمد فیاض الدین صاحب رامپوری

سخن پروراں فیض حاصل کنند
کہ ایں تذکرہ ہست محبوب طبع
بگوشم ندا از سروش آمدہ
بگو سال فیاض - مرغوب طبع

تقریظ و تاریخ رنجتہ کلک جواہر سلک سخنور یکتا شاعر بے ہمتا رشکِ عرفی و خاقانی جناب مولوی عبد الحی صاحب بیخود بدایونی مجسٹریٹ ریاست جودھپور فخر تلامذہ حضرت فصیح الملک داغ مرحوم

ناظرین! ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک سیکڑوں علوم ہزاروں فنون ایجاد

ہو کر اس طرح معدوم ہو گئے کہ اُن میں سے اکثر کا اب کوئی نام بھی نہ جانتا ہوگا۔ اور جانتا بھی ہو تو اُن کا تحصیل کرنا سعی بے حاصل سمجھا جاتا ہوگا ٭

اِس پیہم اختراع اور بالآخر اُسکی فنا کا باعث بجز اُسکے کیا سمجھا جائے۔ کہ انسانوں کی طبیعت۔ اُنکے مذاق۔ اُنکے خیالات۔ اُنکے مشاغل ایک دوسرے سے جُدا رنگ رکھتے چلے آئے ہیں۔ اور اِس دہرِ فانی میں خواہ کوئی کمال ہو یا اہلِ کمال کسیکو ثبات ہے نہ قیام۔ معہذا انسانی خصلت و ضرورت کو بھی آج نہیں تو کل تغیّر و تبدّل لازمی و لابدی ہے ٭

انسان کی حالت بھی بدل جاتی ہے	اور اُسکی طبیعت بھی بدلجاتی ہے
صورت۔ سیرت۔ مزاج۔ کسکا بیخود	بس حد ہے کہ قسمت بھی بدلجاتی ہے

دیکھئے سنسکرت کی عملداری میں اہل عرب ایران کے قدم آئے تو اُسی ضرورت و مذاقِ طبیعت کی بدولت اہلِ ہند عربی و فارسی میں تکمیل کر کے عالم بنے منشی کہلائے عرب ایران کے باشندے سنسکرت کی وسعت و حلاوت دیکھکر اسکے ایسے ماہر ہوئے کہ بجائے خود پنڈت بن بیٹھے۔ لیکن یہ حالت خواص سے متجاوز ہو کر عوام تک نہ پہنچی نہ پہنچ سکتی تھی۔ اور ضروریاتِ دینی و دنیاوی کے ہاتھوں ایک کو دوسرے سے سابقہ پڑنا ضروری تھا۔ لہذا تازگی و جدّت پسند۔ ایجاد و اختراع دوست طبائع کے میل جول سے ایک نئی زبان پیدا ہوئی جو لفظ اُردو سے منسوب اور مسمّی تھی اور ہے یہ زبان اوّل اوّل تو صرف ضروریات و معاملات میں مستعمل رہی۔ مگر اسکی دل کشی۔ اسکی وسعت اسکی حلاوت۔ اسکی آسانی سے یوماً فیوماً اسکی ترقی اور قدر بڑھتی گئی۔ یہاں تک کہ انشاپردازوں۔ سخن طرازوں نے اوائل عمر ہی میں اسکو اپنے آغوش میں اُٹھا لیا۔ اور دلی جذبات و خیالات کا اسی کے ذریعے سے اظہار شروع کر دیا۔ آخر الامر نظم و نثر کے ارباب کمال و نازک خیال حضرات کی

بدولت نوبتِ کار یہاں تک پہنچی کہ قصّوں کہانیوں میں اسی کا جلوہ۔ مکاتب و مدارس میں اسی کا جلوس۔ سرکاری و پرائیوٹ مطابع۔ اہلِ شرافت و تہذیب کے مجامع میں بلا امتیاز مذہب۔ اسیکا نورہ ظہور۔ دفاتر و مجالس میں اسی کا دور دورہ نظر آنے لگا۔ دینی و دنیاوی۔ تاریخی و مذہبی۔ علمی و عملی کتابیں اسی میں لکھی اور ترجمہ کی جانے لگیں۔ علم کی مسندِ حکومت کی کرسی۔ تجارت کی دوکان پر بھی یہی متمکّن ہوئی ✤

جب انگریزی حکومت و زبان کا عہد آیا تو بھی زمانۂ دراز و مدّت مدید تک ہر ایک علم و فن۔ اور یورپ کے اعلیٰ سے اعلیٰ انشاپردازوں۔ مستند سے مستند مورخوں کی عمدہ ترین تصانیف کے ہزار ہا ترجمے۔ ذی استعداد اہلِ قلم نے اسی زبان میں کیئے۔ جو مقبولِ خاص و عام ہوئے اور ابتک ہیں ✤

الحاصل سالہا سال نہیں بلکہ قرناً بعد قرنٍ اطرافِ عالم میں اسی کا آوازہ رہا۔ کوسِ لمن الملک الیوم اسی نے بجایا۔ قوانین و اخبار۔ گزٹ و اشتہار اسی زبان میں شائع ہوئے۔ حضور معدلت ظہور۔ ملکہ معظمہ امپرس وکٹوریا مرحومہ جیسی بیدار مغز رعایا پرور۔ ذی فراست شہنشاہ نے ایشیائی زبانوں میں اسی کو قابلِ ترجیح تصور فرما کر تحصیل فرمایا ✤

یہ واقعہ ترقی اُردو کے لیئے معراج تھا اور ہر ترقی کی ایک غایت ہر عروج کی ایک نہایت مقرر ہے چنانچہ اب اِدھر تو اکثر معززین میں اسی اُردوئے معلّی کے خلاف ایک جوش پیدا ہوا اور خلافِ اصلیت اسکو صرف مسلمانوں کی زبان ٹھیرا کر ترک واجب تناب کے قابل قرار دینا شروع کر دیا۔ اُدھر نئے مذاق نئے فیشن نے جہاں اور قدیمی رسم و رواج وضع و لباس سے اہلِ زمانہ کو نفور و بیزار کر دیا۔ وہاں موزوں طبع حضرات نے شاعری کی روشِ قدیم کو بھی چھوڑ کر ایک اور ہی آہنگ اختیار کی جو نیچرل یا مہذّب یا سچّی شاعری کے معزّز نام سے مسمّٰی ہوئی ہے اور زبانِ اُردو

کی طرح اساتذۂ متقدمین کی طرز روش کو بھی بغیر استثنا کے واجب الاحتراز قرار دینے میں ساعی و کوشاں ہوئے ✣

واہ رے جوش ترا فضلِ خزانِ اُردو	اہلِ اُردو ہی مٹاتے ہیں نشانِ اُردو
وہ بتاتے ہیں زباں اپنی غضب ہے ہندی	جنکے اجداد تھے سب مرتبہ دانِ اُردو
گو ہر اک گھر میں ہے اخبار و کتب کا انبار	جس سے ہر طرح نمودار ہے شانِ اُردو
اُنکو رہتی ہے مگر اب یہی کوشش شب و روز	کہ فنا وقت سے پہلے ہو زبانِ اُردو

اِس پُر آشوب اور سراپا شورش زمانے میں مکرّم سراپا اکرام گرامی منش عالی مقام زیبا خیال رنگیں کلام **لالہ سریرام** صاحب ایم اے کی ذات والا صفات مغتنمات سے ہے۔ جنھوں نے اپنا بیش بہا وقت اور بہت سا روپیہ خرچ فرما کر اُردو علمِ ادب کی ایک بسیط کتاب یعنی تذکرۂ شعرا کی تالیف کا ارادہ اور پھر اُس ارادے کو پُورا کیا ✣

بیخودِ ہیچمدان کو مؤلفِ ممدوح سے حصولِ نیاز یا ہمکلامی کا موقع آجتک نہیں ملا ہے مگر بفحوائے اِذَا عَدَمَ الْمَاءُ فَالتَّیَمُّمُ جَائِزٌ مراسلت کی نوبت بارہا آئی اور آتی رہتی ہے۔ اسکے سوا مخزنۂ جاوید یعنی تذکرۂ موصوف کی جلد اول من اوّلہ الی آخرہٖ کرتا بعد آخری دیکھ چکا ہے۔ سُبحَانَ اللّٰہِ وَعَلَیہِ عَینُ اللّٰہِ۔ کیا زبان ہے اور کسدرجہ صفائی اور روانی بیان۔ ہر ایک شاعر و ناظم کے بیانِ حال میں جو عبارت تحریر فرمائی ہے وہ بیساختہ اور ایسی مطبوع و مرغوب کہ آنکھ پڑتے ہی دل میں گھر کیے بغیر نہ رہے سب کا کلام اس طرح منصفانہ و بے تعصب منتخب و درج فرمایا ہے جس سے صاحب کلام کو شکایت یا ناظرین کو بے دماغی و سرگرانی کا موقع نہ ملے۔ شعر کے مذاق طبیعت و رنگ سخن۔ یا اُنکے کلام کی دل کشی و دل نشینی کی نسبت جو رائے ظاہر یا قائم کی ہے وہ راستی و صداقت سے اسقدر دوشادوش ہے کہ ہر ایک کا کلام

زبانِ حال سے مؤلفِ زید مجدہٗ کی ہمکلامی اور ہم خیالی کر رہا ہے۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ شعرائے اردو زبان کے تذکرے قبل ازیں بہت سے تالیف ہو کر شائع ہو چکے ہیں۔ اور اُن میں سے اکثر کے سر پر اولیت کا تاج یا اولویت کا سہرا بھی نظر آتا ہے۔ لیکن جامعیت و تعمیم، شرح و بسط کا زیبا اور موزوں خلعت جو گنجینۂ جاوید کو میسّر ہوا ہے یہ اسی کا حصّہ تھا اور ہے۔

اور تذکروں کے مصنّفین نے زبانِ اُردو کی طفلی یا شباب و کمال کے زمانے میں شعراء کی مدح سرائی کی تھی۔ اسکے نازکخیال سے بے تعصب سنجیدہ مذاق۔ کامل الاستعداد مؤلف نے بیمارِ اُردوئے معلّی کے آخر وقت میں چارہ فرمائی و مسیحائی کی ہے ولہذا میرے اُستاد الاستاد نجم الدولہ حضرت غالب دہلوی مرحوم نے ایک قصیدے کی تشبیب میں جہاں شاعرانہ تعلّی اختیار کی ہے وہاں فرماتے ہیں کہ۔

گوہر نہ بکان۔ کاں بگہر روی شناس ست	برفرِ حیّ ذات دلیلم اب و عم را

اِس دَور اور اس عہد میں اِس مضمون کے مصداق تام وہی مخدوم الانام جناب لالہ سریرام صاحب ہیں کہ آجکے دن یگانۂ عصر و مشہور اُنکے جدِّ امجد عالیجناب **راجہ ٹوڈرمل** بہادر زندہ ہوتے تو یکتائے روزگار نہیرۂ لیاقت شعار کی ذات ستودہ صفات پر فخر و مباہات کرتے ؎

مرجع علم و ہنر لالہ سریرام ایم اے	دہلوی مسکن و رنگیں رقم و سحر بیان
صاحب جاہ و حشم منبع احسان و کرم	فلک مہر و عنایات کے مہر تابان
جن کا ہر ایک یہ ظاہر ہے حسب اور نسب	جنکے اوصاف گرامی ہیں زمانے میں عیان
نیک خو نیک سیر نیک منش نیک نہاد	اہل دل اہل وفا اہل دوا اہل زبان
برتے برتائے ہوئے شیوۂ ارباب کمال	دیکھے بھالے ہوئے اصحاب سخن کے دیوان
اُنکی تصنیف نہ ہر شخص کو ہو کیوں مطبوع	اُنکی تالیف ہو کس طرح نہ مقبولِ جہان

دہرِ فانی سے فنا ہو گئے جتنے شعراء
اُنکے ناموں کی بقا کا ہے یہ اچھا سامان

جنکو مہلت ہے ابھی خلق میں زندہ ہیں وہ لوگ
اُنکو یہ جنسِ گراں مایہ مبارک ارزاں

اندراجِ اسقدر اشخاص کا کچھ سہل نتھا
انتخابِ اسقدر اشعار کا کب تھا آسان

نظم سے رائے زنی اہلِ سخن کی نسبت
وہ بھی اس طرح کہ جو راست ہو بے ریب و گمان

کہنے کی جس سے ہوا ہو نہ کسیکو شکوہ
کہنے کی جس میں تصنع کا نہ ہو نام و نشان

نثر دلچسپ وہ جسپر دلِ نثار نثار
منتخب شعر وہ جس پر شعرا خود قربان

خوبیاں سب یہ مؤلف ہی کا حصہ تھیں غرض
ہیں یہی معرکہ نظم کے مردِ میداں

کسکو فرصت ہے زمانے میں جو اسطرح رہے
سالہا در پئے تالیف عیاں اور نہاں

کسکو ہمت ہے زمانے میں جو یہ صرف اٹھائے
اور ہمت بھی اگر ہو تو یہ مقدور کہاں

کیا لکھے بیخود مغموم صفت در خورِ شوق
کہ نہ قابو میں طبیعت ہے نہ کہنے میں زبان

وہ طبیعت ہو نہ وہ دل نہ وہ دن ہیں نہ وہ سن
جن میں دشواری و مشکل تھی نظر میں آساں

اب تو بس ترکِ سخن عین سخن فہمی ہے
ابتو لسان وہی ہے جو کرے کف لسان

یہ دعا ہے کہ رہے شاد مؤلف اس کا
اور یہ خمخانہ رہے دہر میں باہر و نشاں

فخرِ تاریخ اگر ہے تو یہ لکھدے بیخود
کہ ہے خمخانہ یہی فرج وہ پیر و جواں

۱۱ ۱۹۱۶ء

دیگر

سراپا لطف مخدومی سرہ برام
ہر اک جانب ہے جن کا آج شہرا

خیال آیا انھیں تالیف کا جب
تو لکھا تذکرہ یہ شاعروں کا

بظاہر سہل تھا یہ کام لیکن
سمجھ ہو تو یہی دشوار بھی تھا

ہزاروں شاعروں سے خط کتابت
ہزاروں پر جوابوں کا تقاضا

جوابوں کی رسیدیں سب کو دینیں
کلاموں کا پرکھنا جمع کرنا

ہر اک شاعر کے کچھ حالات لکھنے
بہ آئینِ خوش و الفاظِ زیبا

مرے مخدوم والا منزلت نے
یہ سب کچھ کر دکھایا اور سب اچھا

لکھوں سالِ اشاعت اس کا میں بھی		یہ میرے دل میں بھی رہ رہ کے آیا	
تو نکلے تین سنہ اک مادے میں		یہ مخمخانہ ہے اب۔ بمثل لکھا	

یہ مخمخانہ ہے اب۔ یہ مخمخانہ ہے اب بمثل۔ یہ مخمخانہ ہے اب بمثل لکھا۔

سنہ ۱۳۲۹ ہجری سنہ ۱۹۱۱ء سمت ۱۹۶۷ بکرمی

اقتباس از تحریر و قطعہ تاریخ از سخنور شیریں زبان فصیح اللسان منشی محمد نوح صاحب رئیس قصبہ بارہ ضلع الہ آباد از تلامذہ حضرت فصیح الملک مرزا داغ دہلوی مرحوم

میں نے تذکرۂ ہزار داستان کو دیکھا۔ جسقدر آپکی محنت کی داد دیجائے وہ کم ہے آپنے تمام شعراء کا حال لکھکر اُردو زبان پر بڑا احسان کیا اور سب کے کلام کو از سرِ نو زندہ کردیا میں سچے دل سے آپکی اِس گرانمایہ تالیف کی قدر کرتا ہوں۔ خدا اس کا اجر آپ کو عطا کرے۔ تاریخ حاضر ہے۔

کیا کروں وصف سر بر آرام کا میں		تذکرہ ہے کہ کوئی افسوں ہے	
نوح مخمخانۂ جاوید کا سال		ساغرِ بادۂ نو۔ موزوں ہے	
		۱۳۲۹ھ	

اقتباس از عنایت نامہ محررہ شاعر نازکخیال رنگین مقال منشی افضل حسین ثابت لکھنوی ریڈر ڈویزنل کورٹ ریاست کوٹہ جیوتانہ

مخدومی! (محسنِ شاعرانِ ہندوستان) زادعنایتکم۔ تسلیمات۔ تذکرہ ہزار داستان مرسلۂ جناب میں نے وقتاً فوقتاً جابجا سے اور پھر شروع سے اخیر تک دیکھا حقیقت میں آپنے بڑا کام کیا ہے اور بڑی بے تعصبی سے لکھا ہے۔ تقریظوں میں جو کچھ تعریفیں بعض معاصرین نے فرمائی ہیں۔ وہ بالکل سچ ہیں ٭

اقتباس از تحریر عالم بعدیل فاضل بنظیر مولنا غلام نبی صاحب امرتسری

لالہ سریرام صاحب ایم اے - رئیس دہلی - میں نے تذکرۂ خمخانۂ جاوید کو سرسری نظر سے مطالعہ کیا - نہایت ہی دلچسپ عجیب غریب اور اپنے نرالے ڈھنگ میں یکتا ہے - میں اس پر ریویو نویسی کا مدعی نہیں - یہ بڑا کام میری لیاقت - طاقت اور حیثیت سے باہر ہے اور یہ کام آسان امر نہیں - نہ ہی بازیچۂ طفلاں ہے - اس پر جو کچھ لکھنا چاہیئے تھا وہ بڑے بڑے چیدہ سخن سنج اصحاب لکھ چکے ہیں - جو نادر رائیں منظوم اور منثور اس جلد اول کے آخر میں چسپاں ہیں - واقعی جو کچھ ان صاحب قلموں نے اس بے نظیر کتاب پر ارقام فرمایا ہے وہ نہایت ہی موزوں اور مستحسن ہے ٭

اس مبسوط اور معقول کتاب کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے واسطے مصالحہ فراہم کرنے کے لیئے بہت محنت شاقہ برداشت کی ہے - ہر ایک شاعر کے کلام سے اس کا چیدہ کلام نقل کر کے انگریزی قاعدے کے مطابق اسکی بایوگرافی یعنی مختصر تذکرہ بھی ساتھ ساتھ دیا ہے - اور اسے اس طور سے لکھا ہے کہ اسکے کلام کی وقعت اور توقیر بھی مشرقی مذاق کے ساتھ قائم رہے - اور ایسی حیرت انگیز عبارت لکھتے ہیں کہ پڑھنے والے پر دو چند اثر کرتی ہے - اگر میری رائے غلط نہیں ہے تو ہندوستان کی ہر ایک بڑی لائبریری میں یہ کتاب ہونی چاہیئے - اور باقی سکولوں میں اسکی ایک ایک جلد گورنمنٹ انڈیا کی سفارش سے رکھی جانی چاہیئے - کیونکہ اردو میں اس مضمون کی بڑی کتاب ابتک نظر سے نہیں گزری ٭

راقم - غلام نبی امرتسری

قطعاتِ تاریخ رنختہ قلم مشکین رقم جناب خواجہ میرزا قمر الدین خاں صاحب راقم دہلوی

خلف الصدق ناظم بے نظیر و ناثر بے عدیل جناب خواجہ بدر الدین خان المعروف
بہ خواجہ امان دہلوی مرحوم بوستان خیال ہر ہشت جلد و نبیرۂ نجم الدولہ دبیر الملک
میرزا اسد اللہ خان غالب دہلوی مرحوم و مغفور

تذکرہ کے لیئے تاریخ نئی کیا لکھوں — فکر سالم نہیں مشکل مجھے پوری یہ ہے
خاطرِ دوست کا ایما کہ ادا ہو پیغام — کرنی فرمایشِ مخدوم ضروری یہ ہے
چار و ناچار قلم سے یہی نکلا راقم — نثر زیبائی میں سینۂ ظہوری یہ ہے
دیگر — ۱۹۰۹ء
کیا تذکرہ لکھا ہے سریرام آپ نے — قاصر ہے جسکے وصف میں کلکِ گہر فشان
کیا دہلوی زبان ہے کیا رنختہ کلام — پیدا ہیں فقرہ فقرہ سے ہر رنگ شوخیاں
ہر نثر دلفریب ہے۔ ہر نظم دلربا — دلکش سخن سخن ہے دل آرا زباں زباں
مضموں کو دیکھیئے تو مذاق آفریں خیال — ہر لفظ رنگِ حسن میں ہے حسنِ شاہداں
بے مثل و لاجواب ہے راقم یہ تذکرہ — خمخانہ میں رہے گا یہی جام جاویداں
دیگر — ۲۰ ۱۳ھ
کم کردہ قافیہ سے الف تا رہے مدام — صورت کدہ ہیں دہر کے تصویرِ شاعراں
تذکرہ کیا تذکرہ ہے یادگارِ شاعراں — کارنامہ ہے سخن کا۔ یا زبانِ رنختہ
جتنی تاریخیں ہیں تقریظیں ہیں معنی آفریں — پیدا اک اک لفظ سے ہے داستانِ رنختہ
نظم رنگیں۔ نثر رنگیں۔ وہ دل آرا دلفریب — ہر فقرہ کا سرمہ ہے فیضِ زبانِ رنختہ
فقرہ فقرہ میں ہے اعجاز مسیحائی اثر — جان میں اردو کے آئی تازہ جانِ رنختہ
ہے کمالِ شاعری رنگِ عبارت دیکھیئے — صفحہ صفحہ میں بہارِ بوستانِ رنختہ
سلکِ معنی میں مصنف نے پروئے ہیں گہر — کانِ گوہر ہے بنی زیبا زبانِ رنختہ
لاؤ گلچیں کو کہاں ہے؟ چن لے دامن میں تو گل — بکھرے صفحوں پر ہیں گلہائے بیانِ رنختہ

قفل ہے کنجی نہیں۔ کیونکر کھلے بابِ سخن	بند ہے گنجینۂ رازِ نہانِ ریختہ
کہہ دو راقم رازِ تاریخ از سرِ بابِ سخن	بحرِ معنی ہے زبانِ ریختہ

۱۹۰۹ء

تقریظ دلپذیر از علامۂ عصر فضیلت مآب جناب سیّد کرار حسین صاحب روحانی میرٹھی سپرنٹنڈنٹ دفتر صاحب کمشنر الہ آباد

گزارش بصد تسلیم و تعظیم۔ بخدمت جناب رائے سیریرام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی و منصف لاہور۔ خلف الصدق اونریبل جناب رائے بہادر مسٹر بدن گوپال صاحب ایم۔ اے۔ ممبر کونسل و بیرسٹرائٹ لا دہلوی مرحوم۔

کل کیا اچھی صبح تھی کہ آپکے تذکرۂ ہزار داستاں یعنی "خمخانۂ جاوید" کی جلد اول جسمیں ردیفِ الف و بے کے تمام شاعرانِ اُردو مندرج ہیں۔ اِس خاکسار کے پاس پہنچی۔ علی الفور مَیں اُسکے مُطالعہ میں مصروف ہو گیا۔ جستہ جستہ دیکھا۔ اُسکی مسرّت اور شوق مطالعہ میں ایسا محو ہوا کہ جملہ ضروریات سہو ہو گئیں۔ آپکے خاندان کے مورثِ اعلیٰ راجہ ٹوڈرمل نے جو کارنامے سلطنتِ اکبری میں کیئے۔ اور آپکے والدِ مرحوم نے علومِ قوانین میں جو مرتبۂ بلند حاصل کیا۔ اُس سے آپکی یہ تذکرہ نگاری کسی طرح کم عظمت نہیں رکھتی۔ سترہ سال تک جو محنتِ شاقہ آپنے کی ہے۔ سفر کیئے ہیں۔ صحت کھوئی ہے۔ روپیہ خرچ کیا ہے۔ نہایت آب اور تہذیب سے ہر شاعر کا تذکرہ لکھا ہے۔ اور بڑے اہتمام صفائی اور عمدگی سے اُس کو چھپوایا ہے۔ اور اس شغل سے دیگر مشاغل کو جو زیادتی جاہ و دنیوی کا باعث ہوتے ترک کیا ہے۔ اور شعرائے اُردو کے تمام ناموں اور حالات کو جو ہنوز کسی نے پُورے یکجا نہ کیئے تھے۔ اِس کتاب میں آیندہ نسلوں کے لیئے محفوظ کیا ہے۔ وہ واللہ آپ کو درجۂ بلند میں قائم کرتا ہے۔ خلعتِ جاوید پہناتا ہے۔ خدا آپ کو جزائے کثیر دے۔ بغیر ایسی ہمتِ مستقل اور محنتِ جاں گسل اور ذوقِ فطرتی اور شوقِ قدرتی اور تائیدِ ایزدی کے یہ کام

کسی سے ہونے والا نہ تھا۔ ایسن کی تاریخ انقلابِ یورپ اور سپہر کی ناسخ التواریخ کو۔ جو جامعیت کا سہرا حاصل تھا وہی آپکے تذکرے کو تاج ملنا چاہیئے۔ مجکو اس امر کی تصدیق کا کامل موقعہ ہے کہ جو حالات شعرا کے لکھے گئے ہیں وہ صحیح اور تاریخی ہیں۔ مثلاً اُن لوگوں کے حالات سے میں اِس امر کا بخوبی اندازہ کرسکتا ہوں جنسے مَیں بذاتہٖ واقف ہوں ✤

(۱) مرزا ارشد گورگانی صفحہ ۲۶۲ میرے والدِ مرحوم کے بڑے دوست تھے مہینوں میرٹھ میں والدِ مرحوم کے پاس رہے۔

(۲) میر اکبر حسین صاحب جج آلہ آبادی۔ کہ میرے بڑے مکرم ہیں صفحہ ۳۸۱

(۳) برادرِ عم زاد مرحوم سید محمد مرتضیٰ بیان ویزدانی کہ والدِ مرحوم کے شاگرد ہی تھے۔

(۴) مرزا محمد جعفر اوج خلفِ میرزا دبیر کہ اُن سے نیاز موروثی حاصل ہے۔

مَیں چونکہ میرٹھ کا رہنے والا ہوں اور دادا صاحب مرحوم سید کفایت علی صاحب قبلہ ۱۸۶۳ء سے ۱۸۶۹ء تک دہلی میں سرکاری عہدوں پر ممتاز رہے۔ مَیں وہیں پیدا ہوا وہیں تربیت پائی اور جناب والدِ مرحوم کی صحبت میں ہمیشہ دہلی کے عمائد و اکابر رہتے تھے اِس کتاب میں اُن سب کو دیکھتا ہوں کہ مر گئے تھے۔ پھر زندہ ہوکر آ بیٹھے۔

حسنِ سیرت کے علاوہ کتاب میں حسنِ صورت بھی ہے۔ عمدہ جلد ہے۔ جلد پر طلائی نام لکھا ہے۔ ٹائٹل پیج نہایت لاجواب مطلا۔ رنگین۔ اور خوشنما۔ تصویریں آپ کی نہایت دلاویز۔ خط آپ کا نہایت پاکیزہ۔ چھاپہ نہایت روشن صاف۔ کاغذ اعلیٰ ولایتی شفاف تقریظیں بڑے بڑے باکمالوں کی۔ غرض کوئی دقیقہ اُسکی خوش اسلوبی اور محبوبی میں باقی نہیں۔ مَیں نے چونکہ والدِ مرحوم کے کلیات کی تدوین میں ۲۳ سال محنت کی۔ فراہمی کلام۔ اور عمدہ چھپوانے کا انتظام ایک بلائے عظیم تھا۔ لہٰذا مَیں آپکی مستقل محنت گرد آوری تذکرہ کا پورا پورا اندازہ کرسکتا ہوں۔ آخر میں آپ کو دعائے خیر دیکر رخصت ہوتا ہوں۔

سید کرامت حسین۔ ۴ جولائی ۱۹۰۹ء

تقریظ تاریخہ کلک جواہر سلک شاعر شیرین مقال ناظم باکمال جناب ارشاد نبی صاحب ارشاد۔ وکیل بہاولپور متعینہ ریاست پٹیالہ

ع "مرد ے از غیب بروں آید و کارے بکند"

یہ مصرع اگرچہ مدت سے سنتے چلے آتے ہیں۔ اور شاید پہلے سیکڑوں کی حالت پر منطبق بھی ہوا ہوگا۔ مگر فی زمانہ جیسا کہ لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے۔ دہلوی کی شان میں صادق آیا ہے۔ شاید ہی کسی کے لیئے آیندہ موزوں ہو۔ "خمخانۂ جاوید" کی تالیف کا وہ کارِ اہم انھوں نے انجام دیا ہے کہ جسکی نظیر زمانۂ موجودہ میں تو کجا شاید زمانۂ آیندہ میں بھی نہ ملے۔

اِن دنوں میں جبکہ زبانِ اُردو کی کشتی گرداب میں پڑی ہوئی تھی اور باد مخالف کے جھونکوں سے ڈگمگا رہی تھی۔ لالہ صاحب موصوف نے ناخدائی کی اور خمخانۂ جاوید کی تالیف سے اُردو کو تباہی سے بچا لیا۔ اور اِس ناؤ کو ڈوبنے نہ دیا ✣

مغربی تعلیم کا اُردو پر خراب اثر پڑا۔ اور نئے تعلیم یافتہ صاحبوں نے اُردو کی اصلیت کو چھپا دیا۔ خواہ مخواہ بلا ضرورت انگریزی کے الفاظ اُردو میں داخل کر کے ایک نرالی زبان بنالی۔ جسکو عوام الناس تو کیا سمجھیں۔ تھوڑی بہت انگریزی پڑھے ہوئے بھی اچھی طرح نہیں سمجھتے۔ بیچارے متکلم کا مُنہ تکتے ہوئے رہ جاتے ہیں ✣

لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے نے باوجود گریجویٹ ہونے اور زبان انگریزی کی معراج پر پہنچ جانے کے ایسی پاکیزہ اور سلیس اُردو لکھی ہے کہ دوسرے گریجویٹوں سے دشوار ہے جو تمہید لالہ صاحب نے لکھی ہے اُسکو پڑھکر پچیس تیس برس پیشتر کا زمانہ یاد آجاتا ہے۔ اُس وقت کی مجالس و محافل کا سماں آنکھوں میں پھر جاتا ہے۔ مؤلف نے کتاب لکھنے میں اِس امر کا التزام رکھا ہے کہ حتی الوسع کوئی لفظ انگریزی زبان کا نہیں آنے دیا ہے وہ ٹھیٹھ اُردو لکھی ہے جسکو اُردوئے معلّی کہنا بہت موزوں ہوگا ✣

آجکل جبکہ اُردو کی فصاحت اور دیگر خوبیوں پر خاک ڈالی جارہی ہے۔ اور صرصرِ مخالفت اُسکو بدنما صورت میں دکھارہی ہے۔ مؤلف نے اپنی وضع قدیم کو قائم رکھا۔ اپنی مادری زبان میں سرِ مُو فرق نہ آنے دیا اور اُردو کی اصل خوبی و خوبصورتی و وسعت کو دکھا دیا ✤

"خمخانۂ جاوید" کی تالیف سے مؤلف نے ایک قسم کی کرامت دکھائی ہے جو بلا تائیدِ ایزدی انسان سے ظاہر ہونی دشوار ہے۔ مُردوں کو جو ہر مسیحائی دکھا دیا اور زندوں کو خضر صفت آبِ حیات پلا دیا۔ متقدمین کے نام کو زندہ کر دیا۔ اور شعرائے حال کے نام زندہ رہنے کا سلسلہ کر دیا۔ وہ کام کیا کہ مدعیانِ مسیحیت سے بھی اِس کا پاسنگ نہ ہوسکا "خمخانہ" کو اگر "حیاتِ جاوید" کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا ✤

اہلِ ہند کو مؤلف کا دل و جان سے مشکور ہونا چاہیئے۔ شائقینِ اُردو کو "خمخانہ" زیرِ مطالعہ رکھنا چاہیئے۔ تصانیفِ جدیدہ میں وہ خمخانہ سے بہتر کوئی کتاب نہیں پاسکتے۔ اگرچہ اُردو زبان میں اخبار رسالے۔ اور ناول بکثرت شائع ہوتے ہیں۔ مگر اُن میں یہ خوبی زبان کہاں؟ بعض کی زبان تو پایۂ فصاحت سے ایسی گری ہوئی ہوتی ہے۔ گویا کہ انگریزی کا لفظ بلفظ ترجمہ کیا گیا ہے۔ چند ہی سطور پڑھ کر دل اُکتا جاتا ہے۔ برعکس اِسکے "خمخانہ کی" ایک ہی سطر میں وہ لُطف و سُرور حاصل ہوتا ہے کہ کتاب چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا ✤

اُمید ہے کہ ایسے گوہرِ بے بہا کو صاحب ڈائرکٹر شعبۂ تعلیم پنجاب بھی ہاتھ سے نجانے دینگے اور اُردو کورس میں اِس کا بھی کوئی حصہ داخل کرکے بچوں کو بھی اِس سے فائدہ اُٹھانے دینگے ✤

"خمخانۂ جاوید" ایسا بسیط تذکرۂ شعراء ہے کہ اِسکی موجودگی اور تذکروں کی تلاش سے مستغنی کر دیتی ہے "خمخانۂ جاوید" بہمہ صفت موصوف۔ سلاستِ عبارت۔ پاکیزگی خط و عمدگی کاغذ کے لحاظ سے اپنی نظیر آپ ہے۔ لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے کی تلاش

جانفشانی۔ لیاقت۔ ثابت قدمی کی جو تالیفِ خمخانہ میں اُن سے ظاہر ہوئی ہے دل سے داد دیتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح اپنی تائید۔ تالیفِ تذکرہ میں مؤلف کے شاملِ حال فرمائی تھی اُسی طرح اشاعت میں بھی امداد فرمائے تاکہ کوئی گھر "خمخانہ" سے خالی نہ رہنے پائے۔ بادہ کشوں کے ہاتھ میں بجائے ساغرِ شرابِ انگوری کے خمخانہ سرِ رامی ہو

کہاں نسبت ہے خمخانہ سے میخانے کو اے ساقی! | چلائے فہم ہو اِس سے نہ رکھے ہوش وہ باقی

قطعاتِ تاریخ تذکرہ ہزار داستان معروف بہ خمخانہ جاوید جلد دوم از رشحہ قلم جواہر رقم منشی فیاض احمد فاروقی کورٹ انسپکٹر جودھپور سابق تلمیذ حضرت داغ دہلوی مرحوم

دولت ہے حقیقت میں بڑی فنِ سخن بھی | تقدیر سے دے جسکو خداوندِ تعالیٰ
محفوظ ہے ہر حال میں واللہ یہ پونجی | صندوق کی حاجت ہو نہ درکار ہے تالا
اِس فن کی زمانے میں کبھی قدر تھی ایسی | ہر شخص سمجھتا تھا اِسے گھر کا اُجالا
ہر ایک کو تھی اسکی طلب اسکی تمنا | گو مشغلۂ شعر نہیں مُنہ کا نوالا
لوگ آتے تھے خوش محفلِ اشعار سے ایسے | پی آئے ہیں گویا مئے خالص کا پیالا
جی کھول کے کی قدر شریفوں نے سخن کی | اِس فن کو بڑے شوق بڑے پیار سے پالا
آنکھوں پہ جگہ دیتی تھی دنیا شعرا کو | تھا مرتبۂ اہلِ سخن برتر و بالا
وہ کونسا میدان ہے جو اِن سے بچا ہو | کس معرکہ میں اِنکے رہا ہاتھ نہ پالا
ہر انجمن و بزم میں ممتاز یہی تھے | بول اِن کا رہا دہر میں ہر طرح سے بالا
اچھے ہی لیے کام طبیعت سے اِنھوں نے | سکّہ نہ نکما کوئی اِس سانچے میں ڈھالا
یہ لوگ اِسکے مددگار نہ ہوتے | اُردو کا نکل جاتا حقیقت میں دوالا
ہوتی نہ کبھی محبتِ الفاظ پہ تسکیں | ملتا نہ اگر قولِ سخنور کا حوالا
اب کوئی نہیں پوچھتا اربابِ سخن کو | اب انجمنِ شعر و سخن ہے تہ و بالا

اِس درجہ نحوست نے اِنھیں گھیر لیا ہو
تاریک اگر رات ہے تو دن بھی ہے کالا

بے شبہہ وہ بیقدریٔ ابنائے زماں ہے
اِن لوگوں کو جس چیز نے پستی میں ہے ڈالا

کچھ ایسی گئی گزری تھی حالت شعرا کی
ہر شخص سے آسان نہ تھا اِس کا ازالا

ہوتا نہ کسی طرح فروغ اہلِ سخن کو
لیتا یہ گروہِ متبرک نہ سنبھالا

مٹجاتا زمانے سے نشانِ شعرا ہی
رہتی یہی حالت اگر اے حضرت والا

صد شکر کہ لالہ سریرام نے ہمت
ترتیب دیا تذکرۂ خوب نرالا

اِس شخص نے بروقت خبر لی شعرا کی
بیطرح مصیبت سے پڑا تھا انھیں پالا

حالاتِ سخن گویاں پہ وہ روشنی ڈالی
آنکھوں سے نظر آیا اندھیرے میں اجالا

چھوڑا کسی شاعر کو نہ۔ زندہ ہو کہ مُردہ
ہر اک پہ ہوا ہے کرم حضرت والا

اِس بزم میں ہیں ہندو مسلمان برابر
ہے ایک یہاں۔ خواہ ہو تسبیح۔ کہ مالا

اب آتی ہیں آنکھوں سے نظر اُنکی شبیہیں
جن لوگوں کو ہمنے کبھی دیکھا ہے نہ بھالا

پائینگے عروج اہلِ سخن دیکھنا کیا کیا
گمنامی و پستی کو دِلا دیں نکالا

بے فکر رہیں اب شعرا خوب سمجھ لیں
یہ تذکرہ عمرِ ابدی کا ہے قبالا

یہ چیز بڑے کام کی ہے غور سے دیکھو
سمجھو نہ اِسے تم کوئی بے کار رسالا

ہے دلکش و دلچسپ و دل آویز یہ دفتر
پائیگا عجب لطف ہر ایک دیکھنے والا

کیوں روح تروتازہ نہ ہو دیکھکے اِسکو
یہ تذکرہ گلہائے شگفتہ کا ہے تھالا

ہے اِسکی بہار ایسی کہ غیرت سے چمن میں
بیمار جو نرگس ہے تو پُر داغ ہے لالا

کیا خاک نظر آئیں اُنھیں خوبیاں اِسکی
ہر حاسد و بدخواہ کی ہے آنکھ میں جالا

نیت ہو اگر نیک تو ہر کام ہے اچھا
مسجد کوئی بنوائے کہ بنوائے شوالا

لیکن ہے حقیقت میں بڑی سب سے یہ نیکی
اِک ڈوبے ہوئے فرقے کو پستی سے نکالا

گو کام تھا یہ سخت مگر کر کے ہی چھوڑا
اُکتائی طبیعت نہ۔ زہے ہمت والا

کس طرح نہ ہم اسکے مصنف کو سراہیں — کام آنہیں سکتا ہے کوئی حیلہ حوالا
تھا شوق لڑکپن سے اسی کام کا اسکو — تھی مدِ نظر دُھن یہی جب ہوش سنبھالا
اسکے لیئے کوسوں کا سفر اُسنے کیا ہے — ہارج ہوا دریا نہ کوئی راہ میں نالا
دن رات کی جاں کاہی و محنت کا ثمر ہے — کچھ سہل نہیں جمع ہوا ہے یہ مسالا (مصالحہ)
یہ لالہ سریرام کا احسان ہے بھاری — جو شخص نہ مانے وہ ہے لاریب رذالا
یہ تذکرہ مطبوعِ خلائق ہوا الٰہی — ہر سمت سے آواز یہی آئے کہ لا لا
فیاضؔ نے تاریخ کہی تذکرہ پاکر — پایا ہے مُرصّع شعرا رکا یہ نزالا

دیگر

احسان مندِ لالہ سریرام کیوں نہ ہوں — دلچسپ و دلپذیر ہے چھاپا ہے تذکرہ
فیاضؔ کہہ دو مصرعۂ تاریخ طبع تم — لاریب بے بدل ہے سراپا یہ تذکرہ

۱۰ ۲۸ ۱۳ ۱۹ء

تقریظ دلپذیر از ناثرِ اعجاز قمر منشی دیا نرائن نگم بی اے اڈیٹر رسالہ "زمانہ"

تذکرۂ "ہزار داستان" کی جلد اوّل بھی کل مل گئی۔ اس ہدیہ کے لیئے میرا دلی شکریہ قبول فرمایئے۔ میں تہ دل سے اسکی اشاعت پر مبارکباد دیتا ہوں۔ شکر ہے کہ آپکی سترہ سال کی محنت ٹھکانے لگی۔ اور تذکرہ جسکے لیئے آنکھیں ترس رہی تھیں بالآخر شائع ہوگیا۔ بیشک آپنے زبانِ اُردو پر جو احسان کیا ہے اُس کا شکریہ ممکن نہیں ہے۔ آج اور کل کے درمیان میں اسے اکثر دیکھ گیا ہوں۔ "زمانہ" میں بہت جلد ایک بسیط تنقید شائع ہوگی جسے پڑھ کر یقیناً آپ خوش ہونگے۔ اس جلد کے آنے سے قبل ہی میں نے ایک لائق دوست سے تنقید لکھوانا شروع کردی ہے۔ بیشک آپنے اسکی ترتیب تالیف میں ہزارہا روپیہ اور اپنے بیش بہا وقت کا خاصہ سرمایہ صرف کیا ہے۔ ملک اور اُسکے علمی قائم مقاموں کو دل کھولکر اس محنت اور محبت کی داد دینا چاہیئے ٭

اتنے بڑے تذکرے میں چند فروعی اغلاط کا رہجانا غیر ممکن نہیں ہے۔ مگر پھر بھی

آپکی جستجو۔ آپکی تحقیقات اور محنت ہر طرح سے قابلِ داد ہے۔ فروعی غلطیوں سے میری مُراد حالاتِ شعراء سے مثلاً غلام یٰسین آہ کے متعلق رسالۂ الصدق وغیرہ کے اجراء کا ذکر انکے بھائی آزاد سے تعلق رکھنا ہے۔ مگر یہ باتیں اتنی ضخیم کتاب میں ناگزیر ہیں۔ بہ حیثیت مجموعی تذکرہ نہایت خوش اسلوبی اور بڑی لیاقت کیساتھ لکھا گیا ہے۔ اور اس پر ہم سب کو ناز کرنا چاہئے خدا کرے بقیہ جلدوں کی اشاعت میں بھی زیادہ تعویق نہ ہو۔ کیونکہ اس جلد نے شوقِ مطالعہ کو اب دوبالا کردیا ہے۔ مرقوم ۳۱ جولائی سنہ ۱۹۰۸ء

تقریظ از قلم مرصع نگار ناظم باکمال ناثر بیمثال جناب منشی رام رجھپال صاحب شیدا دہلوی اڈیٹر آرمی نیوز لدھیانہ

مطبوعہ ۸ اگست سنہ ۱۹۰۸ء

تذکرۂ ہزار داستان یعنی اُردو شعراء کا تذکرہ جس کا تاریخی نام "خمخانۂ جاوید" ہے۔ لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے منصف دہلوی۔ خلف الصدق اونریبل رائے بہادر مدن گوپال صاحب بیرسٹرایٹ لا مرحوم کی تصنیف سے ہے۔ اسکی پہلی جلد جسکی ضخامت ۸۰۰ صفحہ کے قریب ہے چھپکر تیار ہوئی ہے اور وہ اس وقت ہماری میز کو زینت دے رہی ہے۔ یہ تذکرہ پانچ جلدوں میں ختم ہوگا۔ فاضل مصنف کی سولہ سال کی محنت اور صدہا مرتبہ کی نظرثانی اور ہزارہا روپیہ کے صرف کے بعد یہ نادر کتاب ظہور میں آئی ہے۔ تذکرے یوں تو صدہا لکھے گئے ہیں اور ان سب میں باتفاق اہلِ نظر "آبِ حیات" کو سب پر فوقیت حاصل ہے۔ مگر آبِ حیات میں صرف چند نامی گرامی اُستادوں کا ذکر ہے۔ اگرچہ جو کچھ ہے اُردو زبان کے لیئے مایۂ ناز ہے تاہم شائقینِ سخن کی پیاس بجھانے کو کافی نہیں۔ "خمخانۂ جاوید" گویا آبِ حیات کی تفسیر ہے جو نہایت مکمل اور واضح ہے۔ اعلیٰ حضرت آصفجاہ نظام دکن نے جو اُردو زبان کے سب سے بڑے سرپرست اور اقلیمِ سخن کے بھی تاجدار ہیں "خمخانۂ جاوید" کو اپنے نام نامی سے معنون کرنے کی اجازت دیکر مصنف کی عزت

آفرائی کی ہے۔ ہمیں ذاتی علم ہے کہ مصنف نے اِس بے نظیر کتاب کی تصنیف میں کسقدر خونِ جگر کھایا ہے۔ کسقدر سفر کئے ہیں اور کس طرح روپیہ پانی کی طرح بہایا ہے۔ ایک ایک شاعر کے حالات دریافت کرنے میں کسقدر تحقیقات اور تجسس اور چھان بین کی ہے ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں کوئی کتاب آجتک ایسے عاشقانہ شوق اور محنت سے نہیں لکھی گئی ؂

شمس العلماء مولنا آزاد کا یہ قول سچ نکلا کہ زبانِ اُردو کو وہی لوگ ترقی دے سکتے ہیں جو مغربی اور شرقی علوم میں یکساں کامل دستگاہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کوئی محض فارسی خواں کبھی اِسقدر سر دردی نہ اُٹھاتا جو لالہ سر رام نے (جو زبانِ انگریزی کے بھی ماہر کامل ہیں) ایک محقق کی حیثیت سے شعراء کی یہ جامع تاریخ لکھی ہے۔ اِس کتاب کی معنوی خوبیوں پر تو ہم کبھی آیندہ مفصل بحث کرینگے۔ سرِدست اسکے حسنِ صوری کا ذکر کیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ کیا کاغذ۔ کیا لکھائی۔ کیا چھپائی۔ اور کیا جلد ایسی اعلیٰ درجے کی ہے کہ اس ملک میں اِس خوبی کے ساتھ شاید گنتی کی ہی دو چار کتابیں آجتک چھپی ہونگی ؂

تقریظ از فکر لطیف شاعرِ خوش بیان و سخنور نکتہ دان جناب سید مظفر علی صاحب کوثر۔ رئیس جانسٹھہ ضلع مظفر نگر

حقیقت یہ ہے کہ آپنے زبانِ اُردو پر ایسا اِحسان کیا ہے کہ ہر شخص پر جو اُردو بولتا ہے آپکا شکریہ اَدا کرنا واجب ہے۔ ملک میں سیکڑوں تذکرے موجود ہیں۔ مگر آپکا تذکرہ اَپنا آپ ہی نظیر ہے خصوصًا ایسے زمانے میں جبکہ زبانِ اُردو کے مٹانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ آپ کا زبانِ مذکور کی حمایت پر کمربستہ ہونا۔ اور دامے۔ درمے۔ قلمے اس غریب زبان کی مدد فرمانا ایک ایسا مستحسن فعل ہے کہ جس کا شکریہ تمام ملک سے ادا ہونا محال ہے۔ گو جناب کی خدمت میں کمترین کو ظاہری نیاز حاصل نہیں ہے۔ مگر مکرّمی

جناب حکیم رضی الدین خان صاحب رئیس دہلی کی زبانی آپکے اوصافِ حمیدہ و خصائلِ پسندیدہ سُنکر غائبانہ سلسلہ نیازمندی میں داخل ہوں۔ خداوندِ عالم سے دعا ہے کہ آپکی صحت و سلامتی میں یہ تذکرہ مکمل ہوکر شائع ہو اور ایسا درجۂ قبولیت حاصل کرے کہ آپ کے سامنے ہی متعدد مرتبہ طبع ہو ٭

تقریظ از فکرِ گہربارِ قلم جادو نگار منشی حسن مرزا صاحب مُرر لکھنوی خویش سید مہدی حسن حسن

نقش فریادی ہے کسکی شوخیٔ تحریر کا	کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

آج میرے سامنے وہ ضخیم کتاب موجود ہے جسکی آبی رنگ کی جلد پر سُنہری حرفوں میں جلی قلم سے لکھا ہوا ہے "تذکرۂ ہزار داستاں المعروف خمخانۂ جاوید" سرورق پر انگریزی وضع کی سُنہری بیل اور رُوپہلی حرفوں میں "تذکرۂ ہزار داستان" خطِ گلزار میں "خمخانۂ جاوید" تحریر ہے۔ ٹائٹل پر سُرخ حرفوں میں پھر اِس تذکرے کا نام اور مِلان کے کام کی ایک رنگین خوشنما بیل دی گئی ہے۔ اِسکے بعد ایک ورق اور ہے جس میں بحضور نظام دکن اِس کتاب کے معنون ہونیکا تذکرہ سبز اور سنہری حرفوں میں معہ ایک خوبصورت حاشیہ کے ہے بعد اسکے دو تصویریں ہیں۔ جو اپنی وضع میں مختلف ہیں۔ ایک انگریزی پوشاک میں ہے جسکے نیچے لکھا ہوا ہے "سر ریام ۱۸۹۲ء" دوسری ہندوستانی پوشاک میں ہے جو اُس سے بھی زیادہ بھلی معلوم ہوتی ہے۔ پہلی تصویر کمسنی اور طالبعلمی کی خبر دیتی ہے۔ دوسری لیاقت اور جوانی کی۔ اب گیارہ صفحوں کا ایک دیباچہ ہے جسکی ابتدا اِس شعر سے کی گئی ہے۔

کھُلتا کسی پہ کیوں مرے دل کا معاملہ	شعروں کے انتخاب نے رُسوا کیا مجھے

اِس دیباچہ میں مولفِ تذکرہ نے اپنی زندگی کے مختلف واقعات۔ اپنے تعلیمی زمانے کے مختصر حالات اور اُسی کے ساتھ ساتھ اِس کتاب کا مواد جمع کرنے کی کاوشیں اور بعض واقعی عذر حوالۂ قلم کیے ہیں۔ بارہویں صفحہ کے تمام ہونیکے بعد تذکرۂ ہزار داستاں آبادمرزا

مہدی حسن خان خلف مرزا جعفر خان لکھنوی کے نام سے شروع ہوتا ہے صفحہ ۶۸۹ تک بیہوش لالہ گردیال صاحب وکیل عدالت لکھنؤ کے نام پر تمام ہوتا ہے۔ اسکے بعد چھ صفحوں کا ایک صحت نامہ دیا گیا ہے۔ ایک جزو میں فہرستِ اسمائے شعرائے مندرجہ تذکرہ ہے۔ پھر صفحہ ایک سے ۷۸ تک میں تقاریظ و قطعاتِ تاریخ لکھے گئے ہیں +

اِس بڑے تذکرے کے چند جزو میری نظر سے اُس وقت بھی گزرے تھے جسوقت یہ تذکرہ زیرِ طبع تھا۔ اِسکے اعلیٰ پیمانہ پر چھپنے کی خبر نے اور اسکے پروف کے چند اوراق نے جب ہی سے مجکو اس کتاب کا مشتاق بنا رکھا تھا۔ آج وہ مبارک دن ہے کہ میری مشتاق نگاہیں اسکے اہتمام و انتظام کی بہار لوٹنے کے بعد شعر و نظم کی دل چسپیوں سے ہم آغوش ہیں۔ میری پُرشوق آنکھیں ہر ہر سطر کو بہت غور سے دیکھ دیکھ کر بجائے خود مؤلفِ تذکرہ کو اُسکی کامیابی پر مبارکباد دیتی جاتی ہیں اور میں شعرائے ماضی کی جیتی جاگتی تصویروں سے اُنکے واقعات سُن رہا ہوں۔ کہیں اُنکی زندگی کے نشیب و فراز سے آگاہی حاصل کرکے چُپ ہو جاتا ہوں۔ کبھی شعرا رحال کی دل آویز نظمیں۔ اور مؤلف صاحب کی وقایع نگاری میرے دل پر ایسا گہرا اثر ڈالتی ہیں کہ تھوڑی تھوڑی دیر کے لیئے میں بالکل محو ہو جاتا ہوں علی الخصوص وہ بعض خیال جنکی میں اب لکھنے والا ہوں مجھپر حیرت کا عالم طاری کر دیتے ہیں اور وہ تخیلات منصفِ دہلوی لالہ سریرام صاحب ایم اے کے حالاتِ زندگی سے وابستہ ہیں۔ ایک ایسے شخص کا جو آبائی تمول کے سبب آرام کا عادی ہو بستر راحت سے اُٹھ بیٹھنا۔ خوابِ شیریں کو ٹھوکر مار کر زندگی کی پیاری راتیں تعلیم انگریزی کی جی توڑ محنت میں گزارنا۔ ایم۔ اے۔ کی ڈگری حاصل کر لینے کے بعد اپنے منصبی فرائض کی انجام دہی میں سرگرم ہونا۔ اپنے ذاتی کاروبار اور صحت قائم رکھنے کے ذکروں سے جان چھڑا کر ایک ایسے بڑے کام کے لیئے مستعد ہو جانا کسی طرح تعجب سے خالی نہیں +

یہ تذکرہ جو پانچ جلدوں پر منقسم ہے اور جسکی پہلی جلد میرے سامنے موجود ہے جسطرح

شعرائے ماضی و حال کی دلی آویز نظموں سے بھرا ہوا ہے۔ اُسی طرح مؤلف تذکرہ کی خوبیوں سے مملو نظر آتا ہے ؛

ایک مورخ کے فرائض کی اہمیت کو کچھ وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں اور وہی قدر کر سکتے ہیں جنھوں نے کبھی ایسے مشکل کام کے لیئے قلم اُٹھایا ہو۔ اِس میں شک نہیں کہ لالہ سریرام صاحب نے اپنی خداداد قابلیت سے پہلے ہی وہ فرائض چُن چُن کر اپنے دماغ میں محفوظ کر لیئے ہیں اسکے بعد شاید ایسی دشوار گزار راہ میں قدم رکھا ہے۔ اِنکے لکھے ہوئے ہر ذکر سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ لکھنے کے وقت اُنھوں نے کسی کی جانب داری نہیں کی کسیکی رعایت سے کام نہیں رکھا۔ مروّت کو بالائے طاق رکھا۔ اپنے ارادوں سے سرِ مُو تجاوز کرنے کو عیب جانا۔ اپنی مجوزہ حدود پر نظر برابر جمائے رہے ہیں بلکہ جو خیال دل کی تہ سے نکلا ہے اُس کو بے کم و کاست حوالۂ قلم کر دیا ہے۔ اُنکے قلم کی آزادانہ روش بتا رہی ہے کہ جو کچھ کیا ہے نیک نیتی سے کیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے سچائی سے لکھا ہے۔ مگر اسے وہ کیا کریں کہ ایک شاعر شہرت سے ہی بے نیاز ہو کر محض اپنے نہ رُکنے والے جذبات سے مجبور ہو کر کبھی کبھی شعر کہہ لیتا ہے اور اسی وجہ سے تذکرہ نویسوں کی درخواست کو بھی نامنظور کر دیتا ہے۔ تذکرہ نویس چاہتا ہے کہ جہانتک ممکن ہو سچّے واقعات قلمبند کروں۔ مگر جب اُسکو وہ واقعات جو صحّت پر مبنی ہیں دستیاب ہی نہوں تو وہ کیا کرے۔ لیکن یہ عجب دلشکن مشکل ہے کہ قلم سے نکلنے کے بعد اُن مشتہرہ حالات کی صحّت و غیر صحت پر ضرور نظر ڈالی جاتی ہے اور یہی باتیں مابہ الامتیاز فرق پیدا کرنے والے اہل قلم کے لیئے مدح و ذم کی باعث ہوتی ہیں۔ ماورا اسکے بعض ایسی پیچیدہ رہجانے والی باتیں ہوتی ہیں جو اپنی طرف توجّہ دلانے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ چنانچہ موجودہ تذکرے کو دیکھتے دیکھتے میں صفحہ ۲۸۵ تک پہنچا تھا کہ یکایک چونک پڑا اور حکیم مرزا آغا حسن صاحب آزل مرحوم خلف میرزا عبّاس صاحب کے ذکر میں جو میرے قرابت داروں میں سے ایک بزرگ تھے، بعض ایسے غیر واقعی حالات دیکھنے میں آئے کہ

مجکو ایک اچنبہ سا ہو گیا۔ اِسی صفحہ کی سترھویں سطر میں مسطور ہے کہ جناب ازل اصلی امامیہ مذہب تھے مگر کسی وجہ سے قیام بہار کے زمانے میں تبدیلِ مذہب کر کے سُنی ہو گئے تھے۔ مگر مرض الموت میں مذہب امامیہ کا اعلان کر کے انتقال کیا۔" یہ امر ایسا خلافِ واقع معلوم ہوتا ہے کہ کسی طرح دل نہیں چاہتا کہ ایک یادگار تذکرے میں ہمیشہ کے لیئے ایسی فاش غلطی نظر انداز کی جائے بلکہ اِس کا کسی طور سے اعلان کر دینا مرحوم شاعر اور مہتم بالشان تذکرے کے حق میں بہر صورت بہتر و انسب معلوم ہوتا ہے۔ صحت نامے میں "آغا حسن" کی جگہ "آغا حسین" لکھا گیا ہے۔ حالانکہ صحیح آغا حسن ہی ہے ٭

اب میری نظر صفحہ ۴۶۵ کی آخری سطر سے چلکر صفحہ ۴۶۶ کی دوسری سطر پر رُک گئی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جناب اُنس میر مہر علیصاحب مرحوم کے حالات میں ایک سخت غلطی نظر آئی ہے جس کا اعلان ضروری معلوم ہوتا ہے۔ مرحوم کے واقعات کی عبارت یہ ہے۔ "اُنس۔ میر مہر علی لکھنوی۔ خلفِ میر مستحسن خلیق فرزند میر حسن صاحب بدر منیر۔ اپنے والد مرحوم کے شاگرد اور اکثر مرثیہ کہتے تھے۔ آپ میر انیس مغفور کے حقیقی بھائی تھے اِنکے بیٹے میر وحید اور میر تعشق بڑے خوش فکر اور شیریں زبان شاعر گزرے ہیں۔" (اُنکے بیٹے میر وحید) یہاں تک تو میری نظر برابر جمی رہی لیکن (میر تعشق) کا نام آتے ہی کچھ میری نگاہیں منتشر سی ہو گئیں اور میں ہکا بکا ہو کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگا کیونکہ تعشق جناب سید صاحب مرحوم کا تخلص ہے جو محمد مرزا صاحب اُنس کے بیٹے اور میاں (عشق) کے بھائی اور پیارے صاحب رشید مدظلہ کے حقیقی چچا تھے اور مرثیہ گوئی میں ان کا بھی ایک رنگ خاص تھا۔ اسکے بعد بہت تعجب کے ساتھ اس بات کا افسوس ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ باوجود تلاش صرف چند شعر غزل ہی کے صاحب تذکرہ کو دستیاب ہوئے۔ حالانکہ جناب اُنس مرحوم کے کلام کا ایک معتد بہ حصہ مثل مرثیوں۔ سلاموں۔ رباعیوں کے

٭ مؤلف تذکرہ نے آزل صاحب کے شاگرد رشید مولوی شاہ حفیظ الدین صاحب سے آزل مرحوم کے حالات دریافت کیئے تھے چنانچہ انھیں کے مرسلہ حالات سے جناب ازل کے حالات اقتباس کر کے درج تذکرہ کیئے گئے ہیں۔

ہندوستان کے متعدد شہروں میں پھیلا ہوا ہے۔ علی الخصوص پٹنہ عظیم آباد میں ؛

اب میں صفحہ ۴۶۶ کے بعد جستہ جستہ کلام دیکھتا ہوا چلا جاتا تھا۔ اور ورق گردانی میں مصروف تھا کہ صفحہ ۵۲۸ پر آکر الف تمام ہو گیا اور آمین حکیم حافظ مولوی محمد احمد سکندر پوری کے اس آخری شعر نے اس حصے کو علیحدہ کر دیا۔ ؎

تو ہی اے دیدۂ تر اب کوئی تدبیر بتا	لگ گئی آتشِ غم دل میں بجھائیں کیونکر

اسی صفحہ کا باقی حصہ ایک گلدستے اور چار گوشوں سے مزین کیا گیا ہے۔ جو مورخ اور مہتمم تذکرہ کی خوش سلیقگی کی خبر دینے سے خالی نہیں۔ اور جس سے یہ بات ثابت ہے کہ تذکرہ کو بہمہ وجوہ خوشنما بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا گیا ہے۔

صفحہ ۵۲۹ کی ابتدا حرف (ب) سے ہوتی ہے اور میر بادشاہ علی کے اس شعر سے تذکرہ پھر شروع ہوتا ہے۔ ؎

بلبلِ شیدا نے پوچھا گل سے یوں روزِ بہار	اے گلِ رعنا ترے دامن سے کیوں لپٹے ہیں خار

تذکرے کی خوبیاں ہمکو اسکے معائب کیطرف نظر اٹھانیکو مانع ہیں بلکہ گناہ ثابت کر رہی ہیں لیکن افسوس تو یہی ہے کہ گناہ سے وہی لوگ بچ سکتے ہیں جنکو دنیا کی دلچسپیوں سے کوئی کام نہو اور یہ ہو نہیں سکتا کہ ہم "مخزنِ جاوید" کے متوالے نہ بنیں اور اسکی جرعہ کشی سے دست بردار ہو جائیں۔ جب ہم تمام ہندوستانی شاعروں کا کلام ایک جگہ مدوّن ہونا خیال کرتے ہیں اور مورخ کی وہ محنت اور وہ جانفشانیاں جو کسی طرح خیال میں آنے والی نہیں۔ ہمارے سامنے آتی ہیں تو خود ہمکو ہمارے ارادے اور ہمت پست نظر آتی ہے۔ نگاہوں میں حیرت اور دلمیں رشک کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ اس وزنی احسان سے سبکدوش ہونیکا جب کوئی پہلو نظر نہیں آتا تو مجبور ہو کر یہ کہنا پڑتا ہے کہ کاش زبانِ اردو سے ہمکو کوئی تعلق نہوتا اور یہ زبان ہماری زبان نہوتی واقعی اردو لٹریچر میں یہ پہلا معتدبہ اضافہ ہے۔ جسنے ہمکو گھر بیٹھے ہندوستان کے تمام شاعروں سے ملنے کا موقع دیا۔ ہم بہت خوشی اور نہایت شکرگزاری کے ساتھ اس احسان کا

بار اپنے سر پر لیتے ہیں۔ کیونکہ بہت سے ایسے خوش فکر شاعروں کا کلام دیکھنے میں آرہا ہے جنکے کلام سے اسکے قبل فیضیاب ہونے کا کبھی موقع نہ ملا تھا۔

مجھے اُمید ہے کہ مؤلف صاحب مجھے اپنا ایک سچا بہی خواہ تصور کرکے اِن اغلاط سے متنبہ کردینے سے کوئی بُرا اثر نہ لینگے ✦

تقریظ خمخانۂ جاوید بزبانیۂ قلم جادو رقم جناب محمد قطب الدین خاں طالب وکیل ریاست گوالیار و حاضر باش محکمہ رزیڈنسی میواڑ

ہست نہالِ ریاضِ قدیم | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِس وقت میرے ہاتھ میں ایک ایسی کتاب ہے کہ باعتبارِ صورتِ ظاہری فقط ایک خوشنما جلد میں مجلد ہے اور اعلیٰ قسم کے کاغذ پر خوشخط لکھی ہوئی ہے لیکن بلحاظ خوبی ہائے باطنی۔ و دلفریبی ہائے معنوی ع "آپنی نظیر آپ ہے اپنی مثال آپ" کیوں نہو کیسے لائق و فائق بہترین افاضل فخرِ اماثل لالہ سریرام صاحب ایم۔ اے کی مصروفیت و عرقریزی سالہاسال کا برترین نتیجہ ہے۔ کون نہیں جانتا کہ جس فن کو لالہ صاحب ممدوح نے لباسِ جاوید پہنایا ہے مدت ہوئی کہ روشِ زمانہ سے نہ صرف عریاں ہی ہوا تھا بلکہ بعض خیالات میں تو اس کا وجود بھی قریبًا درجۂ عدم تک پہنچ چکا تھا۔ ایسی سرد بازاری و گمنامی کے وقت میں لالہ سریرام صاحب کی مثل قابل و فاضل و عالی دماغ کا متوجہ ہونا اور انتہائے بالغ نظری سے اِس ضرورت کا احساس کرکے بصرفِ اوقات و اموال اس گرانقدر سرمایہ کا جمع فرمانا واقعی آسان کام نہ تھا ع

"صد آفریں مؤلف عالی دماغ پر"

آنے والی نسلیں جہاں تک مؤلفِ گرامی کی شان اِس جلیل القدر احسان کی شکرگزار ہوں اور خوش و مداحانِ سخن جس حد تک اِس سرمایہ پر فخر کریں حق بجانب ہیں۔ کیونکہ ہر انسان بالفطرۃ

فطرت نظم پر یا لطبع مائل ہے کوئی ملک عرب ہو یا عجم۔ ہند ہو یا فارس۔ کوئی قوم جرمنی ہو۔ یا روسی۔ ترکی ہو یا تاتاری لطفِ کلام و مذاقِ سخن سے بے بہرہ نہیں۔ بلکہ حقیقتاً ہر فرد بشر مانوس ہے۔ اِس اِستدلال پر حضرت متقدمین کا کلام شاہد ہے۔ خسرو۔ ؎

ما ہمہ در اصل شاعر زادہ ایم	دل بہ ایں محنت نہ از خود دادہ ایم

پس جب یہ مسلّم ہے کہ سخنگوئی لوازم انسانیت سے ہے تو ایک ایسی زبان کے لیئے جس کا کوئی ممد و معاون نہیں لالہ صاحب کا ایسا منفعت بخش حامی و سرپرست ہونا اُنکے و نیز ملک و قوم کے لیئے کیسا کچھ موقع مسرّت و مبارکباد ہے اِس لیئے مَیں اپنی مختصر تقریظ کو اِس دعا پر ختم کرتا ہوں۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ لالہ سریرام صاحب کو تندرست و ذی اقبال رکھے اور توفیق عطا فرمائے جس ہمتید و ہدایت کے ساتھ خمخانۂ جاوید کا آغاز کیا ہے۔ اُسی تکمیل و نہایت کے ساتھ وہ انجام کو پہنچائیں۔ آمین ثم آمین

قطعہ تاریخ طبع جلد دوم خمخانۂ جاوید

اے سریرام۔ ایم۔ اے منصف	عدل و نصفت میں تم بھی یکتا ہو
خلق و تہذیب و قابلیت میں	آپ ہی تم جواب اپنا ہو
تم ہو اہلِ مذاق کے محسن!	کیوں نہ ممنوں ہر اک تمھارا ہو
نام زندہ کیئے ہزاروں کے	عہد کے آپنے تم مسیحا ہو
کیا مرتّب کیا ہے خمخانہ	وصف کیا کیا زباں سے اِسکا ہو
بس دُعا ہے کہ یہ رہے آباد	اِس کا ہر چار سمت چرچا ہو
میکشوں کا ہجوم ہو اس میں	جام ہر رنگ کا چھلکتا ہو
ہے تمھاری جو ہمّت و کوشش	اس کا حاصل تمھیں نتیجہ ہو
قطعہ اب ختم کیجئے طالب!	لُطفِ صنعت ولیکن ایسا ہو
سالِ ہجری بھی عیسوی سن میں	سن و تاریخ سے نکلتا ہو ۱۳۲۷ ۹ ۱۹۰۶

تقریظ

نیچر طبع وقاد جناب سید آغا حیدر صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ سہارنپور

اگرچہ مجھے خدمتِ سامی میں حصولِ نیاز کا شرف نہیں لیکن غائبانہ معرفت ضرور ہے۔ آج حسنِ اتفاق سے ایک صاحب کے پاس جناب کے تذکرۂ شعراء کی جلد اول دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ فی الحقیقت جناب نے بڑی محنتِ شاقہ اور دردسری کو اپنے سر لیا جس میں بہت کچھ دماغ سوزی کرنی پڑی ہوگی اور بہت سا وقتِ عزیز صرف ہوا ہوگا۔ ملک اور زبان دونوں پر آپ کا احسان ہے جسکی اہلِ ملک کو تہِ دل سے شکرگزاری کے بعد قدر کرنی چاہیئے زیادہ قابلِ قدر اور مسرت انگیز یہ امر ہے کہ آپ جیسے ایجوکیٹیڈ جنٹلمین نے اِس طرف توجہ کی اور اپنے ملک کے مُردہ و ازیادرفتہ باکمالوں کو جنکے رنگ کو رنگِ زمانہ تقریباً مٹا چکا تھا۔ نئے سرے سے حیاتِ جاوید بخشی۔ سچ یہ ہے کہ ایسا جامع تذکرہ جسکو شعرائے ہند کا انسائیکلوپیڈیا کہنا چاہیئے ابتک نہیں لکھا گیا تھا علاوہ بریں حسنِ تحریر و خوبیٔ کاغذ و طباعت دلکش و دلفریب ہے کہ بیساختہ دلکو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ اِس لیئے اُمید کی جاتی ہے کہ حسنِ قبول و پسندِ عام سے بھی یہ تذکرہ ممتاز ہوگا۔ ساتھ ہی مجکو افسوس ہے کہ ایسا جامع و حاوی تذکرہ ہمارے سہارنپور کے بعض برگزیدہ اور مقتدر شعرائے ماضی و حال کے اسمارگرامی سے معرّا و خالی ہے۔ لیکن اُس شکایت و معذرت سے جو ابتدائے کتاب میں جناب نے بعض حضرات کی بے پرواہی و غفلت شعاری سے جواب خطوط تک نہ دینے کی تحریر کی ہے ضرور تلافی ہوتی ہے ✣ مرقومہ ۱۱ ستمبر ۱۹۰۸ء

قطعۂ تاریخ ترتیب تذکرۂ ہزار داستان المعروف بہ مخمخانہ جاوید از طبع وقاد پنڈت سُکھدیو پرشاد صاحب ہیڈ ڈپٹی انسپکٹر مدارس ریاست بھرتپور

عجب ہے، مہر یہ "مخمخانہ" نسخۂ نایاب	کہ جسکی تاب سے آبِ حیات ہے بیتاب

نظیر آپ یہ اپنی ہے آج دنیا میں — نہ اس کا دلی میں ہے اور نہ لکھنؤ میں جواب
نئی صدی کی ہے واللہ یہ نئی سوغات — یہ انتخاب حقیقت میں ہے بڑا خوش آب
نگاہ لطف سے اب دیکھیں دیدے کے مشتاق — نقاب رخ سے اٹھاتا ہے مہر عالمتاب
مہک جہان میں پھیلی گل مضامین کی — رہے یہ باغ سخن ہند کا سدا شاداب
کہو یہ بہر طبع سن عیسوی اے مہر — لکھی ہے رائے سریرام نے یہ خوب کتاب
یہی ہے صلہ محنت شاقہ کا — کہ بھر مار ہر سمت سے داد کی ہے
ہوا غیب سے مادہ مہر تصدیق — یہ تالیف خود مہر استاد کی ہے

دیگر

تقریظ نظم از کلک گہر سلک شاعر شیریں بیان ناظم نکتہ دان پنڈت جوہر ناتھ صاحب کول مخمور تخلص بہ ساقی دہلوی

ہو رہا ہے بلبلان نغمہ زن میں تذکرہ — یہ گل رعنا ہے معنی کے چمن میں "تذکرہ"
کیوں نہ معروف یہ ہر انجمن میں "تذکرہ" — ہو گیا مشہور یہ اہل سخن میں "تذکرہ"
حال کا یہ حال ہے ماضی کا استقبال ہے — یادگار کو ہے یہ دہر کہن میں "تذکرہ"
شہرت اسکی ہو گئی پنجاب میں بنگال میں — شرق میں چرچا ہے اسکا ہے دکن میں تذکرہ
اتحاد وحدت و کثرت سری رام میں — شوق و رم کا رنگ ہے ستر و علن میں تذکرہ
دیکھ کر حسن ادا سب اسکے شیدا ہو گئے — ہو گیا محبوب عالم حسن ظن میں "تذکرہ"
بلبل شیدا بنا ہے باغ میں ہر ایک گل — ہو رہا ہے اسکا سبزان چمن میں "تذکرہ"
اس کا آوازہ ہوا فردوس میں فردوس گوش — قدسیوں میں بھی ہوا باغ عدن میں تذکرہ
ساقی خلوت نشیں ہم بھی ہوئے ہیں شادماں — جلوہ آرا یہ ہوا اپنے وطن میں "تذکرہ"

اقتباس از تحریر جناب پنڈت اندر پرشاد صاحب دہلوی وکیل عدالت ضلع مظفر نگر

اتفاقیہ ایک دوست کی عنایت سے آپ کا مؤلفہ "مخمانہ جاوید" دیکھا۔ اور خوب اچھی طرح دیکھا

اُسکے دیکھنے سے جسقدر مجکو مسرت ہوئی ہے اُسکو میں ظاہر نہیں کرسکتا۔ جزاک اللہ آپنے نہ صرف اُردو شعراء پر بلکہ اُردو زبان پر جو احسان کیا ہے اُس احسان کے بارگراں سے کبھی اُردو زبان سبکدوش نہیں ہوسکتی۔ یہ کام آپ ہی ایسے عالی ہمت مذاق زبان رکھنے والے عالم باعمل شخص کا کام تھا جو آپنے پورا کیا خدا کرے پبلک آپ کی ایسی ہی قدردانی کرے جسکے آپ ہرگونہ مستحق ہیں ٭

تقریظ دلپذیر از تحریر شاعر سخن ساز معنی طراز منشی چندی پرشاد شید دہلوی تلمیذ حضرت مولنا عبدالرحمن صاحب راسخ دہلوی

اودھپنچ جلد سی وسوم نمبر ۷ مطبوعہ ۱۱ فروری ۱۹۰۹ء میں ا ع م۔ کے پردہ نشین نام سے مخزنہ جاوید کے متعلق ایک طول طویل مضمون نظر سے گزرا جس کا ذکر ریاض الاخبار گورکھپور کے لائق ایڈیٹر نے بھی اپنے اخبار میں کیا ہے۔ واقعی اُنکی رائے صلح کل کا پہلو لیئے ہوئے ہے اودھپنچ کے قابل نامہ نگار نے جو کچھ لکھا ہے وہی خود ذرا انصاف کی عینک لگا کر دیکھیں کہ تمام کمال راست راست اور بے کم و کاست شاعروں کے کلام کا موازنہ کیا ہے اگر ایسا نہیں ہے تو اُنھیں کہاں سے یہ حق حاصل ہوگیا کہ دوسروں پر یک طرفہ رائے زنی کریں۔ لالہ سیرام صاحب نے سترہ برس محنت شاقہ اُٹھاکر اور زر کثیر خرچ کرنے کے بعد یہ شعرائے ماضی و حال کا تذکرہ لکھا ہے۔ اگر احیاناً بعض شاعروں کا حال اُس میں صحیح درج ہونے سے رہ گیا ہے تو اُس کا بار لالہ صاحب موصوف پر ہرگز نہیں آسکتا۔ جس ذریعے سے اُنکو حالات معلوم ہوئے ہیں یہ اُس خبر رسان کی غلطی پر محمول ہوسکتا ہے۔ اِسکی نسبت مجھے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ یہ کمی ایسی ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں پوری ہوسکتی ہے کیونکہ اُن کا یہ دعوی بھی نہیں ہے کہ جو کچھ اِس تذکرے میں لکھا گیا ہے اُس میں ترمیم و تنسیخ ہو ہی نہیں سکتی۔ اِتنے بڑے تذکرے کا لکھنا آسان کام نہیں ہے۔ تحقیق کے واسطے ناگزیر

آیسے وسائل اختیار کرنے پڑتے ہیں جن میں فروگزاشت ہوجانا ممکنات سے ہے۔ پس آپ کی بعض دقعوں آپ کے لیئے ہی موجب شرمساری ہوسکتی ہے ورنہ اتنی محنت اور زر کثیر خرچ کر کے تمام ماضی وحال کے شاعروں کا صحیح صحیح تذکرہ خود ہی لکھکر دکھایئے۔ بات کہدینا آسان ہے اور کچھ کر دکھانا مشکل ہے۔

حضرت داغ اور جناب امیر لکھنوی کی نسبت جو آپنے ارشاد فرمایا ہے کہ امیر مرحوم کے شاگرد داغ مغفور کو اُن کا ہمپلہ نہیں سمجھتے تھے تو یہ اُنکی لیاقت اور ادب شناسی کی بات تھی حضرت ریاض اور جلیل کی بابت جو حضرت داغ کا مقابلہ کرنے کا بے سروپا قصہ گھڑ لیا گیا ہے اُس سے حضرت داغ کی شان میں کچھ فرق نہیں آتا۔ گستاخی معاف یہاں کے بعض نوشق شعرا کی بعض بعض غزلیں حضرت امیر کی غزلوں سے بڑھ گئی ہیں تو کیا ہم یہ سمجھ لیں کہ حضرت امیر کی اُستادی میں فرق آگیا۔ یا وہ کچھ نر ہے۔ اگر حضرت ریاض و حضرت جلیل نے جناب داغ کے مقابلے میں بیٹھکر لکھنے کا چیلنج دیا تو یہ اُنکی اخلاقی کمزوری تھی کہ ایک مسلم الثبوت استاد کا اس شوخ چشمی سے ترک ادب کرتے تھے۔ شاعری کا فن کسیکی میراث نہیں۔ اگر حضرت داغ کے شاگرد اسی طرح جناب امیر لکھنوی سے کہہ بیٹھتے تو کیا امیر مرحوم اُسی وقت اُنکے مقابل لکھنے بیٹھ جاتے؟ اور اپنے پیر نابالغ ہونے کا ثبوت دیتے؟ درحقیقت جو صفائی زبان شوخی بیساختہ پن اور آمد میرزا داغ کے کلام میں پائی جاتی ہے۔ وہ جناب امیر کے ہاں موجود نہیں ہے۔ گو وہ اشعار بہ لحاظ دیگر اُمور بہت اچھے سہی لیکن دعوی تو یہی ہے کہ صفائی زبان۔ الفاظ کی برجستگی۔ بندش کی چستی اور سادگی ایسی ہے کہ اُن کا کلام مقبول عام ہوگیا صبا۔ سحر۔ وفا۔ فدا۔ آہ۔ بیخود۔ اور گوہر۔ انتخاب۔ کے اشعار جو نقل کیئے گئے ہیں۔ یہ زبان کی صفائی دکھائی گئی ہے۔ لیکن نظر انصاف سے دیکھنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ حضرت داغ کے شاگردوں کے کلام میں اس سے بہتر صفائی پائی جاتی ہے۔ اِن مرحوم شاعروں کے دیوان میں قیصدی بہت ہی کم شعر نکل سکیں گے۔ جبکہ جناب میرزا داغ مرحوم کے ۴ دیوان

موجود ہیں۔ آپنے داغ صاحب کے اِس شعر پر تمسخر اُڑایا ہے۔ ؎

دیکھنا پیرِ مغاں حضرتِ واعظ تو نہیں	کوئی بیٹھا نظر آتا ہے پسِ خم مجکو

واقعی آپکی رنگین عینک دار نگاہ میں اِس شعر سے کوئی بات نہیں نکلتی لیکن ریاض گورکھپوری جو آپکے ممدوح ہیں اُنکے اِس شعر میں تمام علوم کا خزانہ بھرا ہوا ہے۔ ؎

کوچے میں اُنکے پھرتے تھے کل اِس طرح ریاض	اِک پُشت خار ہا تھ میں اور سر مُنڈا ہوا

اگر داغ مرحوم نے متقدمین کی تقلید کی تھی تو ہم حیران ہیں کہ امیر مرحوم کا ایجاد بھی ہمیں کہیں نہیں ملتا۔ سوائے امیر اللغات کے جسکی بابت زمانہ جانتا ہے جیسی کہ وہ ہے۔ سبحان اللہ آپنے صاف و شستہ اشعار کو تو بازاری زبان فرمادیا لیکن اُلجھے ہوئے ریشم کو کس مقام کی بولی کہوگے۔ یہ شاید خانگی زبان میں داخل کیجائے گی ؛

معلوم ہوتا ہے حضرت کو خبر نہیں کہ زمانے کے ساتھ مذاق بھی بدلتا جاتا ہے۔ پہلے دور اور اِس زمانے کی شاعری میں زمین و آسمان کا فرق ہوگیا ہے۔ کوہ کندن و کاہ برآوردن جسکی بہت سی مثالیں موجود ہیں اَب موزوں نہیں سمجھا جاتا۔ ؎

قبح کے دیکھنے والے تو بہت ہیں آوگیرا	اور یہاں قدر شناسانِ سخن تھوڑے ہیں

کسی شخص کی محنت پر خیال کرکے حوصلہ افزائی تو درکنار بلکہ بے حصول نکتہ چینی کا شعار لوگوں نے لیاقت کا تمغہ سمجھ رکھا ہے۔ لیکن انصاف پسند حضرات اچھی طرح جانتے ہیں کہ جسقدر آپکی لیاقت ہے کسی سے پوشیدہ نہیں اَخبارات کے قیمتی اوراق ایسے بے نتیجہ مضامین سے سیاہ کرنا عقلمندوں کا شیوہ نہیں۔ اتنا وقت کسی اور کام میں صرف کیا جاتا تو بہتر ہوتا۔ ہمیں یقین ہے کہ آیندہ نامہ نگار صاحب اِس مضمون کو طول ثانی دیکر کسی مفید مشغلہ میں اپنا وقت صرف کرینگے۔ ورنہ ؎

مصلحت پردہ دری میں نہیں ہرگز ورنہ	آپکے گھر کے ہیں نظروں میں مری تو سو راخ

ریاض الاخبار کے فاضل اڈیٹر حکیم برہم نے بھی اپنی پوربی زبان میں خمخانۂ جاوید

کی نسبت اپنے تخلص کی رعایت سے کچھ برہمی کا ثبوت دیا ہے لیکن ہم سمجھتے ہیں ؎

نیش عقرب نہ از پئے کین ست	مقتضائے طبیعتش این ست

اور خاموش ہو رہتے ہیں۔ اُنکی رائے کے موافق اودھ پنچ کے نامہ نگار نے درخشانہ کی مٹی تو کیا پلید کی ہے بلکہ اپنی بھدّی لیاقت اور بھونڈی سمجھ کا نمونہ پیش کیا ہے۔ ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم	چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

اِتنا مختصر مگر صفائی اور سچائی کے ساتھ کہکر منع گستاخی کرنا اور اُسکی ناشائستگی اُسے واضح کرکے بتا دینا اِنسانیت کا فرض ہے اِس پر بھی اگر کوئی مارا ض یا رنجیدہ ہو تو اُسکی محرومی قسمت۔ تقدیر بنانا خدا کا کام ہے۔ ہمارا کام نہیں کیسیکی تذکرہ نظر سے نہ گزرنے کی شکایت اُسکے افلاس کا ثبوت یا بخل کی دلیل ہے اور محض سنی سُنائی باتوں پر مؤلف کی لیاقت کا اندازہ کر لینا بیوقوفی اور حماقت کا نشان ✣

تذکرے کی خوبیاں خود تذکرے سے ظاہر ہیں اور دنیا بھی ابھی جوہر شناس نگاہوں سے خالی نہیں ہوئی ہے۔ جیسا کہ دیگر ارباب کمال اور اہلِ فن حضرات کی تقاریظ اور بے ریا نگارشوں سے ظاہر ہو رہا ہے ✣

فی الحقیقت مؤلف کی محنت اور جانکاہیوں کی جسقدر داد دیجائے تھوڑی ہے۔ یہ درد سر اور صرف زر لالہ سر بر ام صاحب کے سوا دوسرے کے بس کا نہ تھا۔ سیم گنج لالہ صاحب نے ملک اور ملک کی زبان پر جو احسان کیا ہے اُس کا کوئی نعم البدل ہو ہی نہیں سکتا۔ حیف ہے اگر اہلِ بینش لفظی ستایش اور زبانی داد سے بھی دریغ کریں۔ میں دلی شکریہ کے ساتھ لالہ صاحب کو اس عظیم الشان تالیف پر مبارکباد دیتا ہوں اور بقیہ جلدوں کی تکمیل و اشاعت میں کامیابی کے لیئے دست بدعا ہوں اور جانتا ہوں کہ بافضالِ ایزدی لالہ سر بر ام صاحب کو اسکے علاوہ کسی دوسرے صلے یا معاوضے کی پروا بھی نہیں ہے۔ ؎

طمع گوشۂ چشم است زارباب خرد	ورنہ مستغنیم از مال و منال زر و سیم

اقتباس از نگارش گرامی ورائے شاعری کے بے بہا گوہر جناب حکیم معشوق علیصاحب جوہر شاہجہانپوری وکیل بھوپال رئیس وزیر بندر اشاہجہانپور روہیلکھنڈ

پیارے سیرام! میں تم پر نثار۔ میں تم پر صدقے۔ اللہ تم کو چشم زخم۔ نظر بد۔ نگاہ حاسد۔ دیدۂ زمانہ۔ غماز و نمام کی تاک جھانک سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین۔ میرے اس خط میں جو فقرے روش قدیم کے خلاف بطرز جدید پاتے ہو اُس کی وجہ محض اس وقت کی میری از خود رفتگی ہے۔ مجھپر جو عالم طاری ہے میں اُسکی تفصیل نہیں کرسکتا بلکہ اجمالاً بھی بیان نہیں کرسکتا۔ بلکہ ایک شمہ بھی ادا نہیں کرسکتا ہوں۔ آج یکایک اُس شاہد رعنا نے جلوہ دکھلایا جس کا اشتیاق مدتوں سے تھا۔ الحمدللہ کہ ع اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم، کیا کہوں کہ کیا عالم اُسنے طاری کردیا کہ نہ اپنے ہوش میں ہوں نہ حواس میں۔ ٹھیک ایک بجے ڈاکیہ نے جلد تذکرۂ ہزار داستان دی نماز ظہر کے ارادے سے بیٹھا تھا کہ وضو کرکے نماز ظہر پڑھوں اور اُسکے بعد یہ وقت تا بمغرب تلاوت قرآن کا ہے۔ مگر اس وقت کہ چار بجا چاہتے ہیں نہ وضو کیا ہے نہ نماز پڑھی ہے سوائے اسکے کہ تمھاری ترقی عمر و اقبال کی دعائیں مانگ رہا ہوں اور تمھارا نادیدہ مشتاق ہوگیا ہوں۔ جو کچھ میرے قلب کی حالت ہے میں اُسکو ظاہر نہیں کرسکتا ہوں۔ میں اپنے آپ کو فنائے سخن سمجھتا تھا اور یہ دعوی تھا اِس وجہ سے کہ نہایت غریب کا بیٹا۔ نہایت غریبی میں زندگی کٹی۔ افکار و مہمات کا ہمیشہ سامنا رہا مگر کبھی دامن مذاق سخن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ مگر بھائی تمھاری حالت اور تمھارے تذکرے کا دیباچہ پڑھکر جس میں ایک حرف بھی تصنع کا نہیں ہے دل بے قابو ہوگیا۔ اور خفقان کی سی حالت ہوگئی۔ افسوس کہ تم نے لکھنؤ سے واپسی کے وقت مطلع نہ کیا ورنہ میں اسٹیشن پر ضرور ملتا۔ اور تمھارے دیدار سے آنکھیں منور کرتا۔ تمھارے پہلے خط کے آنے پر اور میرے کلام کی طلبی پر میں نے اغماز کیا تھا۔ کیونکہ میری عادت ہے میں کسی گلدستے میں غزل نہیں بھیجتا

کسی کتاب کی تقریظ نہیں لکھتا۔ تاریخ نہیں لکھتا کیونکہ میں دیکھتا ہوں ان میں ایسے لوگوں کی تاریخیں تقریظیں بھی شامل ہوتی ہیں جن کو موزوں اور ناموزوں میں بھی امتیاز نہیں ہوتا ہے۔ گلدستوں کا خاص ڈھنگ یہ ہے کہ ایک موزوں طبع چند غزلیں لکھکر اُن اطفال کے نام سے گلدستوں میں بھیجدیں جن کو نظم و نثر کا فرق بھی معلوم نہیں۔ کچھ اپنی استادی کی شہرت اور کچھ اُن کی شاعری کی شہرت کی غرض سے۔ مجھے اُنکی مجلس میں اپنا وجود ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا کہ آموں میں گولر۔ چنانچہ اسی بنا پر کہ ایسا ہی یہ تذکرہ ہوگا۔ میں نے اپنا کلام بھیجنا مناسب نہ سمجھا۔ لیکن بھائی آج جو تذکرہ دیکھا تو میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے دل کی کیا حالت ہوگئی ہے +

تقریظ جو میں نے بھیجی تھی تو مجھے نہایت تردّد تھا کہ کتاب کے صرف چند جزو دیکھے ہیں اور تقریظ لکھدی۔ تقریظ اُس خاص مضمون کا نام ہے جو بلا افراط و تفریط کتاب اور مصنّف کی حالت کو عیاں کردے۔ بارے الحمدللہ کہ تقریظ کے مضمون سے کتاب و صاحبِ کتاب بدرجہا بہتر ہے۔ کوئی لفظ میری تقریظ کا اغلاق و غلو یا تعلّی شاعرانہ میں داخل نہیں ہے۔ اب میں اس تذکرہ کے متعلق ایک خاص کام کرنے کی ہمّت باندھتا ہوں۔ اور جہاں تک مجھ سے اسکی خدمت کیجائیگی کرونگا۔ میری نظر و خیال میں جو جو حالات و خیالات اس تذکرے کے لائق ہیں وقتاً فوقتاً آپکی خدمت میں بھیجونگا۔ میرے اس خط میں جو کچھ بے اعتدالی اس وقت ہو اُس کو معاف کردینا۔ کبھی "تم اور تمکو" اور کبھی "آپ اور آپ کو" مختلف الفاظ سے مخاطب کیا ہے۔ یہ محض میری محبّت اور بیخودی ہے اسی کو آپ ادائے شکریہ اور مبارکباد سمجھیں جو آج اس تذکرہ کو دیکھ کر میرا فرض ہے۔ اب بتاؤ کہ تذکرہ تو دیکھنے کو مِل گیا مگر تم کیونکر دیکھنے کو ملوگے! اور یہ آرزو کب اور کس طرح پوری ہوگی۔

تمہارا نادیدہ مشتاق

معشوق علی۔ جوہر۔ مرقومہ ۸ ستمبر ۱۹۰۸ء از شاہجہانپور

اقتباس از عنایت نامہ مکرمی محمد رئیس الزمان صاحب سکرٹری آنریبل راجہ صاحب بہادر والیٔ محمود آباد

جناب معظم مخدوم مکرم دام مجدکم۔ تسلیم و نیاز۔ "خمخانۂ جاوید" کی جلد اول خوبصورت موصول سرکار ہوئی۔ عنایت کا شکریہ قبول فرمایئے۔ اور مجھے اس اعتراف کی اجازت دیجئے کہ اس صدی میں بے یار و مددگار اُردو زبان پر آپنے جو احسان کیا وہ یادگار احسان ہے انصاف یہ ہے کہ آپنے اس زبان کے حق میں مسیحائی کی۔ آپ کی ہمت اور دلی توجہ کا یہ نتیجہ ضرور ہوا کہ اُن لوگوں کی دماغ سوزی اور بلند خیالی۔ بلند پروازی اور سخن سنجی کے منتخب نمونے اِس زمانے میں قدر شناس اور سخن سنج حضرات کے رُوبرو ایک مجموعے کی صورت میں نہایت حسن و خوبی سے پیش ہو گئے۔ جنکی یاد دلوں سے محو ہو رہی تھی ٭

ہندوستان میں آپکی تالیف قدر کے ساتھ مدت ہائے دراز تک محفوظ رہیگی۔ میں نے اِس قسم کی تالیفات میں صرف تذکرۂ "آبِ حیات" کو اِس دورِ آخر میں وقعت کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ مگر سچ یہ ہے کہ اُس تالیف میں جو بہت بڑی کمی تھی وہ آپنے پوری کر دی۔ جو گو حق تلفی کے ساتھ اُس کتاب میں باریاب نہیں ہوئے تھے۔ یا جنکی باریابی کامل نہ تھی اُسکی آپنے بہت اصلاح کر دی۔ اور اِس سے اُنکی اچھی اشک شوئی ہو گئی ٭

یہ خداداد ہمت تھی جو مدتِ مدید سے آپکے قلبِ سلیم میں ودیعت ہوئی تھی۔ آپنے نہایت استقلال سے اُس سے کام لیا اور موجودہ تالیف اُس کا خوشگوار ثمر ہے۔ آپکی محنت اور دلسوزی کا شکریہ اُردو داں پبلک کی زبانی ادا نہیں ہو سکتا۔ میں نے ہنوز اِس کتاب کو بالاستیعاب نہیں دیکھا ہے۔ مگر کچھ زمانے کے بعد میں اپنی ناچیز رائے نہایت تفصیل کے ساتھ بے تکلف عرض کرونگا۔ مجھے نہایت مسرت ہو گی اگر آیندہ حصص کی تالیف میں کوئی خدمت آپکی کر سکوں گا۔ آپ نے اُردو زبان کے ساتھ بڑا احسان کیا۔ خداوند عالم آپکو اِسکی

جزائے خیر دے۔ سرکار والا تبار حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہٗ کی بڑی عنایت ہوئی کہ انھوں نے بکمال ہنر پروری و قدر شناسی کتاب کو اپنے نام سے معنون کرنے کی اجازت دی۔ یہ آپکی ایسی کامیابی ہے جسکی مبارکباد دیتا ہوں۔

بکمال اخلاص نیاز آپکا ولی خیر طلب محمد رئیس الزمان سکرٹری راجہ صاحب محمودآباد قیصر باغ

ریویو

از جناب منشی محبوب عالم صاحب اڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

"تذکرۂ ہزار داستان" یہ وہ کتاب ہے جس کا پبلک کو کئی سال سے انتظار تھا یعنی لالہ سیرام صاحب ایم۔ اے دہلوی کا تذکرۂ شعرار اردو۔ اس تذکرہ میں مؤلف نے یہ التزام کیا ہے کہ قدیم و جدید جتنے شاعر اردو زبان کے ہیں اُن سب کا تھوڑا بہت حال معہ نمونہ کلام آجائے۔ اور اس غرض کو حاصل کرنے کے لیئے مؤلف صاحب نے نہایت تلاش و کاوش سے قابلِ قدر مواد فراہم کیا ہے۔ کتاب کا تاریخی نام "خمخانۂ جاوید" ہے جس سے ۱۳۲۵ھ ہجری نکلتے ہیں۔ ناموں کی ترتیب تخلص اور حروف تہجی کے لحاظ سے رکھی گئی ہے پہلی جلد جو حال میں چھپ کر تیار ہوئی ہے۔ اس کے اصل مضمون کے ۶۹۰ صفحوں میں صرف دو لفظ الف اور بے کے تخلص ہیں۔ حضور نظام نے اس تالیف کو اپنے نام نامی سے معنون کیا جانا منظور فرمایا ہے۔ ٹائیٹل پیج دو ہیں۔ اندر کا ٹائیٹل پیج رنگین اور نہایت خوشنما چھپا ہوا ہے شروع میں مؤلف نے اپنی دو تصویریں بھی دی ہیں۔ ایک عنفوان شباب ۱۸۹۲ء کی ہے اور ایک تازہ لکھائی چھپائی میں خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اگرچہ کتاب میں بعض بعض فروگزاشتیں ہیں۔ بعض بعض شعرار کا نام درج ہونے سے رہ گیا ہے۔ بعض کے حالات میں کسیقدر غلطی ہے۔ مگر ایسی باتیں ناگزیر ہوتی ہیں۔ چھپائی میں جو غلطیاں رہ گئی

اُس کے لئے غلط نامہ لگا دیا گیا ہے۔ جن شعراء کا پہلی جلد میں تذکرہ ہے اُنکی فہرست بھی آخر میں دیدی ہے۔ آخر میں متعدد اصحاب کی تقریظیں درج کی گئی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ کتاب فی نفسہ نہایت مفید اور بڑی عرق ریزی اور مشقت کا کام ہے اور اس سے اُردو لٹریچر میں قیمتی اضافہ ہوا۔ مطبوعہ پیسہ اخبار مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۹۰۸ء

تقریظ منظوم و قطعہ تاریخ از منشی للتا پرشاد صاحب شاؔد میرٹھی سابق اڈیٹر اخبار دلشاد و نظم الہند وغیرہ و مصنف کتب متعددہ

پلا مجھکو اے ساقیٔ خوش جمال — پلا برف میں بادۂ کہنہ سال
چمن ہے۔ شبِ ماہ ہے۔ ابر ہے — خدا کے لئے اب نہ کر قیل و قال
مری آج حالت جو دیکھے کوئی — تو حیرت میں آکر کرے یوں سوال
کہ کیوں اسقدر خوش ہے اے شادؔ تو — کہیں سے لگا کچھ ترے ہاتھ مال
کوئی تُو نے جیتا ہے پالا کہیں؟ — نکالی ہے شطرنج کی کوئی چال؟
کہیں مل گیا کوئی محبوب۔ یا — کسی نے پلا دی شرابِ وصال؟
بتا تو سہی ماجرا کیا ہے یہ — کدھر جا پڑا دھیان کیا ہے خیال؟
ابھی کل ہی کی بات ہے یاد ہے! — کہ تُو پھر رہا تھا یونہی خستہ حال
زمانے نے دیکھی ہے حالت تری — کبھی خشک لب تھے کبھی زرد گال
جو ارزاں تھی وحشت ترے واسطے — تو عشرت کا تھا کُل زمانے میں کال
ٹپکتا تھا چہرے سے رنج و قلق — طبیعت میں تھے جاگزیں صد ملال
مگر آج کچھ اَور ہی شان ہے! — مسرّت سے چہرہ بھی ہے لال لال
کبھی لیمنیڈ۔ برف کی مانگ ہے — کبھی خواہشِ بادۂ پرتگال
یہ کیا بات ہے یار کیا راز ہے؟ — سمجھ میں نہ آیا مری کچھ یہ حال

یہ سُنکر کلام اُس سے مَیں نے کہا
کہ اے بے ادب! بس زباں کو سنبھال

تجھے کیا خبر ہے کہ غافل ہے تو
یہ باتیں ہیں تیری حماقت پہ دال

مجھے رنج تھا اس لئے بیشتر
کہ آیا ہے فنِ سخن کو زوال

کہیں شاعری کو کہ منحوس ہے
بہت ایسے ہیں اُن دنوں بدخصال

نہیں پُوچھتا کوئی شاعر کو اَب
ذرا بھی نہیں علم کی دیکھ بھال

جو فنِ سخن موجبِ ناز تھا
ہُوا آج اُلٹی چھُری سے حلال

جہاں سے گئے ذوق و داغ و مُنیر
امیر و ظفر کا ہُوا انتقال

بیاں ہے نہ راسخ نہ ناسخ نہ رند
ہُوا ہائے فنِ سخن پائے مال

نہ سودا نہ آتش نہ غالب نہ میر
نہیں کوئی بھی شاعرِ باکمال

بہت یاوہ گو اور تُک بند ہیں
نہیں ہیں مگر ہائے اہلِ کمال

غنیمت ہیں اس وقت مضطر رسا
ریاض اور بیخود ظہیر و جلال

مبارک ہیں حالی و کیفی۔ اُفق
حسن شوکت احسن و جاہت کمال

مگر کوئی اِن کا نہیں قدرداں
ہُوا اِس زمانے میں جینا وبال

غرض ہیں سخنور نہ اب قدرداں
لیاقت رہی اور نہ قدرِ کمال

کہاں ہیں وہ پہلے سے اہلِ نظر
صلہ میں جو دیتے تھے شاعر کو مال

مصیبت میں ہیں اے سارے شریف
ترقی پہ ہیں اَب کمین و سفال

اگر قدرداں کوئی آئے نظر
تو سمجھوں میں کیونکر مبارک فال

سُنا جب یہ مَیں نے کہ اک دہلوی
نہ دِل سے کرتا ہے قدرِ کمال

اُسی وقت سے ہے مسرّت مجھے
اُسی وقت سے ہوں میں فرخندہ حال

مجھے تھا الم بیشتر۔ بیشتر
بچھا تھا غم و رنج کا گرد جال

پُرانی خوشی عود کر آئی پھر
مجھے چاہیئے بادۂ کُہنہ سال

اِسی واسطے مے کا طالب ہوں میں — اِسی واسطے یاد آیا کلال
مجھے اب یہ کہنا ضروری ہوا — کہ ہے کون وہ قدردانِ کمال
وہ مشہور لالہ سریرام ہیں — نجیب و شریف و عدیم المثال
فہیم و سخن سنج اور نکتہ داں — نثارِ کمال اور اہلِ کمال
لیاقت میں عالم زمانے کے دنگ — اِمارت میں قاروں بھی آشفتہ حال
الٰہی وہ دائم رہیں با مُراد — الٰہی وہ زندہ رہیں لاکھ سال
اُنھیں نے بنایا ہے یہ تذکرہ — ہر اُردو کے شاعر کا لکھا ہے حال
یہ مژدہ ہے کیا کم مرے واسطے — کہ زندہ ہوا نامِ اہلِ کمال
بڑی عرق ریزی کا ثمرہ ہے یہ — اِسے دیکھ کر میں ہوا ہوں بحال
وہ پہلی تھی یہ دوسری جلد ہے — لکھیں گے ابھی اور بھی چند سال
سخن کو اگر آسماں مان لیں — تو اِسکو ابھی اُس کا سمجھو ہلال
کہا ہاتفِ غیب نے شاد سے — کہ چھپا ہے کیا تذکرہ بے مثال

۱۹۶۶ عیسوی

منشی والا ہمم شیریں مقال — دیگر — نگہسارِ مکتہ سنج و خوش خصال
عالمِ بے مثل و یکتا و لئیق — فاضل و اہلِ امارت نیک فال
کرد تالیف و رقم ایں تذکرہ — خرم و مسرور شد اہلِ کمال
سالِ طبعش گفت ہاتف شاد را — بیمثال و بے عدیل ست این کمال

۱۳۲۷ھ

تذکرہ کس نے یہ لکھا اچھا — دیگر — خوب جسے کہتے ہیں اچھا اچھا
آبِ دہلی کا بھلا ذکر ہی کیا — غیر تک کہتے ہیں اچھا اچھا
آن و انداز کے کیا کہتے ہیں — صورت اچھی ہے سراپا اچھا
کاغذ اعلیٰ ہے عبارت عمدہ — جلد و تحریر ہے چھاپا اچھا
ٹائیٹل پیج کی جدت واللہ — مرحبا ہے رُخِ زیبا اچھا

دیکھیں موسیٰ تو گریں غش کھا کر — طور سے ہے جلوہ اچھا
اہلِ فن آج بتاتے ہیں اسے — ساری دنیا سے نرالا اچھا
سچ تو یہ ہے کہ بہ نسبت اس کی — کوئی بھی کام نہ ہوگا اچھا
تھوڑے داموں میں یہ شے لی ہنسے — مال قیمت ہی سے پایا اچھا
مصرعۂ سال لکھو تم اسے شاد — ہے گلستانِ سخن کیا اچھا

۱۳ ۲۷ ھ

تقریظ مع تاریخ از فکر لطیف شاعر شیریں سخن جناب میر شرافت علی صاحب کشتہ اکبر آبادی

جہاں میں شور ہے منشی سریرام — بڑا جوہر شناسِ اہلِ فن ہے
لیاقت میں ہے ایم۔ اے مضفی پاس — سعادت جو شریفوں کا چلن ہے
فطانت اس جواں کی ہے قیامت — متانت صورتِ پیرِ کہن ہے
طلاقت اسکی ہے جادو کی پتلی — جوابِ سامری یہ سحر فن ہے
عبارت دیکھئے گا تذکرے کی — کہ جو میدان ہے صحنِ چمن ہے
ملاحت ہے حلاوت بھی ہے اس میں — کہ شورِ بلبلِ شیریں سخن ہے
مسجع و مرصع و مقفیٰ — یہ نثرِ دلپذیرِ اہلِ فن ہے
سنوارا ہے ہر اک فقرے کو ایسا — کہ پہلی رات کی گویا دلہن ہے
کہیں گلہائے مضموں ہیں شگفتہ — کہیں گل چیں ہے باغِ سخن ہے
کہیں چوٹی کے مضموں ہیں مسلسل — کہیں پیچیدہ زلفِ پرشکن ہے
کہیں وصفِ گل و لالہ کے مضموں — کہیں ذکرِ لبِ غنچہ دہن ہے
کہیں شمشیرِ ابرو ہے برہنہ — کہیں وصفِ لبِ سیبِ ذقن ہے
کہیں اٹھتی جوانی کے ہیں چرچے — کہیں معنی میں کوئی بانکپن ہے
کہیں مضموں آواز حادو کے ہیں — کہیں تیرِ نظر ناوک فگن ہے

کہیں ہجر و شبِ فرقت کے مضموں — کہیں مرغِ سحر سے کچھ جلن ہے
کہیں ہے جدّتِ حسنِ معانی — کہیں ٹکسالی سکّہ کا چلن ہے
کہیں ہے چستی بندش کی خوبی — کہیں لفظی نشستِ اہلِ فن ہے
بھری رکھّی ہے خوشبوئے معانی — جوابِ نافۂ مشکِ ختن ہے
یہ الفاظ و معانی کہہ رہے ہیں — پریزادوں کی زلفِ پرشکن ہے
جُدا ہے الغرض ہر پھول کی بُو — عجب گلدستۂ باغِ سخن ہے
ہُوا ہے یہ بڑا کارِ نمایاں — یہ کچھ تائید ربِّ ذوالمنن ہے
جِلائے سینکڑوں مُردے پُرانے — مسیحائی کا اُس کو یاد فن ہے
بہت ایسے کہ اُن کی قبر تو کیا — نہ ہڈّی ہے نہ اک تارِ کفن ہے
اُنہیں زندہ بنا کر لا دکھایا — جسے دیکھو وہ شمع انجمن ہے
امیر و آتش و آباد و انور — اسیر و آرزو کی انجمن ہے
اسیرِ اکبر آبادی و آغا — جو ہے وہ انتخابِ اہلِ فن ہے
ہر اک اپنے زمانے کا وہ لائق — کہ گویا طوطیٔ شکّر شکن ہے
ہر اک یکتا و جیّد عصر گزرا — ہر اک سلطانِ اقلیمِ سخن ہے
یہ سب جلوے نظر آتے ہیں یکجا — بڑی دلچسپ گویا انجمن ہے
کہوں تاریخ کیا اِس تذکرے کی — ورق ہر اک ہزارہ کا چمن ہے
سنِ ہجری کہا ہاتف نے کشتہ — نشانِ قائمِ بزمِ سخن ہے

قطعاتِ تاریخ بطریقِ تقریظ از قلم گوہر رقم جناب حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب المتخلص صبرؔ امروہوی ملقب بہ بلبلِ تسلیم تلمیذ رشید منشی امیر اللہ تسلیم لکھنوی

ساقیٔ گل پیرہن جامِ مئے گلرنگ دے — دیکھ تو باغِ جہاں میں ہے عجب رنگِ بہار

بنگئ مشاطہ ہے باد صبا گلزار میں
نوجوانانِ چمن کا ہے عروسانہ سنگھار

نرگس و سوسن کہیں پر ہیں کہیں پر نسترن
سنبل و ریحاں کہیں پر ہیں کہیں پر لالہ زار

بلبلوں کے چہچہے سن سنکے گل ہیں باغ باغ
خندۂ گل میں دائیں دلبری کی ہیں ہزار

سبزہ بھی انگڑائیاں لیتا ہے مستوں کیطرح
دیدۂ نرگس کی حیرت سے عیاں ہے انتظار

ساغرِ مے کی جو صورت گل میں آتی ہے نظر
دیکھنے سے تازہ ہو جاتی ہے روح بادہ خوار

اس ہوائے سرد اس کالی گھٹا کو دیکھکر
کیا عجب آتی ہو دلمیں شیخ کے بھی بار بار

پاکدامانی و زہد و وعظ و تقوے چھوڑکر
بادہ خواروں میں چلیں مے پیکے ہوں مدہوش کے یار

پے بہ پے چھ سات ساغر بھر کے دے ساقی مجھے
تا دلِ بیتاب و مضطر ٹھیرے دم بھر ہو قرار

مجکو لکھنا وصف ہے خمخانۂ جاوید کا
آپکے ہیں خط کئی ولی سے اب آیگا تار

خوبیٔ قسمت سے اک پیدا ہوئے ہیں قدردان
تذکرہ لکھا جنھوں نے شاعروں کا باوقار

بے تکلف نام نامی کو بتاؤں کس طرح
صاف آسکتا نہیں اس بحر میں ہے زینہار

پہلے لالہ پھر سری پھر رام پھر منصف لکھوں
جمع پھر الفاظ سب ہوں نام ہو جب آشکار

ذی لیاقت اہلِ دولت بامروت خوشخصال
کم نظر آتے ہیں ایسے زیبِ بزمِ روزگار

تذکرہ لکھا ہے جس خوبی سے کیا تعریف ہو
منہ ہی چھوٹا یہ بڑی ہے بات مشکل ہے دوچار

رونقِ بزمِ جہاں اک جلد چھپکر ہو چکی
اک نظر میں نے بھی دیکھی تھی کہیں پر یکبار

کاغذ اچھا تھا چھپی تھی صاف خط پاکیزہ تھا
حال ہر شاعر کا لکھا تھا قرینِ اعتبار

نقطے نقطے سے عیاں تھی صورتِ نجم فلک
ہر کشش پر شیفتہ قوسِ قزح کی تھی بہار

دائروں کی گر ہلالِ عید سے تشبیہ دوں
کیا عجب ہمشکل ہونے پر ہو پیدا افتخار

رشکِ حسنِ کہکشاں تھا جلوۂ بین السطور
زلفِ حورِ خلد الفاظِ مسلسل پر نثار

شاہدِ معنی کی وہ بانکی ادائیں دلفریب
دیکھتے ہی خود بخود بے اختیار آتا تھا پیار

روشنی ہر صفحہ میں ایسی کہ جسکو دیکھکر
آفتابِ صبح روزِ وصل بھی ہو شرمسار

فقرہ ہر اک شکل موجِ حوضِ کوثر بیگماں
ہر ورق میں تختۂ گلزارِ جنت کی بہار

دوسری بھی جلد چھپکر اب قریب الختم ہے
اسکے جلوے پر نگاہِ مشتاقاں ہوگی نثار

کشتیٔ مے کی طرح پیشِ نظر جب آئیگی
کیا عجب مشتاق ہو دنیا برنگِ بادہ خوار

دائرہ ہر ایک ہوگا ساغرے سے سوار
دیکھتے ہی اسکو چھک جائیگا ہر ایک میگسار

دیکھکر اسکے بیاضِ صفحہ کوثر بیگی
پانی پانی ہوگی حسنِ دخترِ رز کی بہار

اسکے ہر فقرے سے پیدا ہوگا جوشِ موجِ مے
گردِ مے کے ذرے بنکر ہونگے نقطے آشکار

پڑھنے میں ہوگی صدائے قلقلِ مینا کی دھن
کوئی دم مسرور ہوگا جو سنے گا دلفگار

شاعروں کو چاہیئے اب شکر کے سجدے کریں
تا قیامت نام دنیا میں رہے گا برقرار

اک قصیدہ پیش کرتا مدح میں اسکی مگر
آجکل میری طبیعت میں ہے بیحد انتشار

خوبیٔ تقدیر برگشتہ کو دیکھو تو سہی
صبر کہتا ہے زمانہ بھر مگر ہوں بیقرار

کیا کہوں کیونکر کہوں دل ہی نہیں قابو میں ہے
رنج مرگِ دوستاں سے چشم تر ہے اشکبار

حضرتِ ذوق کی تاکیدوں سے عاجز ہوگیا
اس لیئے اشعار موزوں کر دیئے سی چہار

فکر میں تاریخ کی بیٹھا تو یہ دل نے کہا
صبر لکھ شاعروں کی پوری پوری ہوگی آر

۱۳ ۲۹

ریویو رقمزدہ اڈیٹر اخبار ہندوستان لاہور

جو لوگ اردو زبان کو اپنی قومی میراث کہا کرتے ہیں وہ چشم بصیرت سے دیکھیں کہ لالہ سریرام ایم اے منصف دہلوی نے اردو زبان پر وہ احسان کیا ہے جو بڑے سے بڑے حامیٔ اردو مسلمان سے نہیں ہوسکا۔ تذکرۂ ہزار داستاں جس کا تاریخی نام خمخانۂ جاوید ہے اسکی پہلی جلد ۲۹۲۲ کے ۶۸۹ صفحہ پر شائع ہوگئی ہے۔ جس میں اردو زبان کے ۶۶۹ شعرائے قدیم و جدید کا کلام اور مختصر حالات درج ہیں تذکرے کی ترتیب ردیف وار ہے اور اس جلد میں صرف الف اور بے کی ردیف

آسکی ہے۔ جس سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ کل کتاب ضخامت کے لحاظ سے اُردو علم ادب کے تذکروں میں سب سے اول نمبر پر ہوگی جسے اُردو لٹریچر کا انسائیکلوپیڈیا کہنا بیجا نہوگا۔ ہر دور کے شعراء کا منتخب کلام یکجا اور با ترتیب دیکھنے کے مشتاق کو اسکی خریداری میں ذرا تامل نکرنا چاہیئے ۔ (از پرچہ مطبوعہ ۳۰ جولائی ۱۹۰۹ء

قطعۂ تاریخ از سید امجد علیخان صاحب بنیرہ نواب مختار الدولہ و نجم الدولہ سید ابو القاسم خان و نواسہ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان وزیر سلطنت اودھ

ہیں میر رام اک رئیس ذی وقار و باکرم
تذکرہ کیا خوب تالیف اُس سخنور نے کیا

کہتے ہیں "خمخانۂ جاوید" اس تصنیف کو
نام تاریخی یہ اُس کا سالِ ہجری میں ہوا

گو سرور افزائے اہلِ ذوق ہوگی میکشی
شرع کے پابند کو کام ایسے میخانے سے کیا

جب سنے اُسکے لطائف میرے گوشِ شوق نے
دل میں آیا دھیاں اُسکی طبع کی تاریخ کا

عیسوی سال اُس کا واصف نے قلم برداشتہ
اُلفتِ خمخانۂ جاوید بس ہے۔ لکھدیا ۱۹۰۸

قطعۂ تاریخ بطرز تقریظ از تصنیف لطیف ناظم بمثال شاعرِ نازکخیال منشی پیاریلال صاحب رونق دہلوی اڈیٹر کمال دہلی تلمیذ رشید مولنا راسخ

شکر ایزد کہ پھر بہار آئی
گوہر افشاں ہے ابرِ نیسانی

رشک افزائے خوابِ مخمل ہے
نزہتِ سبزۂ گلستانی

ہے ہر اک گل نمونۂ قدرت
ہر ورق میں ہے شانِ یزدانی

برگ برگِ گلِ شگفتہ سے
حرف حرفِ کتابِ عرفانی

فرقِ گل پر ہے تاجِ شاہانہ
زیبِ تن ہے قبائے سلطانی

ہے عروسانِ گل کی مشاطہ
موجِ بادِ نسیم نیسانی

فرقِ گُل پر نسیم کرتی ہے — پنجۂ موج سے نگس رانی
سلکِ گوہر ہیں قطرۂ باران — سائباں ہے سحاب نیسانی
دیکھ کر خندۂ لبِ گلبرگ — صدقے ہوتے ہیں لالِ رمّانی
اللہ اللہ فیضِ بادِ بہار — اوس کرنے لگی دُرافشانی
پھر نویدِ نشاط لائی نسیم — پھر ہوئی عیش کی فراوانی
مژدۂ انبساط پھر پہونچا — پھر دلوں سے مٹی پریشانی
روزِ عیدالفطر ہے پھر ہر روز — پھر مہِ نو کی ہے درخشانی
چھا گئی پھر چمن پہ گل رنگی — اُڑ گیا رُخ سے رنگِ حیرانی
بن گیا ہے ترانۂ عشرت — نغمۂ بلبلِ گلستانی
گا رہا ہے ہر اک خوشی کے راگ — دے رہی ہے مزا غزلخوانی
کچھ تو ہے اِس نشاط کا باعث — کس لیئے ہے طرب کی ارزانی
جس کا شوقِ لقا تھا مدّت سے — جسکی تھی آرزوئے مہمانی
عالم افروز ہو گیا وہ مہر — ہر طرف اُسکی ہے درخشانی
اُسکے پرتو نے کر دیا یکسر — دلِ اہلِ سخن کو نورانی
وصف میں اُسکے ہم بھی دیکھینگے — توسنِ طبع تیری جولانی
زینتِ دہر ہے وہ میخانہ — دَور جس کا شرابِ نورانی
چھپ گیا ہے وہ تذکرہ جس کا — صفحہ صفحہ ہے فیضِ رُوحانی
نقطہ نقطہ ہے گوہرِ یکتا — لفظ لفظ اُس کا لالِ رمّانی
جدولیں رشکِ کہکشانِ فلک — غیرتِ آفتابِ پیشانی
حُسن بین السطور سے اظہر — جلوۂ موجِ بحرِ نورانی
لمعۂ حسن سے خجل الماس — آب سے آبِ آئینہ پانی

کھینچنی چاہے اُسکی گر تصویر — دنگ رہ جائے خامۂ مانی
لاجواب انتخاب میں ہر شعر — مصرعہ مصرعہ ہر ایک لاثانی
انتخابِ سخن ہے دادِ طلب — ہے عیاں جوہرِ زباندانی
مردمِ چشم کو سوادِ خط — بن گیا سرمۂ سلیمانی
ہیں وہ اشعار صاف و پاکیزہ — جن سے حاصل ہو لطفِ روحانی
ہوں مؤلف کے کیا بیاں اوصاف — حُسن و خوبی میں فرد و لاثانی
ہیں سریرامِ ماہر ہر فن — ختم ہے آپ پر سخندانی
ذاتِ عالی ہے مجمعِ اوصاف — اور ہر فن میں آپ لاثانی
پاسباں اُسکے گھر کے فضل و ہنر — ذی ہنر پر ہے فرض دربانی
اُن کا کوچہ ہے خاص دارالعلم — اُنکی صحبت ہے فیضِ ربانی
دل نوازی شعار ہے اُن کا — اور مہماں کی فرض مہمانی
اُنکی محفل میں روز رقص و سرود — اور ہر شب ہے جشنِ سلطانی
رونقِ جلسۂ علوم و فنون — زینتِ محفلِ سخندانی
کام مشکل سے تھا جو مشکل تر — کر دکھایا ہے وہ بآسانی
وہ لکھا تذکرہ عجیب و غریب — انتخابِ جہاں و لاثانی
کھِل رہا ہے کہیں سخن کا چمن — ہے کہیں نثر کی گل افشانی
بھولے بھٹکوں کو راہ پر لائے — شاعروں کے ہیں خضرِ دورانی
حال سے جنکے بیخبر تھا جہاں — کھل گیا اُن کا رازِ پنہانی
آگئی دامنِ محبت میں — تھی جو اُردو کو پرورش پانی
سچ تو یہ ہے بڑا ہی کام کیا — بات پوچھو تو ہے یہ ایمانی
منحرف ہوں جو اسکی خوبی سے — ہے سراسر یہ اُن کی نادانی

تا قیامت رہے مؤلف کے — شاملِ حالِ فضلِ یزدانی
ختم کر بس یہیں سخن رونق — تا کہ مضمون ہو نہ طولانی
یہی تقریظ ہے یہی تاریخ — تذکرہ لاجواب ولاثانی
۱۹ ۶۶

دیگر

ہے سریرام کا جہاں تذکرہ — کیا ہی نایاب تذکرہ لکھا
خوبیاں اسکی ہوگئیں روشن — اِک زمانے پہ مثلِ آئینا
واقعی تھی یہ آپ کی ہمت — سچ تو یہ ہے بڑا ہی کام کیا
بن گئے شاعروں کے خضر و مسیح — کر دیا اُن کے نام کو زندا
روح پھونکی زبانِ اُردو میں — ہر سخن بن گیا زباں گویا
شکر اس کا ادا ہو کس منہ سے — شاعروں پر کرم جو فرمایا
کیوں نہ مقبولِ عام ہو یہ کتاب — درحقیقت ہے تذکرہ یکتا
۱۳ ۲۷

دیگر

سن لو تاریخ طبع رونق سے — دفترِ شاعراں چھپا اچھا
وہ لکھا سریرام نے تذکرہ — عیاں ہوگئی جس سے شانِ سخن
نہ ہو فیض یاب اس سے کیوں اِک جہاں — یہ ہے معدنِ علم و کانِ سخن
کیا ذکر ہر نغمۂ گفتار کا — نہ چھوڑا کوئی خوش بیانِ سخن
کیے منتخب وہ معما میں بلند — زمین بن گئی آسمانِ سخن
دکھایا وہ اعجازِ حسنِ رقم — بنے نوحہ گو مدح خوانِ سخن
نہوں مست کیوں جرعہ نوشانِ علم — یہ خمخانہ ہے میکشانِ سخن
سر آنکھوں پہ رکھیں گے وہ شوق سے — جو دیکھیں کے دل دادگانِ سخن
سُنا دو یہ تاریخ رونق انھیں — جو ہیں حامی و قدر دانِ سخن
گلِ معنی تازہ سے سربسر — ہے آراستہ بوستانِ سخن
۱۱ ۶۱۹

تقریظ دلپذیر از طبع وقاد و ذہن نقاد بابو چندی پرشاد صاحب شیدا دہلوی تلمیذ رشید مولانا راسخ دہلوی

نوید جانفزا ہو کر خبر لائی کس گل کی
نسیم صبح کے جلوے میں ہے رنگ گلستانی

الٰہی کون ہے وہ روح پرور شاہد رعنا
بنا خورشید محشر جس کا نور صبح پیشانی

ذرا دیکھو تو ہے کس اوج پر حسن فلک رفعت
کہ کرتا ہے ہلال عید جامہ کی گریبانی

بندھا پلے کا گویا سلسلہ دامان محشر سے
ہوئے عمر خضر طول امل گیسوئے طولانی

ہزاروں راز اسکی اک خموشی سے نکلتے ہیں
معمہ ہیں دہن کے بھر دیئے اسرار پنہانی

بہار بیخزاں قربان ہوتی ہے کف پا پر
رخ رنگیں پہ گلزار ارم کی ہے گل افشانی

زمانے میں ہے یہ کس شان پر حسن صفا پرور
ہمائے بخت یاور جسکی کرتا ہے مگس رانی

ہزاروں رنگ کے پھولے چمن اس میں نظر آئے
بنی ہے تختہ فردوس منظر لوح پیشانی

مضامین و زبان رشک بتان شوخ و پرفن ہیں
سحاب حسن سے ناز و ادا کا کھیت ہے دھانی

دکھائے سوز پنہاں کے کرشمے کس صفائی سے
کہ جسپر اشکی و آہی ہوئے عرفی و خاقانی

بیاں ہے سر بسر اسمیں گنہگاران الفت کا
وہ جنکے دامن تر میں نہاں ہے پاک دامانی

نظر آتے ہیں کیا کیا عاشق معشوق کے جلوے
کہیں رنگ نزاکت ہے کہیں طرز گرانجانی

کہیں تعریف حسن روح افزا کی قیامت ہے
کہیں عشاق سرگشتہ کا ہے ذکر پریشانی

کہیں فرقت کہیں عشرت کہیں خلوت کہیں جلوت
غرض ہر رنگ کی آمیں دکھائی ہے فراوانی

کہیں رشک رقابت ہے کہیں سامان عشرت ہے
کہیں محشر کا دن ٹھیرا شب فرقت کی طولانی

حجاب چشم بد بیں سے بری ہیں خوبیاں اسکی
کسی پردے سے چھپ سکتی نہیں شعلہ کی عریانی

نکالے کیوں نہ پر پرزے غضب کے طائر مضمون
کھلایا ہے پلایا ہے نیا دانہ نیا پانی

بنے ہیں خضرہ لالہ سرپرام آج عالم میں
پلایا شاعران ہند کو آب بقا پانی

فنا کا دخل کیا خمخانۂ جاوید کے آگے
حیاتِ جاودانی کر رہی ہے گھر کی دربانی

مکمل ایک اُردو شاعروں کا تذکرہ لکھا
دکھا دی خلق کو لفظ و معانی کی فراوانی

ذرا دیکھو تو اسکو ہمتِ مردانہ کہتے ہیں
اُٹھایا بار اتنا دوش پر اپنے بآسانی

اسی میں صرف کی ہے اپنی اوقاتِ گرانمایہ
بنے پھر کیوں نہ مہرِ نیکنامی نورپیشانی

فراہم حال سارے شاعرانِ ہند کا کرنا
کچھ آساں تھا۔ یہ ہمت ہو گئی تائیدِ یزدانی

بڑی تحقیق سے لکھا ہے ہر اک کا کام ہمیں
دکھائی اشہبِ طبعِ رواں کی خوب جولانی

چُنے ہیں مثلِ افشاں واہ کیا اشعار برجستہ
وہ حسنِ منتخب ہے آبِ گوہر بھی بھرے پانی

سخن فہمی سخن دانی سے مشکل ہے زمانے میں
زرِ خالص پرکھ سکتا نہیں کوئی بہ آسانی

غضب کا حافظہ ہے شعر ہیں نوکِ زباں لاکھوں
بجا ہے اِس معانی میں جو کہدے فیضیٔ ثانی

نظر میں ہے خیالِ مختصر فکرِ سخن گستر
مشرح گر کہوں تو عرض ہو جائیگی طولانی

کہاں تو ہے کہاں یہ تذکرہ خاموش اے اشہدا
کہ چھوٹا منہ بڑی باتیں کہی جاتی ہے نادانی

قطعہ تاریخ بطرز تقریظ از نتیجہ افکار شاعرِ بے نظیر خوش تقریر جناب منشی گوریشنکر صاحب قصیر تلمیذ حضرت سید ظہیر الدین صاحب ظہیر دہلوی

گیا ذہن اُس جا سرِ رام کا
جہاں جا نہ سکتا تھا وہم و گمان

لکھا تذکرہ اک عجیب و غریب
کہ ہے وصف میں جسکے قاصر زبان

کھلے ہیں چمن اس میں وہ تازہ تر
بنا تذکرہ رشکِ بوستان

ہر اک شعر ہے انتخابِ سخن
ہر اک مصرع تر ہوا داستان

کشش ہے بہارِ معانی کی یہ
دل و جاں سے ہیں اہلِ دل قدرداں

فراہم ہے سب شاعروں کا کلام
ہر اک کا نرالا ہے رنگِ بیان

شگفتہ ہے کیا ہر غزل برمحل
کہ ہے موجِ گلزارِ باغِ جنان

مخجل کیوں نہ ہو اس سے باغِ ارم
بھری ہیں قیامت کی رنگینیاں

مضامین شستہ زباں صاف صاف
یہ اردو ہے مقبولِ ہندوستاں

دکھایا وہ اندازِ نوکِ قلم
دلِ اہلِ عالم میں لیں چٹکیاں

مہیا ہوا جامِ آبِ حیات
یہ ہے دوستوں کے لیے ارمغاں

جھکی جس سے پیرِ فلک کی کمر
اٹھایا ہے وہ سر پہ بارِ گراں

ہر اک مصرعۂ تر ہے رشکِ چمن
ہر اک نظم ہے نظمِ گیتی ستاں

وہیں کھچ گیا ایک دلسوز سین
دکھایا جہاں رنگِ آہ و فغاں

دکھائی ہے وہ سادگی میں بہار
ندیں داد کیوں اسکی پیر و جواں

سخنداں جہاں کے کہیں تو بجا
سریرام کو فخرِ ہندوستان

کہیں ذکرِ معشوقِ طناز ہے
کسی جا ہے سوز و الم کا بیاں

کہیں ہیں مضامینِ سوز و گداز
کہیں وصل و فرقت کی ہے داستاں

یہ ہے خوان تازہ مضامین کا
جو تھے میہماں ہو گئے میزباں

دکھایا اثر وہ مئے نظم نے
ہوا دیکھکر مست سارا جہاں

نہوں اس سے سیراب کیوں تشنہ لب
یہ "خمخانہ" ہے ساغرِ میکشاں

ہر اک شخص کیفِ سخن سے ہے مست
بنا آج خمخانہ پیرِ مغاں

کھلایا ہے سرسبز ایسا چمن
نہیں جسکو تا حشر خوفِ خزاں

بڑے لائق و فائق و علم دوست
یہ لالہ سریرام ہیں بیگماں

زمانے کو ہے جسکی شوکت پہ ناز
یہی ہے قابلِ فخر وہ خاندان

چھپا ہے عجب شان کا تذکرہ
ہوا دیکھکر ہر بشر شادماں

کیا نام لالہ سریرام نے
کہ ہے مدح خواں ان کا سارا جہاں

میں لکھنے لگا اسکی توصیف جب
قلم بیقلم ہو گیا ہمزباں

مجھے فکرِ تاریخ جس دم ہوئی ہو گر عیسوی سال لینا **قصیر**		ندا آئی یہ غیب سے ناگہاں تو لکھ چھپ گیا تذکرہ دلستاں ۱۹۱۱
	دیگر	
جناب **لالہ سریرام** محسنِ اردو چو سالِ خاتمۂ طبع آں ہمی جستند		کتاب نادر و نایاب و بے نظیر نوشت جواہر تذکرۂ شاعراں **قصیر** نوشت ۱۹۱۸ ۶۸

تقریظ از قلم جادو نگار منشی سید اصغر علی بلگرامی بی اے نائب تعلقہ دار ریاست حیدر آباد دکن

جلد اول خمخانۂ جاوید مع سرورق مکمل ہو گئی خدا خدا کر کے برسوں کی محنت ٹھکانے لگی۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے اور کامران و فائز المرام کرے۔ فی الحقیقت یہ تذکرہ کیا ہے ایک باغ ہے سرسبز و شاداب جس میں گلبن ہزار در ہزار میوہ دار درخت۔ بیشمار و زمین سراسر سبزہ زار۔ بہت حوض بہت نہریں۔ مٹی نظر نہیں آتی۔ سبزہ یا لہریں۔ بالاشائبہ جنبہ داری میری رائے یہ ہے کہ آپنے تذکرہ لکھکر ایک نہایت مستبعد اور اہم کام کو آسان کر دکھایا ہے اور قوم پر ایسا لاجواب احسان کیا ہے جس سے وہ ہرگز عہدہ برآ نہیں ہو سکتی۔ اور جس بے نفسی کے ساتھ آپنے اس کنٹرو ورسیل راہ میں گام فرسائی کی ہے وہ صرف آپ ہی کا حصہ تھا۔ حسّاد تو اپنے تقاضائے طبیعت سے مجبور ہیں انھیں یونہی آتشِ حسد میں جلنے دیجئے سہ ہر کسے را بہر کارے ساختند حقیر آپ کا خیر سگال اور آپکی قدر دان کا دعا گو ہے۔

اقتباس از تحریر عالیجناب چودھری خوشی محمد صاحب گورنر صوبہ کشمیر

آجکل نیاز مند خمخانۂ جاوید کی جرعہ نوشی میں مصروف ہے۔ آپنے اس نادر تصنیف

سے اہلِ ملک پر ایسا احسان کیا ہے جس کا شکریہ ادا نہیں ہو سکتا ع آفریں باد بریں ہمتِ مردانہ تو ✦ آپکی اس محنت کی بدولت بہت سے گمنام اہلِ کمال کی خدمت میں نیاز حاصل ہو گیا۔ آپنے مختصر الفاظ میں نقادی اور سخن فہمی کی داد دی ہے۔ سید شجاع الدین انور دہلوی کے دیدار سے دیدۂ ناظر منور ہوئے ہیں۔ افسوس کہ یہ باکمال عنفوانِ شباب میں دنیا سے اٹھ گیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بقول آپکے اگر آج حضرت انور زندہ ہوتے تو کسی کا چراغ انکے سامنے روشن نہ ہوتا آپنے جو انکا ایک دیوان طبع کرایا ہے براہِ عنایت اسکی ایک جلد بذریعۂ وی پی میرے نام ارسال فرمائیں۔ حضرت انور کا کلام۔ رنگینی۔ تصوف بلند پروازی شوکت و شیرینی کا ایک عجیب مجموعہ ہے ✦

فرمائیے اب اوقات کس طرح گزرتی ہے اور خمخانہ کے کسقدر خم اور تیار ہو گئے ہیں۔ اور آنے والی جلدوں کی کبتک توقع ہو سکتی ہے۔ مجھے اندیشہ ہے۔ کہ ناظر کا منبر آنے تک کہیں ساقی کا نشہ ہرن نہ ہو جائے۔ آپکے استقلال پر ایسی بدگمانی کرنا درست نہیں۔ ؎ مگر گردشِ فلک کی چین دیتی ہے کسے آنشا ✦ کیا معلوم کہ کل کیا ہونے والا ہے ✦

ریویو قمزدۂ کلک حکیم محمد ہدایت الحسن سند یافتہ مدرسہ تکمیل الطب لکھنو حال وارد کلکتہ

سرمایۂ نازش و افتخار جناب لالہ سیر رام صاحب ایم اے دام بالاحترام۔ تسلیم مزاج مبارک۔ کل ایک دوست کے یہاں تذکرۂ ہزار داستان دیکھنے میں آیا۔ کتاب کی توصیف زبان و قلم کے احاطۂ قدرت سے باہر ہے اسکی خوبیوں کا کچھ اندازہ دیکھنے ہی سے ہو سکتا ہے۔ یہ کتاب نہ صرف اردو لٹریچر میں ایک بہترین اضافہ ہے بلکہ ان اصحاب کے لیئے جو اردو کی حمایت میں خالی تقریریں کرتے

انجمنیں قائم کرتے اور لاطائل رزولیوشن پاس کیا کرتے ہیں شرم و غیرت کا تازیانہ ہے۔ کسی زبان کی بہترین خدمتوں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُس زبان کے نظم و نثر کے ماہرین کے سوانح لکھے جائیں۔ خدا آپ کی اس کتاب کو آپکے ہی ہاتھ سے تمام کرائے۔ اور آپکی عمر میں برکت دے۔ ہماری آیندہ آنیوالی نسلیں جب ہماری پولیٹیکل کشمکش کی دلچسپ تاریخ ملاحظہ کرینگی تو اُردو ناگری کی پالیٹکس پر نظر ڈالتے ہوئے مخزنہ جاوید کے مصنف کو مسلمان نہ پاکر وہ متحیرانہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہونگی کہ ایسے زمانے میں جبکہ ہندو اقوام اُردو زبان کے میٹنے کے واسطے سر توڑ کوشش کر رہی تھیں تو اُس میدان مبارزہ میں اُردو زبان کا احیا کرنیوالا اُردو کی مدد کرنے والا اور اُردو لٹریچر اور علم۔ اُس کے علم ادب کے ذخیرہ میں بہترین اضافہ کرنے والا بھی ایک ہندو ہی تھا۔ میں بجالت بیخودی اِس قابل قدر محنت کی آپ کو غائبانہ داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا ٭ ناچیز خادم۔ حکیم ہدایت الحسن ۵ جنوری ۱۹۰۹ء

اقتباس از نگارش گرامی اکمل زمان افصح دوراں عالیجناب فضیلت مآب کمالات انتساب مخدومی و مکرمی خان بہادر اکبر حسین خان صاحب اکبر الہ آبادی۔ سابق ڈویزنل جج و رئیس الہ آباد

مخزنہ جاوید کی تالیف سے بابو سری رام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی نے ملک اور قوم اور زبانِ اُردو پر بڑا احسان کیا ہے۔ ایسا کوئی مجموعہ کلام شعرا اب تک مُرتب نہ ہوا تھا جس میں ہر جگہ اور ہر درجہ کے شعرا کے کلام اور اُنکی سوانح عمری مندرج ہو۔ یہ کتاب زبانِ اُردو اور لٹریری مذاقِ ملک کا آئینہ ہے۔ بابو صاحب ہی کا کام تھا کہ اس زمانے میں اس کام کے لیئے اتنی محنت اور اتنا صرف کثیر گوارا فرمایا تمام ہندو مسلمانوں اور جملہ اہلِ ملک کو بابو صاحب کا شکر گزار ہونا چاہیئے۔ بابو صاحب

ایک نہایت ذہین ذیعلم - خوش اخلاق - فیاض طبع - کریم النفس بزرگوار ہیں - خدا انکو صد و سی سال تک زندہ و تندرست اور خوش و خرم رکھے ✤ اکبر حسین ۱۱ ۲/۱

قطعات تاریخ از نتیجۂ فکر و سادہ نشین بزم وزارت و نونہال گلشن امارت مشفقی و مکرمی جناب نواب امرز انقی علی خانصاحب بہادر مہر رئیس اعظم خلف الرشید نواب صاحب شیش محل لکھنؤ

ہیں سر بر ام اک کرمفرما مرے ناز بخیال
جن کا ہے زور قلم بھی اک زبانی تذکرہ
آئی ہاتف کی صدا مجکو کہ کہدو مہر تم
رکس مزہ کا لکھدیا ہندوستانی تذکرہ
۱۱ ۱۹ء

دیگر

ہیں سر بر ام ایک دوست مرے — صاحب علم و واقف ہر فن
جو کہ برسوں سے تھا خزاں آلود — وہی تازہ کیا ہے اب گلشن
اُنکی محنت ہی کا یہ ثمرہ ہے — جو ہوا نخل شعر پر جوبن
بارک اللہ بڑے بڑے مضموں — اللہ اللہ نئے نئے جوبن
ماہ کابل کی کیوں نہ آنکھ پڑے — نئی سٹے ہے یہ زیر چرخ کہن
یوں ہیں الفاظ میں چھپے معنی — جیسے پتوں میں شاہدان چمن
فکر تاریخ طبع حب سے ہوئی — مہر کی ہے دعا یہ رب زمن
خوف حاسد ہے تخرجہ کا سبب — اور سخن سے غرض ہے باغ سخن
اس سے خارج رہے حسد یارب — کیا تر و تازہ ہے بہار سخن
۱۱ ۱۹ء

تقریظ بزبان فارسی از نتائج افکار جوہر ثنا جناب منشی کرپا رام صاحب جوہر رئیس دہلی و یادگار جناب صہبائی مرحوم

ثنا ہا ہمہ ایزد پاک را — ثریا دہد طارم تاک را

	کہ خورشید را صورتِ جام از دست		شرابِ شفق در خمِ شام از دست

آنانیکہ بسیہ مستانِ صہبائے خمخانۂ سخنوری - وبادہ کشانِ میخانۂ معنی پروری را دیدہ دریں ایام کہ علم وہنر را آفتاب بر سر دیوار بود - وتحصیل وتکمیلش را در مسدود خضر رہ گم کردگانِ سخندانی - ومسیحاے بیارانِ الفاظ ومعانی - اعنی جلد اول تذکرۂ خمخانۂ جاوید زیور انطباع پوشیدہ بچشمِ منتظران دیدار جلوہ آرا گردید - وآں جانِ جہاں را بداد او رسیدہ مشتاقانِ سخن را نور وسرور دیدہ ودل بخشید - اگر ایں را با جامِ جم نسبت دہم نسبت اعلی ست باسفل - واواے تمثیل سبے محل - زیرا کہ آن محض افسانہ ایست کہ پیشینیاں را بزباں وایں سرمایۂ ذوق وشوق بل احتِ روحِ روانِ سخنورانِ زماں - آن شنیدہ است وایں دیدہ "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" شعرے اُردو بہ تغیر لفظی مصداقِ حالِ ایں مجموعۂ دانش مالامال است کسے کہ گفتہ دُر سُفتہ ؎

	شیخی تھی جامِ جم کی گئی جامِ جم کے ساتھ		وابستہ ہے طلسمِ جہاں اسکے دم کیساتھ

خردمندان دانشور ودانشورانِ خرد پرور را اگر سرِ ہنرانوئے تفکر در آرند دانند کہ **لالہ سری رام** صاحب ایم - اے منصف خلف الصدق آنریبل رائے بہادر **منگو پال** صاحب بیرسٹر ائٹ لا کوششے کہ در تلاشِ حالات واشعار زباندانانِ اُردو فرمودہ اند وسعیے کہ در تدوین ایں مجموعۂ دانش خرد بجا آوردہ انداز احاطۂ نگارش بیرونست واز اندازۂ قیاس افزوں ناچار ازاں درگزشتہ بدعاسے کہ گوشِ سامعین بصدائے غلغلۂ آمین آمین کان پُر ورى بمین وسعادت گردد می گرایم - تا نواسنجِ سپہر سوئمی بزم آرایانِ فلک را جرعہ بخش بادۂ نشاط وانبساط است ایزدِ توانا ایں ساقیِ مبطہ سخن را تا یوم التناد بحصولِ مرتبِ مقاصدِ دلی رسانا دواز آنچہ است بہ اعلیٰ مراتب علمی فائز گردانا د ؎

نیاز کیش مستہام کرپا رام

تقریظ ریختۂ کلکِ گہرسلک جناب کنور بدری کرشن صاحب فروغ شاگرد رشید منشی ہرگوپال صاحب تفتہ رئیس اعظم و جاگیردار سکندرآباد و وکیل دہلی

خامہ ام آن گریہ وزاری کجاست	آں دو زبانے کہ تو داری کجاست
گشت زباں بند و صریرت چہ شد	جوشِ دل و چشمِ بصیرت چہ شد
ایں ہمہ خاموش نشستن چرا	بال و پرِ خویش شکستن چرا
چوں نکنی قصدِ سوئے آسمان	وقت ہم آمد کہ کشائی زباں
باز نمایم درِ باغِ سخن	رُخ سوئے "خمخانۂ جاوید" کن

آوازۂ شیریں گفتاری سخن کہ بگوشِ ہوش جہانیاں رسیدہ باشد چناں نباشد کہ پردۂ چشم نیم باز محبوبانِ خفتگانِ ناز را برانداز د۔ وحلاوتِ چاشنیٔ قند مکرر معانی کہ زبانِ خامہ چشیدہ باشد آں نباشد کہ ہر دو زبانش را کہ از عذوبت شیریں زبانی باہم چسپان گشتہ از ہم جدا سازد۔ آنست کہ از و سلسلۂ گوش و چشم را بہم پیوستند۔ و این ست کہ شیرینش را در کاغذ بستند۔ کمالِ علم و علمِ کمال۔ و جمالِ حسن و حسنِ جمال یکجا فراہم گردید۔ تا وجود علم و علم وجود تابشِ آتش رخان با مزاج باہم گردید۔ شیریں سخنی کہ بصدائے کامرانی موصوف ست و حلاوتِ چاشنی کہ باظہارِ معانی موقوف اگر تو صیف حسنِ جہاں فریب کج کلہانِ دہر کامیاب گردد۔ مجلسے فراہم آید کہ بگرد شمعش ضیا پر آفتاب گردد۔ ہمان ست کہ این بزم دل افروز پیش نظر داشتہ ام۔ واز دنیا و ہر چیز یکہ در و باشد چشم و دل برداشتہ ام۔ آفتاب در پیش تابش شمعش ذرہ تمثال ست و ماہتاب بزیر ضیا پرچراغش ناقابل خیال۔ مشتری انداز دلبری از حسینانش اندوختہ و زہرۂ فلک چشم شوق بر حسن ماہ رخسارانش دوختہ۔ تیرِ فلک در توصیف حسن حاشیہ نشینانش قلم در کف و مریخ و زحل بارکانِ ثوابت و سیار پیش گوشہ گزینانش

صف بہ صف چشم حقیقت بیں جہانیاں بنظارۂ جمال خوبرویانش مشتاق۔ وتذکرۂ مسیحا دمی شیریں لبانش شہرۂ آفاق۔ ہمانا بزمے کہ مہر و ماہ سرگردانۂ خیال گوشہ نشینیش در سر دارند۔ وکواکب چرخ بہ آرزوئے نظارۂ جمال جہاں آرائیش در قتاند ہمیں گلزار است کہ از باغ ارم گوئے سبقت ربودہ۔ ونخچہ ہائیش چوں دہان معشوقان از خندیدگی شگفتگی عقدۂ مالانجل وا نمودہ۔ سبحان اللہ گلستانیست ہمیشہ بہار و بہاریست ہمیشہ گلزار۔ نے نے بہار بہ سلسلہ چاکرانش برخت وروب شاکش غلامیست درم ناخریدہ وخزاں از محرومی طالع خویش بنجیا بانش بار نیافتہ در مغاک عدم رسیدہ درحیرتم کہ من بچہ خیال وخامہ ام درچہ فکر مبتلا گشتہ کہ این مجموعہ سخن گاہے بہ بزم طرب ووقتی بہ گلزار بہار وساعتی بہ بزم دل افروز آشنا گشتہ۔ اے **فروغ** ژولیدہ بیان نمیدانی کہ ایں گلستان معانی وبزم خیال چہ نام دارد کہ سخن سرایان شیریں کلام ورندان مے آشام را نور دیدہ وسرور در مشام دارد۔ ہمانا نامش **خمخانۂ جاوید** ومشہور بہ تذکرۂ ہزار داستانست وہر فرد بشر کہ بہرہ از سخن سنجی دارد خریدارش بجان ست۔ مضامینش بآں پایہ رسیدہ کہ افلاکیاں راول و جاں بجانب خود کشیدہ۔ درحقیقت شاہدیست کہ از ہر ادائے معشوقانہ واندازِ محبوبانہ صفحۂ اوراق زمانہ را از ہم دریدہ۔ الفاظ مسلسلش چوں زلفِ مشکیں مویاں دلہارا بخود آویختہ وبین السطورش مانند رخسار خوبرویاں گرد حسرت بر چہرہ آفتاب بختہ کیست کہ بہ تحریر وترتیبش پرداختہ۔ ودل وجان را بہ نظم وانتظامش وقف ساختہ۔ خامہ اش را اگر بہ کلکِ عطارد مقابل ساختہ باشم سراز اوج فلک بحضیض زمین انداختہ باشم ویک نقطۂ تحریرش را اگر بہ سیارگانِ چرخ بہ تقابل آوردہ باشم نظرِ فلک رسا را از آسمان بہ ستارۂ آب چاہ عمیق بردہ باشم۔ ہمین است کہ نگارخانہ چین ست واز نتائج طبع وقاد لالہ سیر رام صاحب ایم اے از کتم عدم بمنصۂ شہود پدید آمدہ وکلک قضا وقدر از پئے

تحریر یمضامین معانی خیزش برنامش سکہ زدہ۔ ہر لفظے کہ از خامہ اش چکیدہ کار مسیحائی رسانیدہ و رفتگاں را کہ از دیرینہ زمان بخواب عدم چشم بستہ اند زندہ جاوید گردانیدہ منم کہ خامہ ام در تجسس الفاظ توصیفش از عدم مقدرت بر خود لرزانست۔ و خیالم از ناکامیابی تحریر مدحش بسانِ دود آہِ عاشقان بر خود پیچانست۔ انصافش بر سخن سنجان زمان وامی گزارم و آوصافش را بہ نگاہِ انصاف دیدہ وران می سپارم و خود بہ تحریر قطعہ تاریخ طبعش اکتفا می نمایم۔ و معذوری خامہ را بر عذر لاچاری واگزاشتہ بدعای آیم الٰہی مصنفش را زندۂ جاوید دارد و تصنیفش را خلعتِ قبولیت سپارد۔ آمین

قطعہ تاریخ طبع خمخانۂ جاوید

۱۱ ۱۹ ع

وہ چہ آمد چیز از بابو سریرام اے فروغ
گفتم از ہر مصرع سالِ طبع اش ساقی چیان

۱۱ ۱۹ ع

۱۱ ۱۹ ع

نسخۂ حیرت فزا آبِ حیات آمد زوے
طبع شد خمخانۂ جاوید من جامے دہے

۱۱ ۱۹ ع

بدری کرشن فروغ

قطعات تاریخ خمخانۂ جاوید از مولوی محمد عبدالحق خان صاحب حقی و صفا قادری رامپوری تلمیذ حضرت جلال لکھنوی

شگفتہ ہیں سب شعر اس تذکرے کے
مضامین رنگین سے رشک چمن ہے
بہاریہ تاریخ لکھدی صفا نے
کہ گلدستۂ بزم اہل سخن ہے

۲۹ ۱۳

دیگر

سخنور تذکرہ خوش جمع فرمود
بہار بیخزانش پر صفا باد
صفا پرسید سالش گفت ہاتف
کہ این گلشن شگفتہ دائما باد

۲۹ ۱۳

دیگر

شاعر دہلی کنوں تالیف نمودہ چہ خوب
تذکرہ اہل سخن را از سپے نام و نشاں
مصرع تاریخ او کلک صفا بنوشت صاف
خانۂ کاشانہ زیبا۔ یادگار شاعران

۱۱ ۱۹ ع

تقریظ خمخانۂ جاوید از نتیجہ طبع آکا مرزا ہادی حسن خچتائی رسوا تخلص ابن حاجی مرزا ولیجان بیگ صاحب ساکن پانس پلی شاگرد حضرت اسیر لکھنوی

بیا در محفلِ جاناں کہ یابی صد قرار اینجا	زر اینجا۔ گوہر اینجا حشمت اینجا۔ افتخار اینجا

اس وقت صبح کے کوئی چھ بجے ہونگے کہ پورب سمت سے ایک روشنی پیدا ہوئی اور تیز شعاعی کرنیں جلد جلد ترقی کرنے لگیں۔ یکایک پردۂ شب ہٹا کر شاہِ خاور مدظلہ نے دریچۂ مشرق سے سر نکالتے ہی سپاہِ انجم کو کمر کھولنے اور بارہ گھنٹہ آرام کرنیکا حکم دیدیا۔ پہاڑوں کی بلند چوٹیاں سنہری بوتلیں بنکر مسکیٹوں کا دل لبھانے لگیں شبنم دوشِ صبا پر گلاب پاش لیئے ہوئے منہ ہاتھ دھلانے دوڑی۔ مرغانِ خوش الحان جھوم جھوم کر خوشی کے ترانے گانے لگے۔ سب اہلِ جہاں اپنی اپنی آرامگاہ چھوڑ کر استقبال کو اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس وقت ہم بھی اپنے دوست حافظ ارشاد کے ہمراہ توسنِ خیال پر فراٹے بھرتے ہوئے قطب صاحب کی لاٹ واقع دہلی کے سب سے اونچے درجے پر بہارِ قدرت کا تماشا دیکھنے میں مصروف ہیں۔

ارشاد۔ تر و سبز رنگیں اندوں ہر اک گلستاں ہے۔ رسوا نظر جائے جہانتک تختۂ گلشن بیاباں ہے

" کہیں گلنارِ شاخِ لعلِ لبہائے حسیناں ہے " کسی جا جعدِ سنبل غیرتِ زلفِ پریشاں ہے

" کسی تختہ میں ہر گل غیرتِ لعلِ بدخشاں ہے " کہیں نا صر علی کا شعر ورد مرغِ بستاں ہے

" بہار آمد بصحرا باز کن چشمِ تماشا را " کہ چون آئینہ گل در ہر گرفت اطراف دریا را

اس قسم کی باہم شعر خوانی ہو رہی تھی کہ دفعۃً ملک دکن کیجانب سے ایک عجیب شے سطحِ ہوا کی صاف سڑک پر ہماری طرف آتی ہوئی دکھائی دی۔

ارشاد۔ دشانہ ہلکارہ مرزا صاحب! ادھر دیکھیے۔ یہ عنقا ہے یا کوئی بادل کا ٹکڑا۔

مرزا رسوا۔ آپکو معلوم نہیں یہ ایک نئی صنعت اور اہلِ فرنگ کی معجز نما ایجاد ہے۔

اسکو ہوائی جہاز کہتے ہیں ۔

ارشاد۔ بھئی یہ تو ہماری طرف آرہا ہے ؟ ۔

مرزا رسوا۔ یقیناً۔ طرفۃ العین میں وہ ہوائی جہاز زمین سے دو میل اونچا اسی سبزہ زار پُر بہار پر ٹھہر گیا۔ آہا اسپر تو حضرت آصفجاہ دکن خلد اللہ ملکہٗ جلوہ گر ہیں حضرت معراج کے یمین و یسار اُنکے چار سکڑی یعنی اُستاد جہاں میرزا غالب۔ موجد فن میر مصحفی۔ امیر الشعرا امیر مینائی۔ فصیح الملک میرزا داغ رونق افروز ہیں۔ ان حضرات نے بحکم شاہ جمجاہ اطراف شرق و غرب جنوب و شمال کیجانب سے آواز بلند پکارنا شروع کیا۔ خدا جانے اِن آوازوں میں کس بلا کا اثر اور کیسی کشش مقناطیسی تھی کہ چشم زدن میں تمام شعرائے ہند ماضی و حال اُسی صحرائے پُر بہار میں جمع ہو گئے پھر زور کی ہوا چلی اور سمت لاہور سے تند و پُر شور ایک ابر اُٹھا اور چادر ظلمات پھیلاتا ہوا چشمۂ آبحیات پر جھکا اُسکا سب پانی پیا بحر عدن میں غوطے لگانے لگا اور ہزاروں من گوہر آبدار اپنے وسیع دامنوں میں بھر کر بسرعت برق و باد اُسی سبزہ زار پُر بہار پر محیط ہو گیا۔ پھر ہوا کی فوری جنبش سے آبحیات اور موتی برسانے لگا۔ تمام شعرائے دوڑ دوڑ کر موتی لوٹے اور آبحیات پیا۔ پھر اُس ابر میں دو آفتاب درخشاں متصل نظر آئے پھر وہ ابر سمٹا اور روبرو حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہ کے بصورت گلدستہ بن گیا اور اُس گلدستہ کے چپ راست وہ دونوں سورج بالکل انسان متمثل ہو گئے۔ تمام شعرائے چاروں طرف سے اشعار مبارکباد پڑھنا شروع کیئے۔ اُسکے بعد وہ تمام حلیہ اور ہوائی جہاز نظروں سے غائب ۔ ہم یہ نمونہ طلسم دیکھ کر محو حیرت ہو گئے ۔

ارشاد۔ بھئی ایسی ہوش ربا کیفیت کبھی دیکھی نہ سنی ۔

رسوا۔ حافظ صاحب وہ ہوائی جہاز اعلی حضرت شاہ دکن خلد اللہ ملکہٗ کی توجہ خاص ہے اور وہ ابر جو گلدستہ بن گیا "خمخانۂ جاوید" ہے۔ آبحیات جو اُسنے برسایا۔ گویا

شاعروں کو زندۂ جاوید بنایا اور وہ گوہر آبدار شعرا کے اشعار۔

ارشاد۔ اور وہ دو سورج متصلہ باہم۔؟

رسوا۔ پہلا سورج گوہر درج اقبال لالہ مدن گوپال بیرسٹرائٹ لا۔ اور دوسرا سورج مخدوم انام مرجع خاص و عام جامع کلام ایم اے۔ منشی سریرام منصف صاحب چیف کورٹ لاہور جنکی تصاویر "خمخانۂ جاوید" کے ٹائیٹل پر موجود ہیں۔ ہمنے جو اشعار مبارکباد اُس جلسۂ شعرا میں پڑھے تھے وہ مؤلف ممدوح کی نذر کرتے ہیں اور قطعۂ تاریخ اُسکے علاوہ۔ ؎

چمک دکھلا رہا ہے دُرِ تاجِ آصفی کیا کیا
نمایاں ہے رخِ انور سے شانِ قیصری کیا کیا

حضورِ خسروِ ملک و کن مسرور رہو ہو کر
ترانے گا رہی ہے آج مضموں کی پری کیا کیا

سوادِ حرف سے عالی گہر مصنف مؤلف نے
جمائی ہے لبِ مضموں پہ مسی کی دھڑی کیا کیا

جھلک نورِ معانی کی عیاں ہے صاف لفظوں سے
پری شیشہ میں دکھلاتی ہے شانِ دلبری کیا کیا

مسرت سے مبارکباد دیتی ہے مؤلف کو
مناتی ہے خوشی بزمِ سخن میں شاعری کیا کیا

زمیں سے تا فلک اسکے خریداروں کی کثرت ہے
بنے ہیں چاند سورج اور زہرہ مشتری کیا کیا

مضامیں نذر کرکے عالمِ جاوید تک پہنچے
ہوئی ہے دشاوڑھکر روحِ میر و مصحفی کیا کیا

وہ نظمِ منتخب "خمخانۂ جاوید" میں پائی
کہ جسکی داد دیتی ہے نگاہِ منصفی کیا کیا

کنول روشن کئے ہیں تذکرے میں نورِ مضموں کے
مؤلف نے سجایا ہے یہ ایوانِ پری کیا کیا

سریرام ایم اے والا گہر مصنف مؤلف نے
دُرِ مضموں کے یکجا کر دیئے ہیں جوہری کیا کیا

سوادِ حرف ہے کحل الجواہر میرزا رسوا
ہوئی ہے چشمِ نابینا کو حاصل روشنی کیا کیا

قطعۂ تاریخ طبع خمخانۂ جاوید

چھپا ہے یہ رسوا عجب تذکرہ
بنا جو خدائی کا محبوب طبع

سنے سال ہاتف نے دی یہ ندا
کہ ہے تذکرہ کیا ہی مرغوب طبع

۱۳۲۹

قطعۂ تاریخ محررہ منشی حیدر علیخاں نو شاد مصنار جہ اصناف نپرتی حیدرآباد دکن شاگرد مہاراجہ مدار المہام پیشکار بہادر

پھولا ہے نیا گلشنِ خمخانۂ جاوید — ہر بلبل دل جس کا خریدار ہوا آج
ارشاد کو لازم ہوا تاریخ کا لکھنا — گلدستۂ سریرام کا گلزار ہوا آج

قطعات تاریخ طبع از نتیجۂ فکر گرامی مرزا واجد حسین صاحب واقف لکھنوی ۱۳۲۵
ملازمِ خاص سرکار نواب مرزا محمد باقر علیخانصاحب رئیس اعظم شیش محل لکھنو

کیوں نہوں مشہور عام خاص سریرام بھی — صاحبِ علم ادب شاعرِ شیریں سخن
اُسکے صفات اسطرح پھیل گئے ہند میں — دیتا ہے بُو جس طرح آپ ہی مشکِ ختن
آپکی توصیف میں اسکے سوا کیا لکھوں — اے بہ ثنایت مگر لعل زبان در دہن
ایسی چھپی یہ کتاب جس کا نہیں ہے جواب — قولِ مضامین یہ ہے اپنا یہی ہے وطن
کردے یہ واقف رقم مصرعۂ تاریخ سال — گلشنِ صاحب سخن ہے شعرا کا چمن

دیگر

ماشاء اللہ کیا سریرام — ہیں فن سخن میں فیض بنیاد
مطبوع ہوا کلام جن کا — مشہور نہ کس طرح ہوں اُستاد
اِس فن کو دی ہے کیا ترقی — اُجڑا ہوا گھر کیا ہے آباد
دل میں جو کرے کوئی تصور — آنکھوں سے کرے بصدق و صفا د
کہتا ہے قلم جھکائے سر کو — ممنوں ہوں میں بھی اُنکا آزاد
خالق نے دیا کمال جنکو — سب کرتے ہیں آجتک انھیں یاد
یہ بھی ہوئے ہیں اُنھیں کی مانند — اللہ رکھے انھیں بھی آباد
کیا خوب یہ تذکرہ لکھا ہے — سبحان اللہ طرز ایجاد

واقف نے کہا یہ مصرع سال		شعرار کا چمن یہ ہے خداداد	

تقریظ از نتیجۂ افکار گوہر بار نقشبند گلزار معانی بلبل بوستان شیوائی مولانا سید وحید الدین احمد صاحب بیخود دہلوی جانشین حضرت داغ مرحوم

حریفان مخزنہ سخن را مژدہ باد کہ دومی جلد مخزنہ جاوید تذکرۂ اردو گویاں بہ آئین بہیں باتمام رسیدہ بہ طبع درآمد۔ درہائے شادی بر روئے مشتاقان باز شد۔ بسے زاویہ گزینان خاک را بلند آوازہ ساخت۔ و بسیارے زندگاں را زندگی دیگر بخشید الواحش از رنگینی رشک بال طاؤس چمن ست۔ و اوراقش از خوبی و زیبائی غیرت خیابان گلشن۔ گوش از شنیدنش دامان گلچیں و دیدہ از دیدنش نگارخانہ چین ؎

بحر و فش صدہائے روے رباب		بسطورش شکنج زلف آیاز	
باشد از نقشہائے زنگار رنگ		صفحۂ او نمونۂ ارژنگ	

مؤلف این ہمایوں نامہ فرزانہ مکرمی معظمی لالہ سیرام صاحب ایم۔ اے سابق منصف لاہور کارے کردہ است کہ بجاست آفرین از لب میرنز دمنت بسیار بر اردو زبان نہاد و این نیجان را تازہ جانے داد۔ و بہ ترتیبش کمر ہمت و ہمت گماشت بسیار سعی بکار برد و فراواں کوشش بعمل آورد سعی مشکور شد و کوشش بجائے رسید۔ از لب فروبستگاں جوشے و خروشے سر زد و از افسردہ طبعاں ذوقے و شوقے روئے نمود۔ چند اشتنی کہ در دلہائے سوختہ آتشفے اثر میریزد و در جگرہائے برشتہ سوزے از نو نہاد۔ روزگار طرح دیگر انداخت و زمانہ رنگ دگر ریخت۔ درین بوستان خزاں دیدہ نوبہار رسید و ابرہائے لؤلؤ بار بارید۔ گلہائے گوناگون شگفت و سبزہ ہائے مطرا دمید۔ در ہر چمن بلبل مرغولہ نوائے کہ دم درکشیدہ بود صفیرے برکشید و شورے برانگیخت۔ و در ہر گلشن عندلیبے خوش صفیرے کہ زبان بستہ بود خروشے درانداخت

وغلغلۂ در افگند۔ در ہر شہرے غزل سرائے غزلہائے تازہ بتازہ نو بنو سرودن گرفت و در ہر دیارے تازہ خیالے خیالہائے تازہ دبر روئے کار آورد۔ آرے ؎ کہ بلبل بہ نوا آید و از نوا کردن ٭ بندہ بیخود از افسردہ دلی و پریشاں خاطری سالہائے دراز لب بہ حرف نکشودہ بود بگفتار در آمد۔ و بتقریب تقریظ زمرمۂ چند سرود۔ امید کہ این صحیفہ قبول خاطرے اہل کمال شود۔ و از ہر چہ باید و نشاید در امان باشد ٭

خاکسار سید وحید الدین احمد بیخود دہلوی عفی عنہ

اقتباس از تحریر حکیم محمد مظہر الہادے سہیل صاحب امروہوی ملازم ریاست کوٹہ (در چیوتانہ)

محسن شعرا و مسیحائے اُردو۔ تسلیم۔

میر محمود حسن صاحب وکیل کی عنایت سے آپکی بے نظیر کتاب (تذکرہ) نظر سے گذرا۔ اِس موقعہ پر میں صرف اتنا ہی کہنا چاہتا ہوں کہ آپنے ایک ایسا کارنامہ مُرتب کردیا ہے کہ آیندہ نسلیں گزشتہ خیالات کے معلوم کرنے میں ہمیشہ آپکی احسان مند رہیں گی۔ اور تمام مرحوم شاعروں کی روحیں ابد الآباد تک آپکے لیئے دعا کرنا اپنی ادنی مشکوری سمجھیں گی ٭

اقتباس از تحریر جناب شفاء الملک حکیم رضی الدین احمد خانصاحب بہادر رئیس دہلی

تذکرہ کی خوبیوں کے متعلق پہلے ہی اپنی ناچیز رائے میں ریویو میں ظاہر کرچکا ہوں۔ مگر جب اُسکا کوئی جزو نظر سے گزرتا ہے تو بے اختیار احسنت زبان سے نکلتا ہے ٭

فی الحقیقت جسقدر بلیغ کوشش و ہمت آپنے اِس تالیف میں کی ہے وہ ایک غیر معمولی اہتمام ہے۔ علاوہ تالیفی محاسن کے اسکے انطباع کی خوش اسلوبی

ندرت۔ انوکھاپن۔ یہ ایسی دلکش ہیں کہ جدّت و نفاست پسند طبیعت کی خاص تفسیر ہیں۔ آپنے کوئی دقیقہ اسکے مرغوب بنانے میں اُٹھا نہیں رکھّا۔

تقریظ نگاشتۂ قلم مشکین رقم شفیق کرم گستر محقق والانظر خواجہ محمد عبدالمجید خاں صاحب بی اے پروفیسر مشن کالج وریس دہلی

درین خرابۂ آباد نمائے گیتی دیارے است کہ ہندوستان نام نہادہ اند و مینو نظیر و جنت نشان خوانندہ خالِ رُخِ دلبران است و غنچۂ شگفتۂ دہان۔ آرے۔ آن را کہ دولتِ حُسن بیشتر باشد آسیبِ چشمِ زخم کمتر رسد۔ بارہا پامالِ حوادثِ دوران شدہ و سالہا لذّتِ شربتِ امن و امان نچشیدہ۔ تا آن زمان فتنہ خیز کہ راحت از میانِ مردمان برخاستہ شد۔ و غم واندوہ بر جانِ ایشان تسلط گرفت۔ باغیان بغاوت آغاز کردند و ہوائے روزگار را بسے ناساز۔ خونِ ناحق ریختند و مردمانِ لائق و فائق را بخاک و خون آمیختند۔ پریشانی فزودند و دولتِ امن ربودند۔ بے کسان را بے خانمان ساختند و خوان یغمائے خود آراستند حتی کہ اقبال مملکت انگلشیہ یاوری کرد و نخبت ایشان بمددگاری برخاست و چمن خزان دیدہ را بارِ دگر پیراست۔ لذتِ امن و امان کام و دہن مردمان چشید و لعل گم کردہ راحت در جیب آفت رسیدگان رسید **بیت** فلک گہ خزان آورد گہ بہار ۔ کہ بریک نمطے نگیرد قرار ۔ خجستہ بلادِ دہلی و لکھنؤ کہ ازین بادِ مخالف گزندِ زہرِ افعی بہ آنہا رسیدہ بود در سایہ دولت عظمت مدار انگلشیہ رونق دگر یافتند۔ و چمن خضرائے سخن کہ عبارت ازین بلدین مینو سواد باشد برگ و بار آورد باغبانانِ گلشنِ سخنوری نوبرِ سخن را آراستہ کردند و سرو آزادِ معنی را پیراستہ۔ نونہالان برخاستند کہ صیتِ گوہر فشانی شان اقصائے عالم را فراگرفت و چشمان عالمیان را روشن ساخت۔ در ہر صنفِ کلام بر مسندِ عزت متمکن شدند و افاضہ خود در بسیطِ عالم جاری داشتند۔ ہمہ بلاد و امصار ہند شاگردی ایشان را بر دوش بہ رضا و رغبت کشیدند و از جامِ جمشیدی ہوش ربائے ایشان مے مراد چشیدند۔ افضل تر بلدۂ دہلی کہ دایۂ مہربانِ اردو زبان است و گہوارۂ بلبلان شیرین بیان

بعد این دورِ فتنہ و فساد آن گوہرہائے نایاب را در کنار خویش پرورید کہ دیدۂ روزگار خوبتر از ایشان ندید مثل ستارۂ صبح بر اُفق شہرت درخشیدند و زود غروب شدند ع پس ازچنین خرابی باد این خرابہ جائیست ✦ درین دورِ آخری نیز از خاکِ پاک دہلی حالی و داغ برخاستند و زبانِ ریختہ را زیب و زینت نو دادند و رونقِ رفتگان را در چشم ما افزودند و دل از دست ربودند۔ داغ بازار بر دلِ این خرابۂ دہلی را گذاشت و رخت اقامت سوئے ملکِ دکن کشید و بخاک خفت۔ آرے

بیت ہر کجا چشمہ بود شیرین ✦ مردم و مرغ و مور گرد آیند ✦ چون نام ملکِ دکن بزبان قلم رفت در سرِ او سودائے پدید آمد و در بنیانِ قصیدن آغاز نہاد۔ مرحبا بلدۂ حیدرآباد خجستہ بنیاد و خجستہ آن والیٔ نیک نہاد کہ در کنفِ عاطفتِ گوہر شناسی او مایہ داران سخن جاگیرند و از خوانِ نوالِ او بہرہ چینند۔ تا دیدہ طمع سیر گردد و دل بر سخن دلیر شود۔ خود صاحبِ تخت و تاج سخن دان است و کاوشِ گوہر آفرینیٔ شاعران نازک بیان بر خاطرِ عاطر او پنہان نیست و ازین دلیل دلربا ایشان را الزام در دادہ و ہنر در ان دور و نزدیک را پیش خود خواند۔ دلجوئی نماید و دل را از دست ربایند تا آنکہ خاک دکن را دامنگیر گردانند و خاطرِ شان از خاک اوطان برگرداند بیت ثنائے آن شہِ والا چسان کنم آغاز ✦ کہ کوتہ است مجالِ کلام و قصہ دراز ✦ نیرنگیٔ زمانہ بوقلمون بہ صدے رسیدہ است کہ دہلی مرحوم اگرچہ از شعرائے عالی مقام خالی شدہ است و در آشیانہ زرتارِ بلبل زاغِ سیاہ بال ہیغبہ نہادہ است۔ تاہم یک مرد سیدان پدید آمدہ کہ در سخن فہمی و سخن سنجی ید طولیٰ داشتہ است و ہمت خود بریں گماشتہ کہ نام پیشینیان را روشن کند و آوازۂ روش نیکوئے شان را در آفاق رسانند سعی مے برد و بیکار نمی نشیند تا کارے کردہ است کہ از یک گروہ دلالت نشان سرانجام آن دشوار می نمود۔ از گلبنہائے سخن گلہا چیدہ است کہ ہمہ گل سرسبد بودہ اند و این را یکجا آوردہ۔ **خمخانۂ جاوید** نام نہادہ۔ لاریب این نغز زیبد را این نام نامی سزاوار است۔ چرا کہ این خمخانہ ایست کہ در آن جنسے پرجوشش سخن بیش ازان است و جاوید بودن یکے از لوازم آن۔ این نوجوانِ رہ نوردِ جادۂ سخندہی از خانوادۂ برخاستہ کہ زبردستی و سخن گستری در این شہر دہلی از قدیم سرآمد روزگار بود و ہر کارے کہ توجہ نمود گوئے سبقت از

دیگران ربودند پدر بزرگوار این نوجوان پاکیزہ بنیان در کشور پنجاب بر مسند عزت نشستہ بود و از دولت انگلشیہ اغراز خطاب **اورنریل** یافتہ و در آئین دانی و آئین فہمی نظیرے نداشت۔ آرے چنان پدرے را چنین پسر لازم است کہ از ہمہ کمالات آراستہ باشد و بہرہ از علوم مغربی کما حقہ برداشتہ و علوم مشرقی کہ در معرض زوال اند ہم فراموش نہ کردہ۔ بلکہ روح دیگر در قالب آن از سعی خود دمیدہ ؛

خلق عمیمش شاعران و سخنداران را گرویدۂ خود گردانیدہ و احسانی بزبان اردو کردہ کہ تا این زبان زندہ ماند احسان او از یاد نرود ؛

اکنون آن سبے بصران کجا اند کہ میخواہند در جملہ آراستہ اردو عجوزۂ سال خوردہ برج بہا شمارا نشانند۔ اگر در قوائے دماغی ایشان خلل نہ پذیرفتہ است خمخانۂ جاوید را ببینند و انصاف کنند آیا ہندی آن قدر و منزلت دارد کہ پیش نوعروس اردو شکل مکروہ خود را از چادر بیرون آرد۔ و دلان نوجوانان ہند را از غمزۂ پیرانہ خود برباید **بیت**۔ دماغے را کہ بوئے سیر مختل ساخت کے اندہ بہائے عنبر سارا و ارزد نافۂ مشکین ؛

و لخواہ این بندہ درگاہ بود کہ سطرے چند بر این کتاب نایاب نمے نبشت۔ اما از بے بضاعتی خود شرمساری کہ در صف مایہ داران نشیند کہ ناگاہ قبلہ گاہی ادام اللہ برکاتہ امر کردند و گفتند کہ لالہ **سری رام** صاحب ایم اے دوست دیرینۂ من است و تر الازم است کہ از پاس خاطر انجناب قلم عجز رقم نمائی بگردان چون امر شد چارہ ندیدم و سطرے چند از نظم و نثر فراہم آوردم کہ ہر گز در خور نگارندۂ این اوراق نہ کہ شامل نسخۂ لاجواب خمخانۂ جاوید شود۔ چرا کہ بر آن کتاب سایۂ شہرت قسلم اول از دست خود زندہ ہست و از سعی کسے کم و بیش نمی شود بہ مصداق این شعر ؎

مشک ختن نہفتہ نماند ز رنج کس	از بوئے خوش نسیم بہ گیتی خبر برد

محمد عبد المجید

فہرست اسمائے شعرا مندرجہ تذکرۂ خمخانۂ جاوید

جلد دوم

صفحہ	تخلص	نام
۱	پابند	طالب علی
〃	پادشاہ	ابوالنصر سلیمان جاہ نصیر الدین حیدر
۴	پارسا	منشی فیض پارسا
۵	〃	منشی محرم علی
〃	پاکباز	میر صلاح الدین
۶	پذیر	منشی محمد عشرت خان دہلوی
〃	پروانہ	راجہ جسونت سنگھ
۸	〃	منشی پروانہ علی
۹	پروین	منشی مرتضیٰ خان لکھنوی
〃	〃	منشی سید یوسف حسین
〃	پروین	لالہ رنگ رائے
〃	پریشاں	پنڈت منو لال دہلوی
۱۰	〃	مولوی سید شاہ محمد واجد
〃	〃	شیخ محمد نیاز علی
〃	پنڈت	پنڈت دیارام کشمیری
۱۱	پورن	منشی پورن سنگھ دہلوی
〃	پہنچا	اسم نامعلوم
۱۲	پیام	شرف الدین علیخاں دہلوی
〃	〃	مرزا حیدر بیگ دہلوی
〃	پیر	مصر مہاراج سنگھ
۱۳	پیر جی	پیر جی قمر الدین دہلوی تعداد مطبوعہ ۲۱

ت

صفحہ	تخلص	نام
۱۴	تاب	پنڈت مہتاب رائے دہلوی
〃	〃	میر حیدر قوال دہلوی
〃	〃	مرزا الطاف حسین اشرف گورگانی
〃	تابان	میر عبدالحی دہلوی
۱۹	〃	مرزا شجاع الدین احمد خان دہلوی
۲۱	〃	منشی احمد خاں
۲۲	تابش	محمد جعفر
〃	〃	محمد عبدالباری۔

صفحہ	تخلص	نام
۲۲	تاثیر	خواجہ محمد جان صاحب لکھنوی
۲۲	〃	لالہ کنہیا لال
〃	〃	حافظ محمد حسین دہلوی
〃	〃	حکیم محمد حسن خان
۲۴	تاج	منشی محمد تاج
〃	〃	سید عظمت شاہ
〃	حاسف	سید محمد حسن
۲۶	〃	ناصر الدین حیدر
〃	تائب	مولوی محمد حسین دہلوی
۲۷	〃	اسم نامعلوم
〃	〃	مولنا حافظ نثار احمد خاں
۲۹	〃	مولوی عبد القادر
۳۰	〃	منشی کھتولال لکھنوی
〃	تبارک	ابو البرکات سید محمد تبارک حسین
۳۱	تبسم	شیخ الٰہی بخش لکھنوی۔
〃	〃	نواب سید علی محمد
〃	〃	خواجہ مرتضیٰ حسین
۳۲	چاند	منشی سید ابرار حسین
۳۳	تپش	مرزا محمد اسمٰعیل
۳۴	〃	منشی یوسف علی دہلوی۔
۳۵	تپش	منشی غلام محمد خاں دہلوی
〃	〃	مولوی سید مدد علی
۳۶	تجلی	میر حسین دہلوی
۳۷	〃	تخلی علیشاہ
〃	〃	منشی محمد افضل
〃	〃	للے جی لکھنوی
〃	〃	کنور شنکر دت صاحب
۳۸	〃	منشی سید منتخب الدین
۳۹	تجمل	محمد عظیم بیگ لکھنوی
〃	〃	اسم نامعلوم
〃	〃	حکیم تجمل رسول خان لکھنوی
۴۰	〃	حکیم تجمل حسین خان
〃	〃	ڈپٹی سید تجمل حسین خان
۴۲	〃	سید تجمل حسین صاحب بریلوی
۴۳	〃	منشی میر تجمل حسین
۴۴	〃	حاجی تجمل حسین
۴۵	تحسین	علی مولا خاں
〃	〃	منشی محمد حسین خان دہلوی
۴۶	تحصیل	منشی محمد کبیر
۴۷	تحیر	مرزا محمد بیگ لکھنوی

صفحہ	تخلص	نام
〃	〃	غلام مصطفیٰ دہلوی
〃	تدبیر	شیخ محب اللہ
۴۸	〃	مرزا محمد سکندر نقدر گورگانی
〃	تراب	نواب حشمت الدولہ مرزا ابوتراب بہادر
〃	〃	شاہ تراب علی
۵۰	ترحم	مرزا مکرم بخت گورگانی
۵۱	ترسان	میاں بہادر علی لکھنوی
۵۲	ترقی	نواب مرزا محمد تقی خان لکھنوی
۵۴	ترکی	ترک علی شاہ
〃	تسخیر	مرزا محمد سلیمان قدر گورگانی
۵۶	〃	داروغہ سید واجد علی لکھنوی
۵۷	تسکین	پنڈت گنگا داس
〃	〃	میر سعادت علی دہلوی
۵۸	〃	میاں تسکین
۵۹	〃	میر حسین دہلوی
۶۴	〃	مرزا مظفر علی بیگ دہلوی
۶۵	تسلی	رائے ٹیکا رام صاحب
۶۶	〃	میر شجاعت علی دہلوی
۶۷	〃	ابوالخیر قطب الدین علی
〃	تسلیم	منشی محمد کبیر خان
۶۹	〃	حاتم خان
〃	〃	مولنا محمد سلیم الدین احمد
۷۰	〃	منشی انوار حسین
۷۲	〃	لالہ دیبی پرشاد
〃	〃	منشی امیر اللہ رضا تسلیم لکھنوی
۸۱	〃	منشی رام سہائے رضا لکھنوی
۸۳	〃	منشی بالگوبند
〃	〃	منشی تسلیم حسین
۸۴	تسنیم	منشی محی الدین حسین خان
۸۷	تشفی	منشی محمد چاند
۸۸	تشنہ	منشی محمد علی دہلوی (۱۰۰)
۹۱	〃	حافظ محمد یوسف خان
۹۲	〃	سید الطاف حسین
〃	تشہیر	مرزا مغل بیگ دہلوی
۹۳	تصدق	منشی تصدق حسین خان لکھنوی
〃	تصور	میر فضل علی
〃	〃	منشی سید احسان
۹۴	تصور	منشی نبی بخش دہلوی
۹۵	〃	کنور فتح بہادر
۹۶	تصویر	میاں غلام احمد دہلوی

صفحہ	تخلص	نام
۱۰۴	تعشق	حکیم سیّد محمد دہلوی
۱۰۵	〃	سیّد مرزا صاحب لکھنوی
۱۱۵	〃	راجہ تعشق حسین خان
〃	تفتہ	منشی ہرگوپال صاحب
۱۱۶	〃	قاضی محمد شمس الضحیٰ
〃	〃	مولوی مفتی بدرالدین خان
۱۱۷	تفضل	سیّد تفضل حسین
〃	تفکّر	منشی میان خاں
〃	تقی	منشی محمد تقی خاں لکھنوی
۱۱۸	〃	مولوی محمد تقی صاحب
〃	〃	نواب بنّے صاحب لکھنوی
۱۱۹	تکلّف	مرزا اکبر علی بیگ
〃	تلسی	بابا تلسی داس گشائیں
۱۲۵	تمکین	میان صلاح الدین دہلوی
〃	〃	میر ہدایت علی
۱۲۷	〃	میر سعادت علی
〃	〃	پنڈت بخت مل دہلوی
〃	〃	محمد یوسف دہلوی
۱۲۸	〃	مولوی غلام بتول خان
۱۲۸	تمکین	محمد حسن
۱۲۹	〃	منشی فضل حق دہلوی
〃	تمنّا	محمد اسحٰق خان
۱۳۰	〃	جمیل الدین
〃	〃	نواب سیّد علی حسین خان لکھنوی
۱۳۱	〃	منشی مسیح الدین
〃	〃	نامعلوم لکھنوی
〃	〃	مرزا غیاث الدین گورگانی
۱۳۲	〃	مرزا مغل جان
۱۳۳	〃	منشی رام سہائے لکھنوی
〃	〃	مولوی محمد حسین
۱۳۴	〃	مولوی سیّد احمد حسین
〃	〃	منشی چھیدی لال
۱۳۶	〃	شیخ محمود
〃	〃	منشی محمد سعید الدین
〃	〃	سیّد شاہ نواز الدین حسین
۱۳۷	تمیز	منشی کالے رائے
〃	〃	سیّد اکبر علی
۱۳۸	〃	منشی غلام احمد
۱۳۹	〃	نواب احمد علیخان
۱۴۰	تمیز	منشی تاج الدین حسین

صفحہ	تخلص	نام
〃	تنویر	میر کاظم حسین (۱۵۰)
〃	〃	منشی نوازش حسین خاں دہلوی
۱۴۲	〃	حاجی سید نظیر حسین لکھنوی
۱۴۳	تنہا	شیخ محمد عیسیٰ دہلوی
۱۴۶	〃	سعد اللہ خان
〃	〃	شیخ عوض علی
۱۴۷	〃	منشی سید کفایت علی
۱۵۱	〃	نواب محمد شیر علیخاں بہادر
〃	〃	میر لطف علی
〃	توانا	منشی سید اکرام علی
۱۵۲	توفیق	سلطان محمد بشیر الدین
۱۵۳	〃	نواب صدیق حسین خان
۱۵۴	〃	مولوی سید جلال الدین
۱۵۵	توقیر	مولوی عبد القادر
۱۵۶	〃	لالہ نراین داس
〃	〃	میر عبد العلی
〃	〃	شیخ ارادت اللہ
۱۵۷	〃	سید باقر حسین دہلوی
〃	〃	نواب احمد مرزا فضا لکھنوی
۱۵۸	تونگر	منشی عبد العلی
۱۵۹	ثانیہری	شاہ امام بخش
〃	تہور	مرزا غلام فخر الدین گورگانی
〃	〃	منشی تہور علیخان
۱۶۰	تیمور	مرزا سعادت سلطان گورگانی (۱۵۲)

ث

صفحہ	تخلص	نام
۱۶۱	ثابت	اجابت خان
〃	〃	منشی مہر علی
〃	〃	شیخ ثابت علی
۱۶۲	〃	شہزادہ مرزا معز الدین گورگانی
۱۶۳	〃	منشی سید فضل حسین لکھنوی
۱۶۵	ثاقب	منشی شہاب الدین خاں
۱۶۶	〃	مرزا مہدی لکھنوی
〃	〃	نواب شہاب الدین احمد خان دہلوی
۱۷۰	〃	شیو پرشاد مہاراج گوپال سنگھ
〃	〃	مولوی نجم الدین
۱۷۱	〃	منشی محمد نواز
〃	〃	مولانا نجم الدین احمد بدایونی
۱۷۷	〃	مرزا ذاکر حسین لکھنوی
۱۰۸	〃	مولوی محمد نواب خان
۱۷۸	ثاقب	شیخ غلام محمد شہاب الدین

صفحہ	تخلص	نام
۱۷۹	〃	مولٰنا سیّد محمود حسین دہلوی
۱۸۲	ثروت	نواب بخش اللہ خان
۱۸۳	〃	نواب احمد علیخاں لکھنوی
۱۸۶	〃	حکیم سیّد محمد اطہر الدین حسن
۱۸۸	ثریّا	منشی سیّد امیر علی
〃	〃	سیّد اسد علی مرزا بہادر
〃	〃	شاہزادۂ ثریّا قدر لکھنوی
۱۹۰	ثمر	مرزا علی لکھنوی۔
۱۹۱	〃	احمد سعید خان دہلوی
〃	〃	نواب مرزا مہدی علیخان لکھنوی
۱۹۲	〃	منشی اودھ بہاری لال لکھنوی
〃	〃	خواجہ فقیر محمد (۲۰۰)
〃	ثنا	میر شمس الدین
〃	〃	منشی ثناء اللہ خان
۱۹۳	ثواب	میر سعادت علی دہلوی
		ج
۱۹۴	جادو	نواب میر احتشام علیخان
۱۹۷	〃	منشی رکن الدین دہلوی
۱۹۸	〃	منشی تہور حسین
۲۰۱	جالب	منشی سیّد بشارت علی دہلوی
۲۰۲	جان	جانِ علی
〃	〃	اشرف خان
〃	〃	جانِ عالم خان لکھنوی
۲۰۳	جانِ صاحب	میر یار علی لکھنوی
۲۰۷	جاوید	حکیم عبد النبی خان
〃	〃	مولوی سیّد محمد کاظم لکھنوی
۲۰۹	جاہ	راجہ جنگ بہادر خان
〃	〃	نواب سیّد بنیاد حسین خان
〃	〃	سکندر جاہ لکھنوی۔
۲۱۲	جدّت	منشی محمد عزیز الرحمٰن خان
۲۱۳	〃	مسعود رضا
〃	〃	مستری محمد ابراہیم
۲۱۴	جدید	منشی سیّد محمد مہدی لکھنوی
۲۱۶	جدید	محمد اسمٰعیل بلگرامی
〃	جذب	میر عزت اللہ دہلوی
〃	〃	مولوی عابد حسین
۲۱۷	〃	حکیم علی حافظ
〃	جرأت	مرزا مغل
۲۱۸	〃	یحییٰ امان عرف قلندر بخش
۲۲۸	〃	پیر محمد

صفحہ	تخلص	نام
۲۲۸	جرّار	مرزا حسین بیگ
۲۲۹	جری	منشی محمد ابراہیم خان
۲۳۰	جعفر	میر جعفر زٹل دہلوی
۲۳۱	〃	مرزا جعفر بخت گورگانی
۲۳۲	〃	نواب جعفر حسین لکھنوی
〃	〃	نواب جعفر حسین خان
۲۳۳	〃	صاحبزادہ جعفر علیخا لصاحب
〃	جعفری	میر باقر علی دہلوی
۲۳۴	〃	شیخ جعفر علی -
〃	جگر	نواب سید بہادر علیخاں لکھنوی
۲۳۷	〃	نواب مرزا محمد عباس علیخان لکھنوی
۲۳۸	جلال	مولوی جلال الدین لکھنوی -
۲۳۹	〃	نامعلوم
〃	〃	حکیم سید ضامن علی جلال لکھنوی
۲۵۱	〃	مولوی سید الٰہی بخش
〃	جلیس	نواب سید محمد مہدی علیخان
۲۵۲	〃	محمد جلیس
〃	〃	منشی سید ابو محمد لکھنوی
۲۵۴	〃	منشی محمد مبین -
〃	جلیل	منشی علی مرزا

صفحہ	تخلص	نام
۲۵۴	جلیل	حافظ جلیل حسن
۲۶۳	جمال	سید علی بخش قادری
۲۶۴	جمیل	نواب علی نقی خان لکھنوی (۲۵۰)
۲۶۵	〃	جمیل الدین
〃	〃	جمیل الدین
۲۶۶	〃	منشی سید جمیل احمد
۲۶۷	〃	نامعلوم
۲۶۸	〃	میر محمد سجاد لکھنوی
〃	〃	منشی محمد حسین
۲۶۹	〃	میر تراب علی
〃	جنگ	منشی جنگ بہادر
۲۷۰	جنون	شاہ غلام مرتضی
〃	〃	فخر الاسلام دہلوی
〃	〃	نواب سراج الدولہ علی محمد خان
۲۷۳	〃	میر فضل علی دہلوی
〃	〃	میر مہدی لکھنوی
〃	〃	سید رحمت علی
۲۷۵	〃	شیخ محسن علی
〃	〃	قاضی عبد الجمیل
۲۷۷	〃	مولوی محمد عمر

صفحہ	تخلص	نام
۲۷۹	جواد	سیّد جواد علی
〃	جوان	مرزا نعیم بیگ دہلوی
۲۸۰	〃	محب اللہ دہلوی
〃	〃	بابو ہزاری لال لکھنوی
〃	جودت	صاحبعالم مرزا سکندر شاہ
۲۸۲	〃	محمد شعیث
〃	〃	سیّد فضل حسین لکھنوی
۲۸۳	〃	منشی جدو بیر سہاے
〃	〃	منشی عبداللہ چاؤش
۲۸۴	جوش	رحیم اللہ دہلوی
〃	〃	میر وارث علی
〃	〃	شیخ نیاز احمد دہلوی
۲۸۵	〃	منشی نظام الدین
〃	〃	شاہ خلیل الدین احمد
۲۸۶	〃	نواب احمد حسین خان لکھنوی
۲۸۹	〃	منشی عبدالکریم
۲۹۰	〃	منشی محمد جان
〃	〃	محمد اسمٰعیل خان
〃	〃	نواب محی الدین علیخان
۲۹۱	جوشش	شیخ محمد روشن
۲۹۴	〃	میر شجاعت علی
〃	جوگی	بابو اللہ یار خان
۲۹۵	جولان	بہادر علی شاہ دہلوی
〃	〃	میر حسن علیخاں
۲۹۶	〃	الف شاہ
〃	جوہر	نامعلوم
۲۹۷	〃	لالہ مادھو رام
۳۰۶	〃	منشی سیّد کاظم حسین لکھنوی
۳۰۷	〃	مرزا احمد شاہ بیگ
〃	〃	محمد سیف اللہ خان
۳۰۸	〃	حکیم معشوق علیخاں
۳۱۰	〃	شیخ محمد عبدالعزیز
۳۱۲	〃	منشی جواہر سنگھ (۳۰۰)
〃	〃	منشی جواہر سنگھ لکھنوی۔
۳۱۷	〃	سیّد محمد جان
〃	〃	سیّد محمد حسین
۳۱۸	جوہری	لالہ مکند لال
۳۱۹	〃	لالہ شیو پرشاد
〃	جویا	حسین علیخان
۳۲۰	〃	نواب مہدی علیخاں لکھنوی

صفحہ	تخلص	نام
۳۲۱	جہاندار	صاحبعالم مرزا جہاندار شاہ گورگانی
۳۲۳	جہانگیر	میر جہانگیر لکھنوی
〃	〃	صاحبعالم مرزا جہانگیر گورگانی
۳۲۴	〃	سرور کیسر اسنگھ
۳۲۷	جہمن	منشی جہمن ناتھ دہلوی
۳۲۸	جانکی	جانکی پرشاد 〃
	چ	
۳۲۹	حکمت	پنڈت برج نرائن لکھنوی
۳۲۹	چمن	منشی رنجیت سنگھ دہلوی
۳۴۰	〃	منشی شادی لال
〃	چناں	شیخ مزاح الدولہ
	ح	
۳۴۲	حاتم	شیخ ظہور الدین دہلوی
۳۴۶	〃	نواب محمد حاتم علیخان
〃	حاذق	نواب غلام مرزا بیگ خان دہلوی
۳۴۸	〃	غلام حضرت خان
۳۵۰	〃	منشی محمد مخر الدین
۳۵۱	حافظ	کریم الدین
〃	〃	منشی سید ممتاز علی
〃	〃	حافظ خلیل الدین حسن

صفحہ	تخلص	نام
۳۵۲	حافظ	شیخ بخش الٰہی دہلوی
〃	〃	حافظ عبد الصمد -
〃	〃	حافظ عبد الرزاق دہلوی
۳۵۳	〃	صاحبزادہ میاں خورشید محمد خان
〃	〃	حافظ فدا احمد مجددی
〃	〃	منشی ظہور احمد
۳۵۴	〃	محمد حبیب اللہ
〃	عالی	خواجہ الطاف حسین دہلوی
۳۷۲	حامد	مولوی حامد علیخان
〃	〃	نواب حامد حسین لکھنوی
۳۷۳	〃	منشی حامد حسین قادری
۳۷۴	〃	محمد حامد علیخاں -
۳۷۵	〃	مسٹر حامد علیخاں بیرسٹر لکھنوی
۳۷۹	حباب	حافظ سید محمد صائم علی
۳۸۰	〃	پنڈت امرائو سنگھ
〃	حبیب	مولوی سید کاظم
۳۸۹	〃	محمد حبیب الرحمن
۳۹۰	〃	منشی حبیب الرحمن
〃	حجام	عنایت اللہ عرف کلو
۳۹۱	حرق	میر حسن مرزا

صفحہ	تخلص	نام
۳۹۱	حرمان	محمد میان
〃	حریف	سید محمد عبداللہ
۳۹۲	حزین	میر بانترد
۳۹۵	〃	شیخ علی حزین اصفہانی
۳۹۷	〃	میر بہادر علی دہلوی
۳۹۸	〃	مرزا محبتہ بخت گورگانی
〃	〃	نواب محمد علیخاں بہادر لکھنوی
〃	〃	میر علی حسین لکھنوی
۳۹۹	〃	صاحبزادہ غلام محی الدین خان
۴۰۰	〃	مولوی صفدر علی بیگ
〃	〃	شیخ علی حزیں لکھنوی
۴۰۳	حسام	چودہری حسام الدین
〃	〃	نواب حسام الدولہ محمد تقی علیخان لکھنوی
۴۰۴	〃	خواجہ حسام الدین لکھنوی
〃	〃	منشی حسام الدین
〃	حسامی	مرزا حسام الدین دہلوی
۴۰۵	حسان	حکیم عبدالحق
۴۰۶	حسرت	میر محمد حیات
۴۰۸	〃	میرزا جعفر علی دہلوی
۴۱۵	〃	منشی ذوقی رام دہلوی
۴۱۶	حسرت	منشی آتمارام دہلوی
〃	〃	حافظ عبدالرحمن -
۴۱۷	〃	جناب حکیم غلام رسول خان
〃	〃	کنور اعتماد علیخان -
۴۲۱	〃	منشی احمد علی
〃	〃	مولنا حبیب الرحمن
۴۲۴	〃	منشی دلیل الدین احمد
۴۲۵	〃	سید آل حسین
〃	〃	مولنا محمد سعید
۴۲۶	حسرتی	منشی عبداللہ
〃	حسن	نواب مہدی علیخان
۴۲۸	〃	خواجہ حسن دہلوی
۴۲۹	〃	میر غلام حسن دہلوی
۴۳۹	〃	حاجی سید احمد حسن لکھنوی
〃	〃	مرزا کاظم حسین دہلوی
〃	〃	منشی سید محمد حسن لکھنوی
۴۴۲	〃	مفتی محمد حسن
〃	〃	شیخ حسن بخش
〃	〃	سید امیر حسن
۴۴۳	〃	شاہ محمد حسن صابری

صفحہ	تخلص	نام
۴۴۴	حسن	سید علی حسن دہلوی
۴۴۵	〃	سید مجتبیٰ حسن
〃	〃	میر محمد حسن
۴۴۶	〃	سید محمد ابوالحسن خان
۴۴۸	〃	سید حسن عسکری۔
۴۴۹	〃	حسن جان
〃	〃	صاحبزادہ محمد حسن رضا خان
۴۵۰	〃	حاجی محمد حسن رضا خان
۴۶۴	حسین	غلام حسین خان۔
〃	〃	صاحبزادہ غلام حسین خان
۴۶۵	〃	منشی حسین الدین احمد
〃	حسینی	محمد شاہ
〃	حشر	محمد مجتبیٰ حسین
〃	〃	سلطان علیخان لکھنوی
۴۶۶	〃	آغا محمد شاہ وہبی
۴۷۱	حشم	نواب محمد مرزا خاں
〃	〃	ڈاکٹر کرپا شنکر
۴۷۲	〃	شیر محمد خان
۴۷۳	حشمت	میر حشمت علی
۴۷۴	〃	محمد علیخان
۴۷۴	حشمت	میرزا غلام فخر الدین
۴۷۵	〃	مسٹر حشمت اللہ
۴۷۶	〃	محتشم علیخان دہلوی
〃	حصین	محمد حسین علیخان لکھنوی
۴۷۷	حضور	لالہ بالمکند دہلوی
〃	〃	محسن مرزا لکھنوی
۴۷۸	〃	محمد عبدالبصیر
۴۷۹	〃	شیخ حضور احمد صدیقی
۴۸۰	حضیر	حافظ عبدالرحیم
〃	حفیظ	محمد حفیظ دہلوی
۴۸۱	〃	حافظ محمد علی
۴۸۵	〃	حاجی شاہ سید نذر الحسن
۴۸۸	〃	منشی عبدالحفیظ
〃	〃	حفیظ الدین
〃	حقانی	عبدالعلی
۴۸۹	حقیر	میر امام الدین دہلوی
۴۹۰	〃	منشی نبی بخش
〃	〃	سید ولایت حسین
〃	حقیقت	سید حسین شاہ
۴۹۲	حکم	نواب عباد اللہ خان

صفحہ	تخلص	نام
۴۹۲	حکیم	محمد اشرف خان دہلوی
〃	〃	محمد پناہ خان دہلوی
۴۹۳	〃	میر محمد علی لکھنوی
〃	〃	سید غضنفر علیخان لکھنوی
۴۹۵	〃	سید جعفر حسین لکھنوی
۴۹۶	〃	سید تہور علی
۴۹۷	〃	محمد عبد الحکیم
〃	حلم	مرزا سعید الدین گورگانی
۴۹۸	〃	منشی دوارکا پرشاد
۴۹۹	حلیم	عبد الحلیم شاہ
۵۰۱	حمد	منشی محمد محمود لکھنوی
۵۰۴	〃	منشی احمد حسین
〃	حمید	خواجہ حمید خان
۵۰۵	〃	محمد اللہ
۵۰۶	〃	سید باقر مرزا لکھنوی
۵۰۷	〃	مولوی عبد الحمید
۵۰۸	〃	منشی عبد الحمید
〃	〃	منشی رمضان علی لکھنوی
۵۰۹	〃	قاضی حمید الدین
〃	〃	عبد الحمید خان
۵۰۹	حنا	عبد الکریم خان
۵۱۰	حنیف	صاحبزادہ محمد حنیف خان
〃	حیا	مرزا رحیم الدین دہلوی
۵۲۷	حیات	حیات خان (۱۰۵۰ھ)
۵۲۸	حیدر	نواب علی حیدر خان
〃	〃	میر حیدر علیخان
〃	〃	دبیر الدولہ محمد علیخان
۵۲۹	〃	مرزا حیدر شکوہ گورگانی
〃	〃	آغا سید برہان الدین حیدر
۵۳۰	〃	نواب حیدر علیخان
۵۳۱	〃	منشی حیدر علیخان
۵۳۲	〃	نواب حیدر علیخان
〃	〃	شیخ حیدر فقیر
۵۳۳	〃	حیدر نواب
〃	حیران	میر حیدر علی دہلوی
۵۳۴	〃	حافظ بقاء اللہ
〃	〃	قاضی محمد خلیل
۵۳۸	〃	منشی رام نرائن دہلوی
۵۴۱	〃	منشی محمد حسین خان
۵۴۲	حیرت	پنڈت اجودھیا پرشاد

صفحہ	تخلص	نام
۵۴۲	حیرت	میر مراد علی۔
۵۴۳	〃	مرزا رمضانی گورگانی
۵۴۴	〃	حافظ عبدالرحمن
〃	〃	منشی محمد جان خان
۵۴۷	〃	منشی عبداللہ خان
〃	〃	محمد اسحٰق
۵۴۸	〃	مولوی احمد کبیر
〃	〃	مولوی سید عنایت احمد۔
۵۵۲	〃	قاضی مقصود حسن۔
۵۶۰	حیرت	منشی نور احمد خان
〃	حیرتی	منشی محمد علیخان
〃	حیف	میر چراغ علی
۵۶۱	〃	شیخ محمد جان
〃	〃	منشی عبدالمجید۔
۵۶۲	〃	وجیہ الدین احمد خان
۵۶۳	〃	منشی محب الدین احمد
۵۶۴	〃	منشی عبدالغفور
〃	حیفی	محب الدین احمد

فہرست کتب دراں موجودہ دفتر خمخانۂ جاوید شہر دہلی

ضمیمہ یادگار داغ بلبل ہندوستان فصیح الملک نواب مرزا خاں صاحب داغ مرحوم دہلوی کی آخری نغمہ سنجیوں کا دلچسپ و قابل قدر مجموعہ جسکو لالہ سیرام صاحب ایم۔اے نے بمحنت زرکثیر مزار مے مرحوم کے ورثاء سے حاصل کر کے مرتب کیا۔ اس نایاب مجموعہ میں ستر غیر مطبوعہ غزلیں ہیں۔ قیمت فی جلد ۸

دیوان انور سید شجاع الدین حسین عرف امراؤ مرزا۔ انور دہلوی کا قابل دید کلام۔ جو بڑی محنت و تلاش سے مولف تذکرہ خمخانۂ جاوید نے مرتب کر کے شائع کرایا ہے۔ آپ ظہیر مرحوم کے چھوٹے بھائی اور دہلی کے مشہور اساتذہ میں تھے۔ لکھائی۔ چھپائی صاف ضخامت ۱۱۲ جزو قیمت فی جلد ۱۲

تذکرہ ہزار داستاں معروف بہ **خمخانۂ جاوید جلد اول** چونکہ یہ تذکرہ فرط شہرت سے کسی تعریف یا توصیف کا محتاج نہیں رہا۔ اسلئے سب طرف سے قطع نظر صرف قیمتوں کی تصریح کر دینی ضروری ہے کاغذ اعلیٰ و کتابت نفیس ضخامت زائد از ۵۰ جزو۔ قسم اول مجلد صمہ ۸ قسم دوم مجلد للہ بلا جلد ہے (**خاص رعایت**) جلد اول و دوم یعنی ہر دو جلد کے یکجائی خریدار اصحاب سے محصول ڈاک نہیں لیا جائیگا۔ بشرطیکہ وہ قیمت پیشگی بھیجدیں۔

مہتاب داغ حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کا تیسرا دیوان جو ۱۸۹۳ء میں مرزا داغ مرحوم نے دکن سے شائع کیا تھا اور جسکی قیمت صہ ۸ مقرر تھی۔ اور جو عرصہ سے بالکل نایاب تھا۔ اب دوبارہ لالہ سیرام صاحب ایم۔ اے مولف تذکرہ خمخانۂ جاوید نے باخذ حق تصنیف زرکثیر خرچ کر کے شائع کیا ہے۔ لکھائی۔ چھپائی صاف و روشن۔ کاغذ سفید چکنا و دبیز جس پر کلام بھی نور علی نور ہے قیمت قسم اول ۱۰ قسم دوم عہ روپے بلا ضمیمہ۔

نوٹ۔ مندرجہ بالا کتب کی ۵ جلدوں کے خریدار کو بے فیصدی کمیشن دیا جائیگا زائد کتب کے لئے مندرجہ خط کتابت فیصلہ ہو سکتا ہے۔

المشتہر منیجر دفتر خمخانۂ جاوید نئی سڑک دہلی



آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیر انہ لیا جائے گا۔

8 AUG 1958

16 JUN 1959